سلسلہ فنِ زندگی (۸)

# جینے کی اہمیت

" صداقت انسان کو عظیم نہیں بناتی،
انسان صداقت کو عظیم بناتا ہے "
کنفیوشس

" جو لوگ ان کاموں کو اہمیت نہیں دیتے
جنہیں عام لوگ اہمیت دیتے ہیں، صرف
وہی اُن کاموں کو اہمیت دے سکتے ہیں
جنہیں عام لوگ اہمیت نہیں دیتے "
چانگ چاؤ

# جینے کی اہمیّت

لین، یو، تانگ

مختار صدیقی، ترجمہ

مکتبہ جدید (انارکلی) لاہور

## سلسلہ فن زندگی

۱۔ زندگی اور عمل

۲۔ آداب زندگی

۳۔ پریشان ہونا چھوڑیے

۴۔ اپنا راستہ خود بناؤ

۵۔ جینے کا سلیقہ

۶۔ میٹھے بول میں جادو ہے

۷۔ کامیاب زندگی

۸۔ جینے کی اہمیت

۹۔ کیا آپ کاروبار کرتے ہیں؟

# ترتیب

## باب اوّل
## طلوع



## باب دوم
## انسان کیا ہے؟



## باب سوم
## ہمارا حیوانی ورثہ



## باب چہارم
## انسانیت پرستی



## باب پنجم
## زندگی سے کون زیادہ حظ اٹھا سکتا ہے؟

## باب یازدہم
# سفر کے مزے



## باب دوازدہم
# ثقافت کے مزے



## باب سیزدہم
# خدا سے ناتا



## باب چہاردہم
# سوچنے کا فن



# تتمہ



---

# باب اوّل

# طلوع

اور پابندیوں کا شدید احساس تھا مگر جو یہ بھی جانتے تھے کہ انسانی زندگی ایک باوقار چیز ہے اور جو باوقار انسانی زندگی کی عمدہ مثال بھی تھے۔

چینی فلسفی کی خصوصیت یہ ہے کہ وہ دونوں آنکھوں کے بجائے صرف ایک آنکھ بند کرکے سپنے دیکھتا ہے۔ وہ محبت بھری نظروں سے زندگی کا جائزہ لیتا ہے اور ایک میٹھے زہر خند سے زندگی پر نگاہ کرتا ہے۔ چینی فلسفی اپنی تلخ گوئی میں گہری رواداری کی آمیزش کرتا ہے۔ اس کا کام یہ ہے کہ زندگی کے سپنے دیکھتا دیکھتا جاگ اُٹھے، پھر سپنے دیکھنے لگے۔ چینی فلسفی اپنے آپ کو اس وقت زیادہ زندہ محسوس کرتا ہے جب وہ سپنے دیکھ رہا ہو۔ بیداری کے عالم میں وہ اپنے آپ کو اتنا زندہ نہیں سمجھتا۔ اس طرح وہ جیتی جاگتی زندگی کو بھی سپنوں کی دنیا بنا دیتا ہے۔ اس کی ایک آنکھ نیند میں بند رہتی ہے اور ایک آنکھ کھلی رہتی ہے۔ اپنی اس ایک بند اور ایک کھلی آنکھ سے وہ دیکھتا ہے کہ جو کچھ اس کے ارد گرد ہو رہا ہے اس میں اکثر باتیں کتنی بے کار اور بے مصرف ہیں۔ اکثر معاملات میں اس کی اپنی کوششیں کس قدر بے سود ہیں۔ پھر بھی وہ اتنا ہوش مند ضرور رہتا ہے کہ اپنے کاموں اور اپنی کوششوں کو برابر جاری رکھے۔ چینی فلسفی کو شاذو نادر ہی تلخیوں اور ناکامیوں سے واسطہ پڑتا ہے کیونکہ وہ زندگی کے بارے میں کوئی خوش فہمی رکھنے کا روادار ہی نہیں۔ اُسے مایوسی کا سامنا ہی نہیں ہوتا۔ کیونکہ لمبی چوڑی اُمیدیں اُسے تھیں ہی نہیں۔ اس طرح وہ اپنی روح کو ہمیشہ آزاد رکھتا ہے۔

چینی ادب اور فلسفے کا جائزہ لینے کے بعد میں اس نتیجے پر پہنچا ہوں کہ چینی ثقافت کا نصب العین، اس کی آنکھ کا تارا ایک ایسی ہستی ہے جس میں زندگی کے بارے میں ایک علٰحدگی ایک آزادہ روی ہو۔ ایسی آزادہ روی اور علٰحدگی جو باطل وہموں

# ۱۔ زندگی کا راستہ

آئندہ صفحات میں جو کچھ عرض کیا گیا ہے وہ ایک چینی کا نقطۂ نظر ہے۔
میں ایسا کرنے پر مجبور ہوں۔ میں زندگی اور کائنات کے بارے میں وہی نقطۂ نظر
پیش کرنے پر مجبور ہوں جو بہترین چینی دماغوں اور داناؤں کا نقطۂ نظر ہے اور جسے
اُنھوں نے چین کی لوک کہانیوں اور چین کے ادب میں پیش کیا ہے۔ میں جانتا
ہوں کہ یہ نقطۂ نظر ایک بے عمل فلسفہ ہے جسے کاہل اور بے عمل زندگی نے جنم
دیا تھا۔ میں یہ بھی جانتا ہوں کہ یہ فلسفہ اس زمانے کا فلسفہ ہے جو ہمارے زمانے
سے بہت مختلف تھا۔ پھر بھی مجھے احساس ہے کہ زندگی کے بارے میں یہ نقطۂ نظر
بنیادی طور پر درست اور سچا ہے۔ انسان ہر جگہ اور ہر دور میں ایک ہی ہے۔
رنگ اور نسل کے امتیازات محض اوپری ہیں۔ جو بات ایک ملک میں بسنے والوں
کے دلوں سے تعلق رکھتی ہے وہی بات دوسرے سب ملکوں کے باشندوں کے
"دلوں کی بات" ہوتی ہے۔ میں آئندہ صفحات میں زندگی کا وہ نقطۂ نظر پیش کروں گا
جس کی تشکیل چینی شاعروں اور عالموں نے اپنی دانش، اپنی حقیقت پسندی اور اپنے
ذوقِ سلیم سے کی تھی۔ میں کوشش کروں گا کہ دنیا کا وہ حصہ جو الہامی دین سے
بے تعلق رہا اُس کا سارا حسن آپ پر ظاہر ہو جائے۔ زندگی کا سارا سوز و گداز،
زندگی کا سارا حسن، اس کی ساری ہیبت اور سارا مزاح آپ کے سامنے آجائے۔
اور یہ سب کچھ ان لوگوں کے نقطۂ نظر سے لکھا جائے جنھیں انسانی زندگی کی مجبوریوں

خوابوں میں کھویا رہتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انہیں اٹھ کر کام کرنے کے لئے کہا جا رہا ہے۔ یہ بڑی اچھی علامت ہے۔ گویا امریکہ کے لوگ ایسے بُرے بھی نہیں۔ اب سوال صرف یہ رہ جاتا ہے کہ امریکی اس مشغلے میں کم وقت صرف کریں گے یا زیادہ اور ان کے لئے یہ کیونکر ممکن ہوگا؟ شاید امریکہ کے لوگوں کو "بیکار وقت گنوانے" کے الفاظ سے ڈر لگتا ہے۔ وہ ایسی دنیا میں رہتے ہیں جہاں ہر شخص مصروف رہتا ہے۔ پھر بھی امریکہ کے یہ مہذب اور مصروف لوگ حیوان بھی ہیں اور ہر حیوان کی طرح وہ بھی چاہتے ہیں کہ اپنے اعصاب اور رگ پٹھوں کو آسائش دے سکیں، ریت پر آرام سے لوٹ سکیں یا ایک ہاتھ کا تکیہ بنائے، ایک ٹانگ پھیلائے آرام سے لیٹ سکیں۔ اگر یہ حقیقت ہے تو پھر متمدن امریکی چینی پیغمبر کنفیوشس کے مشہور شاگرد سے کسی طرح مختلف نہیں کیونکہ اس میں بھی یہی خوبیاں تھیں۔ انہیں خوبیوں کی بدولت وہ کنفیوشس کو محبوب تھا۔ مگر میں چاہتا ہوں کہ متمدن دنیا کے لوگ اپنی ان دلی خواہشوں کا دیانت داری سے اظہار بھی کریں اور اقرار کریں کہ یہی باتیں اچھی ہیں۔ وہ دفتر میں کام کرتے ہوئے نہیں بلکہ ریت پر بیکار لیٹے بیٹھے کہیں "زندگی آخر کتنی حسین، کتنی دلآویز ہے!"

اب ہمارے پیش نظر زندگی بسر کرنے کا وہ فن اور ڈھنگ اور وہ فلسفہ ہوگا جو مجموعی حیثیت سے چینی قوم کی دانش کا آئینہ ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اپنی خوبیوں اور برائیوں دونوں اعتبار سے یہ فلسفہ دنیا میں اپنی مثال نہیں رکھتا۔ یہ زندگی کا ایک ایسا انوکھا فلسفہ ہے جسے چینیوں جیسی انوکھی قوم نے اپنایا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ کسی قوم کی ثقافت اس کے ذہن کی پیداوار ہوتی ہے۔ ایک مسلّمہ حقیقت ہوتے ہوئے بھی یہ بات بڑی فرسودہ سی ہے۔ بہرحال چینی ذہن نسلی طور پر مغربی ذہن سے مختلف ہے۔ تاریخی اعتبار سے بھی چینی ذہن مغربی تمدن سے بہت الگ تھلگ رہا ہے۔ لہٰذا ہمیں قدرتی طور پر یہ توقع رکھنی چاہئے کہ چینی ذہن زندگی کے مسائل کے بارے میں ہمیں نئے

اور خوش فہمیوں سے نجات پر مبنی ہو۔ جس میں لاگ اور لگاؤ کا شائبہ نہ رہے کیونکہ اسی سے انسان میں بلند خیالی پیدا ہوتی ہے۔ اور بلند خیالی کی بدولت ہی ہم زندگی کی منزل رواداری اور خوش طبعی سے طے کر سکتے ہیں۔ بلند خیالی ہی وہ شئے ہے جس کی بدولت ہمیں شہرت اور کامرانی اور دولت کا نشہ آپے سے باہر نہیں کر سکتا۔ بلند خیالی کی بدولت ہی ہم جو کچھ سر پر پڑے خوشی سے جھیل لیتے ہیں۔ زندگی سے کوئی لگاؤ یا لاگ نہ رکھنے سے انسان میں آزادی کا احساس پیدا ہوتا ہے، آزادہ روی کی محبت پیدا ہوتی ہے۔ اس آزادہ روی اور لاابالی پن سے آخر کار زندگی کی گہری مسرتیں وجود میں آتی ہیں۔

یہ کہنا بے کار ہوگا کہ میرا فلسفہ اہلِ مغرب کے لئے بھی درست ثابت ہوگا یا نہیں۔ اصل میں مغربی زندگی کو پوری طرح سمجھنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ آپ مغربی ملکوں کے رہنے والے ہوں۔ آپ کی افتادِ طبع مغربی ہو اور آپ کا رویہ آپ کے اعصاب ویسی ہوں جو مغربیوں کے ہیں میں جانتا ہوں کہ امریکی لوگوں کے اعصاب ایسی بہت سی باتیں برداشت کر سکتے ہیں جنھیں برداشت کرنا چینیوں کے لئے ممکن نہیں چینی لوگ بھی ایسی بہت سی چیزیں برداشت کر لیتے ہیں جو امریکیوں کے لئے ناقابلِ برداشت ہیں۔ اور یہ ٹھیک بھی ہے ہمیں پیدائشی اعتبار سے مختلف ہونا ہی چاہیئے۔ پھر بھی یہ سارا اختلاف اپنی جگہ کچھ حیثیت نہیں رکھتا، یہ محض اضافی بات ہے۔ میں جانتا ہوں کہ امریکی زندگی کی ساری بھاگ دوڑ اور مصروفیت میں یہ حسرت، یہ خواہش موجود ہے کہ کاش ہم بھی کبھی اونچے پیڑوں کے سائے میں، نرم گھاس پر آرام سے لیٹ سکیں اور کسی سہ پہر کو قطعاً کوئی کام نہ کریں۔ جب میں امریکہ میں یہ نعرہ سنتا ہوں کہ "اٹھو اور کوئی کام کرو" تو مجھے بڑی خوشی ہوتی ہے۔ یہ نعرہ اس بات کی علامت ہے کہ امریکی لوگوں کا ایک عقلمند طبقہ

چینی ادب سے واقف ہیں وہ اس کی شہادت بھی دے سکتے ہیں) ۔ میرا مقصد اور مدعا بھی یہی ہے۔ حیران ہونے کی ضرورت نہیں، چینی لوگوں کا فلسفۂ حیات واقعی بڑا ہلکا پھلکا اور نشاطیہ ہے ۔ ان کا حکیمانہ انداز اُن کے فلسفۂ حیات ہی سے ظاہر ہے۔ چینی فلسفۂ حیات جو بڑا دانشمندانہ اور بے حد نشاطیہ ہے ۔

## ۲۔ ایک نیم سائنسی فارمولا

آیئے اس چینی ذہن کا تجزیہ کیا جائے جس نے جینے کے اس فلسفے کو جنم دیا۔ چینی ذہن بے حد حقیقت پسند ہے۔ مگر نصب العین کا نا قائل نہیں، خوش طبعی کا شدت سے دلدادہ ہے اور زندگی اور فطرت کے سلسلے میں شاعرانہ احساس سے مالا مال ہے۔

عام طور پر دنیا میں دو قسم کے انسان بستے ہیں، ایک تو وہ جو حقیقت پسند ہیں، اور دوسرے وہ جو کسی نصب العین کے پرستار ہیں یا مثالیت پسند ہیں۔ اصل یہ ہے کہ حقیقت پسندی اور کسی نصب العین کی پرستاری ہی سے انسانی ترقی نے شکل پائی ہے۔ یہی دو دو قوتیں، ذاتی، معاشرتی، قومی غرض تمام انسانی سرگرمیوں میں ایک دوسرے سے دست و گریباں رہتی ہیں۔ نوعِ انسان کی حقیقی ترقی انہیں دو قوتوں کے مناسب تعاون اور مناسب آمیزش سے ممکن ہے۔ انسانیت کی عمارت میں نصب العین کی وہی حیثیت ہے جو مٹی کے بت بنانے میں پانی کی ہے۔ پانی کی بدولت مٹی میں نرمی اور لچک پیدا ہوتی ہے لیکن پانی کی مقدار کا حساب ضرور رکھنا چاہیئے۔ اگر پانی کم ہو گیا تو بت ٹوٹ جائے گا اور اگر پانی زیادہ ہو گیا تو مٹی اس قابل نہ رہے گی کہ اُسے کوئی شکل دی جا سکے، یہ بالکل کیچڑ بن کر رہ جائے گی۔ پانی اور مٹی کی بہترین آمیزش کی مثال انگریز قوم ہے۔ انگریز

اور ان کے جوابات مہیا کر سکے گا، زندگی کے مسائل کو سمجھنے کے لئے نئی راہیں سجھا سکے گا۔
اور اس سے بھی خوب تر یہ بات ہو گی کہ چینی ذہن ان مسائل کو نئے انداز سے پیش کر سکنے پر بھی قادر ہو گا۔ ہمیں خوب معلوم ہے کہ چینی ذہن کی صلاحیتیں کیا ہیں اور اس کے عیوب کیا ہیں۔ یہ باتیں چین کا تاریخی ماضی ہمیں بتا چکا ہے۔ چین کے آرٹ کا مرتبہ بہت بلند ہے۔ مگر چینی سائنس بے حقیقت ہے۔ چینی قوم عقلِ سلیم اور فراست سے مالا مال ہے مگر منطق سے قریب قریب کوری ہے۔ چینی قوم زندگی کے بارے میں بہت کچھ کہتی سنتی ہے مگر کوئی منظم فلسفہ آج تک ترتیب نہیں دے سکی۔ عام طور پر دنیا کے لوگ جانتے ہیں کہ چینی ذہن بڑا عمل پسند اور ٹھوس ہے۔ مگر چینی آرٹ کے مشتاقوں کو یہ بھی معلوم ہے کہ چینی ذہن بے حد حساس اور نازک ہے۔ پھر کچھ لوگ ایسے بھی ہیں جو یہ بھی جانتے ہیں کہ چینی ذہن نہایت درجہ شاعرانہ اور فلسفیانہ ہے۔ اور یہ تو مشہور ہے ہی کہ چینی لوگ فلسفیانہ اور حکیمانہ طریقے پر واقعات کا اثر لیتے ہیں۔ گویا چینی لوگوں نے اگر نامور فلسفی پیدا نہیں کئے تو ساری کی ساری قوم فلسفی ضرور ہے اور یہ بہت بڑی بات ہے۔ اگر کوئی قوم چند ایک اعلیٰ پائے کے فلسفی پیدا کر لے تو یہ کوئی غیر معمولی بات نہیں لیکن اگر ساری کی ساری قوم کا اندازِ فکر حکیمانہ ہو تو اس کی مثال ملنی محال ہے۔ بہر حال یہ طے ہے کہ چینی قوم میں مستعدی کے مقابلے میں فلسفیانہ صلاحیت زیادہ ہے۔ اور اگر چینی لوگ بے حد مستعد اور کارکن ہوتے تو ہزاروں برس تک قوم کی حیثیت سے زندہ بھی نہ رہ سکتے کیونکہ ہزاروں برس تک جو قوم مستعد اور چاق چوبند رہتی ہے اُسے اس کے خون کا دباؤ ہی تباہ کر دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ مغربی اقوام میں تو پاگلوں کو پاگل خانے میں رکھا جاتا ہے لیکن چین میں دیوانے اتنے نایاب اور اتنے غیر معمولی سمجھے جاتے ہیں کہ ہم چینی لوگ ان کی پرستش کرتے ہیں، زنادقین میں سے جو حضرات

عطیے سے مالامال ہیں۔

اس ذوقِ سلیم اور اس خوش طبعی کا احساسِ حقیقت یا حقیقت پسندی سے بڑا گہرا ناتا ہے بعض اوقات ہم یہ دیکھتے ہیں کہ کوئی مسخرہ یا پھبتی باز مثالیت پسندوں کا بُری طرح مذاق اڑاتا ہے اور بڑی بے رحمی سے ان کی آنکھیں کھولنے کی کوشش کرتا ہے مگر اس کا مذاق نظامِ عالم میں بڑی اہمیت رکھتا ہے کیونکہ اس کے اسی مذاق کی بدولت مثالیت پسند حقائق کی ٹھوس دیواروں سے ٹکرا کر پاش پاش ہونے سے بچ جاتے ہیں۔ اس کے علاوہ اس کا تمسخر، پُرجوش مثالیت پسند کے اعصاب کا تناؤ بھی دور کر دیتا ہے اور اُس کی زندگی میں اضافہ کر دیتا ہے ــــ نصب العین کے پرستاروں کو مایوسی کا راستہ دکھا کر ظریف ان کی موت کو نسبتاً آسان بنا دیتا ہے۔ ظریف کا تو کام ہی یہ ہے کہ وہ مرتے ہوئے مریضوں کو بڑے قرینے سے ان کی موت کی خبر سنائے۔ بعض اوقات تو ظریف کی دھیمی سرزنش مرتے ہوئے مریض کی زندگی کو موت کے شکنجے سے چھڑا بھی لیتی ہے۔ اس دنیا میں نصب العین پرستی اور زندگی سے مایوسی چولی دامن کا ساتھ رکھتی ہیں۔ اس طرح زندگی بے رحم قرار پاتی ہے نہ کہ وہ ظریف جس کا کام صرف یہ ہے کہ ہمیں زندگی کے حقائق کی تلخی اور بے رحمی کی یاد دلاتا رہے۔

میں نے بارہا غور کیا ہے کہ انسانی ترقی اور تاریخی تبدیلیوں کے اتار چڑھاؤ کا کوئی فارمولا، کوئی قاعدہ وضع کیا جائے۔ یہ قاعدہ کچھ اس طرح کا ہے:

اصلیت ـ خیالی پلاؤ = جانور

اصلیت + خیالی پلاؤ = دل کی خلش (جسے مثالیت پسندی یا نصب العین کی پرستاری کہہ لیجئے)

اصلیت + خوش طبعی = حقیقت پسندی (آجکل اسی چیز کو قدامت پسندی کہا جاتا ہے)

قوم میں حقیقت پسندی اور نصب العین دونوں مناسب مقدار میں موجود ہیں۔ اس کے برعکس ایسے ملکوں کی مثال بھی ہمارے سامنے ہے جہاں آئے دن انقلاب برپا ہوتے رہتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ان کے خمیر میں بعض ایسے غیر ملکی اور اجنبی نصب العین راہ پا گئے ہیں جو پوری طرح قوم کے مزاج میں رچ بس نہیں سکے اور اس لئے اس قوم کا خمیر، تناسب اور اعتدال کی سطح قائم نہیں رکھ سکا۔ ان کی مٹی بھی کیچڑ بن کر رہ گئی ہے۔

بے سوچی سمجھی، مبہم قسم کی مثالیت پسندی ہمیشہ دوسروں کے مذاق کا نشانہ بنا کرتی ہے۔ مثالیت پسندی اگر حد سے بڑھ جائے تو انسانیت کے لئے خطرہ بھی بن سکتی ہے کیونکہ اس طرح انسان کسی خیالی نصب العین کے پیچھے فضول سرگرداں رہتا ہے اور اسے کچھ بھی حاصل نہیں ہوتا۔ اگر کسی انسانی معاشرے یا کسی قوم میں خیالی نصب العین کے بہت سے پرستار موجود ہوں تو وہ انسانی معاشرہ آئے دن نت نئے انقلاب سے دوچار رہے گا۔ ایسا انسانی معاشرہ ایسے مثالیت پسند میاں بیوی کی طرح ہے جو ہر تیسرے مہینے مکان بدلتے رہیں کیونکہ کوئی گھر مثالی نہیں ہو سکتا۔ اکثر یہی ہوتا ہے کہ جہاں کہیں آپ کا قیام نہ ہو وہ جگہ ہمیشہ مثالی اور عمدہ سمجھی جاتی ہے محض اس لئے کہ آپ وہاں نہیں رہتے ——— مگر خوش قسمتی سے انسان کو خدا نے ذوقِ سلیم اور خوش طبعی بھی عطا کی ہے اور میرے نزدیک ذوقِ سلیم کو قدرت نے کام یہ سونپا ہے کہ انسان کے خوابوں پر نکتہ چینی کرتا رہے اور ان خیالوں کو ذرا دنیا کے حقائق سے بھی روشناس کراتا رہے ——— ہوائی قلعے بنانا اور سپنے دیکھنا انسان کے لئے ضروری ہے مگر اہم تر بات یہ ہے کہ انسان اپنے خیالی پلاؤ اور اپنے سپنوں پر خود ہنس بھی سکے۔ یہ صلاحیت قدرت کا بہت بڑا عطیہ ہے اور یہی اس

کس کس طرح، کیا کیا کرتی ہیں۔ اب قوموں کے کردار کی تفصیل ملاحظہ ہو۔ مثلاً عرض ہے کہ حقیقت پسندی۳ خیالی منصوبے۲ زندہ دلی اور خوش طبعی۲ اور لطیف احساسات۱ کو ملا دیا جائے تو ایک انگریز بنتا ہے۔

ح۳ خ۲ ظ۲ س۱ = انگریز

ح۲ خ۳ ظ۳ س۳ = فرانسیسی

ح۳ خ۳ ظ۲ س۲ = امریکی

ح۳ خ۴ ظ۱ س۲ = جرمن

ح۲ خ۴ ظ۱ س۱ = روسی

ح۲ خ۳ ظ۱ س۱ = جاپانی

ح۴ خ۱ ظ۳ س۳ = چینی

مجھے اعتراف ہے کہ میں اطالویوں، ہسپانویوں اور ہندوستانیوں کو قریب سے نہیں جانتا۔ اس سلسلے میں ان قوموں کے بارے میں کوئی فارمولا نہیں بنا سکا۔ خود مندرجہ بالا فارمولے بھی کچھ مشکوک سے ہیں، پھر بھی ان کی وجہ سے مجھ پر اعتراضوں کا طومار آ پڑے گا۔ شاید یہ فارمولے مستند ہونے کے بجائے اشتعال انگیز سمجھے جائیں گے۔ میں اتنا وعدہ کر سکتا ہوں کہ جوں جوں ان قوموں سے میری واقفیت بڑھتی جائے گی میں اپنے فارمولوں میں (اپنے لئے!) کچھ ردّ و بدل، کچھ ترمیم کر لوں گا۔ اب تک جو کچھ ہے یہی ہے۔ یعنی یہ میرے علم اور میری جہالت دونوں کی یادداشت ہیں!

مندرجہ بالا فارمولوں کے بارے میں کچھ باتیں واضح کرنی ضروری ہیں۔ آپ دیکھیں گے کہ میں نے (ان فارمولوں کے مطابق) چینیوں اور فرانسیسیوں کو بہت حد تک مماثل ٹھہرایا ہے۔ کم سے کم ان دونوں میں ظرافت اور شدتِ احساس یکساں ہیں۔ ذرا فرانسیسیوں

خیالی پلاؤ + خوش طبعی = تعصب اور کٹرپن!

خیالی پلاؤ + خوش طبعی = حلقۂ دامِ خیال!

خیالی پلاؤ + حقیقت پسندی + جبع خوش طبعی = دانش مندی

گویا، دانش مندی کہ جو غور و فکر کی معراج ہے، یہ ہے کہ خیالی منصوبوں یا اپنی مثالیت پسندی کو خوش طبعی اور ذوقِ سلیم سے معتدل بنایا جائے اور ان میں حقیقت پسندی کی آمیزش بھی ہو۔

یہ فارمولا سائنسی نہیں، کچھ نیم سائنسی سا ہے۔ مگر اس کی روشنی میں ہم مختلف قوموں کے کردار کا تجزیہ کر سکتے ہیں۔ میں نے دنیا کی بعض بڑی قوموں کے قومی کردار کے سلسلے میں کچھ ایسے فارمولے تیار کئے ہیں جیسے کہ علم کیمیا کی کتابوں میں ملتے ہیں۔ یہ فارمولے ذاتی ہیں۔ ان کا کوئی ثبوت ہے نہ ثابت کرنے کا ذریعہ ــــ آپ چاہیں تو ان سے اختلاف کر سکتے ہیں یا انھیں بدل سکتے ہیں۔ ان میں کچھ گھٹا بڑھا سکتے ہیں۔ ان فارمولوں کا اشاریہ یہ ہے:-

ح ــ حقیقت پسندی۔ خ ــ خیالی منصوبے باندھنا ــــ ظرافت کو ظ سے ظاہر کیا گیا ہے۔ اب اس میں احساس کا جزو ملائیے جسے س سے ظاہر کیا جائے گا۔ یہ تو ہوئے فارمولے کے اجزا ــــ اب ان کی مقداریں ظاہر کی گئی ہے کہ ۴ کا عدد اس جزو کی بہت زیادہ مقدار کو ظاہر کرے گا، ۳ کا عدد کافی مقدار، ۲ کا عدد خاصی مقدار اور ۱ کا عدد کم مقدار کو ظاہر کرے گا۔ اس ہدایت کے پیشِ نظر مندرجہ ذیل قوموں کے قومی کردار کا نیم کیمیائی تجزیہ پیشِ خدمت ہے۔ یہ یاد رہے کہ انسان اور قومیں اپنے بنیادی عناصر کے تقاضے کے مطابق ایک دوسرے سے بالکل مختلف ہوتی ہیں۔ میرے لئے یہ مشاہدہ کرنا ہمیشہ دلچسپی کا باعث رہا ہے کہ یکساں حالات میں مختلف قومیں

منزل سے دوری کا موجب بھی بن جاتا ہے جس چیز پر آپ کا اعتقاد ہو وہ اتنی ضروری نہیں ہوتی۔ اصل چیز یہ ہے کہ آپ کا اعتقاد کس نوعیت کا ہے اور آپ اس اعتقاد کو جامۂ عمل پہنانے کے لئے کیا کچھ کرتے ہیں! ــــــ جاپانی کے قومی کردار میں میں نے خیالی منصوبوں اور تصورات کو (رخ) سے ظاہر کیا ہے اور اس سے میری مراد یہ ہے کہ جاپانی قوم اپنے شہنشاہ اور حکومت کی اندھا دھند وفادار ہے یہ اندھی وفاداری ظرافت کی کمی ہی سے ممکن ہو سکتی ہے! کیونکہ جس طرح خیالی منصوبہ بندی اور مثالیت پسندی، ہر ملک میں الگ الگ بہروپ میں نظر آتی ہے اسی طرح ظرافت بھی بے حد وسیع معنی کی حامل ہوتی ہے۔ امریکہ میں مثالیت پسندی اور حقیقت پسندی میں بڑی دلچسپ کشمکش نظر آتی ہے۔ اسی لئے میں نے دونوں کی مقدار کو اپنے فارمولے میں کافی شدید دکھایا ہے۔ اسی کشمکش کی بدولت ہی وہ مستعدی ظہور میں آتی ہے جو امریکیوں کا خاصہ ہے۔ اب رہا یہ سوال کہ امریکہ والوں کی مثالیت پسندی کی نوعیت کیا ہے؟ تو اس کا فیصلہ میں امریکیوں ہی پر چھوڑتا ہوں کیونکہ امریکی لوگ نت نئی چیزوں کے بارے میں جوش و جذبہ کا اظہار کرتے رہتے ہیں۔ ان کی مثالیت پسندی اکثر و بیشتر بڑی عجیب ہوتی ہے کیونکہ اُن پر اعلیٰ قسم کے نصب العین یا اعلیٰ الفاظ بہت زیادہ اثر کرتے ہیں ــــ امریکی لوگوں کے یہاں طبع سلیم اور ذوقِ ظرافت بھی وہ مفہوم نہیں رکھتے جو یورپ کے لوگوں کے یہاں ہے بلکہ سچی بات یہ ہے کہ امریکی لوگوں کا سب سے قیمتی سرمایہ یہی خوش مذاقی اور زندہ دلی ہے۔ امریکی لوگ ہنسی مذاق، کھیل کود کے بڑے دلدادہ ہیں اور ان میں قدرتی طور پر بڑی عملی سوجھ بوجھ بھی ہے ــــ یہی گہری سوجھ بوجھ امریکی قوم کو آنے والے نازک دور میں سلامتی سے پار اتار سکتی ہے۔ امریکی لوگوں میں احساس کی لطافت کم ہے کیونکہ میرا تاثر یہی ہے کہ امریکی خواہ مخواہ بہت سا

کی لکھی ہوئی کتابیں پڑھئے اور یہ بھی دیکھئے کہ وہ کھانا کس طرح کھاتے ہیں تو آپ پر یہ مماثلت
واضح ہو جائے گی۔ فرانسیسی قوم میں ذرا تلون زیادہ ہے۔ اور اس کی وجہ یہ ہے کہ
فرانسیسی نصب العین کے رسیا ہوتے ہیں اور اسی مثالیت پسندی کی بنا پر نظریات کے
بھی بے حد دلدادہ (ذرا فرانسیسی قوم کی ادب اور فنون لطیفہ اور سیاست کے بارے
میں وہ تمام تحریکیں ذہن میں لائیے جو آئے دن بنتی بگڑتی رہتی ہیں!) — مگر چینی اور
فرانسیسی کے کرداری تجزیے میں آپ دیکھیں گے کہ میں نے چینی کردار کے عناصر میں
حقیقت پسندی کو "شدید" یعنی چار کے عدد سے ظاہر کیا ہے۔ کیونکہ چینی بہت زیادہ
حقیقت پسند ہوتے ہیں۔ مگر ان کی زندگی کے طریقے یا معیار میں جو بہت کم تبدیلی
ہوئی ہے اُس کی وجہ یہ ہے کہ خیالی منصوبہ بندی کی مقدار صرف (۱) ہے۔ چینی لوگوں
میں احساس کی لطافت بھی بے حد زیادہ ہے۔ اور چینی شاعری، چینی نثر اور چینی تصویریں
اس کا زندہ ثبوت ہیں — جاپانی اور جرمن لوگ ظرافت کی کمی کی وجہ سے ایک دوسرے
سے ملتے جلتے ہیں۔ مشکل یہ ہے کہ ان فارمولوں میں کسی قوم میں کسی خصوصیت کی مقدار
صفر سے ظاہر نہیں کی جا سکتی (چاہے چینی قوم کی خیال پرستی ہی کیوں نہ ہو!) — یہ سارا
مسئلہ اضافی ہے کیونکہ کسی قوم کے بارے میں یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس میں فلاں فلاں
خصوصیت سرے سے موجود ہی نہیں۔ اسی لئے میں نے اپنے فارمولے میں لکھا ہے
کہ جرمنوں اور جاپانیوں میں ظرافت کی مقدار صرف (۱) ہے، صفر نہیں! اور میرا خیال ہے
کہ میں نے ٹھیک لکھا ہے۔ اور میں یہ بھی کہہ سکتا ہوں محض اسی کمی کے باعث جرمن اور
جاپانی، دونوں قومیں آج کل بھی اور ماضی میں بھی سیاسی طور پر ہمیشہ تکلیف اٹھاتی
رہی ہیں — "وقت کے تقاضے" اور "منطقی ضرورت" پر کچھ اعتقاد رکھنا ضروری
سہی۔ مگر اپنے مقصد، اپنی منزل کی طرف ناک کی سیدھ میں بھاگ اٹھنا بعض اوقات

لی پو = ح۱ خ۳ ظ۲ س۴
تو فو = ح۳ خ۳ ظ۲ س۴
سو تنگ پو = ح۴ خ۲ ظ۴ س۳

یہ عرض کر دوں کہ یہ درجہ بندی محض ڈری ڈری تجویز سی ہے۔ مگر اس سے یہ ظاہر ہے کہ تمام شاعروں میں احساس کی نزاکت اور لطافت حد درجہ پائی جاتی ہے کیونکہ اس کے بغیر وہ شاعر نہ ہو سکتے تھے۔ چنانچہ چینی قوم کے ذہن کا فارمولا میرے نزدیک یہ ہے کہ

ح۴ خ۱ ظ۳ س۳

گویا چینی قوم میں لطافتِ احساس بہت زیادہ ہے اور یہ اس بات کی ضمانت ہے کہ چینی قوم اس ارضی زندگی کو خوبصورت عطیہ سمجھتی ہے اور اسی لئے زندگی سے بے حد محبت کرتی ہے۔ لیکن اس سے محض یہی ظاہر نہیں ہوتا۔ اس سے یہ بھی ثابت ہوتا ہے کہ اپنی لطافتِ احساس کی بدولت چینی قوم اور تمدن اور فلسفے کے لئے بھی فنکارانہ اور شاعرانہ اندازِ نظر رکھتی ہے۔ یہی وجہ ہے کہ چینی فلسفی کا نقطۂ نگاہ زندگی کے بارے میں عین بعین وہی ہے جو چینی شاعر کا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ چین میں فلسفے اور شاعری کا چولی دامن کا ساتھ ہے۔ حالانکہ مغرب میں فلسفہ اور سائنس ایک دوسرے کے قریب تر سمجھے جاتے ہیں۔ چینی قوم کی یہی لطافتِ احساس ہے جو اُسے زندگی کی غمی، خوشی اور زندگی کے بدلتے رنگوں کا سچا اور گہرا شعور دلاتی ہے اور اس شعور کی بدولت ہی چین کا زندہ دل فلسفۂ حیات وجود میں آیا ہے۔ انسان میں الم کا احساس یوں پیدا ہوتا ہے کہ جاتی بہاروں کے جانے کو وہ دکھتی آنکھوں دیکھے اور اس کے دل کو تکلیف ہو۔ ہماری اس زندگی کے المیے کا احساس ہمارے اندر

غیر ضروری مصیبتیں جھیلتے رہتے ہیں اور اُف نہیں کرتے۔ میرے نزدیک انگریز قوم سب سے زیادہ بے لاگ اور محکم قوم ہے۔ ذرا دیکھئے کہ انگریزوں میں حقیقت پسندی کتنی زیادہ ہے اور خیالی منصوبہ بندی اور تصوّر پرستی کا جزو بھی نسبتاً کم ہے (یعنی ح۳ خ۲)۔ اس کے برعکس فرانسیسیوں میں حقیقت پسندی کم ہے اور تصوّر پرستی زیادہ ہے (ح۲ خ۳)۔ میرا ووٹ انگریز کی طرف ہے کیونکہ اس میں کردار کا استقلال زیادہ ہے۔ میرا خیال ہے کہ کرداری تجزیے کا مثالی فارمولا یہ ہو سکتا ہے کہ حقیقت پسندی اور ظرافت زیادہ مقدار میں اور نصب العین پرستی اور احساس کی لطافت ذرا کم ہو کیونکہ ان کی زیادتی خرابی کا باعث ہوتی ہے تو ہمارا فارمولا یہ ہے۔

ح۳ خ۲ ظ۳ س۲

انگریز قوم کے تجزیے میں میں نے "لطافتِ احساس" کو دوسرے عناصر سے کم دکھایا ہے۔ اس میں میرا کوئی قصور نہیں، قصور انگریزوں کا اپنا ہے۔ میں نہیں جانتا کہ انگریز کچھ محسوس بھی کرتے ہیں یا نہیں! کوئی بات انہیں خوش کرتی ہے؟ کسی چیز پر انھیں غصّہ آتا ہے؟ وہ کبھی مطمئن محسوس کرتے ہیں؟ — میرے پاس ان سوالوں کا کوئی جواب نہیں کیونکہ انگریز ہمیشہ سنجیدہ سے اور منہ تھتھائے ہی نظر آتے ہیں!!

اب اسی فارمولے کو ذرا دنیا کے عظیم شعرا پر منطبق کیجئے — مثال کے طور پر چند مشہور اور مخصوص نوع کے ادیب اور شاعر لیجئے تو نتیجہ یہ ہے:۔

شیکسپیئر (انگریز) = ح۴ خ۴ ظ۳ س۴
ہائنے (جرمن) = ح۳ خ۴ ظ۴ س۳
شیلے (انگریز شاعر) = ح۱ خ۴ ظ۱ س۴
ایڈگر ایلن پو (امریکی) = ح۳ خ۴ ظ۱ س۴

اشاریہ

ح = حقیقت پسندی
خ = تصوّر پرستی اور خیالی پلاؤ
ظ = ظرافت
س = احساس کی نزاکت اور لطافت

طریقے پر زندگی بسر کرنے کا خواہشمند ہے اور اس طرح زندگی کی مشکلات اور تناؤ
کو کم سے کم تر کئے جارہا ہے۔
اس قسم کی حقیقت پسندی سب سے پہلے زندگی کے فلسفے سے تمام غیر
ضروری باتیں نکال دیتی ہے۔ گویا یہ حقیقت پسندی، زندگی کو مضبوطی سے گرفت میں
رکھتی ہے تاکہ زندگی، تخیل کے پروں پر اڑتی اڑتی، خیالی دنیاؤں کے حسن اور غیر
حقیقی فضاؤں میں گم نہ ہو جائے۔ سچ پوچھئے تو دانش مندی کا تقاضا ہی یہ ہے
کہ زندگی سے غیر ضروری باتیں الگ کر دی جائیں۔ فلسفے کے مسائل کو چند ضروری
باتوں تک محدود کر دیا جائے، مثلاً یہ کہ گھریلو زندگی کیسے خوش گوار بن جائے۔
(یعنی مرد عورت اور بچوں کے باہمی تعلقات کیا ہوں) زندگی سے کیسے لطف اٹھایا
جائے، فطرت کے حسن اور تہذیب و تمدن کی نعمتوں سے کیسے حظ اٹھایا جائے۔
دانش کا تقاضا یہ بھی ہے کہ تنظیم کے سائنسی مسئلوں اور علم کی بے ثمر تلاش کو غیر
ضروری قرار دے کر فلسفۂ زندگی کے دائرے سے نکال باہر کیا جائے۔ اس طرح
چینی فلسفی کے لئے زندگی کے مسائل بہت ہی کم اور بہت سادہ نوعیت کے رہ جاتے
ہیں۔ اس کے لئے تصوف اور مابعدالطبیعیات کا کوئی مصرف نہیں رہتا۔ اُن سب
علوم کے بارے میں تحقیق اور شوق دونوں ختم ہو جاتے ہیں جن کا زندگی سے براہِ
راست کوئی واسطہ نہیں! ـــــ اس کا یہ مطلب ہوا کہ ہر انسانی کوشش اور سرگرمی
کو اور حصولِ علم کو اس کسوٹی پر پرکھنا ہوگا کہ اس کا زندگی سے کیا واسطہ ہے اور
زندگی بسر کرنے میں اس سے کیا کام لیا جا سکتا ہے۔ تمام انسانی کوششوں اور
علم و دانش کے مفید ہونے کی ایک ہی کسوٹی ہے ـــــ زندگی۔ اس ساری بحث
کا بڑا واضح اور اہم نتیجہ یہ نکلا کہ زندگی کا مقصد کسی مابعدالطبیعاتی منزل تک پہنچنا

اُس وقت جنم لیتا ہے جب ہم کل کی تازہ کلیوں کو آج مرجھاتا ہوا پاتے ہیں - ان مرجھائی کلیوں کے لئے ہمارے دل میں گداز پیدا ہوتا ہے۔ اس المناکی اور شکست کے احساس سے ہمارا دل بیدار ہوتا ہے - ہمارے دل میں مسرت کا چشمہ پھوٹ نکلتا ہے۔ ہم ہنستے ہیں وہی ہنسی جو لاأبالی دانشمندوں کا خاصہ ہے! ـــــ

چینی کردار کے فارمولے میں آپ نے دیکھا ہوگا کہ میں نے حقیقت پسندی کی مقدار بہت زیادہ دکھائی ہے۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ چینی لوگ زندگی کو اسی شکل میں قبول کرتے ہیں جس شکل میں وہ ہے۔ چینی کردار کا خاصہ ہے کہ جو "مال گرہ میں ہو وہی مال اچھا ہے" یہ حقیقت پسندی فنکاروں کے اس دعوے کی سب سے بڑی شہادت ثابت ہوتی ہے کہ انسانی زندگی بڑی حسین شے ہے مگر اس کے حسن کو بقا نہیں۔ اسی حقیقت پسندی کی بدولت چینی (دنیا کے دوسرے شاعروں اور فن کاروں کے برعکس) زندگی سے فرار کرنے سے بچے رہتے ہیں۔ خواب وخیال کی دنیا میں رہنے والوں کا یہ پرانا مقولہ ہے کہ "زندگی ایک خواب ہے" ـــ مگر حقیقت پسند کا جواب یہ ہوتا ہے!" مان لیا۔ زندگی ایک خواب ہی سہی۔ مگر اس خواب کو جتنے حسن وخوبی سے ممکن ہو سکے بسر کرنا چاہئے!" ـــ جو شخص بیدار ہے اُس کی حقیقت پسندی کاروباری قسم کی نہیں بلکہ شاعرانہ قسم کی ہوگی۔ زندگی کی مشکلات کے بارے میں اس کی ہنسی میں تجربے کی رمز پنہاں ہوگی۔ یوں محسوس ہوگا جیسے کوئی پرانا، تجربہ کار بڈھا اپنی سفید لمبی ڈاڑھی پر ہاتھ پھیر کر ان مشکلوں پہ ہنس رہا ہے اور ان کے بارے میں بڑی ہلکی، بڑی بھپکانے والی آوازیں باتیں کر رہا ہے ـــــ اس شخص کو سکون سے محبت ہے۔ اس لئے وہ سپنے دیکھتا ہے اور سپنوں کے لئے کوئی شراب نہیں کرتا۔ یہ وہ حقیقت پسند ہے جو اپنے ساتھی خواب کاروں کے ساتھ معقول

عرض کروں گا کہ اِس فلسفۂ حیات کی خصوصیات یہ ہیں:
۱۔ فنونِ لطیفہ میں زندگی کا پورا عکس دیکھنے کا شعور
۲۔ فلسفے میں سادگی کی طرف شعوری میلان
۳۔ زندگی بسر کرنے میں حقیقت پسندی کو نصب العین سمجھنا۔
اس فلسفے کا منتہا کیا ہے — اس کا منتہا اور اس کا نتیجہ بڑا عجیب ہے اور وہ یہ ہے کہ چینی قوم شاعر، کسان اور آوارہ گرد کی پرستش کرتی ہے!!

## ۲۔ آوارہ گرد — مثالی انسان

میرے نزدیک جو خصوصیات انسانوں کو جانوروں سے ممتاز کرتی ہیں وہ یہ ہیں۔ اوّل تو انسان میں جاننے اور تحقیق کرنے کی خواہش اور صلاحیت ہے۔ دوم یہ کہ وہ خواب دیکھتا ہے، اور کسی نہ کسی نصب العین کو سامنے رکھتا ہے (اگرچہ اکثر اوقات یہ نصب العین بالکل گھمّ، غیر یقینی اور غلط سلط ہوتا ہے، پھر بھی ہوتا تو ہے!) تیسرا اور زیادہ اہم شرف انسان کو یہ حاصل ہے کہ وہ اپنے خیالی منصوبوں کو اپنی طبعی ظرافت اور زندہ دلی سے درست کر سکتا ہے اور اس طرح اپنی مثالیت پسندی کو صحت مند حقیقت پسندی کی بدولت قابو میں رکھتا ہے۔ انسان کا امتیاز یہ بھی ہے کہ ماحول اور فضا کے بارے میں اس کا ردِّ عمل ہمیشہ یکساں اور رٹا بندھا نہیں ہوتا جیسا کہ جانوروں کا ہوتا ہے — بلکہ انسان کو یہ صلاحیت دی گئی ہے کہ وہ آزادی سے اپنا ردِ عمل معلوم کر سکے اور اگر چاہے تو اپنا ماحول بدل بھی سکے۔ اس آخری انسانی خصوصیت کا مطلب یہ ہوا کہ انسانی شخصیت کسی مشینی قانون کی پابند نہیں ہو سکتی بلکہ

نہیں ہے۔ بلکہ زندگی بسر کرنا یا جینا ہے۔

چینی قوم کو خدا نے یہی حقیقت پسندی عطا کی ہے۔ چینی قوم منطق اور ذہن انسانی پر بالکل بھروسا نہیں کرتی ـــــ چینی کے لیے فلسفہ، زندگی کے براہِ راست اور گہرے احساس اور شعور کا نام ہے۔ اِسی لیے چینی، کسی نظامِ فکر کا پابند نہیں۔ اسے حقیقت پسندی کا صحت مند شعور ملا ہے، ایسی سوجھ بوجھ، ایسی "حسِ ازل" ملی ہے جو خدا نے صرف حیوانوں کو دی ہے۔ چینی میں قدرتی طور پر بڑی معقولیت پسندی ہے۔ ایسی معقولیت پسندی، جو خود عقل کو بے دست و پا بنا دے! اِسی لیے چینی فلسفی کسی خاص نظامِ فکر کا پابند نہیں ہو سکا۔ اور چین میں کوئی سکّہ بند فلسفہ سر اٹھا ہی نہیں سکا۔ چین میں تین مذہب رائج ہیں، کنفیوشس کا دین، تاؤ کا مذہب اور بدھ مت ـــــ یہ تینوں اعلیٰ درجے کے مذہب ہیں۔ مگر چینی کی صحت مند سوجھ بوجھ ان تینوں میں گھل مل چکی ہے۔ اس نے ان کے کٹر پن کو کم کر رکھا ہے، اور ان تینوں کو ایک مسرّت انسانی زندگی کی تلاش کا ذریعہ بنا لیا ہے۔ کوئی پختہ خیال، تجربہ کار چینی گہرے سوچ کا قائل نہیں ہوتا، کسی ایک خیال یا عقیدے یا نظامِ فکر کا دل سے پابند نہیں رہ سکتا۔

اہلِ چین کے اس تمدن اور اس فلسفے کا ثمر یہ ہے:

چین میں، انسان مغرب کے مقابلے میں کہیں زیادہ، فطرت اور بچپن سے قریب تر زندگی گذارتے ہیں۔ یہ زندگی ایسی ہوتی ہے کہ اس میں جبلّت اور جذبات دونوں کو پوری آزادی حاصل ہوتی ہے۔ عقلیت پسندی کے مقابلے میں انھی پر زور دیا جاتا ہے۔ اس طرزِ زندگی میں انسانی جسم کے ساتھ گہرا لگاؤ بھی شامل ہے اور انسانی روح کی سربلندی اور عظمت بھی، حکمت اور احمقانہ خوش باشی، زبردست تکلّفات اور بچپنے کی سی سادگی، یہ سب عناصر اِس زندگی میں آمیز کیے جاتے ہیں۔ اِس لیے میں

سب سے بڑا آوارہ گرد پیدا کر رہا ہے۔ یہ آوارہ گرد اعلیٰ پائے کی ذہانت ضرور رکھتا ہے، مگر ہے آوارہ گرد۔ اور اصل میں آوارہ گردی کی خوبیاں ہی انسان کی سب سے امید افزا خوبیاں ہیں۔ خالقِ اکبر کا پیدا کیا ہوا یہ آوارہ گرد بڑا ذہین ہے، وہ ابھی تک کچھ خودسر اور کچھ عجیب الخلقت سا بالغ بچہ ہے۔ وہ اپنے آپ کو بہت عظیم اور بہت دانشمند سمجھتا ہے، مگر وہ ابھی اتنا عظیم اور دانش مند نہیں۔ ابھی تک وہ بہت شرارتی اور کھلنڈرا ہے اور پھر آزادی کو سب سے محبوب چیز جانتا ہے۔ پھر بھی اس میں اتنی خوبیاں باقی ہیں کہ قدرت اپنے مقاصد کی برآری کے لئے اس کی صلاحیتوں پر بھروسا کر سکتی ہے۔ قدرت انسان سے اسی طرح امیدیں لگائے ہوئے ہے جس طرح بعض اوقات ایک باپ اپنے بیس برس کے ذہین مگر کچھ خودسر، کچھ بے راہ بچے کے ساتھ امیدیں وابستہ کیا کرتا ہے . . . کیا کسی دن قدرت، اس نظام کائنات کو، اپنے پیدا کردہ اس غلط کار بیٹے کے سپرد کر دے گی؟ . . . . . .

یہ کون جانے . . . . . . . !!

ایک چینی کی حیثیت سے میرا خیال ہے کہ کوئی تہذیب صرف اسی وقت مکمل کہلا سکتی ہے۔ جب وہ تکلّفات اور نفاستوں سے ترقی کرتے کرتے، پھر سادگی تک آ جائے اور شعوری طور پر، فکر کی سادگی اور زندگی کی سادگی کی طرف لوٹ آئے! صرف وہی شخص عقلمند کہلا سکتا ہے جو علم کی دانش سے ترقی کرتے کرتے "حماقت کی دانش" تک پہنچ جائے؛ اور ایک زندہ دل فلسفی بن جائے۔ جو پہلے تو زندگی کی المناکیوں کو محسوس کرے اور پھر زندگی کے طربیے پر ہنس سکے۔ قانونِ قدرت یہی ہے کہ ہنس سکنے سے پہلے ہم رونا سیکھیں — المناکی سے دل اور روح بیدار ہوتے ہیں؛ اور اس بیداری سے فلسفی کے اندر مسرت کا چشمہ

انسانی ذہن کسی نہ کسی طرح میکانکی قانونوں کی گرفت سے آزاد رہتا ہے اور اس کی رُو بھی متعین نہیں کی جا سکتی، اور یہ جو کچھ پاگل قسم کے ماہرین نفسیات اور ناآسودہ ماہرین اقتصادیات انسانی ذہن پر مشینی اور مادی اور جدلی ضابطے عائد کرتے رہتے ہیں، انسانی ذہن اُن کی حکم بندی سے کبھی نکل بھاگتا ہے — اسی لئے انسان ایک عجیب و غریب، خواب کار، زندہ دل، بے راہ بلکہ گمراہ سی مخلوق ہے!

مختصر یہ کہ میں انسانی شرف اسی میں سمجھتا ہوں کہ انسان رُوئے زمین پر سب سے بڑا آوارہ گرد ہے۔ انسانی وقار اور شرف کو آوارہ گردی کے اس تصور کے ساتھ منسلک کرنا ضروری ہے۔ انسانی وقار کو ایک تابعدار تنظیم و ضبط کے پابند سپاہی کے ساتھ ہرگز منسلک نہیں کرنا چاہیے۔ اس نظریے کے مطابق غالباً آوارہ گرد سب سے شاندار قسم کا انسان ہے اور سپاہی سب سے گھٹیا قسم کا انسان قرار پائے گا۔ کم سے کم اس کتاب سے یہ مفہوم لیا جائے گا کہ میں آوارہ گرد کو عظمت کی مسند پر بٹھانا چاہتا ہوں۔ مجھے واقعی یہی مقصود ہے۔ موجودہ زمانے میں جمہوریت پسندی اور انفرادی آزادی کو ہر طرف سے خطرے درپیش ہیں۔ صرف آوارہ گرد اور آزادہ روی کا احساس ہی ہمیں ان باوردی قلیوں کے گروہوں میں گم ہو جانے سے بچا سکتا ہے۔ جو نظم و ضبط کے پابند ہیں، بے حد فرمانبردار ہیں اور ہر طرح منظم ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ آوارہ گرد ہی ڈکٹیٹر شپ یا آمریت کا سب سے آخری اور سب سے زبردست دشمن ثابت ہوگا۔ آوارہ گرد انسانی شرف و وقار اور فرد کی آزادی کا سب سے بڑا علم بردار ہوگا اور اُسی کی ذات کو آمریت سب سے آخر میں مغلوب کر سکے گی۔ سچ تو یہ ہے کہ موجودہ تہذیب کی بقا کا دارومدار اُسی کی ذات پر ہے۔

انسان کو تخلیق کرتے وقت شاید ہمارا خالق اکبر جانتا تھا وہ روئے زمین پر

لسفوں سے اعلیٰ منزل تک پہنچ گیا ہے۔ چینی قوم کا یہ فلسفہ پھوٹا فوہ دانش کے انہی
دیم سرچشموں سے ہے مگر اب یہ اِن سب کو اپنے اندر جذب کر چکا ہے۔ اور ان
سب سرچشموں کی ہم آہنگی سے ایک پورا نظام وجود میں آچکا ہے۔ اِس فلسفے نے
دیم فلسفوں سے تصوّراتی دانش جذب کی ہے اور اسے اِس طرح پیش کیا ہے کہ
ن زندگی، ایک زندہ، جیتا جاگتا نظام حیات نظر آتا ہے، جو عام آدمی کی سمجھ میں
بھی آسکتا ہے۔ سارے چینی ادب، آرٹ اور فلسفے پر نظر ڈالنے سے مجھ پر یہ واضح
ہو گیا ہے کہ چینی ادب، آرٹ اور فلسفے کا پیغام کیا ہے۔

وہ پیغام اور تعلیم یہ ہے کہ زندگی کا جی بھر کر لطف اٹھایا جائے اور حقیقت پسندی
سے اپنا ناتا ہمیشہ مضبوط رکھا جائے ـــــ یہی وہ تعلیم ہے جو چینی فکر و ادب میں
ہر جگہ اور ہمیشہ رواں دواں نظر آتی ہے۔

پھوٹتا ہے اور وہ ہنستا ہے۔ وہ ہنسی جس میں علم اور مہربانی اور رواداری کوٹ کوٹ کر بھری ہوتی ہے۔

میں سمجھتا ہوں آج کی دنیا بڑی سنجیدہ ہے، اسی لئے اِس آج کی بے حد سنجیدہ دنیا کو ایک خوش باش اور دانش سے بھرپور فلسفے کی سخت ضرورت ہے۔ چین کے فنِ زندگی کا فلسفہ یقینی طور پر ایک "خوش باش سائنس" کہلا سکتا ہے۔ اور اصل یہ ہے کہ خوش باشی کا فلسفہ ہی گہرا اور سچا فلسفہ ہوتا ہے۔ — مغربی دنیا کے سنجیدہ اور بھاری بھرکم فلسفوں نے تو ابھی زندگی کی ابجد کو بھی نہیں سمجھا۔ میرے نزدیک فلسفے کا کام صرف یہ ہے کہ ہمیں خوش باشی اور زندہ دلی سے زندگی بسر کرنا سکھائے۔ یہ محض میرا خیال ہی نہیں بلکہ میرے نزدیک یہ ایک عملی نظریہ ہے۔ اگر انسان، خوش باشی اور زندہ دلی کی یہ روح اپنالیں تو یہ دنیا اب کے مقابلے میں کہیں زیادہ دل کش اور معقول جگہ بن جائے گی۔ موجودہ زمانے کا انسان زندگی کو بڑی سنجیدہ چیز سمجھتا ہے۔ اور چونکہ وہ اتنا سنجیدہ رہتا ہے اس لئے یہ دنیا بھی اس کے لئے مصائب اور مشکلات سے پُر بن جاتی ہے۔ ہمیں اس ضابطے، اس رویے کا اصل اصول دیکھنا ہے۔ جس کی بدولت یہ زندگی زیادہ پُرمزہ زیادہ خوشگوار بنائی جا سکے، جس کی بدولت یہ زندگی زیادہ معقول اور زیادہ پُرسکون اور کم طوفانی بنائی جا سکے۔

میرا خیال ہے میں اس فلسفۂ حیات کو کسی ایک مدرسۂ خیال کا فلسفہ نہیں بلکہ ساری چینی قوم کا فلسفہ کہہ سکتا ہوں — یہ فلسفہ، چینی پیغمبر کنفیوشس اور لاؤ کے فلسفوں سے عظیم تر ہے۔ کیونکہ یہ فلسفہ اُن کے فلسفوں اور دوسرے قدیم

# باب دوم

# انسان کیا ہے

۱۔ انسانیت کے بارے میں مسیحی، یونانی اور چینی نقطۂ نظر

۲۔ خاک کا پُتلا

۳۔ جسم اور روح

۴۔ انسانیت کے بارے میں حیاتیاتی نظریہ

۵۔ حیاتِ انسانی ــــ ایک نظم

اس کی "روح" کی دنیا میں سرگرم رہتی ہے۔ مسیحی دینیات میں "روح" کا لفظ کب سے رائج ہوا میں نہیں جانتا۔ مگر یہ ضرور ہے کہ یہ "روح" ایک خصوصیت یا حالت کے بجائے ایک خاص چیز، ایک مخصوص وجود بن کر رہ گئی۔ اور اسی "روح" کو انسان اور حیوان کے مابین امتیاز قرار دیا گیا کیونکہ جانوروں کے پاس روح نہیں جس کی شیطان سے حفاظت کی جائے! اس مرحلے پر اس نظریے میں کچھ منطقی مشکلیں پیدا ہوئیں ــــ مثلاً شیطان کے وجود کی تشریح ضروری ہوئی۔ چنانچہ جب قرون وسطیٰ کے مسیحی عالموں نے اپنی متکلمانہ منطق سے اس مسئلے پر ہاتھ ڈالا تو وہ عجب مخمصے میں پڑ گئے۔ وہ یہ تسلیم کیسے کرتے کہ شیطان (جو خدا کی ضد ہے) خود خدا کا پیدا کیا ہوا ہے ــــ وہ یہ بھی نہیں مان سکتے تھے کہ انسان کی پیدائش سے پہلے کائنات میں، خدا اور شیطان دونوں ایک ساتھ ہمیشہ سے موجود تھے! ــــ اسی لئے انہوں نے تھک ہار کر یہ رستہ نکالا کہ شیطان، شیطان نہیں تھا بلکہ ایک راندہ ہوا فرشتہ تھا۔ اس موقع پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ پھر بدی کا وجود کہاں سے آیا؟ (کیونکہ ایک فرشتے کو بہکا کر مردود بنانے کے لئے بھی تو ایک شیطان ہونا چاہئے تھا) مگر ان عالموں نے اس سوال سے پہلو بچایا۔ پھر بھی ان کی اس تعلیم سے جسم اور روح کا سارا جھگڑا شروع ہوا۔ بدقسمتی سے یہ خیالی نظریہ اب بھی رائج ہے، اور اب بھی ہماری زندگی اور ہماری خوشی پر بے حد اثر انداز ہے۔

انسان کے جنت سے نکالے جانے کے بعد مسیحی نظریے کے مطابق، نجات کا مرحلہ آتا ہے۔ اُن کے نزدیک انسان کی نجات حضرت مسیحؑ کی شفاعت پر ہوگی اور انسان کو اس کا کفارہ دینا ہوگا ــــ یہ کفارہ اصل میں بہت پرانی مذہبی رسم ہے۔ مثلاً بتوں کو خوش کرنے کے لئے گوشت کی قربانی ضروری ہے۔ اسی نجات

# ۱۔ انسانیت کے بارے میں مسیحی، یونانی اور چینی نقطۂ نظر

انسانیت کے بارے میں ایک تو مسیحی دینیات کا روایتی نظریہ ہے۔ دوسرا یونانیوں کا کافرانہ نقطۂ نظر ہے اور پھر چینی نظریہ ہے جو کنفیوشس اور تاؤ کی تعلیمات کا آمیزہ ہے۔ (میں نے عمداً بدھ مت کے نقطۂ نظر کا ذکر نہیں کیا کیونکہ انسانیت کے بارے میں یہ نظریہ بے حد غم انگیز ہے) اجمالی طور پر دیکھا جائے تو یہ نظریے، ایک دوسرے سے زیادہ مختلف نہیں خصوصاً آج کل حیاتیات اور علم الانسان کی روشنی میں تو ان نظریوں کی بڑی وسیع تعبیریں کر کے، انہیں ایک دوسرے کے مماثل قرار دیا جا سکتا ہے لیکن اصل میں، ان نظریوں میں کافی اختلاف موجود ہے۔

انسانیت کے بارے میں مسیحی مذہب کا روایتی نظریہ یہ ہے کہ ابتداء میں انسان کو مکمل، معصوم، بے شعور اور خوش باش پیدا کیا گیا تھا۔ یہ انسان ننگ دھڑنگ جنتِ عدن میں رہتا تھا۔ ہوا یہ کہ انسان کو علم و دانش ہاتھ آ گئے اور انسان جنت سے نکالا گیا۔ اور انسانی مشکلات اور مصائب کا آغاز ہو گیا ـــــ یہ انسانی مصائب کیا ہیں؟ ـــــ اول: مردوں کے لئے یہ مقدر ہوا کہ وہ اپنا ایڑی چوٹی کا پسینہ بہا کر روزی کمائیں گے۔ دوم، عورتوں کے لئے یہ مقدر ہوا کہ انہیں بچے جننے کی سخت تکلیف ہوگی ـــــ جنتِ عدن میں انسان مکمل اور کامل تھا۔ اب زمین پر اس کے ناقص ہونے کا یہ سبب پیش کیا گیا کہ اس کا ناقص ہونا شیطان کی وجہ سے ہے۔ شیطان، انسانی جسم کے ذریعے سے اپنا کام نکالتا ہے اور انسان کی عالی فطرتی،

دی جو ہر طرف گھومتی تھی تاکہ شجرِ زندگی کا راستہ بند رہے !"
لیسا معلوم ہوتا ہے کہ شجرِ ممنوعہ تو جنتِ عدن کے کہیں مرکز میں تھا مگر شجرِ زندگی'
جنتِ عدن کے مشرقی دروازے کے قریب ہے۔ اور آج تک فرشتے' انسان
کو شجرِ زندگی تک پہنچنے نہیں دیتے !

کچھ بھی ہو۔ یہ خیال آج بھی قائم ہے کہ زندگی کا لطف اٹھانا گناہ اور بدی
ہے۔ اور اپنے آپ کو دکھ دینا نیکی ہے۔ اور انسان ایک عظیم بیرونی قوت کی
امداد کے بغیر اس بدی سے بچ نہیں سکتا ـــــ گناہ کا عقیدہ آج بھی مسیحی دین کی
بنیاد ہے اور مسیحی مبلغ آج بھی کسی کو عیسائی بنانے کے لئے یہی پرچار کرتے ہیں کہ
انسان ازلی طور پر گناہ گار ہے اور انسانی فطرت کی بنیاد ہی بدی ہے۔ گویا جب
تک کسی انسان کو یہ یقین نہ دلایا جائے کہ وہ گناہ گار ہے اسے عیسائی بنانا ممکن نہیں۔
اسی لئے تو کسی ستم ظریف نے کہا ہے :۔

"ہمارے مسیحی مذہب کو اتنا محدود کر دیا گیا ہے کہ گناہ مذہب کا
مرکزِ خیال بن گیا ہے۔ اِس لحاظ سے جو شخص ہر وقت گناہ کے
خیال میں ڈوبا رہے وہی سچا مسیحی کہلا سکتا ہے۔ چنانچہ اب یہ
عالم ہے کہ شریف لوگ جو گناہ کے بارے میں نہیں سوچتے کس منہ
سے گرجے میں جائیں۔ وہ تو مسیحی ہی نہیں ہیں۔"

یہ تو تھا مسیحی نظریہ۔ اب انسانیت کے بارے میں یونانیوں کا نقطۂ نظر
ملاحظہ ہو ـــــ یونانی دنیا اپنی جگہ ایک مخصوص دنیا تھی۔ اس لئے یونانیوں کا نظریہ
انسانیت بھی مسیحی نقطۂ نظر سے بے حد مختلف ہے۔ اہم بات یہ دیکھئے کہ یونانی'
اپنے دیوتاؤں کو بھی انسان کا قالب دیتے تھے۔ اس کے برعکس مسیحی دین آدمی سے

شفاعت کی بدولت انسان کے ایک بار پھر کامل ہونے کا راستہ ڈھونڈ لیا گیا۔ کیونکہ کفارے کے بعد اس کے سارے گناہ یک قلم معاف ہو سکتے ہیں۔ انسان کے کامل ہو جانے کا یہ نظریہ مسیحی دین کا سب سے عجیب پہلو ہے۔ یہ نظریہ اس وقت رائج ہوا جب قدیم عہد ختم ہو رہے تھے۔ چنانچہ یہ رجحان ترقی کر گیا کہ حیات بعدِ موت پر زور دیا جائے۔ اس کے ساتھ ہی سیدھے سادے جینے کے مسئلے اور خوش باشی کے بجائے نجات پر توجہ دی جانے لگی۔ خیال یہ چلا کہ اس دنیا سے جو گناہوں کا گھر ہے اور جو اپنی ابتری کی وجہ سے مٹ کر رہے گی، کس طرح کنارہ کیا جائے۔ چنانچہ زندہ رہنے کے بجائے زندۂ جاوید ہو جانے کو زیادہ اہمیت دی گئی —— یہ سب کچھ بائبل کے باب پیدائش کے اس بیان کے بالکل منافی ہے کہ خدا انسان کی بقا اور دائمی زندگی نہیں چاہتا تھا۔ باب پیدائش نے یہ نہیں کہا کہ آدم و حوّا کو (عام خیال کے مطابق) دانۂ گندم کی بدولت جنّت سے نکالا گیا۔ بلکہ یہ لکھا ہے کہ یہ ڈر پیدا ہو گیا تھا کہ آدم و حوّا اس شجرِ ممنوعہ کے بعد کہیں شجرِ زندگی کا پھل نہ چکھ لیں۔

—— اور کہیں اِس طرح زندۂ جاوید نہ ہو جائیں۔ ملاحظہ ہو:

> "اور خداوند خدا نے کہا: دیکھو، انسان ہم جیسا ہو گیا کہ گناہ و ثواب میں امتیاز کر لیتا ہے، کہیں یہ نہ ہو جائے کہ وہ اپنا ہاتھ بڑھائے اور شجرِ زندگی کا پھل اُتارے اور کھائے، اور اس طرح ہمیشہ زندہ رہے —— اس لئے خداوند خدا نے انسان کو جنّتِ عدن سے نکال دیا اور اس زمین میں کھیتی کرنے کو بھیجا جہاں سے وہ اُٹھایا گیا تھا —— چنانچہ خداوند خدا نے آدم کو نکال دیا اور جنّتِ عدن کے مشرق کی سمت فرشتے تعینات کر دیئے اور ایک شعلہ فشاں تلوار ٹکا

حتیٰ کہ سقراط جیسے فلسفی نے جب زہر کا جام پیا تو اس نے تھوڑا سا مشروب دیوتاؤں کی بھینٹ کے طور پر زمین پر چھڑکا تاکہ دیوتا اس کے ابدی سفر پر اسکی معاونت کریں ـــــ کم و بیش چینی پیغمبر کنفیوشس کا بھی یہی رویہ تھا۔ اصل میں وہ زمانہ ہی ایسا تھا کہ ایسی باتیں کی جائیں۔ آج کل کے زمانے میں یونانی روح، انسان اور دیوتاؤں کے سلسلے میں کیا رویہ اختیار کرتی؟ ـــــ بدقسمتی سے اس کا جواب نہیں دیا جا سکتا۔ یونانیوں کی یہ ملحدانہ دنیا، آج کی دنیا نہیں۔ اور آج کی مسیحی دنیا، قدیم یونانی دنیا نہیں۔ اور افسوس اسی بات کا ہے۔

بہر کیف یونانیوں نے یہ عقیدہ تسلیم کر لیا تھا کہ انسان فانی ہے اور اکثر اوقات مقدر کی ٹھوکریں بھی اس کا حصہ ہیں۔ بس اتنی بات تسلیم کر لینے کے بعد انسان اپنے حال پر خوش تھا؛ کیونکہ یونانیوں کو اس زندگی، اس کائنات سے بڑی محبت تھی۔ یونانیوں کی ساری توجہ اس بات پر تھی کہ اس زندگی کے حسن، اس کی سچائی ـــــ ـــــ اس کی خوبیوں کو سمجھ سکیں، اُن کا احاطہ کر سکیں اور ساتھ ہی ساتھ وہ کائنات کو سائنسی طور پر سمجھنے میں بھی پوری دلچسپی لیتے تھے۔ یونانی تاریخ میں انسان کا ایسا کوئی "سنہری زمانہ" نہیں ملتا جیسا کہ مسیحی روایتوں کے مطابق "جنتِ عدن" کا دور تھا۔ اسی لئے انسان کے ہبوط اور زوال کی بھی کوئی داستان نہیں۔ یونانی محض انسان تھے۔ وہ انسان جنہیں (انہی کی روایتوں کے مطابق) عظیم طغیانی کے بعد ساحلوں پر آئے ہوئے ڈیوکیلین اور اس کی بیوی پائی را نے، کنکر سمجھ کر اِدھر اُدھر پھینک دیا تھا۔ اور یہی کنکر بعد کو انسان بن گئے تھے۔

یونانیوں کا وتیرہ تھا کہ وہ بیماریوں اور تکلیفوں کا تذکرہ مزاحیہ انداز میں کرتے تھے۔ ایک نوجوان خاتون کو ایک صندوق میں جواہرات بند کر کے دئے گئے اور کہا گیا

دیوتا بننے کی توقع کرتا ہے۔ یونانی دیوتاؤں کا مامن اولمپس پہاڑ ہے اور اولمپس کے یہ دیوتا، خوش باش اور عشق پیشہ لوگ ہیں جو جھوٹ بولتے ہیں، آپس میں آئے دن لڑتے رہتے ہیں، عہد و پیمان توڑتے ہیں، نک چڑھے اور جھکی ہیں ـــــ یہ دیوتا بھی ساری یونانی قوم کی طرح، رتھوں کے شیدائی ہیں، نیزہ بازی کے متوالے ہیں، شکار کے رسیا ہیں! یونانیوں کی طرح یہ دیوتا بھی شادیاں کرتے ہیں اور کئی ایک کے تو ناجائز اولاد بھی ہے! ـــــ یونانیوں کے نزدیک انسانوں اور دیوتاؤں میں فرق اتنا ہے کہ دیوتاؤں کو روئے زمین پر بجلیاں برسانے کا اختیار ہے، دیوتا زمین کو سرسبز بناتے ہیں، وہ انسانوں کی طرح فانی نہیں، اور وہ شراب کے بجائے آبحیات پیتے ہیں ـــــ جہاں تک بھلوں کا تعلق ہے وہ یکساں تھے۔ ان دیوتاؤں کا ذکر سُن کر فوراً یہ خیال ہوتا ہے کہ اس ہجوم کے ساتھ نوکری دوستی اور اپنایت بھی ہوسکتی ہے اور ہم آپ دیوتا اپالو (سورج دیوتا) یا ایتھنی، یا دیوتا مرکری (پیغام رساں دیوتا) کے ساتھ کندھے پر ایک جھولا ڈال کر شکار کو جا سکتے ہیں اور راستے میں اس پیغام رساں دیوتا سے گھل مل کر باتیں کر سکتے ہیں اور وہ یکایک باتیں چھوڑ کر یہ کہہ سکتا ہے کہ "اچھا بھائی معاف کرنا میں ذرا لپک کر یہ خط فلاں جگہ پہنچا آؤں!" ـــ یونانیوں کو دیکھ کر یہ خیال ہوتا ہے کہ یونانی لوگ تو دیوتا نہیں تھے، مگر یونانی دیوتا ضرور انسان تھے! ذرا ان کا مقابلہ مسیحی خدا سے کیجئے۔ دونوں میں کتنا فرق ہے۔ چنانچہ یونانی دیوتا انسانوں کی ہی ایک ذرا مختلف نسل تھی۔ گویا یہ لوگ آدم زاد نہیں، جن تھے جنہیں دائمی زندگی ملی تھی۔ اور جن کے برعکس زمینی انسانوں کو محض فانی زندگی عطا ہوئی تھی چنانچہ دیوتاؤں کی اس کہانی سے ایسی خوبصورت کہانیاں وجود میں آئیں جن کا کوئی مقابلہ نہیں۔ ان دیوتاؤں پر یونانیوں کا اعتقاد راسخ تھا، اس سے کوئی مفر نہ تھا۔

روح کی بقا میں سقراط کا عقیدہ، آج کے انسان کے لئے کوئی حیثیت نہیں رکھتا۔ وجہ یہ کہ سقراط نے اس دعوے کے لئے جو دلیلیں دی ہیں (مثلاً آواگون یا تناسخ وغیرہ) وہ جدید زمانے میں قبول نہیں کی جا سکتیں۔

اب تیسرا نظریہ سنئے — چینی نقطۂ نظر یہ ہے کہ انسان مخلوقات کا بادشاہ ہے (وہ دس ہزار اشیا کی روح رواں ہے!) کنفیوشس کا تو یہ خیال ہے کہ عالمِ اسباب میں انسان کا مرتبہ آسمان اور زمین کے برابر ہے۔ اس نظریئے کا پس منظر یہ ہے کہ اس کائنات کی ہر شے زندہ ہے اور یا اس میں روح ضرور موجود ہے مثلاً پہاڑ، دریا، یا ہر وہ چیز جس پر بڑھاپے کا شائبہ دور آجائے، ذی روح ہے "آندھی اور رعد تو خود روحیں ہیں۔ ہر اونچے پہاڑ اور ہر دریا پر ایک روح کی حکمرانی ہے بلکہ ان پر روحوں ہی کا قبضہ ہے۔ ہر قسم کے پھولوں کی ایک پری محافظ ہے جو ان کے کھلنے کی رُت کی نگرانی کرتی ہے اور اُن کی حفاظت کی ذمہ دار ہے۔ پھر سارے پھولوں کی ایک ملکہ ہے جس کی سالگرہ سال کے دوسرے چاند کی بارھویں تاریخ کو ہوتی ہے۔ بیدِ مجنوں ہو یا دیودار یا سرو ہو، گیدڑ ہو یا کچھوا — ان میں سے جو بھی پختہ عمر ہو کر کئی سو برس کا ہو جائے وہ امر ہو جاتا ہے اور "وجودِ مطلق" کی حیثیت حاصل کر لیتا ہے

اس ذی روح اور جاندار پس منظر کے ساتھ، قدرتی طور پر، انسان کو بھی ایک روح کا مظہر سمجھا جاتا ہے، یہ روح، زندگی کی طرح، مردانہ، فاعلی، مثبت (چینی میں "یانگ") اور زنانہ، مفعولی، منفی (چینی میں ین) کے اتصال سے وجود میں آتی ہے۔ آپ یہ سمجھ لیجئے کہ چینی دماغوں نے مثبت اور منفی برقی رو کا سا اصول دریافت کر رکھا تھا! — خیر، جب یہ روح انسانی جسم میں آتی ہے تو اسے "پو" کہتے ہیں اور جب تک یہ کسی جسم میں قید رہے اسے (وین) کہتے ہیں۔ موت کے بعد یہ روح

کہ وہ انہیں ایک خاص مدت تک نہ کھولے۔ وہ حسینہ صبر نہ کر سکی۔ اور جواہرات بیماریاں بن کر دُنیا میں پھیل گئے۔ یونانیوں کا تخیل بے حد خوبصورت اور شاداب تھا۔ وہ انسانی فطرت کو عام طور پر اُسی طرح قبول کرتے تھے جس طرح حقیقت میں وہ تھی۔ گویا مسیحیوں کے قول کے مطابق یونانی اس فانی زندگی پر پوری طرح شاکر تھے بلکہ ان کے نزدیک فانی ہونا بڑی خوش آئند بات تھی کیونکہ اُن کی سوجھ بوجھ کو، اُن کے تخیل کو اس صورت میں پوری آزادی ملتی تھی کہ اس کائنات کو جو چاہیں اور جس طرح چاہیں سمجھیں۔ مثلاً بعض سوفسطائی فلسفیوں کا خیال تھا کہ کہ انسانی فطرت، نیک اور مستحم خیر ہے! اور بعض یہ کہتے تھے کہ انسانی فطرت بدی کا دوسرا نام ہے۔ مگر ان میں وہ تضاد اور تفاوت نہیں تھا جو مثال کے طور پر ہمیں انگریز فلسفی ہابز اور فرانسیسی انقلابی رُوسو کے نظریوں میں نظر آتا ہے۔ یہ تو سوفسطائیوں کا حال تھا۔ افلاطون کو دیکھئے تو وہ یہ کہتا ہے کہ انسان خواہشوں، جذبات، اور خیالات کا مرکب ہے۔ اور مثالی انسانی زندگی یہ ہے کہ انسان دانش یا سچے ادراک کی رہبری میں اپنے اِن تینوں اجزا (خواہشات، جذبات، اور خیالات) کو پوری طرح ہم آہنگ رکھے۔ افلاطون کا خیال تھا کہ خیالات یا تصوّرات تو غیر فانی ہیں مگر انسانی فطرت اعلیٰ یا ادنےٰ ہو سکتی ہے۔ اور اس کے اعلیٰ یا ادنےٰ ہونے کا دارومدار اس بات پر ہے کہ انسان انصاف، علم، اعتدال اور حُسن سے محبّت کرتا ہے یا نہیں۔ پھر سقراط کے فلسفے میں انسانی روح کو ایک مستقل اور خود مختار اور غیر فانی حیثیت دی گئی ـــــ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انسانی روح کے غیر فانی ہونے کا نظریہ مسیحی، یونانی، تاؤ اور کنفیوشس۔ ہر نقطۂ نظر میں مشترک ہے مگر آپ جدید زمانے کے لوگ اس بات پر تاؤ نہ کھائیں کیونکہ انسانی

انسانی فطرت کے ساتھ ہم آہنگی سے بسر ہو جائے تو انسان بھی آسمان اور زمین کا ہم پلہ ہو سکتا ہے۔

بدھ مت کا نظریہ یہ ہے کہ جسمانی خواہشیں، فانی انسانوں کی نجات کے راستے میں سخت رکاوٹیں ہیں، جن پر غالب آنا ہی چاہیئے۔ (یہ نظریہ عین بعین قرونِ وسطیٰ کے مسیحیوں کی تعلیمات کے مطابق ہے) چنانچہ اکثر اوقات جو مرد عورتیں بہت زیادہ ذہین ہوں، یا جنہیں زیادہ سوچنے کی عادت ہو، وہ بدھ مت کے اس نظریے کو قبول کر لیتے ہیں اور پھر بھکشو اور راہبہ بن جاتے ہیں۔۔۔۔ لیکن مجموعی طور پر کنفیوشس کی سکھائی ہوئی عقلِ سلیم اس کی ممانعت کرتی ہے۔ اس کے علاوہ تاؤ کے خیال کے مطابق ماہ پیکر مگر بدنصیب لڑکیوں کو "آسمان سے گری ہوئی پریاں" سمجھا جاتا ہے، جنہیں فانی انسانوں کے سے خیالات رکھنے پر، یا آسمانوں پر کسی فرض میں کوتاہی کے جرم میں، زمین پر بھیج دیا گیا ہے تاکہ وہ فانی انسانوں کی سی مصیبتیں جھیلیں۔

چینی نظریے کے مطابق، انسانی ذہن کو قوت کا ایک دھارا سمجھا جاتا ہے۔ ذہنِ انسانی کے لئے جو چینی اصطلاح ہے اُس کا قریب ترین مترادف "اعصابی قوت" کو سمجھ لیجئے۔ جو رات دن کے چکر میں ہر شخص کی زندگی میں گھٹتی بڑھتی رہتی ہے۔ ہر شخص اس دنیا میں کچھ نفسانی خواہشات، کچھ امنگیں اور اس قوت کی کچھ مقدار ساتھ لے کر آتا ہے اور لگے بندھے چکر کے ساتھ، اپنے بچپنے، اپنی جوانی اپنی پختہ عمری، اپنے بڑھاپے اور موت کے لمحے تک اپنا یہ حصّہ ختم کر لیتا ہے۔ اسی لئے تو کنفیوشس نے کہا ہے:۔

" نوجوانی میں لڑنے بھڑنے سے خبردار رہو۔ اگر طاقت ور ہو تو جنسی خواہشات سے خبردار رہو۔ اور جب بوڑھے ہو جاؤ تو ملکیت کے جذبے سے ہوشیار رہو!"

(دیتن) آوارہ پھرتی ہے اور عام طور پر کسی کو کچھ نہیں کہتی۔ لیکن اگر مردے کو دفن نہ کیا جائے اور مرنے والے کی فاتحہ نہ دلوائی جائے تو یہی روح، بھوت کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ اسی لئے چین میں ساتویں چاند کا پندرھواں دن روحوں کا دن قرار دیا گیا ہے تاکہ جو لوگ ڈوب کر مر گئے، یا دور دیس میں مرے اور نہ جانے کہیں دفن ہوئے یا نہیں، ان کی فاتحہ نیاز دلوائی جائے اور ان کے لئے قربانی کی جائے۔ اس کے علاوہ اگر مرنے والا قتل کیا جائے یا ظلم سہتے ہوئے مرے تو اس کے بھوت کو نا انصافی کا یہ احساس آوارہ پھراتا ہے اور وہ لوگوں کو دکھ دیتا رہتا ہے حتیٰ کہ اس کے ظلم کا بدلہ لیا جائے اور اس کی روح کو تسکین دلائی جائے۔ تبھی اس روح، اس بھوت کو سکون ملتا ہے۔

انسان جب تک زندہ رہتا ہے (یعنی جب تک روح، انسانی چولا اختیار کئے رکھے) اس وقت تک اس میں لازمی طور پر کچھ خواہشات اور امنگیں، اور ضروری طاقت جاری و ساری رہتی ہے۔ اسے "اعصابی طاقت" سمجھ لیجئے۔ چیزیں، اپنی ذات میں، نہ بری ہیں نہ اچھی۔ بلکہ یہ چیزیں تو محض زندگی کا لازمہ ہیں اور زندگی سے کسی طرح الگ نہیں کی جا سکتیں۔ تمام مردوں، عورتوں میں نفسانی خواہشیں بھی ہیں، قدرتی امنگیں بھی اور اونچے خیالات بھی ہیں، اور انہیں ضمیر بھی دئے گئے ہیں۔ ان مردوں عورتوں میں جنس کا احساس بھی ہے اور انہیں بھوک بھی لگتی ہے۔ ان میں خوف اور غصہ بھی ہے۔ یہ مرد، عورت، بیماری، درد، تکلیف اور موت کا شکار بھی ہوتے ہیں ـــ مگر تمدن اور تہذیب کا کام یہ ہے کہ خواہشوں اور جذبوں کا اظہار پوری ہم آہنگی سے ہو۔

یہ ہے کنفیوشس کا نظریہ ـــ جس کا اعتقاد یہ ہے کہ اگر انسانی زندگی

رٹ رٹا کر اوّل نمبر پر آئے۔ میرے گھر کے اردگرد دس ہزار ایکڑ زرخیز زمین ہو۔ گھر کے پہلو میں مچھلیوں کا تالاب ہو۔ پائیں باغ میں ہر قسم کے پھلوں کے درخت ہوں۔ مجھے ایک نہایت خوبصورت بیوی دی جائے اور میرے لئے ماہ پیکر کنیزیں ہوں جو سب کی سب مجھ سے والہانہ محبت کرتی ہوں۔ میرے گھر کے کمرے چھت تک سونے اور موتیوں سے بھرے ہوئے ہوں۔ میرے گودام اناج سے بھرپور ہوں۔ صندوق دولت سے پُر ہوں۔ مجھے شاہی مجلس کے مشیر یا امیر الامرا کا رتبہ حاصل ہو اور میں اسی طرح باعزت اور خوشحال زندگی بسر کرتا تا کہ تا سو برس کی عمر کو پہنچوں ——" یہ شرائط سننے کے بعد خدائے تناسخ نے جواب دیا "بھائی اگر زمین پر ایسی زندگی ممکن ہو تو خود میں جا کر یہ زندگی اختیار کروں۔ تمہیں بھلا ایسی زندگی میں کیوں دینے لگا؟" —— !!"

گویا معقول رویّہ یہ ہے کہ چونکہ ہمیں یہی فطرت دی گئی ہے۔ لہٰذا ہمیں اسی کے ساتھ، زندگی کرنا ہے کیونکہ اس سے کوئی مفر نہیں۔ نفسانی خواہشیں اور ہمارے جبلّی تقاضے یا تو بنیادی طور پر بُرے ہیں یا بنیادی طور پر اچھے لیکن ان کے بارے میں زیادہ باتیں بنانے سے کیا فائدہ ہوگا بھلا؟ بلکہ اُلٹا یہ اندیشہ ہے کہ ان کی باتیں کرتے کرتے ہم انہی کے غلام ہو جائیں! اس لئے بہتر یہ ہے کہ بیچ کا راستہ (اعتدال) اختیار کر لیا جائے —— اس معقول رویّے کی بدولت ایسا پُرعفو فلسفہ وجود میں آتا ہے کہ ایک مہذّب، وسیع الخیال اور معقول عالِم، ہر انسانی لغزش، ہر قسم کی بد اخلاقی (چاہے اس کی نوعیت قانونی ہو، اخلاقی یا سیاسی) کو معاف کر سکتا ہے۔ عام طور پر یہی وہ چیزیں ہیں جنہیں انسان کی دُوں فطرتی یا انسان کی عام کمزوری کہا جاتا ہے! —— چینی تو اس سے بھی آگے بڑھ کر یہ فرض کر لیتے ہیں کہ قدرت، یا خود اللہ تعالیٰ، بے حد معقولیت پسند ہے۔ چینیوں کا یہ خیال ہے کہ اگر

اس کا مطلب یہ ہے کہ لڑکوں کو لڑنا بھڑنا بھاتا ہے، جوانوں کو عورتوں سے دلچسپی ہوتی ہے اور بوڑھوں کو دولت سے والہانہ پیار ہوتا ہے!

گویا جسمانی، ذہنی اور اخلاقی قدروں کے اس مرکب کے پیش نظر، جینی کو دوسرے مسائل کی طرح خود آدمی کے بارے میں ایک رویہ اختیار کرنا پڑ گیا ہے اور وہ رویہ یہ ہے کہ "معقول بنو"۔ اس رویئے کا مطلب یہ ہے کہ آدمی سے نہ زیادہ امیدیں باندھو نہ کم درجہ ہی تصور کرو۔ گویا انسان، زمین اور آسمان کے مابین، حقیقت پسندی اور مثالیت پرستی کے درمیان گھرا ہوا ہے۔ اس کی ہستی، اونچے خیالات اور گھٹیا نفسانیت کے درمیان پھنسی ہوئی ہے۔ یہی انسانیت کا اصل مفہوم اور نچوڑ ہے!

علم کی تشنگی اور پانی کی پیاس دونوں انسانی خصوصیات ہیں۔ یہ بھی عین انسانیت ہے کہ انسان کو کوئی عمدہ خیال بھی پسند آئے اور کوئی لذیذ کھانا بھی من بھائے، اسے کوئی خوبصورت مقولہ بھی پسند آئے اور کسی حسین عورت پر بھی وہ ریجھ جائے۔ چنانچہ اسی لئے ہماری دنیا ناتمام اور نامکمل دنیا ہے۔ یہ تسلیم کہ انسانی دنیا کو اپنے قبضے میں لے کر، اس کی اصلاح کرنے کی گنجائش موجود ہے مگر جینیوں کو نہ تو کامل امن و سکون کی توقع ہے نہ مکمل مسرت کی امید ہے ـــــ اس نقطۂ نظر کی وضاحت کے لئے ایک کہانی سنئے:

"ایک شخص دوزخ میں تھا۔ اس کے آواگون کا وقت آ چکا تھا۔ اس نے خدائے تناسخ سے کہا، اگر آپ چاہتے ہیں کہ میں ایک بار پھر آدمی کی شکل میں دنیا کو جاؤں تو میری چند شرطیں ہیں۔ خدائے تناسخ نے پوچھا، وہ کیا شرطیں ہیں بھائی؟ـــ اس نے جواب دیا، شرط یہ ہے کہ اب کے میں ایک وزیر کے یہاں جنم لوں اور میرے یہاں جو بیٹا پیدا ہو، وہ ایک "ادبی دھوکا" ہو۔ یعنی وہ ایسا ہو کہ قومی امتحانات میں

چینی عورت نے کہا تھا :

"ہمیں کسی نے جنا تھا، اور ہم نے دوسروں کو جنم دیا۔ اس کے علاوہ کیا بھی کیا جاتا ؟"

اِس فقرے میں بڑی گہری رمز پنہاں ہے، گویا اس کے مطابق زندگی محض ایک حیاتیاتی فعل ہے اور اِس طرح بقا کا سارا مسئلہ ہی خارج از بحث ہو جاتا ہے۔ یہی جذبہ اس بڈھے چینی کا ہوتا ہے جو اپنے ننھے پوتے کا ہاتھ پکڑے بازار میں نکلتا ہے، دکان میں جاتا ہے کہ پوتے کے لئے کچھ مٹھائی خریدے لیکن اس کے دل میں خیال یہ ہوتا ہے کہ پانچ سات برس بعد موت اُسے ابدی نیند سلا دے گی اور وہ بھی اپنے آبا کے ساتھ خاک میں مل کر خاک ہو جائے گا! زیادہ سے زیادہ ہمیں یہ امید رکھنی چاہئے کہ ہمارے بیٹے اور پوتے ایسے نہ ہوں کہ ہمیں اُن کی وجہ سے شرمندگی اٹھانی پڑے، اور بس —— چنانچہ چینی زندگی کا سارا نظام، اِسی ایک خیال اِسی ایک تصوّر پر استوار کیا گیا ہے ——

## ۲- خاک کا پُتلا

تو سارا مسئلہ یہ ہوا کہ : انسان زندہ رہنا چاہتا ہے مگر اُسے اِسی زمین پر زندہ رہنا پڑے گا اور اُسے آسمانی زندگی کے سارے خیال ترک کرنے ہوں گے۔ لہٰذا روح کو تخیّل کے پروں پر اڑکر دیوتاؤں کی روحانی بستی تلاش نہیں کرنی ہوگی اور اس زمین کو ہرگز بھلانا نہیں ہوگا —— آخر ہم فانی ہیں، ہمیں ایک نہ ایک دن مرنا ہے۔ ہمیں جینے کی ایک خاص مدت (مثلاً روایتی طور پر ساٹھ اور دس ستر سال)

لوگ اپنی سمجھ کے مطابق، معقولیت سے زندگی بسر کریں، تو انہیں کوئی اندیشہ نہیں کسی چیز کا ڈر نہیں۔ ضمیر کا سکون و اطمینان سب سے بڑی نعمت ہے اور یہ کہ جس شخص کا ضمیر آئینے کی طرح صاف ہو، اُسے کسی چیز کا ڈر نہیں۔ حتّٰی کہ اُسے بھوت پریت سے بھی کوئی خدشہ نہیں۔ گویا جب تک ایک معقولیت پسند خدا، معقول اور کچھ نامعقول بندوں کے معاملات کا نگران ہے۔ اس دُنیا میں سب کچھ ٹھیک ہے۔ نامعقول لوگوں کو کیئے کا پھل بھگتنا ہی پڑتا ہے۔ ظالموں کو موت چین نہیں لینے دیتی۔ غدّار خودکشی کر لیتے ہیں۔ اور غاصبوں کو آخر میں ہر چیز فروخت ہی کرنی پڑتی ہے۔ جس شخص نے عمر بھر نادرات جمع کیئے اور ان نادرات کے لیئے لالچ، اور ناجائز قبضہ، اور ہر بُرے ذریعے سے کام لیا، اُس کے بیٹے یہ ذخیرے اتنی محنتوں اور مشکلوں سے جمع کیا ہوا یہ ذخیرہ، ایک ایک چیز کر کے بیچ ڈالتے ہیں! اور یہی ذخیرہ بکھر کر گھر گھر پہنچ جاتا ہے۔ اِسی طرح قاتلوں کا جُرم عیاں ہو جاتا ہے، وہ پکڑے جاتے ہیں۔ اور ان پر مُرے مُردوں اور مظلوم عورتوں کا صبر پڑتا ہے۔ اور اُن کا بدلہ چکا دیا جاتا ہے۔ بعض دفعہ کوئی مظلوم گھبرا کر پکار اٹھا کرتا ہے "شاید فلکِ کج رفتار کے آنکھیں نہیں!" (یعنی انصاف کی آنکھیں اندھی ہیں)۔ مگر یہ پکار شاذونادر ہی سنائی دیتی ہے!

گویا، کنفیوشس اور تاؤ دونوں کے نزدیک، اس فلسفے کا نتیجہ اور مقصدِ اعلیٰ یہ ٹھہرتا ہے کہ فطرت کو پوری طرح سمجھا جائے اور اُس کے ساتھ پوری ہم آہنگی سے زندگی بسر کی جائے۔ یہی وہ چیز ہے جسے میں "معقول فطرت پرستی" کہتا ہوں ——— ایک معقول فطرت پرست، حیوانوں کے سے اطمینان کے ساتھ اِس زندگی کو بسر کرنے پر کمر باندھتا ہے ——— وہی بات جسے ایک اَن پڑھ

گھر ہے۔

لہٰذا ہمیں اس دنیا کی زندگی کو اسی طرح قبول کر لینا چاہئیے جس طرح وہ ہے۔ یہ سرزمین، یہ کرۂ ارض جنت کے مقابلے میں بڑی ٹھوس اور حقیقی چیز ہے جنت آخر ایک غیر حقیقی تصور ہی تو ہے انسان کی خوش نصیبی ملاحظہ ہو کہ وہ اس حقیقی دُنیا اور اس غیر حقیقی جنت کے مابین پیدا کیا گیا ہے۔

گویا عملی فلسفہ وہ ہے جو شروع ہی میں یہ تسلیم کر لے کہ ہم روح کے ساتھ ساتھ ایک جسم بھی رکھتے ہیں۔ اور اب تو ہم میں سے کسی نہ کسی، جرأت مند کو یہ بھی کہہ دینا چاہئیے کہ بھائی آخر ہم ہیں تو حیوان ہی!! —— ڈارون کے نظریۂ ارتقا اور حیاتیات کی زبردست ترقی اور کیمیا کی ترقی کے پیش نظر، یہ سچائی ثابت ہو چکی ہے اور اب یہ ماننا ناگزیر ہو گیا ہے کہ ہم حیوان ہیں! بدقسمتی سے ہمارے استاد اور ہمارے فلسفی، نام نہاد دانشوروں کے طبقے سے تعلق رکھتے تھے جس طرح مویشیوں کو اپنے چمڑے پر غرور ہوتا ہے اسی طرح انہیں اپنی ذہانت اور عقل پر بڑا غرور ہوتا تھا۔ ہمارے روحانی پیشوا بھی روح کے بارے میں اتنے ہی مغرور تھے۔ بعض دفعہ جب "روح" بھی اتنی دوراز کار چیز ثابت نہ ہوتی تھی تو ان حضرات کو "تصور" اور "بروز" اور "جوہر مطلق" جیسے لفظوں کا سہارا لینا پڑتا تھا، تاکہ ہم لوگوں پر رعب طاری ہو جائے! چنانچہ اسی "روحانی مشین" کے ذریعے انسانی جسم کا گویا جوہر کھینچا گیا اور اسے "روح" قرار دیا گیا اور پھر اس "روح" کو مقطر کر کے اسے "جوہر" کہا گیا۔ اور ہم غریبوں سے امید کی گئی کہ اس جوہر کا پیالہ پی لیں اور سب کچھ بھول جائیں —— "روح" کو اتنی اہمیت دینا بڑا مہلک ثابت ہوا۔ اس کی بدولت ہمیں خواہ مخواہ اپنی جبلت سے لڑنا پڑا —— چنانچہ مجھے سب سے بڑا اعتراض یہی ہے کہ اس "روحانیت"

دی گئی ہے اگر ہماری روح بہت زیادہ مغرور ہو جائے اور ہمیشہ زندہ رہنا چاہے تو یہ مدّت خاصی کم ہے لیکن اگر ہماری روح عاجزی اور فروتنی کو اپنائے رکھے، تو یہی عمر کافی طویل بھی ہے۔ ذرا خیال کیجئے کہ ستّر برس کے عرصے میں زندگی کا کتنا لطف اٹھایا جا سکتا ہے اور کیا کچھ سیکھا جا سکتا ہے۔ تین نسلوں کے برابر عمر اتنا طویل عرصہ ہے کہ اس میں انسان کی ساری حماقتیں چکھی جا سکتی ہیں اور انسانی دانش بھی حاصل کی جا سکتی ہے۔ جو شخص تین نسلوں کی مدّتِ عمر تک، فیشن کی تبدیلیوں، ضابطۂ اخلاق کی تبدیلیوں اور سیاسی تبدیلیوں کو خوب دیکھتا رہا ہو اسے وقت آنے پر بڑے اطمینان سے اپنی جگہ سے اٹھ کھڑے ہونا چاہیئے اور اس آخری رخصت کے وقت بڑی خوش دلی سے کہنا چاہیئے "بس، بہت ہو چکا، میں نے بہت کچھ دیکھ لیا، یہ تماشا بڑا دلچسپ، بڑا عمدہ تھا!" ——

آخر ہم خاک کے پتلے ہیں، خاک سے پیدا ہوئے ہیں، اور خاک ہی کے زندانی ہیں، اور یہ کوئی تاسف کی بات نہیں —— یہ غم فضول ہے کہ ہمیں اس حسین دنیا میں عارضی مہمانوں کی حیثیت سے بھیجا گیا ہے۔ اگر یہ دنیا اتنی حسین نہ ہوتی اور محض ایک اندھیری کال کوٹھڑی ہوتی، تب بھی ہمیں یہاں بری بھلی بسر کرنا ہی تھی، لیکن اگر یہ دنیا کال کوٹھڑی کے بجائے ایک خوبصورت جگہ ہے اور اس میں ہمیں ایک صدی کا بڑا حصہ رہنے کی اجازت مل گئی ہے تو زندگی اچھی طرح نہ گزارنا سخت ناشکری ہوگی! —— یہ سہی کہ اکثر اوقات ہم ذرا اونچا اڑنے لگتے ہیں اور اس قدموں سے لپٹی ہوئی، مگر نہایت فراخدل دنیا کو حقارت کی نظر سے دیکھتے ہیں۔ پھر بھی اگر ہمیں روحانی سکون مطلوب ہے تو ہمیں اس دھرتی ماتا کے لئے، اپنے دل میں سچّی محبّت اور سچّا لگاؤ پیدا کرنا ہوگا۔ جو ہماری روح اور ہمارے جسم کا

پینا چاہوں گا۔ مگر جب تک پیاس نہ ہوگی۔ اس کا کیا مزہ آسکے گا؟ اور اگر بھوک ہی نہ ہو تو کھانے کا کیا مزہ ملے گا؟ آخر ایک فرشتہ، رنگوں کے بغیر کیا تصویر کشی کرے گا؟ قوتِ سماعت کے بغیر کیا گا بجا سکے گا؟ اور ناک کے بغیر، شمیمِ صبح سے کیا لطف اٹھائے گا۔ اور جب کھجلی نہ ہوگی، تو کھجانے میں جو مزہ ملتا ہے وہ کیسے محسوس کر سکے گا؟ —— ایسے سکھ اور ایسے اطمینان پر خاک —— یا تو یہ کہ ہم جسم رکھتے ہوں اور جسم کی خواہشیں پوری ہو سکیں۔ یا پھر ہمیں محض روح ہی عطا ہو تا کہ اُسے کسی سکھ یا کسی اطمینان کی ضرورت ہی نہ ہو۔ ہر اطمینان کی تہ میں "طلب" کا ہونا لازمی ہے۔

میں سوچتا ہوں کہ کسی بھوت یا فرشتے کے لئے یہ کتنی بڑی سزا ہے کہ اس کے پاس "جسم" نہیں۔ وہ کسی ٹھنڈے چشمے کو دیکھتا ہے۔ مگر اس میں کودنے کے لئے اُس کے پاؤں نہیں۔ اسے پانی کی خوشگوار ٹھنڈک سے کوئی خوشی کی لہر محسوس نہیں ہو سکتی۔ وہ بھوت یا فرشتہ، بھنی ہوئی مرغابی دیکھے گا مگر اسے چکھنے کیلئے اُس کے پاس زبان نہیں ہوگی۔ وہ اسے چبا نہیں سکتا۔ کیونکہ اُسے دانت نہیں دیئے گئے! وہ اپنے محبوب چہرے دیکھے گا مگر وہ کچھ محسوس نہیں کر سکتا۔ کیونکہ وہ جذبات سے عاری ہے! —— ذرا دیکھئے یہ کتنی المناک بات ہے کہ ہم روحیں بن کر پھر اس دنیا میں آئیں اور اپنے بچوں کے کمروں میں چپ چاپ داخل ہوں۔ اپنے کسی بچے کو بستر پر کھیلتے ہوئے دیکھیں، مگر ہمارے ہاتھ نہیں کہ اُسے پیار کر سکیں، بازو نہیں کہ اُسے گلے لگا سکیں، ہمارا سینہ نہیں کہ اُس کے جسم کی پیاری گرمی اس میں سرایت کر سکے، شانے اور گلے کے درمیاں کوئی جگہ نہیں کہ اُس کا ننھا سا سر وہاں ٹک سکے اور کان بھی نہیں کہ اُس کی پیاری آواز بھی سُن سکیں۔

کی بدولت، انسانی فطرت کو بطورِ کُل نہیں پرکھا جا سکا۔ یہ نظریہ حیاتیات اور نفسیات کے نہایت قلیل علم پر مبنی تھا۔ اِس نظریئے کے رائج کرنے والوں کو یہ بھی معلوم نہیں تھا کہ ہمارے حواس، ہمارے جذبات اور ہماری جبلّی خواہشیں ہماری زندگی میں کیا مقام، کیا اہمیت رکھتی ہیں۔ انسان، گوشت پوست اور روح دونوں سے مل کر بنا ہے۔ یہ دیکھنا فلسفے کا کام ہے کہ جسم اور روح دونوں ہم آہنگی سے پروان چڑھیں۔ اور ان دونوں میں پورا سمجھوتا، مکمل مفاہمت رہے!

## ۳۔ جسم اور رُوح

سب سے موٹی بات جو فلسفیوں کو نظر نہیں آتی وہ یہ ہے کہ انسان جسم بھی رکھتا ہے — ہمارے مذہبی رہنما فانی انسان کی خامیوں سے تنگ آکر اور ہماری حیوانی خواہشوں سے اُکتا کر بعض دفعہ یہ آرزو کرتے ہیں کہ انسان بھی فرشتوں کی طرح ہوتا۔ مگر یہ بات انسانی سمجھ سے بالا ہے کہ یہ نوری فرشتوں کی زندگی بھلا کیا زندگی ہوتی ہوگی۔ یا تو ہم یہ سمجھیں کہ فرشتوں کا بھی جسم ہوتا ہے اور ان کی شکل و شمائل ہم جیسی ہوتی ہے، صرف پروں کا اضافہ ہوتا ہے۔ اور یا یہ کہ اُس کی کوئی صورت شکل ہی نہیں ہوتی۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ عام طور پر فرشتے کا تصوّر یہی ہے کہ اس کا جسم انسان کا سا ہے مگر اس کے پر بھی ہیں! میں تو یہ کہتا ہوں جسم اور پانچوں حواس رکھنا فرشتوں کے لئے فائدہ مند سودا ہے۔ اگر میں فرشتہ ہو جاؤں، تو میں چاہوں گا کہ میرا چہرہ نوخیز لڑکیوں کا سا ہو — مگر جب تک جلد نہ ہوگی نوخیز لڑکیوں کا سا چہرہ کہاں سے آئیگا؟ اور پھر فرشتہ بن کر بھی تو میں سنگترے کا ٹھنڈا شربت

کی سنسنی، ایک قسم کے احساس کے مترادف ہوگی۔ یہ نہیں تو شاید یہ بے جسم فرشتہ، روشنی کی لہروں کی طرح خلاؤں میں ایک لاکھ چھیاسی ہزار میل فی سیکنڈ کے حساب سے سفر کر سکے گا۔ گویا اس طور سے فرشتے بھی کسی نہ کسی طرح کا کام کر کے مسرت پائیں گے علاوی اور روحانی رنگوں اور صداؤں کو محسوس کر سکیں گے اور آسمانی ہوائیں ان کے بے وجود گال تھپتھپا سکیں گی ـــــ اگر یہ نہیں تو روح بھی بند پانی کی طرح باسی اور بُری ہو جائے گی اور یا اتنی گھٹن محسوس کرے گی جتنی ہم آپ کسی نہایت گرم سہ پہر کو محسوس کرتے ہیں کہ جب ہوا کا ہلکا سا جھونکا بھی حدّت اور تمازت کو کم کرنے کے لئے میسّر نہیں آتا ـــــ گویا زندگی کا تقاضا یہ ہے کہ حرکت اور جذبات اور تحریک لازمی طور پر موجود رہیں چاہے اُن کی شکل کچھ ہو۔ کیونکہ زندگی مکمل سکون اور کامل بے حسی کا نام ہرگز نہیں ہے۔

## ۴۔ انسانیت کے بارے میں حیاتیاتی نظریہ

اگر ہمیں اپنے جسم اور جسم کے اعضا کی حرکتوں کا خوب علم ہو اور ہمیں اپنے دماغی افعال کا بھی علم ہو جائے تو ہمیں اپنے آپ کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ اس طرح ہمیں اپنی زندگی کی بنیادی حقیقتوں کا سچا علم ہوتا ہے۔ اِسی علم کی بدولت ہم اِنسان کے بارے میں لفظِ "حیوان" سن کر بدکتے نہیں۔ کیونکہ اس طرح اس لفظ کا روایتی مفہوم اور اس مفہوم کی تلخی باقی نہیں رہتی ـــــ پرانا مقولہ ہے "جس غلطی کی سمجھ آجائے، اُسے معاف بھی کر دیا جاتا ہے!" یہ مقولہ ہمارے دماغی اور جسمانی افعال پر بھی صادق آتا ہے۔

رہا یہ جواز کہ فرشتوں کا جسم ہونا ہی نہیں، تو اس کی تشریح بڑی مبہم ہے اور پھر یہ جواز اور بھی غیر تسلی بخش ہے! ــــ آپ کہہ سکتے ہیں کہ "بھائی روحوں کی دنیا میں ہمیں ایسی انسانی خوشیوں اور اطمینان کی ضرورت نہیں ہوتی!" ــــ میں کہتا ہوں "اچھا نہ سہی، مگر ان کی جگہ فرشتوں کی دنیا میں اور کیا ہے؟" ــــ اس کا جواب کچھ نہیں ملتا" ــــ زیادہ سے زیادہ یہ ہو سکتا ہے کہ "ہماری روحوں کی دنیا میں مکمل خلا ہے، پورا سکون ہے ــــ پورا اطمینان ہے!" میں پوچھتا ہوں "اس سے کیا حاصل؟"

جواب ملتا ہے "روحوں کی دنیا میں ہمیں کام نہیں کرنا پڑتا، وہاں درد و الم مفقود ہیں!"

میں مانتا ہوں۔ اس دنیا میں مشقت کرنے والے غلاموں کے لئے تو بڑی دلکشی ہو سکتی ہے! مگر یہ ایک منفی نصب العین ہے۔ خوشی کا یہ تصور بدھ مت کے پیرو کار بھکشوؤں کو تو بھا سکتا ہے اس زمانے کے انسان کے لئے اس میں کوئی کشش نہیں۔

یہ قیاس آرائیاں بیکار سہی! ــــ مگر میں یہ ضرور کہوں گا کہ "بے حواس روح" کا تصور بالکل بے بنیاد ہے۔ کیونکہ ہم روز بروز یہ محسوس کر رہے ہیں کہ خود کائنات بھی ایک ذی حس وجود ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ سکون کے بجائے حرکت ہی روح کی لازمی خصوصیت قرار دی جانی چاہیئے۔ بے جسم کے فرشتے یا روح کو یہ اختیار ہونا چاہیئے کہ ایک مرکز کے گرد چاہے تو ۲۰ ہزار چکر فی سکنڈ کے حساب سے گھوم سکے۔ ہو سکتا ہے اس حرکت میں ہی اس روح کے لئے بے پایاں مسرت پنہاں ہو۔ اتنی مسرت جو ہمیں کسی خوبصورت جزیرے کی سیر میں حاصل نہیں ہو سکتی۔ یقیناً یہ حرکت، ایک قسم

اور اب اپنے سوجے ہوئے گال کو کیوں سہلا رہے ہیں؟ یہ اسی طرح کیوں بے چین ہیں جس طرح ایک عام مرد، ایک عام عورت جو انسانی دانتوں کو حقیقی دانت سمجھتے ہیں میں سوچتا ہوں، خوشی اور طرب کے ترانے گانے والا یہ شاعر اب کیوں لوٹ رہا ہے؟ اب وہ ترانے کہاں گئے؟ اسے پہلے پتا نہیں تھا کہ انسان کا پیٹ اور اس کی آنتیں بھی حقیقی وجود رکھتی ہیں؟ اس وقت یہ اپنے پیٹ اور آنتوں کے فعل سے بالکل غافل ہو کر روحانی مسرتوں کے گیت گایا کرتا تھا۔ یہ غفلت کتنی سخت ناشکری ہے!

سائنس نے اگر ہمیں کچھ سکھایا ہے تو یہ کہ اس نے ہمارے دل میں ہمارے جسم کے لئے احترام کا جذبہ پیدا کیا ہے۔ اس کی بدولت ہمارے دل میں تعجب اور سربستہ رازوں کا احساس پیدا ہوا ہے۔ سائنس نے ہمیں سب سے پہلے یہ بتایا ہے کہ ہم کیسے وجود میں آئے۔ سائنس نے ہمیں بتایا ہے کہ ہمارا وجود خاک سے نہیں ہوا بلکہ ہم حیوانوں کے ایک سلسلے شجرے کے سرفہرست ہیں۔ گویا علم حیاتیات نے انسانی شرف کو اور بھی نمایاں کیا ہے اور یہ ثابت کر دیا ہے کہ اس روئے زمین پر ہم سب سے شاندار مخلوق ہیں —— دوسری بات یہ ہے کہ علم حیاتیات کی بدولت اب ہمیں انسانی جسم کے حسن اور اس کے اسرار کا پورا پورا احساس ہو چلا ہے ——

اب ہمیں معلوم ہو چکا ہے کہ ہمارے جسم کے اندر کیا کیا اعضا اور حصے، کس کس طرح ایک دوسرے سے متعلق ہیں، ایک دوسرے کے ساتھ مل کر کام کرتے ہیں، ہمیں پتا چل گیا ہے کہ اتنی پیچیدہ مشین کا اس طرح کام کرنا بے حد مشکل بلکہ محال ہونا چاہیئے تھا، مگر ہم یہ بھی جانتے ہیں کہ یہ سارا تال میل کس سادگی اور کس آسانی سے

اپنے جسمانی افعال کو بہتر طور پر سمجھنے سے ہم ان افعال کو حقارت کی نظر سے نہیں دیکھتے۔ یہ بات بظاہر عجیب معلوم ہوتی ہے مگر ہے بالکل سچ۔ اہم بات یہ نہیں ہے کہ ہمارا نظام ہاضمہ اعلیٰ چیز ہے یا ادنیٰ۔ اہم بات صرف یہ ہے کہ ہمیں اس نظام کو سمجھنا ہے اور یہی بات، سمجھ میں آجانے پر، اعلیٰ بن جاتی ہے۔ ہمارے سارے جسمانی افعال کا یہی حال ہے۔ بلکہ ہر حیاتیاتی عمل کا یہی حال ہے۔ یہ چاہے جسم کے مساموں سے پسینے کا نکلنا ہو یا جسم سے فضلے کا خارج ہونا ہمارے غدودوں اور اعصاب کا کوئی فعل ہو یا ہمارے جذبات و حسیات کی کوئی کروٹ، کوئی لرزش۔ ہم ان کے نظام، ان کی ماہیت کو سمجھنا چاہتے ہیں۔ ہمیں اپنے گردوں سے کوئی نفرت محسوس نہیں ہوتی۔ ہم صرف یہ جاننا چاہتے ہیں کہ گردوں کا کام کیا ہے۔ اس زمانے میں کسی خراب دانت کو جسم کی مجموعی کمزوری کی علامت نہیں سمجھا جاتا، جو یہ منادی کرتی ہے کہ اب جسمانی توجہ کا وقت بیت گیا، اب کچھ اپنی روح اپنے روحانی اعمال کی فکر کرنی چاہیئے بلکہ اب خراب دانت کا احساس ہوتے ہی ہم اپنے دندان ساز کے پاس جاتے ہیں۔ وہ اس دانت کو ٹھیک کرتا ہے تو اس دانت کی قدر ہمارے دل میں بڑھ جاتی ہے۔ کیونکہ اب ہمیں سیب اور مرغیاں اور گودے والی ہڈیاں چبانے میں زیادہ مزہ ملے گا۔ پرانے وقتوں کے نازک خیال فلسفی یہ کہتے تھے کہ انسانی دانت انسانی نہیں بلکہ شیطانی ہیں۔ پھر نوافلاطونی آئے جو انسانی دانتوں کے وجود ہی سے انکاری تھے۔ جب میں کسی فلسفی کو دانت کے درد میں تڑپتا دیکھتا ہوں تو مجھے بڑی خوشی ہوتی ہے۔ کوئی نشاط پسند شاعر جب بدہضمی کے مارے کراہے تو بھی عجیب سماں ہوتا ہے بیں اس وقت سوچتا ہوں، یہ لوگ اب بھی شاعرانہ اور فلسفیانہ موشگافیوں میں کیوں مشغول نہیں؟

ناقابلِ انکار بن جاتا ہے —— ہمارے جسم کا ہر عضو یہ جانتا ہے کہ
سارے جسم کی فوری ضروریات کیا ہیں اور سارے جسم کو آئندہ کیسی
ضروریات درپیش ہوں گی۔ چنانچہ ہر عضو ان فوری ضرورتوں اور
آئندہ ضرورتوں کے مطابق کام کرتا ہے —— ہمارے ذہن کیلئے
زمان اور مکان کی اہمیت خاص ہے۔ لیکن ہمارے خلیوں کے لئے
یہ اہمیت مختلف ہے۔ ہمارا جسم قریب کی اشیا اور تقاضوں سے
باخبر ہوتا ہے لیکن اسے مستقبل کے تقاضوں کی بھی خبر ہوتی ہے۔
گویا نزدیکی اور دوری اس کے لئے الگ الگ وجود نہیں رکھتیں!
ہمیں یہ انکشاف سُنکر بڑی حیرت ہو گی کہ ہماری آنتیں اپنے زخموں کو ہماری شعوری
کوششوں کے بغیر مندمل کر لیتی ہیں۔ ملاحظہ ہو:

"آنتوں کا زخمی حلقہ پہلے پہل تو بے حرکت ہو جاتا ہے، گویا عارضی
طور پر بیکار اور مفلوج بن جاتا ہے۔ اس طور رطوبتیں معدے میں
نہیں جانے پاتیں۔ ساتھ ہی ساتھ آنتوں کا کوئی اور حلقہ اس
زخمی حلقے کے پاس پہنچ جاتا ہے اور اپنی خاصیت کے مطابق
اس کے ساتھ چمٹ سا جاتا ہے۔ کوئی چار پانچ گھنٹے کے اندر اندر
یہ زخم سِل جاتا ہے۔ وہ زخم بھی جنہیں سرجن نے سوئی سے سیا
ہو۔ اُن کا اندمال بھی انہی رطوبتوں کی وجہ سے عمل میں آتا ہے ——

آپ نے دیکھا، انسانی گوشت میں کتنی ذہانت، کتنی عقلمندی پنہاں ہے؟ تو پھر
ہمیں انسانی جسم سے نفرت کیوں ہے؟ —— ذرا دیکھئے کہ ہمیں ایسا جسم عطا
کیا گیا ہے جو اپنی پرداخت آپ کرتا ہے۔ جو خود بخود اپنے آپ کو منظم رکھتا ہے

ہو رہا ہے۔ چنانچہ سائنس نے، انسان کے اندرونی کیمیادی افعال کی تشریح کر کے انہیں ہمارے لئے آسان نہیں کیا بلکہ انہیں اور بھی تشریح طلب بنا دیا ہے اور اب یہ حال ہے کہ عام لوگ جنہیں انسانی جسم کے اعضا کا علم اچھی طرح نہ آتا ہو۔ وہ اسکی مشکلات کا تصوّر نہیں کر سکتا ـــــ گویا باہر کی کائنات پر اسرار کا جو پردہ پڑا ہے۔ وہ پردگی اور سربستگی، انسانی جسم کے اندرونی رازوں کے بارے میں بھی موجود ہے!

انسانی جسم کے ماہرین، ہمارے اعضا اور ہمارے جسم کے مختلف انواع کی حرکات اور افعال کی تشریح کرنے میں جتنا زور لگاتے ہیں، جتنی کوشش کرتے ہیں، اتنا ہی ان کی حیرت بڑھتی ہے۔ حتیٰ کہ بعض ماہرین تو (جنہیں کچھ مذہبی خیالات ملے ہوں) رفتہ رفتہ صوفیوں کا نقطۂ نظر قبول کر لیتے ہیں۔ اس کی ایک مثال علم الاجسام کے مشہور ماہر ڈاکٹر الیکسس کیرل کی ہے۔ جس نے اپنا نقطۂ نظر، اپنی کتاب "انسان ـــــ ایک سربستہ راز" میں واضح کیا ہے۔ ممکن ہے ہمیں ڈاکٹر موصوف سے اختلاف ہو۔ مگر انہوں نے صرف حقائق کو پیش کیا ہے۔ ان کی کوئی تشریح نہیں کی، اور نہ ان کی تشریح ہو ہی سکتی تھی۔ وہ لکھتے ہیں:-

"انسانی اعضا کو عضوی رطوبتیں اور اعصاب ایک دوسرے سے ملاتے ہیں۔ جسم کا ہر عنصر، دوسرے عنصر کے ساتھ مطابقت اور موافقت پیدا کر لیتا ہے۔ باہمی مطابقت کا یہ فعل ایک خاص غایت، خاص مقصد کے ماتحت ہوتا ہے ـــــ اگر ہم یہ مان لیں کہ ہمارے جسم کے سارے خلیے بھی اسی طرح عقل کے مالک ہیں جس طرح خود انسان ہے تو ہمیں یہ نظر آئے گا کہ سارے حیاتیاتی افعال ایک خاص مقصد کے ماتحت عمل میں آتے ہیں ـــــ گویا جسمِ انسانی کے اندر تکمیل کا وجود

سب سے بڑی بات یہ ہے کہ انسانی جسم کی مشین کو زندگی کے آہنگ، اس کی لَے کا سچا شعور رہے۔ اسے وقت کا پورا ادراک ہے۔ یہ مشین محض گھنٹوں اور منٹ کا ہی نہیں بلکہ برسوں کے گزرنے کا واضح شعور رکھتی ہے —— انسانی جسم اپنے بچپن، اپنے بلوغ، اپنی پختگی کو خود کنٹرول کرتا ہے۔ اس وقت بڑھنا، پھلنا پھولنا بند کر دیتا ہے جب اس کی ضرورت نہ رہے، اور پھر ایک "عقل داڑھ" نکالتا ہے۔ یہ دانت اس وقت نکلتا ہے جب ہمیں اس کا خیال ہی نہیں ہو سکتا کہ اب بھی کوئی دانت نکل سکے گا۔ گویا ہماری شعوری عقل میں ابھی مزید عقل کے اضافے کی گنجائش تھی۔ انسانی جسم، زہر کے لئے مناسب تریاق بنا تا رہتا ہے اور یہ سب کچھ ایسی کامیابی اور ایسی خاموشی سے کرتا رہتا ہے کہ کسی کو کانوں کان خبر نہیں ہوتی۔ یہ انسانی مشین کسی کارخانے کی طرح دنیا جہان کا شور نہیں مچاتی۔ اور پھر ہمارے نکتہ رس روحانیت پرستوں کو اتنا وقت اور اتنا سکون اور خاموشی مہیا کرتی ہے کہ وہ اپنے "جوہر ذات" اور "روح رواں" کے بارے میں جی بھر کے سوچ سکیں اور جس جسم کی بدولت انہیں یہ فرصت میسر آئی ہے۔ اسے کوس سکیں۔

## ۵۔ حیاتِ انسانی —— ایک نظم

میں سمجھتا ہوں کہ حیاتیاتی نقطہ نظر سے انسانی زندگی بالکل ایک نظم کی طرح ہے —— اس کا اپنا وزن، اور اپنی بحر ہے۔ اس کے بناؤ بگاڑ کے چکر اپنے ہیں! —— یہ نظم معصوم بچپنے سے شروع ہوتی ہے۔ اس کے بعد بلوغ کا کڈھب زمانہ آتا ہے جب پختہ کار سماج کے ساتھ پنپ سکنے کی کڈھب کوششیں کی جاتی

اپنی مرمت آپ کر لیتا ہے ــــ یہ جسم کی مشین ایسی ہے جو خود بخود چلنے لگتی ہے اور اپنے آپ کو (یعنی اپنے ہی جیسا ایک جسم) پیدا بھی کر سکتی ہے۔ یہ مشین پیدائش کے وقت سے چلنی شروع ہوتی ہے اور ایک اعلیٰ کلاک کی طرح کوئی ستر بہتر سال چلتی رہتی ہے اور کسی خاص توجہ کی محتاج نہیں ہوتی۔ یہ ایسی مشین ہے جسے بے تار برقی کی بصیرت اور سماعت دی گئی ہے۔ اس کے اعصاب کا نظام اتنا پیچیدہ ہے کہ دنیا میں کسی ٹیلی فون یا تار کا سسٹم اتنا پیچیدہ نہیں۔ انسانی اعصاب سب کچھ محسوس کر کے اس کا گوشوارہ بنا لیتے ہیں، یہ گوشوارے اور فائلیں محفوظ ہو جاتی ہیں۔ ریکارڈ رکھنے کا طریقہ اتنا اعلیٰ ہے کہ ضروری گوشوارے اور فائلیں تو بالکل قریب رکھی رہتی ہیں۔ اور غیر اہم گوشوارے اور فائلیں دور کے کسی گوشے میں محفوظ رکھ دی جاتی ہیں، سسٹم اتنا اچھا ہے کہ تیس تیس برس پرانی فائلیں چشم زدن میں حاضر کی جا سکتی ہیں۔ انسانی مشین بڑے کمال سے چلتی ہے۔ اعضا (کل پرزوں) کی حرکت مثالی ہے۔ پھر یہ کہ چلتے وقت کوئی آواز پیدا نہیں ہوتی۔ اگر چلتے چلتے اس مشین کو کوئی حادثہ پیش آئے، مثلاً اس کا شیشہ (آنکھ وغیرہ) ٹوٹ جائے، یا کوئی پرزہ ٹوٹ جائے تو یہ مشین از خود اس ٹوٹ پھوٹ کی مرمت کے لئے گوشت پوست، رطوبتیں وغیرہ حاضر کرتی ہے۔ یا کم سے کم ایک دوسرے عضو کو ٹوٹے ہوئے عضو کی جگہ طاقتور بنا کر اس کا کام سونپ دیتی ہے۔ آپ نے دیکھا ہوگا کہ اگر ایک بیکار گردہ آپریشن کر کے نکال دیا جائے تو دوسرا گردہ پھول کر اپنی جسامت بڑھا لیتا ہے تاکہ مثانہ کی ضروری مقدار جسم سے خارج کر سکے ــــ انسانی جسم ایسی مشین ہے کہ ایک درجے کے دسویں حصے تک اپنا درجہ حرارت ٹھیک رکھ سکتی ہے۔ یہ مشین اپنے لئے کیمیادی چیزیں خود بناتی ہے تاکہ خوراک کو ان کیمیادی اشیاء کے ذریعے رگ، پٹھوں، خلیوں اور اعصاب میں تبدیل کر سکے۔

یہ بے آہنگی اتنی بڑھ جاتی ہے کہ نغمہ جاری ہی نہیں رہ سکتا۔ چنانچہ ایسا شخص اپنے آپ کو گولی مار لیتا ہے یا دریا میں ڈوب کر خودکشی کر لیتا ہے۔ مگر اُس کی وجہ یہی ہوتی ہے کہ اُس نے اپنے مقصدِ حیات (نغمۂ زندگی کے اصلی خیال) پر خود اختیاری کی کمی کو غلبہ پا لینے دیا تھا۔ ورنہ عام انسانی زندگی ایک باوقار آہنگ کے ساتھ اپنے اختتام کو پہنچتی ہے۔ ہم میں سے بعض دفعہ بعض لوگ بے صبرے اور جلد باز ثابت ہوتے ہیں اور چونکہ ان کی لَے اور تال صحیح نہیں ہوتی۔ اس لئے ان کا نغمۂ زندگی ہمارے کانوں کو بھلا نہیں لگتا ـــــ ہمیں تو اپنے نغمۂ زندگی کیلئے گنگا کا سا باوقار آہنگ چاہیئے، جو آہستہ آہستہ، اور ازل سے لے کر آج تک خاموشی سے بہتی ہوئی سمندر میں جا ملتی ہے۔

کوئی نہیں کہہ سکتا کہ زندگی، اپنے بچپن، اپنی جوانی اور اپنے بڑھاپے کے ساتھ ایک خوب صورت ضابطہ نہیں ہے! آخر دن کی بھی تو صبح، اور دوپہر اور شام ہوتی ہے۔ ہر سال کے اپنے بدلتے موسم ہوتے ہیں۔ اور ایسا ہونا بھی چاہیئے۔ زندگی میں کوئی چیز اچھی یا بری نہیں۔ بات اتنی ہے کہ ہر چیز اپنے وقت اور اپنے موسم کے مطابق اچھی ہوتی ہے۔ اگر ہم اسی حیاتیاتی نظریّے پر عمل کر کے وقت اور موسم کا لحاظ رکھیں۔ اور اس کے مطابق زندگی بسر کریں تو زندگی ایک نظم کی طرح بسر کی جا سکتی ہے۔ اس سے انکار کرنے والا یا تو کوئی خود پسند احمق ہوگا۔ یا کوئی کٹر تصور پرست جس کا حقیقت سے کوئی واسطہ نہ ہو۔ شیکسپیئر نے زندگی کی اس نظم کو اپنے ایک مشہور پیراگراف میں بڑی وضاحت سے لکھا ہے۔ اس میں اُس نے زندگی کے سات حصّے کیئے ہیں ـــ کئی ایک چینی مصنّفین نے بھی یہی بات لکھی ہے۔ عجیب بات یہ ہے کہ شیکسپیئر کو مذہب سے کوئی دلچسپی یا خاص سروکار

ہیں۔ یہ زمانہ جذباتی سرشوری اور نادانی کا ہوتا ہے۔ اس کے نصب العین اور امنگیں اپنی ہوتی ہیں ——— پھر یہ بلوغ، پوری جوانی میں بدلتا ہے، جو گہری سرگرمی اور مصروفیت کا زمانہ ہے جب تجربے سے سبق حاصل ہوتے ہیں اور انسان دوسرے انسانوں اور انسانی فطرت کے بارے میں بہت کچھ سیکھتا ہے۔ پھر ادھیڑ عمری کے دن آتے ہیں تو تناؤ میں کچھ آسودگی آجاتی ہے اور آدمی کا کردار پکے ہوئے پھل، یا سالخوردہ شراب کی طرح کچھ دھیما پن، کچھ گہرائی، کچھ پختگی حاصل کر لیتا ہے۔ رفتہ رفتہ انسان زیادہ روادار زیادہ حقیقت بین ہو جاتا ہے اور زندگی کے بارے میں اس کے نظریہ میں حلم اور رواداری کا پہلو نمایاں ہونے لگتا ہے ——— پھر زندگی کی شام آتی ہے اور ہمارے جوانی والے غدود اپنا کام چھوڑ دیتے ہیں اور اگر ہمارے سامنے بوڑھے ہونے کا کوئی صحیح نظریہ رہا ہے اور ہم نے اپنی زندگی کو اس نظریے کے مطابق بسر کیا ہے، تو شامِ زندگی کا یہ وقفہ، یہ بڑھاپا، بڑے امن وسکون، بڑے حفظ و امان، بڑی فرصت اور بڑے اطمینان کا زمانہ ہوتا ہے ——— پھر زندگی کا شعلہ بجھ جاتا ہے اور آدمی ابدی نیند سو جاتا ہے جس سے وہ کبھی بیدار نہیں ہوگا۔

ذرا زندگی کے اس آہنگ اور نے کا حسن ملاحظہ کیجئے۔ اس میں وہی حسنِ آہنگ ہے جو اعلیٰ پائے کے نغموں میں ہوتا ہے۔ بالکل ان نغموں کی طرح ایک مرکزی خیال، کشمکش کے تان پلٹے اور پھر اختتامیہ (سنچاری) ——— عام انسانی زندگی میں بھی یہی چکر چلا کرتے ہیں البتہ یہاں گانے والا اور سننے والا ایک ہی ہوتا ہے۔ بعض انسانوں کے نغمۂ زندگی میں بے آہنگ سُر زیادہ ہو جاتے ہیں۔ اور یہ اتنے بڑھ جاتے ہیں کہ اصل نغمہ بھی دب کر رہ جاتے بعض اوقات سردلی کی

## باب سوم

# ہمارا حیوانی ورثہ

۱۔ بندر والی داستان
۲۔ انسان کی تخلیق
۳۔ انسان فانی ہے
۴۔ ہمارا پیٹ
۵۔ مضبوط جسم
۶۔ ذہنِ انسانی

نہیں تھا۔۔۔ یہ اس کی عظمت ہے کہ اُس نے زندگی کے حقائق پر نظر رکھی اور نظام زندگی میں اتنی ہی کم مداخلت کی جتنا کم دخل وہ معقولات وہ اپنے کرداروں کی تصویر کشی میں کرتا تھا۔۔۔ اصل میں شیکسپیر خود فطرت کی طرح تھا جو اسباب اور اشیاء پیش کرتی ہے لیکن اپنا آپ ان کے روپ میں ظاہر نہیں کرتی۔۔۔ غالباً ہم ایک ادیب یا ایک مفکر کی سب سے بڑی تحسین یہی کر سکتے ہیں کہ وہ فطرت کے مثل ہے۔ گویا شیکسپیر نے زندگی بسر کی، زندگی کا مطالعہ کیا، اور پھر وقت آنے پر اس دنیا سے چپ چاپ رخصت ہو گیا۔

ہیں۔ ہم ان لوگوں کو اِس لئے معاف کر دیتے ہیں کہ ہم ان کی فطرت کو سمجھنے لگتے ہیں۔

ان معنی میں یہ عظیم چینی روایت اور بھی زیادہ معنی خیز بن جاتی ہے کہ انسانی عقل بندر کی ہے اور اس روایت کے لئے میرے دل میں زیادہ سے زیادہ جگہ پیدا ہو جاتی ہے۔ کیونکہ اِس نقطۂ نگاہ سے انسانی ترقی کو سمجھنا آسان ہو جاتا ہے۔ اِس روایت کے مطابق بندر انسانی عقل اور ذہن کی علامت ہے۔ سؤر ہماری حیوانی خصلت کا نمائندہ ہے۔ بھکشو ہماری سوجھ بوجھ کا نمائندہ ہے اور پروہت دانش اور آسمانی راستے کی علامت ٹھہرتا ہے۔ پروہت اِس عجیب قافلے کے ساتھ چین سے ہندوستان گیا تھا تاکہ بدھ مت کے مقدس صحیفے حاصل کر سکے ——— انسانی ترقی کی کہانی بھی اس بے ڈھنگے قافلے کی طرح ہے۔ یہ خامکار قافلے والے ہر ہر قدم پہ اپنی حماقت اور اپنی شرارتوں کی وجہ سے، نئے نئے خطرے مول لیتے تھے اور عجیب عجیب مشکلوں میں گھر گھر جاتے تھے، چنانچہ قافلہ سالار پروہت کو بار بار شرارتی بندر کو اور بندۂ نفس سؤر کو سزا دینی پڑتی تھی۔ ان کی قدم قدم پر اصلاح کرنی پڑتی تھی۔ بندر اور سؤر دونوں اپنے نیم پختہ ذہنوں اور سفلی جذبات کی وجہ سے طرح طرح کی مصیبتیں مول لیتے تھے۔ چنانچہ انسانیت اپنے کمال اور ولایت کی منزل کی طرف جو سفر کر رہی ہے، اُس میں ہر گام انسانی خامیاں مثلاً غصہ، انتقام، بے صبری، نفس پرستی، کینہ پروری اور سب سے بڑھ کر خود پسندی اور تکبر انسان کے قدم پکڑتی ہیں، انسان کی کارکردگی بڑھتی جا رہی ہے اور اس کارکردگی کے ساتھ ساتھ تباہی بھی بڑھتی جا رہی ہے، کیونکہ چینی داستان کے طلسمی بندر کی طرح ہم میں یہ قوت پیدا ہوتی جا رہی ہے کہ ہم بادلوں

# ۱۔ بندر والی داستان

زندگی کا حیاتیاتی نظریہ، ہمیں زندگی کے حسن اور آہنگ کا احساس تو ضرور دلاتا ہے۔ مگر ہمیں ہماری مضحکہ خیز حد بندیوں کا شعور بھی بخشتا ہے۔ یہ نظریہ ہمیں ہماری اصل تصویر دکھا کر بتاتا ہے کہ ہم حیوان کی حیثیت سے کیا ہیں۔ اور اسکی بدولت ہم اپنے آپ کو، انسانی معاملوں کو بہتر طور پر سمجھنے کے قابل ہو جاتے ہیں۔ ہمیں انسانی فطرت کی بہتر سوجھ بوجھ اور انسانی فطرت کے لئے زیادہ گہری ہمدردی نصیب ہو جاتی ہے کیونکہ اس نظریے کی بنیاد ہماری حیوانی جبلت اور اصلیت پر ہے۔ حیاتیاتی نظریہ ہمیں چپکے سے یہ بھی یاد دلاتا ہے کہ ہم وحشی انسانوں کے بیٹے ہیں اور یہ وحشی انسان وہ تھے جو ایک خاص قسم کے بندر کی اولاد تھے۔ چنانچہ اس شعور سے ہمیں اپنی خامیوں اور اپنی کمزوریوں پر ہنسنے کا موقع ملتا ہے۔ ساتھ ہی ساتھ ہمیں اپنی بندروں کی سی مستعدی اور چالاکی پر ناز سا بھی محسوس ہونے لگتا ہے۔ انسانی زندگی بھی کیا عجب تماشا ہے —— اس خیال کو کلیرنس ڈے نے اپنے مقالے "بندر نما انسانوں کی دنیا" میں بڑی خوبی سے پیش کیا ہے۔ اس مضمون کو پڑھنے کے بعد ہم اپنے بھائیوں، ان اشتہار بازوں، ان مخنسبوں فاشست قسم کے ایڈیٹروں، نازیوں، اسمبلی کے ممبروں اور قانون بنانے والوں، آمروں، اقتصادی ماہروں اور بین الاقوامی کانفرنسوں کے مندوبوں، غرضکہ سب ایسے لوگوں کو معاف کر سکتے ہیں جو دوسروں کے معاملات میں دخل دینا اپنا فرض گردانتے

کوئی مہمان نہیں پہنچا تھا۔ صرف نوکر چاکر موجود تھے۔ جو غلام گردشوں میں طلسمی شراب کی حفاظت پر مامور تھے۔ یہاں پہنچ کر بندر میاں ایک کیڑا بن گئے جس کے کاٹنے سے غشی اور نیند طاری ہوجاتی ہے۔ کیڑا بن کر اس نے سب خادموں کو ڈس کر انہیں بے ہوش کر دیا اور ساری طلسمی شراب پی گیا۔ نشے میں مچو رہو کر وہ دعوت کے بڑے ہال میں پہنچا اور سارے آسمانی پھل چٹ کر گیا۔ باقی مہمان جب آئے، تو انہوں نے دیکھا کہ سارا معاملہ ہی چوپٹ ہے۔ اس وقت بندر میاں کسی اور کارنامے کے لئے جا چکے تھے، یعنی لاؤتس کے گھر جاکر، بقا کی مقدس گولیاں کھانے کی فکر میں تھے — آخر میں وہ جنت سے رخصت ہو گئے۔ کچھ اس ڈر سے کہ نہ جانے ان سارے کارناموں کی کیا سزا ملے اور کچھ اس غصے کے مارے کہ اسے دیوتاؤں کے اس سالانہ عشائیے میں بلایا کیوں نہیں گیا۔ بندروں کی دنیا میں واپس آکر یہ بندر بادشاہ بن گیا اور اس نے چھوٹے بندروں کو جنت کے سارے اسرار بتائے اور آسمانی بادشاہت کے خلاف بغاوت کا جھنڈا بلند کیا جس پر یہ الفاظ تھے "ہمارا قطب الاقطاب ہم پایۂ خدا ہے!" — چنانچہ آسمانی فوجوں اور بندروں کی فوجوں کے درمیان خونریز لڑائیاں شروع ہوگئیں، اور یہ بڑا بندر اس وقت گرفتار ہوا جب رحم کی دیوی نے اسے بادلوں میں سے پھولوں کی چھڑی ماری اور اسے بے ہوش کر دیا۔

گویا اس داستان والے بندر کی طرح ہم ہمیشہ بغاوت کرتے رہتے ہیں۔ ہم میں اس وقت تک کوئی امن کا جذبہ اور کوئی عاجزی پیدا نہیں ہوتی جب تک رحم کی کوئی دیوی، پھولوں کی بارش کر کے ہمارے قدم ڈگمگا نہیں دیتی — سچ تو یہ ہے کہ جب تک سائنس، اس کائنات کی ساری حدود نہ چھان لے ہم

پر چل سکیں، ہوا میں قلابازیاں لگا سکیں (اسے جدید زمانے میں ہوائی مشقیں کہا جاتا ہے) بندروں کی سی ٹانگوں سے بال نوچ نوچ کر دشمنوں کو زچ کرنے کے لیے ان سے نئے بندر بنا ڈالیں، جنت کا دروازہ کھٹکھٹائیں اور جنت کے دارو غے رضوان کو ایک طرف ہٹا کر جنت میں داخل ہو کر دیوتاؤں کی محفل میں شریک ہونے کا حق مانگیں۔

یہ بندر چالاک تو ضرور تھا مگر خود پسند بھی تھا۔ اسے یہ ترکیب تو آتی تھی کہ زبردستی جنت میں جا داخل ہو۔ لیکن اس میں اتنا توازن اور اتنا شعور نہیں تھا، نہ اتنی رواداری تھی کہ جنت میں آرام سے رہ بھی سکے۔ یہ مانا کہ وہ جنت میں اس دنیا اور اس کی فانی زندگی سے کہیں بہتر حالت میں تھا۔ مگر وہ ابھی جنت اور دیوتاؤں کی مجلس کے قابل نہیں تھا۔ اس میں ناپختگی، شرارت اور بغاوت تھی۔ سونے میں کچھ کھوٹ باقی تھا۔ چنانچہ جنت میں داخل ہوتے ہی اس نے ایک اودھم مچا دیا۔ اور ہر کسی کو خوف زدہ کر دیا۔ اپنی فطری شر پسندی کی وجہ سے اس نے اس سالانہ دعوت کو بھی تلپٹ کر دیا جو مغربی ملکہ افلاک نے، سارے دیوتاؤں، ولیوں اور زندۂ جاوید جنتیوں کی عزت میں کر رکھی تھی۔ اصل میں اُسے یہ ملال تھا کہ اسے اس دعوت میں کیوں مدعو نہیں کیا گیا۔ چنانچہ اُس نے ایک خدائی پیغامبر کا بہروپ بھرا اور جب ننگے پاؤں والی پری نے اُس سے دعوت گاہ کا پتا پوچھا تو اس نے کہا کہ دعوت گاہ تبدیل کر دی گئی ہے اور اس پری کو کسی دوسری جگہ بھیج دیا۔ پھر اُس نے خود ننگے پاؤں والی پری کا بہروپ بھرا اور اس کی جگہ خود دعوت گاہ کی طرف چل نکلا۔ اس طرح اُس نے کئی ایک پریوں کو گمراہ کیا اور جب وہ دعوت گاہ میں پہنچا تو وہ پہلا "مہمان" تھا جو دعوت میں آیا تھا —— ابھی اور

خامیوں کے باوجود پیار کرنا چاہیئے ÷

# ۲۔ انسان کی تخلیق

تو گویا ہمیں انجیل مقدس کا یہ نظریہ سامنے نہیں رکھنا چاہیئے کہ انسان کو خدا نے اپنی شبیہ پر پیدا کیا، بلکہ ہمیں یہ جان لینا چاہیئے کہ "ہمیں" بندر کی شبیہ اور تمثال پر پیدا کیا گیا ہے۔ گویا ہم میں اور خدا میں اتنا ہی فرق اور بُعد ہے جتنا ہم میں اور چیونٹیوں میں ہے۔ ہم بڑے چالاک اور طباع ہیں اور اپنی ذہانت پر ہمیں فخر بھی محسوس ہوتا ہے۔ کیونکہ ہمیں شعور عطا کیا گیا ہے۔ مگر اس مرحلے پر ہمیں حیاتیات کے ماہر بتلاتے ہیں کہ شعور اور ذہن (نفس) ہمیں بہت بعد میں عطا ہؤا اور ہم جسے نفس اخلاقی کہتے ہیں اس میں کچھ حیوانی یا بہیمی خواہشات بھی نفسِ امارہ کے ساتھ ساتھ شامل ہیں۔ انہی حیوانی یا بہیمی خواہشات کی وجہ سے ہم انفرادی طور پر معاشرے کے اندر بد اخلاقیاں کرتے پھرتے ہیں۔ کیونکہ یہ خواہشات بڑی قوی ہوتی ہیں چنانچہ حیاتیات کی ان معلومات کی وجہ سے ہمیں انسانی ذہن کے بارے میں بہت کچھ پتا چلتا ہے۔ مثلاً ہمیں یہ پتا چلتا ہے کہ یہ ذہنِ انسانی جس پر ہم اتنا ناز کرتے ہیں؛ بڑی محدود اور ناکافی سی چیز ہے۔ پھر انسانی کھوپڑی کی ساخت میں صدیوں جو تبدیلیاں ہوتی رہی ہیں اُن سے ہمیں معلوم ہوتا ہے کہ یہ تو ریڑھ کی ہڈی کا ایک بڑھا ہؤا حصہ ہے۔ اس لئے ریڑھ کی ہڈی کی طرح اس کا کام بھی یہ ہے کہ خطرے کا خدشہ محسوس کرے؛ خارجی حالات کا سامنا کرے اور زندگی کا جوہر محفوظ کرے۔ تو گویا اس کا کام سوچنا نہیں۔ یوں بھی غور وفکر کا کام انسانی دماغ کے بس کا روگ نہیں۔

میں فروتنی اور انکسار پیدا نہیں ہو گا۔ کیونکہ بندر کی اس چینی داستان میں کہا گیا ہے کہ جب یہ بندر پکڑا گیا تو اس وقت بھی وہ باغی تھا۔ اُس نے شہنشاہِ افلاک سے مطالبہ کیا تھا کہ اُسے دوسرے دیوتاؤں کے مقابلے میں اونچا درجہ اور خطاب دیا جائے! اُس نے عاجزی اُسی وقت اختیار کی جب وہ مہاتما بدھ یا غالباً خود خدا سے وہ شرط ہار گیا۔ شرط یہ تھی کہ اگر وہ اپنی طلسمی طاقتوں کے بل پر زمین کے آخری کونے تک جانے میں کامیاب ہو گیا تو اُسے "قطب الاقطاب، ہم پایۂ خدا" کا لقب دیا جائے گا۔ لیکن اگر وہ ہار گیا تو پھر وہ پوری طرح ہتھیار ڈال دیگا۔ چنانچہ بندر نے ہوا میں ایک زقند لگائی اور ملکوں ملکوں بجلی کی سی تیزی سے سفر کرتا رہا۔ آخر وہ ایک پہاڑ پر پہنچا جس کی پانچ چوٹیاں تھیں۔ اُسے یہ خیال آیا کہ شاید یہی وہ حد ہے۔ جہاں تک فانی مخلوق پہنچ سکی ہو گی۔ اس جگہ پہنچنے کا ثبوت دینے کے لئے اُس نے درمیانی چوٹی کے قدموں میں پیشاب کر دیا اور اپنے کارنامے سے مطمئن ہو کر واپس ہوا تاکہ مہاتما بدھ کو اس کا حال بتائے۔ اس پر بھگوان بدھ نے اپنی ایک مٹھی کھولی اور کہا کہ میرے ہاتھ کی درمیانی انگلی کی جڑ کے قریب اپنے اس پیشاب کی بُو سونگھو جو تم نے درمیانی چوٹی کے دامن میں کیا تھا۔ بھگوان بُدھ نے اُسے بتایا کہ تم تو سارا عرصہ میری اس مٹھی سے ہی باہر نہیں نکلے —— اس پر بندر کی سٹی گم ہو گئی اور اُس نے عاجزی اختیار کی۔ اُسے پانسو سال ایک چٹان کے ساتھ زنجیروں میں باندھا گیا اور آخر پر دہت نے اُسے چھڑایا اور اسے اپنے قافلے میں شامل کر لیا تاکہ ہندوستان سے مقدس صحیفے لائے جائیں۔

مگر یہ بندر جو ہمارا اپنا مظہر ہے، اپنی خود پسندی اور شرارت کے باوجود پیار کرنے کے قابل ضرور ہے۔ ہمیں انسانیت سے اس کی تمام ترکمزوریوں اور

جسے ہم "تہذیب و تمدن" کہتے ہیں ــــ جبلی تقاضوں کو لیجئے۔ اپنی جگہ ہر جبلت بڑی صحت مند تھی، مگر آج کے متمدن معاشرے میں ہم ان فطری تقاضوں کو "وحشیانہ تقاضے" کہتے ہیں ــــ لیکن جانوروں کو دیکھئے۔ ہر چوہا کچھ نہ کچھ چوری کرتا ہے مگر وہ چوری کی وجہ سے بد اخلاق یا با اخلاق قرار نہیں پاتا۔ کیونکہ چوری اس کی جبلت کا تقاضا ہے۔ ہر کتا بھونکتا ہے اور ہر بلی شام کو گھر واپس نہیں آتی اور جو ہاتھ آئے، توڑ پھوڑ دیتی ہے۔ شیر خون کرتا ہے۔ گھوڑا خطرے سے بدکتا ہے اور کچھوا دن کا زیادہ حصہ سو کر گزارتا ہے۔ پھر یہ کہ ہر چرندہ، ہر رینگنے والا جانور، ہر حیوان سب کے سامنے اپنے بچے جن لیتے ہیں۔ گویا ہماری تہذیب کے اعتبار سے ہر چوہا چور ٹھہرا، ہر کتا شوریدہ سری کا مرتکب ہوا، ہر بلی بے وفا ہوئی اور ہر شیر قاتل، ہر گھوڑا بزدل، ہر کچھوا کاہل قرار پایا۔ اسی طرح ہر پرندہ چرندہ بد اخلاق ٹھہرا کیونکہ وہ اپنے قدرتی تقاضوں اور فطری کاموں کو سب کے سامنے پورا کرتا ہے ــــ ملاحظہ ہو ہمارے جانوروں سے انسان بننے میں ساری کی ساری قدریں کیسے یک دم بدل کر رہ گئی ہیں! ــــ یہی وجہ ہے کہ ہم یہی سوچتے رہتے ہیں کہ خدا نے ہمیں اتنا خام کار اور غیر مکمل کیوں بنایا ــــ!

## ۳۔ انسان فانی ہے!

اِنسانی جسم فانی ہے۔ مگر اس کے فانی ہونے کے نتیجے بڑے دور رس ہیں۔ پہلا نتیجہ تو یہی ہے کہ ہم فانی ہیں، ہمیں بقا نہیں۔ دوسرا یہ ہے کہ ہمارے ساتھ پیٹ لگا ہوا ہے، ہمارے رگ پٹھے مضبوط ہیں۔ اور ہمارا ذہن تجسس اور کرید

انگریز مدبّر لارڈ بالفور کا یہ قول آئندہ نسلوں کو یاد رکھنا چاہیئے کہ" انسانی دماغ بھی کھانا ڈھونڈنے کا ایسا ہی ایک عضو ہے جس طرح سؤر کی تھوتھنی ہوتی ہے!" یہ کوئی تلخ بات نہیں۔ بلکہ اس کی تہ میں تو یہ نظر آتا ہے کہ یہ کہنے والا انسانوں سے اچھی طرح واقف ہے!

جدید سائنس کی روشنی میں اب ہمیں آہستہ آہستہ معلوم ہوتا جا رہا ہے کہ اِنسان میں کتنی خامیاں موجود ہیں۔ مگر کیا کیا جائے ؟ خدا نے ہمیں بنایا ہی خام کار اور نامکمل ہے۔ چنانچہ یہ بات بحث طلب بھی نہیں رہتی۔ اصل یہ ہے کہ ہزاروں صدیاں پہلے ہمارے آباؤ اجداد زمین پر رینگتے تھے یا ایک شاخ سے دوسری شاخ پر جھولتے پھرتے تھے۔ یا لنگوروں کی طرح ایک ہاتھ کے سہارے یا محض دُم کے سہارے کسی درخت سے لٹکتے رہتے تھے۔ انسانی ارتقا کی تاریخ کا یہ ہر دَور اپنی جگہ مکمل تھا اور میں اِسے حیرت انگیز طور پر مکمل سمجھتا ہوں۔ مگر اب انسانی ارتقا کے نئے موڑوں پر پہنچ کر ہمیں پھر سے اپنی جگہ بنانے اور نئی نئی مفاہمتیں کرنے کا کٹھن کام ہر آن درپیش رہتا ہے۔

انسان جب ایک تہذیب کو جنم دیتا ہے تو وہ ترقی کے ایسے راستے پر چل نکلتا ہے جو (حیاتیاتی لحاظ سے) شاید خود خالقِ اکبر کے لئے بھی حیرت انگیز ہوتا ہے۔ جہاں تک فطرت کے مطابق اپنے آپ کو بدل لنے اور فطرت سے سمجھوتا کر لینے کا تعلق ہے، ہر جاندار شے اِس میں بڑا کمال رکھتی ہے، کیونکہ جو مخلوق فطرت سے ہم آہنگ نہ ہو سکے، فطرت اُسے ختم کر دیتی ہے ——مگر یہ کام تو ہو لیا، اب ہمیں فطرت کے ساتھ ایک ہونے کی ضرورت نہیں رہی۔ ہماری بنیادی ضرورت تو اب یہ ہے کہ ہم اپنے ساتھ ہم آہنگ ہو جائیں۔ یعنی اُس چیز سے مفاہمت کر سکیں

ہیں۔ اور ان بزرگوں کو چینی زبان میں "نادر و قدیم" کہا جاتا ہے کیونکہ چینی کا مشہور مقولہ ہے کہ، "قدیم زمانے سے یہ دستور چلا آتا ہے کہ انسان ستر برس کی عمر کے بعد کم ہی جیا کرتا ہے۔"

یہی حال دولت کا ہے۔ اس زندگی سے ہر ایک کو کچھ حصّہ ملتا ہے۔ مگر کسی کے پاس زندگی کا رہن نامہ نہیں ہوتا۔ اسی وجہ سے ہم اس زندگی کو زیادہ اہم، زیادہ سنجیدہ نہیں سمجھتے۔ ہم اِس روئے زمین پر موروثی اور دائمی مزارعین نہیں ہیں۔ ہم تو یہاں عارضی مہمان ہیں۔ گویا اصل میں زمین دار یا مالک کا لفظ وہ مفہوم نہیں رکھتا جو ہم سمجھتے ہیں! —— یہاں کوئی شخص حقیقت میں نہ کسی مکان کا مالک ہے نہ زمین کے کسی ٹکڑے کا —— ایک چینی شاعر کہتا ہے ؎

دامن کوہ میں نہ دیکھو یہ سنہری کھیتی
ہم نے جو بویا یہاں، دوسرے کاٹیں گے اُسے
وہ بھی اس خرمنِ حاصل پہ نہ اترائیں کہ یاں
دوسرے ان کی جگہ، جلد ہی آجائیں گے!

افسوس کہ موت کی جمہوریت کو کم کم ہی پہچانا گیا ہے —— اگر موت نہ آتی، تو نپولین کے لئے جزیرہ سینٹ ہلینا کی بھی کوئی اہمیت نہ ہوتی۔ اور پھر نہ جانے یورپ کا کیا حال ہوتا —— اگر موت نہ آتے تو دنیا میں کسی نامور شخص یا کسی فاتح کی سوانح حیات نہ لکھی جاتی۔ اور اگر کوئی لکھتا بھی تو اتنی ہمدردی اور رواداری سے کام نہ لیتا جو آج کے سوانح نگاروں کا معمول بن چکا ہے۔ ہم اس دنیا کے بڑے آدمیوں کو اسی لئے معاف کر دیتے ہیں کہ وہ مر چکے ہوتے ہیں اور ان کی موت کی وجہ سے ہم یہ سمجھتے ہیں کہ ہمارا اُن کا معاملہ طے ہو چکا۔ سو اب اُنہیں معاف ہی کر دینا

سے مالا مال ہے۔ ہماری اِن خصوصیات نے ہماری تہذیب کی نہج اور نوعیت پہ زبردست اثر ڈالا ہے۔ یہ باتیں بڑی عیاں ہیں۔ اسی لئے ہم نے ان کے بارے میں سوچنے کی زحمت گوارا نہیں کی ـــــ مگر یہ یاد رہے کہ ہم جب تک اِن نتائج پر غور نہیں کرتے اِنسان اور انسانی تہذیب کبھی ہماری سمجھ میں نہیں آسکتی۔

مجھے شبہ ہے کہ جمہوریت اور شاعری اور فلسفہ کبھی اِس حقیقت پر مبنی نہیں کیے گئے۔ کہ اِنسان چاہے بادشاہ ہو، یا فقیر، بس پانچ چھ فٹ کے ایک پتلے کا نام ہے جسے اِس دنیا میں کوئی ساٹھ ستر برس زندہ رہنا ہے۔ بظاہر ہمارا یہ انسانی نظام بڑا سیدھا سادہ ہے۔ قد وقامت کے اعتبار سے انسان (جانداروں میں) نہ بہت چھوٹا ہے نہ بہت بڑا۔ کم سے کم میں تو اپنے پانچ فٹ چار انچ کے قد سے بے حد مطمئن ہوں؛ پھر ساٹھ برس کی عمر میرے نزدیک بہت لمبی عمر ہے۔ اس دوران میں دو تین نئی نسلیں پروان چڑھ چکتی ہیں۔ یہ اہتمام موجود ہے کہ جب ہم پیدا ہوں تو ہم اپنے باپ دادا کو دیکھیں جو اپنا وقت آنے پر رخصت ہو جاتے ہیں، وقت آنے پر ہم بھی دادا بنتے ہیں اور ہماری آنکھوں کے سامنے ہمارے نواسے پوتے پیدا ہوتے ہیں۔ یہ نظام بڑا باقاعدہ، بڑا مکمل ہے۔ اِس چینی مقولے میں اصل دانش کی روح ہے کہ "ہو سکتا ہے آپ ایک ہزار ایکڑ رقبے کے واحد مالک ہوں۔ پھر بھی آپ پانچ فٹ لمبے بستر پر ہی سوئیں گے!" ـــــ میں سمجھتا ہوں ایک بادشاہ کو بھی زیادہ سے زیادہ سات فٹ لمبے بستر کی ضرورت ہو گی۔ جہاں وہ رات کو لمبا لیٹ کر سو سکے۔ اس کا مطلب تو یہ ہے کہ میں بھی بادشاہ ہوں! ـــ یہ زندگی کی بات ہے۔ چاہے آپ کتنے امیر ہوں، انجیل مقدس کی رُو سے تو آپ زیادہ سے زیادہ ساٹھ ستر برس جئیں گے۔ کم لوگ ہی ایسے ہیں جو اس حد کو پار کرتے

"چوانگ زے شہر جا رہا تھا۔ وہاں اُس نے ایک کھوکھلی اور پُرانی کھوپڑی دیکھی۔ چوانگ زے نے اس کھوپڑی کو اپنی چابک سے ٹھکورا اور پوچھا" تمہارا یہ حال اس لئے ہوا کہ تم عیش ونشاط کے بندے تھے اور تم نے زندگی بے اعتدالی سے گزاری؟ —
کیا تم کوئی فراری تھے جو قانون کی زد سے بچنا چاہتا تھا؟ ——
یہ نہیں تو کیا تم نے کوئی ایسا کام کیا تھا جس سے تمہارے والدین اور تمہارے خاندان کی نیک نامی کو بٹا لگا؟ —— شاید تم فاقوں کی موت مرے؟ ہو سکتا ہے کہ تم پوری عمر کو پہنچ کر مرے اور تمہاری موت طبعی موت تھی؟ —— آخر بات کیا ہے؟"
اِن سوالات کے بعد چوانگ زے نے کھوپڑی کو اٹھا کر اپنے سر کے نیچے بطور تکیہ رکھ لیا اور گہری نیند سو گیا۔

جب چوانگ زے کی بیوی کا انتقال ہوا، تو کوئی شخص اُس کے پاس فاتحہ کے لئے گیا۔ اُس نے دیکھا کہ چوانگ زے فرش پر مزے سے بیٹھا ہے اور دف بجا بجا کر گا رہا ہے۔ اُس شخص کو بڑا تعجب ہوا۔ اُس نے کہا "بھائی آخر مرنے والی ایک عمر تمہارے ساتھ رہی، وہ تمہارے بچوں کی ماں تھی۔ زیادہ سے زیادہ سنگدلی یہ ہوتی کہ تم اُس کی موت پر آنسو نہ بہاتے۔ لیکن یہ تو حد ہو گئی کہ تم مزے سے گا بجا رہے ہو!"
چوانگ زے نے جواب دیا "سنو میاں! تم غلطی پر ہو۔ جب

چاہیے۔ یوں سمجھئے کہ ہر جنازے کے ساتھ یہ جھنڈا ہوتا ہے کہ "سب انسان برابر ہیں!"

موت کی اسی جمہوریت سے انسانی زندگی کے ایک تماشا ہونے اور اس کی گہری شعریت کا، اس کے فلسفے کا احساس پیدا ہوتا ہے۔ جو شخص موت کی بصیرت حاصل کرے، اُسے انسانی زندگی کے ایک تماشا ہونے کی بصیرت بھی مل جاتی ہے اور وہ سچا شاعر بن جاتا ہے۔ شیکسپیر نے اپنے لافانی کردار ہملٹ کے منہ سے سکندر کی خاک کے بارے میں جو باتیں کہلوائیں، اُن سے شیکسپیر کی صداقتِ شعری پر مہر لگ جاتی ہے: "سکندر مرا، اور اُسے زمین میں دفن کر دیا گیا، اس کا جسم خاک میں مل کر خاک ہو گیا۔ اس مٹی سے ہم ایک ڈھیلا بنا لیتے ہیں۔ اور سکندر کی خاک کا یہ ڈھیلا، ایک ڈاٹ کے طور پر، شراب کے مٹکے کے منہ پر لگا دیا جاتا ہے!"

ذرا شیکسپیر کے ڈرامے رچرڈ دوم کو دیکھئے۔ شاہ رچرڈ قبروں اور کیڑوں اور کتبوں اور اُس تاج کے نگینے کا ذکر کرتا ہے۔ جو بادشاہ کی فانی کنپٹیوں پر دھرا رہتا ہے۔ یا پھر جب وہ ایک بہت بڑے جاگیردار کا ذکر کرتا ہے جو اب اپنے قوانین، اپنے اختیارات، مراعات، اپنے جرمانوں سمیت محض خاک کا ایک ڈھیر ہے۔ فارسی حکیم و شاعر عمر خیام اور اس کے چینی ساتھی چیا فو سٹی کا یہی حال تھا۔ ان کی ساری دل لگی اور ان کے طربیہ احساس اور تاریخ کا مذاق اڑانے کی عادت نے اسی احساسِ فنا ہی سے جنم لیا تھا اور وہ یہی کہتے رہے کہ دیکھو یہ شاہوں کی قبریں ہیں جن میں اب گیدڑوں نے اپنے بھٹ بنا رکھے ہیں! ——— چینی فلسفے میں تو گہرائی اور لطافت ہی چوانگ تسے کی بدولت پیدا ہوئی، جس نے اپنے سارے فلسفے کی بنیاد انسانی کھوپڑی کے ذکر پر رکھی ہے ——— ملاحظہ ہو:

سیکھا تھا جب اُسے دنیاوی زندگی کے بے حقیقت ہونے کا احساس ہوا۔ کہا جاتا ہے ایک دفعہ چینی فلسفی چوانگ زے نے خواب میں دیکھا کہ وہ ایک تتلی بن گیا ہے۔ اِس خواب میں اُس نے محسوس کیا کہ وہ تتلی کی طرح اپنے ننھے پنکھ ہلا سکتا ہے اور ہر چیز ایسی ہے جیسی سچ مچ ہوتی ہے۔ بیدار ہو کر اُس نے دیکھا کہ وہ تتلی نہیں بلکہ چوانگ زے ہے۔ سچ مچ چوانگ زے ہے۔ اُس نے سوچنا شروع کیا کہ کونسی بات حقیقی ہے۔ کیا یہ خواب حقیقی ہے کہ وہ تتلی ہے ؟ یا وہ ایک تتلی ہے جو یہ خواب دیکھ رہی ہے کہ وہ چوانگ زے ہے ؟ گویا زندگی واقعی ایک خواب ہے اور ہم فانی انسان وقت کے ابدی دریا کے دھارے پر بہے جا رہے ہیں۔ ہم ایک خاص مقام پر کشتی میں سوار ہوتے ہیں اور ایک خاص مقام پر زندگی کی کشتی سے اُتر جاتے ہیں تاکہ دوسرے منتظر لوگ اِسی کشتی میں سوار ہو سکیں۔ اگر ہم یہ محسوس نہ کریں کہ ہماری زندگی ایک خواب ہے یا یہ کہ ہم اس دنیا میں مسافر اور مہمان ہیں یا یہ کہ ساری دنیا ایک اسٹیج ہے اور ہم محض اداکار ہیں جو اپنا اپنا پارٹ ادا کر رہے ہیں تو اس زندگی کی آدھی سے زیادہ شاعری دم گھٹ کر رہ جائے۔ چینی عالم لیوشنگ نے اپنے دوست کو ایک خط میں یہی لکھا تھا ــــــ :

"عام طور سے یہ سمجھا جاتا ہے کہ اس دنیا میں سب سے اہم اور سنجیدہ بات یہ ہے کہ ہم سرکاری افسر ہو جائیں اور سب سے معمولی بات یہ سمجھی جاتی ہے کہ ہم کسی کھیل میں اداکاری کرنے لگیں۔ میں سمجھتا ہوں یہ خیال بڑا احمقانہ ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ سٹیج پر اداکار گاتے ہیں، روتے ہیں، ایک دوسرے سے لڑتے جھگڑتے ہیں، ہنسی ٹھٹھا کرتے ہیں اور یہ سب کچھ اتنی سنجیدگی سے کرتے

میری بیوی مری تو پہلے پہل تو مجھے بڑا صدمہ ہوا اور مجھ پر اس کی موت کا بڑا اثر ہوا۔ پھر میں نے سوچا، پیدا ہونے سے پہلے بھی تو اُس میں کوئی زندگی نہ تھی۔ یہی نہیں بلکہ اس کے جسم بھی نہ تھا یہی نہیں بلکہ اُس کی روح، اس کا بھوت بھی نہ تھا —— پھر وہ اس دنیا کے چکر میں پھنس گئی۔ پہلے اس کی روح بنی، پھر اُس نے جسم پایا اور پھر وہ زندہ ہوگئی۔ اب مرنے کے بعد اس نے اپنا قالب پھر بدل دیا ہے۔ اب وہ مر چکی ہے اور مر کر وہ پھر بہار و خزاں، اور گرما و سرما کے ابدی چکر کے ساتھ مل گئی ہے —— میں پھر کاہے کو شور و شیون کروں جب اُس کا فانی جسم تو آرام سے لحد کی آغوش میں سو رہا ہے۔ اگر میں ماتم کروں گا۔ تو اس کا مطلب یہ ہوگا کہ میں ازل اور ابد کے چکر کو سمجھا ہی نہیں۔ اسی لئے میں نے رونا دھونا موقوف کر دیا!"

گویا شاعری اور فلسفہ دونوں احساسِ فنا سے شروع ہوئے اور وقت کے بیتنے کے احساس نے انہیں جنم دیا۔ یہی احساسِ فنا، یعنی شاعری کی پشت پناہ ہے۔ سچ پوچھئے تو مغرب کی بیشتر شاعری کا سرمایہ بھی یہی ہے۔ یہ احساس مغربی شاعری میں بار بار ملتا ہے کہ زندگی ایک خواب ہے۔ ہم کسی خوبصورت سہ پہر کو غروبِ آفتاب کے وقت دریا کے دھارے پر اپنی کشتی کھیتے چلے جاتے ہیں اور یہ سوچتے رہتے ہیں کہ یہ پھول ہمیشہ شگفتہ نہیں رہیں گے۔ پورا چاند گھٹتے گھٹتے ایک پتلی لکیر سی رہ جاتا ہے اور خود انسانی زندگی پودوں اور حیوانوں کی طرح، پہلے بچپن سے پختہ عمر تک پہنچ کر، ایک دن ختم ہو جاتی ہے اور اس طرح بقا کے ساتھ مل کر نئے آنے والوں کے لئے جگہ بناتی ہے! —— اصل میں انسان نے فلسفی ہونا اس وقت

# ۴۔ ہمارا پیٹ

ہمارے حیوان ہونے کا ایک اہم نتیجہ یہ ہے کہ ہمارے جسم میں ایک اتھاہ گڑھا ہے۔ جسے پیٹ کہتے ہیں۔ اس حقیقت نے ہماری ساری تہذیب پر اثر ڈالا ہے۔ چین کے مشہور نشاطی فلسفی، لی لی ونگ نے اسی پیٹ کی شکایت لکھی ہے۔ اس نے فن زندگی کے بارے میں لکھی ہوئی اپنی کتاب کے خوراک والے باب میں لکھا ہے:

"میں دیکھتا ہوں کہ سارے انسانی اعضا، مثلاً کان، آنکھ، ناک، زبان، ہاتھ پاؤں —— یہ سارا جسم اپنے اپنے مقررہ کام کرتے ہیں۔ مگر دو عضو ایسے ہیں جو بالکل غیر ضروری ہیں۔ اور وہ ہیں منہ اور پیٹ —— انہی دو کی بدولت صدیوں سے انسان طرح طرح کی مصیبتوں میں مبتلا ہے۔ اس منہ اور اس پیٹ کی وجہ سے روزی کمانے کا مسئلہ پیچیدہ ہو جاتا ہے اور جب روزی کمانا مشکل ہو جائے تو چالاکی اور عیاری، جھوٹ اور بد دیانتی انسانی معاملوں میں راہ پالیتی ہے —— انسانی معاملوں میں عیاری، جھوٹ اور بد دیانتی کے آجانے سے قانون وجود میں آتا ہے۔ اور اس قانون کی بدولت یہ حال ہو جاتا ہے کہ بادشاہ اپنے رحم و کرم سے کسی کی زندگی بچا نہیں سکتا۔ ماں باپ کی محبت بے دست و پا ہو جاتی ہے اور خود خدائے رحیم و رحمٰن کو بھی اس کی مرضی کے خلاف چلنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ یہ سب کچھ اس لئے ہوتا ہے کہ خدا نے جب انسانی پتلا تیار کیا تو اس نے دور اندیشی نہ کی۔ اور اسے منہ اور پیٹ لگا دیا۔ اور ہمارے

ہیں۔ گویا وہ حقیقی طور پر وہی ہیں جو وہ نظر آتے ہیں۔ مگر ڈرامے میں
اصل چیز یہ نہیں کہ پرانے کرداروں کو کس طرح ان اداکاروں
نے پیش کیا۔ اصل چیز یہ اداکار خود ہیں۔ یہ اداکار بھی کسی کی اولاد ہوتے
ہیں۔ کسی کے شوہر کسی کے باپ ہوتے ہیں اور یہ سب اپنے اپنے
اہل وعیال اور ماں باپ کا اسی طرح ناچ گا کر اور لڑ جھگڑ کر اور مسخرہ
پن کر کے پیٹ بھرتے ہیں۔ گویا جن لوگوں کا یہ کردار ادا کرتے ہیں'
وہ اصل میں یہی ہیں۔ میں نے یہ بھی دیکھا ہے کہ ان میں بعض ایکٹر کسی
افسر کا پارٹ ادا کرتے ہیں اور سچ مچ کے افسروں کی طرح وردی
میں سج سجا کر یوں سامنے آتے ہیں کہ کسی کو شبہ نہ ہو کہ یہ محض پارٹ
کر رہے ہیں اور سچ مچ کے افسر نہیں ہیں — ان اداکاروں کو یہ
بات ذرا بھی اہم نہیں معلوم ہوتی کہ وہ سٹیج پر افسروں کی طرح اکڑ اکڑ
کر چل رہے ہیں اور قیدی ان کے سامنے کانپ رہے ہیں۔ اصل میں
تو انہیں اپنے گھر والوں اور ماں باپ کا پیٹ ناچ گا کر اور لڑنے
جھگڑنے کا پارٹ ادا کر کے پالنا ہے ———— افسوس تو یہ ہے
کہ بعض لوگ اس دنیا کے ڈرامے میں ایک ہی پارٹ ادا کرتے کرتے
ایک ہی طرح کا مکالمہ ایک ہی خاص طرز میں بولتے بولتے اس میں
اتنا کھو جاتے ہیں کہ یہ پارٹ ان کے جسم و جان (یعنی فطرت
اور جذبات) پر پوری طرح چھا جاتا ہے۔ اور انہیں ایک دفعہ بھی
یہ خیال نہیں آتا کہ اصل میں وہ محض اداکار ہیں ؟"

میں جانتا ہوں کہ خالق کو بھی اپنی اس بھول پر ضرور پشیمانی ہوتی ہوگی
مگر وہ جانتا ہے کہ اب وہ کچھ نہیں کر سکتا۔ کیونکہ انسانی جسم کا یہ نمونہ تو اب
بن چکا اور منظور ہو چکا۔ ذرا سوچئے کہ کوئی قانون پاس کرتے وقت یا کوئی
ادارہ قائم کرتے وقت انسان کو کتنی احتیاط سے کام لینا چاہیئے۔
مبادا کوئی ایسی چوک ہو جائے جس پر بعد میں ہمیشہ پشیمانی ہوتی رہے۔"

لیکن اب کہ ہمارے جسم میں یہ اتھاہ غار موجود ہے تو اب کیا ہو سکتا ہے؟ میں تو یہ کہتا ہوں کہ اس پیٹ نے ساری انسانی تاریخ کا رُخ بدل کر رکھ دیا ہے ـــــ کنفیوشس انسانی فطرت کے بارے میں بے حد وسیع النظر تھا۔ چنانچہ اس نے انسان کی صرف دو بڑی خواہشیں بیان کی ہیں، یعنی نان نفقہ اور اولاد پیدا کرنا۔ سادہ لفظوں میں یوں سمجھیئے کہ انسان کی دو بڑی خواہشیں یا حاجتیں کھانا پینا اور عورت ہیں ـــــ خیر، کچھ دل قسم کے حضرات نے عورت کے بغیر بھی زندگی گذاری ہے مگر کھانا پینا کسی سے نہیں چھوٹ سکا۔ ایسے ایسے صوفی لوگ اِس دنیا میں آتے ہیں جنہوں نے ساری زندگی تیاگ اور قربانی میں بسر کر دی۔ مگر کوئی متقی سے متقی آدمی بھی چند گھنٹے سے زیادہ کھانے کو بھول نہیں سکا۔ ہر چار پانچ گھنٹے بعد ہمیں ہمیشہ یہی خیال آتا ہے کہ "اب کھانا کب ملے گا؟" اور یہ واقعہ دن میں کم سے کم تین بار ضرور ہوتا ہے یا زیادہ سے زیادہ چار پانچ دفعہ۔ بس یہ ہے اور ہم ہیں! اب بڑی بڑی بین الاقوامی کانفرنسیں بے حد نازک اور دلچسپ سیاسی مسائل پر بحث کرتے کرتے دوپہر کے کھانے کے لیئے ملتوی ہو جاتی ہیں۔ دنیا جہان کی پارلیمنٹوں کو کھانے کے اوقات کے مطابق اپنے اجلاس طے کرنے پڑتے ہیں۔ اگر کسی بادشاہ یا ملکہ کی تاجپوشی کی رسم پانچ چھ گھنٹے کا طول پکڑ جائے اور لوگ دوپہر کا کھانا کھانہ

لئے یہ ساری مصیبتیں پیدا کر دیں ـــ ذرا پودوں کو دیکھئے، منہ اور پیٹ کے بغیر کیسے مزے سے زندہ ہیں چٹانیں اور زمین دونوں کچھ کھائے پیئے بغیر موجود ہیں تو پھر کیا وجہ ہے کہ ہمیں منہ اور پیٹ دیدیا گیا ہے یعنی دو فالتو عضو عطا کر دیئے گئے؟ ـــ اور اگر ہمیں یہ عضو دینے ہی تھے تو ہمارے لئے یہ بھی ممکن کر دیا ہوتا کہ ہم مچھلیوں اور گھڑیالوں کی طرح پانی میں تیرتے تیرتے پیٹ بھر لیتے یا ٹڈوں اور مکڑوں کی طرح شبنم سے افزائش حاصل کر سکتے۔ آخر یہ مخلوق اِس طرح قوت اور زندگی حاصل کرتی ہے یا نہیں؟ ہم بھی ایسا کر سکتے تھے۔ ہم بھی تیرتے رہتے یا اڑتے رہتے اور اِدھر اُدھر کودتے پھاندتے پھرتے! ـــ اگر یہ ہوتا تو اس زندگی میں کوئی تگ و دو، کوئی کشمکش نہ ہوتی اور انسان کی ساری مشکلیں ساری مصیبتیں غائب ہو جاتیں ـــ مگر ہے یہ کہ اس نے ہمیں نہ صرف دو عضو دئے ہیں بلکہ قسم قسم کی اشتہا اور قسم قسم کی رغبت دی ہے۔ گویا پیٹ کا غار ایسا ہے کہ تھاہ سمندر یا گہری کھڈ کی طرح کبھی پُر نہیں ہو سکتا۔ نتیجہ یہ کہ ہم زندگی بھر اپنے سارے اعضا کی طاقت کے ساتھ سخت محنت کرتے رہتے ہیں تاکہ ہمارا یہ منہ اور ہمارا یہ پیٹ کسی طرح مطمئن ہو سکیں اور یہ ہیں کہ کبھی ان کی طلب پوری نہیں ہوتی۔

"میں نے اس مسئلے پر بارہا سوچا ہے اور مجبور ہو کر اسی نتیجے پر پہنچا ہوں کہ ہمارے خالق نے ہمارے ساتھ یہ زیادتی کی ہے۔

ہاں چھ سات بار دعوت اُڑائی ہے! آخر امریکی بھی چینیوں کی طرح انسان ہی ہیں!
فرق اتنا ہے کہ امریکیوں کو انسانی فطرت کی بصیرت حاصل نہیں اور اُنھوں نے
اس بصیرت کے مطابق، اپنی سیاسی زندگی کو اچھی طرح منظم نہیں کیا ــــ میں سمجھتا
ہوں، چینیوں کی طرح دعوتیں کھلانا ہر ملک کی سیاسی زندگی کا حصّہ ہے کیوں کہ
انسانی فطرت تو ہر جگہ وہی ہے اور ہم کھال کے نیچے تو بلکہ ایک دوسرے سے
ملتے جلتے ہیں۔ مثلاً میں نے سنا ہے کہ جو لوگ کسی سرکاری عہدے کے امیدوار ہوں
وہ اپنے ضلع کے ووٹروں کے لئے کھانے پکواتے ہیں۔ اور ان کے بچوں کو آئس کریم
کھلاکر اور سوڈا واٹر پلاکر ماؤں کو خوش کرتے ہیں۔ اس قسم کی رشوتوں کے بعد لوگوں
کا یہ عقیدہ ہو جاتا ہے کہ "بھائی وہ بڑا اچھا آدمی ہے!" ــــ یہی خیال بعد میں ایک
گیت بن جاتا ہے ــــ کوئی چار پانچ سو برس پہلے یورپ کے بڑے بڑے نواب
اور جاگیردار اپنی شادی یا سالگرہ کے موقعوں پر اپنے تمام مزارعوں کو بہت بڑی دعوت
دیا کرتے تھے اور انہیں کھلا کھلاکر "نیک نامی" حاصل کرتے تھے۔

ہم پر کھانے پینے کا اثر اتنا بنیادی اور اتنا اہم ہے کہ بڑے بڑے انقلاب،
امن و آشتی کے دور، جنگیں، بین الاقوامی سمجھوتے، ہماری روزمرہ کی زندگی اور ہماری
ساری کی ساری معاشرتی زندگی اِس سے بُری طرح متاثر ہے۔ ذرا یاد کیجیے انقلابِ
فرانس کی وجہ کیا تھی؟ کیا انقلابِ فرانس، والتیئر، اور روسو اور دیدرو کی وجہ سے
ہُوا؟ جی نہیں! اس کی وجہ صرف خوراک تھی۔ انقلابِ روس اور اِس انقلاب کے
بعد ملک بھر میں اشتراکی تجربے کے اسباب کیا ہیں؟ یہی خوراک کا مسئلہ اور جہاں تک
جنگ کرنے کا تعلق ہے، نپولین جیسے عظیم فاتح نے اپنی گہری دانش مندی کا اس
قول سے ثبوت دیا تھا کہ "سپاہی اور فوج تو پیٹ کے بل پر لڑتے ہیں۔" ذرا سوچیے کہ

سکیں تو اِس ناچپوشی کو عوام کے لئے ایک مصیبت قرار دیدیا جاتا ہے ــــ گویا ہمارا سوچ، کھانے کے گرد گھومتا ہے۔ چنانچہ جب ہمیں کسی بزرگ کی خدمات کا اعتراف بھی کرنا ہو تو ہم اس کے اعزاز میں ایک دعوت ٹکا دیتے ہیں!!

اس کی خاص وجہ ہے۔ دوستوں کی ملاقات اگر کھانے پر ہو تو گویا یہ ملاقات پُرامن طور پر ہوئی۔ عمدہ کھانا بحث کی تندی دُور کر دیتا ہے اور اختلافات میں کوئی تیزی تلخی نہیں رہتی۔ دو بہترین دوست، بھوک کے وقت اگر اکٹھے ہوں تو ان کی ملاقات ضرور جھگڑے پر ختم ہوگی۔ مگر عمدہ دعوت کا اثر دو چار گھنٹے ہی نہیں، دنوں اور ہفتوں قائم رہتا ہے۔ چینی قوم کو انسانی فطرت سے گہری واقفیت حاصل ہے۔ اِسی لئے سارے جھگڑوں اور اختلافات کا فیصلہ عدالت کے بجائے کھانے کی میز پر کیا جاتا ہے۔ چینی زندگی کا نہج ہی ایسا ہے کہ پُرانے جھگڑے اور اختلاف بھی کھانے کی میز پر طے ہوتے ہیں اور کھانے ہی پر نئے جھگڑوں کی پیش بندی کر لی جاتی ہے۔ چین میں عام دستور ہے کہ بار بار دعوتیں کھلا کر سب کی اچھی رائے حاصل کی جائے۔ گویا یہ ایک طرح کی رشوت ہے جو نیک نامی کے لئے دیتے ہیں۔ سچ تو یہ ہے کہ دعوتیں دینا سیاست میں کامیابی کا بڑا بے ضرر راستہ ہے ــــ اگر کوئی شخص اعداد و شمار جمع کرے تو اسے پتا چلے گا کہ زید کی مرتبے کی ترقی کی رفتار کا تعلق، ان دعوتوں کی گنتی کے ساتھ کتنا گہرا ہے جو اُس نے مختلف لوگوں کو دی تھیں۔

مگر ہماری تخلیق اِسی طرح ہوئی ہے کہ دعوتوں کے بارے میں ہمارا رویّہ یہی ہونا چاہیئے۔ اور یہ کوئی چینیوں ہی سے مخصوص نہیں۔ امریکہ میں بھی کسی محکمے کا حاکمِ اعلےٰ، آپ کی کوئی درخواست کیسے ردّ کر دے گا جب اُس نے آپ کے

ختم کر کے دم لیا — تو گویا ساری بات یہ ہوئی کہ موت کی طرح کھانے کے سلسلے میں بھی سب اِنسان بنیادی طور پر بھائی بھائی ہیں۔

ہر چینی ایک اچھی دعوت سے پھول کی طرح کھل جاتا ہے۔ جب اس کا پیٹ بھرا ہوا ور آنتیں مطمئن ہوں تو وہ کہہ اُٹھے گا: "یہ زندگی کتنی حسین اور طربناک ہے!" گویا چینی کے بھرے پیٹ سے ایسی روحانی خوشی کی روشنی پھوٹتی ہے جو دُنیا کو جگمگا دیتی ہے۔ چینی ہمیشہ جبلّت پر اعتماد کرتے ہیں اور جبلّت نے انہیں بتا رکھا ہے جب پیٹ بھرا ہو تو سب ٹھیک ہے! مسرت کا چینی نصب العین یہ ہے کہ "جسم گرم ہو، پیٹ بھرا ہو، ذرا سی تاریکی ہو، ذرا سی نرمی ہو!" —— آخری دو صفتوں کا تعلق سیر ہو کر کھانے کے بعد نرم اور گدگدے بستر سے ہے! اسی لئے تو چینی شاعر کہتا ہے :-

"بھرا پیٹ بڑی چیز ہے۔ باقی سب کچھ تو عیّاشی ہے ——"

مگر اس ساری موشگافی کے باوجود، چینی لوگ کھانے کے معاملے میں کسی بناوٹ کے قائل نہیں۔ کوئی چینی اگر اچھی یخنی کا ایک چمچہ پیئے گا تو زور سے چٹخارا لے گا —— اس کے برعکس مغربی ممالک اور بعض دوسرے ملکوں میں یہ بدتمیزی سمجھی جائے گی۔ مگر میں سمجھتا ہوں کہ مغربی آدابِ خوراک (جن کا تقاضا یہ ہے کہ شوپ بغیر آواز پیا جائے اور کھانا اس طرح کھایا جائے گویا بالکل مزہ نہیں آ رہا) کی وجہ سے مغرب میں اچھا کھانا پکانے کا آرٹ پنپ نہیں سکا۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ مغربی لوگ کھانے وقت کیوں اتنی تمیز اور آہستگی سے بولتے ہیں اور بہتر پاتے گم سم، بڑے باتمیز اور بڑے معزّز کیوں بنے رہتے ہیں؟ میں نے دیکھا ہے کہ بہت سے امریکیوں کو یہ خیال نہیں آتا کہ مرغی کی ٹانگ ہاتھ میں اٹھا کر مزے سے چبا لیں۔ وہ بیچارے

"امن امن" پکارنے سے کیا حاصل جب حلق کے نیچے پیٹ میں امن قائم رکھنے کی کوئی صورت نہیں کی جاتی۔۔۔ قوموں اور افراد دونوں کا یہی حال ہے۔ عوام جب بھوکے ہوتے ہیں تو بڑی بڑی سلطنتیں تباہ ہو جاتی ہیں اور بڑے بڑے جابر حکمرانوں کے تخت و تاج خاک میں مل جاتے ہیں۔ بھوک کی وجہ سے افراد کام نہیں کرتے، سپاہی لڑنے سے انکار کر دیتے ہیں، بڑے بڑے گائیک گانے سے انکار کر دیتے ہیں، پارلیمینٹ کے ممبر بحث کرنا بند کر دیتے ہیں اور ملک کے صدر تک حکومت کرنے سے انکاری ہو جاتے ہیں۔ ذرا خیال کیجئے ایک شوہر دن بھر دفتر میں کیوں سر توڑ محنت کرتا ہے؟ صرف اِس لئے کہ شام کو گھر پر بھر پیٹ کھانا مل جائے!۔۔۔ اِسی لئے تو مثل مشہور ہے کہ شوہر کے دل پر اس کے پیٹ کی راہ سے قبضہ کیا جا سکتا ہے! جب مرد کا جسم مطمئن ہو تو اس کا دل، اُس کی روح زیادہ پُرسکون ہوتی ہے۔ پھر اُسے پیار محبت کی سوجھتی ہے۔ اُسے بیوی زیادہ اچھی معلوم ہونے لگتی ہے۔ عام عورتیں کو شکایت ہوتی ہے کہ اُن کے شوہر اُن کے بناؤ سنگھار اور اُن کے نئے کپڑوں تک سے اندھے اور بے پروا رہتے ہیں۔ انہیں نظر ہی نہیں آتا کہ بیوی نے آج نئے اور اُجلے کپڑے پہن رکھے ہیں۔ مگر کسی بیوی نے کبھی یہ شکایت کی کہ میاں کو سالن یا پلاؤ یا آملیٹ نظر نہیں آیا؟۔۔۔ حُب الوطنی کیا ہے؟ محض اُن چیزوں کی محبت جو ہمیں بچپن میں کھانے کو ملی تھیں۔ امریکہ کے لوگ اِس لئے امریکہ کے وفادار ہیں کہ وہ امریکی روٹی اور امریکی کھلونوں کے وفادار ہیں۔ یہی حال جرمنی کے لوگوں کا ہے! جہاں تک بین الاقوامی مفاہمت کا سوال ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ اطالوی سوّیوں نے مسولینی کی بہ نسبت اٹلی کو کہیں زیادہ ہر دلعزیز بنایا ہے۔ ستم یہ ہے کہ باہر کے لوگوں کے دلوں میں اطالوی سویّوں نے اٹلی کے لئے جو قدر پیدا کی تھی، اُسے مسولینی نے

اگر کوئی چینی کسی خارپشت کو دیکھے تو اُسے فوراً خیال آئے گا کہ اس کا گوشت اس ترکیب سے پکا کر کھایا جائے کہ اس کا زہر جاتا رہے۔ زہر سے احتیاط کی شرط اس لیئے ہے کہ یہی اس کام کا عملی اور اہم پہلو ہے ورنہ اس کام میں کوئی مزہ نہیں۔

خارپشت کے گوشت کا نمبر دوسرا ہے کہ اس کا ذائقہ کیسا ہوگا؟ باقی کی چیزیں چینی کے لیئے دلچسپی نہیں رکھتیں۔ مثلاً خارپشت کے خار کیسے پیدا ہوئے؟ ان سے خارپشت کیا کام لیتا ہے؟ یہ خار اس کی کھال میں کیسے پیوست ہیں اور وہ انہیں خطرے کے موقع پر کیسے سیدھا کھڑا کر لیتا ہے؟ وغیرہ —— یہ سوالات ایک چینی کے نزدیک قطعاً بیکار سوال ہیں۔ یہی حال باقی جانوروں اور پودوں کا ہے۔ چینی کے نزدیک اصل بات یہ ہے کہ ان پودوں اور جانوروں وغیرہ سے کیسے اور کیا فائدہ یا حظ اٹھایا جائے۔ باقی رہا یہ کہ وہ خود کیا ہیں؟ اس سے چینی کو کوئی سروکار نہیں۔ گویا چینیوں کو تو صرف پرندوں کے نغمے پھول کے رنگ، کلیوں کی پنکھڑی اور مرغی کے گوشت سے غرض ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اہلِ مشرق کو، مغرب والوں سے پودوں کا علم اور جانوروں کا علم، پورے کے پورے سیکھنے پڑے ہیں۔ مگر مغرب کو بھی مشرق سے سیکھنا پڑے گا کہ درختوں، پھولوں اور مچھلیوں، پرندوں اور حیوانات سے کیسے حظ اٹھایا جائے، کیسے ان سے لطف اندوز ہوا جائے تاکہ ان انواع و اقسام کے موجودات کے دلآویز خطوط اور حرکات کو مختلف انسانی جذبات اور کیفیات کے ساتھ ہم آہنگ محسوس کیا جا سکے۔

تو، کھانا انسانی زندگی کی چند ٹھوس مسرتوں میں سے ایک ہے۔ خوشی کی بات یہ ہے کہ بھوک کی اس جبلت پر وہ پابندیاں اور سماجی حدیں عائد نہیں جس طرح

اس پر چھری کانٹے سے شغل فرماتے رہتے ہیں اور دل میں سخت تنگ رہتے ہیں۔ اگر کھانا اچھا ہو تو مزے لے کر نہ کھانا میرے نزدیک سخت جرم ہے۔ جہاں تک دسترخوان کے "آداب" کا تعلق ہے تو میرے نزدیک بچے کو زندگی کی مصیبتوں کا احساس ہی پہلی دفعہ اس وقت ہوتا ہے جب اُسے ماں کھانے وقت چٹخارا لینے سے منع کرتی ہے۔ انسانی نفسیات ہی ایسی ہے کہ اگر اپنی دلی خوشی کا اظہار نہ کیا جائے تو پھر یہ خوشی محسوس بھی نہیں ہوتی ــــ یہی وجہ ہے کہ بڑے ہو کر سوء ہضم مالیخولیا اور ضعفِ اعصاب جیسے امراض گھیر لیتے ہیں۔ اس سلسلے میں ہمیں فرانسیسیوں کی مثال پر چلنا چاہیئے۔ جب بیرا اچھا کٹلٹ لے کر آتا ہے تو ان کے منہ سے بے اختیار "واہ" نکلتی ہے۔ اور جب پہلا لقمہ منہ میں جاتا ہے تو ان کے دل کا اطمینان اور خوشی ایک لمبی "ہوں" میں بدل جاتی ہے! بھلا کھانے کا مزہ لینے میں شرم کی کیا بات ہے؟ اور اگر بھوک اچھی ہو اور معدہ صحت مند ہو تو اس میں بُرا کیا ہے؟ ــــ اسی لئے تو چینی ساری دنیا سے مختلف ہیں۔ ہوسکتا ہے آپ کے نزدیک اُن کے کھانے کے آداب اچھے نہ ہوں اور وہ بدتمیز ہوں مگر وہ دعوتوں اور کھانوں کا لطف ضرور اٹھا سکتے ہیں!

میں سمجھتا ہوں چینی لوگ پودوں اور حیوانات کا علم اِس لئے نہ سیکھ سکے اور نہ اُسے ترقی دے سکے کہ کوئی چینی عالم ایک مچھلی کی طرف ٹھنڈے دل سے دیکھ ہی نہیں سکتا۔ مچھلی دیکھ کر اُسے فوراً یہ خیال آئے گا کہ اِس مچھلی کا مزہ کیسا ہوگا اور پھر اُسے خیال آئے گا کہ اِسے کھا لینا ہی بہتر ہوگا۔ اسی وجہ سے مجھے کسی چینی سرجن پر اعتماد نہیں ہے۔ کیونکہ اگر کوئی چینی سرجن میرا گردہ کاٹ کر اس میں سے پتھری نکالنا چاہے تو وہ پتھری کو بھول جائے گا اور فوراً میرا گردہ بھوننا شروع کر دے گا۔

سے کھودتے ہیں۔ ایسی مثالیں میرے ہم عصر چینیوں میں موجود ہیں۔ انہیں شرمانے کی کوئی وجہ نظر نہیں آتی۔

نتیجہ یہ ہے کہ کھانے کی وجہ سے (جنسی جذبے کے مقابلے میں) بہت کم سماجی جرائم ہوتے ہیں۔ ضابطۂ فوجداری میں مثلاً غیر قانونی، بد اخلاق یا بے وفا قسم کی شکم پُری کے لئے کوئی قانون موجود نہیں۔ مگر اس ضابطۂ فوجداری میں زنا، طلاق عورتوں سے چھیڑ چھاڑ قسم کی باتوں کے لئے بیسیوں دفعات موجود ہیں۔ کھانے کے سلسلے میں شوہر زیادہ سے زیادہ یہ حرکت کر سکتا ہے کہ نعمت خانے کو چھان مارے مگر نعمت خانے کی تلاشی پر کسی شخص کو سزا نہیں دی جاتی اور اگر کبھی عدالت میں ایسا شخص پیش کر بھی دیا جائے تو جج مجسمّہ رحم و کرم بن جائے گا۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ہر شخص صاف صاف تسلیم کیا کرتا ہے کہ میں بھوکا ہوں۔ اسی بنا پر ہم قحط زدہ لوگوں پر تو ترس کرتے ہیں لیکن الگ تھلگ رہنے والی راہباؤں پر توجہ نہیں دیتے۔

کھانے کے مضمون پر تو ہر شخص اچھی معلومات رکھتا ہے، اُدھر ہماری دوسری جبلّت یعنی جنسی جذبے کا یہ حال ہے کہ لوگوں کو جنس کے بارے میں الف کے نام بے تک معلوم نہیں! چین میں بعض خاندان ضرور ایسے ہیں جو اپنی لڑکیوں کو جنسی معلومات سے بھی بہرہ ور کرتے ہیں اور انہیں کھانا پکانا بھی سکھاتے ہیں ــــ مگر ایسا بہت کم ہوتا ہے؟ ــــ کھانے کے مضمون پر علم کی روشنی چمک رہی ہے اور جنس کے موضوع پر کہانیوں اور وہموں کی پراسرار دھند چھائی ہوئی ہے۔ کھانے کا مضمون جتنا روشن ہے، جنس کا موضوع اتنا ہی بے نور اور اندھیرا ہے!

اگر پرندوں کی طرح پیٹ کے بجائے ہمارا بھی پوٹا ہوتا، یا جگالی کرنے والے جانوروں کی طرح ہمارے بھی چار چار معدے ہوتے تو میں سمجھتا ہوں کہ انسانی معاشرہ اتنا

دوسری جبلتوں مثلاً جنسی خواہش پر عائد ہیں۔ عام طور پر بھوک کے سلسلے میں کوئی اخلاقی قدریں بھی پیدا نہیں۔ خوراک کے بارے میں بناوٹ اور دکھ رکھاؤ بھی جنس کے مقابلے میں کم ہے۔ یہ بڑی اچھی بات ہے کہ فلسفی، شاعر، سوداگر اور فنکار کھانے پر جمع ہوں اور بغیر کسی شرم و حیا کے کھلے بندوں پیٹ پوجا کر سکیں۔ البتہ بعض وحشی اقوام ایسی ہیں جنہوں نے کھانے کے بارے میں کچھ عجیب قسم کی شرم رائج کی ہے۔ وہ صرف اکیلے ہی میں کھا سکتے ہیں۔ غرض کم سے کم کھانے کی جبلت تو ایسی ہے جس پر چونکہ کم حدیں عائد ہیں اس لئے اس میں کم گمراہیاں، اور کم خبط اور کم مجرمانہ افعال پیدا ہو سکے ہیں۔ بھوک کی جبلت اور جنسی خواہش میں فرق یہ ہے کہ دونوں اپنے سماجی معنی میں ایک دوسرے سے مختلف ہیں، اور یہ بات قدرتی ہے۔ بہرکیف بھوک ایسی چیز ہے جو ہماری جسمانی زندگی کو پیچیدہ نہیں بناتی۔ بلکہ انسانیت کے لئے ایک نعمت ہے۔ وجہ یہ ہے کہ صرف اسی جبلت کے سلسلے میں ہر انسان آزادی سے بات کرتا ہے، اور کھلے بندوں صاف صاف اس کا اقرار کرتا ہے۔ اس کے اظہار میں کوئی شرم لحاظ نہیں برتا جاتا۔ اس لئے کوئی اعصابی مرض یا کوئی بے راہروی پیدا نہیں ہوتی جس طرح جنسی جذبوں کے سلسلے میں پیدا ہو سکتی ہے۔ یہ مانا کہ کھانا ملنے میں کئی ایک مشکلیں ہوں گی مگر جونہی کھانا پیٹ میں گیا۔ باقی باتیں طے ہو گئیں ـــــ ہم بڑی صاف دلی سے کھلے بندوں کہہ سکتے ہیں کہ ہر شخص کو خوراک ملنی چاہئے۔ مگر یہ بات ہم جنسی خواہش کے سلسلے میں نہیں کہہ سکتے اور سچی بات یہ ہے کہ بھوک مٹ کر کوئی طوفان بھی تو نہیں اٹھاتی۔ زیادہ سے زیادہ یہ ہوگا کہ لوگ زیادہ کھا کھا کر بدہضمی کا شکار ہو جائیں گے یا ان کی آنتوں میں سرطان ہو جائے گا، یا ان کا جگر بیکار ہو جائے گا۔ چنانچہ بعض لوگ اپنی قبریں گویا اپنے

کہ آدمی آدمی کو کھاتا ہے۔ انسان کی ارتقائی تاریخ شہادت دیتی ہے کہ دنیا میں ہر جگہ آدم خوری رائج رہ چکی ہے۔ اور ہمارے اجداد ایک دوسرے کا گوشت کھاتے رہے ہیں۔ پھر اس میں کیا تعجب ہے کہ ہم اب بھی کئی لحاظ اور کئی پہلوؤں سے ایک دوسرے کو کھاتے ہیں، مثلاً انفرادی طور پر، معاشرتی طور پر یا بین الاقوامی طور پر ایک دوسرے کو نوچ نوچ کر ہڑپ کئے جا رہے ہیں۔ اس سلسلے میں تو آدم خور ہم سے بہتر ہیں۔ کیونکہ وہ عمداً دوسرے کو قتل کرتے ہیں کہ اسے کھا سکیں، اور پھر وہ مرے ہوئے دشمن کے جسم کے عمدہ حصوں کا گوشت، کلیجی گردے کھا کر کچھ حال بھی کرتے ہیں۔ لیکن مہذب انسانوں کا حال دیگر ہے۔ آدم خوروں اور مہذب انسانوں میں فرق یہ ہے کہ آدم خور اپنے دشمن کو مار کر کھا جاتے ہیں۔ لیکن مہذب انسان اپنے دشمن کو مار کر اسے دفن کر دیتا ہے۔ اس کی قبر پر ایک کتبہ لگاتا ہے اور اس کی نجات کے لئے دعا بھی کرتا ہے۔ گویا ہم انسانی خود پسندی اور بد مزاجی میں حماقت کا اضافہ بھی کرتے ہیں۔ کیونکہ خود پسندی اور بد مزاجی کی وجہ سے ہم اپنے جیسے انسان کو جان سے مارتے ہیں۔ اسے مار کر اس سے زندگی چھین کر، پھر اس کے لئے دعائیں مانگنا، حماقت نہیں تو اور کیا ہے؟

میں جانتا ہوں کہ انسان تکمیل کی منزل کی طرف رواں دواں ہے۔ اس کا مطلب صاف طور پر یہ ہوا کہ ابھی ہم بہت ناقص ہیں اور واقعہ بھی یہ ہے۔ جب تک ہم میں حلیمانہ اور امن پسندانہ اوصاف پیدا نہیں ہوں گے ہم اپنے آپ کو مہذب کہہ ہی نہیں سکتے۔

میں دیکھتا ہوں کہ انسانوں کی موجودہ نسل میں گوشت خور اور نباتات خور دونوں قسم کے حیوان موجود ہیں۔ نباتات خور اپنے کام سے کام رکھنے میں اور

بدل جاتا کہ صورت بھی پہچانی نہ جاتی۔ بلکہ ہم اور ہی نسل کے انسان ہوتے۔ پودے یا جانوروں کے سے معدے والی انسانی نسل، بڑی پرامن، بڑی مطمئن اور بڑی پیاری ہوتی، بالکل اسی طرح جس طرح کوئی چوپائے یا کوئی لیلے ہوتے ہیں۔ ہم اس صورت میں یا تو ایک چونچ پیدا کر لیتے جس سے ہمارا نظریۂ حسن بالکل بدل جاتا۔ یا پھر تھوتھنی کے اندر جگالی کے دانت اگا لیتے۔ اس طرح ہمارے لئے بیج اور پھل ہی کافی ہوتے۔ یا کسی پہاڑی کی ڈھلان پر سرسبز گھاس ہمارے لیے کافی ہوتی۔ کیونکہ فطرت گھاس کے سلسلے میں بڑی فیاض ہے۔ چنانچہ ہمیں خوراک کے لئے ایک دوسرے سے لڑنا جھگڑنا نہ پڑتا۔ اور اپنے دشمنوں کی بوٹیاں نوچنی نہ پڑتیں۔ گویا ہم ایک ایسی جھگڑالو اور خونخوار مخلوق نہ ہوتے جیسی آج کل ہیں۔

خوراک اور مزاج میں بڑا گہرا تعلق ہے اور یہ قدرت کا قانون ہے۔ گھاس پھوس کھانے والے سارے جانور فطرتاً پرامن ہوتے ہیں مثلاً بھیڑ بکریاں، گھوڑا، گائے، بھینس، ہاتھی اور چڑیا وغیرہ ـــــ گوشت کھانے والے تمام حیوان لڑاکا ہوتے ہیں۔ مثلاً بھیڑیا، شیر، چیتا، عقاب وغیرہ ـــــ اگر ہمارا گزارا بھی گھاس پھوس پر ہوتا تو ہماری فطرت بھی کچھ کچھ فیل نما اور بھاری بھرکم ہوتی۔ قدرت کا یہ قانون ہے کہ جہاں لڑائی کی ضرورت نہ ہو وہاں لڑاکا فطرت پیدا نہیں کرتی۔ آپ کہیں گے آپس میں تو مرغے بھی لڑتے ہیں۔ مگر مرغے آپس میں دانے ڈنکے کے لئے نہیں لڑتے بلکہ مرغی کے لئے لڑتے ہیں ـــــ یہ جھگڑا تو گھاس پھوس کھانے والے انسانوں کے درمیان بھی چلے گا۔ لیکن وہ اس مارا ماری سے بہت مختلف ہوگا۔ جو آج کل باہر سے آئی ہوتی خوراک کے سلسلے میں یورپ میں پیش آتی ہے۔

میں نہیں جانتا کہ کبھی بندر نے دوسرے بندر کو کھایا ہو۔ مگر میں جانتا ہوں

یہی وجہ ہے کہ آج کی دنیا مضبوط اور بھری بھری مچھلیوں اور طاقت ور جسموں کی بڑی معتقد ہے!

## ۵۔ مضبوط جسم

ہم بنیادی طور پر حیوان ہیں اور ہمارے جسم فانی ہیں۔ اس کا ایک اہم نتیجہ یہ ہے کہ ہمیں جان سے مارا جا سکتا ہے۔ اور عام آدمی کو اس طرح جان سے جانا کچھ اچھا نہیں لگتا۔ یہ مانا کہ ہم میں علم و دانش کی بڑی پیاس موجود ہے مگر علم ہی کے ساتھ نظریوں کا اختلاف پیدا ہوتا ہے۔ یہی اختلاف ہے جو بحث کو جنم دیتا ہے۔ اگر یہ دنیا ہمیشہ زندہ رہنے والے لوگوں سے آباد ہوتی تو یہ بحث مباحثے کبھی ختم نہ ہوتے کیونکہ جب تک ایک غیر فانی انسان یہ نہ مان لے کہ وہ غلطی پر ہے، جھگڑا طے نہیں ہو سکے گا۔ مگر فانی انسانوں کی دنیا میں صورتِ حال ذرا مختلف ہے کسی سے اختلاف رکھنے والا شخص، اپنے حریف کی نظروں میں اتنا قابلِ نفرت ہو جاتا ہے (حریف جتنا قابلِ نفرت معلوم ہونے لگے، اس کی دلیلیں اتنی ہی درست ہوتی ہیں!) کہ حریف اُسے جان سے مار کر جھگڑے اور اختلاف کا فیصلہ کر دیتا ہے۔ اس کا مطلب یہ ہوا کہ اگر الف، ب کو مار ڈالے تو الف حق پر ہے۔ اور اگر ب، الف کو مار ڈالے تو ب حق پر ہوا۔ ذرا خیال کیجیے کہ وحشیوں میں جھگڑے طے کرنے کے لئے یہی قدیم طریقہ رائج ہے۔ اور یہی حال جانوروں کا ہے۔ چونکہ شیر سب کو مار سکتا ہے لہٰذا وہی حق پر ہے۔

یہی بات انسانی معاشرے پر ایسی صادق آتی ہے کہ قدیم زمانے سے لے کر

گوشت خور دوسروں کے کام اور معاملوں کو بھی اپنا کام سمجھتے ہیں اور ہر طرح ان میں دخل دیتے ہیں۔ یہی ان کا ذریعۂ معاش بھی ہے۔ اِسی لئے میں نے آج سے دس سال پہلے سیاسیات سے کنارہ کر لیا تھا کیونکہ میں فطرتاً گوشت خور نہیں، اگرچہ میں گوشت کے کباب اب بھی رغبت سے کھاتا ہوں۔ قصّہ یہ ہے کہ آدھی دنیا تو اپنا وقت کام کرنے میں صرف کرتی ہے۔ باقی کی آدھی دنیا ایسی ہے جو دوسروں سے کام کراتی ہے۔ دوسرے لفظوں میں دنیا کا یہ آدھا حصّہ دوسروں کے لئے کوئی ذاتی کام کرنا، ناممکن کر دیتا ہے۔ گوشت خور کی خصوصیت یہ ہے کہ اُسے لڑنے بھڑنے سازشیں کرنے، جاسوسیں میں مزہ آتا ہے۔ دشمن کو چکل دینے اور پیش بینی کرنے میں لطف محسوس ہوتا ہے۔ یہ سب کچھ بڑی گہری دلچسپی اور حقیقی تابلیت سے کیا جاتا ہے۔ مگر میرے نزدیک یہ خصوصیات ہرگز قابلِ تعریف نہیں ہیں درصل یہ سارا معاملہ جبلّت اور جبلّی تقاضے کا ہے۔ جن لوگوں کی فطرت ہی لڑنا جھگڑنا ہو وہ اسی میں لطف محسوس کرتے ہیں۔ ان کی تخلیقی قوّت، اپنا کام اچھی طرح سرانجام دینے کی صلاحیّت بہت کم پروان چڑھتی ہے۔ نباتات خوروں کی سی فطرت رکھنے والے کئی پروفیسروں کو میں نے دیکھا ہے۔ جنہیں حرص اور لالچ مطلق نہیں ہوتا جن میں مقابلے کا اور دوسروں کو مات دینے کا کوئی جذبہ نہیں ہوتا۔ یہی لوگ قابلِ تعظیم ہیں۔ میں تو یہ بھی کہوں گا کہ دنیا کے تمام تخلیقی فنکار دوسروں کے کام میں دخل نہیں دیتے، اپنے کام سے کام رکھتے ہیں۔ اِسی لئے ان کی فطرت نباتات خوروں کی سی ہے ۔ انسانیت کا سچا ارتقا اسی صورت میں ہو سکتا ہے کہ نباتات خوروں کی سی فطرت کے پُر امن انسان زیادہ ہوں اور گوشت خوروں کی فطرت کے انسانوں کی گنتی کم ہوتی جائے۔ فی الحال یہ گوشت خور فطرت کے لوگ ہی ہمارے حکمران ہیں اور

کی روشنی پھیلانے میں کامیاب ہے۔ اور اگر معاملہ اس کے برعکس ہو تو پھر حبشہ کا بادشاہ ہیل سلاسی اٹلی میں بڑی کامیابی سے تہذیب و تمدن کا نور پہنچا سکتا ہے

ہم میں جنگل کے بادشاہ شیر کی سی شاہی خصلت بھی ہے کہ ہم بحث کو کچھ حقارت کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ اسی لئے تو ہم سپاہی کو اتنا اونچا درجہ دیتے ہیں اس کی اتنی قدر کرتے ہیں کیونکہ سپاہی اختلاف کرنے والوں کا فوراً فیصلہ کر دیتا ہے! جو شخص بحث مباحثہ کرے اور اپنے آپ کو حق پر سمجھے اسے خاموش کرنے کا فوری طریقہ یہ ہے کہ اسے پھانسی دے دیجئے بس قصہ پاک ہوا ـــــ انسان لمبی چوڑی باتیں جبھی کرتا ہے جب وہ دوسروں پر اپنا اعتقاد ٹھونس نہیں سکتا اور انہیں پوری طرح قائل نہیں کر سکتا۔ اس کے برعکس جو لوگ عمل کے رسیا ہیں اور انہیں کام کا اختیار بھی حاصل ہوتا ہے۔ وہ شاذو نادر ہی باتیں کرتے ہیں۔ انہیں بحث مباحثے اور حجت بازی سے نفرت ہوتی ہے۔ آخر ہم باتیں کس لئے کرتے ہیں۔ صرف اس لئے کہ دوسروں پر اثر ڈال سکیں اور اگر ہمیں یہ معلوم ہو کہ ہم دوسروں پر اثر ڈال سکتے ہیں، انہیں کنٹرول بھی کر سکتے ہیں تو باتوں کی کیا ضرورت باقی رہی؟ آخر بین الاقوامی انجمنیں اور کیا کرتی ہیں۔ باتیں اور خالی مباحثے۔ مگر جھگڑوں اور اختلافات کو زبردستی اور قوت کے بل پر طے کرنے کی بھی ایک حد ہے۔ اور اگر ذوق اور زندہ دلی نہ ہو تو یہ طریقہ بالکل مہمل ہو جاتا ہے۔ مثلاً کسی زمانے میں جاپانیوں کا خیال تھا کہ وہ چینی آبادیوں پر مشین گنوں سے گولیاں برسا کر اور بمباری کر کے ان کے دل سے جاپانیوں کی نفرت نیست و نابود کر دیں گے! ـــــ یہی وجہ ہے کہ میں ذرا مشکل سے اس بات کا قائل ہوتا ہوں کہ انسان "حیوانِ معقول" بھی ہے!

میں ہمیشہ سے یہ سمجھتا ہوں کہ بین الاقوامی انجمنیں، جدید زبانوں کے سیکھنے

آج تک اسی نظریئے سے انسان کی ساری تاریخ کو جانچا جاسکتا ہے۔ گیلیو نے زمین کے گول ہونے اور نظامِ شمسی کے بارے میں کئی نئی باتیں دریافت کیں مگر کئی باتوں میں اپنی غلطی کا اعتراف بھی کیا اور کہی ہوئی باتیں بھی واپس لے لیں۔ وہ اس لئے کہ وہ ایک فانی انسان تھا۔ جسے جان سے مارا جاسکتا تھا، یا طرح طرح کی ایذائیں بھی دی جاسکتی تھیں۔ اگر گیلیو کا جسم لافانی ہوتا، تو اسے بحث مول لینے کی مصیبت اٹھانا پڑتی۔ آپ اسے کبھی یقین نہ دلا سکتے کہ وہ بعض باتوں میں غلطی پر ہے اور یہ ایک دائمی مصیبت بن جاتی۔ مگر جیسا کہ میں نے عرض کیا وہ فانی انسان تھا اور جسمانی ایذائیں، جیل کی کال کوٹھڑی، یا شاید ٹکٹکی اور پھانسی نے اسے قائل کر دیا کہ وہ غلطی پر ہے۔ اُس زمانے کے پادری اور امرا، دونوں طبقے گیلیو سے فیصلہ کرنے پر تُلے بیٹھے تھے۔ چنانچہ گیلیو کو قائل ہونا پڑا کہ وہ غلطی پر ہے۔ اسی بات نے اُس زمانے کے پادریوں کو یقین دیا کہ وہ راستی پر ہیں۔ چنانچہ یوں اس مسئلے کا فیصلہ بخیر و خوبی ہوگیا!

جھگڑے طے کرنے کا یہ طریقہ بڑا فوری اور سہل اور عمدہ ہے۔ لوٹ مار اور غارتگری کی جنگیں، مذہبی جہاد، صلاح الدین اور مسیحیوں کی صلیبی جنگیں، سپین میں "کافروں" پر احتساب اور اُن کا زندہ جلایا جانا، قرونِ وسطیٰ میں ڈائنوں اور جادوگرنیوں کو زندہ جلانا اور پھر ہمارے زمانے میں مسلح جہازوں کی مدد سے وحشی قبائل کو عیسائی بنانا، سفید قوموں کا بزعمِ خود ہر جگہ 'تہذیب' سکھانے کا کام اور مسولینی کا حبشہ میں ٹینکوں اور ہوائی جہازوں سے 'تہذیب' پھیلانا، یہ سب کچھ اسی حیوانی منطق کے نتیجے ہیں جو انسان کو ورثے میں ملی ہے۔ اگر اطالویوں کے پاس بہتر توپیں ہوں اور اطالوی سپاہی بہتر سپاہی ہوں اور زیادہ دشمنوں کو مار سکیں تو مسولینی حبشہ میں 'تہذیب'

مختصر بات یہ ہے کہ انسان کو باتیں بنانے کی صلاحیت بھی اسی طرح دی گئی ہے جس طرح اُسے لڑنے بھڑنے کی جبلت عطا کی گئی ہے۔ انسان کی ارتقائی تاریخ کے لحاظ سے ہمارا یہ عضو یہ زبان بھی اتنا ہی قدیم ہے جتنا ہمارا مُکا ہے، اور اتنا ہی قوی ہے جتنے ہمارے بازو ہیں! انسان اور حیوان کا فرق یہ ہے کہ انسان بات کرسکتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ بین الاقوامی انجمنیں، ملکی پارلیمنٹیں یا دوسری انجمنیں مستقل طور پر قائم رہتی ہیں تاکہ انسان مل بیٹھ کر باتیں بنا سکے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ انسانوں کا مقدر یہ ہے کہ باتیں کرتے رہیں اور یہ معلوم کرتے رہیں کہ کون حق پر ہے اور کون جھوٹا ہے۔ باتیں کرنے میں کوئی عیب نہیں یہ تو فرشتوں کی خصوصیت ہے۔ اس سلسلے میں انسانی خصوصیت یہ ہے کہ ہم ایک حد تک ہی بات چیت کرتے ہیں۔ ہم گرماگرم بحث کرتے نہیں جتنی کہ ایک فریق جس کے بازوؤں میں زیادہ طاقت ہوتی ہے، پریشان ہوکر غصے میں آجاتا ہے۔ جیساکہ مشہور چینی مقولہ ہے کہ "پریشانی قدرتی طور پر غصے کا پیش خیمہ ہوتی ہے!" اور اس فریق کو یکایک یہ خیال آتا ہے کہ باتیں بہت ہوئیں اب کچھ اور ہونا چاہیئے۔ چنانچہ یہ ناراض اور طاقت ور فریق میز پر زور سے مُکا مارتا ہے۔ فریق مخالف کی گردن ناپتا ہے اور اس کی خوب مرمت کرتا ہے۔ پھر پلٹ کر حاضرین سے پوچھتا ہے "لوگو بتاؤ کیا میں حق پر تھا یا یہ نامعقول سچ کہتا تھا؟"— اور جواب لازمی طور پر یہی ملتا ہے کہ "بھائی صاحب آپ ہی سچے ہیں!"— یہ صرف انسانوں کا خاصا ہے کہ اختلافی بحث کا فیصلہ یوں کرتے ہیں۔ حیوان تو اپنے اختلافات محض طاقت کے بل پر طے کرلیتے ہیں۔ یہ انسان ہی ہے کہ اپنے اختلافات کا فیصلہ بک بک جھک جھک اور طاقت کے ایک عجیب آمیزے کے ساتھ کرتا ہے۔ فرشتوں کا اعتقاد یہ ہے کہ حق، حق ہے، جانوروں کا اعتقاد صرف قوت پر ہے

کے لئے نہایت اچھے سکول ہیں۔ ان کی خصوصیت یہ ہے کہ ایک زبان سے دوسری زبان میں ترجمہ کرنا بھی سکھایا جاتا ہے۔ مثلاً ایسی انجمنوں میں پہلے کوئی نہایت فصیح مقرر نہایت عمدہ انگریزی میں ایک تقریر کرتا ہے۔ چند منٹ بعد، یا ساتھ ہی ساتھ، ایک نہایت قابل مترجم انگریزی کی اسی تقریر کو بڑی رواں شستہ اور فصیح فرانسیسی میں ادا کرتا ہے۔ تلفظ اور لہجے کا پورا پورا خیال رکھا جاتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ بین الاقوامی انجمنیں زباندانی کے سکولوں سے کہیں بہتر ہیں کیونکہ ان میں نہ صرف جدید زبانیں سکھائی جاتی ہیں بلکہ تقریر کرنے کا فن بھی سکھایا جاتا ہے۔ مثلاً ایک دفعہ میرے ایک دوست نے (جو ایک بین الاقوامی انجمن میں اپنے ملک کی نمائندگی کر رہا تھا) مجھے بتایا کہ چھ مہینے کی قلیل مدت میں اس نے اپنے ہکلانے پر قابو پا لیا حالانکہ اپنے ملک میں اس نے برسوں بیکار اس عیب پر قابو پانے کی کوشش کی تھی۔ مگر تعجب انگیز بات یہ ہے کہ بین الاقوامی انجمنیں جو عام طور پر تبادلۂ رائے کے لئے بنائی جاتی ہیں۔ اور ان اداروں میں بھی، جو محض بات چیت کے لئے قائم کئے جاتے ہیں "بڑے بولنے والوں" اور چھوٹے بولنے والوں" کا امتیاز باقی ہے۔ "بڑے بولنے والے" وہ ہیں جن کے "ملک" بڑے ہیں۔ اور "چھوٹے بولنے والے" وہ ہیں جن کے "ملک" بھی چھوٹے ہیں۔ اس سے پتا چلتا ہے کہ ہر بین الاقوامی انجمن، اگر محض دھوکا نہیں تو حماقت کا اڈا ضرور ہے! ـــــ گویا چھوٹے ملک والی قوم کا نمائندہ جسے چھوٹا مقرر قرار دیا جاتا ہے بڑے مقررین کی طرح اتنی تیزی سے اور وضاحت سے تقریر کر ہی نہیں سکتا! میں یہی کہوں گا کہ "بڑے ملک والے" کی فصاحت میں یہ یقین، یہ اعتماد، اسی حیوانی ورثے کا ایک حصہ ہے۔ جس کے بارے میں عرض کیا جا چکا ہے (میں نے قصداً وحشی درندے کا لفظ استعمال نہیں کیا حالانکہ مناسب لفظ یہی تھا)

غیرت، میری عزّت پر حملہ کیا ہے اور میری آبرو پر پانی پھیر دیا ہے! اس کے بعد وہ غصّے میں پیر پٹختا ہوا کمرے سے باہر نکل گیا اور ہماری طرف مڑ کر حقارت کی نظر بھی نہیں ڈالی ـــــ ذرا خیال کیجیئے کہ ایسے آدمی کو یہ شکایت ہوئی کہ ہم نے اس کی توہین کی ہے۔

دوسرا واقعہ ۱۹۳۶ کا ہے۔ فریقین میں سے ایک شخص (حسبِ سابق) بڑا طاقتور تھا ـــ اُسی نے اپنا جھگڑا پنچایت کے سامنے فیصلے کے لئے پیش کیا، اور پنچایت سے "انصاف" طلب کیا ـــــ ہماری پنچایت کو اپنی آن، اپنی عزت کا پاس تھا۔ اس لئے ہم نے متفقہ فیصلہ دیا کہ "قصور سراسر تمہارا ہے ـــــ اور تم زبردستی اور سینہ زوری کرتے ہو" ـــــ اس شخص نے بھی اس فیصلے کو اپنی توہین گردانا اور اس کی بھی عزّت اور آبرو پر اس فیصلے نے کالک پوت دی۔ چنانچہ اُس نے اپنے حریف کی گردن دبوچی اور کمرے سے باہر لے جا کر اُسے قتل کر دیا۔ واپس آ کر اُس نے ہم سے پوچھا :- "بتاؤ! میں حق پر ہوں یا وہ ؟" ہم لوگوں نے یک زبان ہو کر کہا: "نہیں بھائی تمہی حق پر ہو!" ـــــ وہ اس فیصلے پر بھی مطمئن نہ ہوا۔ اُس نے پوچھا "میں اچھا آدمی ہوں یا نہیں ؟" ہم نے پھر یک زبان ہو کر کہا "تم نہایت عمدہ آدمی ہو!" قاتل ہم سے اپنے لئے کس طریقے سے یہ کلمات کہلوا رہا تھا؟

یہ واقعہ ۱۹۳۶ء میں انسانی تہذیب کا ایک نمونہ ہے۔ قانون اور انصاف انسانیت کی ابتدا سے اب تک ایسے کئی مراحل سے گزر چکے ہیں۔ پنچایتوں میں تو ملزم یہ احتجاج کرتا ہے کہ اس کی توہین کی گئی ہے۔ مگر ہائی کورٹ میں جب الزام ثابت ہو جائے تو ملزم ایسا احتجاج نہیں کرتا۔ یہ ترقی دیر میں ہوئی ہے۔ ہم نے پنچایتیں شروع کیں تو لگ بھگ دس برس ہم یہ سمجھتے رہے کہ ہم ترقی کر رہے ہیں۔

یہ صرف انسان ہیں۔ جن کا عقیدہ یہ ہے کہ قوت کا دوسرا نام حق ہے! ــــ بہر حال باتیں کرنے اور طاقت کے استعمال میں سے باتیں کرنے کی خواہش اعلیٰ تر ہے۔ شاید کوئی زمانہ ایسا آجائے کہ ہم باتیں تو کیا کریں لیکن طاقت استعمال نہ کریں اسی میں انسانیت کی نجات اور فلاح ہے ــــ فی الحال تو ہم میں چائے خانوں کی نفسیات رچی ہوئی ہے کہ ہم باتیں کرتے ہیں اور آپس میں اُلجھ پڑتے ہیں۔

مجھے دو دفعہ چائے خانوں کی جنگوں سے سابقہ پڑا ہے۔ ۱۹۳۱ یا ۱۹۳۲ کا ذکر ہے۔ ہم لوگ ایک چائے خانے میں بیٹھے تھے کہ ایک جھگڑا پیش ہوا اور ہمیں ثالث قرار دیا گیا۔ الزام یہ تھا کہ ایک شخص نے دوسرے کی جائداد ہتیا لی ہے۔ یہ شخص بڑا کڑیل جوان تھا۔ اسی نے بحث کا آغاز کیا تھا۔ اُس نے ہمارے سامنے ایک لمبی چوڑی تقریر کی جس میں اُس نے بتایا کہ میں نے اپنے ہمسائے (فریقِ مخالف) کے ساتھ بڑے صبر و سکون سے گزارا کیا ہے، ہمیشہ فراخدلی کا برتاؤ کیا ہے اور بڑی بے غرضی سے اُس کی خدمت خاطر کی ہے۔ مزہ یہ کہ اس نے ہم ثالثوں کو بھی بحث میں حصہ لینے پر مجبور کر دیا۔ اور جب ہم آپس میں بحث میں اُلجھے ہوئے تھے تو وہ چپکے سے اٹھا اور باہر جا کر، اُس زمین کے اردگرد باڑ لگا دی۔ جس کے بارے میں جھگڑا ہو رہا تھا۔ پھر اُس نے ہم سے آکر کہا: "آپ لوگ خود چل کر دیکھ لیجئے کہ میں ٹھیک کہتا ہوں یا نہیں۔ ہم لوگوں نے باہر جا کر دیکھا کہ اُس وقت بھی اُس کے کارندے نزاعی رقبے کے گرد باڑ لگا رہے تھے! اُس نے ہم سے پوچھا "کیوں بھائیو! حق پر میں ہوں یا یہ شخص؟" ہم تو اپنی آنکھوں اُس کی بد ذاتی دیکھ چکے تھے۔ ہم نے فیصلہ دیا کہ تم بالکل جھوٹے ہو ــــ بس یہ کہنا غضب ہو گیا۔ اُس نے ہمارے فیصلے کے خلاف سخت احتجاج کیا۔ اُس نے کہا: "ساری پنچایت نے میری توہین کی ہے۔ میری

اُلٹ پلٹ کے مقابلے میں، انسانی ذہن ایک عظیم الشان چیز ہے۔ ایسی وسیع اور ارفع کہ اس میں کائنات کے رازوں کو سمجھنے کی اہلیت موجود ہے۔

مگر عام ذہن ایسے نہیں ہوتے۔ اس لئے میں ذہنِ انسانی کو عظیم الشان نہیں، ایک دلفریب چیز کہوں گا کیونکہ اگر سب انسانوں کے ذہن ایسے ہی اعلیٰ ہوتے تو ہر انسان معقولیت کا پُتلا ہوتا۔ وہ گناہوں اور کمزوریوں اور بداخلاقی سے مبرّا ہوتا اور اس طرح یہ مخلوق نہایت غیر دلچسپ ہوتی ــــــ میں انسان پرست ہوں اور انسانیت کا دلدادہ ہوں۔ اسی لئے گناہوں سے پاک، اولیا سے مجھے زیادہ دلچسپی نہیں۔ مجھے تو انسان سے دل چسپی ہے کہ وہ سخت غیر منطقی، نہایت متلوّن ہے۔ وہ مستقل مزاج نہیں ہے۔ وہ بڑی دلچسپ حماقتیں کرتا ہے جشن مناتا ہے، اودھم مچاتا ہے، اس میں سخت تعصب اور کٹّر پن ہے اور وہ نسیان کا پُتلا ہے۔ اگر ہمارے ذہن ایسے ہی مکمل ہوتے تو ہمیں ہر نئے سال کے شروع میں لمبے چوڑے پروگرام نہ بنانے پڑتے کہ اس سال ہم یہ کریں گے اور وہ نہیں کریں گے! ـــــ انسانی زندگی کی دلفریبی تو یہی ہے کہ انسان ہر سال نئے نئے منصوبے باندھتا ہے۔ اور ہر سال کے آخر میں اُسے یہ معلوم ہوتا ہے کہ اُس نے اپنے منصوبوں کا زیادہ سے زیادہ تیسرا حصّہ پورا کیا ہے۔ باقی کے دو حصّوں میں سے ایک حصّے پر تو عمل نہیں ہو سکا۔ اور ایک حصّہ وہ بالکل بھول جاتا ہے۔ سچی بات یہ ہے کہ وہ منصوبہ جس پر عمل یقینی ہو اپنی دلچسپی کھو بیٹھتا ہے۔ اگر کسی جرنیل کو یہ معلوم ہو کہ اُس نے ایک جنگ لڑنے کے لئے جو نقشہ بنایا ہے، اس پر عمل کرنے سے فوج کے کتنے آدمی مارے جائیں گے، کتنے زخمی ہوں گے اور دوسرا نقصان کیا ہوگا تو اس کے لئے اس لڑائی میں کوئی دلچسپی باقی نہ رہیگی۔

لیکن قدرت کو آئندہ کا حال بھی معلوم تھا۔ قدرت جانتی تھی کہ ہمیں اس تجربے میں ناکامی
ہوگی۔ کیونکہ ابتدا میں ناکامیاں ہی انسان کا مقدر ہیں ——— اب یہ حال ہے کہ پنچایتیں
ختم ہو گئی ہیں اور ہم لوگ پھر وحشیوں کی طرح ایک دوسرے کے بال نوچ رہے ہیں اور
جانوروں کی طرح ایک دوسرے کی بوٹیاں اڑا رہے ہیں . . . . مگر میں مایوس نہیں ہوں۔
شرم وحیا اچھی خصلتیں ہیں اور یہی حال باتیں کرنے کا ہے! میرے نزدیک تو اب انسان
بالکل بے شرم اور بے حیا ہو چکے ہیں۔ تاہم ہم یہ دعوے کرتے ہیں کہ ہم میں ابھی
حیا داری باقی ہے اور باتیں بنانے میں لگے رہیں۔ شاید اسی طرح باتیں کرتے
کرتے ہم فرشتوں کے اعلیٰ رتبے پر پہنچ جائیں۔ جو آپس میں باتیں تو کرتے ہیں لیکن
ایک دوسرے کی تکا بوٹی نہیں اڑاتے۔

# ۶۔ ذہنِ انسانی

غالباً انسانی ذہن، تخلیق کا سب سے بڑا اعجاز ہے۔ بہت سے لوگوں کو
اس دعوے سے اتفاق ہوگا۔ خاص طور پر اس صورت میں کہ حکیم آئن سٹائن اور موجد
ایڈیسن جیسے لوگوں کے ذہن سامنے رکھے جائیں۔ کیونکہ آئن سٹائن نے کائنات
کے قوسی خلا کو حساب کے ذریعے ثابت کیا اور ایڈیسن نے گراموفون اور سنیما
کی مشین جیسی چیزیں ایجاد کیں ——— یہ دعوے اُن ماہرین طبعیات کے ذہنوں کے
پیشِ نظر اور بھی مضبوط ہو جاتا ہے جو کسی ستارے کی راہ و رفتار ناپ لیتے ہیں۔
ایٹم کی ترکیب جانتے ہیں اور ایٹم سے کیا کیا کچھ بنا سکتے ہیں اور ایسے کیمرے بنا سکتے
ہیں جو رنگین تصویریں لے سکیں! ——— گویا بندروں کی بے مقصد اور فضول کرید اور

گویا انسانی ذہن اس لئے دلچسپ ہے کہ وہ کُہنہ تعصبات کا مارا ہوا ہے سخت متلوّن اور ضدّی ہے اور کوئی اس کے بارے میں پیش گوئی نہیں کر سکتا کہ اب وہ کیا سوچے گا اور کیا کرے گا۔ اور اگر نفسیات نے ہم پر یہ بھی واضح نہیں کیا تو گویا ہم نے نفسیات سے ایک سو برس میں کچھ نہیں سیکھا۔ دوسرے لفظوں میں انسانی ذہن اب بھی بے مقصد ٹامک ٹوئیے مارنے کی صلاحیت رکھتا ہے جو ہمارے اجداد "بندروں" کے ذہن کا خاصہ تھی۔

انسانی ذہن کے ارتقا پر ذرا غور کیجئے۔ انسانی ذہن اصل میں ایک ایسا عضو تھا جس کے ذریعے ہم خطرے کا احساس کرتے تھے اور اپنی زندگی کو محفوظ رکھتے تھے۔ رفتہ رفتہ یہ ذہن ترقی پا کر منطقی بنا اور حساب کتاب کی باریکیوں کو سمجھنے لگا۔ میرے نزدیک یہ ترقی محض اتفاقی تھی ___ انسانی ذہن اصل میں اس کے لئے بنایا نہیں گیا تھا۔ اس کی تخلیق کا مقصد یہ تھا کہ خوراک کو سونگھ کر تمیز کر سکے، اور اب اگر حسابی فارمولوں کو "سونگھ" کر یہ ان میں بھی تمیز کر سکتا ہے، تو یہ مزید خوبی کی بات ہے۔ انسانی دماغ اور حیوانی دماغ کے بارے میں میرا اپنا نظریّہ یہ ہے کہ اس کی مثال ایک تیندوے کی طرح ہے جو اپنا جال پھیلاتا ہے اور سچائیاں ٹٹولتا رہتا ہے۔ جب کوئی حقیقت اس جال میں آپھنستی ہے تو وہ اسے کھا جاتا ہے۔ آج بھی ہم یہ کہتے ہیں "میں محسوس کرتا ہوں کہ یہ حقیقت ہے!" یعنی ہم حقیقت پر غور نہیں کرتے۔ اُسے صرف "محسوس" کرتے ہیں! ___ گویا، ہمارا دماغ ہمارے حواس اور محسوس کرنے والے اعضا کے قبیل کا ایک عضو ہے۔ رہا یہ کہ دماغ، حقائق کو محسوس کیسے کرتا ہے؟ یہ ابھی تک طبعیّات دریافت نہیں کر سکی جب کبھی انسانی دماغ، محسوس کرنے والے اعضا

اگر آپ کو یہ معلوم ہو کہ شطرنج میں آپ کے مقابل جو شخص ہے اس کا ذہن غلطی اور بھول چوک سے مبرّا ہے تو آپ اس کے ساتھ کبھی شطرنج نہیں کھیلیں گے۔ اگر ہمیں یہ معلوم ہو کہ ناولوں میں جو کردار موجود ہیں ان کا ذہن کیا سوچے گا اور ناول کا انجام کیا ہوگا تو ہر ناول ایسی پیش پا افتادہ چیز بن جائے کہ ہم کسی ناول کو چھونا تک گوارا نہ کریں۔ ہم تو ناول اس لئے پڑھتے ہیں کہ ہم ایک نامعلوم ذہن کے سوچ، اس کے کام کا کھوج لگانا چاہتے ہیں۔ یہ جاننا چاہتے ہیں کہ ایک ذہن کسی مقررہ وقت پر کس قسم کا فیصلہ کرے گا اور کن حالات میں کیا کچھ عمل پذیر ہوگا۔ اگر ہمیں کسی کتاب میں ایسے سخت گیر باپ سے سابقہ پڑے جو کسی وقت بھی اپنی سخت گیری چھوڑ کر ہماری طرح ایک انسان نظر نہ آئے تو ہمیں اس سے دلچسپی نہ رہے گی۔ اسی طرح وہ بے وفا خاوند بھی سخت، غیر دلچسپ کردار بن جائے گا جو ہمیشہ اپنا لگا بندھا انداز اور گھڑا گھڑایا طور ہی قائم رکھے۔ انسان اسی لئے دلچسپ ہے کہ وہ انسان ہے۔ ذرا ایک مشہور موسیقار کا خیال کیجئے۔ جو ایک حسین عورت کے لئے کوئی نغمہ ترتیب دینے سے ہمیشہ انکار کرتا رہا ہے۔ اسے پتا چلتا ہے کہ اس کا رقیب موسیقار ایسا کرنے پر تیار ہو گیا ہے تو وہ بھی فوراً اپنا نغمہ ترتیب دینا شروع کر دے گا اور اس طرح اپنے اصول کے خلاف عمل کرے گا ۔ ایک سائنسدان کا تصور کیجئے جو اخباروں میں اپنے تحقیقی مقالے چھپوانے کی قسم کھا چکا ہے۔ یکایک وہ یہ خبر پڑھتا ہے کہ اس کا حریف اپنی تمام تحقیقات شائع کر رہا ہے۔ وہ اپنا اصول اٹھا کر طاق پر رکھ دے گا اور فوراً پبلشر کے گھر کا رخ کرے گا۔ یہی چیز انسانی تقاضا ہے۔ اور انسانی ذہن کی یہی خصوصیت، یہی کمزوری اسے دلچسپ اور دل فریب بناتی ہے۔

کس کام کی جہاں ہر شخص بے حد عقل پسند اور معقولیت پرست ہو — آپ پوچھیں گے کیا میں سائنسی ترقی کے خلاف ہوں؟ جی نہیں، میں تو مقدس ہوتے، اولیاء ہونے کے خلاف ہوں۔ آپ یہ بھی کہہ سکتے ہیں کہ میں انسانوں کو دانشور اور ذہین تر بنانے کے خلاف ہوں۔ میں نہیں جانتا کہ اس کا جواب ہاں میں دوں، یا نہیں میں — میں صرف یہ کہتا ہوں کہ مجھے انسانی زندگی سے گہری محبت ہے اور چونکہ مجھے انسانی زندگی سے اتنی محبت ہے لہٰذا میں "عقل و فراست" پر بالکل اعتبار نہیں رکھتا۔ اگر دنیا مجسّم "عقل و فراست" ہو جائے تو جانتے ہیں کیا حال ہو گا؟ اخباروں میں کوئی خبر، کسی کے قتل، چوری ڈاکے کی نہیں چھپے گی۔ ہر شخص اتنا عاقل، کامل، اتنا حاضر و موجود ہو گا کہ کوئی کام خراب نہیں ہو سکے گا۔ کہیں کسی گھر کو آگ نہیں لگے گی۔ ہوائی جہاز کا کہیں کوئی حادثہ نہیں ہو گا۔ کوئی خاوند اپنی بیوی کو چھوڑ کر بھاگ نہیں جائے گا۔ کوئی پادری کسی معمولی لڑکی کو اغوا نہیں کرے گا۔ کوئی بادشاہ محبّت کی خاطر تخت و تاج پر لات نہیں مارے گا۔ اور کوئی شخص کسی وقت اپنا ارادہ نہیں بدلے گا۔ اس دنیا میں ہر شخص بڑی باقاعدگی کے ساتھ وہ زندگی اختیار کرے گا، جس کا خاکہ اُس نے غالباً دس برس کی عمر میں تیار کیا تھا — اگر دنیا یہ ہو تو ہمارا تو دُور سے سلام ہے۔ کیونکہ یہ دُنیا انسانوں کی دنیا نہیں؛ اس میں کوئی سنسنی، کوئی گردش، کوئی بے یقینی نہیں۔ ایسی دنیا میں کوئی ادب نہیں پیدا ہو سکتا۔ کیونکہ اس میں گناہ، بداخلاقی، انسانی کمزوری، طوفانی خواہشیں نہیں ہوں گی، تعصبات اور بے قاعدگیاں نہیں ہوں گی — اور مصیبت یہ ہے کہ کوئی غیر متوقع بات نہیں ہو گی۔ کوئی اچنبھا، کوئی حیرت نہیں ہو گی۔ اس دنیا کی مثال ایسی گھُڑدوڑ کی ہو گی جس میں کوئی چالیس پچاس ہزار تماشائیوں کو پہلے سے ہی معلوم ہو گا کہ کونسا گھوڑا جیتنے والا ہے —

سے الگ ہو کر سوچنا شروع کرے اور اس کا سوچ غیر متعلق اور محض مجرد ہو کر رہ جائے تو ولیم جیمز کے قول کے مطابق اس وقت انسانی دماغ، واضح اور ظاہر حقائق سے ہٹ جاتا ہے اور نظریاتی دنیاؤں میں ٹامک ٹوئیے مارنے لگتا ہے۔ نتیجہ یہ کہ انسانی ذہن اپنی قوّت کھو بیٹھتا ہے، غیر انسانی ہو جاتا ہے اور اپنی تمام خوبیاں زائل کر دیتا ہے ـــــ ہم لوگ اسی غلط فہمی میں مبتلا ہیں کہ انسانی ذہن کا کام "سوچنا" ہے ـــــ اس غلط فہمی کی وجہ سے فلسفے میں بھی سخت گھپلے کئے جا رہے ہیں۔ اس غلط فہمی کی بنا پر فلسفی کو اُس وقت سخت صدمہ ہوتا ہے جب وہ انسانی ذہن کے بارے میں سوچتے سوچتے گھر سے باہر نکل کر بازار میں جاتا ہے اور وہاں ہر قسم کے لوگوں کا اسے سامنا کرنا پڑتا ہے ـــــ وجہ یہ ہے کہ ہمارے روزمرّہ کے کاموں اور طور طریقوں سے "سوچنے" کا بہت ہی کم تعلق ہے!

مرحوم جیمز ہاروے رونبس نے اپنی کتاب "انسانی ذہن کی تشکیل" میں بتایا ہے کہ انسانی ذہن بتدریج چار بنیادی تہوں سے بنا تھا۔ اور اب بھی یہ تعمیر جاری ہے۔ انسانی ذہن کی یہ چار بنیادیں یہ ہیں: حیوانی ذہن، وحشی ذہن، طفولیت کا ذہن اور قدیم تہذیبوں کا ذہن ـــــ انہوں نے یہ بھی بتایا ہے کہ اگر موجودہ انسانی تہذیب کو اپنی بقا منظور ہے تو انسانی ذہن میں زیادہ تنقیدی صلاحیت پیدا کرنی لازمی ہے۔ میں جب سائنس کے نقطۂ نظر سے سوچوں تو جیمز ہاروے رونبس کے ساتھ پوری طرح متفق ہوتا ہوں لیکن دانشمندی کے لمحوں میں مجھے ان کی تعلیم پر شبہہ ہوتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ انسانی ذہن میں تنقیدی صلاحیتیں بڑھانے کا نظریہ کسی طور بھی قابلِ قبول نہیں۔ یہ انسانی ترقی میں بالکل ہاتھ نہیں بٹا سکتا ـــــ میں چاہتا ہوں کہ انسانی ذہن اسی طرح غیر معقول، اسی طرح دلچسپ رہے! ایسی دنیا بھلا

کا جہاں تک سوال ہے وہ ان چیونٹیوں کو ہی مبارک ہو۔ انسان کے لئے اس معاملے میں چیونٹیوں سے نچلے درجے پر قناعت کرنا ہی بہتر ہوگا۔ چیونٹیاں بڑی محنتی، بڑی ہوشمند، نہایت کفایت شعار مخلوق ہیں۔ ان کا معاشرہ تنظیم میں اپنا ثانی نہیں رکھتا نظم وضبط اور ترتیب میں جواب نہیں رکھتا۔ لیکن انسان ایسا نہیں۔ چیونٹیاں، دن میں چودہ چودہ گھنٹے کام کرتی ہیں اور اپنے معاشرے یا اپنی ریاست کے لئے کسی محنت سے ہرگز گریز نہیں کرتیں۔ ان میں فرائض کا احساس بدرجۂ اتم ہے۔ انہیں اپنے حقوق کا کوئی شعور نہیں ہوتا۔ ان میں مستقل مزاجی اور باقاعدگی ہے، تمیز اور چھوٹ ہے۔ اور سب سے بڑی بات یہ ہے کہ ان میں اپنے آپ پر قابو پانے کی زبردست صلاحیت ہے — لیکن انسان ایسا نہیں ہے۔ وہ ان صلاحیتوں میں چیونٹیوں سے بہت پیچھے ہے۔

ذرا "بقائے دوام کے دربار" کی سیر کیجئے۔ ان لوگوں کو یاد کیجئے جنہیں ہم آپ عظیم شخصیتیں کہتے ہیں۔ ہمیں معلوم ہوگا کہ چیونٹیوں والی معقولیت اور اخلاق کی رفعت انہیں چھو کر بھی نہیں گئی تھی' — یہ روما کا نامور فاتح جولیس سیزر ہے عظیم جولیس جس کی معقولیت کا حال یہ تھا کہ اس نے ایک عورت کے لئے ساری سلطنت کو پس پشت ڈال دیا (انطونی کا حال اس سے بھی بدتر ہے) وہ موسیٰؑ ہیں جنہوں نے غصے میں وہ سارے سنگین صحیفے چکنا چور کر دئیے۔ جن پر انہوں نے خدا کے حضور میں کوہِ سینا پر چالیس دن رات محنت کی تھی۔ وہ بھی معقولیت اور منطق سے اتنے ہی دور تھے جتنی ساری اسرائیلی قوم تھی جس نے خدا کو چھوڑ کر سامری کے گوسالے کی پرستش شروع کر دی — یہ داؤدؑ ہیں، بادشاہ اور پیغمبر، انکا حال یہ تھا کہ آج سخت ظالم ہیں اور کل نہایت رحم دل کبھی سخت ریاضتیں کر رہے

اصل یہ ہے کہ انسانی کمزوری ہی زندگی کی جان ہے، زندگی کا آب و رنگ ہے۔ اگر ہم سب انسان سخت منطقی اور نہایت معقول ہو جائیں تو ہماری دانشمندی میں کوئی اضافہ نہیں ہوگا، الٹا ہم مشین بن کر رہ جائیں گے۔ ایک ایسی مشین جس کا ذہن جسم کی خواہشوں کو اسی طرح ظاہر کرے گا جس طرح بجلی کا میٹر بجلی کے خرچ ہونے کو خود بخود ظاہر کرتا رہتا ہے! ــــ یہ صورتِ حال سخت غیر انسانی ہے اور جو چیز غیر انسانی ہو، وہ نہایت بری ہے۔

میرے قارئین یہ نہ سمجھیں کہ میں انسانی کمزوریوں اور خامیوں کا بڑی کاوش سے جواز پیش کر رہا ہوں اور ان خامیوں اور برائیوں کو خوبیاں بنا کر دکھانے کی کوشش کر رہا ہوں۔ یہ بات نہیں ہے۔ اصل یہ ہے کہ اگر ہم اپنے ذہن کو ترقی دے کر پوری طرح منطقی اور معقول بنا لیں، تو ہم اپنے انداز و اطوار کو تو درست اور صحیح بنا سکیں گے مگر ہم زندگی کے لطف، اور جینے کے مزوں سے قطعی طور پر محروم ہو جائیں گے ــــ یہ صورتِ حال بڑی غیر دلچسپ ہوگی۔ اگر آپ کو ایسے شوہر یا ایسی بیوی کے ساتھ پوری زندگی بسر کرنی پڑے جو خوبیوں اور نیکیوں کا ہی مجسمہ ہو تو زندگی وبال ہو جائے۔ یہ مانا کہ ایسے مکمل اور معقول انسانوں کا ایک معاشرہ پنپ سکتا ہے اور زندہ بھی رہ سکتا ہے۔ مگر ان حالات میں زندگی کرنا بہت مہنگا سودا ثابت ہوگا۔ گویا معاشرہ ایسا ہی قائم کرنا چاہیئے جو خوب منظم اور مربوط ہو مگر بہت زیادہ منظم اور بہت زیادہ باقاعدہ بھی نہ ہو۔ ذرا چیونٹیوں کا ایک قبیلہ دیکھیئے جو اس دنیا میں ایک منظم اور سخت معقول معاشرے کی غالباً سب سے عمدہ مثال ہے۔ ان چیونٹیوں نے ایسی مثالی اشتراکی ریاست قائم کر رکھی ہے کہ وہ کروڑوں برس سے اسی طرح زندہ ہیں ــــ اخلاق اور اطوار کی معقولیت

بے حد غیر دلچسپ اور جھوٹی ہوتی ہیں۔ کیونکہ ان میں مرنے والوں کو غیر معمولی طور پر نیکوکار اور برتر انسان دکھایا جاتا ہے۔ مجھے یاد ہے جب میں نے اپنی کتاب "میرا ملک اور میرے ہم وطن" شائع کی تو مجھ پر چینی عالموں نے یہ اعتراض کیا کہ میں نے چینیوں کی صفات کے ساتھ ساتھ ان کی کمزوریاں بھی گنوائی ہیں۔ مثلاً میرے ہم وطنوں، خاص طور پر چینی افسروں اور سرکاری ملازمین کا خیال تھا کہ اگر میں اس کتاب میں چین کو ایک ایسی جنت ظاہر کرتا جس میں نہایت پُرامن اور عمدہ قسم کے ولی صفت لوگ رہتے ہیں تو میں اپنے ملک کے لئے نہایت تعمیری پراپیگنڈا کرتا۔ مگر میرے نزدیک سوانح حیات کی ساری دلچسپی کا دارومدار اِس بات پر ہے کہ بڑے آدمی کے کردار کے انسانی پہلو بھی دکھائے جائیں۔ ایسے پہلو جو ہم کمزور انسانوں جیسے ہوں۔ کسی سوانحی کتاب میں کوئی غیر معقول بات اِس بات کی دلیل ہوتی ہے کہ سوانح نگار اپنے ممدوح کے بارے میں جو کچھ کہہ رہا ہے ٹھیک کہہ رہا ہے۔ یہی وہ خصوصیت ہے جس کی بنا پر لٹن سٹریچی کی مشہور کتاب "عہدِ وکٹوریا کے عظیم لوگ" کو کمالِ فن سمجھا جاتا ہے۔

ایک نہایت ہوش مند ذہن کی عمدہ مثال، انگریز قوم کا ذہن ہے۔ بحیثیت قوم انگریزوں کو منطق سے چنداں واسطہ نہیں۔ لیکن ان کا ذہن خطرے کو فوراً محسوس کر لیتا ہے اور زندگی کے تحفظ کا بھی فوراً اہتمام کرتا ہے۔ انگریزوں کے قومی کردار اور ان کی منطقی تاریخ میں مجھے کبھی کوئی معقول شے نظر نہیں آئی۔ ان کی یونیورسٹیاں اُن کا کلیسا اور دوسرے اچھے ادارے محض اتفاقی امور ہیں۔ مگر برطانوی سلطنت کی قوت کا راز یہ ہے کہ انگریز کے دل میں دوسرے کی بات کبھی نہیں اترتی۔ نہ وہ دوسروں کے نظریوں کو قابلِ قبول ہی گردان سکتا ہے۔ انگریزوں کا عقیدہ ہے کہ انگریزی

ہیں اور کبھی عیّاشی میں غرق ہیں۔ یہ خدا کی پرستش بھی کرتے تھے، مگر انھوں نے گناہ بھی کیے اور پھر توراتؔ و انجیلؔ کے لیے اپنے نغماتِ توبہ بھی لکھے ــــ اس بقائے دوام کے دربار میں یہ حضرتِ سلیمانؑ ہیں جنھیں عقل و دانش کا پیکر کہا جاتا ہے۔ مگر وہ اپنے بیٹے کو راہِ راست پر نہ لا سکے ــــ یہ چینی پیغمبر کنفیوشسؔ ہیں جنھوں نے ایک دفعہ ایک ملاقاتی سے کہا تھا کہ میں گھر پر نہیں ہوں۔ اور ساتھ ہی گانا شروع کر دیا تھا کہ ملاقاتی کو یہ پتہ چل جائے کہ وہ ہیں گھر ہی میں! ــــ یہ عظیم ڈرامہ نگار شکسپیرؔ ہیں۔ جن کی معقولیّت کا یہ حال تھا کہ انھوں نے ایک گھٹیا درجے کا پلنگ اپنی بیوی کو ترکے میں دینے کی وصیّت کی تھی ــــ یہ عظیم شاعر ملٹنؔ ہیں جن کا گزارا اپنی سترہ سالہ چنچل بیوی سے نہیں ہوتا تھا، اِسی لیے اُنھوں نے طلاق کے مسئلے پر ایک مقالہ لکھا اور جب اس مقالے پر اعتراضات کی بوچھار ہوئی تو انھوں نے ایک کتاب میں آزادیٔ گفتار پر زبردست خطبہ سپردِ قلم کیا! ــــ یہ جرمنی کے عظیم شاعر، فن کار اور مفکّر گوئٹےؔ ہیں جنھوں نے شادی اُس وقت کی جب اُس عورت سے ان کا لڑکا سترہ سال کا ہو چکا تھا ــــ یہ سوفٹؔ ہیں جو اپنی عمر اور علم اور شہرت کو بھول کر ایک بالکل نوعمر لڑکی، لیڈی سٹیلاؔ کے لیے خون کے آنسو روتے تھے ۔۔۔ یہ ناروے کے عظیم تمثیل نگار ابسنؔ ہیں ۔۔۔۔ جو ۔۔۔۔۔ مگر یہ فہرست تو کبھی ختم نہیں ہوگی!!

کیا یہ ظاہر اور واضح نہیں کہ اس دنیا پر عقل نہیں بلکہ طوفانی خواہشوں کی حکمرانی ہے؟ اور ان عظیم شخصیتوں کو جو چیز محبوب بناتی ہے، جو انھیں انسان ثابت کرتی ہے، وہ ان کی معقولیت نہیں ــــ ہرگز نہیں میں نے کئی بار دیکھا ہے کہ چین میں کسی کے مرنے پر جو مضمون نکلتے ہیں اور جو سوانح شائع ہوتی ہیں وہ

ہیں کہ ہم اپنی آنتوں یعنی معدے اور پیٹ کے ذریعے ہر چیز پر غور و فکر کرتے ہیں۔ چینی زبان کا عام محاورہ ہے کہ فلاں شخص "بھرپیٹ خیالات" یا "بھرپیٹ علم" یا "بھرپیٹ شعر و ادب" کا مالک ہے۔ یا فلاں شخص "بھرپیٹ غم یا غصہ یا پشیمانی یا غضب یا آرزومندی" سے دوچار ہے۔ چینی عاشق جب محبوبہ سے جدا ہو جائیں تو وہ اپنے محبت ناموں میں یہ لکھیں گے "میری غمگین آنتوں میں ہزار گرہیں پڑ گئی ہیں" یا "تم سے جدا ہو کر جیسے میری آنتیں کٹ سی گئیں!" — جو چینی عالم کسی موضوع پر مواد اکٹھا کر لیں اور اپنے خیالات کو ترتیب دے لیں مگر انہیں کاغذ پر منتقل نہ کر پائیں، ان کے بارے میں مشہور چینی محاورہ ہے کہ فلاں صاحب کے پاس فلاں مقالے کا "شکمی مسودہ" موجود ہے۔ گویا چینی مفکر اپنے خیالات کو اپنے شکم میں ترتیب دیتے ہیں اور اب تو نفسیات کے جدید انکشافات نے اس کی شہادت دیدی ہے مگر چینی مفکروں کو اس جدید شہادت کی کوئی حاجت نہیں۔

انسانی ذہن جب اس کائنات کے ٹھوس مظاہر کے بارے میں غور کر رہا ہو تو اسے ہٹیانہ سمجھئے (انسانی ذہن صرف انسانی تعلقات کو سمجھنے میں ہی کچھ نیاز مند ہے!) میں سائنس کی ترقی کے بارے میں بہت پُرامید ہوں۔ مگر انسانی معاملات میں انسانی ذہن توازن اور تنقید اور معقولیت سے کبھی کام لے گا؟ یا انسانیت کبھی اس پُرامن مفاہمت کی سطح پر پہنچ جائے گی، جہاں اس کی طوفانی خواہشوں کی یلغار نہ ہو سکے؟ مجھے اس میں شک ہے — ہو سکتا ہے انفرادی طور پر انسان بڑی اونچی بلندیوں کو چھو لے۔ مگر انسانی گروہ اور انسانی معاشرے اسی طرح وحشیانہ جذبات کے غلام ہیں، اسی طرح رجعت کی راہ پر گہرائیوں میں پھسلتے جا رہے ہیں۔ ان میں وہی وحشیانہ جبلتیں کارفرما ہیں، جو ہمیشہ سے ہیں۔ ان میں کبھی نہ کبھی مذہبی

طرز کار سب سے بہترین ہے اور انگریزی کھانا ہی سب سے عمدہ اور سب سے مناسب خوراک ہے۔ انگریزوں نے اگر کبھی منطق اور دلیل سیکھ لی تو اپنے اوپر اُن کا اعتماد اُٹھ جائے گا اور برطانوی سلطنت کے ٹکڑے ٹکڑے ہو جائیں گے کیونکہ کوئی ایسا شخص دنیا فتح نہیں کرتا پھرتا جسے اپنے بارے میں کچھ شکوک، کچھ شبہات ہوں۔ ذرا ملاحظہ ہو کہ انگریز قوم کا رویّہ اپنے بادشاہ کے ساتھ کیسا ہے۔ وہ اس کے دل سے وفادار ہوتے ہیں۔ وہ دل سے اپنے بادشاہ کو چاہتے ہیں لیکن انہوں نے خود ہی اپنے بادشاہ کو تقریر کی آزادی سے محروم کر رکھا ہے۔ وہ اپنے بادشاہ سے من مانی کراتے ہیں۔ ورنہ بادشاہ کو تخت و تاج چھوڑنا پڑ جاتا ہے۔ ملکہ الزبتھ اوّل کے وقت انگلستان کو سمندری ڈاکو درکار تھے کہ وہ سپین کے خلاف اپنی سلطنت کی حفاظت کریں۔ انگلستان نے کافی تعداد میں ایسے سمندری لٹیرے پیدا کر لیے اور پھر اُنہیں قدر و منزلت کی آخری رفعتوں پر بھی چڑھایا۔ گویا ہر زمانے میں انگلستان نے ٹھیک لڑائی لڑی ہے اور جس کے خلاف بھی لڑی ہے وہ واقعی دشمن تھا۔ اس کے جو حلیف تھے وہ واقعی حلیف تھے۔ اس لڑائی کا موقع محل بھی ٹھیک تھا مگر انہوں نے اس کا نام غلط رکھا تھا۔ یہ سب کچھ منطق کا کرشمہ نہیں تھا یہ تو محض ٹھیک بات "محسوس" کر لینے کا اعجاز تھا۔

انگریزوں کا چہرہ مہرہ نہایت سُرخ و سفید ہوتا ہے اس کی وجہ غالباً انگلستان کا کُہرا اور کرکٹ کا کھیل ہے۔ ایسی صحت مند کھال جیسی کہ انگریزوں کی ہے آدمی کے فکر پر ضرور اثر ڈالتی ہے یعنی ان کی زندگی بسر کرنے کے طریقے پر اپنا اہم اثر چھوڑتی ہے جس طرح انگریز اپنی صحت مند کھال کے ذریعے سے سوچتے ہیں، اسی طرح چینی اپنی آنتوں کے ذریعے سے سوچتے ہیں۔ یہ چین کا بڑا پرانا رواج ہے۔ ہم چینی جانتے

اور ہمیں یہ نظر آتا ہے کہ ہم مہذب ہوتے ہوئے بھی درندگی اور وحشت کے کتنے قریب ہیں۔ اور تہذیب کا ملمع کتنا ہلکا ہے اور یہ تہذیب کتنی سطحی ہے۔ ایسے موقعوں پر ساری تہذیب دھری رہ جاتی ہے۔ عرب، عیسائیوں کے خون سے ہاتھ رنگتے ہیں اور عیسائی عربوں کو مارتے ہیں۔ حبشی، سفید اقوام پر حملے کرتے ہیں اور سفید فام لوگ حبشیوں کو گولی سے اڑاتے ہیں۔ جنگلی چوہے، اپنے اپنے بلوں سے نکل کر انسانی لاشوں کی بوٹیاں نوچتے ہیں اور آسمان پر گدھ اس انسانی لاشوں کی ضیافت پر منڈلاتے ہیں —— اور یہ سب کچھ ہمیں یہ یاد دلاتا ہے کہ جانور آخر ہمارے بھائی ہیں —— یہی وہ تجربے ہیں جو قدرت ہمارے لئے عمل میں لاتی ہے۔

تجزیہ نفسی کا طریقِ علاج یہ ہے کہ دماغی مریضوں کو اُن کا ماضی یاد دلایا جائے اور انہیں اپنی زندگی کو خارجی انداز سے دیکھنا سکھایا جائے —— اگر انسانیت بھی اپنے ماضی پر زیادہ غور کرے تو انسانوں کو اپنے اوپر زیادہ قابو، زیادہ اختیار حاصل ہو جائے۔ شاید یہ احساس کہ ہم ایک حیوانی ورثے کے وارث ہیں اور حیوانیت سے اب بھی بہت زیادہ قریب ہیں، ہمیں وحشی جانوروں کی طرح برتاؤ کرنے بلکہ وحشی جانور بن جانے سے روک سکے۔

مگر اس صورتِ حال کا علاج کیا ہے کہ ہمارا تنقیدی ذہن بڑا کمزور اور بے حس سا ہے۔ غور و فکر سے زیادہ امید لگانی فضول ہے۔ پھر معقولیت بھی کم ہی ہمارے کام آتی ہے۔ اصل میں ہمارے لئے راستہ یہ ہے کہ ہم معقولیت کو ہاتھ سے نہ جانے دیں۔ ہمارا تفکر، ہماری سوچ بچار جذبات سے عاری نہ ہو ہمدردی اور حلم سے خارج نہ ہو۔ اس میں جبلت اور وجدان کا بھی پورا دخل رہے۔ یہی

جنون اور گہرے تعصبات اور اجتماعی ہیجان کے وہی طوفان آتے ہیں جو ہمیشہ بنی نوع انسان میں آتے رہے ہیں۔

تو اپنی یہ انسانی کمزوریاں جانتے ہوئے ہمیں چاہیئے کہ اُس منحوس شخص سے اور زیادہ نفرت کریں جو اپنی "تعلیمات" اور "خطابت" سے کام لے کر ہماری انسانی کمزوریوں سے فائدہ اٹھائے اور ہمیں ایک نئی عالمگیر جنگ کی بھٹی میں جھونک دے! یہ وہ شخص ہوتا ہے جو نفرت کی پرورش کرتا ہے اور نفرت کا جذبہ ہم میں کافی موجود ہے! یہ شخص، ذہن کی ناجائز ترقی اور فرد کی خود غرضی کو آسمان پر چڑھاتا ہے اور ان دو چیزوں کی پہلے ہی ہم میں بڑی بھرمار ہے۔ یہ وہ شخص ہے، جو ہمارے وحشیانہ تعصب اور ہمارے نسلی تعصب کو اپیل کرتا ہے۔ یہ وہ شخص ہے جو نوجوانوں کی تنظیم کے لئے انجیل کے پانچویں حکم (تمہیں کسی کو جان سے مارنا نہیں ہوگا) کو منسوخ قرار دیتا ہے اور قتل و غارت اور خون ریزی اور جنگ کو اعلیٰ ترین کام قرار دیتا ہے۔ — گویا ہم پہلے ہی کافی جنگ جُو اور جھگڑالو نہیں تھے! یہ وہ شخص ہے جو ہمارے جنونی جذبات کو بھڑکاتا ہے —— گویا ہم پہلے ہی ان کی وجہ سے جانور نہیں تھے! ایسے شخص کا ذہن خود حیوانیت کا مظہر ہوتا ہے۔ چاہے عام معنی میں یہ شخص کتنا دانشمند، کتنا صاحبِ عمل اور کتنا چالاک اور مستعد ہی کیوں نہ ہو۔ اصل میں بے چاری دانشمندی کی نازک پری ہمارے وجود میں ایک وحشی جانور، ایک جن کے ساتھ بندھی پڑی ہے۔ یہ وحشی جانور، ہمارا وہ حیوانی ورثہ ہے جو ہم تک پہنچا ہے اور حقیقت یہ ہے کہ دانش کی یہ پری ایک پتلی اور پرانی سی رسّی سے اس وحشی جانور، اس جن کو مقیّد رکھتی ہے۔ مگر یہ قید عارضی ہوتی ہے کسی وقت یہ رسّی ٹوٹ جاتی ہے اور وہ جن، وہ وحشی جانور آزاد ہو جاتا ہے۔ پھر یہ وحشی کھل کھیلتا ہے

## باب چہارم

# انسانیّت پرستی

۱۔ انسانی شرف اور وقار

۲۔ تجسّس اور انسانی تہذیب کی ابتدا

۳۔ انسان کے سپنے

۴۔ زندہ دلی اور شرافت

۵۔ مزاج کا تلوّن

۶۔ انفرادیّت

چیز ہے جو ہمیں اپنے اجداد کی طرح کا حیوان بننے سے بچا سکتی ہے۔ ہمیں زندگی کو اس طرح پروان چڑھانا ہے کہ وہ ہماری جبلتوں کے ساتھ ہم آہنگ ہو جائے۔ ہماری سلامتی بس اسی میں ہے! میرے نزدیک خیالات کی تہذیب و تعلیم کے بجائے ہمارے حواس اور ہمارے جذبات کی تہذیب و تعلیم کہیں زیادہ ضروری ہے۔

رُخ اور سمت کا احساس کبوتروں میں انسان سے کہیں بہتر ہے۔ چیونٹیاں، انسان سے کہیں زیادہ محنتی، منظم اور کفایت شعار ہوتی ہیں۔ فاختہ اور ہرن انسان سے کہیں زیادہ حلیم اور خوش مزاج ہیں۔ گائے میں انسان سے زیادہ قناعت اور صبر ہوتا ہے۔ بلبل اور دوسرے گانے والے پرندے انسان سے زیادہ سریلے اور خوش آواز ہوتے ہیں۔ طوطے اور مور انسان سے کہیں زیادہ خوش پوش اور خوش لباس مخلوق ہیں ـــــ ان سب باتوں کے باوجود، بندر میں کچھ ایسی بات ہے کہ میں ان جانوروں پر بندر کو ترجیح دیتا ہوں۔ انسان میں جو بندروں کی ایسی چالاکی اور مستعدی اور کرید کا جذبہ موجود ہے، اسی کی وجہ سے میں انسان ہونا پسند کرتا ہوں ـــــ یہ مانا کہ چیونٹیاں بڑی منظم اور بڑی معقولیت پسند مخلوق ہیں اور اُن کا طرزِ حکومت، آج کل کی کسی حکومت سے کہیں زیادہ مستحکم اور پائندہ ہے۔ مگر کیا چیونٹیوں کے پاس لائبریریاں اور عجائب گھر بھی ہیں؟ جب کبھی چیونٹیاں یا ہاتھی دنیا کی سب سے بڑی دوربین ایجاد کرلیں گے یا کوئی نیا اور ہر آن رنگ بدلنے والا ستارہ دریافت کرلیں گے یا کبھی سورج گرہن کی پیش گوئی کرسکیں گے یا جب کبھی مچھلیاں ریاضی میں نئے فارمولے ایجاد کریں گی یا جب کبھی اُود بلاؤ کبھی نہر پانامہ جیسی نہر کھودنے میں کامیاب ہوجائیں گے تو میں اِس دنیا کا نظام اُن کے حوالے کردوں گا۔ انھیں کائنات کا مالک سمجھوں گا۔ اور انھیں ہر مخلوق سے اشرف مخلوق قرار دوں گا!

تو گویا انسان کو اپنے کارناموں پر فخر کرنا چاہیئے۔ مگر یہ تحقیق کر لیجیئے کہ ہمیں کس چیز پر اِترانا ہے؟ یعنی انسانی عظمت اور شرف کی روح، اس کی اصل کیا ہے؟

# انسانی شرف اور وقار

گزشتہ باب میں یہ ذکر ہو چکا ہے کہ انسان کو اپنے آبا سے کیا ورثہ ملا ہے۔ حیوانوں اور انسانوں میں کیا کچھ باتیں مشترک ہیں اور ان کا انسانی تہذیب کے نہج اور نوعیت پر کیا اثر پڑا ہے۔ مگر یہ تصویر ابھی مکمل نہیں ہوئی ——— انسانی فطرت اور انسانی شرف کو اچھی طرح سمجھنے کے لئے ابھی کچھ اور باتوں کی ضرورت محسوس ہوتی ہے ——— شرف انسانی کیا دلفریب ترکیب ہے۔ اس کی اہمیت پر زور دینا ضروری ہے اور یہ جاننا بھی ضروری ہے کہ یہ انسانی شرف ہے کیا۔ مبادا ہم ساری بحث ہی غلط اور مبہم بنا دیں۔ کیونکہ اس بیسویں صدی میں تو یہ خطرہ بڑا واضح نظر آتا ہے کہ ہم اپنی انسانی عظمت اور شرف کو یکسر کھو ہی بیٹھیں ———

آپ پوچھیں گے یہ اگر تم انسان کو حیوان ہی سمجھنے پر مصر ہو تو کیا انسان سب سے زیادہ حیرت انگیز حیوان نہیں ؟" ——— میں آپ سے بالکل متفق ہوں صرف انسان ہی وہ مخلوق ہے جس نے ایک تہذیب ایجاد کی اور یہ وہ ایجاد ہے جسے کسی طور بھی غیر اہم نہیں کہا جا سکتا۔ ہو سکتا ہے آدمی سے بہتر حیوان بھی اسی دنیا میں ہوں جن کا جسم اور جسمانی ساخت انسانوں سے کہیں بہتر ہو۔ جیسے گھوڑا ہے یا انسان سے بہتر اور مضبوط رگ پٹھے اور مچھلیاں ہوں۔ جس کی مثال شیر ہے۔ کتے میں بھی انسان سے کہیں زیادہ سونگھنے کی طاقت موجود ہے، اس میں وفاداری بھی زیادہ ہے۔ عقاب کی آنکھیں انسان کی آنکھوں سے کہیں زیادہ تیز ہوتی ہیں۔

کی خاطر مروڑ کر دیکھتا ہے۔ کسی چڑیا گھر میں جا کر بندروں کا ایک جوڑا دیکھئے جو ایک دوسرے کے کان اینٹھتے رہتے ہیں، اور یونہی ہر چیز کو اُلٹ پلٹ کر دیکھتے ہیں۔ آپ کو فوراً کسی نیوٹن کسی آئن سٹائن کے پیدا ہونے کے آثار مل جائیں گے!

چنانچہ جب انسانی ہاتھوں نے بے مقصد طور پر چیزوں کو اُلٹ پلٹ کرنا شروع کیا تو یہ بڑی اہم تبدیلی تھی۔ اور یہ ایک سائنسی حقیقت بھی ہے کیونکہ تہذیب کی بنا اُس وقت پڑی جب انسان (بن مانس) نے چار ہاتھ پاؤں پہ چلنا چھوڑا، سیدھا کھڑا ہو گیا اور دو ٹانگوں والا حیوان بن گیا۔ گویا اس طرح انسان کے ہاتھ پہلی دفعہ کام کے لئے آزاد اور فارغ ہوئے۔ آج بھی ہم بلیوں میں دیکھتے ہیں کہ ان کے سامنے کے پنجے جب چلنے کے کام سے فارغ ہوں تو ہر چیز کو اُلٹتے پلٹتے رہتے ہیں۔ ہو سکتا تھا کہ تہذیب بندروں کے بجائے بلیوں سے شروع ہوتی۔ مگر مشکل یہ تھی کہ بلیوں کے اگلے پنجے بندروں کے پنجوں کی بہ نسبت بہت کم ترقی یافتہ ہیں۔ بندروں کے پنجے شاخیں پکڑنے اور درختوں سے جھولنے کی وجہ سے کافی ترقی یافتہ تھے۔ ان میں انگلیاں پوری طرح بن چکی تھیں۔ بلی کے پنجے صرف پنجے ہیں جو رگ پٹھوں اور گوشت کے ایک لوتھڑے سے زیادہ حقیقت نہیں رکھتے۔

اس وقت میں یہ بھول جانا چاہتا ہوں کہ میں سند یافتہ ماہرِ حیاتیات نہیں ہوں۔ میں انسانی ارتقا کی تاریخ کو انسانی ہاتھوں کی اس آزادی اس "فراغت" سے بیان کرنے کی کوشش کروں گا۔ مجھے وہ باتیں کہنی ہیں جو ممکن ہے دوسروں نے نہ کہی ہوں، یا دوسروں نے ان کا مشاہدہ بھی نہ کیا ہو۔ خیر انسان جب پنجوں کے بل چلنے کے بجائے سیدھا کھڑا ہو گیا اور اس کے ہاتھ چلنے کے بجائے دوسرے

اس کتاب کے شروع میں، میں نے عرض کیا ہے کہ انسان کی عظمت میں ایک آوارہ گرد کی فطرت کے چار عناصر شامل ہیں۔ اسی آوارہ گرد کو چینی ادب نے آسمان پر چڑھا رکھا ہے۔ آوارہ گرد کے چار عناصر یہ ہیں؛ ہر دم جواں تجسّس ــــ خواب دیکھنے کی صلاحیت۔ زندہ دلی اور ظرافت جو ان خوابوں کی اصلاح کرسکے اور آخری عنصر یہ ہے کہ مزاج میں تلوّن ہو۔ کچھ پتا نہ چلے کہ وہ کس موقع پر کیا کر بیٹھے گا۔ یہ وہ عناصر ہیں جو مل کر فرد کے بارے میں چینی نقطۂ نظر کی ترجمانی کرتے ہیں ــــ انفرادیت پسندی کا اس سے بہتر کوئی بیان دنیا میں موجود نہیں جیسا کہ چینی ادب نے آوارہ گرد کے ضمن میں بیان کیا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ خود امریکی انفرادیت پسندی کے عظیم ترین ترجمان والٹ وٹمین کو "دنیا کا سب سے بڑا اور سب سے شاندار کاہل" بھی کہا گیا ہے۔

## ۲۔ تجسّس اور انسانی تہذیب کی ابتدا

آوارہ گرد انسان نے تہذیب کے زینے پر کیسے قدم رکھا؟ ــــ ابتدا میں اس میں اس صلاحیت کے کیا آثار نظر آئے ہوں گے، اس کی بڑھتی ہوئی ذہانت کے آثار کیا ہوں گے؟ ــــ اس کا جواب انسان کا شوخ تجسّس ہے اس جذبے کی بدولت انسان نے شروع شروع میں ہاتھوں سے کام لینا شروع کیا، ہر چیز کو اُلٹ پلٹ کر دیکھا تاکہ اس کا معاینہ کیا جائے۔ بالکل اسی طرح جیسے آج بھی بندر فرصت کے لمحات میں اپنے ساتھی کی آنکھ کا پپوٹا الٹ کر دیکھتا ہے یا اس کے کان کی لَو مروڑ کر دیکھتا ہے کہ پیچھے جوئیں ہیں یا نہیں، یا محض مروڑنے

والے پتھر گول پتھروں کی بہ نسبت دشمنوں کو مارنے کے لئے زیادہ کارآمد ہیں۔
چیزوں کو اُلٹ پلٹ کرنے کے سادہ سے عمل نے (مثلاً کان کی لَو کو آگے پیچھے
دونوں طرف سے دیکھنے کی رِم سے) اس آدم نما بندر میں یہ ملکہ پیدا کر دیا ہوگا
کہ وہ چیزوں کو ایک کُل کی حیثیت سے تصوّر میں لا سکے۔ چنانچہ اس کے ذہن میں
مکمل چیزوں کی تصویریں بڑھتی گئیں اور اسی کی بنا پر دماغ کے سامنے کے حصّے
وجود میں آئے۔

میں سمجھتا ہوں کہ جنسی معاملوں میں شرم و حیا کی بنیاد بھی، انسانوں کے پچھلی
ٹانگوں پر کھڑے ہونے، اس سیدھے قد کی وجہ سے ہے۔ یہ شرم و حیا جانوروں
میں بالکل مفقود ہے۔ انسان میں اس شرم و حیا کی ایک خاص وجہ یہ نظر آتی ہے
کہ جب آدم نما بندر چوپائے کے بجائے دوپایہ ہو گیا تو اس کے جسم کے وہ حصّے
جو پہلے عقبی تھے اب اس کے جسم کے عین درمیان میں آ گئے! اور جو اعضا عین
پیچھے ہوتے تھے اب وہ عین سامنے آ گئے۔ اس کے ساتھ ساتھ کچھ اور بے ترتیبی
بھی ہوئی۔ اس اُلٹ پھیر کا زیادہ اثر مادہ پر ہوا کہ کئی کئی دفعہ اس نئی قسم کی مادہ
کا بچّہ ضائع ہو ہو گیا اور حیض وغیرہ بھی بے قاعدہ اور تکلیف دہ ہو گیا۔ کیونکہ ہمارے
رگ پٹھے، جھلیاں، وغیرہ اس صورت میں تھے کہ ہم چوپایے رہتے۔ مثلاً سؤر یا کیے
پیٹ میں اس کے جنین (کچّے بچّے) اس صورت میں ہوتے ہیں کہ جنین کی یہ
تھیلی حاملہ کی ریڑھ کی ہڈی سے لٹکتی رہتی ہے۔ مثال یہ ہے کہ جس طرح الگنی پر آپ
نے کپڑے ڈال رکھے ہوں۔ اس صورت میں وزن اور لنگر دونوں مناسب طریقے
پر بٹے رہتے ہیں ـــــ انسانی ماں کو حمل کی حالت میں سیدھا کھڑا کرنا قدرت کی
ایسی ستم ظریفی ہے گویا کپڑوں کی الگنی کو ہم نے زمین کے متوازی نہیں رکھا بلکہ

کاموں کے لئے فارغ ہو گئے تو اس کے بڑے دُور رس نتائج نکلے۔ اسی کا نتیجہ یہ ہے کہ انسان نے ہاتھوں سے اوزاروں کا استعمال سیکھا۔ اسی سے حیا اور شرم کا احساس پیدا ہوا۔ اسی کا نتیجہ یہ ہوا کہ عورتوں کو زیر کیا گیا۔ غالباً اسی کی بدولت زبانوں کا وجود ہوا۔ اور اسی کی بدولت انسان میں تجسس کی شوخی پیدا ہوئی اور دریافت کا مادہ پیدا ہوا — یہ مانی ہوئی بات ہے کہ اوزاروں کی ایجاد سے انسانی تہذیب شروع ہوتی ہے اور اوزاروں کی ایجاد اس لئے ممکن ہوئی کہ انسانی ہاتھ ترقی پاتے پاتے موجودہ صورت کو پہنچ گئے تھے۔ کروڑوں برس پہلے جب آدم نما بندر درخت سے اتر کر زمین پر رہنے لگا تو غالباً اس کی وجہ یہ تھی کہ اسکا جسم بہت بھاری بھر کم ہو چکا تھا۔ زمین پر آکر اس کے سامنے دو راہیں تھیں کہ یا تو لنگور کی طرح چاروں ہاتھ پاؤں پر چلتا رہے۔ اور یا بن مانس کی طرح صرف پچھلے پاؤں پر چلنا سیکھے۔ انسان کا جدِّ اعلیٰ لنگور نہیں ہو سکتا کیونکہ وہ چو پایہ ہے اور اس کے اگلے پنجے چلنے کے کام میں مصروف رہتے ہیں۔ اس کے برعکس بن مانس نے اپنی پچھلی ٹانگوں پر چلنا سیکھ کر اپنے سامنے والے پنجے فارغ کر لئے تھے۔ چنانچہ بن مانس کی چال چل کر اس آدم نما بندر نے اپنے ہاتھوں سے (اپنے منہ سے نہیں) پھل توڑنے سیکھ لئے۔ اس نے ایک قدم اور آگے بڑھایا کہ اس نے ایک اونچی چٹان پر ایک غار میں رہنا شروع کر دیا۔ اور جب کبھی کسی دشمن کا خطرہ ہوتا تو وہ اس بلندی سے پتھر لڑھکاتا اور دشمنوں پر اپنے اگلے پنجوں سے کنکروں، پتھروں کی بارش کرتا۔ غالباً یہ پہلا اوزار تھا جو انسان نے استعمال کیا۔ ممکن ہے اسے بے مقصد تلاش کرتے وقت تیز دھار والے پتھر یا چٹانوں کے نوکیلے ٹکڑے مل گئے ہوں۔ اور اس نے دیکھ لیا ہو کہ یہ تیز دھار

پہلی بات یہ تھی کہ اب مادہ اور نر دونوں (چاہئے عورت اور مرد ہی سہی) کچھ بیکار اور نکمے سے ہو گئے۔ ان میں کرید اور تجسس بھی بڑھ گیا۔ اور انہیں چھیڑ چھاڑ اور چہل کا وقت بھی ملا۔ چنانچہ پیار کے جذبات نے بھی نئی نئی راہیں ڈھونڈ لیں۔ اُس وقت تک، چوما چاٹی کچھ ایسی خوش مزہ نہ تھی۔ غالباً ایک دوسرے کو چُومنے میں اتنی آسانی بھی نہ تھی (اب بھی دیکھ لیجئے کہ آدم نما بندر کے جبڑے آگے کو نکلے ہوئے ہوتے ہیں اور ہونٹ کافی سخت ہوتے ہیں اور ایسے ٹھس ہونٹوں سے چومنا کیا معنی رکھتا ہے!) —— مگر اگلے پنجے آزاد ہو کر اب ہاتھ بن چکے تھے اور اب ان ہاتھوں نے نئی نئی اور زیادہ لطیف اور زیادہ ہلکی پھلکی حرکات کرنا سیکھ لیا تھا۔ یہ ہاتھ اب دُلار سے تھپک سکتے تھے، سہلا سکتے تھے، گدگدیاں کر سکتے تھے اور آغوش میں لے کر بھینچ سکتے تھے! اور یہ ساری حرکتیں ہاتھوں نے اتفاقاً ہی سیکھ لی تھیں، ورنہ شروع شروع میں تو ہاتھ ایک دوسرے کے جسموں سے جوئیں نکالنے میں ہی مصروف رہا کرتے تھے —— میں سمجھتا ہوں اگر ہمارے ان اجداد کے جسموں میں جوئیں نہ ہوتیں تو ہماری عشقیہ شاعری کبھی وجود میں نہ آتی، نہ کبھی پروان چڑھتی۔ بس ہاتھوں نے ایک دوسرے کے جسموں سے جوئیں نکالیں اور اسی کام کی بدولت جسموں کو سہلانا اور تھپکانا اور پیار کرنا سیکھ لیا۔ اس سے ہمارے نفسانی جذبات کی ترقی میں کافی مدد ملی۔

یہ تو ایک رُخ تھا، دوسری بات جو اس وقت کے انسانی معاشرے میں در آئی، یہ تھی کہ دو پیروں پر چلنے والی انسانی مادہ کو اب حمل کی حالت میں کافی مدت تک بیکار اور قریب قریب محتاج سا رہنا پڑتا تھا۔ شروع شروع میں جب آدم نما بندر پچھلے پیروں پر کھڑا ہوا اور ابھی اس صلاحیت کے حصول کو زیادہ زمانہ نہیں

اس کا رُخ آسمان کی طرف کر دیا۔ اور لطف یہ ہے کہ کپڑوں سے یہ امید بھی لبہے کہ وہ اپنی جگہ ٹھیک ٹکے رہیں۔ اصل میں عورتوں کی یہ الگنی اس لیئے بنائی نہیں گئی تھی۔ اگر ہم روزِ ازل ہی سے دو پایے ہوتے تو اس کی یہ صورت کبھی نہ ہوتی اور یہ ہمارے شانوں کے ساتھ بہتر صورت میں واصل ہوتی اور پھر سارا کام ٹھیک رہتا۔ جن حضرات کو انسانی جسم، اس کے اعضا وغیرہ سے اچھی واقفیت ہے وہ جانتے ہیں کہ انسانی رحم اور انڈے دانی کتنے عجیب اعضا ہیں۔ عقل نہیں مانتی کہ اس قسم کے اعضا، اپنی جگہ رہ سکیں اور پھر کام بھی کر سکیں۔ زیادہ تعجب اس بات کا ہے کہ رحم اور انڈے دانی کی جو پوزیشن اِس وقت اِنسانی جسم میں ہے، اس جگہ رہ کر یہ اعضا اب سے کہیں زیادہ گڑبڑ اور بیماریاں اور حیض کی ہزار گنا زیادہ خرابیاں کیوں پیدا نہیں کرتے؟ —— اصل میں ایام کا یہ مسئلہ ایسا ہے کہ آج تک پوری طرح نہ کسی کی سمجھ میں آیا ہے نہ اس کی وضاحت ہو پائی ہے —— خیر یہ مانا کہ "ایام" کا آنا اِس لیئے ضروری ہے کہ عورت بچے پیدا کر سکے۔ پھر بھی یہ سارا نظام کچھ بڑا طویل، بڑا تکلیف دہ اور ناقص ہے! اور یہ ساری خرابی اس بات کی ہے کہ ہم پہلے چوپایے تھے، مگر اب دو پایوں میں ڈھل گئے ہیں۔

مردوں کے عورتوں پر غالب آنے کی تہ میں یہی چیز ہے۔ اسی وجہ سے عورتیں مغلوب ہوئیں، اور غالباً اِسی کی وجہ سے ہمارا معاشرہ یہ صورت پا سکا جو اس کی اِس وقت ہے۔ میں یقینی طور پر کہہ سکتا ہوں کہ اگر انسانی ماں دو پایے کے بجائے چوپایہ ہوتی تو کبھی خاوند سے مغلوب نہ ہوتی —— خیر جب آدم نے بندر نے دو پیروں پر چلنا سیکھ لیا تو بیک وقت دو باتیں ظہور میں آئیں اور یہ دو باتیں انسانی معاشرے کی تاریخ میں نہایت اہم ہیں۔

اب انسانی ترقی کی ایک بالکل نئی راہ نکلی ـــــ اصل میں انسانی معاشرے کی بنا یوں ہوئی تھی کہ انسان کی روزمرہ کی زندگی کو مسئلہ جنس نے بالکل مختلف رنگوں میں رنگ دیا۔ حیوانوں کے مقابلے میں عورت کہیں زیادہ شعوری طور پر اور زیادہ مستقل طور پر مادہ بن گئی۔ چنانچہ حبش، مادہ چیتے کے مقابلے میں اور شہزادی، شیرنی کے مقابلے میں کہیں زیادہ باشعور تھی۔

اس طرح مرد اور عورت میں وہ فرق، وہ نمایاں تفریق شروع ہو گئی، جو اب ہماری تہذیب کا جزو ہے۔ مثلاً جانوروں میں قدرت نر کو بناتی سنوارتی تھی اور وہ خود بھی بنتا سنورتا تھا لیکن انسانوں میں مادہ نے بننا سنورنا شروع کیا۔ غالباً سب سے پہلے اُس نے اپنے چہرے اور اپنی چھاتی سے بال نوچ نوچ کر صاف کر دئے۔ یہ سب چالیں تھیں، بقا کے لئے اور ہم ہر روز جانوروں کو بھی یہی کچھ کرتے دیکھتے ہیں ـــــ مثلاً ایک شیر حملہ اس لئے کرتا ہے کہ اپنے دشمن کے مقابلے میں وہ زندہ رہے کچھوا چھپ جاتا ہے کہ جینا چاہتا ہے۔ گھوڑا خطرے سے بھاگتا ہے کہ جان بچی رہے!

اسی طرح عورتوں کی محبت اور حسن اور چلتر سب بچاؤ اور بقا کے حیلے ہیں ـــــ ' غالباً انسانی مادہ نے ابتدا ہی میں جان لیا تھا کہ مرد کے بازوؤں میں زور زیادہ ہے۔ اس سے لڑنے کا کچھ فائدہ نہیں۔ اس لئے کیوں نہ رشوت دو؟ کیوں نہ اس کے جی کو پرچایا جائے؟ کیوں نہ اُسے خوش رکھا جائے؟ آج کی تہذیب کی اصل یہی ہے۔ اور یہی آج کی تہذیب کا مقصد نظر آتا ہے کہ عورتیں مردوں کو لبھانے پر اُدھار کھائے بیٹھی ہیں۔ کیونکہ انسانیت کی ابتدا ہی میں عورت نے جان لیا کہ مرد کو دھتکارنے اور اُس پر حملہ کرنے کے بجائے اُسے لبھانا چاہیئے اور اپنا مقصد زور اور قوت سے حاصل کرنے کے بجائے نرمی سے حاصل کرنا چاہیئے

گزرتا تھا تو حاملہ مادہ کے لیئے پیٹ میں بچہ لئے کر، بوجھ اٹھائے اٹھائے چلنا پھرنا سخت دو بھر تھا۔ کیونکہ اُس وقت تک ٹانگوں میں اتنی قوت نہ آئی تھی، نہ ایڑیاں اس طرح بنی تھیں کہ کوئی سیدھا کھڑا ہو کر چلے تو اس کا بوجھ اٹھا لیں۔ پھر کولہے ابھی اتنے نہیں بھرے تھے کہ بڑھے ہوئے پیٹ کا بوجھ متوازن ہو جائے۔ چنانچہ شروع شروع کے دور میں اس دو پائے کی حالت یقیناً یہ ہو گی کہ جب کوئی نہ دیکھتا ہو تو بے چاری حاملہ مادہ شرم و حیا کو بالائے طاق رکھ کر، پھر چاروں ہاتوں پاؤں پر چلتی ہو گی تاکہ ریڑھ کی ہڈی کو کچھ تو سکون ملے، کچھ تو کمر کی تھکان دور ہو۔ یہ تکلیفیں اور پھر عورتوں والی دوسری "تکلیفیں" ذرا ذہن میں رکھئے۔ ان کی وجہ سے انسانی ماں ہمدردی اور نگرانی کی محتاج ہوئی۔ اور اُس نے ہر قسم کے چلتر کر کے یہ چیزیں حاصل کرنی شروع کیں۔ یہی وجہ ہے کہ انسان کی حیثیت سے عورت نے اُسی ابتدائی دور میں اپنی خود مختاری، اپنی آزادی اپنے ہاتھ سے کھو دی۔ خدارا، ذرا انصاف کیجئے کہ بچے کی پیدائش کے ایام میں بھی عورت پیار بھرے ہاتھوں کے لمس، اُن کی تھپک کی بھوکی رہتی ہے!! ـــــ ایک خرابی اور ہوئی۔ سیدھا کھڑا ہو جانے سے اب اِس ماں کے جو بچہ پیدا ہوا اُس کا بچپن بھی دوسرے حیوانوں کی بہ نسبت بہت لمبا ہو گیا کیونکہ انسانی بچے کے لیئے دو ٹانگوں کے سہارے چلنا سیکھنا کافی مشکل کام تھا! ـــــ گائے کا بچہ اور ہاتھی کا بچہ قریب قریب پیدا ہوتے ہی چاروں پاؤں پر اچھلنا شروع کر دیتے ہیں۔ مگر انسان کے بچے کو دو قدموں پر چلنے کے لئے کم سے کم دو تین سال چاہئیں ـــــ اور بھلا اس بے بسی کے زمانے میں اس بچے کی رکھوالی ماں نہ کرے تو کون کرے[1]۔

---

[1] انسانی تہذیب کی ترقی کے ساتھ ساتھ والدین کی نگرانی کا یہ عرصہ بڑھتا گیا۔ حبشی اقوام میں آج بھی چھ سات سال کا لڑکا پوری طرح مالک و مختار ہے۔ لیکن تہذیب یافتہ ماحول میں اب ایک بچہ کم و بیش ۲۵ سال میں روٹی کمانا سیکھتا ہے اور غالباً ساری عمر سیکھتا ہی رہتا ہے! . . . . (مصنف)

اس فرصت کا اظہار شروع میں ایک دوسرے کے جسموں سے جوئیں نکالنے کی صورت میں ہوتا تھا۔ جوئیں نکالنے سے ہی ہاتھوں کو تجسس کی عادت پڑی۔ اور پھر علم کی کھوج کی بنیاد پڑی۔ آج بھی علمی ترقی اسی کا نام ہے کہ وہ "جوئیں" تلاش کی جائیں۔ جو انسانی معاشرے کو پریشان کر رہی ہوں۔ لاکھوں سال کے عرصے میں اب یہ تجسس ہماری جبلّت بن چکا ہے۔ یہ جبلّت انسان کو مجبور کرتی ہے کہ وہ ہر مضمون، ہر میدان اور ہر معاشرتی خرابی کی ٹوہ لگائے۔ اور جس قدر بن پڑے سے تحقیق، تفتیش سے کام لے۔ یہ خالص ذہنی کام ہے اور اس کا روٹی کی تلاش سے کوئی واسطہ نہیں، یہ خالص انسانی روح کا تقاضا ہے۔ جس طرح بندر ایک دوسرے کے جسموں سے جوئیں اس لئے تلاش نہیں کرتے کہ انہیں کھا سکیں۔ بلکہ اس کام میں ان کے لئے کھیل کا سا لطف اور مزہ ہے۔ اسی طرح یہ خصوصیت ان تمام انسانی علوم اور اس علمیت میں ہے جو انسان حاصل کرنا چاہتا ہے۔ ان علوم میں انسان کی دلچسپی ان کی ذات سے ہوتی ہے۔ انسان کے دل کی خواہش ہوتی ہے کہ ان علوم کو جانے۔ جس صورت میں بھی وہ علوم ہیں، اُن پر حاوی ہو جائے۔ وہ ان علوم کو اس لئے حاصل نہیں کرتا کہ ان کی بدولت براہِ راست یا فوری طور پر، روٹی کمانے اور پیٹ پالنے میں مدد ملے گی۔ بلکہ علم حاصل کرنا اب انسان کے لئے ایک جبلّی تقاضے کی حیثیت رکھتا ہے۔

مجھے یقین ہے کہ علوم کے لئے اس تشنگی کا انسانی شرف اور وقار کی تعمیر میں بہت بڑا حصّہ ہے۔ علم یا علم حاصل کرنے کی کوشش، ایک قسم کا کھیل ہے۔ دنیا کی تاریخ میں جن سائنسدانوں اور موجدوں نے کچھ کر کے دکھایا ہے وہ علم کو ایک کھیل، ایک جی بہلاوا سمجھتے رہے ہیں۔ یہی حال طبّی تحقیق کرنے والے ڈاکٹروں کا ہے۔ وہ انسانوں کی بہ نسبت جراثیم میں کہیں زیادہ دلچسپی لیتے ہیں۔

تہذیب کیا ہے؟ تہذیب بھی تو نرمی ہی کا نام ہے۔ اسی لئے تو میں کہتا ہوں کہ تہذیب مردوں سے نہیں؛ عورتوں سے شروع ہوئی۔

میں تو یہ کہے بغیر بھی نہیں رہ سکتا کہ بے مقصد ٹر ٹر میں بھی مردوں کے بجائے عورتوں نے کہیں زیادہ حصّہ لیا ہے۔ یہی وہ شے ہے جسے آج کل ہم زبان کہتے ہیں! عورتوں میں ٹیں ٹیں کرنے کی عادت اتنی راسخ ہے کہ یقیناً عورتوں نے مردوں سے کہیں زیادہ انسانی زبان کو ترقی دینے میں ہاتھ بٹایا ہوگا۔ میرا خیال ہے، ابتدائی مرد، کافی سنجیدہ اور خاموش سی مخلوق تھے۔ میں سمجھتا ہوں انسانی زبان اس طرح شروع ہوئی ہوگی کہ پہلے پہلے جب آدم نما نر باہر شکار پر ہوں گے تو دو ہمسائیاں اپنے اپنے غاروں یا گپھاؤں کے دروازوں پر بیٹھی، یہ باتیں کرتی ہوں گی کہ زید، عمر سے بہتر ہے یا عمر زید سے بہتر ہے۔ ایک یہ کہتی ہوگی کہ رات کو زید اختلاط میں کچھ زیادہ ہی حماقتیں کرتا رہا اور پھر وہ کتنی جلدی غصے ہو جاتا ہے۔ کچھ اسی طرح کی باتوں سے انسانی زبان وجود میں آئی ہوگی۔ دوسری کوئی صورت نہیں ہو سکتی۔ اب انسانی جبڑے کو لیجئے۔ شروع میں چوپایوں کی حالت میں جبڑے کو دو کام کرنے پڑتے تھے۔ ایک تو یہ کہ خوراک اٹھائے اور دوسرے یہ کہ خوراک چبائے۔ اب جب ہاتھوں سے منہ میں لقمہ ڈالنے کا کام شروع ہو گیا تو جبڑوں کو بھی کم محنت کرنے کی عادت ہو گئی۔ چنانچہ رفتہ رفتہ جبڑا پیچھے ہٹتا گیا، کچھ اور چھوٹا بھی ہو گیا۔ اس وجہ سے بھی انسانی زبان کے ارتقا میں مدد ملی ——

میں پہلے عرض کر چکا ہوں کہ جب ہم چار ہاتھ پاؤں پر چلنے کے بجائے دو پاؤں پر سیدھے کھڑے ہو گئے تو ہاتھ فارغ ہو گئے۔ اور ان ہاتھوں کو چیزیں اُلٹ پلٹ کرنے اور انہیں اندر باہر سے دیکھنے کے لئے خاصی فرصت مل گئی۔

چاہے کسی طرح کی ہو، ذہنی لحاظ سے سخت پسماندہ اور رجعت پسند ہوگی۔ اس کی مثال قرونِ وسطیٰ کی ساری حکومتیں ہیں۔ خصوصاً ہسپانیہ کی مذہبی عدالت تو اس کی بدترین تصویر ہے جو مذہبی خیالات اور نیت پر بھی احتساب کیا کرتی تھی۔ تنگ نظر سیاست دان اور مذہبی رہنما یہی سمجھا کرتے ہیں کہ عقیدے اور خیال کی عام یکسانی امن و امان کے لئے ضروری ہوتی ہے مگر تاریخی اعتبار سے اس یکسانی کے نتیجے بڑے خراب ہوتے ہیں اور انسانی کردار اس کی وجہ سے بڑا گھٹیا ہو جاتا ہے۔ جابر حکمرانوں کے دل میں عام طور پر عام لوگوں کے لئے تحقیر کا جذبہ ہوتا ہے۔ اسی لئے وہ ایک قوم کے ظاہری کردار پر حکم چلانے پر اکتفا نہیں کرتے۔ بلکہ لوگوں کی نیتوں اور خیالوں اور جذبوں پر بھی پابندیاں عاید کر دیتے ہیں۔ وہ بڑے بھولپن سے یہ سمجھتے ہیں کہ انسانی ذہن اس یکسانی، اس پابندی کو برداشت کرے گا ——— انہیں یقین ہوتا ہے کہ عوام اسی کتاب، اسی فلم اور اسی موسیقی کو اچھا سمجھیں گے جسے سرکاری ڈھنڈورچی، یا حکومت کا کوئی اور نمائندہ اچھا کہے گا اور اس چیز کو بُرا سمجھنے لگیں گے جسے سرکاری پراپگنڈے میں بُرا قرار دیا جائے گا! ——— ہر جابر اور مطلق العنان حکومت نے ادب اور پراپگنڈے کو خلط ملط کرنے کی ہر ممکن کوشش کی ہے، آرٹ کے ڈانڈے سیاست سے ملائے ہیں، انسان کے علم الارتقا کو حب الوطنی سے جا ملایا ہے اور مذہب کو حاکم کی پرستش کا مترادف قرار دیا ہے؟

مگر یہ اندھیر کیسے ممکن ہے؟ خیالات کو کنٹرول کرنے والے یہ لوگ نہیں جانتے کہ اگر وہ انسانی فطرت کے خلاف دیر تک یونہی اُلٹی سیدھی کارروائیاں کرتے رہے تو وہ اپنی قبر اپنے ہاتھوں سے کھود لیں گے! قدیم یونانی فلسفی

اعلیٰ درجے کے ماہرینِ فلکیات کا بھی یہی حال ہے، وہ ایک ایسے ستارے کی گردش اور اس کی حرکات، سکنات کا صحیح نقشہ تیار کرنے میں جان لڑا دیتے ہیں، جو زمین سے کروڑوں میل دُور ہوتا ہے اور جس کا زمین اور زمین کے باسیوں سے کوئی تعلق نہیں ہوتا۔ نہ ہی وہ کسی طور انسانی زندگی پر اثر انداز ہو سکتا ہے۔ قریب قریب سب حیوانوں، خصوصاً تھوڑی عمر والے حیوانوں میں کھیلنے کا یہ مادّہ ودیعت کیا گیا ہے۔ مگر یہ شرف صرف انسان کو حاصل ہے کہ اِس شوخ اور تفریحی قسم کے تجسّس سے کیا کیا کام لے، اور انسان ہی نے اِس جذبے کو اتنی ترقی بھی دی ہے۔

یہی وجہ ہے کہ مجھے ہر قسم کی پابندی اور احتساب سے سخت نفرت ہے۔ مجھے ان اداروں اور اُن حکومتوں سے بھی دلی بَیر ہے جو ہمارے خیالات پر پابندیاں عائد کرنے کی کوشش کرتی ہیں۔ میں یہی سمجھتا ہوں کہ یہ احتساب اور یہ حکومت دونوں مل کر انسانی ذہانت کی جان بوجھ کر توہین کر رہے ہیں۔ اگر خیال کی آزادی کو انسانی ذہن کی سب سے اعلیٰ سرگرمی مانا جائے تو اِس آزادی پر کوئی قید لگانا، انسان کی حیثیت سے، ہماری سخت توہین ٹھہری۔ یونان کے مشہور ڈرامہ نگار یوری پی ڈیز نے ایک جگہ غلام کی یہ تعریف کی ہے کہ غلام وہ شخص ہے جو خیال اور رائے کی آزادی کھو چکا ہو! اس حساب سے ہر جابر اور مطلق العنان حکومت کو ایسا کارخانہ سمجھئے جو دن رات سانچوں میں ڈھلے ہوئے غلام تیار کرتی رہتی ہے ——— ذرا مشرق و مغرب پر نظر دوڑائیے۔ جابر و قاہر حکومتوں کی کیسی کیسی خوبصورت مثالیں نظروں کے سامنے آتی ہیں، اور یہ حکومتیں اس بیسویں صدی میں تہذیب و ثقافت کے کن کن گہواروں پر مسلط ہیں! جابر حکومت

جانور تھا۔ میں نے جانوروں میں افریقہ کے بڑے لنگور کے چہرے سے بڑھ کر رنجیدہ چہرہ کسی کا نہیں دیکھا۔ میں اُسے فلسفی بھی سمجھتا ہوں کیونکہ تفکر اور اداسی میں چولی دامن کا ساتھ ہے۔ ان لنگوروں کے چہروں میں کوئی چیز ایسی ہوتی ہے جس سے یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ بڑا سا رنجیدہ لنگور نہ جانے کس سوچ میں کھویا ہوا ہے۔ باقی جانوروں میں یہ بات نظر نہیں آتی۔ گائیں کبھی سوچتی نظر نہیں آتیں۔ وہ ہمیشہ اتنی مطمئن نظر آتی ہیں کہ ان کے سلسلے میں کسی تفکر کا گمان نہیں گزرتا۔ ہاتھیوں میں بڑا جوش اور قہر معلوم ہوتا ہے۔ مگر وہ ہمیشہ اپنی سونڈ ہلاتے رہتے ہیں۔ گویا سونڈ کو بار بار جھٹکنے سے اُن کا سارا غصہ، ساری بے چینی، دور ہوتی رہتی ہے اور انہیں کچھ بھی سوچنے کی ضرورت نہیں رہتی —— مگر ذرا بندر کو دیکھئے تو وہ زندگی سے کتنا بیزار اور اکتایا ہوا نظر آتا ہے۔ اور اس اداسی میں بندر کی عظمت ہے۔

غالباً سارا فلسفہ، اکتاہٹ کے احساس سے شروع ہوا تھا۔ کم سے کم انسانوں کا تو یہی حال ہے کہ اُن کے دل میں کسی نہ کسی نصب العین کا مبہم سا غم چٹکیاں لیتا رہتا ہے۔ یہ انسانی خاصہ ہے کہ اس ٹھوس اور حقیقی دنیا میں رہتے ہوئے بھی انسان کسی اور دنیا کے خواب دیکھ سکتا ہے۔ غالباً انسانوں اور بندروں میں فرق یہ ہے کہ بندر صرف بیزار رہتے ہیں اور انسان میں اس بیزاری اور اکتاہٹ کے ساتھ ساتھ قوتِ تخیل بھی موجود ہے! ہر انسان کو یہ خواہش ستاتی رہتی ہے کہ وہ اپنے کولھو کے چکر سے کسی طور نکلے۔ ہر شخص چاہتا ہے کہ وہ جو نہیں ہے وہ بن سکے۔ یعنی ہر انسان دن رات خواب ہی دیکھتا رہتا ہے۔ سپاہی یہ خواب دیکھتا ہے کہ وہ حوالدار ہو جائے، حوالدار یہ خواب دیکھتا رہتا ہے کہ وہ کپتان بن جائے اور کپتان، میجر یا کرنیل بننے کے خواب دیکھتا ہے۔ کرنیل، اگر کسی قابل ہو تو وہ کرنیلی

من سی اس کا قول ہے: "اگر حکمران یہ سمجھے کہ رعایا خس وخاشاک ہے تو رعایا بھی یہ سمجھے گی کہ حکمران یا تو ڈاکو ہے یا ان کا جانی دشمن!" — لہٰذا اس دنیا میں سب سے بڑا ڈاکو وہی ہے جو ہمارے خیال کی آزادی پر ڈاکہ ڈالتا ہے۔ اگر خیال کی آزادی ہم سے چھین لی جائے تو ہمیں چاہیئے کہ ایک بار پھر چوپائے بن جائیں اور دو ٹانگوں پر چلنے کے اس طویل انسانی تجربے کو ایک غلطی قرار دے کر اپنی پہلی حالت میں، چار ہاتھ پاؤں پر، آجائیں جس طرح آج سے کم سے کم تیس ہزار سال پہلے ہم چلا کرتے تھے۔ ڈاکو ہمیں جتنا لوٹتا ہے اتنی ہی ہمیں اس سے نفرت ہوگی۔ یہی حال اس جابر حکمران کا ہوگا۔ انسان کو اپنے ذہنی اور اخلاقی اور مذہبی عقیدے بڑے عزیز ہوا کرتے ہیں۔ یہ اس کی ذاتی دولت ہوتے ہیں۔ جو شخص اس دولت سے ہمیں محروم کرے اور ہمیں خیال اور عقیدے کی آزادی کا حق نہ دے، اس سے ہماری نفرت کا اندازہ کون کر سکتا ہے؟ جابر حکمران عام طور پر کوتاہ اندیش اور احمق ہوتے ہیں۔ وہ یہ بھی نہیں جانتے کہ انسانی کردار میں بڑی لچک ہے انسان کا ضمیر اتنا آزاد پیدا کیا گیا ہے کہ اس پر کوئی طاقت غالب نہیں آسکی چنانچہ انسانی کردار اور انسانی ضمیر ہمیشہ جابر کی حکومت پر پوری طاقت سے وار کرتے ہیں اور کامیاب ہوتے ہیں۔

## ۳۔ انسان کے سپنے

کہا جاتا ہے کہ بے اطمینانی ایک روحانی چیز ہے۔ مجھے اتنا یقین ہے کہ بے اطمینانی، انسان کا خاصہ ضرور ہے اور بس — اس کائنات میں بند رہ کر پہلا غمگین

مثالیت پسند ہوں اور ان کی تخیلی قوت زبردست ہو ان سے کسی کا نباہ دشوار ہوتا ہے۔ یہ لوگ اکثر یا تو عمر بھر اپنے مناسب جیون ساتھی کی تلاش میں رہتے ہیں۔ یا پھر طلاق پر طلاق دیتے لیتے رہتے ہیں۔ ایک نہایت خوش آئند زندگی کا خیالی نقشہ ان کی آنکھوں میں پھر تا رہتا ہے۔ وہ ایک مثالی جیون ساتھی ڈھونڈ لینے کے خواب دیکھتے رہتے ہیں۔ یہ وہ کسک ہے جو ان سے کم ذہن لوگوں کے دل میں کبھی پیدا نہیں ہوتی —— ویسے مثالیت پسندی نے انسان کو جتنا گمراہ کیا ہے اتنی ہی بلندی اور رفعت کی طرف اس کی رہنمائی بھی کی ہے۔ بلکہ تخیل کی قوت کے بغیر انسانی ترقی خیال میں آنا تو کجا، بالکل محال اور ناممکن ہے!

کہا جاتا ہے، انسان امنگوں کا پتلا ہے۔ یہ تو بڑی اچھی بات ہے ——

—————— کیونکہ امنگوں کو عام طور پر اعلےٰ اور ارفع چیزیں سمجھا جاتا ہے۔ اور کیوں نہ ہو، فرد ہو یا قوم، سبھی خواب دیکھتے ہیں، ہوائی قلعے بناتے ہیں اور پھر اپنے ان خوابوں پر عمل بھی کرتے ہیں۔ بعض لوگ دوسروں کی بہ نسبت ہوائی قلعوں کے زیادہ قائل ہوتے ہیں۔ شاید ہر خاندان میں ایک بچہ ایسا ہوتا ہے جس میں (قوتِ تخیل کی بدولت) خواب دیکھنے کی صلاحیت زیادہ ہوتی ہے۔ اور مجھے اعتراف ہے کہ میرے دل میں ایسے بچے کے لئے بڑی جگہ ہے۔ عام طور پر یہ بچہ دوسرے بچوں کے مقابلے میں زیادہ مغموم رہتا ہے، مگر یہ کوئی فکر کی بات نہیں۔ یہی بچہ زیادہ گہری مسرت، گہرے اشتیاق اور گہرے احساسات پر قادر ہے۔ کیونکہ میرے خیال میں ہمیں قدرت نے اس طرح بنایا ہے کہ ہم ریڈیو سیٹ کی طرح ہوا کی لہروں سے آواز جذب کر سکتے ہیں۔ بعض ریڈیو ایسے نازک اور عمدہ ہوتے ہیں کہ شارٹ ویو کے وہ پروگرام بھی اُن پر سنے جا

کو کوئی رتبہ، کوئی اہمیت نہیں دیتا۔ ذرا عمدہ لفظوں میں یوں کہہ لیجئے کہ وہ چاہتے ہیں کہ وہ اپنے بھائی بندوں کی خدمت کا ایک موقع تصوّر کرتا ہے اور اصل بات بھی یہی ہے۔
جون کرافورڈ اور جے نٹ گے نر جیسی بڑی ایکٹریسیں، اپنے آپ کو وہ کچھ نہیں سمجھتیں جو دنیا انہیں سمجھتی ہے۔ دنیا عظیم انسانوں سے پوچھا کرتی ہے "کیا آپ بے حد ممتاز اور عظیم نہیں ہیں؟" اور جو لوگ حقیقی معنی میں عظیم شخصیت رکھتے ہیں جواباً یہ سوال کرتے ہیں: "نہ معلوم عظمت سے آپ کی کیا مراد ہے؟"——
گویا ہماری آپ کی دنیا ایک ایسے ہوٹل کی مثال ہے جہاں ہر گاہک یہ سمجھتا ہے کہ اس کے سامنے جو کھانا رکھا ہے وہ اتنا لذیذ نہیں، البتہ اُسے ہر دوسرے گاہک کے سامنے جو کھانا لایا گیا ہے وہ بے حد لذیذ اور عمدہ معلوم ہوتا ہے! انسانی پسندیدگی کے بارے میں ایک چینی پروفیسر نے مزاحاً یہ فقرہ چُست کیا تھا کہ "بیویاں تو دوسروں کی اچھی معلوم ہوتی ہیں مگر تحریر اپنی ہی دوسروں سے اچھی لگتی ہے!"
اس لحاظ سے اس دنیا میں کوئی شخص مطمئن نہیں۔ ہر شخص یہی چاہتا ہے کہ کوئی دوسرا قالب اختیار کرے اور وہ کچھ بن جائے جو کوئی دوسرا ہے لیکن فرض کیجئے کہ وہ "وہ کچھ" بن جاتا ہے۔ اب وہ "کچھ اور" بننے کی فکر میں رہنے لگے گا۔
انسانی فطرت کا یہ خاصہ ہماری قوّتِ تخیّل کی بدولت ہے، ہم انسان ہوائی قلعے بنانے اور خوابوں کے محل تعمیر کرنے میں بڑے مشاق ہیں جس شخص کی قوّتِ تخیّل جتنی زبردست ہوگی اتنا ہی وہ اس دنیا سے غیر مطمئن ہوگا۔ اسی لئے تو جس بچے میں قوّتِ تخیّل زیادہ ہوتی ہے اس کی نگہداشت اور پرورش زیادہ مشکل ہوتی ہے۔ وہ بندر کی طرح زیادہ وقت رنجیدہ اور ملول رہتا ہے، گائے کی طرح خوش خوش اور مطمئن نہیں رہتا۔ اسی بنا پر جو لوگ کسی نصب العین کے دیوانے ہوں،

دیکھتی ہے کہ اس کے خواب حقیقت بن جائیںگے۔ یہ سپنے کسی کو بتائے نہیں جاتے۔ یہ بالکل ذاتی چیز سمجھتے ہیں۔ اسی لئے بچپن کے یہ سپنے، بچے کے پروان چڑھتے ہوئے ضمیر، اس کی روح کا ایک حصہ بن جاتے ہیں بعض بچوں کے سپنے دوسروں کے مقابلے میں زیادہ واضح ہوتے ہیں۔ ان میں وہ قوت بھی چھپی ہوتی ہے جو انہیں ایک دن حقیقت بنا دیتی ہے۔ بڑھتی ہوئی عمر کے ساتھ ساتھ یہ خواب ذہن سے اُتر جاتے ہیں۔ اور پھر ہم زندگی بھر یہی تگ و دو کرتے رہتے ہیں کہ دوسروں کو اپنے بچپن کے ان طلسمی سپنوں کا حال بتائیں، لیکن بعض دفعہ موت اتنی مہلت ہی نہیں دیتی کہ یہ سپنے زبان تک آسکیں۔

یہ افراد ہی کا ذکر نہیں، قوموں کا بھی یہی حال ہے۔ ہر قوم کے حافظے میں اس کے خواب محفوظ رہتے ہیں۔ اور یہ خواب صدیوں نسل در نسل چلتے ہیں۔ ان میں اچھے اور اعلیٰ سپنے بھی ہوتے ہیں اور برے اور گھٹیا قسم کے بھی۔ دوسری قوموں پر فتح یابی اور غلبے کے خواب اور دوسری قوموں سے سبقت لے جانے کے خواب ہمیشہ بُرے خواب ثابت ہوتے ہیں۔ جن قوموں کو ایسے خوابوں سے سابقہ ہوا نہیں، پُرامن سپنوں والی قوموں کی بہ نسبت، کہیں زیادہ مصیبتوں کا سامنا کرنا پڑتا ہے۔ مگر اچھے خوابوں کی بھی کمی نہیں ہوتی۔ بہتر زندگی اور بہتر دنیا کے سپنے، امن و سلامتی کے خواب اور قوموں کے پُرامن تعاون کے خواب، اچھے خواب ہیں۔ دنیا میں ظلم و ستم کا خاتمہ کرنے، انصاف کا بول بالا کرنے، غربت اور محتاجی کو دور کرنے کے خواب اچھے خواب ہیں ـــــ مگر یہ یاد رہے کہ انسانیت کے بُرے خواب، اچھے خوابوں کا گلا گھونٹ دیتے ہیں اور دنیا میں ہمیشہ انہی بُرے اور اچھے خوابوں میں کشمکش ہوتی رہتی ہے۔ لوگ اپنے خوابوں کے لئے بھی اُسی طرح لڑتے ہیں جس طرح مادی چیزوں کے لئے دست و گریباں رہتے ہیں۔ چنانچہ یہ سپنے، خیالی دنیا سے نکل کر

سکتے ہیں جو عام سیٹوں پر آتے ہی نہیں۔ یہ دُور کے پروگرام ہماری نظر میں زیادہ قیمتی، زیادہ عزیز ہوتے ہیں کیونکہ ہر سیٹ پر انہیں نہیں سنا جا سکتا، اور ہر سیٹ پر ان کی خوبیوں سے پوری طرح لطف اندوز ہونا مشکل ہوتا ہے۔

بچپنے کے سپنوں کو یاد کیجیے، وہ اتنے غیر حقیقی نہیں ہوتے جتنے ہم سمجھتے ہیں۔ یہ سپنے زندگی بھر کسی نہ کسی طرح، ہمارے ساتھ رہتے ہیں۔ اسی لئے اگر مجھے یہ اختیار ہوتا کہ میں جونسا ادیب چاہتا بن جاتا، تو میں امریکی مصنف اینڈرسن کا قالب اختیار کرتا۔ اس نے بچوں کے لئے ایک کہانی "جل پری" لکھی تھی۔ ایسی کہانی لکھ لینا، یا خود جل پری بن کر جل پری کی سی باتیں سوچنا بہت بڑی چیز ہے۔ یہ سوچنا کہ "میں جب بڑی ہو جاؤں گی تو پھر تیرتی ہوئی ان گہرائیوں سے نکل کر سمندر کی سطح کو دیکھوں گی" یہ کتنی بڑی چیز ہے۔ اتنی پیاری، اتنی گہری خوشی صرف انسان کو ہی حاصل ہو سکتی ہے۔

تو میں عرض کر رہا تھا کہ ایک بچہ، باہر چلتے پھرتے، اپنے کمرے میں چپ چاپ بستر پر لیٹے ہوئے، یا دریا کے کنارے کھیلتے ہوئے ہمیشہ سپنے ہی دیکھتا ہے اور یہ سپنے حقیقی ہوتے ہیں۔ مشہور موجد ایڈیسن نے بھی سپنے دیکھے تھے۔ انگریزی کے نامور افسانہ نویس اور ناول نگار آر۔ ایل سٹیونسن نے بھی خواب دیکھے تھے۔ اسی طرح اپنے بچپن میں، نامور انگریزی ناول نویس سر والٹر سکاٹ نے بھی سپنے دیکھے تھے۔ یہ سب طلسمی سپنے بچپن میں دیکھے گئے تھے اور ان کے تانے بانے سے وہ لطیف اور حسین داستانیں وجود میں آئیں جو ہم نے ان سے پہلے کبھی نہیں سنی تھیں۔ ان سے کمتر درجے کے بچے بھی اپنی بساط کے مطابق سپنے دیکھتے ہیں اور ان سپنوں سے اتنا ہی لطف اٹھاتے ہیں۔ ہر بچے کی طرح انجانی چیزوں کی تمنا رکھتا ہے اور اپنی ان معصوم تمناؤں کی آغوش میں سوتی جاگتی [illegible] ہر نئی صبح سے یہی امید

کسی جوش، کسی سنسنی، کسی اشتعال کی ہمیشہ خواہش ہوتی ہے۔ اگر اب دنیا کا فیصلہ یہی ہے کہ جنگ سے ہر قیمت پر پہلو بچایا جائے تو میں بڑی بڑی حکومتوں کی خدمت میں یہ عرض کروں گا کہ اپنے اپنے ملک میں ہر نوجوان کو جبری بھرتی کے قانون کے ماتحت فوج میں بھرتی کر لیں اور پھر ان نوجوانوں کو دوسرے ملکوں کے تعلیمی دورے پر بھیج دیں۔ مگر حالت یہ ہے کہ دنیا کے بڑے بڑے ملک اپنی فوجوں کو مسلح کرنے پر جتنی رقم خرچ کر رہے ہیں، اس رقم سے ان ملکوں کا ہر فرد، فرانس کی سیر کر سکتا ہے۔ آپ یہ دلیل نہ لائیے کہ جنگ پر خرچ تو ایک ضرورت ہے اور سفر یا سیر و سیاحت عیاشی میں داخل ہے۔ میں آپ سے متفق نہیں ہو سکتا۔ میں تو سیر و سیاحت کو خرچ کی ضروری مد سمجھتا ہوں اور جنگ کو بہت بڑی عیاشی قرار دیتا ہوں۔

انسان کے ان سپنوں کے علاوہ اور سپنے بھی ہیں جن میں مثالی دنیا کے سپنے اور امر ہو جانے کے سپنے شامل ہیں۔ زندۂ جاوید ہو جانے کے خواب دیکھنا عین انسانی تقاضا ہے (ساری دنیا یہی خواب دیکھا کرتی ہے!) مگر دوسرے انسانی سپنوں کی طرح یہ بھی بڑا مبہم اور غیر واضح خواب ہے۔ کسی کو پتا نہیں کہ اگر ازل اور ابد کا یہ چکر مٹ جائے اور ہم واقعی امر ہو جائیں تو پھر کیا ہو گا؟ اور اس صورت میں ہمیں کیا کرنا ہو گا؟ —— اصل میں زندۂ جاوید ہو جانے کی خواہش خودکشی کا عین اُلٹ ہے۔ اسی لئے دونوں کی نفسیات ایک سی ہے۔ دونوں کے سلسلے میں یہ فرض کر لیا جاتا ہے کہ یہ دنیا ہمارے لئے کوئی مناسب اور اچھی جگہ نہیں —— مگر کوئی پوچھے کہ آخر آپ نے اس دنیا کو کیوں ناپسند فرمایا؟ اور یہ سوال اُس وقت بے حد حیرت انگیز اور صحیح معلوم ہو گا جب ہمارے کسی

حقیقت کی دنیا میں در آتے ہیں اور ہماری زندگی میں ایک زندہ قوت بن جاتے ہیں ـــــ کچھ یہ بھی قاعدہ ہے کہ ہمارے سپنے چاہے کتنے غیر واضح، کتنے مبہم کیوں نہ ہوں وہ ہمارے ذہن کے نہاں خانوں میں چھپے رہتے ہیں اور جب تک ان خوابوں کو حقیقت نہ بنا لیا جائے یہ ہمیں چین سے بیٹھنے نہیں دیتے۔ ان کی مثال بیجوں کی سی ہے جو زمین کا سینہ چیر کر روشنی اور گرمی کی تلاش میں باہر نکل آتے ہیں۔ اسی لئے تو میں کہتا ہوں کہ خواب بڑی حقیقی، بڑی ٹھوس چیزیں ہیں!

البتہ ایک خدشہ ضرور ہے کہ ہمارے خواب کہیں بے حد الجھے ہوئے ہوں یا ایسے ہوں جن کا حقیقت سے کہیں دور کا واسطہ نہ ہو۔ وجہ یہ ہے کہ سپنے فرار کی راہیں بھی ہیں اور اکثر اوقات سپنوں کے رسیا، اس حقیقی دنیا سے بھاگتے ہیں مگر یہ نہیں جانتے کہ بھاگ کر کہاں جا رہے ہیں۔ انسانی فطرت یہ ہے کہ ہم جو کچھ اصل میں ہوں، اس سے مختلف بننا چاہتے ہیں۔ انسان نئی بندھی راہوں سے ہمیشہ دور بھاگنا چاہتا ہے۔ لہٰذا جو چیز ذرا سی تبدیلی کا بھی امکان پیش کر دے، عام انسانوں کے لئے اس میں بڑی جاذبیت ہوتی ہے۔ عام لوگوں کو جنگ اس لئے اچھی لگتی ہے کہ جنگ کی بدولت ایک عام کلرک بھی فوج کی عمدہ وردی ڈالے، ہتھیار سجائے، مفت میں دور دراز کے سفر کر سکتا ہے۔ اور اسی طرح تین چار برس کی خونریز جنگ کے بعد عارضی صلح یا امن کا امکان اس لئے اچھا معلوم ہوتا ہے کہ اس کی بدولت تھکا ماندہ سپاہی گھر واپس آ سکے گا۔ فوج کی بے رنگ وردی اتار کر صاف ستھرے سوٹ پہن سکے گا اور ایک بار پھر اپنی سب سے اچھی نکٹائی بھی باندھ سکے گا! ـــــ ہم انسانوں کو اصل میں ایسی

# ۴- زندہ دلی اور ظرافت

غالباً زندہ دلی اور ظرافت کی اہمیت ابھی تک پوری طرح سمجھی نہیں گئی۔ شاید مہذب انسان نے یہ بھی غور نہیں کیا کہ زندہ دلی اور ظرافت کے ذریعے ہماری تہذیبی زندگی کی خصوصیات تبدیل کی جا سکتی ہیں اور اس سے سیاست، علم و ادب اور عام زندگی میں کیا کیا کام لیا جا سکتا ہے۔ میں سمجھتا ہوں، ظرافت اور زندہ دلی دونوں کا فعل طبعی نہیں، کیمیاوی ہے۔ میرا مطلب ہے کہ زندہ دلی سے ہمارے خیالات اور ہمارے تجربات کی ساری نوعیت ہی بدل جاتی ہے — کسی قوم کی زندگی میں زندہ دلی اور ظرافت بہت اہم ہیں۔ پہلی جنگِ عظیم کے وقت کی ایک مثال سنئے: جرمنی کے قیصر ولہلم میں یہی زندہ دلی مفقود تھی۔ اسی وجہ سے جرمنوں کو ایک پوری سلطنت سے ہاتھ دھونے پڑے۔ یا بقول امریکیوں کے، جرمنوں کو اربوں ڈالر کا نقصان اٹھانا پڑا۔ شاید قیصر ولہلم اپنی پرائیویٹ زندگی میں تو ہنسنے اور ٹھٹھول کا قائل ہو۔ مگر پبلک زندگی میں وہ بے حد سنجیدہ نظر آتا تھا۔ اس کی چڑھی ہوئی مونچھوں سے تو یہی معلوم ہوتا تھا کہ وہ ہر آن کسی نہ کسی چیز پر غصے سے بھرا رہتا ہے۔ رہا اس کا ہنسنا اور اس کی خوشی تو اس کی نوعیت بھی عجیب تھی۔ وہ صرف فتح، کامیابی یا دوسروں پر غلبہ پانے پر ہنس سکتا تھا۔ میرے نزدیک قیصر ولہلم کو یہ معلوم ہی نہ تھا کہ کب ہنسنا چاہیئے، اور کس موقع، کس بات پر ہنسنا چاہیئے۔ دوسرے لفظوں میں اس کے خوابوں پر اس کی ظرافت، اس کی ہنسی نے کبھی کوئی پہرہ نہ بٹھایا تھا، نہ ان خوابوں کو ذوقِ سلیم اور ظرافت نے فضول اور رائیگاں اور مضحکہ انگیز ثابت کیا تھا۔

سہ پہر کو آپ باہر کھیتوں کی سیر کرنے جا رہے ہوں اور ہر طرف ہریالی چھائی ہو اور پھولوں کے تختے بچھے ہوں۔

یہی حال ایک مثالی دنیا کا خواب دیکھنے والوں کا ہے۔ مثالیت پسندی ذہن کی ایک ایسی حالت کا نام ہے جو موجودہ نظام سے مختلف نظام پر اعتقاد رکھتی ہو چاہے یہ خیالی نظام کسی نوعیت کا کیوں نہ ہو! جو لوگ آزاد خیال کہلاتے ہیں اور مثالیت پسند بھی ہوتے ہیں، وہ ہمیشہ اپنے ملک کو بدترین ملک گردانتے ہیں اور جس معاشرے کے وہ فرد ہوں اُسے معاشروں کی تمام ممکن قسموں میں سے بدترین قسم سمجھا کرتے ہیں — یہی وہ شخص ہے جو ہوٹل میں جا کر یہ سمجھتا ہے کہ دوسرے گاہکوں کو جو کھانا دیا گیا ہے وہ اس کے کھانے سے کہیں بہتر ہے۔ ایسے ہی لوگ "نیویارک ٹائمز" کے مزاح نگار کے بقول، یہ سمجھتے ہیں کہ روس میں دریائے نیپر پہ جو بند باندھا گیا تھا، بس وہ ہے صحیح معنوں میں بند کہلانے کا مستحق، کسی جمہوریت پسند ملک نے تو کبھی کسی دریا پر کوئی بند تعمیر ہی نہیں کیا، یہ "آزاد خیال" لوگ کہا کرتے ہیں کہ صرف سوویت روس میں "زیرِ زمین ریل" نکالی گئی ہے — اس کے برعکس ذرا فاشسٹ ملکوں کے اخبار دیکھئے۔ یہ اخبار اپنے لوگوں کو یہی بتاتے ہیں کہ صرف انہی کے ملک میں انسانیت نے معقول اور عملی نظامِ حکومت ایجاد کیا ہے، باقی کہیں اس کا وجود ہی نہیں — اصل میں مثالی دنیاؤں کے خواب دیکھنے والوں، اور ناتسی ملکوں کے پراپیگنڈا افسروں کا نہج ایک ہے۔ دونوں ایک ہی مرض میں گرفتار ہیں۔ ان کا علاج صرف یہ ہے کہ یہ لوگ اپنے اندر کسی طرح زندہ دلی اور ذوقِ سلیم اور ظرافت پیدا کریں ٭

میں خوش طبعی، اور ظرافت کو دخل ہو جائے تو کیا سے کیا نہ ہو جائے۔ فرض کیجیئے کہ کوئی بین الاقوامی کانفرنس منعقد ہو رہی ہے اور اس میں مدبروں کے بجائے، دُنیا کے بہترین ظرافت نگار، اور ٹھٹھول لوگ حصّہ لے رہے ہیں۔ اگر ان کے ملک انہیں فیصلے کے پورے اختیارات اور ہر قسم کی مراعات دیدیں تو میں سمجھتا ہوں کہ دنیا کی فلاح اور بقا کا راستہ کھُل جائے۔ میرے اس دعوے کی دلیل یہ ہے کہ خوش طبعی، اور زندہ دلی کے ساتھ سمجھداری اور معقولیت کا لابدی رشتہ ہے — گویا خوش طبعی، انسانی ذہن میں یہ ملکہ بھی پیدا کر دیتی ہے کہ وہ دوسروں کی تضاد بیانی، غلط منطق، اور عام حماقت کو بہر طور بہر رنگ سمجھ سکے۔ یہی انسانی ذہانت کی معراج ہے۔ اگر ہر قوم بین الاقوامی کانفرنسوں میں اپنے ظرافت نگاروں کو نمائندہ بنا کر بھیجے تو سمجھئے کہ معقول ترین اور زیرک ترین لوگ یہی ہوں گے بمثلاً جارج برنارڈ شا آئرلینڈ کی نمائندگی کریں۔ سٹیفن لی کاک کنیڈا کے نمائندے ہوں۔ چسٹرٹن فوت ہو چکے، مگر پی جی ووڈہوس، یا آلڈس ہکسلے انگلستان کی نمائندگی کر سکتے ہیں۔ اسی طرح ولیم روجرا اگر زندہ ہوتے تو امریکہ کے بہترین نمائندے ثابت ہوتے۔ مگر اب ان کی جگہ رابرٹ بنچلے یا ہے وڈ بروئن یہ فرض سرانجام دے سکتے ہیں۔ اسی طرح اٹلی، فرانس، روس اور جرمنی کے نمائندے آئیں — اگر ان لوگوں کو اس وقت کسی بین الاقوامی کانفرنس میں جمع کیا جائے جب ایک عالمگیر جنگ کے بادل افق پر منڈلا رہے ہوں تو آپ دیکھیں گے کہ یہ حضرات جی جان سے بھی چاہیں تو بھی جنگ شروع نہیں کرا سکیں گے! — تصور فرمائیے بین الاقوامی شہرت کے مالک یہ مزاح نگار کوئی جنگ شروع کرا سکتے ہیں؟ یا کسی جنگ کے لئے سازش بھی کر سکتے ہیں؟ — یہ ان کی زندہ دلی، ان کی خوش

میں سمجھتا ہوں کہ آمرانہ حکومت پر سب سے سخت اعتراض یہی ہے کہ جمہوریتوں کے صدر ہنس سکتے ہیں مگر ڈکٹیٹر ہمیشہ سخت سنجیدہ نظر آتے ہیں۔ کسی ڈکٹیٹر کو دیکھ لیجئے' جبڑا ہمیشہ سختی سے بھنچا ہوا ہوگا۔ ٹھوڑی آگے کو نکلی ہوگی اور نچلا ہونٹ' زور سے بند کی ہوئی تھیلی کی طرح ہوگا۔ دیکھتے ہی ایسا معلوم ہوگا کہ یہ بڑا اہم شخص ہے۔ جو بے حد اہم کام کرتا ہے' اور دنیا صرف اسی کی کوششوں سے زندہ ہے ورنہ فنا ہو چکی ہوتی ـــــ اس کے برعکس جمہوریتوں کے صدر حضرات پر نگاہ ڈالئے۔ امریکی صدر پبلک جلسوں اور عام صحبتوں میں مسکراتے نظر آتے ہیں۔ یہ بھلا یورپ کے ڈکٹیٹروں کی مسکراہٹیں کہاں گئیں؟ کیا اُن کی رعایا اُنہیں مسکراتے ہوئے نہیں دیکھنا چاہتی؟ کیا یہ ضروری ہے کہ یہ ڈکٹیٹر حضرات ڈرے سہمے نظر آئیں یا بہت بارعب بنتے دکھائی دیں۔ یا جوش میں بھرے رہیں یا بے حد سنجیدہ نظر آئیں ـــــ؟ کیا اسی صورت ان کی حکومت قائم رہ سکتی ہے؟ ـــــ ان سب باتوں سے ایک ہی نتیجہ نکلتا ہے اور وہ یہ کہ اگر ڈکٹیٹروں کے لئے قہر کا مجسمہ نظر آنا' یا انتہائی نخوت اور رعب کی تصویر بن جانا ضروری ہے تو پھر آمریت میں کچھ نہ کچھ بنیادی خرابی ضرور ہوگی۔ گویا اس کا مزاج اور اسکی سرگزشت ہی غلط ہے۔

آپ یہ نہ سمجھیں کہ ڈکٹیٹر لوگوں کی مسکراہٹ کا یہ تذکرہ دفع وقتی کے لئے کیا جا رہا ہے۔ یہ بڑی اہم اور سنجیدہ بات ہے۔ کیونکہ اگر ہمارے حکمران مسکرا نہ سکیں تو یہ ہم انسانوں کے لئے بڑا سنگین مسئلہ ہے۔ وجہ یہ ہے حکمرانوں کے پاس ہی تو دنیا جہان کی توپیں اور دوسرے اسلحہ موجود ہوتے ہیں۔ وہ اگر ہنس نہیں سکتے تو لڑائی تو کر سکتے ہیں۔ آپ ذرا تصوّر فرمائیے کہ اگر سیاست

و تکبّر سے آپے میں نہیں سماتے۔ وہ لوگ جو حبّ الوطنی میں حد سے زیادہ مبالغہ کرتے ہیں، وہ لوگ جو بزعمِ خود دنیا کی "خدمت" کا بیڑا اٹھاتے ہیں۔ وہ لوگ جو اپنی قسمت بنانا چاہتے ہیں یا دنیا کے جریدے پر اپنا "نقش" چھوڑنا چاہتے ہیں —— وہ لوگ جو چاہتے ہیں کہ کبھی ان کا بھی ایک مجسّمہ بنے اور شہر کے بڑے چوک میں کانسی کے گھوڑے پر سوار، ان کا کانسی کا بُت، اپنی بے نور آنکھوں سے آنے والی نسلوں اور صدیوں کو دیکھتا رہے! —— یہی لوگ جنگ کا موجب بنتے ہیں۔ مگر عجیب بات یہ ہے کہ یہ بڑے عاقل اور فرزانہ لوگ بڑے اولوالعزم اور نخوت پسند لوگ اصل میں بے حد احمق اور بے حد بزدل ہوتے ہیں۔ ان میں وہ ہمت، وہ تہوّر نہیں ہوتا جو ظریف اور زندہ دل لوگوں کا حصّہ ہے۔ ان میں ظریفوں کی سی گہرائی اور فہم کی باریکی بھی نہیں ہوتی۔ یہ لوگ ہمیشہ معمولی چیزوں سے نبرد آزما رہتے ہیں۔ دوسری طرف ظریف اور زندہ دل لوگ اپنے ذہن کی وسعت اور برّاقی کی بدولت، بڑی چیزوں اور اونچی باتوں کا ادراک حاصل کر لیتے ہیں۔ آج کل یہ حال ہے کہ جو سیاسی مدبّر، پُر اسرار آواز اور رازدارانہ لہجے میں باتیں نہ کرے، اپنے چہرے پر خوف کے آثار پیدا نہ کرے اور ہر وقت لئے دیئے نہ رہے، اُسے مدبّر سمجھا ہی نہیں جاتا۔ مگر دنیا کو بچانے کے لئے ظرافت نگاروں کی کسی بین الاقوامی کانفرنس کی بھی چنداں ضرورت نہیں —— آخر ہم سب میں خدا نے خاصی مقدار میں ظرافت کا ذوق، یہ سوجھ بوجھ پیدا کی ہے۔ اس لئے جب جنگ کے بادل سر پر منڈلا رہے ہوں، تو ہر ملک بڑے شوق سے کانفرنسوں میں اپنے سکّہ بند سیاسی مدبّرین ہی کو نمائندگی کے لئے بھیجے اور ضرور بھیجے جو بڑے سنجیدہ، بڑے "کار آزما اور کار آمد" مشہور ہوں اور بنی نوع انسان کی

مذاق اُن کے آڑے آتی رہے گی اور ہمیشہ انہیں خون ریزی اور فساد سے روکتی رہے گی۔ جب ایک قوم دوسری کے خلاف اعلانِ جنگ کرتی ہے تو وہ ساری قوم سخت سنجیدہ بلکہ نیم پاگل ہوجاتی ہے۔ اُسے یقین ہوتا ہے کہ وہ اور صرف وہ حق پر ہے اور خدا کی نصرت اُسی کے شاملِ حال ہے۔ مگر ظرافت نگار ہوں یا ٹھٹھول لوگ، کوئی مردِ معقول ہو یا محض زندہ دل شخص، اُسے خدا نے عقلِ سلیم عطا کی ہے اور وہ جانتا ہے کہ حقیقت کچھ اور ہے —— گویا اس کانفرنس میں، جارج برنارڈ شا کھلے بندوں یہ کہہ دیں گے کہ بھائیو اصل غلطی میرے ملک آئرلینڈ کی ہے۔ اُدھر برلین کے ظرافت نگار یہ کہتے ہوں گے غلطی ہماری قوم کی ہے۔ امریکی نمائندہ ہے ووڈ برو ون اُٹھ کر صاف کہے گا کہ بھائیو، میرے ملک امریکہ نے معاملات کو خاصا بگاڑا ہے، اور اُس نے کسی سے کم غلطیاں نہیں کیں! اُدھر کانفرنس کے صدر سٹیفن لی کاک صاحب بڑے آرام سے اپنی صدارتی تقریر میں کہیں گے کہ انسان کافی احمق واقع ہُوا ہے اور بحیثیت صدر میں انسان کی حماقتوں کی معافی چاہتا ہوں، مگر یہ بھی عرض کر دوں کہ حماقت اور کوتہ اندیشی میں کوئی قوم کسی دوسری قوم سے نہ تو کمتر ہے نہ بہتر ہونے کا دعوےٰ کرسکتی ہے!

آپ ہی فرمایئے، اِن حالات میں کیسے کوئی جنگ چھڑ سکتی ہے ؟ ——
جنگ کون لوگ شروع کیا کرتے ہیں ؟ —— اس کا جواب صاف ہے سو وہ لوگ جو جاہ طلب لوگ ہوتے ہیں اور اولوالعزم کہلاتے ہیں! وہ لوگ جو بڑے قابل، بڑے چالاک، بڑے سازشی ہوتے ہیں۔ وہ لوگ جو حزم و احتیاط کے پتلے ہوتے ہیں۔ وہ لوگ جو عقل و دانش کے مجسمے سمجھے جاتے ہیں۔ وہ لوگ جو نخوت

ان سب صفات کی بنا پر ایک نہایت معقول تہذیب وجود میں آئے گی۔ سادہ خیالی اور خوش مذاقی کا فلسفہ اور سوجھ بوجھ کی نزاکت، زندہ دلی ہی کی خصوصیات ہیں اور زندہ دلی کی بدولت ہی وجود میں آسکتی ہیں۔

ایسی معقولیت پسند دنیا کا تصور کرنا خاصا مشکل ہے کیونکہ ہماری آج کی دنیا اس سے بہت مختلف ہے۔ آج کی زندگی مجموعی طور پر بہت پیچیدہ ہے۔ علمیت، بھاری بھرکم سنجیدگی کا لبادہ اوڑھ چکی ہے۔ فلسفہ بہت مغموم بہت درشت ہے۔ ہمارے خیالات بے حد الجھے ہوئے ہیں۔ یہ اسی سنجیدگی، اسی الجھاؤ اور پیچیدگی کا کرشمہ ہے کہ آج کی دنیا اتنی دکھی ہے۔

یہ ماننا پڑے گا کہ سادہ زندگی اور خیالات کی سادگی، تہذیب اور ثقافت کی معراج ہے۔ جب کوئی تہذیب سادگی کا جوہر کھو بیٹھتی ہے اور تکلف کی بلندیوں سے اتر کر پھر بے تکلفی اور سادگی کی سطح پر نہیں آتی۔ تو یہ تہذیب، تکلیف کا منبع بن جاتی ہے اور رفتہ رفتہ اسے زوال آ جاتا ہے۔ چنانچہ انسان ان تصورات اور خیالات، ان امنگوں اور ان معاشرتی نظاموں کا غلام ہو کر رہ جاتا ہے جو کبھی اس نے خود تخلیق کئے تھے۔ انسانیت ان کے نیچے دب کر رہ جاتی ہے اور ان تصورات اور معاشرت کے اس بار گراں سے سر نہیں اٹھا سکتی۔۔۔ خوش قسمتی سے انسان کو ایک ایسا جوہر عطا ہوا ہے، جس کی بدولت وہ خیالات کی بھول بھلیوں اور امنگوں کے بوجھ سے اونچا بھی اٹھ سکتا ہے اور پھر ان پر ہنس بھی سکتا ہے۔ یہی جوہر زندہ دلی اور خوش طبعی ہے۔ اسی کو ظرافت اور بذلہ سنجی کہتے ہیں۔ چنانچہ ظریف اور بذلہ سنج لوگ، اونچے اونچے خیالات، اور آرزوؤں کو یوں ہاتھ لگاتے ہیں، انہیں اس طرح "نمٹاتے" ہیں کہ ان کی ہر ہر حرکت

"خدمت" کرنے پر ادھار کھائے بیٹھے ہوں — مگر کیا یہ جائے کہ ہر صلح سیاسی کانفرنس شروع ہونے سے پہلے دس منٹ تک انہیں مشہور امریکی کارٹون تصویر "مکی ماؤس" دکھائی جائے اور اس شو میں ہر مدبر کی حاضری لازمی قرار دی جائے — آپ دیکھیں گے اس کے بعد جنگ ہونے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوگا!

میں نے عرض کیا تھا کہ خوش طبعی اور زندہ دلی ظرافت اور ٹھٹھول کا عمل کیمیاوی ہے میرا مطلب یہ تھا کہ یہ صلاحیت ہمارے خیالات کی نوعیت ہی کو تبدیل کر دیتی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ زندہ دلی ہماری ثقافت اور تہذیب پر بنیادی طور پر اثرانداز ہو سکتی ہے، اور ہمارے لئے، کسی آنے والے زمانے میں، معقولیت پسندی کے دور کا پیش خیمہ بن سکتی ہے۔ میرے نزدیک انسانیت کی معراج ہی یہ معقولیت پسندی کا دور ہے۔ انسانیت کے لئے اہم ترین شرط یہی ہے کہ انسانوں کی ایک ایسی نسل وجود میں آئے جس میں معقولیت پسندی کا جوہر کوٹ کوٹ کر بھرا ہو جو نیک دلی اور حسن نیت کا پیکر ہو، سادہ خیالات امن پسندی اور تہذیبی جوہر سے مالا مال ہو۔ انسانیت کی معراج یہ نہیں کہ ساری دنیا منطقی ہو جائے۔ کیونکہ منطقی دنیا کسی صورت بھی ایک باکمال دنیا نہیں ہوگی۔ انسانیت کی معراج یہ ہے کہ لوگ ایک دوسرے کے عیب جلد از جلد سمجھ لیں اور اپنے جھگڑے معقولیت سے نمٹا لیں۔ صاف لفظوں میں، انسانیت کے لئے یہی کچھ اوجِ کمال ہے۔ جس کی ہم انسانی زندگی سے توقع رکھ سکتے ہیں۔ معقولیت ہی کی ذیل میں کئی اور صفات بھی آجاتی ہیں جو انسانی دماغ کے لئے باعثِ فخر ہیں۔ اس معقولیت پسند دنیا میں سادہ خیالی کا دور دورہ ہوگا۔ اس دنیا کا فلسفۂ مسرت اور خوش مذاقی کا جوہر ہوگا۔ اس میں بڑی نازک سوجھ بوجھ ہوگی۔

ہے جو پرانے ہوں اور کافی تجربہ کار ہوں۔

تو وہ کیا چیز ہے جس سے فنّی باریکیاں، عام فہم سادہ بیانی میں بدل جاتی ہیں؟ ——— میں سمجھتا ہوں کہ اس کا انحصار اس علم کے ہضم کرنے پر ہے جو ہمیں حاصل ہو۔ میں اس عمل کو غذا کے تحلیل ہونے سے تشبیہ دیا کرتا ہوں ——— اگر کسی عالم نے اپنے علم کو پوری طرح ہضم نہیں کیا اور اُسے زندگی کے مشاہدے سے مطابقت نہیں دی تو وہ ہمارے سامنے اپنا علم، قابلِ فہم طریقے پر کبھی نہیں پیش کر سکے گا۔ علم حاصل کرنے کی تگ و دو میں ایسے لمحے ضرور آتے ہیں جو سکون اور آرام کا پیغام لائیں۔ جیسے ایک لمبے سفر کے بعد شربت کا گلاس رُوح کی ماندگی کو دور کر دیا کرتا ہے۔ انہی لمحوں میں، اس علم کے رسیا کو سوچنا چاہیے کہ "آخر یہ سب کچھ کیا ہے . . . اور میں کس بات پر اتنی مغز کاوی کر رہا ہوں . . . میں کیا کہہ رہا ہوں . . . ؟" یعنی سادگی کی اوّلین شرط یہ ہے کہ علم کو ہضم کیا جائے اور ہماری نظر بالغ ہو ——— چنانچہ عمر بڑھنے کے ساتھ ساتھ ہمارے خیالات میں صفائی اور وضاحت آتی جاتی ہے۔ عمر کی پختگی کے ساتھ ہر مسئلے کے غلط اور غیر ضروری پہلو چھپٹ جاتے ہیں۔ ہم ان سے پریشان ہونا بھی ترک کر دیتے ہیں۔ خیالات واضح صورت اختیار کرتے ہیں اور خیالات کا ایک لمبا سلسلہ رفتہ رفتہ، ایک سہل سے قاعدے یا فارمولے کی شکل اختیار کر لیتا ہے، اور ایک صبح ہم پر یہ راز کھل جاتا ہے کہ ہم نے علم کی اصلی روح کو سمجھ لیا ہے۔ یہی وہ چیز ہے جسے حقیقی معنی میں دانش کہا جاتا ہے۔ اب تگ و دو کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی۔ حقیقت، عام فہم بن جاتی ہے کیونکہ اب حقیقت واضح تر ہو چکی ہے اور یہ احساس ہوتا ہے کہ خود سچائی بڑی عام فہم، بڑی سادہ، بڑی قدرتی سی چیز ہے ———

سے چابک دستی کا اظہار ہوتا ہے، پتا چلتا ہے کہ یہ لوگ ان خیالات اور تکلیف وہ امنگوں کے غلام نہیں بلکہ آقا ہیں ـــــ اور جو شخص اپنے خیالات پر قادر ہو وہ ان کا غلام بن کر نہیں رہ سکتا ـــــ چابکدستی، مہارت اور فنی کمال کا ثبوت ہوتی ہے۔ اس کے برعکس سنجیدگی، ہمیشہ سخت کوشش کی علامت ہے اور کوشش اس بات کا ثبوت ٹھہرتی ہے کہ کرنے والے کو اپنے کام پر پوری قدرت، پوری مہارت حاصل نہیں ـــــ ایک بے حد سنجیدہ اور ٹھوس قسم کے ادیب کو لیجیے۔ وہ ہمیشہ کچھ اکھڑا اکھڑا نظر آئے گا۔ اس کی تحریر میں سبک روی نہیں ہوگی خیالات سے وہ گھبرایا ہوا دکھائی دے گا اور ہمیشہ کچھ تصنع، کچھ بناوٹ اس کی تحریروں سے جھلکتی رہے گی ـــــ اس کی وجہ صاف ظاہر ہے۔ اور وہ یہ ہے کہ یہ سنجیدہ ادیب، اپنے خیالات کے سامنے، ہمیشہ کچھ دبلا دبلا سا رہتا ہے۔

سادگی، خیالات کی گہرائی کی زندہ علامت ہوا کرتی ہے۔ یہ بات بظاہر عجیب معلوم ہوگی مگر حقیقت یہی ہے ـــــ میں سمجھتا ہوں سادگی وہ چیز ہے جو علمیت اور تحریر میں بڑی مشکل سے حاصل ہوتی ہے۔ خیالات کی صفائی بڑی محال بات ہے، مگر جب تک خیالات واضح اور صاف نہ ہوں گے، سادگی نہیں آئے گی جب کبھی آپ دیکھیں کہ کوئی ادیب، بار بار ایک ہی خیال کی ادھیڑ بن میں لگا ہے تو یہ سمجھ لیجئے کہ وہ خیال اس ادیب کی جان کا لاگو ہو گیا ـــــ اس کی ایک مثال یہ ہے کہ کالج میں ایک نیا نیا پروفیسر آتا ہے جس نے تازہ تازہ نہایت اعلیٰ نمبروں پر ڈگری حاصل کی ہے۔ آپ دیکھیں گے کہ اس کے لکچر ہمیشہ الجھے ہوئے ہوں گے اور اصل موضوع سے ہٹے ہوئے ہوں گے ـــــ خیالات کی باقاعدہ سادگی اور اظہار کی سادگی صرف ان پروفیسروں کے لکچروں میں ہوتی

# ۵۔ مزاج کا تلوّن

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آوارہ گردی جو کبھی انسان کا سب سے بڑا کام تھی (اور میرے خیال میں انسانیت کی معراج تھی) اب اس کی جگہ سپہ گری نے لے لی ہے۔ اب آوارہ گرد کے بجائے سپاہی کو مثالی آدمی سمجھا جا رہا ہے۔ گویا اب مثالی انسان وہ نہیں جس کا کچھ ٹھیک نہ ہو اور جو آزادہ رو اور آزاد منش ہو بلکہ اب تو اس آزادہ روی کی جگہ منطق کے غلام، نظم و ضبط کے پابند قاعدوں ضابطوں کے رسیا، باوردی قُلیوں کا دور دورہ ہونے والا ہے۔ یہ لوگ اس حد تک منظّم ہو سکتے ہیں کہ اب پانچ پانچ چھ چھ کروڑ انسانوں کی ایک پوری قوم کی قوم ایک عقیدے اور ایک خیال پر ایمان رکھ سکتی ہے اور منظّم انسانوں کا یہ جمِّ غفیر اتنا پابند بنایا جا سکتا ہے کہ سب کے سب ایک ہی قسم کی باتیں سوچیں اور ذاتی پسند کو بالائے طاق رکھ کر ایک ہی قسم کے کھانے کو بھی مرغوب سمجھیں —— ظاہر ہے کہ اِن دو آدمیوں، آوارہ گرد اور سپاہی میں کوئی بات مشترک نہیں۔ انسان کی عظمت کے بارے میں دو ہی خیال ہو سکتے ہیں۔ یا تو آپ آزادہ رو اور آزاد منش آدمی کو انسانیّت کا نصب العین سمجھیں، یا نظم و ضبط کے پابند ایک سپاہی کو مثالی انسان تصوّر کریں۔ پہلی صورت میں آپ کا نظریّہ یہ ہوگا کہ جو شخص اپنی آزادی اور انفرادیت قائم رکھتا ہے، وہی اصلی معنی میں عظیم انسان ہے۔ دوسری صورت میں آپ کا اعتقاد یہ ہوگا کہ جس شخص نے رائے اور فیصلے کی آزادی کھو دی ہے اور شخصی معتقدات کا حق تج دیا ہے اور اب وہ اپنے حکمران یا اپنی حکومت کے نظریّے اور فیصلوں کا سختی سے پابند ہے، وہی بہترین انسان ہے! —— ان

خیالات کی اسی برجستگی اور اسلوب و اظہار کی اسی فطری سادگی کو چینی شاعروں اور نقادوں نے اتنا قابلِ تعریف قرار دیا ہے۔ چینی علما اس عمل کو پختہ کار ذہن کا عمل قرار دیتے ہیں، اور یہ وہ پختگی ہے جس کے بعد ادیب کے اسلوب میں عبارت کے تکلف، الفاظ کے شکوہ، تصنع اور آورد یا علمیت کا رعب چھانٹنے کا شائبہ تک نہیں ہوتا۔

قدرتی بات ہے کہ زندہ دلی اور خوش طبعی، خیالات کی سادگی کو پروان چڑھاتی ہیں۔ عام طور پر ظریف تو حقائق سے لگاؤ رکھتا ہے۔ لیکن نظریات کے رسیا، تصورات میں کھوئے رہتے ہیں، خیالات میں اُلجھ اُلجھ کر بالکل کھو جاتے ہیں۔ ظریف، محض عملی سوجھ بوجھ اور مزاح کی چمک سے سروکار رکھتا ہے۔ وہ بجلی کی تیزی سے ہم پر ظاہر کر دیتا ہے کہ ہمارے خیالات حقائق سے کتنے مختلف یا ان کے برعکس ہیں۔ گویا وہ سارے الجھاؤ کو پل جھپکتے میں سلجھا کر رکھ دیتا ہے ۔۔۔ حقائق سے مسلسل تعلق، اس کی طبیعت میں اُپج، ایک نوع کا ہلکا پھلکا پن اور نزاکتِ احساس پیدا کرتا ہے ۔۔۔ ہر قسم کے تصنع اور بناوٹ یا بہروپ سے اس کا کوئی واسطہ نہیں ہوتا۔ وہ عقل و علم کی حماقتوں، اور معاشرے کی فضولیات سے کوسوں دور رہتا ہے ۔۔۔ گویا زندہ دلی اور خوش طبعی سے انسان نکتہ رس اور خوش گفتار بن جاتا ہے، ہر چیز اس پر واضح ہو جاتی ہے، ہر بات سادہ اور آسان بن جاتی ہے۔

اِسی لئے تو میں کہتا ہوں کہ اگر معقولیت پسندی اور سادہ زندگی اور سادہ خیالی حاصل کرنا ہو تو اس کا صرف ایک راستہ ہے اور وہ یہ ہے کہ مزاحیہ خیالات اور ظرافت کو زیادہ سے زیادہ فروغ دیا جائے۔

ہوتی ہے وہ اس طرح ہانکے جانے پر بُرا مانتے ہیں ــــ میرے نزدیک یہی خفیہ ناراضی، یہ انسانی انحراف اور سرتابی، یہ ہٹیلا پن ہی انسانی وقار کی علامت ہے ــــ یہی وہ امید کی کرن ہے جس سے ہمت بندھتی ہے کہ آئندہ کسی مہذب تر دنیا میں انسان زیادہ شائستگی اور تمیز سے زندگی بسر کر سکے گا۔

اب یہ واضح ہو گیا کہ منطق کی ساری دلیلوں کے باوجود، میں آزاد منش آدمی ہی کو پسندیدہ انسان سمجھتا ہوں ــــ انسان کی مخالفت پسندی اس کا اصل جوہر ہے۔ اور غالباً تہذیب و تمدن اسی کی بدولت فنا ہونے سے بچ سکیں گے۔ اس کی وجہ ظاہر ہے۔ انسان کے اجداد بندر تھے، گائیں بھینسیں نہیں تھیں جو قناعت کی تصویر ہیں۔ انسان کی حیثیت سے میں یہی چاہتا ہوں کہ گائیں بھینسیں اسی طرح قناعت اور مزاج کی نرمی کا پیکر رہیں تاکہ انسان انہیں اپنی مرضی کے مطابق جب چاہے چراگاہ میں چرنے کو بھیج دے اور جب چاہے انہیں مذبح میں ذبح ہونے کے لئے بھیج سکے۔ اور خدا کی یہ قانع مخلوق، اپنے مالک کی مرضی پر، ایک سی فراخ دلی اور رضا سے اپنے آپ کو قربان کر دے! ــــ انسان کی حیثیت سے میں یہ بھی چاہتا ہوں انسانیت گایوں بھینسوں کا گلہ نہ بن جائے۔ میں چاہتا ہوں کہ انسان اپنے اجداد یعنی بندر کی طرح باغی اور چڑچڑا اور غیر مطمئن رہے۔ کیونکہ اگر کبھی گائیں بھینسیں اپنے مالک کے خلاف سرتابی کریں گی تو میں انہیں گائیں بھینسیں نہیں انسان سمجھنے لگوں گا۔ یہی وجہ ہے کہ میں ہر قسم کی آمرانہ حکومت کے خلاف ہوں کیونکہ یہ انسانی تخلیق کے اصول کے خلاف ہے۔ ڈکٹیٹر لوگ صرف گایوں بھینسوں کے ریوڑ کے ساتھ اچھی طرح نباہ کر سکتے ہیں۔ ان کا گزارا بندروں کے ساتھ ممکن نہیں کیونکہ بے چینی اور سرتابی تو بندروں کے خمیر میں

دونوں نظریوں کی حمایت میں کافی کافی باتیں کہی جا سکتی ہیں۔ آزاد منشی اور انفرادیت کی حمایت میں عقلِ سلیم دلیلیں لائے گی اور سپاہی کے حق میں منطق بہت کچھ کہہ سُن سکتی ہے۔

منطق کے لئے یہ کچھ مشکل نہیں کہ ایسے مشینی انسانوں کی حمایت میں دلیلوں کے انبار لگا دے۔ جو فرد کو تو کچھ نہیں لیکن ریاست کو سب کچھ سمجھیں منطق ایسے لوگوں کو مثالی شہری ثابت کر سکتی ہے منطق یہ ثابت کر سکتی ہے کہ یہ افراد ایک خارجی مقصد کو پورا کرنے کے لئے بڑے مفید ہیں۔ یہ خارجی مقصد کیا ہے؟ اپنی ریاست اور اپنے ملک کا استحکام ـــــ مگر یہ استحکام بجائے خود تو کوئی مقصد نہیں اس کا وجود بھی تو ایک اور مقصد کے لئے ہوتا ہے۔ اپنی ریاست کی قوت اور استحکام، دوسرے ملکوں پر غلبہ حاصل کرنے کی ایک راہ ہوتی ہے ـــــ منطق یہ سب کچھ بڑی آسانی سے ثابت کر سکتی ہے اور یہ منطق اتنی سیدھی سادی ہوگی کہ ہر احمق اسی کا کلمہ پڑھے گا ـــــ مزہ یہ ہے کہ کافی "مہذب" اور "روشن خیال" ملکوں میں بھی اس نظریے کو جھنڈے پر چڑھایا گیا ہے ـــــ مشینی انسانوں یا بقولِ منطق ان "مثالی شہریوں" کی بھی دو قسمیں ہوتی ہیں، قسم اوّل میں وہ بہتر قسم کے شہری آتے ہیں جنہیں حکومت یا بادشاہ دوسروں سے بہتر سمجھتا ہو ـــــ یہی لوگ وہ ہیں کہ جب انہیں کسی جگہ جنگ کرنے کے لئے بھیجا جائے تو وہ بڑے خوش ہوتے ہیں اور خدا کا لاکھ لاکھ شکر ادا کرتے ہیں کہ اس نے انہیں بڑا کرم کر کے عین اُس جگہ بھیجا جہاں لڑائی کا زور بندھ رہا ہے اور جہاں وہ اپنے ملک کے لئے جانیں دے سکتے ہیں ـــــ قسم دوم میں ایسے افراد آتے ہیں کہ جب انہیں محاذِ جنگ پر بھیجا جائے تو ان کے دلوں میں از خود کچھ ناراضی پیدا

اعلیٰ پیکر سمجھا جاتا ہے ــــ کیا مغرب اس کے مقابلے میں کوئی مثالی انسان پیش کر سکتا ہے؟ جب یا وردی قلیوں اور مشینی انسانوں کو مثالی انسان سمجھنے کا یہ فیشن ختم ہو جائے گا تو کیا مغرب یہ ثابت کر سکے گا کہ شخصی آزادی اور شہری حقوق کے نظریئے واقعی اہلِ مغرب کے دلوں میں جڑ پکڑ چکے ہیں اور مغرب اُن پر واقعی اعتقاد رکھتا ہے؟ ــــ اگرچہ مجھے شک ہے کہ شاید یہ وقت کبھی نہیں آئے گا مگر میں پھر بھی اس وقت کا منتظر ہوں!

یورپ نے شخصی آزادی کی روایت کیوں طاق پر اٹھا رکھی ہے؟ اس کے دو بڑے سبب ہیں، پہلی وجہ تو یہ ہے کہ ہمارے زمانے میں اجتماعیت کے لئے جو اقتصادی تحریک چلی ہے اس کی وجہ سے انفرادی آزادی کو بھلانا پڑا ہے۔ دوسرا سبب یہ ہے کہ ملکہ وکٹوریہ کے زمانے میں صنعتی انقلاب نے جو انسان کی آزادی کو مشین کا غلام بنانا شروع کیا تھا تو وہ روایت ابھی تک چل رہی ہے ــــ ہمارا آپ کا زمانہ اجتماعیت کا ہے، معاشرتی، اقتصادی، اور سیاسی طور پر بھی اجتماعیت کے لئے ہر طرف سے تحریک کی جا رہی ہے۔ اسی لئے انسان سے یہ حق چھن رہا ہے کہ اُسے کسی بات سے ناراض ہونے، کسی بات پر بُرا ماننے، کسی چیز سے غیر مطمئن ہونے کا فطری حق حاصل ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انسانیت فرد کے وقار اور شرافت کو کھولتی جا رہی ہے۔ آج کل کے زمانے میں اقتصادی مسائل اُلجھتے جا رہے ہیں اور اقتصادی معاملوں پر سوچنے اور اُن میں اُلجھے رہنے میں ہی انسان کا زیادہ وقت صرف ہو رہا ہے۔ باقی ہر قسم کا غور و فکر اب اقتصادی سوچ بچار کے بوجھ میں دبا جا رہا ہے۔ اسی لئے ہم لوگ ان علوم سے بے بہرہ رہتے ہیں، جو انسانیت سے قریب تر ہیں۔ ہم اس فلسفے سے بھی آنکھیں بند کیے رہتے ہیں جو انسانیت کا

سے ہے!

سچی بات یہ ہے ۱۹۳۰ء کے بعد سے مغربی تہذیب کے لئے میرے دل میں جو عزت اور وقعت تھی وہ کافی حد تک کم ہو گئی ہے۔ اس سے پہلے مجھے چینی تہذیب پر شرم آتی تھی اور میں مغرب اور اس کی تہذیب کو بڑا دقیع جانتا تھا۔ میں سمجھتا تھا کہ چینی تہذیب کا یہ پہلو بڑا شرمناک ہے کہ چین میں کبھی کوئی آئین رائج نہ ہو سکا اور نہ شہری حقوق کبھی فروغ پا سکے۔ میرا اعتقاد اُس وقت یہ تھا کہ ایک آئینی حکومت، چاہے اُس کا سربراہ صدر کہلاتا ہو یا بادشاہ، انسانی تہذیب کی ترقی کی دلیل ہے! — مگر اب میری آنکھیں کھل چکی ہیں۔ اب میں مغربی تہذیب کے گہوارے میں رہتا ہوں اور میں دیکھتا ہوں کہ انسانی حقوق اور انسانی آزادی کو مغربی تہذیب نے کتنا پامال کیا ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر کچھ تسلی ہوتی ہے کہ مغربی تہذیب نے انسان کو عقیدے کی آزادی نہیں بخشی، حالانکہ میرے ملک چین میں عقیدے کی آزادی ہمیشہ رہی ہے۔ مجھے یہ دیکھ کر بھی اطمینان سا ہوتا ہے کہ آئینی حکومت کو مغرب میں کوئی اعلیٰ قسم کی حکومت نہیں سمجھا جاتا۔ میں یہ بھی جانتا ہوں کہ عین مرکزی یورپ میں کروڑوں ایسے انسان بستے ہیں جو یونانی ڈرامہ نگار یوری پیڈیز کی تعریف کے مطابق گھٹیا ترین غلامی میں زندگی گزار رہے ہیں۔ غلاموں کی اتنی بڑی تعداد تو "جاگیردار چین" میں بھی نہیں تھی! — میں نے دیکھ لیا ہے کہ کئی ایک مغربی قومیں محض منطق کے بل پر جی رہی ہیں۔ مگر وہ سوجھ بوجھ اور عقلِ سلیم کے معاملے میں، ہم چینیوں سے بہت پیچھے ہیں۔ اسی لئے تو میں اس جرأت سے چینی فلسفے کا مثالی آدمی آپ کے سامنے پیش کر رہا ہوں۔ یہ مثالی انسان، خوش باش، بے فکر اور آزادہ رَو، آوارہ گرد ہے۔ اسی کو چینی فلسفے کے مطابق، انسانی تہذیب کا سب سے

ناپسند اور مزاج کے سنک کا زمانہ لد گیا، اب ہم نظریات کے غلام ہیں طبقاتی روایت کے پابند ہیں ــــ اب ہم میں کوئی "شخصیت" یا "انفرادیت" باقی نہیں! اندھی طاقت باقی رہ گئی ہے ــــ اب انسان کے کاموں اور اس کے مستقبل میں انسان کا کوئی دخل نہیں رہا بلکہ صرف کارل مارکس کی سکھائی ہوئی جدلی منطق ہی انسان کے تمام افعال اور اس کی سرگرمیوں کے بارے میں کوئی مناسب پیشگوئی کر سکتی ہے... گویا اب انسان بڑے باقاعدہ طریقے سے اور بڑی رغبت سے، چیونٹیوں کے اجتماعی نمونے پر زندگی بسر کرنے کی طرف آتا جا رہا ہے۔

میں جانتا ہوں کہ آپ میرے خیالات کو پرانے فیشن کی جمہوری انفرادیت پسندی، قرار دیں گے مگر میں یہ عرض کر دوں کہ خود کارل مارکس، جو آج کی اجتماعیات کا پیغمبر سمجھا جاتا ہے، اپنے سے ایک صدی پہلے فلسفی ہیگل اور وکٹوریہ کے زمانے کے انگریزی ماہرین اقتصادیات کے ملاپ کی پیداوار تھا! ــــ آج کی دنیا میں ہیگل کی منطق اور وکٹوریہ عہد کے اقتصادی نظریئے بھی پرانی باتیں سمجھی جاتی ہیں ــــ جدید نقطۂ نظر سے تو یہ سب بے حد مشکوک اور کافی حد تک سراسر غلط باتیں ہیں اور ان کا عقلِ سلیم سے کوئی واسطہ ہی نہیں۔ سوچنے کی بات یہ ہے کہ جب مشینی سائنس اپنے کارناموں، اپنی قدرت، اپنے غلبے پر ناز کر رہی تھی تو عین اسی وقت انسان کے بارے میں یہ مشینی نظریہ وجود میں آیا ــــ اصل میں یہ مشینی منطق سائنس سے چرا لی گئی اور اس مشینی منطق کو انسانی سماج پر چسپاں کر کے دیکھا گیا۔ چنانچہ اسے انسانی مسائل کے ان طالب علموں نے "قوانینِ فطرت" کا رُعب دار نام دے کر جھنڈے پر چڑھایا۔ یہ نظریہ رائج کیا گیا کہ "ماحول" انسان سے زیادہ بڑا ہے اور انسانی شخصیت کو حساب کی رقموں میں ڈھال کر ہر مسئلے کا حل تلاش

فلسفہ ہے جو ایک فرد کی زندگی کے معاملوں سے تعلق رکھتا ہے ــــ ہماری یہ غفلت بالکل قدرتی ہے ــــ جس شخص کے پیٹ میں پھوڑا ہو اس کے سارے خیالات اپنے پیٹ پر مرکوز رہتے ہیں۔ ہمارا معاشرہ بھی ایسا ہی سماج ہے جس کی معاشیات، بیمار اور درد سے بے حال ہے۔ اِسی لئے ہمارا معاشرہ ہمہ وقت اِسی معاشیات کے چکر میں اُلجھا رہتا ہے اور ایک انسان، ایک فرد کے انفرادی مسائل سے بالکل بے توجہی برتتا ہے۔ ہمارا معاشرہ غالباً یہ بھول چکا ہے کہ انسان، بحیثیت ایک فرد کے بھی آج کل کی دنیا میں زندہ ہے! ــــ پہلے کبھی یہ دَور تھا کہ انسان چاہے کچھ ہو وہ ایک فرد کی حیثیت سے ہی جانا پہچانا جاتا تھا۔ لیکن اب اکیلے فرد کو انسان ہی نہیں سمجھا جاتا، اب اُسے ایک مشین سمجھا جاتا ہے۔ اب وہ اقتصادی قاعدوں اور مادّی قوانین کا غلام ہے اور بس ــــ اب ہم آدمی کو آدمی نہیں سمجھتے، اسے مشین کا ایک پرزہ جانتے ہیں، اُسے ایک یونین یا ایک طبقے کا رُکن گردانتے ہیں۔ یہ کہتے ہیں کہ فلاں شخص تو بورژوا ہے، فلاں سرمایہ دار ہے۔ اور یہ دونوں طبقے مردود ہیں! ہم یہ کہتے ہیں کہ فلاں شخص (انسان نہیں) مزدور ہے، اسی لئے ہماری عزّت اور ہمارے احترام کا مستحق ہے کیونکہ وہ ہمارا "ساتھی" ہے! ــــ گویا کسی انسان پر "بورژوا" یا "سرمایہ دار" یا "مزدور" کا لیبل لگا کر اُس سے نفرت کرنا یا اُسے اچھا سمجھنا آسان تر ہو گیا ہے۔ اب ہم افراد یا انسان نہیں رہے، اب ہم صرف "طبقے" کی صورت میں زندہ ہیں ــــ مگر یہ کچھ ضرورت سے زیادہ ہی "آسان" صورتِ حال ہے! اب آزاد منش انسان، مثالی آدمی کی حیثیت سے اس دنیا سے غائب ہو چکا ہے۔ اب کوئی شخص خارجی حالات کے سلسلے میں اپنے خیالات، اپنے ردِّ عمل کا آپ مالک نہیں رہا۔ اب خیالات، ذاتی پسند

نیت تک پہنچ جائے اور "اعداد و شمار" کا سہارا لے کر نقشے اور جدولیں بنا لے۔ تب بھی یہ سائنس نہیں بنتی۔ معاشیات نے انسانی ذہن کا جائزہ لینے کے لئے کوئی طریقہ وضع نہیں کیا۔ اگر یہ ریاضی کی سیڑھی لگا کر، انسانی اعمال کا جائزہ لینے کی کوشش کرتی ہے اور اس میں اپنے "اعداد و شمار" کی ٹیخ لگاتی ہے تو اس کا بے راہ ہو جانا اور بھی یقینی ہے ـــــ اسی وجہ سے جب کبھی کوئی اہم "اقتصادی اقدام" کیا جانے والا ہو تو وہ ماہرین، دو بالکل اُلٹ مشورے دیتے ہیں ـــــ آخر معاشیات بھی تو انسانی مزاج اور طبیعت کے خاصے پر ہی اپنی بنیاد رکھے گی۔ لیکن ماہرین کو ان دونوں سے کچھ واسطہ نہیں ہوتا۔ ماہرین کی کچھ نہ پوچھئے، ایک ماہرِ اقتصادیات کا خیال تھا کہ اگر انگلستان نے اپنی کرنسی کا معیار، سونا نہ رہنے دیا تو انگلستان تباہ ہو جائے گا۔ دوسرے صاحب کہتے تھے کہ انگلستان بچ ہی اس صورت میں سکتا ہے کہ اس کی کرنسی، سونے کے معیار سے گرا دی جائے۔ . . . یہ تو خیر ذرا بڑا مسئلہ تھا، عام خرید و فروخت کا یہ حال ہے کہ اقتصادی ماہرین اس کے بارے میں کچھ اندازہ نہیں کر سکتے۔ لوگ کب اشیا خریدتے ہیں اور کب بیچتے ہیں؟ اس کے بارے میں کوئی اقتصادی ماہر قابلِ قبول پیش گوئی نہیں کر پایا۔ اسی کی بدولت سٹہ اور سٹاک ایکسچینج کے تمام لین دین ہوتے ہیں ـــــ دنیا بھر کے اقتصادی اعداد و شمار اگر اکٹھے کر لئے جائیں تو بھی یہ بتانا مشکل ہو گا کہ کب سونے کا بھاؤ چڑھ جائے گا اور کب چاندی کا بھاؤ ٹوٹ جائے گا۔ زیادہ سے زیادہ اس طرح کے اندازے ہو سکیں گے جس طرح موسمیات کا دفتر، اگلے چوبیس گھنٹوں کے موسم کے بارے میں "پیشگوئیاں" کیا کرتا ہے! ـــــ اس کی وجہ سیدھی یہ ہے کہ دنیا کے ہر کاروبار میں انسان کا ہاتھ ہے۔ چنانچہ اور ہر جگہ بشریت کے تقاضے کارفرما ہیں اگر بہت

ہو سکتا ہے ـــــ ممکن ہے معاشیات کے اعتبار سے یہ کوئی اچھی اور مفید بات ہو۔ مگر حیاتیات کی رُو سے یہ بالکل فضول ہے ـــــ حیاتیات تو یہ کہتی ہے۔ کہ زندگی کے ارتقا میں جتنا ہاتھ خارجی ماحول کا ہے اتنا ہی فرد کے ذاتی ردِ عمل کا ہے ـــــ صاف لفظوں میں یوں سمجھئے کہ ہر اچھا طبیب یہ مانتا ہے کہ مرض پر غلبہ پانے کے سلسلے میں مریض کی ذہنیت اور اس کے ذاتی ردِ عمل کا بڑا لحاظ رکھنا پڑتا ہے۔ اور یہ نہایت اہم بات ہے۔ چنانچہ کئی ایسے مریض ہوتے ہیں کہ منطقی طور پر انہیں مر جانا چاہئے، اور ان سے پیشتر اسی مرض سے انہی حالات میں کئی لوگ جان سے جا چکے ہوتے ہیں، مگر یہ مریض نہیں مرتے اور ڈاکٹروں کے لئے سخت حیرت کا موجب بن جاتے ہیں۔ اسی لئے جو ڈاکٹر دو مریضوں کو ایک ہی مرض کے لئے ایک ہی دوا بلا کسی تبدیلی مقدار کے دیدے، اُسے سماج کا دشمن قرار دینا چاہئے۔ اسی قسم کے سماج دشمن وہ معاشرتی فلسفی ہیں جو افراد کو بھلا دیتے ہیں جو یہ بھول جاتے ہیں کہ ہر فرد یکساں حالات میں بھی دوسرے فرد سے مختلف ردِ عمل ظاہر کرے گا جو اِس بات سے قطع نظر کر لیتے ہیں کہ انسان عام طور پر تلوّن کا پتلا ہے کہ اُس کے مزاج کا کچھ ٹھیک نہیں اور پتا نہیں کہ کن حالات میں وہ کیا کر بیٹھے۔

آپ کہہ سکتے ہیں مجھے معاشیات کی سمجھ نہیں ـــــ میں عرض کر دوں گا کہ معاشیات نے بھی مجھے ـــــ ایک فرد کو ـــــ بالکل نہیں سمجھا۔ اپنی اس ناسمجھی کی وجہ سے معاشیات ابھی تک بھٹک رہی ہے اور ایک سائنس کی حیثیت سے ذرا بھی دقیع نہیں۔ مشکل یہ ہے کہ اگر معاشیات محض اشیا تک محدود ہو جائے تو وہ سائنس نہیں کہلا سکتی اور اگر بچاری اشیا سے آگے بڑھ کر انسان کی

زمانے کی رفتار نے اسے ایک خاص صورت ضرور بخش دی ہے۔ مگر اس کی انفرادیت جوں کی توں قائم ہے۔

فلسفہ، فرد کی ذات سے شروع ہوتا ہے اور اسی پر ختم ہو جاتا ہے کیونکہ فرد ہی زندگی کا حاصل ہے۔ فرد اپنی ذات میں مکمل ہے۔ فرد ہی زندگی کی منزل ہے۔ اور اسے کسی مقصد کا ذریعہ اور سبب نہیں بنایا جائے گا۔ دنیا کی بڑی بڑی سلطنتیں، مثلاً برطانوی دولت مشترکہ کا وجود اس لئے ہے کہ انگلستان کے کسی کونے میں رہنے والا کوئی بھی انگریز، آرام اور آسائش کی زندگی بسر کر سکے۔ یہ فلسفے کا صحیح رُخ ہے۔ غلط رُخ یہ ہے کہ انگلستان کے اس کونے میں رہنے والا وہ انگریز اس لئے زندہ ہے کہ برطانوی دولتِ مشترکہ زندہ رہ سکے!!

سماجی فلسفے کے اچھے سے اچھے نظریئے یہی دعوے کرتے ہیں کہ ان کے مطابق ایک فرد، فلاں فلاں قسم کی حکومت کے زیرِ اثر بہتر قسم کی زندگی بسر کر سکے گا۔ جو سماجی نظریئے یہ کہتے ہیں کہ انفرادی زندگی کی خوشحالی، تہذیب کا آخری مقصد اور اس کی منزل نہیں ہے وہ سرتاسر غلط ہیں اور ان لوگوں کے ذہن کی پیداوار ہیں جو بیمار بھی تھے اور دماغی توازن سے بھی محروم تھے ــــ

اب ثقافت کو لیجئے۔ میں سمجھتا ہوں کہ اس کی کسوٹی یہ ہے کہ اس ثقافت نے کس قسم کے مرد، عورت پیدا کئے ہیں! ــــ امریکہ کے زندۂ جاوید شاعر اور دانشور والٹ وٹمین نے بھی اپنے مضمون "جمہوری راہیں" میں "انفرادیت" ہی کو تہذیب کی آخری منزل قرار دیا ہے۔ وہ لکھتے ہیں:۔

"ذرا سوچئے، خود تہذیب کی بنیاد کس چیز پر ہے؟ تہذیب جو اپنے مخصوص عقیدے، اپنے فنون، اپنے سکولوں، ہسپتالوں اور کالجوں

سے لوگ کسی کمپنی کے حصّے بیچنا شروع کر دیں تو چند ایسے لوگ بھی ہوں گے جو سارے حصّے خریدنا شروع کر دیں گے۔ گویا انسانی ذہن کی لچک اور انسان کے مزاج کی بے یقینی یہاں بھی کام کرنا شروع کر دے گی۔ ہر بیچنے والا اپنے دل میں یہ سمجھ کر بیچے گا کہ اب کے خریدنے والا کوئی احمق ہی ہوگا۔ اور ہر خریدار یہ سوچ کر خریدے گا کہ عجب احمق لوگ ہیں جو اتنے اچھے حصّے بیچ رہے ہیں۔ آؤ ان کی حماقت سے فائدہ اُٹھائیں!

یہ انسانی مزاج کے تلوّن کی ایک مثال ہے۔ دنیا کی کوئی چیز ہو، انسان کا کچھ ٹھیک نہیں۔ انسانی تلوّن کاروبار ایسے ٹھوس کام میں بھی اتنا ہی دخیل ہے اور انسان کی طبیعت کی یہ بے یقینی، یہی "انسانی نفسیات" تاریخ کے دھارے کو بدل دیتی ہے۔ اِنسان کی اِسی نفسیات نے، اخلاق، رسم و رواج، اور معاشرتی اصلاحات کے بارے میں، انسانی ردِّ عمل کو ہمیشہ ایک معمّا بنائے رکھا ہے، کچھ پتا نہیں کہ کس چیز کے بارے میں انسان کا ردِّ عمل کیا ہوگا۔ اور وہ کس موقع پر کیا کر بیٹھے گا۔

## ۶۔ انفرادیّت

آج کی دنیا میں انسان چاہے کسی جمہوری ملک کا باشندہ ہو جہاں کوئی معاشرتی انقلاب آنے والا ہو چاہے کسی اشتراکی ملک کا شہری ہو جو رفتہ رفتہ جمہوریت کی طرف واپس آ رہا ہو۔ چاہے کسی آمرانہ حکومت کی رعایا ہو جو شاید اس کے جیتے جی ختم ہو جائے۔ بہرحال اس کی ذاتی زندگی اب بھی ایک سالم اور مکمّل وحدت ہے۔

حقیقت ہے جو باقی تمام حقیقتوں کے لئے دروازے کی حیثیت رکھتی ہے۔

ان لمحوں میں "زمین و آسمان کے عجائبات کے درمیان (یہ عجائبات بھی اس لئے اہم ہیں کہ "میں" ان کے درمیان ہوں!) سارے عقیدے اور سارے رسم و رواج دھند کی طرح چھٹ جاتے ہیں۔ اور صرف اپنی ذات کا شعور، اپنا "خیال" ہی باقی رہ جاتا ہے۔ اس کی ضیا ہر شے پر چھا جاتی ہے اور ہماری ہستی کو اپنی منور گود میں لے لیتی ہے۔ پھر رفتہ رفتہ یہی ننھا سا خیال آزادی اور وسعت پاتا ہے اور گویا ساری زمین پر چھا جاتا ہے آسمانوں تک پہنچ جاتا ہے ——"

انفرادیت کی عظمت پر اسی امریکی مفکر نے کچھ اور بھی کہہ رکھا ہے۔ اس میں سے بھی کوئی اقتباس پیش کرنے کو جی چاہتا ہے۔ والٹ وٹمین انفرادیت کے بارے میں اپنے فصیح خیالات کا خلاصہ یوں پیش کرتے ہیں:۔

"خلاصہ نتیجہ یا سیدھی سچی بات یہ ہے کہ انسانیت ہی کو انسانوں کے لئے آخری اور سب سے اچھا سہارا ہونا چاہیئے! اور انسانیت ہی کی پوشیدہ ترقی یافتہ اور بنیادی خوبیوں پر انسانوں کا بھروسا ہونا چاہیئے —— ایسا بھروسا جس میں وہم و گمان کی لاگ نہ ہو۔

جمہوریت کا مقصد یہ ہے کہ ہر قسم کے ردّ و بدل کے باوجود تضحیک کج بحثی اور ناکامی —— غرض ہر قیمت پر دنیا کو دکھا دے کہ انسان کو معقولیت اور آزادی کی فضا میں تربیت حاصل کر کے اپنے لئے خود قانون بن جانا چاہیئے۔ اس طرح انسان اس درجے پر پہنچ سکتا ہے جس درجے پر پہنچنا اس کے لئے ضروری ہے!"

سے مالامال ہوتی ہے۔ آخر کیا مقصد رکھتی ہے؟ تہذیب کی بنیاد اور تہذیب کا مقصد ایک بھرپور اور ہمہ صفت انفرادیت کے سوا کچھ نہیں۔ ہر چیز اسی انفرادیت کی تابع ہے اور اسی کی طرف رجوع کرتی ہے —— چونکہ صرف جمہوریت ہی بڑے پیمانے پر اس انفرادیت کو پیدا کر سکتی ہے لہٰذا جمہوریت کا حق سب پر فائق ہے۔ جمہوریت' قدرت کی طرح' بڑے لامحدود پیمانے پر انسانی ذہن کی بنجر وسعتوں میں انفرادیت کا بیج بوتی ہے اور اس کے پھلنے پھولنے اور پروان چڑھنے کا بھی انتظام کرتی ہے! —— کسی ملک کا ادب' اس کے گیت' اس کا ذوقِ جمال' اس کے فنون وغیرہ بڑے اہم ہوتے ہیں۔ کیونکہ انہی سے یہ پتا چلتا ہے کہ اس ملک کے مردوں اور عورتوں کی شخصیت کیسی ہے اور کیا ہے۔ یہی وہ چیزیں ہیں جن سے اس ملک کا ذہن اپنے اظہار کے لئے مؤثر راہیں ڈھونڈتا ہے!"

والٹ وٹمین' انفرادیت کو آخری حقیقت مانتے ہیں' وہ کہتے ہیں :-

"فہم وعقل کے لمحوں میں ہماری ہستی میں ایک شعور جاگتا ہے' ایک خیال سر اٹھاتا ہے —— سب سے الگ' بالکل خود مختار' باوقار' چمکتے تاروں کی طرح زندہ جاوید خیال —— یہ خیال اپنی ہستی کا ہے۔ آپ کے بارے میں آپ کا اپنا خیال ہے۔ آپ کچھ بھی ہوں۔ میرے بارے میں میرا خیال ہے۔ چاہے میں کچھ بھی ہوں —— اپنی ہستی کا یہ خیال سب سے بڑا اعجاز ہے۔ بیان سے بالاتر' اس دنیا کے مبہم ترین خوابوں میں سے ایک نہایت انجانا اور لطیف خواب مگر یہی سب سے ٹھوس' سب سے بنیادی حقیقت ہے۔ یہ ہم

سے خائف ہوں۔ دونوں بھائی مختلف طریقوں سے روپیہ جمع کریں گے۔ خرچ کرنے کے طریقے بھی ایک دوسرے سے مختلف ہونگے۔ ان کی ذاتی زندگی بھی ایک دوسرے سے مختلف ہوگی۔ ان کے مشاغل، ان کے دوست، ان کے کلب، ان کے پڑھنے کی کتابیں، یہ سب کچھ ایک دوسرے سے مختلف ہوگا ممکن ہے دونوں کا اپنی اپنی بیویوں سے سلوک بھی ایک جیسا نہ ہو! ــــ گویا ایک سے ماحول میں بھی زندگی اتنی رنگا رنگ ہو سکتی ہے ــــ کسی اخبار کا ماتمی کالم اٹھا کر دیکھئے ایک ہی تاریخ میں کتنے لوگ اس دنیا سے کوچ کر جاتے ہیں۔ مگر ایک ہی دن مرنے والے ان لوگوں کی زندگی ایک دوسرے سے کتنی مختلف ہوتی ہے۔ آج کی تاریخ میں مرنے والوں میں کچھ ایسے ہوں گے جو عمر بھر ایک ہی کام پوری تندہی سے کرتے رہے اور اسی میں ان کی مسرت کا راز بھی پنہاں تھا۔ ان کے برعکس کچھ لوگ ایسے بھی ہونگے جنہوں نے دو چار، دس بیس کاموں میں ہاتھ ڈالا، ہمیشہ بھالی کا بیگن رہے اور اسی میں ان کے دن کٹ گئے۔ پھر کچھ لوگوں کو اگر نت نئی چیزیں ایجاد کرنے کا خبط تھا تو کچھ نئی سرزمینوں کی دریافت کے متوالے تھے۔ کچھ زندہ دل اور خوش باش تھے تو کچھ اتنے مقطع اور سنجیدہ کہ زندہ دلی سے دور کا بھی واسطہ نہ رکھتے تھے۔ ایک ہی دن میں مرنے والوں کی اس صف میں کچھ ایسے لوگ تھے جنہیں شہرت نے آسمان پر پہنچایا اور دولت نے ان کے قدم چومے مگر وہ گمنامی اور محتاجی کی موت مرے۔ کچھ وہ تھے جو عمر بھر چھوٹا موٹا بیوپار کرتے رہے۔ مگر ان کے پاس گھروں کے تہ خانوں میں سونے چاندی کی اینٹیں دفن تھیں اور دولت کی اسی ہوس نے کسی ڈاکو کی چھری سے انہیں ہلاک کرا دیا!

اسی لئے میں تو کہتا ہوں کہ اس صنعتی دور میں بھی انسانی زندگی بڑی عجیب

انسان کا ماحول اتنا اہم نہیں ہوتا جتنی اہم بات یہ ہے کہ ماحول کے بارے میں انسان کا ردِ عمل کیا ہے۔ فرانس جرمنی، انگلستان اور امریکہ یہ سب ممالک مشینی تہذیب میں زندگی بسر کر رہے ہیں۔ مگر ان ملکوں کے زندگی بسر کرنے کے طریقے، اور زندگی کی بُو باس ایک دوسرے سے کافی مختلف ہے۔ یہ ممالک مختلف طریقوں سے اپنے اپنے سیاسی مسئلے حل کرتے ہیں —— یہ سمجھنا کہ مشینی دَور میں انسانوں کے لئے لازمی ہے کہ وہ چیونٹیوں کی سی منظم زندگی بسر کریں سراسر حماقت ہے۔ انسانی فطرت میں بڑی رنگا رنگی ہے مشینیں یا تنظیمی ادارے انسان کو قید نہیں کر سکتے۔ مثال کے طور پر ایک باپ کو لیجئے جس کے دو بیٹے ہیں۔ وہ دونوں لڑکوں کی ایک جیسی تربیت کرتا ہے، انہیں ایک سی تعلیم دیتا ہے اور ایک ہی پیشے میں دونوں کو کام پر لگاتا ہے۔ اِس تمام یکسانیت کے باوجود آپ دیکھیں گے کہ یہ دونوں لڑکے رفتہ رفتہ اپنی شخصیت کے پوشیدہ قوانین کے مطابق اپنی اپنی زندگی ایک دوسرے سے مختلف بنالیں گے۔ فرض کیجئے کہ وہ دونوں لڑکے دو بنکوں کے مینیجر ہو جاتے ہیں۔ جن کا سرمایہ اور کاروبار بالکل ایک سا ہے۔ اِس مادی برابری کے باوجود زندگی کے ہر اہم شعبے میں ان کی زندگی مختلف ہو گی۔ ان کی باتیں ایک دوسرے سے مختلف ہوں گی۔ دونوں مختلف چیزوں کو اہم گردانیں گے۔ ان کی طبیعتیں مختلف ہوں گی۔ وہ مختلف طریقوں سے کاروباری مسائل حل کریں گے۔ ان کی پالیسی ایک دوسرے سے ملتی جلتی نہیں ہو گی۔ ان کا سلوک اپنے ماتحتوں سے ایک سا نہیں ہو گا۔ ممکن ہے ایک بھائی ماتحتوں سے سختی کا سلوک کرتا ہو اور دوسرا بہت زیادہ نرمی سے کام نکالتا ہو۔ ممکن ہے ایک بھائی کو اس کے ماتحت دل سے پیار کرتے ہوں اور دوسرے بھائی کے ماتحت اس کی درشتی

کسی قوم کی صنعتی ترقی سے کہیں اونچا درجہ اِس بات کو حاصل ہے کہ وہ قوم اپنے مسائل کس طرح حل کرتی ہے اور اپنے کام کاج کس طرح کرتی ہے۔ فرانسیسی مفکّر روسو کے ذہن میں انقلابِ فرانس کا نقشہ اور انقلابِ فرانس کے بعد نپولین جیسے شہنشاہ کا عروج ہرگز نہیں آیا تھا۔ اِسی طرح اشتراکیت کے پہلے نکتہ دان، کارل مارکس کے ذہن میں بھی یہ بات نہیں آسکتی تھی کہ اس کے اشتمالی نظریّے حقیقت کی دنیا میں کیا روپ دھاریں گے! اور کوئی استالین اُس کے نظریوں کی کیا تعبیر دنیا کے سامنے پیش کرے گا۔ فرانس کے انقلاب کی روش اور رفتار کو "آزادی، مساوات اور اخوّت" کے نعرے نے معیّن نہیں کیا تھا، بلکہ اِس انقلاب نے جو صورت اختیار کی اُس میں انسانی کردار کی بعض خصوصیات اور فرانسیسی لوگوں کی طبیعت کا ہاتھ تھا۔ کارل مارکس نے اشتراکی انقلاب کے بارے میں جو کچھ پیشگوئیاں کی تھیں وہ بری طرح غلط ثابت ہوئی ہیں اور اُس کی جدلی منطق اس کے کسی کام نہیں آئی۔ کارل مارکس کی پیشگوئی کے مطابق منطقی طور پر سب سے پہلے ان ملکوں میں مزدوروں کا انقلاب برپا ہونا چاہئے تھا۔ جہاں صنعتی تہذیب اپنے اوج پر ہو یعنی سب سے پہلے انگلستان، پھر امریکہ اور پھر جرمنی میں یہ انقلاب آنا چاہئے تھے کیونکہ انہی ملکوں میں مزدوروں کا ایک مضبوط اور بڑا طبقہ موجود تھا۔

مگر ہوا یہ کہ اشتراکیت کا تجربہ روس جیسے زراعتی ملک میں ہوا۔ جہاں صنعتی مزدوروں کا کوئی بڑا اور مضبوط طبقہ سرے سے موجود نہ تھا۔ اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ کارل مارکس نے انگلستان اور امریکہ جیسے ملکوں میں بسنے والے لوگوں کو اپنے اندازوں میں شامل نہیں کیا، وہ بھول گیا کہ انگریز اور امریکی اپنی اپنی طبیعت کے مطابق اپنے مسئلے حل کریں گے اور اپنے اپنے کردار کے مطابق ہر کام کاج کریں گے۔

بڑی ہمہ گیر ہے اور جب تک انسان، انسان رہے گا یہ رنگا رنگی، یہ تنوع، یہ زندگی کی رونق، اس کا آب و رنگ باقی رہیں گے!

انسانی معاملات حل کرنے کے لئے سانچے کام نہیں دے سکتے۔ خواہ یہ معاملات سیاسی ہوں یا معاشرتی۔ جو لوگ "صاحب فردا" اور "اہل نظر" بنتے ہیں اور نت نئی اصلاحات اور نظریے گھڑتے رہتے ہیں اکثر ان کے سارے اندازوں اور اعداد و شمار پر پانی پھر جایا کرتا ہے۔ ان کے اندازے غلط نکلتے ہیں۔ کیونکہ وہ انسان کی بشریت کو کبھی سامنے نہیں رکھتے۔ یہی وہ چیز ہے جس سے قانون پاس کرنے والے، نئے نئے ادارے کھولنے والے اور سماج سدھار کے پرچارک مار کھا جاتے ہیں ـــــ شادی اور طلاق کے بارے میں کوئی قانون اتنا اہم نہیں جتنی یہ چیز اہم ہے کہ دولہا، دولہن فی الحال کس ڈھب کے لوگ ہیں۔ اور آئندہ کس قسم کے لوگ بنیں گے۔ اسی طرح امن عامہ کے تمام ضابطوں اور قاعدوں سے بڑھ کر وہ لوگ اہم ہیں جو ان قوانین پر لوگوں سے عمل درآمد کراتے ہیں اور ان کے محافظ ہیں۔

گویا فرد کی اہمیت کا حال یہ ہے کہ ساری تہذیب کا مرکز اور مقصد انفرادی زندگی ٹھہرتی ہے ـــــ مگر فرد کی اہمیت اس لئے اور بھی زیادہ ہے کہ ہماری سماجی زندگی، سیاسی زندگی اور بین الاقوامی تعلقات کی بہتری کا سارا دار و مدار ان افراد کے کارناموں اور ان کی طبیعت پر ہے جن سے کوئی قوم بنتی ہے۔ گویا ایک قوم کے مجموعی کام اور اس کی مجموعی طبیعت اصل میں ایک ایک فرد کے کام اور طبیعت سے مرکب ہوئی ہے۔ کسی قوم کی سیاست اور کسی ملک کے ایک دور سے نکل کر دوسرے دور میں داخل ہونے کا سارا دار و مدار اس قوم کے کردار، اس کی طبیعت پر ہے

کو دوسری باتوں پر ترجیح دیتی ہے اور کن چیزوں کو دوسری چیزوں کے مقابلے میں زیادہ پسند کرتی ہے۔ یہی وہ باتیں ہیں جو امتحان یا آزمائش کے وقت کسی قوم کے پروگرام، اس کے لائحہ عمل کو معین کرتی ہیں۔

پرانی چال کے تاریخ دان، جرمن فلسفی ہیگل کی طرح یہ کہیں گے کہ ایک قوم کی تاریخ محض ایک ایسے تصور کے ارتقا کا نام ہوتا ہے جسے ماحول کی ضرورتیں معین کرتی ہیں ــــــ مگر تاریخ کا حقیقت پسندانہ اور وسیع تر نظریہ یہ ہے کہ کسی قوم کی تاریخ زیادہ موقع ملنے اور موقع سے فائدہ اٹھانے کی بات تھی مثلاً ایک خاص نازک دور میں ایک قوم نے ایک خاص راستہ اختیار کیا۔ اس کی بدولت اسے متضاد قوتوں اور جذبوں کی کش مکش سے دوچار ہونا پڑا۔ اگر اس موقع پر کسی مخصوص قسم کے جذبات کا پلڑا ذرا بھاری ہو جاتا اور کسی دوسری قسم کے تصورات کا پلڑا ذرا ہلکا ہوتا تو سارا پانسا ہی ملپٹ جاتا۔ گویا اس امتحان میں اس قوم کی "قابلیت" اس طرح ظاہر ہوئی کہ اس قوم نے ایک خاص فیصلہ کیا کہ یہ کچھ کرنا ہے یا فلاں بات سے بچنا ہے! کیونکہ قوموں نے وہی کچھ کیا ہے جسے وہ پسند کرتی تھیں، یا ان کے جذبات جن کاموں سے آسودہ ہوتے تھے۔ اسی طرح ہر قوم نے وہ کام کبھی نہیں کیا جسے وہ برداشت نہیں کر سکتی تھی" ــــــ گویا قوموں کا یہ انتخاب اور یہ فیصلہ کسی تصور، کسی خیال کی تحریک پر مبنی تھا اور اس میں اس قوم کی اخلاقی قدریں اور سماجی تعصبات، دونوں برابر کے شریک تھے۔

ایک مثال۔ انگریز قوم کے اس امتحان کا وقت ہے جس کے نتیجے میں اس نے اپنے بادشاہ ایڈورڈ ہشتم کو تخت چھوڑنے پر مجبور کر دیا تھا۔ اس امتحان میں انگریزوں کا قومی کردار عین عمل کے وقت نظر آتا ہے۔ اس سے پتا چلا کہ

ہر قسم کی نیم پخت معاشیات میں یہی بات بھلا دی جاتی ہے کہ قومی کاموں میں انفرادی کردار کتنی بڑی حیثیت رکھتا ہے۔ مثال کے طور پر انگریز کو لیجئے۔ انگریز کو طبعی طور پر نعروں اور نظریوں سے نفرت ہے۔ انگریز ان چیزوں کو فطری طور پر بے اعتمادی کی نظر سے دیکھتا ہے۔ انگریز کا کردار یہ ہے کہ وہ بڑے اعتماد سے ہر کام کو اُلٹا سیدھا کرنے کی کوشش کرتا ہے مگر اپنا راستہ ہمیشہ نکال لیتا ہے۔ انفرادی آزادی انگریز کے خمیر میں ہے۔ انگریز عزّتِ نفس، سوجھ بوجھ اور پابندی اور باقاعدگی کا بڑا رسیا ہے۔ یہی وہ باتیں ہیں جو انگلستان (اور امریکہ) کے لئے حالات اور واقعات کی روش معین کرتی ہیں۔ اس مقام پر کسی کارل مارکس کی منطق کام نہیں آتی۔

تو گویا کسی قوم کے مسائل کا تعین اس ملک کی سماجی اور سیاسی ترقی کی بنیاد اصل میں ان خیالات پر ہے جو اُس قوم کے افراد پر حکمرانی کرتے ہیں ——کسی قوم کا "قومی کردار" جسے ہم نظری طور پر اس قوم کا "ذہن" اس کی "قابلیت" کہتے ہیں کیا چیز ہے؟ یہ اس قوم کے افراد کے کردار کا مجموعہ ہے۔ یہ خیال بالکل غلط ہے کہ "قومی قابلیت" کوئی فرضی چیز ہوتی ہے۔ یہ محض الفاظ کی ترکیب نہیں ہے۔ قومی قابلیت کسی قوم کے کردار کا آئینہ ہوتی ہے۔ قومی قابلیت ہی وہ جوہر، وہ روش ہے جس کی بدولت کوئی قوم اپنے مسائل سلجھاتی ہے اور کرنے کے سب کام ایک مخصوص طریقے پر کرتی ہے۔ یہ "قومی قابلیت" عمل کے وقت ظاہر ہوتی ہے۔ اس لئے اس کا وجود فرضی نہیں حقیقی ہے۔ یہ "قومی قابلیت" امتحان اور مصیبت کے وقت ٹھوس صورت ظاہر ہوتی ہے۔ اس وقت پتا چلتا ہے کہ کوئی قوم اپنے کردار اور اپنی "قابلیت" کے جوہر کی بدولت کیا راستہ اپنے لئے منتخب کرتی ہے اور کن کن باتوں کو قابلِ اعتنا نہیں سمجھتی اور کن کن باتوں

خیالات اور جذبات سے معین ہوتا ہے۔ انسانی تاریخ کے اس متحرک نظم میں میں تو یہ دیکھتا ہوں کہ انسان نے ہمیشہ اپنے تلوّن سے کام لیا۔ پٹی ہوئی راہ کو پسند نہیں کیا۔ تبدیلی اور تنوع کو پسند کیا اور اپنے اسی کردار کی بدولت انسانی تاریخ کو وہ صورت دی جو ہمارے سامنے ہے۔

اسی لئے کنفیوشس نے عالمگیر امن کے سوال کو افراد کی ذاتی زندگی کی تربیت سے وابستہ کیا تھا۔ سونگ خاندان کے وقت سے آج تک کنفیوشس خیالات کے علما اور اُستاد، بچوں کو جو پہلا سبق پڑھاتے ہیں اُس میں مندرجۂ ذیل فقرے آتے ہیں اور بچے کو یہ سبق حفظ کرایا جاتا ہے:

" قدیم لوگوں کا دستور تھا کہ اگر دنیا میں اخلاقی ہم آہنگی کی تمنا کرتے، تو یہ کہتے کہ سب سے پہلے ہمیں خود اپنی قومی زندگی کی تنظیم کرنی چاہیئے۔ قومی زندگی کی تنظیم کرنے والے سب سے پہلے گھریلو زندگی کو باقاعدہ بناتے۔ جو لوگ گھریلو زندگی کو منظم بنانا چاہتے، وہ سب سے پہلے ذاتی زندگی کی تربیت اور تہذیب پر توجہ دیتے —— اور جو لوگ ذاتی زندگی کی تربیت و تہذیب چاہتے۔ وہ سب سے پہلے اپنے دلوں کو پاک صاف کرتے —— دلوں کو پاک صاف کرنے کی خواہش کرنے والے سب سے پہلے نیتوں کو مضبوط بناتے۔ نیتوں کو مخلص بنانے والے سب سے پہلے سمجھ اور مفاہمت پیدا کرتے —— اور سمجھ اشیاء کے علم کی چھان بین سے پیدا ہوتی ہے۔ جب اشیاء کا علم حاصل ہوجائے تب سمجھ پیدا ہوتی ہے اور سمجھ پیدا ہوجائے تو نیت اور ارادہ مخلص ہوجاتا ہے۔ اور جب نیت صاف اور ارادہ مخلص ہوجائے

انگریز کس چیز کو پسندیدہ سمجھتے ہیں اور انہیں کون سی بات بحیثیتِ قوم ناپسند ہے اور اِس قوم کے دماغ میں کیا کیا باتیں اور کیا مقاصد پنہاں ہیں۔ ظاہری اسباب یہ تھے کہ ہر انگریز ذاتی طور پر اپنے ہر دل عزیز بادشاہ (ایڈورڈ ہشتم) کا وفادار تھا لیکن انگلستان کا کلیسا اِس بارے میں بڑا متعصب ہے کہ کوئی شخص (یا بادشاہ) طلاق شدہ عورت کے ساتھ شادی کرے۔ پھر انگلستان میں بادشاہت کا روایتی تصور بھی اِس سارے جھگڑے میں کارفرما تھا۔ یہ سوال اہم تھا کہ بادشاہ کے پرائیویٹ معاملات پرائیویٹ ہوتے ہیں یا نہیں۔ یا بادشاہ کے ذاتی معاملات ہونے بھی چاہئیں یا نہیں۔ یہ بات بلکہ یہ حقیقت بھی اس آزمائش کی تہ میں پنہاں تھی۔ کہ "شاہ ہے برطانوی مندر میں اک مٹی کا بت!" اور آیا بادشاہ کو اس مٹی کے بُت کے علاوہ بھی کچھ ہونا چاہیئے یا نہیں؟ یا کسی بادشاہ کو یہ حق حاصل ہے یا نہیں کہ اس کی ہمدردیاں، لیبر پارٹی کے ساتھ ہوں —— اگر ان جذبات، ان خیالات اور اِن تعصبات میں کوئی اور بات شامل ہو جاتی تو سارا نقشہ ہی پلٹ جاتا اور اس مسئلے کا کوئی نتیجہ بالکل مختلف نکلتا۔

آج کی ساری تاریخ کا یہی حال ہے۔ چاہے روس میں زینو ولیف، کامے نف اور پیاتوکوف جیسے انقلابیوں کو قتل کر دیا جائے اور راڈیک کو قید میں ڈال دیا جائے اور روس کے ڈکٹیٹر کے خلاف "انقلاب دشمن" عناصر کی سازشیں، اتنی ہی وسیع اور اتنی ہی عام ہوں جتنی بتائی جاتی ہیں —— چاہے جرمنی کے نازی حکمران، کیتھولک اور پروٹسٹنٹ گرجوں کو اپنے خلاف سمجھتے پھریں، چاہے انگلستان "قدامت پسندی" چھوڑ کر واقعی مزدور پارٹی کے پروگرام پر جی جان سے چلنا شروع کر دے یا امریکہ کی کمیونسٹ پارٹی زیادہ ہر دلعزیز ہو جائے یا اب سے بھی کم ہر دلعزیز ہو۔ الغرض ہر واقعہ، اِن ملکوں کے افراد کے ذاتی کردار

## بابِ پنجم

# زندگی سے کون زیادہ حظ اٹھا سکتا ہے؟

۱۔ اپنی تلاش

۲۔ جذبہ

۳۔ لاؤ تزے کی تعلیم

۴۔ سی سی کی تعلیم

۵۔ زندگی کا شیدائی

تو دل صاف ہو جاتا ہے۔ جب دل صاف ہو جائے تو ذاتی زندگی کی تہذیب اور تربیت پوری ہو جاتی ہے۔ ذاتی زندگی کی تربیت اور تہذیب ہو جائے تو گھریلو زندگی منظم اور باقاعدہ ہو جائے گی۔ اور جب گھریلو زندگی منظم ہو گی تو قومی زندگی بھی منظم ہو جائے گی۔ اور جب قومی زندگی منظم ہو تو دنیا میں امن و امان کا دور دورہ ہو گا ۔۔۔ گویا شہنشاہ سے لے کر ایک عام آدمی تک ہر چیز کی بنیاد اس بات پر ہے کہ ذاتی زندگی کی تربیت اور تہذیب کی جائے ۔۔۔ یہ ممکن ہی نہیں کہ بنیاد باقاعدہ اور ٹھیک نہ ہو تو ساری عمارت ٹھیک اور باقاعدہ ہو۔ دنیا میں ایسا کوئی درخت موجود نہیں جس کا تنہ تو کمزور اور نازک ہو اور اس کی اوپر کی ٹہنیاں بے حد بھاری بھرکم اور مضبوط ہوں۔ اس کائنات کی ہر چیز کی کوئی نہ کوئی علت موجود ہے اور ہر چیز کا دوسری کے ساتھ تعلق اٹل ہے۔ اسی طرح انسانی معاملوں میں بھی ابتدا اور انتہا دونوں موجود ہیں۔ لیکن ان درجوں کا جاننا، ان کی تقدیم اور تاخیر کا علم حاصل کرنا ۔۔۔ یہی دانش مندی کی ابتدا، اس کی دہلیز ہے"۔

کھو کر یہ سمجھتا ہے کہ اُس کی کامیابی اور ناکامی اس کے نقصانات اور اس کا نفع حقیقی اور قطعی چیزیں ہیں۔ ایسے شخص کا کوئی علاج نہیں کیونکہ اُس کے دل میں تو یہ سوال بھی پیدا نہیں ہوتا کہ وہ خود کیا چیز ہے! کنفیوشس نے کہا ہے "اگر کوئی شخص اپنے آپ سے یہ نہیں پوچھتا کہ اب کیا کروں... اب کیا ہوگا، تو اس شخص کے بارے میں، میں یہی کہہ سکتا ہوں" کہ یہ شخص کیا کرے گا ——— اس کا کیا ہوگا۔"

میں اِس باب میں آپ کے سامنے جینے کی ایک مخصوص روش کے بارے میں کچھ چینی فلسفیوں کے خیالات پیش کروں گا۔ ان کا آپس میں جتنا اختلاف ہے اتنا ہی زیادہ اتفاق بھی ہے۔ سب کا اتفاق اس بات پر ہے کہ انسان کو زیادہ دانشمند ہونا چاہیئے، اور اُسے مسرّت بھری زندگی بسر کرنے سے ڈرنا نہیں چاہیئے۔ ایک فلسفی کا بڑا مثبت نقطۂ نظر، دوسرے فلسفی کے نہایت امن پسندانہ فلسفے سے ٹکر کھاتا ہے اور اِس ٹکراؤ سے یہ نظریہ نکلتا ہے کہ زندگی میں کشمکش اور امن پسندی، دونوں کا حِصّہ برابر برابر ہونا چاہیئے۔ اور میں سمجھتا ہوں عام چینی کا مذہب یہی ہے عمل اور بے عملی میں یہ تصادم ایک سمجھوتے پر ختم ہوتا ہے۔ اس سمجھوتے کو قناعت بھی کہا جا سکتا ہے کہ اس دنیا میں کسی صورت جنّت بن سکے بے شک وہ نامکمل اور ادھوری ہی ہو۔ اسی سمجھوتے سے وہ دانائی اور وہ پُر مسرّت فلسفہ پیدا ہوتا ہے جو تاؤ کیوان منگ جیسے لوگوں کی زندگی بن گیا تھا جسے میں چین کا سب سے بڑا شاعر اور سب سے متوازن شخصیت سمجھتا ہوں۔

سارے چینی فلسفیوں نے کم و بیش غیر شعوری طور پر یہ سوال حل کرنے کی کوشش کی ہے کہ:۔

## ۱- اپنی تلاش :— چوانگ زے

آج کی دنیا میں اگر کسی شخص کی سب سے زیادہ عزت کی جاتی ہے اور اس پر کوئی توجہ نہیں دی جاتی تو وہ فلسفی ہے۔ اصل میں آج کل کسی کو "فلسفی" قرار دینا گویا اُسے عزت کا ایک لقب دینا ہے۔ آج کل جو شخص اینڈی بینڈی باتیں کرے اور اس کی باتیں کسی کی سمجھ میں نہ آئیں اُسے بھی "فلسفی" کے لقب سے نوازا جاتا ہے۔ پھر جو شخص حال سے کوئی واسطہ نہ رکھے اور خیالات میں ڈوبا رہے اُسے بھی "فلسفی" کہا جاتا ہے۔ ویسے یہ آخری بات کوئی ایسی خلافِ حقیقت بھی نہیں۔ ایک معنے میں فلسفہ یہی ہے کہ زندگی اور اس دنیا کے بارے میں ایک ہمہ وقت حاضر و ناظر سا نقطۂ نظر قائم رکھا جائے۔ ان معنوں میں ہر شخص کا کوئی نہ کوئی اپنا فلسفہ ہوتا ہے۔ ہر وہ شخص جو روزمرہ کی حقیقتوں کو ان کی ظاہر حیثیت میں تسلیم نہ کرے اور اخباروں میں جو باتیں ہر روز چھپتی رہتی ہیں۔ ان میں سے ہر ایک بات پر یقین نہ کرے، اُسے بھی کم و بیش فلسفی کہنا چاہئے۔ کیونکہ وہ ایسا شخص ہے جو دھوکا کھانے سے انکار کر رہا ہے!

فلسفی زندگی کو اُسی طرح دیکھے گا، جس طرح کوئی آرٹسٹ، کسی قدرتی منظر کو کسی خاص رنگ میں ڈوبا ہوا یا کہرے یا دھند میں لپٹا ہوا دیکھتا ہے۔ گویا اس طرح زندگی کی کھردری تفصیلات کا کھردرا پن باقی نہیں رہتا اور ہمیں یہ دیکھنے کا موقع مل جاتا ہے کہ ان تفصیلات کا اصل مطلب اور معنی کیا ہے — اس صورت میں فلسفی ٹھوس حقیقت پسندوں کے عین اُلٹ ہے۔ حقیقت پسند، اپنے روزمرہ کے کاروبار میں

وقت فضول کھو رہا ہے ۔۔۔ !" اور یہ حقیقت ہے کہ ہم زندگی کی تگ و دو میں کھو کر اپنا نفسِ اصلی، اپنی حقیقی ذات کھو بیٹھتے ہیں۔ ویسے ہی جیسے کوئی پرندہ کسی کیڑے مکوڑے کو پکڑنے کی تگ و دو میں یہ بھول جاتا ہے کہ خود اُسے کوئی خطرہ لاحق ہے۔ اور یہ کیڑا اپنے شکار کی تلاش میں اپنے شکاری سے غافل ہو جاتا ہے۔ چونگ تزے نے اس چیز کو بڑی خوبصورت کہانی سے واضح کیا ہے:۔

" جب چونگ زے ایک باغ میں گھوم پھر رہا تھا تو اُس نے ایک عجیب پرندہ دیکھا جو جنوب کی طرف سے آیا تھا۔ اس کے پر سات فٹ لمبے تھے اور اس کی آنکھیں ایک ایک انچ بڑی تھیں۔ یہ پرندہ چونگ زے کے سر کے قریب سے اُڑتا ہوا ایک پیڑ پر جا بیٹھا۔

چونگ زے نے حیرت میں کہا " یہ کیا پرندہ ہے کہ اتنے مضبوط اور بڑے پروں کے ساتھ دُور تک اُڑ نہیں سکتا، نہ اتنی بڑی آنکھوں سے دُور یہ دیکھ سکتا ہے کہ ایک انسان قریب ہی کمان لئے کھڑا ہے اور کسی وقت بھی اُسے نشانہ بنا سکتا ہے۔

چنانچہ چونگ زے نے کمر کس لی، لبادے کے دامن سمیٹے اور تیر کمان لے کر اس کے قریب پہنچا کہ اُسے نشانہ بنائے۔ عین اُسی وقت چونگ زے نے پیڑ کے سائے میں ایک ٹڈے کو دیکھا جو غفلت کی نیند سوتا تھا۔ عین اُسی وقت ایک بڑے سے کیڑے نے اس ٹڈے کو لپک کر پکڑ لیا اور ہڑپ کر گیا۔ فوراً اس بڑے پرندے نے اس کیڑے کو دبوچا اور کھا گیا ۔۔۔ گویا اس کیڑے کے لوبھ نے پرندے کو سب کچھ بھول جانے پر مجبور کیا تھا۔

## ہمیں زندگی سے کیسے لطف اٹھانا چاہئے اور زندگی سے کون شخص زیادہ سے زیادہ حظ اٹھا سکتا ہے؟

اس کے جواب میں چینی فلسفیوں نے کبھی یہ تعلیم نہیں دی کہ انسان ناقص ہے اور اُسے "مکمل" بنانے کی ضرورت ہے کسی نے یہ نہیں کہا کہ جو چیز حاصل نہیں ہو سکتی اُس کے پیچھے دوڑنا چاہئے۔ کوئی یہ نہیں کہتا کہ جس کے بارے میں کچھ علم نہیں اس کا علم حاصل کرو ــــ بلکہ ان کا کہنا ہے کہ انسانی فطرت جو کچھ ہے سو ہے۔ ہمیں اسی فطرت کے پیش نظر کس طرح زندگی کی تہذیب کرنی چاہئے کہ ہم امن و آسائش سے کام کر سکیں، ہر مصیبت کو خندہ پیشانی سے برداشت کر سکیں اور خوشی خوشی زندگی گزار سکیں؟

اِس مسئلے کو دیکھ کر پہلا سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ "ہم" کون ہیں؟ "ہم" سے مراد کیا ہے؟ ــــ اس کا جواب دینا قریب قریب ناممکن سا ہے ــــ پھر بھی اس بات پر سب کو اتفاق ہوگا کہ ہمارا یہ نفس جو دنیا کے روزمرّہ کے کاموں میں اُلجھا رہتا ہے، ہمارا نفسِ اصلی نہیں ہے۔ ہمیں معلوم ہے کہ ہم نے صرف زندگی بسر کرنے کی تگ ودو میں ہی کچھ نہ کچھ ضرور کھو دیا ہے۔ کسی شخص کا خیال کیجئے جو کسی میدان میں کوئی کھوئی ہوئی چیز ڈھونڈتا پھرتا ہے۔ اسے دیکھ کر کوئی ہم سے یہ سوال کرے، ذرا بتائیے اس کی کیا چیز کھو گئی ہے؟ ــــ اس پر عجیب وغریب قیاس آرائی شروع ہو جائے گی۔ ایک کہے گا، اس شخص کی گھڑی کھو گئی ہے۔ دوسرا کہے گا۔ ہیرے کی انگوٹھی ہوگی۔۔ تیسرا کچھ اور کہے گا ــــ یہ سب قیاس غلط ہوں گے۔ چنانچہ سب سے آخر میں وہ شخص جو سب سے دانش مند ہوگا یہ کہے گا "میں یہ تو نہیں جانتا کہ اس شخص نے کیا کھویا ہے۔ اتنا ضرور ظاہر ہے کہ اپنا

اور یہ کہتا ہے: "بڑا آدمی وہ ہے جس نے اپنے بچّے کے سے دل، معصوم دل کو ہاتھ سے جانے نہیں دیا۔" وہ کہتا ہے کہ تہذیب کی مصنوعی زندگی کا اثر ایک نوجوان دل پر وہی ہوتا ہے جو پہاڑوں پر سے جنگلات کاٹ دینے سے ان پہاڑوں پر ہوتا ہے:—

"کوئی وقت تھا کہ نیاؤ پہاڑ کے گھنے جنگل بڑے خوبصورت تھے — اب ان پہاڑوں کو کون خوبصورت کہہ سکتا ہے۔ یہ پہاڑ اور اس کے جنگل ایک بڑے شہر کے قریب تھے اور اب لکڑہاروں نے جنگل کاٹ کاٹ کر نابود کر دیے ہیں۔ کبھی اِن جنگلوں کی پرداخت خود رات اور دن کیا کرتے تھے۔ بارش اور شبنم انہیں سینچا کرتی تھیں، اور اس سرزمین سے ہر آن زندگی کی نئی کونپلیں پھوٹتی رہتی تھیں — پھر مویشیوں اور بھیڑ بکریوں نے، یہاں چرنا شروع کیا۔ اب پہاڑ کی ساری ڈھلان ننگی ہو چکی ہے اور اب لوگ یہی سوچتے ہیں کہ پہاڑ کی یہ ڈھلان ہمیشہ ایسی بنجر اور ننگی تھی۔ یہاں درخت بھلا کہاں ہوں گے؟ — میں پوچھتا ہوں: کیا پہاڑوں کی اصلی فطرت یہی ہے؟ کیا انسان کا دل فطری طور پر سرسبز اور محبت سے معمور نہیں؟ مگر فطرت کب خوبصورت رہ سکتی ہے۔ کیونکہ ہر روز تو اس پر اُسی طرح کلہاڑا چلتا ہے جس طرح نیاؤ پہاڑ کے شاداب جنگلوں پر چلتا ہے۔ انسانی فطرت پر دن اور رات پہرا رکھتے ہیں۔ نسیمِ سحری اُس کے پھلنے پھولنے کا پیغام لاتی ہے۔ مگر نسیم سحری کے لمحات مختصر ہوتے ہیں۔ اور اس کا کیا دھرا، اُن کاموں اور اُن باتوں سے نیست و نابود ہو جاتا ہے جو انسان دن بھر کرتا ہے۔

چونگ زے نے ایک آہ بھر کر کہا: افسوس! ایک مخلوق دوسری کو کس طرح ستاتی ہے اور نفع کی امید کیسے کیسے نقصانات کا پیش خیمہ بنتی ہے!

اُس نے اپنی کمان رکھ دی اور گھر کی طرف چل دیا کیونکہ باغ کے رکھوالے نے اُسے اپنے باغ میں بے مقصد پھرتے دیکھ کر ڈانٹا تھا۔ اس واقعے کے تین ماہ بعد تک چونگ زے گھر سے نہیں نکلا۔ آخر لین شو نے اس سے پوچھا "حضرت آپ کب تک باہر نہیں نکلیں گے؟"

چونگ زے نے کہا: "بیٹا! اس ظاہری جسم کی قید میں، میں اپنے آپ کو بھول چلا تھا، اپنی حقیقی ذات سے غافل ہو گیا تھا۔ گدلے پانیوں کے نظارے نے میری آنکھوں سے گہرائیوں کو اوجھل کر دیا تھا۔ اس کے علاوہ میرے مرشد نے مجھے یہ بتایا تھا کہ جب دنیا میں رہو تو اس کے رسم و رواج کی پابندی بھی کرو۔ مگر جب میں باغ میں پھر رہا تھا تو میں اپنے آپ کو بھول گیا۔ میرے سر سے اڑ کر جو عجیب سا پرندہ درخت پر بیٹھا تھا وہ بھی اپنی فطرت کو بھول گیا۔ باغ کے رکھوالے نے مجھے چور سمجھا اور مجھے باہر نکال دیا۔ اسی لئے میں گھر سے پھر باہر نہیں نکلا ـــــ"

چونگ زے لاؤتزے کا پکا ارادت مند تھا۔ وہ مین سی اُس کا ہم عصر تھا جو کنفیوشس کا پیرو تھا۔ مگر دونوں اس بات پر متفق ہیں کہ انسان نے کچھ نہ کچھ کھو ضرور دیا ہے اور یہ کام فلسفے کا ہے کہ اس کھوئی ہوئی چیز کا سراغ لگائے اور اسے انسان کو پھر عنایت فرمائے۔ اس کھوئی ہوئی دولت کو چونگ زے نے نفسِ اصلی یا حقیقی ذات قرار دیا تھا۔ مین سی اُس اِسے "دلِ معصوم" قرار دیتا،

شروع نہیں ہوگا۔ جذبات زندگی کی روح رواں ہیں، تاروں کی روشنی ہیں، موسیقی کا سحر ہیں، شعر کا جادو ہیں، پھولوں کا حسن، پرندوں کی خوبصورتی، عورتوں کی دلکشی ہیں۔ اور انہی کے دم سے علمیت میں آب و رنگ اور جان ہے ——— جذبات ہی انسانی دل میں وہ گرمی اور وہ ہمت پیدا کرتے ہیں جن کی بدولت ہم زندگی کا سامنا کر پاتے ہیں۔

میں نے "جذبات" کا لفظ جوش اور ولولہ اور انتہائے شوق اور ہیجان کے معنی میں استعمال کیا ہے؛ احساسات کا لفظ غالباً بہتر ہوتا ——— کیونکہ اس میں جذب و شوق کا ہیجان شامل نہیں ہوتا۔ احساسات نسبتاً نازک اور لطیف تر ہوتے ہیں، ان میں طوفانی کیفیت نہیں ہوتی ——— یہی وجہ ہے کہ چینی مزاج میں ہم ایسے "جذبات" کی کمی پاتے ہیں جو وفورِ شوق سے پُر ہوں۔ جن میں ایسی شدت اور ایسی طوفانی کیفیت ہو جیسی ہمیں مغربی ادب کے بڑے بڑے المیہ ڈراموں میں ملتی ہے۔ اسی لئے یونانی معنی میں المیہ ڈرامے، چینی ادب میں سرے سے موجود نہیں ——— چینی ڈراموں کا کلاسیکی دوریہ ہے کہ ان کے مرکزی کردار (المیہ ہیرو) المیے کے وقت رو پڑتے ہیں یا اپنی محبوبہ دشمنوں کے حوالے کر دیتے ہیں یا پہلے اپنی محبوبہ کے سینے میں چھری مارتے ہیں اور پھر خودکشی کر لیتے ہیں ——— مغربی معیار اور مغربی تنقید کی رو سے یہ اونچے پایے کا المیہ بنتا ہی نہیں ——— مغرب کے لوگ ایسے چینی ڈرامے سٹیج پر دیکھیں تو وہ ان کے انجام سے مطمئن نہیں ہوں گے ——— مگر چینی زندگی مغرب کی زندگی سے بہت مختلف ہے۔ اور جیسی چینی زندگی ہے ویسا ہی اس کا ادب ہے۔ چینی مزاج کا خاصہ اس سلسلے میں بالکل مختلف ہے۔ چینی مزاج کہتا ہے کہ انسان تقدیر سے ٹکر لیتا ہے اور مار کھاتا ہے۔ چنانچہ المیہ، اس انجام کے بعد شروع ہوتا ہے، المیہ یادوں کا وہ دلدوز ہجوم ہے جو انجام کار دل پر چھا جاتی ہیں۔ المیہ

رات بھر میں انسانی روح کو جتنی تازگی اور بحالی نصیب ہوتی ہے وہ
دن بھر کی کوفت سے برابر کم ہوتی رہتی ہے۔ انسانی روح کی اس مسلسل
کانٹ چھانٹ سے، رفتہ رفتہ وہ وقت آجاتا ہے کہ انسان اپنے مرتبے
سے گر کر حیوان بن جاتا ہے۔ لوگ دیکھتے ہیں کہ وہ حیوانوں کی طرح ہو چکا
ہے اور یہ سمجھنے لگتے ہیں کہ اس میں کوئی کردار تھا ہی نہیں۔ ویسے ہی
جیسے نیاؤ پہاڑ کی چٹیل ڈھلانوں کو دیکھ کر سوچتے ہیں کہ یہاں کبھی سبزہ
تھا ہی نہیں ــــ مگر کیا انسانی فطرت کے بارے میں یہ تصور صحیح ہوگا؟"

## ۲- جذبہ، دانش اور جرأت

مین سی اس

فلسفی مین سی اس کا خیال ہے کہ زندگی سے حظ اٹھانے کے لئے موزوں
ترین شخص وہ ہے جس میں جذبے کی گرمی ہو، جو بے باک ہو، اور جسے کسی چیز کا ڈر نہ
ہو۔ اس کے نزدیک مثالی انسان کی "پختہ خوبیاں" تین ہیں اور وہ ہیں ــــ دانش،
رحمدلی اور جرأت ــــ میں اس میں تھوڑی سی ترمیم کرتا ہوں اور بڑے آدمی
کی یہ تین خوبیاں قرار دیتا ہوں ۔ یعنی، جذبہ، دانش اور جرأت ــــ جذبے
کی بنیاد شہوانی خواہشات سہی ؛ مگر جذبے کا لفظ خوش قسمتی سے بہت وسیع
معنی کا حامل بھی ہے۔ ایک جذباتی شخص ہمیشہ عورتوں کا شیدائی ہوتا ہے۔
مگر یہ ضروری نہیں کہ جو عورتوں کا شیدائی ہو وہ جذباتی ضرور ہو ! یہ چانگ چاؤ
کا قول ہے اور وہ یہ بھی کہتا ہے کہ "شہوانی جذبات، اس کائنات کی تہ میں در
دماغی جوہر اس کائنات کی چھت ہے ــ" گویا اگر جذبات نہ ہوں تو زندگی کا سفر

قرار دیتے ہیں چینی فلسفی تو یہاں تک کہتے ہیں کہ "میاں بی بی کے درمیان جو شہوانی خواہشات کا رشتہ ہوتا ہے، وہی رشتہ روزمرہ کی عام زندگی کی بنیاد ہے"۔

بدقسمتی سے یہ بات بالکل صحیح ہے کہ جذبات ہر انسان کے حصے میں نہیں آتے۔ جس طرح انسان کو اپنے ماں باپ چُننے کا اختیار قدرت نے نہیں بخشا، اسی طرح یہ بات بھی قدرت کے ہاتھ میں ہے کہ ہم جذباتی لحاظ سے گرم جوش یا سرد مہر پیدا ہوں ۔۔ مگر مشاہدے کی بات یہ ہے کہ کوئی بچہ ماں کے پیٹ سے سرد مہر پیدا نہیں ہوتا۔ بڑے ہونے کے ساتھ ساتھ دل کی گرم جوشی کم ہوتی جاتی ہے اور ہماری روح کی گرمی بھی اسی نسبت سے گھٹتی جاتی ہے۔ بلوغت کے زمانے میں ایک وقت ایسا آتا ہے کہ ماحول کی بے رحمی کی بدولت ہماری جذباتی زندگی ہمیشہ کے لئے مردہ ہو کر رہ جاتی ہے۔ اس کا گلا گھونٹ دیا جاتا ہے، یا یہ بالکل سرد ہو جاتی ہے۔ مگر اس میں ماحول سے زیادہ خود ہمارا اپنا قصور ہوتا ہے کہ ہم اسے زندہ نہ رکھ سکے، ایسے ماحول سے دامن نہ بچا سکے جو اس کے لئے سخت مہلک تھا۔۔۔ دنیا جس چیز کو "زندگی کا تجربہ" کہتی ہے، اُسے حاصل کرنے میں ہماری اصلی فطرت کے ساتھ بڑی بڑی زیادتیاں ہوتی ہیں۔ ہم کچھ کے کچھ بن کر رہ جاتے ہیں ہم اپنے آپ کو "سخت" بنانا سیکھتے ہیں۔ تصنّع اور بناوٹ سے کام لینا سیکھتے ہیں۔ سرد مہر اور سنگ دل، بلکہ ظالم بننا سیکھتے ہیں۔ دل میں یہ فخر ہوتا ہے کہ ہم نے زندگی کا بہت "تجربہ" حاصل کیا مگر اصل میں ہوتا یہ ہے کہ اس سارے زمانے میں ہمارے اعصاب بے حس ہو جاتے ہیں۔ ان میں لچک اور زندگی کی لہر ٹھنڈی پڑتی جاتی ہے۔ اس کا نتیجہ زندگی کے ہر میدان، خصوصاً تجارت اور سیاست میں تو آپ کے سامنے ہے۔ یہ اسی عمل، اسی "تجربے کے حصول" کا نتیجہ ہے کہ ہم میں ایسے آدمی پیدا ہوتے

اس بے کار پشیمانی اور تاسف کا نام ہے جو ہارنے والے کا حصہ ہوتے ہیں؛۔
اس سوچ کا نام ہے کہ "یوں ہوتا تو کیا ہوتا!" ——— المیہ کے اِس چینی تصوّر کی خوبصورت
مثال، شہنشاہ منگ ہوانگ کی کہانی ہے۔ اُس نے اپنے باغی لشکر کو خوش کرنے
کے لئے یہ اجازت دیدی تھی کہ اس کی محبوب ملکہ خودکشی کر کے، اِس دُنیا سے
اُٹھ جائے تاکہ باغی لشکر کو ملکہ سے جو شکایات تھیں وہ ختم ہو جائیں۔ اس واقعے
کے بعد شہنشاہ اپنی ساری عمر اسی محبوب ملکہ کی یادوں کی دنیا میں بسر کرتا ہے۔ گویا
المیّہ محبوب کی موت نہیں، بلکہ المیّہ اس واقعے کے بعد شروع ہوتا ہے۔ المیّہ دکھوں
کے ہر آن بڑھتے ہوئے انبار سے بنتا ہے اور یہ المیّہ ڈرامے کے زیادہ حصّے پر
چھایا ہوا ہے۔ شہنشاہ جلا وطن ہو جاتا ہے۔ جلا وطنی میں وہ سرگرداں، جنگلوں اور
پہاڑوں میں پھرتا ہے۔ برسات کی ایک رات ......... وہ ایک پہاڑی کے
دامن میں دُور سے بیلوں کی گھنٹیوں کی آواز سنتا ہے اور اپنی محبوبہ کی یاد میں "برکھا رین
کا گیت" لکھتا ہے۔ ہر چیز اور ہر بات اُسے کھوئی ہوئی محبوبہ کی یاد دلاتی ہے
اس کا ننھا سا رومال جس میں ابھی تک خوشبوئے دلبری باقی ہے۔ اس کی بوڑھی
خادمہ، مقتول ملکہ کی دوسری چیزیں، سب کچھ، یادوں کا سہارا بنتی رہتی ہیں اور انجام
کار جلا وطن شہنشاہ، پروہتوں اور پیروں کی دستگیری سے اپنی محبوبہ کی روح کو
ڈھونڈنے میں لگ جاتا ہے۔

گویا چینی المیّے میں رومانی احساس، اور لطافت دو اصل چیزیں ہیں اگرچہ ہمارے
ہاں "وفورِ شوق" اور "جوشِ جذبات" کی اجازت ہے تو بس یہیں تک ہے۔ اِسی
لئے چینی فلسفی، انسان کی "خواہشات" کو تو اچھا نہیں گردانتے مگر وہ جذبات
اور احساسات کے خلاف نہیں ہیں۔ بلکہ وہ اِنہی کو انسان کی عام زندگی کی بنیاد

وہ ایک کیڑا ہے، ایک مشین ہے۔ اس کا وجود انسانیت کے لئے ننگ ہے۔
میں سمجھتا ہوں بہت سی طوائفوں کی زندگی، جذبات سے عاری بڑے بڑے تاجروں
کی زندگی سے کہیں ارفع اور اعلےٰ ہے ___ طوائفیں زیادہ سے زیادہ یہی ہے کہ
گناہ کی زندگی بسر کرتی ہیں لیکن طوائفوں میں محبت کرنے کی صلاحیت تو ہے۔ اور
یہ ہر مقدس کتاب میں ارشاد ہے کہ "جو لوگ محبت کر سکتے ہیں، اُن کے لئے عفو
کے دروازے ہمیشہ کھلے رہتے ہیں"! جذبات اور احساسات بڑی بڑی غلطیاں بھی
سرزد کراتے ہیں۔ اور ان غلطیوں کی ہمیں، بعض دفعہ بڑی کڑی سزا بھی ملتی ہے پھر
بھی محبت کی فراوانی اور جذبات کا وفور ان غلطیوں کو دھو ڈالتا ہے۔ کئی مائیں دنیا
میں ایسی ہوں گی جنہوں نے محبت کی خاطر گھر بار کو پس پشت ڈال دیا۔ پھر بھی یہ
مائیں بوڑھی ہو کر یہ محسوس کیا کرتی ہیں کہ ان کی زندگی مطمئن اور بھرپور گزری۔ انہیں
کسی بات کا افسوس اور کسی چیز کی ہوس نہیں ہوتی۔ وہ ان ماؤں سے کہیں
زیادہ اچھا بڑھاپا گذارتی ہیں، جو عمر بھر تنے ہوئے رسّوں پر چلتی رہیں اور سخت گیری
کو جنہوں نے اپنا شعار بنائے رکھا۔ میرے ایک دوست نے مجھے ایک خاتون
کا ذکر سنایا۔ اس معمّر خاتون نے میرے دوست سے کہا تھا: "دیکھو صاحب، میری عمر
۸۰ برس کی ہے، اپنی زندگی میں مجھ سے کئی گناہ سرزد ہوئے ہیں مگر مجھے ان گناہوں
پر رنج نہیں ہوتا ___ ہاں جب مجھے خیال آتا ہے کہ ان ۸۰ برسوں میں کئی بار میں نے
بڑی بے وقوفی سے کام لیا تھا تو اپنی حماقتوں پر مجھے بڑا رنج ہوتا ہے اور میں
اس عمر میں بھی اپنی گزشتہ حماقتوں کو کبھی معاف نہیں کر سکتی ___!"
آپ کہیں گے، یہ زندگی تو بڑی سخت چیز ہے اور جو شخص دل کا نرم طبیعت
کا سخی اور جذبات کا سچا ہو، اُسے اِس دنیا کے عقلمند بڑی جلدی بیوقوف بناتے

ہیں جو آپا دھاپی سے سب کچھ اپنے قبضے میں کر لینے کی فکر میں رہتے ہیں۔ جو ہر جائز ناجائز طریقے سے زندگی میں کامیابی حاصل کر کے رہتے ہیں اور جو شخص ان کی راہ میں حائل ہوتا ہے اُسے ختم کر کے، چِت کر کے دم لیتے ہیں۔ اسی کی وجہ سے ہم میں وہ آدمی پیدا ہوتے ہیں جنہیں "فولادی عزم کے انسان" کہا جاتا ہے۔ جن میں جذبات کی رتی تک باقی نہیں رہتی، جو جذبات کو، فضول اور بے معنی سمجھتے ہیں ـــــ یہی اشخاص ہیں، جن سے نفرت کرنا بھی شریف آدمی کی توہین ہے۔ مگر دنیا میں ایسے سخت دل حضرات کی کمی نہیں ـــــ کئی مہذب ملکوں میں یہ تحریک چلی ہے کہ جو لوگ لُولے اپاہج اور کوڑھی ہوں یا جسمانی لحاظ سے کسی ناقابلِ علاج مرض میں مبتلا ہوں اُنہیں خصی کر دیا جائے۔ تاکہ قوم کی نئی نسل اچھی پیدا ہو ـــــ میرا خیال ہے اگر کوئی ملک ایسے قانون بنا لے تو اُسے سب سے پہلے اُن لوگوں کو تولید کے ناقابل کر دینا چاہیئے جو اخلاقی لحاظ سے بے حس ہوں، جن میں فنونِ لطیفہ کا احساس مردہ ہو چکا ہو، جن کا دل سخت ہو چکا ہو۔ جو کامیابی کے لئے ہر سخت گیری اور ظلم روا سمجھیں اور روا رکھیں، جو اپنے ارادے کی سنگینی کے آگے کسی چیز کی کوئی حقیقت نہ سمجھیں ـــــ گویا ہر شخص کو اِس صف میں شامل کرنا ہوگا جو زندگی سے لطف اُٹھانا بھول چکا ہے جس کے لئے زندگی کا ہلکا پھلکا پہلو، زندگی کی لطافت اور رنگینی کوئی معنی نہیں رکھتی ـــــ تپ دق اور کوڑھ کے مریضوں یا پاگل لوگوں کو اولاد پیدا کرنے کے ناقابل بنانے سے کہیں زیادہ ضروری یہ ہے کہ ان مردہ دلوں کو باپ بننے کے شرف سے محروم کر دیا جائے۔ کیونکہ ایک زیادہ جذباتی آدمی تو زیادہ سے زیادہ چند حماقتیں کرے گا، اور بس ـــ مگر جذبات و احساسات سے جو شخص سراسر کورا ہو وہ تو اِنسان ہی نہیں۔ وہ انسانیت کا چلتا پھرتا مذاق، جیتا جاگتا کارٹون ہے۔

یاد رکھئے کہ جو دانش اور سمجھ آپ کو بہادری نہیں سکھاتی وہ کسی کام کی نہیں۔ دانش اس لئے بھی بہادری کا دروازہ ہے کہ دانش ہماری احمقانہ امنگوں اور ارادوں پر کڑا پہرا رکھتی ہے۔ انہیں حد سے بڑھنے نہیں دیتی، نہ معیار سے گرنے دیتی ہے۔ دانش ہی ہمیں اس دنیا کے تکلف اور تصنع کی فضولیات سے چھٹکارا دلاتی ہے۔ اس لئے دانش ہی ہم میں جرأت اور حوصلہ پیدا کر سکتی ہے۔

جہاں تک فضولیات کا تعلق ہے اس زندگی میں فضولیات کی کمی نہیں۔ چین کے بودھ عالموں نے زندگی کی ان بے شمار چھوٹی چھوٹی فضولیات کو دو عنوانوں کے ماتحت تقسیم کیا ہے، یعنی شہرت اور دولت۔ چین کی ایک کہانی یہ ہے کہ ایک دفعہ ایک شہنشاہ جنوبی چین کا دورہ کرنے گیا۔ سمندر کے ساحل کے قریب ایک پہاڑی تھی جس پر چڑھ کر شہنشاہ نے دیکھا کہ بحیرہ چین میں ہزاروں چھوٹے بڑے جہاز، کشتیاں اور بجرے اِدھر اُدھر آ جا رہے ہیں۔ شہنشاہ نے اپنے وزیر سے پوچھا، یہ اتنے سارے جہاز، کشتیاں، بجرے، کیوں اتنی پریشانی اور تیزی سے سمندر میں دوڑتے پھرتے ہیں؟ اور ان میں جو ہزاروں آدمی ہیں وہ کیا کرتے ہیں؟ اس کے وزیر نے جواب دیا "جہاں پناہ مجھے تو صرف دو جہاز نظر آتے ہیں، ایک کا نام شہرت ہے اور دوسرے کا دولت!" — اور حقیقت بھی یہی ہے۔ دولت کی ہوس سے تو بہت سے باذوق لوگ دامن بچا سکے ہیں — مگر "شہرت" کی ہوس سے بچنے کے لئے بہت زیادہ عظیم انسان ہونا ضروری ہے! ایک پروہت اپنے چیلوں کو شہرت اور دولت کے بارے میں نصیحت کر رہا تھا، اس نے اپنے وعظ کے دوران میں بڑے کام کی بات کہی ہے، "دولت اور شہرت، و بنیادی تکلیفوں کے دو بڑے سرچشمے ہیں۔

ہیں۔ فراخ دل لوگ اپنی فراخ دلی کی بدولت بڑی غلطیاں کرتے ہیں۔ وہ اپنے دشمنوں کو دشمن نہیں سمجھتے اور اپنے دوستوں پر ضرورت سے زیادہ اعتماد رکھتے ہیں! یہ بھی ہُوا ہے کہ فراخدل لوگوں کو بڑی تلخی کا سامنا کرنا پڑتا ہے اور اپنے دل کی تلخی مٹانے کے لئے اُنہوں نے جل بھُن کر کوئی بڑی تیز، تلخ نظم لکھ دی ہے۔ چینی ادب میں اس کی ایک مثال مشہور چائے فروش چانگ تائی کی ہے۔ اُس نے اپنی دولت، فیاضی اور فراخدلی کے باعث دنوں میں اڑا دی اور اُس کے دلی دوستوں اور عزیزوں نے سخت دھوکا دیا۔ اس شاعر نے اپنے دل کی تلخی کا اظہار بارہ نظموں میں کیا ہے۔ اگرچہ میرے نزدیک یہ دنیا کے تلخ ترین اشعار ہیں پھر بھی میں جانتا ہوں کہ شاعر چانگ تائی اپنی فراخدلی سے ہاتھ نہیں کھینچ سکا۔ وہ عمر بھر ویسا ہی فراخدل، فیاض اور سیر چشم رہا۔ اور سخت محتاجی بلکہ فاقوں تک نوبت پہنچنے کے باوجود اس میں یہ وصف قائم رہا۔ میں سمجھتا ہوں کہ تلخی کا طوفان جو اس کے دل میں اٹھا تھا وہ بہت جلد چھٹ گیا ہوگا اور اُس نے باقی زندگی ہنس بول کر گزار دی تھی۔

چنانچہ یہ لازم ہُوا کہ انسان کو اپنی فراخدلی کی حفاظت کرنی چاہئے تاکہ زندگی کی تلخی اُس پر چھا نہ جائے۔ اس کے لئے ایک اصول، ایک فلسفے کی ضرورت ہوتی ہے۔ زندگی کے سنگین حقائق کا سامنے کرنے کے لئے محض دلِ گرم کافی نہیں۔ اِسی لئے جذبات کی شدّت کے ساتھ، دانش اور جرأت دونوں کا سہارا ضروری ہوگا —— میرے نزدیک دانش اور جرأت دو الگ الگ چیزیں نہیں۔ جرأت زندگی کو سمجھنے سے پیدا ہوتی ہے۔ جو شخص زندگی کو مکمل طور پر سمجھتا ہے۔ اُسی کے لئے بہادری ممکن ہے۔ زندگی سے ناواقف لوگ کبھی بہادر نہیں ہو سکتے اور یہ بھی

دانش مند شخص اس بات پر ہرگز تیار نہیں ہوگا کہ اُسے دن میں سات سات دفعہ تقریر کرنی پڑے اور پبلک جلسوں میں بار بار بولنا پڑے۔ آپ اُسے جمہوری حکومت کی صدارت بھی دیدیں پھر بھی وہ اِس بات کے لئے تیار نہیں ہوگا۔ بلکہ وہ ملک کی "خدمت" ہی سے انکار کر دے گا۔ امریکی جیمس برائس نے کہا تھا کہ امریکہ میں جس قسم کا جمہوری نظامِ حکومت رائج ہے، وہ اس قسم کا ہے کہ ملک کے بہترین لوگ سیاسیات میں آنے سے ہمیشہ کتراتے ہیں! —— میں سمجھتا ہوں، امریکہ میں صدارتی انتخاب کے لئے جن دوروں، تقریروں اور انتخابات کا سامنا کرنا پڑتا ہے وہ اتنے کٹھن ہیں کہ امریکہ کے دانشمند لوگ ان کے تصوّر ہی سے کانپ اُٹھتے ہیں —— پھر پبلک عہدوں کی ایک مصیبت اور بھی ہے۔ جمہوری ملک کے اِن وزرا یا صدر کو بعض دفعہ ایک ہفتے میں چھ چھ سات سات دفعہ پبلک دعوتوں میں شریک ہونا پڑتا ہے محض اِس لئے کہ یہ لوگ اپنی زندگی ملک کی "خدمت" کے لئے وقف کر چکتے ہیں۔ میں پوچھتا ہوں یہ بھلامانس "قوم کا خادم" اپنی زندگی، اپنے گھر کے کھانے اور اپنے گھر کے سیدھے سادے مگر آرام دہ بستر کے لئے کیوں وقف نہیں کرتا؟ —— مگر حضرتِ انسان کی ہوس نرالی ہے۔ ہوتا یہ ہے کہ شہرت اور اختیار کے دھوکے میں پھنسنے کے بعد آدمی خواہ مخواہ دوسری فضولیات میں بھی جا پھنستا ہے۔ کیونکہ یہ کام ہی ایسا ہے شہرت اور اختیار کے بعد اِنسان کو شیطان یہ انگلی دکھاتا ہے کہ "اُسے سماج سدھار" کرنا چاہئے۔ چنانچہ اب اُس پر معاشرتی اصلاح کی دھن سوار ہو جاتی ہے۔ دوسروں کے "اخلاق بلند تر" کرنے کی پڑ جاتی ہے۔ "دین کی حفاظت"، "بدی اور گناہ کی بیخ کنی" کا سودا سر میں سماتا ہے۔ انسان بہت جلد ایسے پروگرام بنانے لگتا ہے جن پر اس کے

دولت کی ہوس سے نجات پانا آسان ہے۔ مگر شہرت کی ہوس کو تج دینا بہت ہی مشکل ہے۔ اوروں کا ذکر تو چھوڑ دیئے، پروہت، علما اور پروہت بھکشو تک یہ چاہتے ہیں کہ اپنے اپنے حلقے میں شہرت کے مالک ہوں۔ وہ چاہتے ہیں کہ اُن کے عقیدت مندوں کا گروہ بہت بڑا ہو اور وہ پُرہجوم جلسۂ عام میں وعظ و تلقین کریں۔ وہ نہیں چاہتے کہ چپ چاپ کسی چھوٹی سی خانقاہ میں حجرہ نشین ہو جائیں اور صرف ایک شاگرد کو پڑھانے پر اکتفا کریں ــــ" اس پر شاگرد نے کہا: "میرے مشفق! آپ ہی شاید اس دنیا میں تنہا شخص ہیں کہ شہرت کی ہوس پر بھی غلبہ پانے میں کامیاب ہوئے ہیں . . . ." اس پر اُستاد مسکرا دیا۔

بدھ مت کے اِن رشیوں نے زندگی کی فضولیات کو جن دو گروہوں میں بانٹ دیا ہے وہ میرے نزدیک مکمل نہیں۔ میرا یہ دعویٰ ذاتی مشاہدے پر مبنی ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ زندگی کے دھوکے اور فضولیات دو کے بجائے تین عنوانات میں آتے ہیں یعنی شہرت، دولت اور حکومت با اختیار . . . . امریکہ میں ایک ہی لفظ ان تینوں کے معانی پر حاوی ہوتا ہے اور اُسے زندگی کا سب سے بڑا دھوکا سمجھئے۔ یہ ہے کامیابی ــــ مگر ایک بات ظاہر ہے۔ دانشمند لوگ جانتے ہیں کہ کامیابی، شہرت اور دولت کی خواہش، اصل میں ناکامی، محتاجی اور گمنامی کے ڈر کا دوسرا روپ ہوتی ہے۔ اور ناکامی کا ڈر، غربت کا ڈر اور گمنامی کا ڈر، انسانوں کی زندگی پر نسل در نسل چھائے رہتے ہیں۔ بہت لوگ ایسے بھی موجود ہیں جو شہرت اور دولت دونوں چیزوں کے مالک ہیں۔ پھر بھی وہ دوسروں پر حکومت کرنے کی آرزو رکھتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جو اپنی زندگی اپنے ملک کی خدمت کے لئے "وقف" کر دیتے ہیں ــــ مگر اس کی قیمت بڑی بھاری ہے۔ کوئی

بھجواتا پھر دوں؟
اس کے برعکس اگر یہی شخص الیکشن میں کامیاب ہو جاتا تو یہی چھوٹی چھوٹی بیکار باتیں، دوسروں کی زندگی میں یہی دخل اندازی اس کی زندگی کا مقصد بن جاتی۔ اُسے یہ خیال ہو جاتا کہ وہ بہت اہم شخصیت ہے، اور واقعی کوئی اہم کام کر رہا ہے!

اس کے علاوہ ایک اور صفت کی دردسری ہے۔ جو ہماری معاشرتی زندگی کے لئے بڑی مصیبت ہے۔ اسے فلیشن کہتے ہیں۔ اس دنیا میں کسی طرح کی بناوٹ کے بغیر، اپنے اصلی روپ میں نظر آنا بڑا مشکل ہے اور اس کے لئے بڑے دل گردے کی ضرورت ہے۔ یونانی فلسفی ڈیموکریٹس (جو جمہوری نظریوں کا بانی کہا جاتا ہے) نے اپنے خیال میں بہت بڑا کام یہ کیا تھا کہ اُس نے انسان کو دو بنیادی خدشوں سے نجات دلوائی تھی ——— ایک تو خدا کا ڈر اور دوسرے موت کا ڈر ——— مگر یہ دونوں ڈر دل سے نکال بھی دئے جائیں تو مسئلہ حل نہیں ہوتا اور انسان ایک بہت بڑے عالمگیر خوف کا پھر بھی غلام رہتا ہے۔ یہ اپنے ہم چشموں، اپنے ساتھیوں، اپنے ہم سایوں کا ڈر ہے۔ اوّل تو بہت ہی کم لوگ خدا کے ڈر اور موت کے ڈر کو اپنے دل سے نکال سکے ہیں۔ اور جو یہ کر بھی گزرے ہیں وہ بھی انسان سے بہر حال ڈرتے رہے ہیں ——— اسی لئے ہر شخص کو زندگی بھر ایک مقرر کردار، ایک لگا بندھا پارٹ ادا کرتے رہنا پڑتا ہے۔ اور یہ کردار، یہ پارٹ ایسا ہوتا ہے جسے وہ خود نہیں بلکہ دوسرے پسند اور معین کرتے ہیں۔

انسان میں اداکاری کا فطری جوہر ہوتا ہے۔ انسان میں نقل کا مادّہ بھی ودیعت کیا گیا ہے۔ اداکاری اور نقل کا آپس میں بڑا تعلق ہے کیونکہ نقل،

خیال کے مطابق دوسروں کو عمل کرنا چاہئے۔ لیکن دوسروں کے بنائے ہوئے پروگراموں میں وہ اب ہر ممکن رکاوٹ ڈالے گا۔ وہ کمیٹیوں اور سالانہ کانفرنسوں میں لمبی چوڑی رپورٹیں پڑھے گا کہ اس نے اور اس کے ماتحت دوسروں نے اس کے دورِ حکومت میں لوگوں کے لئے کیا کچھ کام کیا۔ وہ عمارتوں کے سنگِ بنیاد رکھتا پھرے گا۔ اور پاگل خانوں تک کا افتتاح کرے گا۔ (ذرا ڈھٹائی ملاحظہ ہو) گویا وہ دوسروں کی زندگی میں بے جا دخل دیتا ہی رہے گا۔ وہ بہت جلد یہ بھول جائے گا کہ اس نے خواہ مخواہ جو دنیا بھر کی ذمہ داری سنبھال لی ہے، دوسروں کی "اصلاح" کا بیڑا اٹھا لیا ہے، اپنی سکیموں پر عمل درآمد کرانے اور اپنے مخالفین کی سکیموں کو تلپٹ کرنے کی جو مہم نکالی ہے وہ سب فضول ہے۔ اصل میں یہ کیڑا اس کے دماغ میں بالکل حال کی پیدا وار ہے۔ پہلے سے یہ فکر نہیں تھی، غالباً ان باتوں کا پہلے اسے کبھی خیال بھی نہ آیا تھا لیکن اب وہ اپنے آپ کو اتنا اہم سمجھنے لگا ہے جیسے دنیا کا کاروبار اسی کے دم سے ہے!! ـــ آپ کسی انتخاب میں ہارے ہوئے وزارتی یا صدارتی امیدوار کو دیکھئے۔ ناکامی کے دو ہفتے بعد ہی ملک کے بڑے بڑے مسائل، مزدوروں کے معاملات، بے روزگاری کا مسئلہ، محصولوں اور ٹیکسوں کا مسئلہ، گویا ہر چیز اس کے ذہن سے بالکل نکل جاتی ہے۔ دو ہفتے پہلے یہی چیزیں اس کے ذہن پر سوار تھیں۔ اور وہ اپنے آپ کو ان مسائل کا حل کرنے والا واحد شخص سمجھ رہا تھا ـــ

ہارنے کے بعد وہ سوچتا ہے، میں کون ہوں کہ اوروں کی 'اصلاح' کا بیڑا اٹھاؤں؟ ان کے اخلاق سدھارنے کا ٹھیکہ لے لوں اور پھر جو اشخاص بدقسمتی سے پورے حواس میں نہیں اور دنیا انہیں پاگل کہتی ہے انہیں پاگل خانے

کو قائم رکھتے ہیں طنطنہ اور طمطراق ان کے نزدیک نہیں پھٹکتے۔ اسی لئے سادگی، صحیح معنی میں عظیم انسانوں کی ہمیشہ سے لازمی خصوصیت مانی جاتی ہے —— چھوٹے آدمیوں کی پہچان ہی ان کی کم ظرفی ہے۔ ذرا معمولی سے بھی سرکاری اہل کار کو دیکھئے۔ جسے اپنے اختیار اور رتبے کے بارے میں کئی طرح کی غلط فہمیاں ہوتی ہیں۔ اسے دیکھتے ہی آپ سمجھ جائیں گے کہ یہ شخص ظرف کا ہلکا ہے۔ کسی نودولت کو دیکھئے کہ وہ کس شان سے اپنے زر و جواہر کی نمائش کرتا ہے۔ کسی نوآموز اور گھٹیا قسم کے ادیب کو دیکھئے۔ وہ ہمیشہ یہی ظاہر کرے گا کہ چونکہ وہ زندۂ جاوید عظیم ادیبوں کی صف سے تعلق رکھتا ہے اس لئے وہ عام لوگوں سے کوئی الگ مخلوق ہے۔ یہ لوگ سادگی اور فطری پن سے بے بہرہ ہوتے ہیں اور ان کی بناوٹ، ان کا تصنع ہی ان کے گھٹیا پن کی دلیل ہوتا ہے۔

انسان میں اداکاری کی یہ جبلت اتنی گہری اور شدید ہے کہ وہ اکثر اوقات یہ بھول جاتا ہے کہ جو پارٹ وہ ادا کر رہا ہے اس کے علاوہ بھی اس کی کوئی حقیقی زندگی، کوئی اصلی روپ ہے۔ بس اس "پارٹ" کی خاطر ہم انسان اپنا خون پسینہ ایک کرتے ہیں اور زندگی بھر اس طرح جیتے ہیں جس طرح سماج ہمیں جینے کو کہتا ہے۔ ہم اس طرح زندگی بسر نہیں کرتے جس طرح ہمارا نفس اصلی ہمیں زندگی بسر کرنے کو کہتا ہے —— ایک مشہور جاپانی مقولہ ہے کہ "خود تو بیگم صاحبہ اس امید میں بوڑھی ہو گئیں کہ کسی مرد سے شادی ہو جائے مگر نہ ہو سکی۔ اور اب بیچاری دن رات محنت کر کے دوسری عورتوں کے لئے سہاگ کے جوڑے تیار کر رہی ہیں!!" —— یہی حال ہمارا ہے۔

اداکاری ہی کا ایک حصہ ہے ۔ یہ جبلّی خاصہ ہمارے ان اجداد سے ہم تک پہنچا ہے جو بندر تھے ۔ تماشا، اداکاری اور بناوٹ کے کچھ فائدے بھی ہوتے ہیں۔ سب سے بڑا فائدہ تو تماشائیوں کی داد ہے ۔ مگر یہ نہ بھولئے کہ تماشائیوں کی داد جتنی زیادہ ہوگی اتنا ہی اسٹیج کے پیچھے اداکاروں کا دل دھڑکے گا، تماشا دکھانے کے خیال سے اتنے ہی زیادہ پسینے چھوٹیں گے ۔ بہرحال اداکاری ایسا جوہر ہے جس سے انسان روزی بھی کما سکتا ہے۔ اس لئے تماشائیوں کے کہنے پر اگر آپ ان کا پسندیدہ پارٹ ادا کرتے رہیں تو آپ کو کوئی الزام نہیں دے گا ۔ فیشن یہی چیز ہے۔ یہ تماشائیوں، آپ کے دیکھنے والوں کا پسند کردہ کردار ہے جو آپ کو ادا کرنا پڑتا ہے ۔

اس میں ایک اعتراض کا پہلو نکلتا ہے۔ آپ بےشک یہ پارٹ نباہتے رہیے مگر ایسا نہ ہو کہ آپ محض اداکار ہو کر رہ جائیں اور اداکاری آپ کی حقیقی ذات پر بری طرح چھا جائے ۔ کیونکہ اداکاری چیز ہی ایسی ہے۔ دنیا میں وہ لوگ انگلیوں پر گنے جا سکتے ہیں جو اپنے بلند مرتبے اور شہرت کے باوجود انسان پہلے ہیں اور پھر کچھ اور ہیں۔ ہر کوئی اس طرح آپے میں نہیں رہ سکتا ۔ یہ گنے چنے لوگ ہر وقت یاد رکھتے ہیں کہ وہ محض ایک پارٹ ادا کر رہے ہیں۔ رتبے، جائداد اور دولت، یا خطاب کی چمک ان کی آنکھیں اندھی نہیں کرتی، نہ ان کے دماغ پر نشے کی طرح چھاتی ہے ۔ رتبے کی بلندی اور دولت کی فراوانی اگر انہیں حاصل ہو جائے تو وہ اپنے آپ کو بھول نہیں جاتے ۔ وہ بے نیازی کی شان سے ان چیزوں کو قبول کر لیتے ہیں۔ مگر یہ کبھی نہیں بھولتے کہ وہ ایک معمولی انسان ہیں اور بس ـــــ یہی لوگ صحیح معنی میں عظیم انسان ہوتے ہیں ۔ وہ عمر بھر اپنی سادہ مزاجی اور سادہ دلی

رکھتا ہے ــــــ"

گویا قدرت کا قانون یہ ہے کہ کسی شخص کو دوسروں پر نہ تو کوئی مستقل ترجیح حاصل ہے نہ اُسے دوسروں کے مقابلے میں مستقل طور پر فائدے ہی حاصل ہوتے ہیں۔ اسی طرح قدرت کا قانون یہ بھی ہے کہ کوئی شخص دنیا میں سراسر اور ہمہ وقت ابلہ اور ناداں نہیں۔ اس سے قدرتی طور پر یہ نتیجہ نکلا کہ لڑنا جھگڑنا بیکار رہے۔ لاؤ تزے کا قول ہے: "دانا لوگ کبھی کسی سے جھگڑتے نہیں، نہ مقابلہ کرتے ہیں لہٰذا اس کل کائنات میں کوئی شخص ان کے ساتھ مقابلہ نہیں کرسکتا!" ایک جگہ یہی فلسفی کہتا ہے: "تشدّد سے کام لینے والے کسی ایک شخص کا نام لیجئے جس کا انجام ٹھیک ہوا ہو ــــ میں اس کو اپنا مرشد، اپنا استاد ماننے کو تیار ہو جاؤں گا۔"

آج کل کا فلسفی اس قول کو یوں بھی پیش کرسکتا ہے: "کسی ایک ڈکٹیٹر کا نام لیجئے جو اپنا اقتدار قائم رکھنے کے لئے خفیہ پولیس سے کام نہ لیتا ہو۔ یا وہ خفیہ پولیس کی خدمات سے بے نیاز رہ سکتا ہو۔ میں اس ڈکٹیٹر کا سب سے پُرجوش حامی بن جاؤں گا!" یہی وجہ ہے کہ لاؤ تزے نے کہا تھا: "جب تاؤ (صراطِ مستقیم، سچائی، قانونِ فطرت، مذہب وغیرہ ....) بے اثر ہو کر رہ جائے، تو دنیا، گھوڑوں کو لڑائی کیلئے سدھانا شروع کر دیتی ہے اور جب تاؤ کا اثر، اقتدار قائم ہو تو گھوڑوں سے صرف گاڑیاں کھینچنے کا کام لیا جاتا ہے!" ملاحظہ ہو:-

"بہترین سوار وہ ہیں جو سرپٹ گھوڑا اڑاتے ہوئے اندھادھند نہیں جاتے۔
بہترین جنگجو وہ ہیں جو اپنے غصے اور غیظ و غضب کا مظاہرہ نہیں کرتے۔
بہترین فاتح وہ ہیں جو جھگڑے میں پڑنے کے بغیر جیت جاتے ہیں بہترین
لیڈر وہ ہے جو اپنے لوگوں سے اس طرح کام لیتا ہے گویا وہ ان سے

## ۳۔ لاؤ تزے کی تعلیم : "کلبیت، نادانی اور فریبِ نظر"

چینی فلسفی لاؤ تزے کی تعلیم یہ ہے کہ آدمی کو "پرانا پاپی" بننا چاہئے۔ یہ نظریہ بظاہر شرافت سے دُور معلوم ہوتا ہے مگر عجیب بات یہ ہے کہ یہی فلسفہ، امن، رواداری، سادگی اور قناعت کی مثال بن جاتا ہے۔ اس کی تعلیم میں یہ کہا گیا ہے کہ نادانی میں بڑی دانش مندی پنہاں ہے۔ اصلی بات کو چھپائے رکھنے اور اسے کچھ کا کچھ دکھانے میں بڑا فائدہ ہے۔ کمزوری میں بڑی طاقت ہے، اور تکلف اور تصنّع کی انتہا میں، بڑی سادگی ہوتی ہے ــــ یہ فلسفہ چینی مزاج کی جان ہے۔ خود چینی آرٹ، اس فلسفے سے الگ کوئی چیز نہیں۔ کیونکہ چینی آرٹ میں شاعرانہ نظر فریبی، بنیادی چیز ہے اور اس کے علاوہ چینی آرٹ میں لکڑہارے اور مچھیرے کی سادہ زندگی کو ہمیشہ معراجِ کمال سمجھا جاتا ہے۔ چینی امن پسندی کی تہ میں یہ جذبہ ہوتا ہے کہ زندگی کے عارضی نقصانات کو صبر سے برداشت کیا جائے اور مناسب وقت اور موقع کا انتظار کیا جائے۔ اس امن پسندی کی تہ میں یہ شعور بھی پنہاں ہے کہ قدرت کا کارخانہ عمل اور ردِّ عمل کے اٹل قانون پر چلتا ہے۔ اس لئے دنیا میں کسی کو نہ تو ہمیشہ کے لئے فائدہ حاصل ہوتا ہے اور نہ کوئی شخص ہمیشہ کے لئے "احمق اور نادان" ہوا کرتا ہے مشہور قول ہے کہ :

> " دانش کے بہت بڑے نکات سراسر نادانی کی باتیں نظر آتے ہیں اور فصاحت کی معراج ، لکنت معلوم ہوا کرتی ہے ۔ حرکت، سردی پر غالب آتی ہے۔ مگر سکون گرمی پر غالب آتا ہے ۔ اسی لئے وہ (ذاتِ باری) اپنے صاف اور واضح سکون سے ہر چیز کو اس کائنات میں صحیح اور درست

اچھا جرنیل وہ ہے، جو اپنا مقصد حاصل کرتا ہے، صرف اس
لئے کہ ایسا اقدام ناگزیر تھا، اس کے بغیر کوئی چارۂ کار نہ تھا۔
اچھا جرنیل وہ ہے جو اپنا مقصد حاصل کرتا ہے مگر تشدد کے
بغیر حاصل کرتا ہے۔ کیونکہ جو چیز ایک وقت میں دوسروں پر چھا جائے گی
اُس کے انحطاط کا بھی وقت آئے گا، دوسروں پر چھا جانا قانونِ فطرت
(تاؤ) کے خلاف ہے۔
اور جو چیز تاؤ کے خلاف ہے وہ بہت جلد مٹ جائے گی!"

مجھے لاؤ تزے کے اس فلسفے پر اتنا یقین ہے کہ میرے خیال میں اگر وہ پہلی جنگِ عظیم کے بعد صلح کی ورسائی کانفرنس کا صدر ہوتا تو دنیا میں ہٹلر کبھی وجود میں نہ آتا۔ ہٹلر کا دعوے یہ تھا کہ اُس پر اور اس کے کام پر خدا کی "خاص رحمت" کا سایہ ہے۔ اس کا ثبوت اُس کے نزدیک یہ تھا کہ اُسے جو اقتدار حاصل ہے وہ ایک معجزے سے کم نہیں۔ میں سمجھتا ہوں، ہٹلر بیچارے پر خدا کی رحمت تو کیا ہو گی البتہ فرانسیسی وزیراعظم کلیمین شو کی دعائیں ضرور اس کے ساتھ تھیں۔ کیونکہ اُس نے ورسائی کی صلح کانفرنس میں جو کچھ کیا، جرمنی میں اسی کی وجہ سے ہٹلر جیسا شخص عروج حاصل کر سکا۔ مگر چین کی صلح پسندی اور امن جوئی "انسانیت" کے اصول پر مبنی نہیں چین کی صلح پسندی کی تہ میں "عالمگیر محبت" کا جذبہ کار فرما نہیں۔ اس کی تہ میں تو لطیف قسم کی دانائی کارفرما ہے۔ وہ دانائی جو ہر چیز کے جاننے سے حاصل ہوتی ہے۔ وہ دانائی جو اس زمانے میں "پرانے پاپیوں" کا حصّہ ہوتی ہے، ملاحظہ ہو!۔
"آخر میں جس چیز کو سکیڑنا ہو، اُسے پہلے کھینچ کر بڑھانا پڑے گا
جس چیز کو کمزور کرنا ہو، اُسے پہلے مضبوط بنانا ہو گا

بہتر نہیں کرتا ہے ___ یہی وہ چیز ہے۔ وہ طاقت ہے جو لڑائی جھگڑے
مناقشے، اور مقابلے سے دامن بچانے کی بدولت حاصل ہوتی ہے۔
یہی وہ صلاحیت ہے جس کی بدولت ایک شخص دوسروں سے جو کام
چاہے لے سکتا ہے۔ یہی وہ جوہر ہے جس کی بدولت انسان قدیم زمانے کی
طرح، ایک بار پھر آسمانی نور سے ہم آہنگ ہو سکتا ہے۔"

قدرت میں عمل اور ردِّ عمل کا جو قانون کارفرما ہے، اس کی بدولت تشدّد وجود میں آتا ہے
اور تشدّد سے تشدّد ہی پیدا ہوتا ہے:۔

"جو شخص، سچائی اور قانونِ فطرت (تاؤ) کے ذریعے کسی بادشاہ کی مدد
کرے گا وہ ہتھیاروں اور فوجی طاقت کے بل پر ہر جنگ اور ہر فتح کی مخالفت
کرے گا کیونکہ جنگ سے جنگ ہی پیدا ہوتی ہے اور جہاں کہیں فوجیں ہونگی
وہاں اناج نہیں اُگ سکتا، صرف کانٹے اور جھاڑیاں اُگ سکتی ہیں ___
بہت بڑی فوج جمع کرنے سے ملک میں ہمیشہ قحط سالی ہو گی۔
اِسی لئے اچھا جرنیل وہ ہے جو اپنا کام کرے اور پھر وہیں رک جائے۔
وہ اپنی فتح سے مزید فائدہ حاصل نہیں کرے گا۔
اچھا جرنیل وہ ہے جو اپنا مقصد حاصل کرتا ہے اور اپنے کام
کو جھنڈے پر نہیں چڑھاتا۔
اچھا جرنیل وہ ہے جو اپنا مقصد حاصل کرتا ہے اور اپنے کام
کی ڈینگ نہیں مارتا۔
اچھا جرنیل وہ ہے جو اپنا مقصد حاصل کرتا ہے اور اپنے کام
پر فخر نہیں کرتا۔

لاؤ تزے کے اقوال میں "وادی" کی علامت اور مثال کو بہت جگہ ملتی ہے۔ وادی سے اس کی مراد خالی اور گہری جگہ اور رحم مادر ہیں۔ اسے چینی میں ین یعنی عورت یا مادہ کہتے ہیں۔ وہ کہتا ہے:

"وادی کی روح کبھی مر نہیں سکتی۔ یہ وہ جذبہ ہے جسے پراسرار عورت بھی کہا جاتا ہے۔ پراسرار عورت کے 'دروازے' ہی سے زمین و آسمان پیدا ہوئے —— یہ جذبہ ہماری ہستی میں ہر وقت موجود ہے، اس سے جتنا چاہو کام لو، یہ سرچشمہ کبھی خشک نہیں ہوگا، نہ کبھی اس میں کوئی کمی واقع ہوگی!"

اسی لئے میں سمجھتا ہوں کہ مشرقی تہذیب 'نسوانی اصول کی مظہر ہے اور مغربی تہذیب مذکر کی نمائندہ ہے۔ چین کی قوت سراسر انفعالی ہے' فاعلی نہیں اور یہ انفعالی قوت، وادی اور رحم مادر سے بے حد مشابہ ہے۔ "پہاڑوں کے درمیان ایک گہری وادی (یا رحم) ہر وہ آسمانی نعمت جمع کر لیتی ہے' جو اس میں سما سکے، اور چونکہ یہ وادی ہے اس لئے زمین پر اس کی اپنی قوت ہے جو اس کے وجود کے لئے ہر لحاظ سے کافی ہے!"

لاؤ تزے نے یہ بھی تعلیم دی ہے کہ "دنیا میں سب سے اشرف اور ممتاز انسان کبھی نہ بنو۔" شہرت اور امتیاز کے خطرات پر چوانگ زے نے بڑی خوبصورت چیز لکھی ہے۔ جو اصل میں پیغمبر کنفیوشس اور اُن کے مظاہرۂ علمیت کی ہجو ہے —— چوانگ زے کی کتابوں میں، کنفیوشس کے خلاف ایسی بہت سی توہین آمیز نظمیں ملتی ہیں۔ کیونکہ چوانگ زے سے پہلے ہی کنفیوشس کا انتقال ہو چکا تھا اور ویسے چین میں ہتک عزت کے بارے میں کوئی قانون بھی نہیں، اور وہاں

جس چیز کو ختم کرنا ہو، اُسے پہلے قائم کرنا ہوگا
جو شخص کچھ لینا چاہے، اُسے پہلے ہاتھ سے کچھ نہ کچھ دینا پڑے گا۔
جو یہ نہیں جانتا سمجھئے کہ اس کی روشنی بصیرت گم ہوگئی
چنانچہ اسی وجہ سے نرم چیز، سخت چیز پر غالب آجاتی ہے اور کمزوری
طاقت پر غلبہ پاتی ہے۔
اسی وجہ سے مچھلیوں کو وہیں رہنے دیجئے جہاں وہ ہیں اور ملک کے
اسلحہ کو وہاں رکھئے جہاں کسی کی نظر اُس پر نہ پڑے!"

کمزوری کی بے پناہ قوت، صلح جوئی کی فتح یابی اور خاکساری کے فوائد پر کسی اور فلسفی نے اتنی مؤثر تعلیم نہیں دی۔ ان باتوں میں لاؤ تزے حرفِ آخر ہے — اور وہ بار بار پانی کی مثال دیتا ہے۔ وہ اپنی تعلیمات میں جگہ جگہ پانی کے استعارے سے اپنی بات ثابت کرتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ پانی اس کائنات میں کمزور کی طاقتوری کا بہترین مظہر ہے۔ وہ کہتا ہے کہ پانی کا ایک ایک قطرہ بڑی نرمی، بڑی آہستگی سے ٹپکتا رہتا ہے اور چٹان جیسی سخت چیز میں سوراخ کر دیتا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ پانی میں وہ دانائی ہے جو تاؤ کی دانش سے بھرپور ہے کیونکہ پانی ہمیشہ نشیب اور نیچی سطح تلاش کرتا ہے۔ لاؤ ترے کا قول ہے:۔

"بڑے بڑے دریاؤں اور اتھاہ سمندروں نے سیکڑوں چھوٹے چھوٹے ندی نالوں پر یہ سرداری یہ بادشاہت کیسے حاصل کی؟
اس کی وجہ صرف یہ ہے کہ بڑے بڑے دریاؤں اور اتھاہ سمندروں نے چھوٹے ندی نالوں کی نسبت زیادہ نشیبی، زیادہ نیچی جگہ ڈھونڈی۔
اور یہی اُن کی سرداری کا راز ہے۔"

وجہ سے ان پر آج تک کوئی مصیبت نہیں آئی۔

آپ نے دیکھا ہوگا کہ سیدھے اور تناور درخت دوسروں سے پہلے کاٹے جاتے ہیں۔ میٹھے پانی کے کنوؤں میں سے پانی پہلے ختم ہوتا ہے ـــ مگر آپ ہیں کہ احمقوں کو حیرت کے مارے بھونچکا کرنے کے لئے اپنی علمیت کا مظاہرہ کرتے پھرتے ہیں۔ آپ ہیں کہ اوروں کی ذلّت کے مقابلے میں اپنی تہذیب اور اپنی رفعت میں مصروف ہیں اور آپ بزعم خود زندگی کی راہوں پر اس طرح روشنی پھیلاتے جا رہے ہیں گویا سورج اور چاند دونوں آپ کی بغل میں ہیں ـــ اسی لئے دنیا جہان کی مصیبتیں اور زحمتیں آپ کو درپیش رہتی ہیں، آپ اُن سے پیچھا نہیں چھڑا سکتے . . . ."

ساری بات سن کر کنفیوشس نے کہا "واقعی میاں تم ٹھیک کہتے ہو ـــ اور کنفیوشس نے فوراً اپنے دوستوں کو خدا حافظ کہا، اپنے شاگردوں کو چھٹی دیدی اور جنگلوں میں چلا گیا۔ اِن بیابانوں میں وہ جانوروں کی کھالوں سے اپنا تن بدن ڈھانپتا اور پھل پھول کھا کر گزر اوقات کرتا۔ پرندے اور دوسرے جنگلی جانور اُس کے آس پاس سے گزرتے اور اسے بالکل کچھ نہ کہتے۔ اس سے کوئی تعرّض نہ کرتے!"

گویا یہ ثابت ہوا کہ تاؤ قانونِ فطرت یا ازلی سچائی کی رُو سے نادانی میں بڑی دانائی مضمر ہے۔ کم رفتاری، بانکپن کا نام ہے۔ حماقت میں بڑی دوررسی پنہاں ہے اور خاکساری میں بڑا فائدہ ہے۔

لاؤتزے نے یہ بھی کہا ہے کہ "نادان اور ناتواں لوگوں پر خدا کی رحمت ہے کیونکہ وہ دنیا میں سب سے مسرور لوگ ہیں" ـــ لاؤتزے کی تعلیمات کا اثر

ازالۂ حیثیتِ عُرفی کوئی چیز نہیں۔ چوانگ زے لکھتا ہے:-

"ایک دفعہ کنفیوشس نے سات دن کا روزہ رکھا کیونکہ وہ ایک کش مکش میں گرفتار تھا۔

اس پر وزیر جین اس کی عیادت کے لئے گیا اور بولا" حضرت آپ تو بالکل موت کے منہ میں تھے،

کنفیوشس نے کہا" ہاں ایسی ہی بات ہے۔"

وزیر نے پوچھا۔ کیا آپ موت سے خائف ہیں ؟

کنفیوشس نے جواب دیا،" ہاں میاں، موت سے میں خائف ہوں؛

وزیر نے کہا: تو سنئے، میں آپ کو وہ طریقہ سمجھاتا ہوں کہ آپ کبھی نہیں مرسکتے۔ بات یہ ہے کہ مشرقی سمندروں کی طرف ایک خاص قسم کا پرندہ ملتا ہے۔ یہ پرندہ بڑا سیدھا، بڑا بھولا بھالا اور سادہ ہوتا ہے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اس پرندے میں ذہانت نام کو نہیں۔ تیزی اور چالاکی سرے سے نہیں۔ ان پرندوں کا غول ہمیشہ ایک وقت میں اڑتا ہے اور ایک وقت میں کسی جگہ بسیرا کرتا ہے۔ اُڑتے وقت غول میں سے کوئی دوسرے سے آگے نہیں بڑھتا۔ پرواز سے واپسی پر کوئی پرندہ دوسرے سے پیچھے نہیں رہتا۔ کھاتے وقت کوئی پرندہ اپنے ساتھیوں سے پہلے کھانا شروع نہیں کرتا۔ بلکہ اچھا یہی سمجھتا ہے کہ دوسرے ساتھیوں کے چھوڑے ہوئے دانے کھائے۔ اس لئے یہ پرندے آپس میں بڑے امن و آشتی سے رہتے ہیں۔ اور باہر کی دنیا انہیں کوئی نقصان نہیں پہنچا سکی۔ یہی

اور جن لوگوں کی ہم قابلیت کی وجہ سے عزت کرتے ہیں۔ انہیں ہم دل سے پسند نہیں کرتے۔ گویا ہم آپ، سبھی لوگ، احمق نوکروں کو ہی پسند کر سکتے ہیں کیونکہ ایسے نوکروں پر ہمیں اعتماد ہوتا ہے۔ اور ان کے سامنے ہمیں اپنی برتری جتانے کے لیے قسم قسم کے حیلوں سے کام نہیں لینا پڑتا۔ اسی وجہ سے اکثر دانا مرد رفیقِ زندگی کے طور پر زیادہ بانکی، نکھی عورت کو منتخب نہیں کریں گے۔ اسی طرح عقلمند عورتیں بہت زیادہ چالاک مردوں سے شادی کرنا ہرگز پسند نہیں کرتیں۔

چین کی تاریخ میں چند مشہور احمق گزرے ہیں۔ ان کی نادانی حقیقی تھی یا محض وہ بنتے تھے۔ یہ کون جان سکتا ہے مگر یہ سب کے سب بڑے ہر دلعزیز تھے۔ ان میں ایک سُونگ شہنشاہوں کے دور کا مشہور مصوّر می فانی ہے جسے باؤلا کہا جاتا تھا اور باؤلے کا لقب اُسے یوں ملا کہ ایک دفعہ وہ پوجا کے لباس میں ایک چٹان کے پاس پہنچا اور یہ کہہ کر اس کی پرستش شروع کر دی کہ "یہ چٹان نہیں میرا خسر ہے"۔ می فانی کو صفائی کا بھی بڑا خبط تھا اور گرد و غبار سے اُسے سخت الجھن ہوتی تھی۔ یہی حال یوآن دور کے مشہور مصوّر نی یون لین کا تھا۔ اسی طرح کا ایک دیوانہ ہان شان تھا جو پجاری اور مشہور شاعر تھا۔ اس نے کئی خانقاہوں میں باورچی کا کام کیا، دوسروں کا بچا کھچا کھا کر عمر گذاری اور خانقاہوں اور ان خانقاہوں کے باورچی خانوں کی دیواروں پر اپنے زندۂ جاوید شعر لکھتا رہا۔ ان کے علاوہ سب سے بڑا باؤلا جس نے چین کے لوگوں کو اپنا دیوانہ بنایا، وہ پجاری چی تھا۔ اس کی شخصیت کے گرد ایک لمبی چوڑی کہانی بُن دی گئی ہے۔ اس کہانی کی ساری فضا طلسمی ہے۔ پجاری چی، اس کہانی کے مطابق طلسمات اور طبی معجزوں، بدمعاشی اور شراب خوری کی رسیا دنیا میں رہتا ہے۔ اسے یہ قدرت حاصل ہے کہ ایک ہی دن میں ویسے ایسے

یہ ہے کہ ہر صدی کے چینی مفکروں نے اُسی کی تعلیمات کی روشنی میں اپنی اپنی باتیں کہی ہیں اور ان کی باتوں میں اسی کا فلسفہ جھلکتا ہے۔ نادانی اور سادگی کی تعریف میں چینی ادب کے ہر دور میں سیکڑوں تحریریں مل جاتی ہیں۔ اٹھارھویں صدی میں چنگ پنچاؤ نے یہ مشہور فقرہ کہا تھا "بیوقوف بننا مشکل ہے۔ چالاک بننا بھی مشکل ہے۔ لیکن چالاکی سے ترقی کرتے کرتے بیوقوفی تک پہنچنا کہیں زیادہ مشکل ہے۔" چونگ نسے نے کہا تھا "چالاکی تھوک دو۔" غرض ہر صاحب فکر چینی نے انسانی عقل اور عقل کی برآتی اور چالاکی کو ہمیشہ مشکوک سمجھا ہے۔ اور ہمیشہ اس شخص کو "دانائے راز" قرار دیا ہے جو یہ دعوےٰ کرتا ہو کہ میں سخت احمق ہوں!

گویا چینی ثقافت کی ایک خصوصیت یہ ہے کہ وہ ذہانت اور ذہن کی برآتی پر شک کرتی ہے اور نادانی اور کچھ نہ جاننے کے عقیدے کو ایک اعلیٰ درجہ دیتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ بھی قرار دیتی ہے کہ اصلی روپ کو بہروپ میں چھپانا، زندگی کی لڑائی میں فتح پانے کا بہترین ذریعہ ہے:

اس میں شک نہیں کہ احمق لوگ بڑے ہر دلعزیز ہوتے ہیں۔ اس کا ثبوت یہ ہے کہ مشرق و مغرب کے ہر ملک میں اُس شخص سے بڑی نفرت کی جاتی ہے جو دوسرے انسانوں کے ساتھ سخت چالاکی سے برتاؤ کرے اور اپنا کام نکالے۔ چینی ادیب، یوآن چنگ لانگ نے ایک پورا مقالہ یہ بتانے کے لئے لکھا تھا کہ اُس کے بھائیوں نے باقی لوگوں کو چھوڑ کر چار بے حد احمق اشخاص کو نوکری کے لئے منتخب کیا تھا۔ یہ احمق نوکر، حماقت اور وفاداری دونوں باتوں میں بے مثال تھے —— اس سے قطع نظر آپ خود اپنے دوستوں اور ساتھیوں کو ذہن میں لائیے۔ ہمارے پسندیدہ لوگ وہ نہیں جن کی ہم اعلیٰ قابلیت کی وجہ سے عزت کرتے ہیں۔

اور بیکاری کے فلسفے کے قائل ہوتے ہوئے بھی بے حد محنتی اور جفاکش قوم ہیں۔

لہٰذا خاطر جمع رکھئے عمل کی بے مائیگی کا یہ کلبی فلسفہ کبھی اتنا ہر دلعزیز نہیں ہو سکتا کہ ایک زمانہ اسی پر عامل ہو جائے ——— خود چین سیاسی کو دیکھ لیجئے۔ تاؤ کے قانونِ فطرت کے لئے ہر چینی کے دل میں فطری طور پر جگہ ہے۔ یہ فلسفہ چین میں ہزاروں برس سے نفوذ کر رہا ہے۔ چینی ادب و شعر کے لفظ لفظ سے اس فلسفے کی جوتیں نکلتی ہیں چینی تصویروں کے ہر رنگ سے اس کی روشنی پھوٹ رہی ہے۔ پھر بھی چین میں ایسے لوگوں کی کمی نہیں جو دولت شہرت اور حکومت کے بھوکے ہیں اور جنہیں یہ خبط بھی ہے کہ اپنے ملک کی ضرور "خدمت" کریں (یعنی دوسروں کی زندگی اور معاملوں میں ضرور دخل انداز ہوں!) ——— اگر یہ رنگا رنگی اور تضاد نہ ہوتا تو انسانی زندگی چل نہ سکتی ——— اس سے یہ نتیجہ نکلا کہ چینی لوگ، کلبی فلسفے کے اس وقت قائل ہوتے ہیں اور شاعری بھی اُسی وقت کرتے ہیں، جب انہیں ناکامی کا منہ دیکھنا پڑے۔ تاؤ کے قانونِ فطرت نے اُن پر صرف یہ اثر کیا ہے کہ زندگی کی رفتار چین میں دھیمی سی ہے، اعصاب کا تناؤ کم ہے۔ اور جب چینی لوگوں کو آسمانی مصیبتوں اور انسانی بدانتظامی سے واسطہ پڑتا ہے تو قانونِ فطرت، عمل اور ردِ عمل کے اٹل قانون پر ان کا اعتماد پختہ تر ہو جاتا ہے کیونکہ اس کے مطابق آخر انصاف کا بول بالا ہو کر رہتا ہے ———

یہ خیال پچھلی فصل میں بیان کیا جا چکا ہے چین میں اس کے عین اُلٹ، ایک اور مکتبِ فکر بھی ملتا ہے جو خوش باشی اور آزادہ روی کے اس فلسفے کا جواب ہے۔ پہلی قسم کا فلسفہ، فطری انسان کو مثالی بنا کر پیش کرتا ہے۔ دوسرے خیال کے مطابق مجلسی انسان مثالی قرار دیا گیا ہے۔ گویا پہلا فلسفہ اگر تاؤ (قانونِ فطرت صراطِ مستقیم

شہروں میں آموجود ہوتا ہے جن میں سیکڑوں میل کا فاصلہ ہو ـــــ اس کی یاد میں ایک مندر بھی بنایا گیا ہے۔ یہ مندر ہانگ چاؤ کی مغربی جھیل کے پاس، ہوپاؤ سکے شہر میں اب تک موجود ہے۔

چین میں سولھویں اور سترھویں صدی میں یہ دستور تھا کہ اس زمانے کے اعلیٰ ترین دماغ کے مالک، اپنی سادگی اور اپنے برتاؤ سے لوگوں پر یہ ظاہر کیا کرتے تھے گویا ان کا دماغ ٹھیک نہیں ـــــ اور عقل، دانش اور جذبات کا وہ اعلےٰ معیار انہیں چھو بھی نہیں گیا جس کے وہ اصل میں مالک تھے :

## ۴۔ سی سی کی تعلیم ـــــ توازن اور اعتدال

میں جانتا ہوں کہ جو فلسفہ، خوش باشی اور غیر ذمہ دار زندگی کی تعلیم دیتا ہے اس کی وجہ سے ہمیں مصروفیت کی زندگی اور زندگی کی زیادہ ذمہ داریاں سنبھالنے سے نفور رہو گا۔ اور اس فلسفے کی بدولت ہم میں عمل کی خواہش کم ہو جائے گی ـــــ مگر میں یہ بھی جانتا ہوں کہ آج کی بے حد مصروف دنیا کو اس فلسفے کی ضرورت ہے کہ آخر کام کر کے آپ کیا لیں گے؟ عمل کے فلسفے نے آج کی مصروف دنیا کو زیادہ نقصان پہنچایا ہے کیونکہ اس کی بدولت انسان ہزارہا قسم کے بیکار اور لایعنی کاموں میں مصروف رہتا ہے۔ لہٰذا عمل کی بے مایگی کے فلسفے نے دنیا کو اتنا نقصان نہیں پہنچایا جتنا عمل کی اہمیت اور حد سے بڑھی ہوئی اہمیت نے ہمارے لئے مصیبتیں پیدا کی ہیں ـــــ عمل کی بے مایگی کا فلسفہ اس لئے بھی نقصان دہ نہیں کہ انسان میں عمل کی جسمانی تحریکیں موجود ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ چینی آزادہ روی

کے لیے لوٹ آتا ہے۔ جو سب کچھ کھاتا پیتا ہے۔ عورتوں کی محفل سے بھی لطف اٹھاتا ہے مگر اس کی روح ملوث نہیں ہونے پاتی۔

گویا مندرجہ بالا دو فلسفوں کو آپس میں ملا دینے کی کافی گنجائش ہے۔ یہ دونوں فلسفے، تاؤ ازم اور کنفیوشس کا فلسفہ انتہا کے دو متقابل نقطوں دو متضاد راہوں کو ظاہر کرتے ہیں۔ ظاہر ہے کہ ان دونوں کے درمیان اعتدال اور توازن کے کئی راستے موجود ہیں، بیچ کی کئی راہیں کھلی ہیں۔

خشک مزاجی بھی حد کے اندر ہی اچھی لگتی ہے۔ اسباب عیش سے سراسر نفرت بھی نہیں ہونی چاہیئے۔ اسی طرح اگر آپ نوع انسان کی نیکی کے منکر ہیں تو آپ کو حد کے اندر ہی رہنا چاہیئے کیونکہ زندگی کا اعلیٰ اصول یہی ہے کہ انسان معقولیت کی حد میں زندگی بسر کرے کنفیوشس کے پوتے سی سی نے اسی بات کو اپنی کتاب "اعتدال کے سنہری راستے" میں پیش کیا ہے۔ انسانی زندگی کے کسی ایک قدیم یا جدید فلسفے نے اتنی بڑی حقیقت کو پیش نہیں کیا کہ اچھی زندگی، دو انتہاؤں کے درمیانی راستے پر چلنے کا نام ہے۔ یہی وہ عقیدہ ہے جسے توازن (نصف در نصف کا کانٹا) کہا گیا ہے۔ گویا معقولیت کی مدد سے ہمیں عمل اور بے عملی کے درمیان مکمل توازن کا مقام اپنانا ہوگا۔ اس لحاظ سے مثالی آدمی وہ ہے جو نیم شہرت اور نیم گمنامی میں زندگی گذارے جو نیم کاہلی سے رہتا ہو اور نیم مصروفیت سے کاہل رہ کر وقت گزارے۔ جو اتنا غریب بھی نہ ہو کہ گھر کا کرایہ تک ادا نہ کر سکے، اتنا امیر بھی نہ ہو کہ اُسے ہاتھ پاؤں ہلانے اور جد و جہد کرنے کی ضرورت نہ پڑے۔ یا یہ خواہش اُس کے دل میں پیدا ہی نہ ہو کہ کاش میرے پاس اور روپیہ ہوتا تاکہ میں اپنے دوستوں کی مدد کے لئے صرف کر سکتا۔ اگر وہ گانے کا شوقین ہو تو صرف ایسا گا

ازلی سچائی) کا پرچار کرتا ہے، تو دوسرا فلسفہ کنفیوشس سے تعلق رکھتا ہے۔ اگر تاؤ کے فلسفے اور کنفیوشس کے فلسفے کو محض زندگی کے بارے میں منفی اور مثبت نقطۂ نظر سمجھا جائے تو ان کا تعلق صرف چین سے نہیں، ساری انسانیت سے ہے۔ ہر انسان، اسی مثبت اور منفی فلسفوں کا میل ہوتا ہے۔ مگر جو شخص تاؤ کے فلسفے پر پوری طرح عامل ہو اس کے لیے لازم ہے کہ دنیا کو چھوڑ کر کسی پہاڑ کی چوٹی پر غار میں بسیرا کرے اور جہاں تک ممکن ہو سکے لکڑہارے یا ماہی گیر کی سادہ زندگی کی مثال سامنے رکھے۔ وہ اپنے اردگرد نگاہ دوڑائے اور دیکھے کہ لکڑہارے اور ماہی گیر پہاڑی ڈھلانوں اور ندیوں پر کس خوشی کے ساتھ زندگی گزارتے ہیں اور پہاڑیوں کے جنگل اور پہاڑیوں کے ندی نالے ان کے وجود سے کس قدر بے نیاز رہتے ہوئے اپنے کام میں مصروف رہتے ہیں۔ تاؤ کے عامل، فلسفی اور تارک، انہی خیالات اور انہی نظاروں سے دل کا سکون، روح کی شانتی اور آنند حاصل کرتے ہیں۔

دوسرا نظریہ یہ ہے کہ جو فلسفہ ہمیں انسانی معاشرے سے دور بھاگنے کی تعلیم دے۔ وہ کیا فلسفہ ہوا؟ چنانچہ اس رہبانیت سے ایک عظیم تر فلسفہ وجود میں آیا جس کا نام فلسفۂ انسانیت ہے۔ اس کے مطابق چینی فکر کا نصب العین یہ ٹھہرتا ہے کہ انسانی معاشرت سے دور رہنے کی کوشش نہ کی جائے انسانی زندگی سے گریز کی کوشش نہ کی جائے۔ اس کے مطابق تارک گھٹیا قسم کے لوگ ہیں جو دنیا چھوڑ کر ویرانوں میں پناہ لیتے ہیں تاکہ اپنی چھوٹی موٹی روح کا جوہر قائم رکھ سکیں۔ "اصلی درویش وہ ہے جو شہر میں رہتا ہو!" کیونکہ یہی وہ شخص ہے جسے اپنے آپ پر پوری قدرت حاصل ہوتی ہے اور وہ اپنے ماحول، اپنے گردوپیش سے خائف نہیں ہوتا۔ چنانچہ سب سے بڑا درویش وہ ہے جو انسانی معاشرے میں رہنے

نرم میرا اور سبک رو بھی ہوئی جاتی ہے رفتارِ حیات! ——
عرش اور فرش کے ما بین ہی مل سکتی ہیں
وسعتیں کون و مکاں، عالمِ امکاں کی یہاں!
شہر و دیہات سے ہو قربت و دوری میں برابر جو مقام
اُس جگہ رہیئے —— وہی کھیت ہیں سب سے بہتر
ندیوں اور پہاڑوں کے جو ما بین ملیں!
نیم عالم ہو، اور نیم امیر اور تجارت بھی کرو،
کچھ امارت سے، تو کچھ عام طریقے سے بھی جینا سیکھو،
نیم سادہ بھی ہو اور نیم امیرانہ بھی، رہنے کا مکاں۔
نیم آراستہ بھی، خالی بھی۔

وہ لباس اچھے ہیں جو آدھے نئے، آدھے پُرانے ہو جائیں،
کھانا وہ اچھا ہے جو نیم رئیسانہ بھی ہو، نیم غریبانہ بھی۔
خادم اچھے ہیں وہی، جو نہ ہوں چالاک تو احمق بھی نہ ہوں،
بیوی اچھی ہے وہی، جو نہ ہو طرار، تو سادہ بھی نہ ہو

میں بھی ہوں دل میں جو کچھ بُدھ کے تو کچھ تاؤ کے انداز لئے
نصف میرا ہے، سپردِ خالق
نصف باقی ہے، مرے بچّوں کی میراث —— یہی سوچتا ہوں
اپنے بچّوں کے لئے، کیا کروں اور کیا نہ کروں؛

سکتا ہو کہ اُس کے دوست اُس کا گانا سُن کر خوش ہو جائیں اور وہ خود بھی اپنا جی بہلا سکے۔ اگر اُسے عمدہ چیزیں جمع کرنے کا شوق ہو۔ تو صرف اتنی چیزیں جمع کرے جتنی دیوان خانے کی انگیٹھی پر آسکیں۔ اگر وہ پڑھتا ہو تو اتنا کہ کام چل سکے، وہ دنیا بہت زیادہ کام کی باتیں سیکھے مگر کسی کام یا علم یا فن کا ماہر نہ بن جائے۔ اگر لکھتا ہو تو ایسا کہ آدھی چیزیں چھپتی ہوں اور باقی کی آدھی واپس کر دی جاتی ہوں ——

میں سمجھتا ہوں کہ چینی قوم نے عام زندگی کا یہ معقول ترین نصب العین مقرر کیا ہے۔ اس نصب العین کو چینی شاعر لی می آن نے اپنے گیت "نصف اور نصف کا توازن" میں خوب ظاہر کیا ہے:۔

عمر آدھی سے زیادہ گزری!
"نصف" کا لفظ بھی کیا چیز ہے،
معنی کے طلسمات نہاں ہیں اس میں!
"نصف" کا لفظ ہے اک دعوتِ پنہاں گویا
"نصف" کا لفظ اشارہ ہے کہ جو دیکھا نہیں ہے، دیکھو
"نصف" کا لفظ یہ کہتا ہے کہ جو چکھا نہیں ہے چکھو،
"نصف" کا لفظ بھی کیا چیز ہے!
معنی کے طلسمات نہاں ہیں اس میں!

زیست کا آدھا سفر طے کر کے،
زیست کے سب سے حسیں دَور کا آغاز ہُوا کرتا ہے،

سے بھرپور زندگی، درمیانے درجے کے ایک آدمی کی ہوگی۔ ایک ایسے شخص کی زندگی جس نے معاشی اعتبار سے کچھ فارغ البالی حاصل کرلی ہو جس نے عام انسانوں کے لیئے بھی تھوڑا سا کام، تھوڑی سی خدمت کی ہو۔ جو اپنے ہم جنسوں میں تھوڑا سا ممتاز ہو مگر زیادہ ممتاز نہ ہو۔ اس نیم شہرت، نیم گمنامی، ہلکی سی فارغ البالی اور تھوڑی سی عسرت میں ہی زندگی، دکھوں سے کافی حد تک آزاد رہتی ہے مگر ان کے چنگل سے بالکل آزاد بھی نہیں ہوتی ——— یہی ماحول ہے جس میں انسان کی روح کو بالیدگی ملتی ہے اور انسان، اپنی زندگی کو کامیاب بناتا ہے۔ زندگی ہر حال میں بسر کرنی لازم ہے۔ اور اگر اچھی زندگی بسر کرنی ہے تو ہمیں فلسفے کو آسمانی بلندیوں سے کھینچ کر زمین پر لانا ہوگا اور اس کا طریقہ یہی ہے جو اوپر عرض ہوا ہے۔

## ۵۔ زندگی کا شیدائی ——— یو آن منگ

پچھلی فصل میں آپ پڑھ چکے ہیں کہ زندگی کے بارے میں مثبت اور منفی نظریوں کو بڑی آسانی سے آمیز کیا جا سکتا ہے اور ان کے ملانے ہی سے توازن کا فلسفہ پیدا ہوتا ہے۔ یہی وہ فلسفہ ہے جو عمل اور بے عملی کے درمیان اعتدال کا راستہ سمجھاتا ہے۔ اسی کے مطابق ہم نہ تو بالکل مجبور ہو کر اور اپنی مجبوری کی بنا پر دنیا سے فرار اختیار کر سکتے ہیں، نہ دن رات سخت تندہی اور محنت کے غلام ہو سکتے ہیں۔ گویا یہ فلسفہ ہمیں سخت محنت اور دنیا کو تج دینے کے درمیان کا راستہ بتاتا ہے۔ اگر دنیا بھر کے فلسفوں کی چھان پھٹک کی جائے تو ہمیں توازن یا اعتدال اسی فلسفے میں نظر آئے گا۔ اور یہی توازن اس دنیا میں انسان کی زندگی کو معقول زندگی اور

یہ بھی ہے فکر ـــــ کہ خالق کو بھی دینا ہے جواب!
نیم مستی ہے سہانی مستی،
ادھ کھلے پھولوں کا جوبن نہیں دیکھا جاتا،
جس کے پاس آدھے سے تھوڑا سا زیادہ ہو ـــــ وہ اندیشہ ہے
جس کے پاس آدھے سے تھوڑا سا بھی کم ہو ـــــ ہے وہی گرم عمل
زندگی، تلخی و شیرینی کا آمیزہ ہے،
جو اسے نصف ہی چکھ کر چھوڑے
اُسے دانا کہئے!!

---

اس گیت میں تاؤ کے فلسفے کا لاابالی پن، بے نیازی، اور مزاج کا استغنا بھی ہے۔ اور کنفیوشس کی تعلیمات کا عملی پہلو بھی سمویا گیا ہے۔ گویا ان دو متضاد نظریوں کو آپس میں ملا کر ایک نیا فلسفۂ زندگی کے بارے میں ایک نیا نقطۂ نظر پیش کیا گیا ہے جو "نصف و نصف" کا فلسفہ ہے۔ میں جانتا ہوں یہ نظریہ مغربی ذہنوں کو پسند نہیں آئے گا۔ کیونکہ مغرب کے لوگ عمل اور جد و جہد کے ضرورت سے زیادہ ہی قائل ہیں۔ لیکن میرے خیال میں یہ زندگی کا بہترین فلسفہ ہے کیونکہ اس میں انسانی پہلو بہت زیادہ ہے۔ یہ مانا کہ قوموں کو غیر معمولی افراد کی بھی ضرورت ہوتی ہے قومیں چاہتی ہیں کہ اُن میں بڑے بڑے سیاح، بڑے بڑے فاتح پیدا ہوں قومیں چاہتی ہیں کہ اس کے افراد بڑے بڑے سائنس دان اور موجد ہوں۔ قومیں عظیم قسم کے لیڈر پیدا کرنے کی خواہش کرتی ہیں۔ ایسے جلیل اور عظیم فرزند چاہتی ہیں جو تاریخ کے دھارے کا رُخ بدل کر رکھ دیں ـــــ مگر یہ ظاہر ہے کہ مسرت

سادگی کا اعجاز ہے جو اس کے ادبی اسلوب میں ہے۔ اور یہ سادگی اتنی پُرعظمت، اتنی بلند ہے کہ تکلف اور تصنّع کا اوجِ کمال اس کے سامنے بالکل ہیچ اور بے مایہ نظر آتا ہے ـــــ اتنی صدیاں گزر جانے کے بعد آج بھی وہ ہمیں زندگی کے ایک سچے شیدائی کی حیثیت سے مثالی شخص نظر آتا ہے۔ کیونکہ دنیوی خواہشات کے خلاف اس کے دل میں جو نفرت کا جذبہ تھا اُس کی بدولت اُس نے دنیا سے مکمل فرار اختیار نہیں کیا تھا۔ اس کے برعکس اُس نے حواس اور شعور کی زندگی کے ساتھ مکمل طور پر ہم آہنگی پیدا کی تھی ـــــ اس کی پیدائش سے پہلے چین کے ادب پر دو سو سال تک رومانی تحریک چھائی رہی۔ چین کی عام زندگی پر ان دو سو برسوں میں تاؤ فلسفہ کی بے عملی اور تساہل کی تعلیم کا غلبہ رہا۔ اس تعلیم نے جب کنفیوشس کے فلسفے کے ساتھ ناتا جوڑا تو یو آن مِنگ ایسی متوازن اور مکمل طور پر ہم آہنگ شخصیت وجود میں آسکی۔ گویا اس کی شخصیت زندگی کے نہایت عملی فلسفے اور زندگی کو ہیچ، کارِ دنیا کو فضول سمجھنے کے فلسفے کا سنگم ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ عملی فلسفے کی خود پسندی اُسے چھو بھی نہیں گئی اور کارِ دنیا کو ہیچ سمجھنے کی تلخی اس کے پاس تک نہیں پھٹکی۔ ہم دیکھتے ہیں کہ اس کی شخصیت میں انسانی دانائی اپنے عروج پر نظر آتی ہے اور رواداری اور ظرافت کا بڑا نادر امتزاج ملتا ہے۔

یو آن مِنگ کی ہستی میں چینی کلچر کی ایک عجیب خصوصیت نظر آتی ہے۔ یعنی وہ بیک وقت جسم اور جسمانی خواہشات کا بندہ بھی ہے اور روحانیت کی عظمت کا قائل بھی ہے۔ یہ روحانیت ایسی ہے جس میں ترکِ دنیا اور سخت ریاضت کا کوئی دخل نہیں۔ ادھر جسمانی خواہشات کی قبولیت میں شہوانیت کا شائبہ نہیں ـــــ گویا، حواس اور روح دونوں، پوری ہم آہنگی، پورے اعتدال، پورے توازن کے

مسرت بھری زندگی بنا سکتا ہے۔ ایک اور بات بھی اہم ہے۔ توازن اور اعتدال کے اسی فلسفے کے مطابق انسانی شخصیت کے متضاد عناصر ہم آہنگی اور باہم ربط پاتے ہیں۔ اور ہم آہنگ اور متوازن شخصیت پیدا کرنا ہی دنیا جہان کے کلچر اور تعلیم کا سب سے بڑا مقصد ہے۔ زندگی کا لطف اٹھانا اور زندگی کو ایک نعمت سمجھنا ایک ہم آہنگ شخصیت، ایک متوازن شخص کے لیے ہی ممکن ہے کیونکہ جس شخص کی زندگی میں توازن اور ہم آہنگی نہ ہوگی وہ زندگی سے نہ لطف اٹھائے گا، نہ اُسے اچھا سمجھ سکے گا۔

زندگی سے محبت رکھنے اور زندگی کو نعمت سمجھنے کا مفہوم کیا ہے ؟ اس کی خصوصیات کیا ہیں ؟ — میں سمجھتا ہوں زندگی کے ایک سچے شیدائی کی کہانی آپ کو سنانے سے یہ مفہوم واضح ہوسکتا ہے۔ اس سے آپ کو پتا چل جائے گا کہ زندگی کے اِس شیدائی نے اپنی زندگی کس طرح گزاری ! — یہ کہانی چین کے سب سے بڑے شاعر یوآن مِنگ کی کہانی ہے۔ اس کی شخصیت چینی کلچر کی سب سے متوازن شخصیت ہے۔ میرے اس انتخاب پر چین میں کسی کو اعتراض نہیں ہوگا۔ کیونکہ یوآن منگ چین کی ادبی تاریخ میں سب سے زیادہ ہم آہنگ شخصیت' سب سے بھرپور کردار مانا جاتا ہے۔ اُس نے کوئی بڑا سرکاری رتبہ حاصل نہیں کیا، اُس نے زندگی میں کوئی نمایاں کارنامے سرانجام نہیں دیئے، کوئی بڑی ادبی یادگار نہیں چھوڑی — اس کی زندگی کا سرمایہ نظموں کی ایک چھوٹی سی کتاب ہے اور تین چار مضامین ہیں — اس کے باوجود صدیوں سے اس کی شخصیت مشعلِ راہ کی حیثیت رکھتی ہے اور ہر صدی کے چھوٹے بڑے شاعر اور ادیب اس کی ہستی کو انسانی کردار کی عظمت کی زندہ و پائندہ مثال سمجھتے رہے ہیں۔ اسکی زندگی اسی

تھا۔ چنانچہ اُس نے اپنے علاقے میں پہنچ کر یہ حکم دیدیا کہ ساری زمینوں میں صرف ایسے چاول بوئے جائیں جن سے شراب تیار کی جا سکے۔ مگر اس کی بیوی نے بڑا سخت احتجاج کیا، اور اُس نے اپنے حکم میں یہ ترمیم کی کہ کل رقبے کے چھٹے حصے میں عام قسم کے دھان کی کاشت بھی کر لی جائے تو مضایقہ نہیں ——

ایک دفعہ کوئی بہت بڑا سرکاری افسر دورے ..... پر اس علاقے میں آیا۔ یو آن منگ کے سکرٹری نے اسے بتایا کہ آپ کو اپنے منصب کا پورا لباس پہن کر اور ریشمی فیتے سے آراستہ ہوکر اس افسر کا استقبال کرنا چاہیئے —— یو آن منگ نے ٹھنڈی سانس لے کر کہا "یہ مشکل ہے —— میں آٹھ دس من چاولوں کی خاطر اس طرح جھکنے اور کورنش بجا لانے سے رہا!" چنانچہ اس نے پھر استعفا دیدیا اور اپنی مشہور نظم "سوئے وطن جاتا ہوں میں" لکھی۔ اس کے بعد اُس نے تمام عمر کھیتی باڑی میں گزاری۔ اور جب بھی اسے کوئی سرکاری عہدہ پیش کیا گیا اُس نے ہمیشہ اُسے قبول کرنے سے انکار کر دیا۔ اس کی زندگی غربت میں بسر ہوئی۔ اس کے ساتھی بھی غریب لوگ تھے۔ اپنے بیٹوں کے نام ایک خط میں اُس نے افسوس ظاہر کیا کہ میرے بچوں کو ایسے بُرے کپڑے پہننے پڑتے ہیں اور عام مزدوروں والا کام کرنا پڑتا ہے۔ مگر ایک دفعہ جب اُس نے ایک کسان لڑکے کو اپنے لڑکوں کے پاس بھیجا کہ کنوئیں سے پانی نکالنے اور ایندھن جمع کرنے میں ان کا ہاتھ بٹائے تو اپنے لڑکوں کو خاص طور پر یہ ہدایت کی "اس بچے کے ساتھ اچھا سلوک کرنا کیونکہ یہ بھی کسی کا بیٹا ہے!"

(یہ وہ قول ہے جسے چینی، سب سے عظیم ضرب المثل سمجھتے ہیں)

یو آن منگ کی واحد کمزوری یہ تھی کہ اُسے شراب سے بڑی محبت تھی۔ اگرچہ اس کی زندگی گوشہ نشینی میں گزری اور محلبسوں کے ہنگاموں سے اُسے کوئی واسطہ نہیں تھا۔ پھر بھی جب شراب کا دور ہو تو وہ محفل میں بھی نظر آ سکتا تھا۔ چاہیے

ساتھ اس کی شخصیت میں سمائے تھے — یعنی اصل فلسفی اور صاحب نظر وہ ہے جو عورتوں کے حُسن اور اُن کی دل کشی اور دلبری کا قائل ہو، مگر عامیانہ اور گھٹیا نہ ہو جائے۔ جو زندگی سے محبت رکھتا ہو مگر اس لگاؤ میں ضبط سے کام لے۔ جو عمل کی متوالی دنیا کی کامیابیوں اور ناکامیوں سے واقف ہو اور جانتا ہو کہ یہ سب کچھ بے حقیقت ہے، یہ سب مایا کا کھیل ہے، اس لئے وہ اس سے کنارہ کشی اختیار کرے، مگر اس کا مخالف اور دشمن نہ ہو جائے۔ یوآن مِنگ نے روحانی ارتقا کی یہ اعلیٰ منزل حاصل کر لی تھی۔ اس لئے اس کی زندگی، روح اور نفس کی کش مکش سے بالکل منزّہ تھی۔ اس کی زندگی بڑی فطری اور بڑی سادہ، بے حد برجستہ تھی۔ اسی طرح فطری اور برجستہ تھی جس طرح اس کی شاعری تھی۔

یوآن مِنگ کی زندگی کا خاکہ یہ ہے کہ وہ چوتھی صدی عیسوی کے آخر میں پیدا ہوا۔ اس کا دادا بہت بڑا عالم اور بڑا صاحبِ رتبہ شخص تھا (کچھ کرتے رہنے کی دُھن میں، یہ حضرت، صبح کو اینٹوں کا ایک ڈھیر ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل کرتے تھے، اور شام کو پھر اسی جگہ ساری اینٹیں پہنچا دیتے تھے —— !)

یوآن مِنگ نے اپنی نوجوانی میں معمولی سی سرکاری ملازمت کر لی تھی تاکہ بوڑھے ماں باپ کے لئے روزی کمائی جا سکے، مگر بہت جلد اُس نے اس نوکری سے استعفا دیدیا اور گاؤں چلا گیا۔ جہاں اُس نے کسانوں کی طرح خود کھیتی باڑی شروع کر دی۔ اس کی وجہ سے اُسے ایک مرض بھی لاحق ہو گیا۔ ایک روز اُس نے اپنے عزیزوں سے کہا، "کیا خیال ہے، میں اپنے باغ کا خرچہ پورا کرنے کے لئے بھاٹ کے طور پر گاؤں گاؤں نہ پھر لیا کروں؟" —— اس پر اس کے چند دوستوں نے اُسے ایک علاقے کے مجسٹریٹ کا عہدہ دلوا دیا۔ یوآن مِنگ شراب کا بڑا شائق

ہو جائے۔ سادگی کا یہ حال تھا کہ ایک دفعہ دوستوں کی محفل میں شراب چھاننے کے لئے کپڑا نہیں ملتا تھا۔ انہوں نے یوآن منگ کی نہایت عمدہ پگڑی سے شراب چھاننا شروع کر دی۔ جب کام ختم ہو گیا تو اُس نے بڑے آرام سے پھر وہی پگڑی سر پر باندھ لی۔

لوشان کے پہاڑوں کے دامن میں شاعر یوآن منگ کا گھر تھا۔ ان پہاڑوں میں ایک خانقاہ تھی جس میں بدھ مت کی مشہور مجلس قائم تھی۔ اس کے صدر نے ہزار کوشش کی کہ کسی طرح شاعر یوآن منگ اس کنول سبھا کا رکن بن جائے۔ چنانچہ جب اُسے ایک جلسے میں بلایا گیا تو اُس نے شرط پیش کی کہ میں اگر وہاں آکر شراب پی سکوں، تو آؤں گا۔ بڑی مشکل سے بدھ پروہتوں نے اپنا مذہبی اصول توڑ کر اُسے اپنے سامنے شراب نوشی کی بھی اجازت دی۔ مگر جب مجلس کی رکنیت کا سوال آیا تو وہ فوراً دامن جھاڑ کر اُٹھ کھڑا ہوا اور منہ لٹکائے چپ چاپ گھر چلا آیا۔ خیال رہے کہ یہ مجلس کوئی معمولی مجلس نہ تھی۔ "سائی لنگ یون" جیسے عظیم شاعر کو زندگی بھر یہ خواہش رہی کہ کنول سبھا کی رکنیت کا اعزاز مل جائے مگر یہ اعزاز اُسے حاصل نہ ہو سکا۔ یوآن منگ کے انکار کے باوجود، صدر پروہت اُس کی دوستی پر فخر کرتا رہا اور اُسے اپنے ہاں بلاتا رہا اور خود شراب پلاتا رہا۔

گویا یوآن منگ نے ایک خوش باش، آزاد منش، صاف دل انسان کی زندگی بسر کی۔ اُس نے عسرت اور تنگ دستی میں دن گذارے۔ کسان رہ کر شاعری کی۔ نہایت معمولی مگر دانشمندی سے لبریز اور مسرت سے بھرپور زندگی گزاری۔ اپنی یادگار نظموں کی ایک نہایت مختصر کتاب چھوڑی جس میں زیادہ نظمیں شراب پینے اور دیہاتی زندگی پر ہیں۔ تین چار مختصر سے، ادھورے سے مقالے ہیں۔ اپنے بیٹوں کے

صاحبِ خانہ سے اس کی ملاقات ہو یا نہ ہو۔ اگر وہ خود صاحبِ خانہ ہوا اور سب سے پہلے نشے اور سرور کی کیفیت اُس پر چھا جائے تو وہ شرکائے محفل سے صاف صاف کہہ دیتا تھا: "بھائیو! میں نشّے میں ہوں اور چاہتا ہوں کہ سو جاؤں ـــ آپ حضرات تشریف لے جائیں!"

وہ بڑا منکسر اور سادہ مزاج آدمی تھا۔ اس کا بڑا جوہر اس کی خود مختاری تھی۔ شناسائی کرنے اور مجلسی زندگی کے بارے میں وہ سخت محتاط تھا ـــ ایک مجسٹریٹ جس کا نام وانگ تھا۔ ایک بار اس سے ملنا چاہتا تھا۔ وہ اس کا بڑا مداح بھی تھا۔ مگر کسی عنوان ملاقات نہیں ہوتی تھی کیونکہ یو آن منگ کا جواب یہ ہوتا تھا: "میں مجلسی آدمی نہیں، اسی لئے میں تنہائی پسند ہوں۔ گھر میں بند رہتا ہوں کہ بیمار ہوں۔ اس لئے ملاقات مشکل ہے۔ مگر ماشاء اللہ یہ نہ سمجھیں کہ میں اپنے آپ کو کوئی بڑا آدمی سمجھتا ہوں ـــ" مگر مجسٹریٹ وانگ کو تو اپنے محبوب شاعر سے ملاقات کی دُھن تھی۔ اُس نے ایک چال چلی۔ اُس نے اس کے ایک دوست سے کہا کہ یو آن منگ کو ایک دعوت میں بلائے، وہاں اتفاقی طور پر ملاقات کا بندوبست ہو جائے گا۔ یو آن منگ بصد مشکل اپنے دوست کی دعوت میں شرکت کے لئے گھر سے نکلا۔ راستے میں ایک جگہ دم لینے کے لئے رُکا تو کسی نے شراب کا ایک جام پیش کیا۔ اس کی آنکھیں چمک اُٹھیں اور وہ وہیں شراب پینے بیٹھ گیا۔ مجسٹریٹ وانگ پاس ہی چھپا تھا وہ فوراً نکل آیا اور دونوں کی ملاقات ہوئی۔ باتیں شروع ہوئیں تو سارا دن وہیں گزر گیا اور اس دوست کی دعوت رکھی رہ گئی ـــ ملاقات کی یہ صورت بعد میں بھی قائم رہی۔ جب کبھی وانگ، یو آن منگ سے ملنا چاہتا تو جنگل یا جھیل کے کنارے انتظار کرتا رہتا۔ کہ شاید وہ گھومنے نکلے تو ملاقات

اور پریشان بھی ہوں کہ صبح اتنی دھندلی کیوں ہے؟ اور پھر مجھے اپنے گھر کی جانی پہچانی چھت دور سے نظر آئے گی۔ میرے قدم خوشی سے اور بھی تیز ہو جائیں گے۔ گھر کے دروازے میرے ملازمین اور میرے بچے میرے انتظار میں چشم براہ ہوں گے۔

شاید اب تک میرے باغوں میں گھاس پھوس اُگ آئی ہو گی۔ راستے کائی میں چھپ گئے ہوں گے۔ اور کچھ ہو نہ ہو گل داؤدی تو ضرور کھلے ہوں گے۔ اور میں اپنے سب سے چھوٹے بچے کا ہاتھ پکڑ کر گھر میں داخل ہوں گا۔ جہاں سامنے میز پر شراب کا لبریز جام رکھا ہو گا!

جام ہاتھ میں لے کر میں دو گھونٹ پیتا ہوں اور دیکھتا ہوں کہ سامنے باغ میں پیڑوں کی ٹہنیاں اسی حسن و خوبی سے جھکی ہوئی ہیں جس طرح کبھی ہوا کرتی تھیں اور میں جنوبی دریچے میں جا کھڑا ہوتا ہوں۔ دل میں اطمینان موجیں مار رہا ہے۔ میں دیکھتا ہوں کہ میرا چھوٹا سا گھر بڑا آرام دہ اور عمدہ ہے۔

اپنے باغ میں روز سیر کرتا ہوں۔ باغ جانا پہچانا معلوم ہوتا ہے۔ میری دلچسپی بڑھتی جاتی ہے۔ کیا ہوا، جو میرا بند دروازہ کوئی کھٹکھٹانے والا نہیں آتا؟ میں ہاتھ میں چھڑی لئے باغ میں چہل قدمی کرتا ہوں اور نیلے آسمان کو کبھی کبھی نگاہ اٹھا کر دیکھ لیتا ہوں۔

نیلے آسمان پر بادل اپنی پہاڑی پناہ گاہوں سے نکل نکل کر بے مقصد پھرتے ہیں۔ اور پرندے پرواز سے تھک کر آشیانوں کو پلٹنے کی سوچتے ہیں۔ شام کے سائے بڑھنے آتے ہیں۔ میں گھر لوٹنے کی سوچتا ہوں۔ پھر چیڑوں اور دیوداروں کی متوالی خوشبوؤں میں کچھ اور گھومتا ہوں ــــــ

نام ایک خط ہے اور دو تین دعائیں ہیں۔ بس یہی اُس کی کل کائنات ہے جو ہم تک پہنچی ہے۔ یا کچھ اقوال ہیں جو سینہ بسینہ ہم تک آئے ہیں ـــــ مگر ان نظموں اور خطوں اور اقوال سے متوازن اور ہم آہنگ زندگی کی ایک بے مثال تصویر سامنے آتی ہے۔ ایک ایسی زندگی ان سے جھلکتی ہے جو اعتدال اور خوش آہنگی کی معراج تھی۔ سادگی اور حسنِ فطرت کا ایسا مرقع تھی۔ جو آج تک اپنی نظیر پیدا نہیں کر سکا ـــــ زندگی سے محبت اور زندگی کو نعمت سمجھنے کا یہی اعجاز ہے اور اسی جینے کے گہرے لگاؤ کو اُس نے اپنی بے مثال نظم (سوئے وطن جاتا ہوں میں) میں ظاہر کیا ہے۔ جو اُس نے نومبر ۴۰۵ء میں مجسٹریٹ کے عہدے سے استعفا دینے پر لکھی تھی ـــــ یہ نظم فو کی صنف میں لکھی گئی ہے، یہ تضاد کی صنعت کہلاتی ہے۔ کبھی اس میں قوافی آتے ہیں کبھی نہیں آتے۔ اس میں آہنگ ہی آہنگ ہوتا ہے، وزن نہیں ہوتا ـــــ

اب سوئے وطن جاتا ہوں میں ... میری کھیتی ہے اجاڑ، میری پھلواری بھی ہے ویران، کیوں نہ میں اپنے وطن جاؤں؟ میں نے خود اپنی روح کو اپنے جسم کا چاکر بنایا تھا، اب پشیمانی ہو کیوں؟ اور ماتم ہو تو کیسا؟

ہر چہ بادا باد ـــــ گزری بات پر پشیمانی کا کیا فائدہ؟ ـــــ اب تو میں سفر پر رواں ہوں۔ اپنی منزل کی طرف رواں ہوں ـــــ سیدھے راستے سے میں زیادہ نہیں بھٹکا ـــــ اور اگر کل میں غلط راستے پر تھا، تو میں جانتا ہوں کہ آج میں بالکل ٹھیک راستے پر چل رہا ہوں ـــــ

کشتی بڑی نرم روی سے پانی پر بہتی جا رہی ہے۔ اور میرے دامنوں کو ہوا بڑی سبک رفتاری سے تھپکتی ہے۔ میں ایک مسافر سے راستہ پوچھتا ہوں

چلاؤں گا۔

یا چشمے کے کنارے بیٹھ کر نظم لکھوں گا۔ یا کہیں سفر پر نکل کھڑا ہوں گا۔

بس میں اسی طرح جینا چاہتا ہوں اور میری آرزو ہے کہ اسی قناعت اور گوشہ نشینی میں مجھے موت کا پیغام آئے اور میں ہنسی خوشی اپنی جان موت کے فرشتے کے حوالے کر دوں ——!

---

شاید اس سے آپ یہ سمجھیں کہ شاعر لو یآن مِنگ کی ذہنیت فراری تھی وہ دنیا سے بھاگنا چاہتا تھا۔ یہ بات نہیں۔ اصل یہ ہے کہ وہ سیاسیات سے بھاگتا تھا، زندگی سے نہیں۔ اگر وہ منطقی ہوتا تو وہ زندگی سے مکمل طور پر بھاگ جاتا اور کسی خانقاہ میں جا کر بودھ بھکشو بن جاتا۔ مگر وہ زندگی کا بڑا شیدائی تھا۔ وہ بھلا زندگی سے پوری طرح راہِ فرار کیسے اختیار کرتا؟ —— اس کے بیوی بچے اس کے لئے ایک زندہ حقیقت تھے۔ اُسے اپنا باغ عزیز تھا۔ باغ کی بیلیں اور چیڑ کے درخت اس کے لئے بہت زیادہ دلکشی رکھتے تھے۔ وہ منطقی آدمی نہ سہی معقول آدمی ضرور تھا۔ اس لئے اس نے یہ سب کچھ تج نہیں دیا۔ بلکہ وہ اپنے بیوی بچوں، اپنے باغ، اپنے محبوب پیڑوں کے پاس رہا۔ زندگی کیلئے یہی محبت تھی جو اس کے دل میں موجزن تھی۔ زندگی کے بارے میں اس کے خیالات معقول اور اس کا رویّہ عملی تھا۔ اسی لئے اس کی شخصیت زندگی سے پوری طرح ہم آہنگ ہوئی اور یہ اس کے مہذب ہونے کی سب سے بڑی دلیل ہے۔ زندگی کے ساتھ اس ہم آہنگی کی بدولت چینی زبان کی عظیم ترین شاعری وجود میں آئی۔ وہ جانتا ہے کہ ہم اس خاک دان سے ہیں اور اسی کے لئے ہیں۔ اس لئے اس خاکدان سے بھاگنا کیا معنی؟

" ہاں! میں سوئے وطن جاتا ہوں۔ آج سے میں تنہا زندگی بسر کرنا سیکھوں گا۔ یہ دُنیا اور میں ہمارا آپس میں نباہ نہیں ہوتا۔ پھر کیوں مارا مارا پھروں؟ کیوں اس چیز کی تلاش میں سرگرداں رہوں جو ملے گی نہیں؟

ہاں، میں اپنے عزیزوں کی بات چیت سے دل بہلاؤں گا! اور وقت گزارنے کے لئے کتابیں اور موسیقی کیا کم ہیں؟ ـــ اور میرے ساتھی کسان میرے پاس آئیں گے اور بتائیں گے کہ اب تو بہار کا موسم آ گیا، مغربی کھیتوں کی بوائی شروع کرنی چاہیئے۔

کچھ لوگ، سفر کے لئے عمدہ بگھیاں لیتے ہیں، کچھ کشتیوں میں جاتے ہیں۔ ہمارا رنگ یہی ہے۔ ہم انسان کبھی تو گہرے، انجانے پانیوں کی تھاہ لگاتے ہیں اور کبھی دشوار گزار گھاٹیوں پر چڑھتے ہیں۔

یہاں سرسبز پیڑوں کے جھنڈ ہیں جو شادابی اور طراوت میں جھومتے ہیں۔ اور صاف چشمے، ڈھلانوں سے پھوٹتے ہیں ـــ میں دیکھتا ہوں کہ اس دنیا میں موسموں کی رعایت سے کیا کیا چیزیں پھلتی پھولتی ہیں، پروان چڑھتی ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ اسی طرح میری زندگی کا بھی ایک سفر مقرر کیا جا چکا ہے۔

اب بہت ہو چکی! ـــ یہ زندگی کب تک، یہ فانی جسم کہاں تک ساتھ دے گا؟ زندگی جس طرح ہے، اور زندگی میں جو کچھ ہو رہا ہے، اُسی طرح ہوگا۔ پھر ایک ہرکارے کی طرح یہ دوڑ دھوپ کیسی؟

میری آرزو یہ نہیں کہ مجھے حکومت اور دولت ملے۔ باقی رہی خدائی تو وہ میرے بس کی نہیں۔ اِسی لئے میں ایک دن چپ چاپ گھر سے نکل جاؤں گا۔ باغ کو جھاڑ جھنکاڑ سے صاف کر دوں گا، اپنے کھیت میں ہل

# باب ششم

# زندگی کی نعمتیں

اِسی لیئے اُس نے کہا تھا ”میں ایک چمکیلی صبح کو چھڑی ہاتھ میں لے کر باغ میں جا نکلوں گا اور جی چاہا تو چھڑی زمین میں گاڑ کر، باغ کو جھاڑ جھنکاڑ سے صاف کرنا شروع کر دوں گا یا زمین میں ہل چلانے لگوں گا!“ — اِسی لئے یو آن منگ نوکری چھوڑ کر اپنے بیوی بچوں اور اپنے کھیتوں کو واپس آگیا — یہ ہم آہنگی اور توازن تھا بغاوت نہیں تھی ؎

چچا، ایک بڑا سا سرخ سیب بڑے اطمینان سے کھا رہا ہے۔ باپ، گھاس پہ دراز نیلے آسمان پہ بادلوں کے گھومتے ٹکڑوں کو تک رہا ہے۔ دادا، بڑے اطمینان سے پائپ پی رہا ہے۔ ایک طرف کوئی گراموفون بجا رہا ہے۔ ریکارڈ کی موسیقی، دریا کی لہروں کے شور کے ساتھ کانوں میں آ رہی ہے۔ ان خوشیوں، ان مزوں میں کس کو مادی کہا جائے؟ ان میں کون سی خوشی، کونسا لطف روحانی اور ذہنی کہلائے گا؟ سیب پا توس کھانے سے جو مزہ ملتا ہے اُسے آس پاس کے منظر کے لطف سے کس طرح الگ کیا جائے گا؟ (اور منظر کا یہی لطف، یہی لطیف احساس وہ چیز ہے جسے ہم شاعری کہتے ہیں) کیا موسیقی سے لطف اٹھانے کو (اور یہ آرٹ کہلاتا ہے!) ہم، پائپ پینے کے لطف سے اعلیٰ قسم کی خوشی قرار دیں گے کیونکہ پائپ پینا اور پائپ پینے سے لطف اٹھانا، ایک مادی خوشی ہے؟ — اسی لئے، مادی خوشیوں اور روحانی لطف کی یہ تمیز، میرے نزدیک بے معنی اور مصنوعی ہے۔ میں سمجھتا ہوں روحانی اور مادی خوشیوں کا یہ امتیاز ایک جھوٹے فلسفے کی پیداوار ہے جس کے مطابق روح کو جسم سے الگ ایک چیز قرار دیا جاتا ہے۔ یہ تقسیم، انسان کی حقیقی مسرتوں کے گہرے اور سچے مطالعے پر مبنی نہیں ہے۔

ممکن ہے میرا نظریہ ٹھیک نہ ہو — اور پھر آپ یہ پوچھ بیٹھیں کہ آخر زندگی کا مقصد کیا ہے؟ — میں زندگی کا مقصد یہ سمجھتا ہوں کہ زندگی سے صحیح طور پر لطف اٹھایا جائے۔ اس کی وجہ نہ پوچھئے گا۔ یہ مقصد اس لئے زندگی کا مقصد اور جینے کا مدعا ہے کہ بس ہے! — "مقصد" اور "مدعا" کے لفظ بھی شاید ٹھیک نہیں ہیں، کیونکہ "مقصد" ایک شعوری چیز ہوتی ہے۔ حالانکہ میرا مطلب یہ ہے کہ انسانی زندگی کے سلسلے میں ہمارا آپ کا "قدرتی رویہ" ہونا چاہئے کہ

# ۱۔ خوش رہنے کا مسئلہ

زندگی سے لطف اٹھانے میں بہت سی باتیں شامل ہیں مثلاً اپنے آپ سے خوش رہنا، گھریلو زندگی سے خوش رہنا، درختوں اور پھولوں، بادلوں اور ندیوں سے حظ اٹھانا، گرتے آبشاروں کا لطف لینا، غرض قدرت کے ہزارہا مظاہر سے مسرّت حاصل کرنا، اسی میں شامل ہے۔ پھر شعر اور آرٹ، غور و فکر، دوستی، گفتگو اور مطالعے سے لطف اٹھانا بھی اسی کا حصّہ ہیں۔ کیونکہ یہ سب باتیں ہماری روح کی ترجمانی کرتی ہیں۔ گویا زندگی کا لطف کچھ تو ایسی چیزوں میں ہے جو ظاہر ہیں، مثلاً کھانے پینے کا لطف اور دوستوں اور عزیزوں سے ملاقات کی خوشی وغیرہ ——— اور کچھ ایسی باتیں ہیں جو اتنی عیاں نہیں۔ ان میں شعر و سخن، اور فنونِ لطیفہ، اور سوچنے کے مزے شامل ہیں۔ زندگی کے ان مزوں کو میں گھڑے گھڑائے دو حصّوں میں نہیں بانٹ سکا ہوں کیسے کہوں کہ زندگی کے کچھ مزے مادّی ہیں اور کچھ ذہنی یا روحانی ہیں۔ اوّل تو یہ کہ میں اس کی تقسیم کا قائل نہیں کیونکہ یہ تقسیم میری سمجھ میں کبھی نہیں آئی۔ مثلاً ایک پک نک کے موقع پر میں دیکھتا ہوں کہ عورتیں اور بچے، جوان اور بوڑھے سبھی جمع ہیں اور ہنس بول کر وقت گزار رہے ہیں۔ مجھے کیسے معلوم ہو گا کہ ان کی خوشی کا کون سا حصّہ مادی ہے اور کونسا ذہنی اور روحانی ہے؟ اس پک نک میں ہر شخص اپنے حال میں خوش نظر آتا ہے۔ ایک بچہ نرم گھاس پر دوڑتا پھرتا ہے۔ دوسرا بچہ پھول چن رہا ہے۔ ماں توس کا ایک ٹکڑا ہاتھ میں لئے ہے

کرنا چاہیئے؟ جہاں تک پہلے حصّے کا تعلق ہے میں کچھ عرض نہیں کروں گا کیونکہ اوّل تو یہ سوال اپنی نوعیت کے لحاظ سے ٹھیک نہیں، اور اس معاملے میں ہم جو کچھ خود سوچتے ہیں۔ اُسے خدا کے نام سے منسوب کر دیتے ہیں۔ دوسری بات یہ ہے کہ انسانی ذہن کے لئے یہ ممکن نہیں کہ خدائی ذہن کو سمجھ سکے۔ اس قسم کی دلیل بازی کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہم خدا کو بھی اتنا تنگ نظر بنا دکھاتے ہیں جتنے ہم خود ہیں، ہم یہ قرار دے لیتے ہیں کہ خدا نے صرف ہمارے لئے فلاں مقصد قرار دیا ہے۔ اس قسم کا مقصد بھلا ہمارا خدا، باقی دنیا کے لئے کیوں قرار دے گا کیونکہ وہ تو ہمارا خدا ہے!——

اب اس سوال کے دوسرے حصّے کو لیجئے ——سوال کی صورت یہ ہے کہ انسانی زندگی کا مقصد کیا ہونا چاہئے، یہ نہیں ہے کہ انسانی زندگی کا مقصد کیا ہے! اس سوال کے قالب میں ہر شخص اپنے نظریے اور اپنی قدریں ڈھالتا رہتا ہے چونکہ ہماری قدریں ایک دوسرے سے مختلف ہوتی ہیں اس لئے اس سوال پر لڑائی جھگڑے پیدا ہوتے ہیں ——میں اس سوال کا صرف عملی پہلو پیش کرتا ہوں۔ اسی لئے میں یہ کہتا ہوں کہ ضروری نہیں کہ انسانی زندگی کا کوئی مقصد اور مفہوم ہو۔ امریکی شاعر والٹ وٹمین کہتا ہے کہ "جو کچھ میں ہوں اور جس طرح ہوں، ٹھیک ہوں!" —— میں عرض کروں گا کہ یہی کافی ہے کہ میں زندہ ہوں اور غالباً بیس تیس برس اور جیوں گا۔ یہی کافی ہے کہ انسانی زندگی ہمارے سامنے موجود ہے —— اگر پیشِ نظر یہ حقیقت ہو تو انسانی زندگی کے مقصد کا سارا سوال بڑا سادہ بن جاتا ہے اور اس کا ایک ہی جواب سامنے آتا ہے کہ انسانی زندگی کا مقصد یہ ہے کہ زندگی سے پوری طرح لطف اٹھایا جائے! اور کوئی جواب ممکن ہی نہیں!——

زندگی سے لطف اٹھایا جائے: "مقصد" کا لفظ بڑی منصوبہ بندی، اور بڑی جد و جہد ظاہر کرتا ہے ـــــ اور اس دنیا میں جو شخص پیدا ہوتا ہے اس کے سامنے یہ سوال نہیں ہوتا کہ اس کی زندگی کا "مقصد" کیا ہو تاکہ وہ اس مقصد کو حاصل کرنے کیلئے کوشش شروع کر دے ـــــ اس کے سامنے تو یہ سوال ہوتا ہے کہ اُسے پچاس ساٹھ برس کی جو زندگی ملی ہے اس میں وہ کیا کرے؟

اس کا جواب یہ ہے کہ وہ اپنی زندگی کی ایسی ترتیب و تہذیب کرے کہ اسے زندگی میں زیادہ سے زیادہ خوشیاں نصیب ہو سکیں۔ یہ اپنی جگہ ایک عملی مسئلہ ہے۔ یہ اس طرح کا کوئی مابعد الطبیعیاتی سوال نہیں کہ اس کائنات میں انسانی زندگی کا روحانی مقصد کیا ہے؟

میں سمجھتا ہوں جو فلسفی، زندگی کے مقصد کا مسئلہ حل کرنے بیٹھتے ہیں وہ یہ فرض کر لیتے ہیں کہ زندگی کا واقعی کوئی نہ کوئی مقصد ضرور ہونا چاہیئے۔ مغربی فلسفیوں نے اس سوال کو دنیا بھر کے ذہن پر سوار کر رکھا ہے۔ اس کی وجہ محض دینیات ہے۔ ہوتا یہ ہے کہ ہم زندگی کے لئے ایک "مقصد" اور "لائحہ عمل" فرض کر لیتے ہیں پھر ہم ہمیشہ اس سوال کا جواب دینے کی کوشش کرتے رہتے ہیں اور آپس میں الجھتے رہتے ہیں۔ ہم ایک دوسرے سے لڑتے ہیں لیکن اسے سمجھنے سے عاری رہتے ہیں۔ اسی سے پتا چلتا ہے کہ یہ سوال فضول ہے اور بالکل بے مصرف بھی۔ اگر زندگی کا کوئی مقصد ہوتا تو اسے سمجھنا، اس کا پتا چلانا اور اس کا یقین کرنا، اتنا مشکل نہ ہوتا۔ یہ مقصد اتنا مبہم اور غیر یقینی ہرگز نہ ہوتا۔

یہ سوال دو حصوں میں بانٹا جا سکتا ہے ـــــ کیا خدا نے کوئی روحانی مقصد انسانیت کے لئے قرار دیا ہے؟ یا کیا انسانیت کو خود اپنے لئے کوئی مقصد معین

کا انتظار کون کرے گا!" ــــ پھر جنّت کی زندگی کے بارے میں دل میں طرح طرح کے سوال پیدا ہوتے ہیں : کیا ہمیں جنّت میں جد و جہد اور کوشش کی زندگی بسر کرنی پڑے گی ؟ مگر ہم تو پہلے ہی کامل انسان بن چکے ہوں گے، پھر جد و جہد کرکے ترقی کرنے کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا ؟ تو پھر کیا جنّت کی زندگی محض بے کاری اور مکمل فارغ البالی کی زندگی ہے ؟ ــــ اگر واقعی یہ بات ہے تو پھر ہمیں اپنی ابدی زندگی کے لئے یہیں اسی زندگی میں بے کار رہنا اور کاہل بننا بھی سیکھنا چاہیئے ؟

کائنات کے بارے میں اگر کچھ سوچنا ہی مقصود ہے تو آیئے، ہم اپنے آپ کو بھول جائیں اور کائنات کو انسانی زندگی تک محدود نہ سمجھیں، کائنات کے تصوّر میں ذرا وسعت پیدا کریں اور کائنات میں خدا کی پیدا کی ہوئی ہر چیز کے مقصد پر غور کریں ــــ ان میں پہاڑ، پتھر، درخت اور جانور سبھی آجائیں گے میں سمجھتا ہوں ساری مخلوقات میں ہر چیز کے لئے کوئی نہ کوئی مقام مخصوص ہے۔ اس مقام کے تعین کے بعد ہم ساری تخلیق کا مدعا سمجھ سکتے ہیں اور اس کائنات میں اپنے مقام کو بھی جان سکتے ہیں۔ فطرت کے بارے میں یہ نقطۂ نظر اور فطرت میں اپنے مقام کا تعین دونوں فطرت کے مطابق ہونے چاہئیں۔ کیونکہ جیتے جی ہم اس فطرت کا لازمی حصّہ ہوتے ہیں اور مر کر ہم اسی کی طرف لوٹتے ہیں۔ فطرت کے بارے میں نقطۂ نظر قائم کرنے میں فلکیات، طبقات الارض کا علم، حیاتیات اور تاریخ ہماری کافی مدد کرتی ہیں ۔ ہمیں صرف یہ احتیاط کرنی چاہیئے کہ بڑھ بڑھ کر ہاتھ نہ ماریں اور غلط سلط نتیجے نہ نکالیں۔ اگر تخلیقِ کائنات کے اس اندازے میں انسان کا مقام کچھ کم نظر آتا ہو تو کوئی فکر کی بات نہیں ۔ اہم بات یہ ہے کہ اس کائنات میں اس کا کوئی اپنا مقام تو ہے۔ اور اگر وہ اپنے اردگرد پھیلی ہوئی فطرت کے ساتھ ہم آہنگی سے زندگی بسر کرے گا

عجیب بات یہ ہے کہ انسان کی خوشی اور غمی کے سوال پر غیر مسیحی مفکرین تو صدیوں سوچتے رہے ہیں مگر مسیحی مفکرین نے اس سوال سے ہمیشہ پہلو تہی کی ہے

مسیحی مفکرین ــــــــــــ

ــــــــ یعنی دینیات کے عالموں کو انسانی مسرت کے سوال سے کوئی واسطہ نہیں رہا۔ وہ انسان کی "نجات" کے بارے میں سوچا کئے ہیں اور "نجات" میرے نزدیک بڑا المناک لفظ ہے۔ گویا اس دنیا سے صحیح سالم اُٹھنے کا سوال تو ان کے نزدیک اہم ہے، یہ سوال ہرگز اہم نہیں کہ اس دنیا میں زندہ کیسے رہا جائے۔ مگر "نجات" کی فکر اُسے ہونی چاہئے جو یہ جانتا ہو کہ تباہی اور بربادی اس کا مقدر ہو چکی ہے۔ چنانچہ دینیات کے یہ ماہر انسان کے مستقبل کے بارے میں صرف اتنا بتا سکتے ہیں کہ نجات پانے کی صورت میں وہ جنت میں جائے گا۔ یہ جنت کیسی ہوگی؟ کوئی واضح طور پر نہیں بتا سکا۔ اس جنت میں انسان کیا کرے گا وہاں اس کا جی کیسے بہلے گا اور وہ کیسے خوش رہ سکے گا؟ اس کے بارے میں اور بھی مبہم اور گول باتیں ہیں کہ دن رات ہر جنتی حمد گایا کرے گا اور اُسے پہننے کو سفید بہشتی حلے ملیں گے ـــ عیسائیوں کے برعکس مسلمانوں میں کم سے کم جنت کا ایک واضح تصور ضرور ملتا ہے کہ اس میں شرابِ طہور ہوگی، میوے ہوں گے، اور حوریں ہوں گی۔ یہ باتیں، ہم عام آدمی آسانی سے سمجھ بھی سکتے ہیں۔ گویا جب تک جنت اور مرنے کے بعد کی زندگی کی تصویر بڑی واضح طور پر پیش نہ کی جائے، ہمیں وہاں جانے کی کوشش کرنے کی ضرورت محسوس نہیں ہوتی، اور نہ یہ خیال پیدا ہو سکتا ہے کہ اس دنیا کی اچھی بھلی زندگی کو چھوڑ کر، ایک نامعلوم جنت میں جانے کی کوشش کرتے پھریں کیسی نے کہا ہے کہ "آج ایک انڈا مل جانا غنیمت ہے، کل کی مرغی

ایک بات یہی ہے۔

آیئے، خالی باتوں اور نظری بحث کو چھوڑ کر، حقائق سے کام لیں، اور یہ جائزہ لیں کہ ہم اپنی زندگی کے کن لمحات کو پُرمسرت لمحات کہتے ہیں ——— ہماری دنیا ایسی ہے کہ خوشی بڑی حد تک ایک منفی چیز ہے۔ یعنی اگر غم نہ ہو تو سمجھئے خوش ہیں۔ پشیمانی یا خلش نہ ہو تو سمجھئے خوش ہیں۔ کوئی جسمانی بیماری نہ ہو تو سمجھئے خوش ہیں ——— مگر مسرت منفی کے بجائے ٹھوس اور مثبت چیز بھی ہوسکتی ہے۔ مسرت کی اس صورت کو ہم عیش کا نام دیتے ہیں۔ مثال کے طور پر میرے نزدیک، زندگی کے پُرمسرت لمحات یہ ہیں: میں صبح کو رات بھر کی گہری اور صحت مند نیند کے بعد اٹھ سکوں۔ صبح کی ہلکی، عطر بیز ہوا سونگھوں، اس ہوا سے پھیپھڑوں میں توانائی آتی محسوس ہو اور جی چاہے کہ خوب سینہ پھلا کر، لمبے لمبے سانس لوں۔ ان لمبے سانسوں سے سینے کے رگ پٹھوں اور کھال میں عجیب طرح کی سنسنی محسوس ہوتی ہے اور کام کرنے کو جی چاہتا ہے ——— یا خوشی کے لمحات وہ ہیں۔ جب میں اپنی ٹانگیں پھیلا کر سامنے کی کرسی پر رکھ لیتا ہوں اور اپنا پائپ عمدہ تمباکو سے بھر کر پینا شروع کر دیتا ہوں اور تمباکو آہستہ آہستہ جلتا جاتا ہے۔ وہ لمحہ بھی خوشی کا لمحہ ہے کہ میں گرما کی سخت دوپہر میں سفر کر رہا ہوں اور حلق میں پیاس کے مارے کانٹے پڑ گئے ہیں، یکایک میں ٹھنڈے پانی کا ایک چشمہ دیکھتا ہوں، اس کی لہروں کا شور میرے کانوں میں رس گھولتا ہے قریب پہنچ کر میں، بوٹ، جرابیں اتار کر، اس پانی میں اپنے پاؤں لٹکا دیتا ہوں ——— میرے لئے خوشی کا لمحہ وہ بھی ہے۔ جب میں رات کا کھانا کھا کر آرام کرسی پہ دراز ہو جاتا ہوں۔ کوئی ناپسندیدہ شخص میرے آس پاس نہیں ہوتا۔ اِدھر اُدھر کی گپ شپ شروع ہوتی ہے اور باتیں، نامعلوم منزل کی طرف بہی چلی جاتی ہیں۔....

تو وہ انسانی زندگی کے بارے میں بھی ایک قابلِ عمل اور قابلِ قبول نظریہ قائم کرسکے گا۔

# ۲۔ انسانی مسرت

انسان کی ساری خوشیاں جسمانی ہیں۔ یہ بات بالکل سائنسی ہے۔ وضاحت کے لئے میں یہ عرض کروں گا کہ انسانی مسرتیں انسان کے حواس سے تعلق رکھتی ہیں ممکن ہے روحانیت کے علم بردار میرا مطلب غلط سمجھیں کیونکہ مادہ پرست اور روحانیت کے علم بردار ہمیشہ سے ایک دوسرے کی بات کا غلط مطلب سمجھتے رہے ہیں۔ وجہ یہ ہے کہ دونوں کے الفاظ و کنایات میں بڑا فرق ہے۔ اگر وہ ایک ہی ذخیرۂ الفاظ سے کام لیں تو بھی مطالب مختلف ہوتے ہیں۔ مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ ہم روحانیت کے علم برداروں کی باتوں میں آجائیں اور یہ تسلیم کرلیں کہ اصلی خوشی، روحانی خوشی کا نام ہے۔ میں یہی کہوں گا کہ انسانی خوشی کا سارا دارومدار اس بات پر ہے کہ انسان کا ہاضمہ ٹھیک کام کرتا رہے۔ اس موقع پر میں اپنی سند میں ایک مشہور امریکی کالج کے فاضل پریذیڈنٹ کا قول پیش کرتا ہوں۔ وہ نئے طلبہ کی ہر جماعت سے کہا کرتے تھے: "آپ لوگوں کو دو باتیں یاد رکھنی چاہئیں۔ ایک تو آپ کو انجیل کی باقاعدہ تلاوت کرنی چاہئے اور دوسرے اپنا پیٹ صاف رکھنا چاہئے ــــ" یہ قول بڑی دانشمندی پر مبنی ہے۔ اس میں بڑا تجربہ اور بڑی زندہ دلی جھلکتی ہے۔ اگر پیٹ ٹھیک کام کرتا رہے تو آدمی خوش رہتا ہے اور اگر ہاضمے کا فعل درست نہ رہے تو زندگی وبال ہو جاتی ہے ــــ بس سو باتوں کی

وجود گوشت پوست سے ہے اس لئے جسم اور روح کے درمیان امتیاز کا پردہ بڑا ہلکا اور لطیف ہوتا ہے۔ یہ ٹھیک ہے کہ روح کی دنیا لطیف جذبات اور حُسن کے احساس کی دنیا ہے۔ مگر اس دنیا کے دروازے ہمارے حواس ہیں۔ ہم اپنے حواس کے ذریعے ہی روح کی دنیا تک پہنچ سکتے ہیں — ہماری زندگی میں چھُونے، سننے اور دیکھنے کے حواس کی اپنی مستقل جگہ ہے۔ حواس اور اخلاق یا بداخلاقی میں باہم کوئی رشتہ نہیں۔ جب ہمارے حواس کند ہو جاتے ہیں، یا ہم پوری طرح اُن سے کام لینا چھوڑ دیتے ہیں تو زندگی کے مزے اٹھانے کی صلاحیت بھی ہم میں کم ہو جاتی ہے۔

ذرا مشرق و مغرب کے اُن لوگوں پر نظر ڈالیے جو زندگی کے شیدائی تھے۔ اور جنہوں نے زندگی کے مزے اٹھائے ہیں۔ ان کی تحریروں میں وہ لمحات بھی موجود ہیں۔ جو ان کی زندگی کے پُرمسرّت لمحات تھے۔ ان سے پتا چلتا ہے کہ مسرّت کے یہ لمحات، سننے، سونگھنے اور دیکھنے کے حواس سے گہرا تعلق رکھتے ہیں — امریکی ناول نگار، تھورو کی ایک تحریر سب سے پہلے پیش کرتا ہوں۔ مسرّت کا یہ لمحہ، جھینگروں اور پپیہوں کے نغمے سن کر تھورو کی زندگی میں آیا تھا۔

"پہلے جھینگروں کی ہلکی سیٹیاں سننے جو چٹانوں میں سے آرہی ہیں۔ مجھے اکیلے جھینگر کا نغمہ زیادہ پسند ہے۔ اس سے کچھ ایسا پتا چلتا ہے کہ بہت وقت گزر چکا ہے، اس سے کچھ ایسا پتا چلتا ہے کہ وقت ابدیت سے ہم کنار ہو گیا ہے۔ اس سے پختگی ٹپکتی ہے۔ وہ پختگی جو دانش سے پیدا ہوتی ہے، جو دنیاوی مکروہات سے بلند ہے۔ جو زمانے کے بدلنے سے ماورا ہے۔ اس نغمے میں وہی پختگی ہے۔ جو خزاں میں ہوتی ہے کیونکہ

میرے لئے وہ لمحات بھی مسرت کے لمحات ہوتے ہیں جب میں گرما کی سہ پہر کو کالے کالے بادل افق پر امنڈتے دیکھتا ہوں اور مجھے پتا ہوتا ہے کہ بس اب کوئی دیر میں چھاجوں پانی برسنے لگے گا۔ میں فوراً گھر سے نکل کھڑا ہوتا ہوں اور گھر سے دور جاکر کھیتوں میں بارش کا استقبال کرتا ہوں۔ پھر میں خوب بھیگ کر گھر لوٹتا ہوں اور گھر والوں سے کہتا ہوں، کیا کروں چھاتا لینا بھول گیا تھا، راستے میں بارش نے آلیا۔

میرے لئے یہ فیصلہ کرنا انتہائی دشوار ہے کہ مجھے اپنے بچوں سے جسمانی طور پر محبت ہے یا روحانی طور پر۔ یہ محبت ان کی ننھی ننھی آوازوں، بھولی بھالی باتوں کی بدولت ہے یا ان کے نازک اور صحت مند جسموں کی بدولت میرے دل میں موجزن ہے۔ میں اس طرح یہ امتیاز بھی نہیں کر سکا کہ ذہنی مسرتیں کونسی ہیں اور جسمانی کونسی۔ فرض کیجئے آپ کسی حسین لڑکی کو چاہتے ہیں۔ کیا آپ اس کی خوبیوں اس کے محاسن کا تجزیہ کر سکیں گے؟ کیا آپ ...... کہہ سکیں گے کہ آپ کو اس کے تبسم کی ادا پسند ہے یا آپ اس کی ہنسی پر مرتے ہیں، یا اس کے سر کو جھٹکنے کی ادا آپ کے دل میں کھب گئی ہے؟ یا یہ کہ دنیا کی ہر چیز کے بارے میں وہ لڑکی ایک خاص نقطۂ نظر رکھتی ہے جو آپ کو دل سے پسند ہے؟ ظاہر ہے کہ یہ تجزیہ اور امتیاز ناممکن ہے۔ ایک مثال اور لیجئے۔ ہر لڑکی اچھے اچھے کپڑے پہن کر خوش ہوتی ہے۔ ہونٹوں اور گالوں پر سرخی لگا کر اسے گونہ اطمینان ہوتا ہے اور اس احساس سے اس کے دل میں اعتماد بھری مسرت جاگتی ہے کہ میں اچھے لباس میں ملبوس ہوں۔ یہ خوشی اور یہ اطمینان، ایک لڑکی کے لئے بڑی قطعی اور حقیقی حیثیت رکھتے ہیں۔ حالانکہ اس مسرت کے بارے میں روحانیت پرستوں کو کچھ پتا نہیں ہوتا۔ فانی انسانوں کا

اور برف گرتی رہی۔ برفباری کے وقت ہوا بند تھی۔ مگر چیڑ کے بلند جھنڈ میں ہلکی سُریلی گنگناہٹیں سنائی دیتی رہیں۔ یہ نغمہ بار سرگوشیاں بڑی واضح اور عجیب سی تھیں۔ جیسے چھوٹے چھوٹے آبشار کبھی گرنے لگیں کبھی دم بخود ہو کر رک جائیں۔

سارے حواس پر آسودگی چھائی ہوئی تھی۔ دید، شامہ، سامعہ لطافتوں میں ڈوبے ہوئے تھے۔ برف کے گالے جہاں گرتے تھے، وہیں سو جاتے تھے۔ کبھی سدا بہار جھاڑیوں پر اور کبھی گھاس پر ــــ ان گنت پتے اور شاخیں سفید برف کے مرغولوں سے لدگئی تھیں، جن کی جدولوں پر زمردیں حاشیے تھے۔ سنہری چھپریوں والے سیدھے اونچے چیڑ کے درخت ستونوں کی مانند کھڑے تھے۔ ہوا میں برف کی باس کے ساتھ چیڑوں اور دیودار کی خوشبو رچی ہوئی تھی۔

(دنیا کی ہر چیز کی باس اپنی ہے، برف کی بھی اپنی باس ہوتی ہے، اگر آپ اُسے پہچان سکیں۔ ہر جگہ کی خوشبو اپنی ہوتی ہے۔ دو گھڑیوں کی خوشبو بھی مختلف ہوگی، دوپہر کی باس آدھی رات کی باس سے مختلف ہوگی، سرما کی خوشبو گرما کی خوشبو سے الگ ہوگی۔ آندھیوں کی ایک گھڑی کی بو باس ایک سنسان لمحے کی بو باس سے بہت زیادہ مختلف ہوگی!)

ہم میں سے کتنے لوگ ہیں جو سرما اور گرما، دوپہر اور آدھی رات اور پرشور اور سنسان لمحوں کی بو باس میں یہ امتیاز کر پائیں گے؟ ــــ یہی وجہ ہے کہ انسان کھلی فضا کی بہ نسبت شہروں میں زیادہ ناخوش رہتا ہے۔ کیونکہ شہروں میں دید و شامہ کے یہ امتیازات اتنے واضح نہیں ہوتے۔ بلکہ ان کا امتیاز شہر کے سنگین در و دیوار اور سیمنٹ کی سڑکوں کی بدولت بڑی حد تک مٹ جاتا ہے۔

خوشی کے لمحات کی خصوصیات کے سلسلے میں چینی اور امریکی ذہنوں میں بڑی

خزاں میں نہ تو بہار کی چلبلاہٹ ہوتی ہے نہ گرمیوں کی گرم بازاری —
جھینگروں کا نغمہ، پرندوں سے گویا یہ کہتا ہے: "تم یوں بولتے ہو جیسے
جذباتی بچے بولتے ہیں۔ قدرت تمہارے نغموں کے ذریعے سے اپنا اظہار
کرتی ہے۔ مگر ہم جھینگروں کا علم اور ہماری دانش پختہ تر ہے۔ موسم کا
تلوّن ہمارے لئے کوئی چیز نہیں کیونکہ موسموں کو ہم اپنی لوریوں سے سلاتے
ہیں —" اسی لئے یہ جھینگر، سدا گھاس کی جڑوں میں چھپے چھپے اپنا نغمہ
الاپتے رہتے ہیں جہاں وہ ہیں، جنت وہیں ہے۔ گرمیوں، سردیوں، کیا مئی میں
کیا اکتوبر نومبر میں، ان کی نغمہ سرائی کا یہی عالم رہتا ہے۔ ان کا نغمہ گھمبیر ہے۔
اس میں نثر کی سی پختہ مقالی اور سلامت روی ہے۔ یہ جھینگر صرف شبنم کا بادہ
پی کر مدہوش ہوتے ہیں محض موسم کی امنگ انہیں گانے پر مجبور نہیں کرتی نہ
موسم کا تقاضا ان کے دلوں میں محبت کا جوش پیدا کرتا ہے۔ بلکہ ان کا نغمہ
تو بس خدائے برتر کی حمد ہے، اس کا شکرانہ ہے۔ وہ موسم کے انقلاب سے
الگ رہتے ہیں۔ ان کا نغمہ اتنا ہی ابدی اور تبدیلیوں سے اتنا ہی بلند
ہے جتنی سچائی اور ازلی حقیقت ہر تبدیلی سے بلند ہوتی ہے — اسی
لئے انسان صرف گیان کے لمحوں میں ہی، جھینگروں کا نغمہ سنتا ہے —!"

یہ کانوں میں رس گھلنے کی ایک جھلک تھی۔ اب ذرا سونگھنے اور دیکھنے کے
حواس کا ایک بیان ملاحظہ ہو۔ یہ امریکہ کا مشہور آزاد رو شاعر والٹ وٹمین ہے۔ ذرا
ملاحظہ ہو کہ شامّہ اور دید نے روحانی لطافتوں میں کیا حصہ لیا ہے:—

"صبح کو برفباری کا طوفان آیا۔ یہ طوفان دن بھر جاری رہا۔ مگر میں
دو گھنٹے انہی راہوں اور انہی درختوں کے جھنڈ میں حسب سابق گھومتا رہا۔

شفاف ہیں۔ روشنی کی برچھیاں چمک رہی ہیں، اُجلے اور گہرے رنگوں کا ایک ایسا طلسم سامنے ہے، جو آج تک کسی تصویر میں کسی حدود میں گرفتار نہیں ہو سکا۔

میں نہیں جانتا کہ کیوں اور کس طرح یہ سکون میری زندگی میں در آیا لیکن خیال ہے کہ انہی آسمانوں کی وجہ سے (کئی دفعہ سوچتا ہوں کہ آسمانوں کو میں ہر روز دیکھتا ہوں۔ پھر بھی یوں لگتا ہے کہ میں انہیں پہلی بار دیکھ رہا ہوں!) اس خزاں کے موسم میں بڑے سکون پرور لمحے میں نے گزارے ہیں۔ ان لمحات کو میں مسرتوں سے بھرپور لمحات کہوں گا۔ میں نے کہیں پڑھا تھا کہ مشہور رومانی شاعر لارڈ بائرن نے اپنی موت سے پہلے ایک دوست سے کہا تھا کہ میں نے ساری زندگی میں خوشی کے صرف تین لمحے دیکھے ہیں ـــ جب جنگل میں پیڑوں کے جھنڈ میں سے میں نے غروبِ آفتاب کا منظر دیکھا تو مجھے بائرن کا خیال آیا۔ پھر یکایک یہ خیال میرے دماغ میں کوندے کی طرح لپکا کہ میری زندگی کا یہ لمحہ مسرت سے کتنا بھرپور ہے! (میں اپنے اچھے لمحات کو کبھی تحریر میں نہیں لاتا، میں سوچتا ہوں ان لمحات کا جادو قلم اٹھانے کی بدولت ٹوٹ جائے گا۔ میں اپنے آپ کو مسرت کی لہر کے حوالے کر دیتا ہوں، میں خوشی کی موجوں پر بہتا رہتا ہوں۔ جہاں چاہیں وہ موجیں مجھے لے جائیں!)

تو پھر مسرت ہے کیا؟ کیا یہ ایسا ہی ایک لمحہ ہے؟ کیا ایسے ہی لمحے مسرت کے لمحے کہلاتے ہیں؟ یہ لمحے جو پلک جھپکنے میں ایک برق یا کیفیت کے ساتھ گذر بھی جاتے ہیں؟ ـــ میں نہیں جانتا میں یقین کے ساتھ کچھ نہیں کہہ سکتا، اس لئے میں بےیقینی اور شبہے کا فائدہ اٹھاتا ہوں

مماثلت پائی جاتی ہے۔ میں آپ کے سامنے پہلے تو امریکی شاعر والٹ وٹمین سے ایک اور اقتباس پیش کرتا ہوں، اس کے بعد میں ایک چینی دانشور کے بتائے ہوئے خوشی کے ۳۳ لمحات بیان کروں گا ـــــ ان سے آپ کو امریکی اور چینی طبائع کی یکسانیت کا اندازہ ہوگا۔ پہلے والٹ وٹمین کا ارشاد ملاحظہ ہو:

"مطلع صاف ہے اور موسم بڑا نکھرا، بڑا کھرا ہے۔ آکسیجن سے لدی ہوئی خشک اور نرم رو ہوائیں چل رہی ہیں ـــــ میرے گرد قدرت کا اعجاز پھیلا ہوا ہے۔ یہ اعجاز میرے رگ و پے میں رچا جا رہا ہے، مجھ پر چھایا جا رہا ہے۔ یہ درختوں اور پانی، گھاس اور سورج کی روشنی اور ہلکی سی کہر کا اعجاز ہے۔ مگر آج میں دن بھر زیادہ تر قدرت کے سب سے بڑے اعجاز، آسمان کو تکتا رہا ہوں۔ آسمان کی رنگت بڑی ہلکی، بڑی شفاف نیلاہٹ لئے ہے جو صرف خزاں میں نظر آتی ہے کہیں کہیں ابر کے چھوٹے بڑے سفید ٹکڑے ہیں۔ جو آسمان کی عظیم وسعت، اپنی خاموش اور لطیف حرکت کا عکس چھوڑتے ہیں۔ دن کے پہلے حصے میں (کوئی سات بجے سے ۱۱ بجے تک) آسمان کی نیلاہٹ بڑی خالص اور اُجلی تھی۔ دوپہر ہونے کے ساتھ رنگت ہلکی ہو جاتی ہے۔ اور کوئی دو تین گھنٹے تک کافی اُجلی سی رہتی ہے، کافی سفید نظر آتی ہے۔ پھر سورج کے غروب تک آسمان کا رنگ پیلا سا پڑ جاتا ہے۔ دم غروب آفتاب کو اب میں درختوں کے ایک جھنڈ میں سے دیکھتا ہوں۔ درختوں کی شاخوں میں سے غروب آفتاب کی روشنی چکا چوند پیدا کر رہی ہے۔ اِس میں آگ کے شعلے ہیں۔ ہلکے پیلے رنگ کا گلنار کھلا ہے، خون کی قرمزی دھاریاں ہیں اور پانی پر چاندی کی سیال چمک بچھ گئی ہے ـــ سائے

پر کوئی پرندہ تک نظر نہیں آتا۔ میرا سارا بدن پسینے میں ڈوبا ہوا ہے۔
میرے سامنے دوپہر کا کھانا رکھا ہے۔ مگر مارے گرمی کے لقمہ نہیں اٹھایا جاتا۔
میں زمین پر ایک چٹائی بچھا کر لیٹ جاتا ہوں۔ مگر بہت جلد چٹائی پسینے سے
تربتر ہو جاتی ہے۔ مکھیاں تنگ کرنے لگتی ہیں۔ وہ میری ناک پر بار بار بیٹھتی
ہیں اور اُڑائے نہیں اُڑتیں ـــــ میں گرمی کے مارے بے بس ہو رہا ہوں۔
یکایک رعد کا کڑکا ہوتا ہے اور سارے آسمان پر کالی گھٹائیں چھا جاتی ہیں۔ خوش
ابر سیاہ یوں گھر کر آتا ہے جیسے لشکر لڑائی کے لئے اُمڈے آتے ہوں پھر
بارش شروع ہو جاتی ہے۔ موسلا دھار مینہ کے جھالے برسنے لگتے ہیں۔ پسینے
رُک جاتے ہیں، زمین کی چپچپاہٹ دور ہو جاتی ہے۔ ساری مکھیاں بھاگ کر کہیں
چھپ جاتی ہیں اور میں اُٹھ کر کھانا (چاول) کھاتا ہوں ـــــ کیا یہ مسرت
کا لمحہ نہیں ؟

۵ ـــــ ایک دوست سے دس برس سے ملاقات نہیں ہوئی یکایک
وہ ایک شام کو میرے گھر آ جاتا ہے۔ میں دروازہ کھولتا ہوں اور اسے خوش
آمدید کہتا ہوں۔ یہ نہیں پوچھتا کہ بھیا تم کشتی سے آئے، یا خشکی کا سفر کر کے
یہاں تک پہنچے ـــــ میں اُسے یہ بھی نہیں کہتا کہ پلنگ پر بیٹھو یا آرام کرسی پر
نیم دراز ہو جاؤ۔ میں کچھ کہے سنے بغیر، فوراً اندر جاتا ہوں اور اپنی بیوی
سے بڑی لجاجت سے کہتا ہوں " ایک گیلن شراب کی ضرورت ہے!" ـــــ
وہ چپ چاپ اپنی سونے کی جڑاؤ پن مجھے دیدیتی ہے۔ تاکہ میں اسے
بیچ کر شراب لے آؤں ـــــ اور میں دل ہی دل میں حساب لگاتا ہوں کہ اس
پن کو بیچ کر جو رقم ملے گی، وہ تین دن تک چل جائے گی . . . کیا یہ مسرت

اور ان نیلے آسمانوں سے پوچھتا ہوں — کیا تمہاری نیلی گہرائیاں مجھ جیسے بیمار کے ہر درد کا درماں بن سکتی ہیں ؟ (ہائے پچھلے تین برس میرا جسم اور میری روح کن مصیبتوں کے بھنور میں رہے ہیں) اور کیا تمہاری نیلی گہرائیاں میرے درد کا درماں لطیف ہواؤں کے قالب سے امرت رس کی طرح مجھ پر ٹپکاتے جا رہی ہیں ؟!"

والٹ وٹمین

# ۳۔ مسرت کے ۳۳ لمحات

اور اب میں آپ کے سامنے ان لمحات کا بیان پیش کرتا ہوں جو ایک چینی فلسفی کے پُرمسرت لمحات ہیں۔ ان لمحات کا تعین چن شنگ تان نے کیا ہے جو سترھویں صدی میں چینی ادب کا مشہور نثر پرست نقاد مانا جاتا ہے۔ مسرت کی ان گھڑیوں کا بیان اس نے ڈرامہ "مغربی گھر" کی تفسیر میں کیا ہے۔ یہ لمحے اس نے ایک دفعہ اپنے ایک دوست کے ساتھ بیٹھ کر متعین کیے تھے جب چن اور اس کا دوست دونوں سخت برسات کی وجہ سے ایک مندر میں دس دن تک پناہ لینے پر مجبور ہو گئے تھے — خوشی کی یہ ۳۳ گھڑیاں وہ ہیں۔ جن میں انسان کی روح اس کے حواس کے ساتھ پوری طرح مربوط اور ہم آہنگ ہوتی ہے :—

△ — جون کا ایک گرم دن ہے سورج گویا سوا نیزے پر چمک رہا ہے۔ ہوا کا کہیں ایک جھونکا تک نہیں اور تا حدِ نظر بادلوں کا کوئی نام و نشان نہیں۔ گھروں کے آنگن بھٹی کی طرح تپ رہے ہیں اور تپتے آسمان

لال پیلے ہو کر ایک دوسرے سے اُلجھے پڑتے ہیں۔ ان کی آنکھوں میں غصّے کی چمک لہرا رہی ہے گویا وہ ایک دوسرے کے جانی دشمن ہیں۔ گالی گلوچ سے تو کام نہیں لے رہے، لیکن تمیز داری اور آپ جناب کرتے کرتے ایک دوسرے کو کیوں اور کیسے کے پھیر میں ڈال رہے ہیں۔ لفظوں کا ایک دریا ہے کہ امڈا آتا ہے۔ یکایک ایک طرف سے ایک پہلوان نما شخص آتا ہے اور دونوں کو بڑے طنطنے سے کہتا ہے "جاتے ہو یا لگاؤں دو دو" ــــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں؟

△ ــــ اپنے بچوں کو ادب کے شہ پارے، بڑی روانی سے پڑھتے دیکھ رہا ہوں۔ ان کی ننھی آوازیں یوں معلوم ہوتی ہیں جیسے ایک صراحی سے برابر پانی نکل رہا ہے؟ ــــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں؟

△ ــــ کھانا کھانے کے بعد فارغ وقت میں میں دکانوں کی سیر کرتا ہوں، چیزیں دیکھتا ہوں۔ کوئی ننھی سی چیز مجھے بہت پسند آجاتی ہے۔ دکاندار سے مول تول پر تکرار ہوتی ہے قیمت کی معمولی سی کمی بیشی پر بحث ہوتی ہے۔ مگر دکاندار قیمت کم کرنے سے صاف انکار کر دیتا ہے۔ پھر میں اپنی جیب سے ایک چھوٹی سی چیز نکالتا ہوں جو قیمت کے فرق کے برابر ہوتی ہے اور اسے دکاندار کو پیش کرتا ہوں۔ دکاندار مسکرا دیتا ہے اور آداب بجالا کر کہتا ہے "آپ تو بیحد فراخ دل واقع ہوئے ہیں!" ــــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں۔

△ ــــ کھانا کھانے کے بعد فارغ وقت میں، میں اپنا ٹرنک کھولتا ہوں اور پرانی چیزیں اُلٹ پلٹ کرتا ہوں۔ میں دیکھتا ہوں کہ چند کاغذ کے پُرزے ایک کونے میں ہیں۔ یہ کچھ پرونوٹ ہیں۔ ان سے معلوم ہوتا ہے کہ چند

کا لمحہ نہیں ؟

△ ـــــــ میں ایک خالی کمرے میں تنہا بیٹھا ہوں۔ میرے بستر کے سرہانے دوسرے کمرے میں کوئی چوہا کُتر کُتر کر رہا ہے۔ میں جھنجھلا رہا ہوں۔ سوچتا ہوں یہ کھڑ بڑ کیسی ہے؟ یہ چوہا میری کونسی چیز کو کُتر سے ڈالتا ہے؟ کونسی کتاب کُتر رہا ہے یہ؟ ـــ میری جان سخت ضیق میں ہے۔ کچھ کیے بن نہیں پڑتا ہے یکایک ایک بڑی خونخوار بلّی نظر آتی ہے جو دُم ہلاتی ہوئی ایک طرف نظریں جما دیتی ہے۔ میں اپنی سانس تک روک لیتا ہوں اور چپ چاپ بیٹھا رہتا ہوں۔ یکایک ایک ہلکی سی چیخ کے بعد چوہے کی آواز ہوا کے جھونکے کی طرح غائب ہو جاتی ہے؟ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

△ ـــــــ میں نے اپنے مطالعے کے کمرے کے سامنے اُگے ہوئے دو بیکار پیڑ اکھاڑ دئیے ہیں۔ ان کی جگہ میں نے کیلے کے پندرہ بیس لہلہاتے پودے لگا دئیے ہیں۔ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

△ ـــــــ بہار کی ایک رات میں اپنے رومانی مزاج کے ایک دوست کے ساتھ لب جوئبار بیٹھا، پی رہا ہوں۔ نشہ زیادہ نہیں، نہ کم ہے نیم مخموری کا عالم ہے۔ پینا بند بھی نہیں ہو سکتا اور پیتے جانا بھی مشکل ہے۔ میرا ایک سمجھدار نوکر فوراً دس بیس پٹاخے لاتا ہے۔ میں پینا چھوڑ کر، پٹاخے چھوڑنا شروع کر دیتا ہوں۔ گندھک کی تیز بو میرے نتھنوں میں گھستی ہے اور دماغ میں پہنچ جاتی ہے۔ سارا بدن ڈھیلا ہو جاتا ہے۔ اور عجیب سی راحت محسوس ہوتی ہے کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

△ ـــــــ میں بازار میں جا رہا ہوں۔ دو آدمیوں کو دیکھتا ہوں کہ

آستین کھینچکر اپنے پاس بٹھا لیتا ہے۔ پھر کہتا ہے: اب آ گئے ہو تو یہ دیکھو۔
ہم دونوں ہنس پڑتے ہیں اور پھر باتیں شروع ہوتی ہیں۔ ———- - - - - ———
باتیں جاری رہتی ہیں حتیٰ کہ دیواروں پہ سے سائے جاتے رہتے ہیں۔ وہ
بھوک محسوس کرتا ہے اور چپکے سے مجھ سے پوچھتا ہے: کیوں کچھ کھاؤ گے؟
—کیا یہ مسرّت کا لمحہ نہیں؟—

△ ——— سارا مہینہ بارش ہوتی رہی ہے۔ صبح ہونے کو آئی ہے۔
میں بستر میں یوں لیٹا ہوں جیسے پی رکھی ہے یا بیمار رہوں۔ اُٹھنے کو جی نہیں
چاہتا۔ یکایک پرندے چہچہانے لگتے ہیں۔ مطلع ضرور صاف ہو گیا ہو گا۔ میں
پردہ کھینچ کر کھڑکی کھول دیتا ہوں۔ خوبصورت دھوپ ہر طرف چمک رہی ہے۔
جنگل نہایا دھویا کھڑا ہے ——— کیا یہ مسرّت کا لمحہ نہیں؟

△ ——— میرا مکان بنانے کا کوئی ارادہ نہیں تھا۔ مگر اتفاق ہوا
کہ غیر متوقع طور پر ایک جگہ سے کچھ رقم میرے ہاتھ آ گئی۔ اور میں نے مکان کی
تعمیر شروع کر دی ——— اس دن کے بعد سے ہر صبح اور ہر شام مجھے کہا جاتا تھا
کہ مجھے مزید عمارتی لکڑی اور پتھر اور اینٹیں اور چونا اور سیمنٹ خریدنا ہیں
ورنہ عمارت مکمل نہیں ہو گی۔ مجھے روپے کی مزید ضرورت تھی۔ میں نے اس
مکان کی خاطر ہر جگہ سے روپیہ حاصل کرنے کی کوشش کی۔ ایک بار تو میں
ہمت ہار بیٹھا کہ شاید یہ گھر کبھی نہیں بن سکے گا۔ مگر ایک دن یہ مکان مکمل ہو جاتا
ہے۔ دیواروں پر سفیدی پھر جاتی ہے۔ فرش دھل دھلا کر صاف ستھرے ہو
جاتے ہیں اور دیواروں پہ رنگین تصویریں لٹکا دی جاتی ہیں ——— سارے معمار مزدور
جا چکے ہیں اور پھر میرے دوست آ تے ہیں اور اس نئے گھر میں بیٹھ جاتے

لوگ میرے خاندان کے مقروض ہیں۔ ان مقروض لوگوں میں سے کچھ مر چکے ہیں کچھ زندہ ہیں، مگر کوئی ایسا نہیں جو ہمارا روپیہ لوٹا دے گا۔ ان لوگوں کی عدم موجودگی میں، میں ان کاغذوں کو جمع کر کے آگ دکھا دیتا ہوں۔ رفتہ رفتہ یہ ڈھیر جل جاتا ہے اور اس کا دھواں بھی ختم ہو جاتا ہے —— کچھ باقی نہیں رہتا —— کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

△ —— بھری گرمیوں کا ایک دن ہے۔ میں ننگے پاؤں ننگے سر باہر نکلتا ہوں کہ رہٹ چلانے والوں کا لوک گیت سنوں۔ میں دیکھتا ہوں کہ رہٹ کے چکر پر ٹھنڈا پانی، سیال چاندی کی طرح پگھلتی ہوئی برف کی طرح گھوم رہا ہے اور نوجوان گیت گا رہے ہیں —— کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

△ —— صبح اٹھتا ہوں تو گھر میں کسی کو آہیں بھرتے اور یہ کہتے سنتا ہوں کہ کوئی مر گیا ہے۔ میں جلدی سے پوچھتا ہوں کہ کون مر گیا؟ دل میں یہ ڈر ہوتا ہے کہ اپنا ہی کوئی عزیز وفات نہ پا گیا ہو۔ پتا چلتا ہے کہ فلاں عالم فاضل فوت ہو گیا ہے —— جی کو تسلی ہو جاتی ہے —— کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

△ —— میں صبح سویرے اٹھتا ہوں اور دیکھتا ہوں گرمیوں کی اس صبح کو کچھ لوگ ایک چھپر کے نیچے ایک لمبے بانس کو چیر کر اس سے پانی کا پائپ بنا رہے ہیں —— کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

△ —— ایک رات ایسا معلوم ہوتا ہے گویا میں کسی کو اپنی یاد کرتے سن رہا ہوں۔ اگلے دن میں اس دوست سے ملنے جاتا ہوں۔ کمرے میں داخل ہو کر میں دیکھتا ہوں کہ میرا دوست میز پر بیٹھا جنوب کی طرف منہ کئے ایک دستاویز کو دیکھ رہا ہے۔ مجھے دیکھ کر وہ سر ہلا کر سلام کرتا ہے اور میری

بھائی کتنے روپے چاہئیں آپ کو ؟ اور پھر میں اس کی مطلوبہ رقم اُسے دیدیتا ہوں اور کہتا ہوں " اتنی جلدی گھر جا کر بھی کیا کیجئے گا، کچھ پی لیجئے" ـــــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

∆ ـــــ میں ایک چھوٹی سی کشتی میں بیٹھا ہوں۔ ہوا کا رُخ ہمارے موافق ہے۔ مگر ہماری کشتی میں کوئی بادبان نہیں۔ اس لئے تیز نہیں چل سکتی۔ یکایک ایک بڑی بادبانی کشتی نمودار ہوتی ہے جو ہواؤں کے رُخ برق کی تیزی سے چلی جارہی ہے۔ میں اپنا رسا پھینکتا ہوں کہ اس بڑی کشتی سے اپنی چھوٹی کشتی باندھ لوں۔ رسّے کا اٹک غیر متوقع طور بڑی کشتی کے لنگر کے ساتھ پھنس جاتا ہے اور ہماری کشتی اس بڑی کشتی کے ساتھ بندھ جاتی ہے اور تیز تیز کھنچنے لگتی ہے۔ میں خوشی کے مارے، ملاحوں کا ایک گیت گانے لگتا ہوں ـــ اور سب لوگ خوشی سے تمتانے لگتے ہیں ـــــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

∆ ـــــ مجھے مکان کی تلاش ہے۔ مگر کوئی مناسب مکان نہیں ملتا۔ پھر ایک دن ایک شخص آکر بتاتا ہے کہ فلاں جگہ ایک مکان خالی ہے جس میں کوئی درجن بھر کمرے ہیں۔ مکان، لبِ دریا واقع ہے اور اس کے ارد گرد چاروں طرف سرسبز درخت ہیں۔ میں اُسے کہتا ہوں کہ کھانا کھا کر مکان دیکھنے چلیں گے۔ مکان کے پاس پہنچ کر میں دیکھتا ہوں کہ مکان بڑا خوبصورت ہے اور چاروں طرف کافی زمین خالی پڑی ہے۔ جہاں سبزی، ترکاری اور تر بوز خربوزے اگائے جا سکتے ہیں! ـــ میں کہتا ہوں: اچھا! مکان کے ساتھ آئندہ سبزیوں کی بھی کوئی دقت نہ ہوگی! ـــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

ہیں ــــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

△ ـــــ سرما کی ایک رات میں پی رہا ہوں ۔ یکایک محسوس ہوتا ہے کہ رات بے حد سرد ہو گئی ہے ، کھڑکی کھول کر دیکھتا ہوں کہ برف گر رہی ہے اور تین چار انچ برف زمین پر پڑی ہے ــــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

△ ـــــ میں گرما کی ایک تپتی ہوئی سہ پہر کو ایک بڑا شہیدی تربوز بڑے تیز چاقو سے کٹا کٹ کاٹ رہا ہوں ــــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

△ ـــــ مدت سے آرزو ہے کہ بھکشو بن جاؤں ۔ مگر مشکل یہ ہے کہ بھکشو کو گوشت کھانے کی ممانعت ہوتی ہے ۔ فرض کیجئے ۔ مجھے بھکشو بننے کی اجازت مل گئی ہے ؛ اور میں سب کے سامنے گوشت بھی کھا سکتا ہوں ۔ اب میں فوراً گرم پانی کا ایک تسلا لے کر بیٹھ گیا ہوں اور گرما کے ایک مہینے میں میں نے اپنا سر ، خود تیز اُسترے سے مونڈ ڈالا ہے ــــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

△ ـــــ مجھے پُرانے ٹرنک یا الماری کے کونے میں کسی دوست کے ہاتھ کا لکھا ہوا خط مل جاتا ہے ــــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

△ ـــــ جسم کے پوشیدہ حصّے پر اگیزیا کے چند دھبّے ہیں ۔ کبھی کبھی انہیں چھیل دیا جاتا ہے اور پھر غسل خانے میں بند ہو کر انہیں دھو دھا کر دوا لگا دی جاتی ہے ــــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

△ ـــــ ایک غریب ادیب یا عالم مجھ سے قرض مانگنے آتا ہے ۔ مگر مانگتے ہوئے ہچکچاتا ہے ۔ اس لئے اِدھر اُدھر کی باتیں ہوتی ہیں ۔ میں دیکھتا ہوں کہ وہ کچھ مضطرب سا ہے ۔ میں اُسے الگ ہو کر پوچھتا ہوں " کیوں

∆ —— شہر کا حاکم منادی کر دیتا ہے کہ آج ہر شہری خوشی کے شادیانے بجائے گا اور جشن عام میں حصہ لے گا —— کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

∆ —— پتنگ اڑ رہے ہیں ۔ آپ نے کسی کا پتنگ کاٹ دیا ہے ۔ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

∆ —— دور کسی جنگل میں آگ لگی ہے —— کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

∆ —— آپ اپنے تمام قرض اتار کر سبک دوش ہو گئے ہیں —— کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

∆ —— آپ اس شخص کی کہانی سن رہے ہیں جس نے دو محبت کرنے والوں کے ملاپ کی راہ نکالی —— کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں ؟

---

مسرت کے ان ہم لمحوں کا اندازہ کیجئے اور بیچارے شاعر بائرن کا خیال کیجئے جس کی زندگی میں مسرت کے صرف تین لمحے آئے تھے ۔ میرا خیال ہے یا تو وہ بے حد بیمار ذہن کا آدمی تھا ۔ یا پھر اس زمانے کے فیشن کے مطابق خواہ مخواہ غمگین اور افسردہ بنتا تھا ۔ یہ بات نہ ہوتی تو وہ کم سے کم اپنی زندگی کے تئیں ایسے موقعوں کا اقرار کرتا ، جو مسرت اور طمانیت سے بھرپور تھے ۔

مسرت کے مندرجہ بالا موقعوں سے کیا یہ ثابت نہیں ہوتا کہ زندگی واقعی ایک جشن کا نام ہے جو ہمارے لطف اور مزوں کے لئے برپا کیا گیا ہے —— یہ مسرتیں صرف انسانی حواس کے ذریعے حاصل کی جا سکتی ہیں ، اور اس لئے ہمیں یہ موقع بھی حاصل ہوتا ہے کہ ہم ان مسرتوں کے بارے میں واضح طور پر اقرار کر لیں —— مجھے یہ

△ ــــ ایک مسافر لمبے سفر کے بعد وطن لوٹتا ہے۔ شہر کے دروازے پر پہنچ کر وہ اپنے شہر کے مانوس چہرے، عورتیں اور بچے دیکھتا ہے۔ ان عورتوں، مردوں اور بچوں کو اپنی زبان میں باتیں کرتے ہوئے سنتا ہے ــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں؟

△ ــــ چینی کا کوئی خوبصورت برتن ٹوٹ جاتا ہے۔ اس کے مرمت کرنے اور جوڑنے کی کوئی صورت نہیں۔ اُسے دیکھ دیکھ کر اور افسوس ہوتا ہے کہ اتنا اچھا برتن ضائع ہو گیا۔ آخر میں سوچتا ہوں کہ جب یہ برتن اب ٹھیک نہیں ہو سکتا تو اس کے بارے میں یہ روز کا دُکھ کیوں سہوں۔ میں یہ ٹوٹا ہوا برتن باورچی کے حوالے کرتا ہوں اور کہتا ہوں یہ برتن پھر میرے سامنے کبھی نہ آئے ــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں؟

△ ــــ میں ولی نہیں، اس لئے مجھ سے گناہ بھی سرزد ہوتے ہیں رات کو کوئی ایسی بات ہوئی ہے کہ میں صبح اُٹھ کر سخت بے چین اور شرمندہ محسوس کرتا ہوں۔ یکایک مجھے بدھ مت کی یہ تعلیم یاد آئی ہے کہ گناہوں کی پردہ پوشی نہ کرنا بھی توبہ کے برابر ہے۔ میں فوراً اپنے ہم صحبت لوگوں کو اپنے گناہ کے بارے میں تفصیل سے بتاتا ہوں۔ اس میں دوست اور اجنبی کا فرق نہیں کرتا۔ میرا دُکھ ہلکا ہو جاتا ہے ــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں؟

△ ــــ میں ایک خوش نویس کو ایک فٹ موٹے حروف لکھتے دیکھ رہا ہوں ــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں؟

△ ــــ کھڑکی کھول کر میں نے ایک بھڑ کو کمرے سے باہر نکال دیا ہے ــ کیا یہ مسرت کا لمحہ نہیں؟

یا روحانی خوشیاں صرف اسی صورت میں حقیقی خوشیاں ہوتی ہیں جب انہیں جسم کے ذریعے محسوس کیا جا سکے ــــ میں تو اخلاقی مسرّتوں کو بھی انہی میں شامل کر دوں گا۔ کیونکہ یہ بھی جسم کے ذریعے سے ہی حاصل ہو سکتی ہیں ــــ مگر ایک بات نکل آئی ہے۔ جو شخص کسی عقیدے یا نقطۂ نظر کی تعلیم دے، اُسے اس بات کے لئے تیار رہنا چاہیئے کہ لوگ اس کی باتوں کا غلط مطلب سمجھیں گے۔ عیش پرستی کا فلسفہ کبھی یونانیوں میں مقبول تھا، مگر اس کا بھی مطلب لوگوں نے غلط سمجھا! یہی حال رواقی فلسفے کا تھا، جس میں زندگی کا مقصد یہ تھا کہ نیکی کی جائے۔ اور راحت، یا الم دونوں کے احساس پر قابو پا لیا جائے ــــ رواقی فلسفے کا تو مطلب یہ لیا گیا کہ دل کو پتھّر بنا لیا جائے (حالانکہ اس فلسفے کی بنیاد دلی نیکی پر تھی!) اسی طرح اپی قورس کے نظریات سے جو دانش اور اختیار کا نچوڑ تھے، مگر عام لوگوں نے یہی سمجھا کہ بس جی کھول کر دادِ عیش دینا ہی زندگی کا مقصد ہے ــــ یہی حال غالباً میرا ہو گا ــــ کہ میں نے زندگی کے بارے میں بڑا مادّی نظریہ پیش کیا ہے جو خود غرضی پر مبنی ہے! اور یہ کہ اس نظریے میں سماجی ذمہ داری کا نام نشان نہیں۔ اور یہ کہ میں نے یہ تلقین کی ہے کہ اپنی ذات کو سب سے مقدّم سمجھو اور چین کرو! ــــ یہ اعتراضات ناسمجھی پر مبنی ہیں۔ معترضین نہیں جانتے کہ وہ کیا کہہ رہے ہیں۔ وہ نہیں جانتے کہ الم اور راحت کو ہیچ سمجھنے والے کا دل بھی بڑا نرم ہوتا ہے۔ وہ یہ بھی نہیں جانتے کہ زندگی کے شیدائی کا مزاج کتنا نرم اور کتنا اچھا ہونا چاہیئے! وہ نہیں جانتے کہ سارے انسانوں سے محبت کرنے کی تعلیم دینے کے لئے اگر دلیلیں دینی پڑیں، اگر اسے ایک عقیدہ اور مذہبی فریضہ بنا دیا جائے تو ساری بات بیکار ہو جاتی ہے۔ جس محبت کو دلیلوں کا سہارا لینا پڑے وہ کبھی مخلصانہ اور سچی نہیں ہو سکتی! محبت تو بالکل قدرتی ہونی چاہیئے۔ یہ اتنا ہی فطری

شک ہے کہ ہم اس دنیا کی مسرتوں سے جان بوجھ کر آنکھیں بند کر لیتے ہیں کیونکہ یہ دنیا حواس کی لذتوں کا نام ہے اور ہمارے روحانیت پرستوں نے ہمیں حواس کی مسرتوں کا لطف اٹھانے سے بہت زیادہ ڈرا رکھا ہے۔ اب ضرورت اس بات کی ہے کہ ایک اعلیٰ قسم کا فلسفہ ہمیں اپنے جسم کی لذت انگیز صلاحیتوں سے پھر روشناس کرائے، اِن صلاحیتوں پر ہمارا اعتقاد اور اعتماد پختہ کرے اور حواس کے مزوں کو ہم حقارت کی نظروں سے نہ دیکھیں، ان سے ڈرنا بھی چھوڑ دیں ـــــ ورنہ تیاگ کے مبلغوں کو چاہئے کہ ہم میں مادہ پرستی کا عنصر فنا کر کے، ہمارے جسموں کو محض روح بنا دیں۔ ہمارے جسم کے اعصاب، ذائقہ اور شامہ کی حسیات باقی نہ رہنے دیں، رنگوں کا امتیاز کرنے سے ہماری آنکھیں اندھی ہو جائیں۔ حرکت اور لمس سے ہمارے جسموں کو کوئی واسطہ نہ رہے۔ اور پھر ہم بھی ہندو بیراگیوں کی طرح اپنے جسم کو عذاب دے دے کر اسے مار سکیں ـــــ مگر یہ کہاں ممکن ہے؟ اس لئے یہ نہیں تو پھر ہم جو کچھ ہیں اُسی طرح رہنا ہمارے لئے بہتر ہے۔ کیونکہ صرف وہی فلسفہ ہمیں سچی خوشی کی راہ سمجھا سکتا ہے جو حقائق سے واسطہ رکھتا ہو۔ کیونکہ صرف حقائق سے واسطہ رکھنے والا فلسفہ ہی صحت مند اور معقول فلسفہ ہوا کرتا ہے۔

## ۴۔ مادّہ پرستی ـــــ چند غلط فہمیاں

پچھلی فصل میں، زندگی کے پُرمسرت لمحات کا بیان آپ نے دیکھ لیا۔ اس سے آپ کو یقین ہو گیا ہو گا کہ حقیقی زندگی میں ذہنی اور جسمانی خوشیاں ایک دوسرے سے گہرے طور پر منسلک ہوتی ہیں اور ان کو ایک دوسرے سے الگ کرنا محال ہے۔ ذہنی

سے پوری واقفیت حاصل کرکے اور اِن کی روح سے ہم آہنگ ہوکر ہی ہم کہہ سکتے ہیں کہ یہ نیا عقیدہ یا نیا مسلک یا نیا مذہب کیسا ہے اور کیا ہے۔ میرے نزدیک مادیت میں خوشی کا عنصر مضمر ہے، ایک ایسی بھرپور کیفیت شامل ہے جسے ہم ظاہری طور پر نہیں دیکھ سکتے۔ جو شخص حقیقت میں مادّہ پرست ہوگا وہ زندہ دلی اور مسرت کا پیکر ہوگا۔ صرف وہی لوگ مادہ پرستی کے نقائص دیکھتے ہیں جنہیں مارے باندھے مادیت پر اعتقاد رکھنا پڑتا ہے جنہیں اپنی زندگی تو بڑی خود غرضی اور راندھی مادّہ پرستی میں گزارنی پڑتی ہے مگر اُن کا دل غیر حقیقی روحانیت کے خواب دیکھتا رہتا ہے۔ جارج سنتیانا لکھتے ہیں:۔

"جو شخص حقیقت میں مادہ پرست ہے، یعنی جس کا خمیر ہی اس عقاد سے اٹھایا گیا ہے اور جسے طوعاً او کرہاً اس طرز زندگی کو اپنانا نہیں پڑا، وہ شخص فلسفی ڈیموکری ٹس کے سے اعلیٰ مقام کا حقدار ہے۔ وہ مسرت اور نشاط کی بلندیوں تک پہنچ سکتا ہے۔ مادیت جس حُسن و خوبی سے ہزار طلسماتی شکلیں اختیار کرتی ہے اور جس زور و شدت سے ہزاروں گہرے جذبوں کو فروغ دیتی ہے وہ بے مثال ہیں۔ ان شکلوں کو دیکھ کر ویسی ہی ذہنی آسودگی حاصل ہونی چاہئے جیسی حیاتیات کے ایک عجائب خانے کو دیکھ کر ہوتی ہے جس میں اَن گنت تتلیاں شیشے کے بکسوں میں رکھی گئی ہوں اور جھینگا مچھلی سے لے کر گوریلا بندروں تک کے پیکر جہاں محفوظ کئے گئے ہوں۔ مادیت ایک صحت مند جسم میں عمل اور عزم کے جذبات پیدا کرتی ہے۔ ان جذبات میں خود غرضی نہیں ہوتی۔ بلکہ خود غرضی کی امنگوں کے لئے حقارت اور نفرت کا احساس ہوتا ہے۔

جذبہ ہونا چاہیئے جس طرح پرندے قدرتی طور پر پرواز کے لئے اپنے پر پھڑپھڑاتے ہیں۔ انسانیت کی محبت کا جذبہ ایک سیدھا سادہ صحت مند جذبہ ہونا چاہیئے جو اپنے آپ سے اپنے آپ صحت مند انسان کے دل سے پھوٹ پڑے! جو شخص ہرے بھرے پیڑوں سے محبت رکھتا ہو وہ کبھی جانوروں یا اپنے بھائی انسانوں پر ظلم نہیں کرسکتا کیونکہ قدرت کے ساتھ ہم آہنگی ہم کو یہی سکھاتی ہے۔ ایک صحت مند روح جسے زندگی اور انسان کے بارے میں ٹھیک اور مناسب باتیں معلوم ہوں اور جو فطرت کے بھید دل سے واقف ہو، ہمیشہ رحم سے بھرپور ہوگی کیونکہ لطف و کرم اس کا قدرتی حصہ ہوگا۔ روح کو ان الطاف و عنایات کے لئے کسی تعلیم یا مذہبی عقیدے یا فلسفے کی ضرورت نہیں ـــــ جس شخص کی روح جسمانی حواس کے ذریعے مناسب تربیت اور تہذیب پاتی رہے اور جو شخص مصنوعی زندگی اور انسانی سماج کے مصنوعی علم سے کچھ کچھ الگ تھلگ رہے صرف وہی شخص ذہنی اور اخلاقی طور پر صحت مند رہ سکتا ہے۔

مادہ پرستی کو بڑا غلط سمجھا گیا ہے۔ بہت زیادہ غلط سمجھا گیا ہے۔ ـــــ میں اس سلسلے میں موجودہ دور کے زبردست فلسفی جارج سنتیانا کو اپنا ترجمان بناتا ہوں جو اپنے آپ کو مادہ پرست کہتے ہیں۔ اور یہ فرما دیتے ہیں کہ "شاید اس دنیا میں میں آخری مادہ پرست زندہ رہ گیا ہوں!" ـــــ مگر ایک زمانہ جانتا ہے کہ جارج سنتیانا، دور حاضر کی خوبصورت ترین شخصیت ہیں۔ ان کا کہنا ہے: "مادیت کے فلسفے کے خلاف ہمارے دل میں جتنے تعصبات ہیں وہ سب اوپری ہیں۔ اصل میں مادیت میں ہمیں کچھ ایسی خامیاں نظر آتی ہیں جو ہمارے پرانے عقائد کی رو سے زیادہ بری معلوم ہوتی ہیں اور ان خامیوں کو دیکھ کر ہمیں بڑا سخت دھکا لگتا ہے"۔ مگر یہ یاد رہے کہ کسی نئے عقیدے، یا ملک یا مذہب کو باہر سے دیکھ کر کوئی حکم نہیں لگایا جاسکتا۔ ان

فلسفیوں کا ایک مدت سے یہ خیال رہا ہے کہ سارا انسانی علم، حواس کے تجربے اور مشاہدے سے حاصل ہوتا ہے۔ انسان کے پاس اگر لمس اور دیکھنے اور سننے کے حواس نہ ہوں تو اُسے کوئی علم حاصل نہیں ہو سکتا۔ جیسے کوئی کیمرہ، محدب شیشے اور فلم کے بغیر تصویر لے ہی نہیں سکتا۔ چنانچہ کسی تیز فہم شخص اور کند ذہن شخص میں یہ فرق ہوتا ہے کہ تیز فہم شخص کے وجود میں زیادہ طاقت کے محدّب شیشے لگے ہیں اور دیکھنے اور اشیاء کے عکس کو محفوظ کرنے کا سامان، بہتر نوعیت کا ہے۔ اسی لئے اشیاء کا عکس اس کے دماغ میں بہتر طور پر آتا ہے اور تا دیر قائم رہتا ہے۔ یہ تجربے اور مشاہدے کا ذکر تھا۔ اب کتابی علم کو لیجئے۔ جب کتابی علم کو زندگی کے علم کے ساتھ مطابقت دی جائے گی تو اس وقت صرف غور و فکر یا تطابق ہی کام نہیں آئے گا۔ زندگی میں ہمیں اپنا راستہ ٹٹول ٹٹول کر ڈھونڈنا پڑتا ہے۔ ماحول کو اسی صورت میں دیکھنا پڑتا ہے جس صورت میں وہ ہے۔ زندگی میں جو اَن گنت باتیں ادھر اُدھر بکھری ہوئی ملتی ہیں، ان کے بارے میں ایک صحیح اندازہ ذہن میں قائم کرنا پڑتا ہے۔ انسانی زندگی اور انسان کی فطرت کے حقائق کو الگ الگ، غیر مربوط طور پر نہیں۔ بلکہ ایک 'کُل' کی حیثیت سے ان کا ایک خاکہ اور جائزہ لینا پڑتا ہے ـــــ گویا زندگی کے بارے میں ایک اندازہ اور جائزہ کرنے کی ضرورت ہے' اور زندگی کا تجربہ کرنے میں ہمارے تمام حواس ایک دوسرے کے ساتھ مکمل طور پر تعاون کرتے ہیں۔ حواس کے اسی ...... تعاون اور دل کے ساتھ دماغ کے مل کر کام کرنے سے ہی ہم میں ذہنی گرمی پیدا ہوتی ہے۔ اور یہی گرمی زندگی کی دلیل ہے۔ اسی طرح انسان میں زندگی کی دلیل یہی ہے جس طرح پودوں کی زندگی کی دلیل اُن کی سرسبزی ہے یا کسی ایسے پودے کو دیکھئے جس پر شروع ہی میں کوئی آفت آ گئی۔ اب اس کے پھلنے پھولنے کا اندازہ اسی بات

مادیت کے ساتھ جو اخلاقی نظام وابستہ ہے۔ وہ ذی روح مخلوق کی حقیقی مصیبتوں اور دکھوں سے آنکھیں بند نہیں کرسکتا، بلکہ دوسرے عمدہ اخلاقی نظاموں کی طرح، یہ نظام بھی انسانی دکھ درد پر اشک فشاں ہے۔ غم کی تحقیر صرف ان لوگوں کے لئے مخصوص ہے جو رجائیت پسندی کو دیوتا بنا کر اسے پوجتے رہتے ہیں۔ انسان کی خود پرستی اور خود پسندی سے کئی ایک خرابیاں پیدا ہوتی ہیں۔ اور انسان اپنی لفاظی کی بدولت اپنے آپ کو یہ یقین دلا سکتا ہے کہ کل کائنات کا مرکز اور محور وہی ہے۔ اس خود پرستی کا علاج صرف یہ ہے کہ اس پر ہنسا جائے۔ ہنسی میں ایک خوبی یہ بھی ہے کہ اس میں انسانی ہمدردی اور مفاہمت کا بڑا رنگ ہوتا ہے۔ جن لوگوں کی حماقتوں پر ہم ہنس سکتے ہیں، ان کی نیتوں یا ان کے افعال کا ہم مذاق نہیں اڑاتے۔ اس لئے مسرت حاصل کرنے کا راز یہ ہے کہ اسے معقولیت کی حد میں حاصل کیا جائے ــــ"

(جارج سنتیانا از "ایک مادہ پرست کے جذبات")

تو پھر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ یہ ذہنی زندگی یا روحانی زندگی کیا چیز ہے جس کے ہم اتنے ثنا خواں رہتے ہیں؟ اور جسے ہم حواس سے بھرپور زندگی پر ترجیح دینے کے عادی ہیں؟ ــــ آج کل حیاتیات کا علم بہت کچھ ترقی کر چکا ہے۔ اور حیاتیات ہمیں بتاتی ہے کہ روح، جسم کے رگ پٹھوں، کچھ رطوبتوں، اور کچھ اعصاب کا ایک "مجموعہ" ہے۔ میں تو یہ بھی کہوں گا کہ رجائیت ہمارے اعصاب کی ایک خاص حالت کا نام ہے۔ تو پھر یہ ذہنی زندگی کہاں سے پھوٹتی ہے؟ اس کا وجود کس چیز سے ہے؟ اور اس کی غذا کیا ہے؟

وادی کی خوشبو یا شہر کی تیز لُو، لفظوں میں ہمارے لئے محفوظ کرتا ہے —— ہم نے خود یہ معیار قائم کیا ہے۔ ہم خود کہتے ہیں کہ اچھا ناول وہی ہے جو حقیقی کردار اور حقیقی جذبات کی عکاسی کرے۔ یہ عکاسی جس قدر واقعیت کے قریب ہوگی اتنا ہی وہ ناول عمدہ سمجھا جائے گا۔ جو کتاب ہمیں انسانی زندگی سے دُور لے جائے یا بڑی سرد مہری سے کسی واقعے کا تجزیہ پیش کردے، وہ ادبی کارنامہ نہیں کہلاتی۔ جو کتاب انسانی لحاظ سے سچّی ہوگی، واقعیت سے قریب تر ہوگی، صرف اُسی کو ہم اچھا ادب پارہ کہیں گے۔ جو ناول، کرداروں کے بے جان اور سرد تجزیے پر اکتفا کرے گا، جس میں زندگی کا آب و رنگ نہیں ہوگا، اُسے کون پڑھے گا۔

باقی ذہنی مسرتوں کو لیجئے تو شاعری سب سے پہلے آتی ہے۔ شاعری ایک ایسی حقیقت ہے جسے جذبات کا رنگ دیا جاتا ہے۔ موسیقی بے لفظ جذبات کا نام ہے۔ اور مذہب ایسی دانش و حکمت کا نام ہے۔ جسے تخیلی رنگ میں پیش کیا جائے۔ تصویروں کا سارا دارومدار اس بات پر ہے کہ انسان دیکھ سکتا ہے اور رنگوں میں تمیز کرنے کی صلاحیت رکھتا ہے۔ شعر کا انحصار اس بات پر ہے کہ انسان، آوازوں میں تمیز کر سکتا ہے اور آہنگ اور لَے کا احساس رکھتا ہے۔ جذباتی مہیا کی اس کے علاوہ ہے جو اسے انسان کے لئے مرغوب بناتی ہے۔ موسیقی کا حال یہ ہے کہ موسیقی خالص جذبہ ہی جذبہ ہے۔ جسے زبان اور الفاظ کی ضرورت قطعی طور پر نہیں۔ اور الفاظ اور زبان کا تعلق صرف ذہن سے ہوتا ہے۔ گویا موسیقی پر ذہن کا اختیار ہی نہیں۔ موسیقی میں یہ قدرت ہے کہ ہمارے لئے پرندوں کا نغمہ، مچھلی منڈی کا بے ہنگم شور، یا میدانِ جنگ کا روح فرسا غوغا، جو چاہے پیش کر دے۔ بلکہ موسیقی تو پھولوں کی نزاکت، موجوں کی آہستہ خرامی، اور چاندنی رات کا حُسن بھی سُروں میں ظاہر کر سکتی ہے —— گویا موسیقی کا اوّل و آخر، حواس انسانی میں۔ اور جب موسیقی

سے کیا جائے گا کہ اس کے پتّوں اور نئی کونپلوں میں سبزی کا نشان ملتا ہے یا نہیں۔ اس کی چھال اور شاخیں سبزی اور نمو سے بہرہ یاب ہیں یا نہیں۔۔ یہی حال ہمارے خیالات کا ہے۔ اگر ان میں گرمی اور سچائی ہے تو ہم زندہ ہیں، ورنہ نہیں +

# ۵۔ ذہنی یا رُوحانی مسرت

آئیے، اب ذہن اور روح کی مفروضہ مسرتوں پر نظر ڈالیں اور یہ دیکھیں کہ یہ مسرتیں کس حد تک ہمارے حواس کے ساتھ وابستہ ہیں اور ان کا ہمارے ذہن سے کتنا اور کیا واسطہ ہے۔

وہ اعلیٰ روحانی خوشیاں کیا ہیں جنہیں ہم اپنے حواس کی ادنیٰ قسم کی مسرتوں سے الگ قرار دیتے ہیں؟۔۔ کیا یہ بھی حواس کی مسرتوں کا ہی ایک حصہ نہیں؟ کیا یہ روحانی مسرتیں حواس کی مسرتوں سے نہیں پھوٹتیں؟ اور کیا ان کا منتہا انسانی حواس نہیں؟ کیا یہ روحانی مسرتیں، حواس سے الگ کی بھی جا سکتی ہیں؟

انسانی ذہن کی اعلیٰ مسرتیں عام طور پر، ادب، آرٹ، موسیقی، مذہب اور فلسفہ سمجھی جاتی ہیں۔ مگر ان پر گہری نظر ڈالنے سے معلوم ہوتا ہے کہ ان مسرتوں کی پیدائش میں ذہنِ انسانی کا اتنا ہاتھ نہیں۔ ان کا تمام تر واسطہ انسان کے حواس اور انسان کے جذبات سے ہے۔ آرٹ کو لیجئے۔ تصویر آخر کیا ہے؟ یہی نا کہ کسی قدرتی نظارے یا کسی کی شبیہ کا نام تصویر ہے ۔۔۔ اور یہ تصویر کسی سچ مچ کے قدرتی منظر یا کسی حسین چہرے کی یاد ہمارے لئے تازہ کر دیتی ہے!۔۔ اور ادب کیا ہے؟ ادب بھی ہر پھر کر زندگی کی ایک تصویر پیش کرتا ہے، زندگی کا ماحول، آب و رنگ کسی

کے لیئے کوئی وقعت، کوئی جگہ نہیں رہنے دیتا یعصب کی بنا پر اس شخص کے دل میں وسعت نہیں رہتی۔ "مذہب" اس صورت میں فرد اور خدا کے مابین، ذاتی سودے کی حیثیت اختیار کر لیتا ہے۔ اِس ذاتی قسم کے سودے میں ایک فریق (خدا) کو دوسرا فریق (فرد) عظمت کی بلندیوں پر چڑھاتا ہے۔ اس کی حمد کے ترانے گاتا ہے اور ہر ممکن موقع پر اس کا نام لیتا ہے۔ اس کے جواب میں پہلا فریق (خدا) دوسرے فریق (فرد) کو اوروں کے مقابلے میں برکت و سعادت بخشتا ہے، دوسروں کے خاندانوں کے مقابلے میں اس فرد کے خاندان کو زیادہ سرفراز کرتا ہے!

اِسی بنا پر ہم دیکھتے ہیں کہ جس چیز کو عرف عام میں "مذہب" کہا جاتا ہے وہ خود غرضی کا ایک قالب ہے اور جو لوگ بڑے "دیندار" بنتے ہیں، خود غرضی ان کی فطرت ثانیہ ہوتی ہے۔ اس کے علاوہ یہ نام نہاد "مذہب" انسان میں اپنے آپ کو راہِ حق پر ثابت کرنے کا جذبہ پیدا کرتا ہے۔ ہر انسان سمجھتا ہے کہ صرف میں نے ہی سچائی کا حقیقی راستہ ڈھونڈ لیا ہے، باقی سب لوگ گمراہ ہیں۔ اس جذبے کی بدولت انسان کے سارے لطیف جذبات فنا ہو جاتے ہیں۔ حالانکہ اصل میں مذہب کی اساس انسان کے اعلیٰ اور لطیف جذبات پر ہوا کرتی ہے!

میرے نزدیک آرٹ، شاعری اور مذہب کا وجود محض اس لیئے ہوتا ہے کہ یہ انسان میں بصیرت پیدا کریں، اس کے جذبات میں حسن پیدا کریں اور اس میں زندگی کا صحیح جذبہ پیدا کریں۔ عمر زیادہ ہونے کے ساتھ ساتھ ہمارے حواس شعور اور احساسات پر رفتہ رفتہ بے حسی طاری ہو جاتی ہے۔ ہمارے جذبات، دکھوں اور بے انصافی اور ظلم کے سلسلے میں بے درد اور بے پروا ہوتے جاتے ہیں۔ زندگی کے چھوٹے چھوٹے مکروہات کی بدولت زندگی کے بارے میں ہماری بصیرت ماند پڑتی

حواس کی حدوں سے نکل کر کسی فلسفیانہ خیال کو ظاہر کرنے کا بیڑا اٹھائے گی تو سمجھ لیجئے کہ موسیقی موسیقی نہیں رہی بلکہ ایک زوال پذیر ذہن کا گھٹیا تجربہ بن کر رہ گئی اور بس۔

اب مذہب کی طرف آیئے۔ مذہب میں خرابیوں اور زوال کا آغاز اسی دن سے ہوا جب سے انسانی منطق نے مذہب میں دخل دیا۔ جارج سنتیانا نے کہا ہے کہ "مذہب کے زوال کا باعث یہ ہے کہ مذہبی معاملوں میں بہت زیادہ منطقی دلیل بازی شروع کر دی گئی۔ چنانچہ مذہب، دانش و حکمت کی بلندیوں سے اتر کر محض اوہام کا ایسا مجموعہ بن گیا جس میں ہر طرف دلیلوں کی بھرمار تھی" اصل میں مذہب کے زوال کا باعث یہ ہے کہ نظریہ پرستی نے مذہب کی آڑ لی۔ کئی قسم کی فرقہ بندیاں ہوئیں، عقائد اور رسوم کا زور ہوا، اصول اور احکام کا انبار جمع ہو گیا اور ہر بات کا جواز اور عذر گھڑا جانے لگا ——— قاعدے کی بات یہ ہے کہ انسان جوں جوں اپنے عقیدوں کو عقل کا تابع بناتا ہے اور ان کے لئے عقلی جواز تراشتا ہے، اس میں تقوے اور پرہیزگاری اسی نسبت سے کم ہوتی جاتی ہے کیونکہ وہ دلیلوں کے چکر میں پھنس کر اپنے آپ کو حق پر سمجھنے لگتا ہے۔ اسی خود بینی کی بنا پر کوئی مذہب، مذہب نہیں رہتا بلکہ ایک تنگ نظر فرقہ پرستی بن جاتا ہے جس کا یہ دعوے ہوتا ہے کہ سچائی صرف اسی نے منکشف کی ہے۔ باقی سب کی راہ غلط ہے۔ اس کا نتیجہ صاف ظاہر ہے۔ ہم اپنے عقیدوں کے لئے جس قدر جواز پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں، اتنے ہی تنگ نظر اور کوتہ اندیش ہو جاتے ہیں۔ یہی وجہ ہے کہ مذہب عام طور پر سخت کٹر پن، تنگ خیالی اور انفرادی زندگی میں شدید خود غرضی کا قالب اختیار کرتا ہے۔ گویا ایسا مذہب انسان کی خود غرضی کو پروان چڑھاتا ہے کیونکہ وہ اس کے دل میں دوسرے فرقوں

کی سب سے اونچی سرگرمی سمجھا جاتا ہے۔ مگر فلسفے کے سلسلے میں اس بات کا بہت زیادہ خطرہ ہے کہ خشک بحثوں میں اُلجھ کر فلسفے والے زندگی سے دُور ہو جاتے ہیں۔ میں تسلیم کرتا ہوں کہ ممکن ہے یہ ویسی ہی مسرت ہو جو ریاضی کے کسی مشکل سوال کو حل کرنے کے بعد یا کائنات میں کسی نظام کی کارفرمائی کا احساس کر کے محسوس ہوتی ہے۔ مگر یہ ذہنی مسرت کچھ ایسی وقیع نہیں۔ اصل میں اس قسم کی ذہنی مسرت ہماری دماغی مصروفیت کا ایک شاخسانہ ہے اور بس۔ اس کا مزہ اس لئے آتا ہے کہ اس پر کچھ خرچ نہیں آتا۔ یہ مفت ہی میں ہاتھ آتی ہے۔ یہ مسرت دوسرے ضروری کاموں کی سی اہم حیثیت نہیں رکھتی۔ یہ اسی قسم کی آسودگی اور اطمینان کی ایک لہر ہے جو ہمیں ایک معمّا حل کرنے کے بعد محسوس ہوا کرتی ہے۔ اس میں ایک اور بھی خطرہ ہے۔ اس قسم کی ذہنی مسرتوں میں پڑ کر فلسفی لوگ، ذہنی اڑانوں کے قائل بن جاتے ہیں اور یہ سمجھنے لگتے ہیں کہ چونکہ ہم نے کائنات میں ایک نظام کے وجود کا کھوج لگا لیا ہے لہٰذا اس کائنات میں منطقی طور پر پوری تکمیل اور ترتیب ہونی چاہئے۔ حالانکہ حقیقت اس کے عین برعکس ہوا کرتی ہے۔ یہ ذہنی اڑانیں حقیقت کا ایک چھوٹا عکس ہیں۔ ہم لوگ ستاروں کی تصویر بناتے وقت پانچ کونوں والی ایک شکل بنا دیا کرتے ہیں، بعینہٖ یہ ویسا ہی ایک فارمولا اور ویسی ہی ایک مصنوعی ترکیب ہے کہ حقائق کو تصنّع کا تابع بنا دیا جائے۔ یہ مانا کہ تکمیل کے اس احساس کو اگر حد سے نہ بڑھنے دیا جائے تو اس میں بڑی آسودگی ملتی ہے۔ مگر یہ یاد رہے کہ لاکھوں کروڑوں انسان، کائنات کے اس فرضی نظام سے بالکل بے خبر ہوتے ہیں اور پھر بھی ہنسی خوشی زندگی گزارتے ہیں ــــ گویا اگر اس نظامِ کائنات کا شعور نہ بھی ہو تو بھی زندگی کٹ سکتی ہے۔ اسی لئے میں کسی ریاضی دان سے بات کر کے اتنا خوش نہیں ہوتا لیکن ایک معمولی خادمہ سے بات کر کے میری

جاتی ہے۔ خوش قسمتی سے ہمارے درمیان کچھ شاعر اور کچھ فنکار ایسے ہوتے ہیں
جن کے احساس کو زندگی کُند نہیں کر سکتی، جن کے جذبات مردہ نہیں ہوتے، جن کی
بصیرت اور ادراک ہمیشہ تازہ رہتے ہیں۔ یہی وہ لوگ ہیں جن کا یہ فرض ہے کہ ہمارے
ضمیر کی آواز بن جائیں، ہمارے شعور اور ادراک کو آئینہ دکھائیں، ہمارے کُند
اعصاب کی تازگی کا سامان کریں ـــــ گویا آرٹ کو یہ چاہیئے کہ وہ ہمارے مفلوج
جذبات، ہمارے نیم مردہ خیالات، اور ہماری مصنوعی زندگی کے خلاف ہمیں متنبہ کرے،
ان کا مذاق اُڑائے، ان کی زندہ ہجو بن جائے۔ آرٹ ہمیں تصنع اور تکلف سے دبی
ہوئی دُنیا میں بے تکلفی اور آزادہ روی سکھاتا ہے۔ آرٹ کا یہ فرض ہے کہ ہماری
زندگی میں صحت معنوی اور معقولیت پیدا کرے، اور حد سے بڑھی ہوئی ذہنی اور دماغی سرگرمیوں نے ہمیں جس
بحران اور ہذیان سے دوچار کر رکھا ہے اس سے ہمیں نجات دلوائے۔ آرٹ کا یہ فرض ہے کہ ہمارے احساسات
کی دھار کو تیز کرے، ہماری عقل اور ہماری فطرت کے درمیان توازن کا ناتا پھر سے قائم کرے اور ہماری بکھری
ہوئی منتشر زندگی کے برباد حصّوں کو جمع کر کے ایک بار پھر اس زندگی کو مکمل صورت
دیدے ـــــ آرٹ کا یہ فرض ہے کہ انسان کی اصلی فطرت سے اُسے پھر رُوشناس
کرائے ـــــ ورنہ آرٹ کے بغیر تو ہماری دنیا کا حال اب یہ ہے کہ علم کا ناتا سمجھ بوجھ اور
عرفان سے ٹوٹ چکا ہے۔ تنقید نہ تو صحیح اندازے سے کوئی واسطہ رکھتی ہے نہ بصیرت
سے۔ حُسن موجود ہے مگر محبت عنقا ہے۔ سچائی سامنے ہے مگر جذبات کی گہرائی
اور شدت کا کہیں پتہ نہیں، نیکی کا رحم سے کوئی تعلق نہیں۔ تمیزداری موجود ہے
مگر دل کے خلوص کا نشان نہیں ملتا ـــــ آپ ہی انصاف کیجیئے کہ یہ کیا دنیا ہے!

اب تک مذہب، شاعری اور آرٹ پر بات ہو رہی تھی ـــــ اب ذہن یا
رُوح کی سرگرمیوں کی آخری منزل آتی ہے جسے فلسفہ کہا جاتا ہے۔ فلسفہ ذہن انسانی

جینے کے لطف کا کوئی احساس ہی نہیں رہا ہمیں اس قسم کے فلسفی سے کوئی کام کی بات حاصل نہیں ہو سکتی، کیونکہ وہ تو محض تخیل اور منطق کے اندھیروں میں ہاتھ پاؤں مارتا رہتا ہے۔ ہمارے لئے تو وہی فلسفہ کام کا فلسفہ ہے جو شاعری سے ہنستے کھیلتے ہم آہنگ ہو جائے اور ہم میں مظاہرِ فطرت اور انسانی فطرت، دونوں کو سمجھنے کی بصیرت اور شعور پیدا کرے!

زندگی کے لئے مناسب فلسفہ وہی ہے جو ہماری جبلّتوں کے متوازی ہو۔ جو فلسفی مثالیت پسند ہو گا، بہت جلد قدرت اس کی ٹانگ کھینچے گی۔ چین کے کنفیوشسی فلسفیوں کے نزدیک انسانی شرف کا تصوّر یہ ہے کہ انسان، فطرت کے ساتھ ہم آہنگی کی زندگی گذارتا ہوا، کائنات کے سب سے اونچے درجے پر پہنچ جائے، وہ درجہ جو آسمان اور زمین کے درجے کے برابر ہے — چنانچہ کنفیوشس کے پوتے نے اسی درجے کو اپنے مقالے "اعتدال اور توازن کا زرّیں راستہ" میں یوں واضح کیا ہے:۔

"خدا نے ہمیں جو کچھ دیا، اُسے فطرت کہتے ہیں، فطرت کے بتائے ہوئے راستے پر چلنا تاؤ (صراطِ مستقیم) کہلاتا ہے اور اس سلامت روی کو پروان چڑھانا ثقافت ہے — خوشی، غصّہ، غم، اطمینان، جب تک اظہار نہیں پاتے انسان کا نفسِ اصلی کہلاتے ہیں۔ جب خوشی، غصّہ، غم اور اطمینان کا مناسب حد تک اظہار کیا جائے تو اسے ہم آہنگی یا توازن کہا جاتا ہے۔ یہی نفسِ اصلی، زندگی کی صحیح بنیاد ہے اور یہی ہم آہنگی یا توازن زندگی کا زرّیں راستہ ہے۔ انسان جب اپنے نفسِ اصلی اور توازن کو پا لیتا ہے تو زمین و آسمان، کائنات کی ہر چیز میں ہم آہنگی پیدا ہو جاتی ہے، ہر چیز کی نمو اور افزائش کے لئے راستہ کھل جاتا ہے۔

طبیعت خوش ہو جاتی ہے۔ اس سیدھی سادی خادمہ کی باتیں زیادہ فطری ہوتی ہیں۔ اس کے الفاظ میں زیادہ جان ہوتی ہے۔ اس کے قہقہوں میں زندگی کی حرارت زیادہ ملتی ہے۔ اسی لئے اُس سے باتیں کرکے مجھے انسانی فطرت کے بارے میں زیادہ معلومات حاصل ہوتی ہیں ــــ اسی لئے میں مادہ پرست ہوں، اور شعر کی بہ نسبت بھنے ہوئے گوشت کو ترجیح دیتا ہوں، فلسفے کے مقابلے میں چٹپٹی چاٹ کو زیادہ مرغوب جانتا ہوں!

فلسفے نے زندگی میں جو باسی پن پیدا کیا ہے اُس سے نجات اسی صورت میں ممکن ہے کہ جینے کو سوچنے پر ترجیح دی جائے۔ صرف اسی صورت میں ہم وہ تازگی، وہ فطری انداز اور وہ بصیرت ایک بار پھر حاصل کرسکتے ہیں جو بچّے میں نظر آتی ہے۔ بچّے کو دیکھ کر ہر وہ شخص جو سچّا فلسفی ہے، کچھ شرمسار ہو جاتا ہے۔ میں تو یہ کہوں گا کہ بچّہ تو کیا، فلسفی اگر شیر کے بچّے کو پنجرے میں دیکھے تو اُسے نادم ہونا چاہئے۔ قدرت نے اس بچّے کو کتنا کامل بنایا ہے۔ اُس کے پنجے اس کے رگ پٹھے، اس کی خوبصورت کھال قدرت کے کمال کا کتنا اعلیٰ نمونہ ہیں۔ اس کے نوکیلے کان، اس کی چمکدار گول گول آنکھیں کس قدر خوبصورت ہیں اور اس میں زندگی کا مزہ لینے کی کتنی زبردست صلاحیت موجود ہے ــــ فلسفی کے لئے یہ جائے ندامت ہے کہ خدا نے ہمیں جس احسن اور مکمل طریقے پر پیدا کیا تھا ہم نے اُسے کس قدر نامکمل، ادھورا اور ادنیٰ کر دیا ہے۔ خدا نے ہمیں ہاتھ پاؤں اور نظامِ جسمی کا ایک کامل نمونہ بنایا تھا اور ہم نے اپنے آپ کو کتنا گرا دیا ہے کہ اب یہی فلسفی ہے، کانوں سے اونچا سنتا ہے، آنکھوں پر موٹے شیشوں کی عینکیں لگاتا ہے، اس کا ہاضمہ بالکل خراب ہو چکا ہے، اس کا دل اور ذہن دونوں ماؤف ہو چکے ہیں اور اُسے زندگی کی نعمتوں اور

# باب ہفتم

# فراغت کے مزے

۱۔ کائنات کا واحد کاہل جاندار۔

۲۔ فراغت کا چینی نظریہ

۳۔ بیکاری کا ایک مسلک

۴۔ دنیا ہی اک بہشت ہے

۵۔ قسمت کیا ہے؟

۶۔ تین امریکی عیوب

اپنے نفسِ اصلی سے آگے نکل کر، سچی سمجھ بوجھ کی منزل تک پہنچنا فطرت کا ادراک کہلاتا ہے۔ اور سمجھ بوجھ کے راستے سے اپنے نفسِ اصلی کا شعور حاصل کرنا، ثقافت کہلاتا ہے۔ اس لئے جو شخص اپنے نفس اصلی کو پالیتا ہے، وہی عرفان حاصل کرتا ہے! اور جسے عرفان حاصل ہو، وہی اپنے نفسِ اصلی کو پاسکے گا۔ جو لوگ اپنے نفسِ اصلی یا خودی کو پالیتے ہیں صرف وہی اس دنیا میں! اپنی فطرت کے تقاضوں کا پوری طرح حق ادا کرتے ہیں، اس کی تکمیل کرسکتے ہیں اور جو اپنی فطرت کی تکمیل کرتے ہیں، وہی دوسرے انسانوں کی فطرت کو مکمل بنا سکتے ہیں اور جو دوسروں کی فطرت کی تکمیل کرسکتے ہیں، وہی عالمِ اشیاء کی تکمیل کرتے ہیں! اور جو عالمِ اشیاء کی تکمیل کرتے ہیں، وہی، مادرِ فطرت کی مدد کرسکتے ہیں کہ وہ زندگی کی نمو اور افزائش کرے ـــ اور جو لوگ، زندگی کی نمو اور افزائش میں مادرِ فطرت کا ہاتھ بٹانے کے قابل ہیں وہ رتبے میں زمین و آسمان کے برابر ہیں۔"

ان کے لئے ہزاروں آدمیوں کو کام کرنا پڑتا ہے۔ ان کے لئے کئی کسان کھیتی باڑی کے بڑے پیچیدہ طریقوں سے کام کر چکے ہوں گے، ہزاروں آدمیوں کو لین دین اور بیوپار کرنا پڑا ہوگا، ہزاروں آدمیوں کو حمل ونقل میں مصروف ہونا پڑا ہوگا۔ میرے گھر پر یہ چیزیں پہنچانی پڑی ہوں گی اور پھر کہیں یہ کھانا تیار ہوا ہوگا۔ اسی لئے جانوروں کی بہ نسبت انسان کے لئے خوراک حاصل کرنا بہت زیادہ مشکل ہے ـــــ اس کے باوجود اگر جنگل کے کسی وحشی جانور کو شہر میں چھوڑ دیا جائے، اور اُسے انسان کی مصروف زندگی کا اصل راز معلوم ہو جائے کہ انسان محض کھانا حاصل کرنے کے لئے اتنی مصیبت کرتا ہے تو جنگل کا یہ وحشی بھی انسانی سماج کے بارے میں بہت مشکوک رائے قائم کریگا۔ اس کی سمجھ میں نہیں آئے گا کہ انسان اتنی تگ ودو آخر کیوں کرتا ہے!

چنانچہ جنگل کے اس وحشی جانور کو سب سے پہلے یہ خیال آئے گا کہ جانداروں میں صرف انسان ہی ایسا جاندار ہے جو کام کا غلام ہے۔ چند لدّو گھوڑوں یا بیلوں کو چھوڑ دیجئے، باقی پالتو جانوروں کو بھی کچھ کام نہیں کرنا پڑتا۔ بعض ملکوں میں پولیس جو کتّے رکھتی ہے، انہیں بھی شاذونادر ہی کام کرنا پڑتا ہے۔ پالتو کتّے سے گھر کی رکھوالی کا کام لیا جاتا ہے، مگر یہ پالتو کتّا رکھوالی کے بجائے زیادہ وقت کھیل کود میں صرف کرتا ہے۔ صبح کو اگر موسم ٹھیک ہو تو یہ ضرور سوتا ہے ـــ اور بلّی کا تو کہنا کیا ہے۔ بلّی کا مزاج ہی رئیسانہ ہے۔ اُسے روٹی کے لئے کبھی کوئی کام نہیں کرنا پڑتا۔ بلّی کو اپنی پابندی کا بھی کوئی احساس نہیں ہوتا۔ قدرت نے اس کے جسم میں ایسی لچک اور طرّاری بھر دی ہے کہ اس کے لئے ہمسائے کی دیوار پھاندنا کچھ بات نہیں۔ چنانچہ بلّی جہاں چاہے گھومتی پھرتی ہے اور اُسے کوئی پوچھتا نہیں ـــــ گویا کام کی غلام صرف انسانیّت ہے جو پنجرے میں بند بھی ہے اور جسے پالتو بھی بنایا گیا ہے مگر جسے

# ۱۔ کائنات کا واحد کارکن جاندار

آپ دیکھ چکے ہیں کہ زندگی کی نعمتوں کا وسیع دسترخوان ہمارے سامنے پھیلا پڑا ہے۔ اہم بات صرف یہ ہے کہ ان نعمتوں کا مزہ چکھنے کے لئے ہم میں اشتہا اور صلاحیت بھی ہے یا نہیں۔ اصل چیز یہی اشتہا ہے نعمتوں کا نمبر اس کے بعد ہے کیونکہ انسان کے بارے میں سب سے زیادہ حیرت انگیز چیز یہ ہے کہ اُسے کام کرنے کا بڑا جنون ہے۔ اُس نے اپنے آپ پر کاموں کا بہت بڑا انبار لاد رکھا ہے یا غالباً کاموں کا یہ انبار تہذیب نے انسان کے سپرد کر رکھا ہے۔ انسان کے برعکس فوراً فطرت پر نظر دوڑائیے تو یہ معلوم ہو گا کہ جانداروں کی اس کائنات میں ہر چیز فراغت کے مزے لیتی ہے کسی کو کچھ کام نہیں۔ صرف انسان ہی ایسی مخلوق ہے جسے زندگی بسر کرنے کے لئے کام کرنا پڑتا ہے — تہذیب کی ترقی کے ساتھ ساتھ زندگی ناقابلِ فہم حد تک پیچیدہ ہوتی جا رہی ہے۔ انسان کے فرائض اور ذمہ داریاں بڑھتی جاتی ہیں۔ فکر اور نفسیاتی دباؤ کے موقع پر زیادہ ہوتے جاتے ہیں، امنگیں اور تمنائیں بڑھتی جاتی ہیں، اور یہ سب کچھ فطرت کی بدولت نہیں، انسانی معاشرے کی بدولت ہے —

میں یہ سطور میز پر بیٹھا لکھ رہا ہوں لیکن ایک کبوتر گرجے کے مینار کے گرد برابر چکر لگا رہا ہے۔ اُسے بالکل یہ فکر نہیں کہ دوپہر کو کیا کھائے گا۔ مگر میرے لئے دوپہر کا کھانا بڑا پیچیدہ مسئلہ ہے۔ دوپہر کے کھانے پر جو دو چار چیزیں میں کھاؤں گا

پست، کوئی ٹیڑھی بینڈی سی۔ کہیں کہیں دو چار غلیظ سی فیکٹریوں کی چمنیاں گھروں کی چھتوں پر چھوٹے بڑے ریڈیو کے ایریل کے تار کہیں کہیں کپڑے سکھانے کی بڑی چھوٹی الگنیاں ——— اور بس ———

نیچے بازار میں دیکھیں تو ہر طرف سرخ سرخ اینٹوں کی سوکھی ماری دیواریں نظر آئیں گی۔ ہر دیوار میں ایک سی چند کھڑکیاں ہوں گی جن کے کچھ پٹ کھلے ہوں گے، کچھ بند ہوں گے۔ کہیں کہیں کھڑکیوں کی دہلیزوں پر سوکھے مارے پھولوں کے گملے رکھے ہوں گے کہیں کوئی بچہ چھت پر آ نکلے گا اور اگر دھوپ ہوئی تو تھوڑی دیر آرام سے تاپتا رہے گا۔ ہر شہر اسی طرح چھتوں اور دیواروں اور کھڑکیوں کا ایک انبار ہوگا۔ اور یہی وہ جگہیں ہیں جہاں انسان بستے ہیں۔ ہر خاندان انہی دو تین کھڑکیوں کے پیچھے زندگی بسر کرتا ہے۔ کیسے؟ اور روٹی کمانے کے لئے یہ اَن گنت خاندان کیا کرتے ہیں؟ — ہر دوسری تیسری کھڑکی کے پیچھے، ہر رات، میاں بی بی خواب گاہ میں سونے کو جاتے ہیں، جس طرح ہر شام کبوتروں کا جوڑا کابک میں گھس جاتا ہے! صبح کو یہ جوڑا اُٹھتا ہے ناشتہ کرتا ہے، خاوند گھر سے باہر روٹی تلاش کرنے نکل جاتا ہے، بی بی گھر کی صفائی میں جُٹ جاتی ہے۔ چار پانچ بجے جا کر ذرا فراغت ہوئی تو ہمسایوں سے دو باتیں کر لیں اور تازہ ہوا کا کچھ مزہ لے لیا، ورنہ کچھ نہیں۔ پھر رات آجاتی ہے اور میاں بی بی دونوں تھک جاتے ہیں اور ایک بار پھر سو جاتے ہیں ——— بس یہی ان کی زندگی ہے!

یہ ایک عام جوڑے کی زندگی ہے۔ اس سے ذرا بہتر حال کے لوگوں کو دیکھیے یہ ذرا بہتر قسم کے مکانوں میں رہتے ہیں۔ ان مکانوں کے کمرے نسبتاً سجے سجائے رہتے ہیں، زیادہ صاف ستھرے رہتے ہیں۔ ان میں گنجائش بھی زیادہ ہوتی ہے۔ اسی لئے انسانوں کے نزدیک سات کمروں کا مکان کرایے پر ~~لینا~~ مول لینا نہیں! بڑی عیاشی

مفت کا کھانا نہیں ملتا! ـــــ بلکہ تہذیب اور معاشرے کے نہایت پیچیدہ ضابطوں نے اُسے مجبور کر رکھا ہے کہ وہ پیٹ بھرنے کے لئے کام کرے اور کام کے لئے سرگرداں رہے۔

میں مانتا ہوں کہ انسانیت کو جو فائدے حاصل ہیں وہ دوسرے جانداروں کو نہیں۔ انسان کے لئے علم کی خوشی اور باتوں کا لطف اور تخیل کی رنگا رنگی اور دید و شنید کے ہزاروں مزے موجود ہیں۔ جو دوسرے جانداروں کو حاصل نہیں ـــــ پھر بھی یہ حقیقت اپنی جگہ قائم رہتی ہے کہ انسانی زندگی بڑی پیچیدہ ہوگئی ہے اور محض پیٹ بھرنے کے لئے جو کچھ انسان کو کرنا پڑتا ہے وہ انسانی سرگرمیوں کا کم و بیش ۹۰ فیصدی حصّہ ہے ــــ تہذیب زیادہ تر روٹی کی تلاش کا نام ہے اور ترقی یہ ہے کہ روٹی حاصل کرنا مشکل سے مشکل تر ہوتا جا رہا ہے ــــ اگر انسان کے لئے روٹی حاصل کرنا اتنا مشکل نہ ہوتا تو انسانیت کو اتنی سخت محنت کرنے کی کیوں ضرورت پیش آتی ــــ مشکل یہ ہے کہ ہم ضرورت سے زیادہ مہذب ہوگئے ہیں اور اب اس مرحلے پر پہنچ چکے ہیں کہ روٹی حاصل کرنے کے لئے اس قدر محنت کرنی پڑتی ہے کہ اس محنت کی وجہ سے روٹی کی اشتہا بھی مر جاتی ہے ــــ یہی وہ چیز ہے جو جنگل کے وحشی جانور اور فلسفی دونوں کی سمجھ میں نہیں آتی۔ یہ بات ہی کچھ ایسی ہے۔

جب کبھی میں کوئی شہر دیکھتا ہوں تو پھیلی ہوئی چھتوں کا ایک لامتناہی سلسلہ دیکھ مجھے خوف آنے لگتا ہے۔ ہر شہر کا نقشہ لگ بھگ ایک سا ہوتا ہے۔ ہر شہر کا فضائی منظر بھی ایک سا نظر آتا ہے، وہی شہر کے واٹر ورکس کی دو چار بلند ٹینکیاں، کچھ گنبد، کچھ مینار اور چاروں طرف پھیلی ہوئی چھتیں ہی چھتیں، کوئی بلند کوئی

سے ہر کوئی نالاں ہو گا۔ ہر کوئی مرنے کا آرزومند ہو گا! اور یہ تصویر یوں مکمل ہو گی کہ اسی بدنصیب طبقے کے لوگوں کے یہاں بچے تو کم ہوں گے لیکن کتے زیادہ پلیں گے۔

گویا مسرت کا دارومدار محض ان عورتوں اور مردوں کی طبیعتوں پر ہے جو بیسے اچھے اچھے اور فیشن ایبل گھروں میں رہتے ہیں ــــ ان میں بعض کی زندگی اچھی خاصی گزرتی ہے لیکن بعض کا جینا اجیرن ہوتا ہے۔ مجموعی لحاظ سے یہ لوگ محنت کش لوگوں کی بہ نسبت کم شادماں اور خوشباش ہوتے ہیں۔ انھی کو زیادہ بیزاری اور اکتاہٹ سے واسطہ پڑتا ہے۔ لیکن ان لوگوں کے پاس موٹریں ہوتی ہیں۔ اور کئی ایک کے پاس تو کھلے دیہات میں مکان بھی ہوتے ہیں۔ اور دیہات کے یہ مکان اکثر ان کے سکون اور مخلصی کے ضامن بن جاتے ہیں۔ یہ چکر بھی کتنا خوبصورت ہے کہ انسان پہلے دیہات سے شہروں میں آتا ہے تاکہ زیادہ روپیہ کمائے اور زیادہ روپیہ کما کر پھر دیہات میں واپس آجاتا ہے۔

کسی شہر میں گھومئے، پھرئیے۔ آپ دیکھیں گے کہ سب سے بڑے بازار میں تو آرائش حسن کی دوکانیں ہیں، پھول والوں کے سٹال ہیں اور بڑی بڑی جہاز ران کمپنیوں کے دفتر ہیں۔ اس بازار کے عقب میں ایک اور بازار ہوتا ہے جس میں بساطی کے سامان کی دکانیں، سبزی فروش، ہیر کٹنگ سیلون، لانڈریاں، سستے ہوٹل اور اخبار فروشوں کے سٹال ہوتے ہیں۔ آپ ایک گھنٹے تک گھومئے۔ اگر یہ شہر بڑا ہے تو بھی ہر جگہ یہی چیزیں آپ کو ملیں گی۔ صرف بازار مختلف ہوں گے۔ ہر جگہ وہی دواؤں اور بساطی کی دکانیں، وہی باربر شاپ، وہی لانڈریاں، لوہے کے سامان کی دکانیں، سستے ہوٹل اور وہی اخبار فروشوں کے سٹال ــــ آپ کے دل میں یہ سوال چٹکیاں لے گا کہ یہ لوگ روزی کیسے کماتے ہیں؟ اس کا جواب بڑا آسان ہے۔ لانڈری والا،

سمجھا جاتا ہے۔ مگر اس کا مطلب یہ نہیں کہ اس کے بعد زندگی بھی مسرتوں سے بھرپور ہو گئی۔ یہ مانا کہ اس طبقے کو مالی پریشانیاں کم ہوں گی، ان پر قرضوں کا بار بھی کم ہو گا لیکن اس طبقے کو کہیں زیادہ جذباتی پیچیدگیوں کا سامنا ہوتا ہے۔ اس طبقے میں طلاق زیادہ ہو گی۔ زیادہ بے وفا خاوند ملیں گے جو راتوں کو گھر نہیں آئیں گے، اسی طبقے میں بہت سے جوڑے ایسے ملیں گے جو راتوں کو گھومتے پھریں گے تاکہ کوئی نہ کوئی عیاشی، کسی نہ کسی لہو ولعب میں وقت گزاریں اور اس عیاشی کی "تلاش کو" دل بہلاوا" کہا جائیگا۔ گویا انہیں گھروں کی دیواروں اور کمروں سے، فرش کی یکسانیت سے بیزاری ہو چکی ہے اور وہ اس بیزاری اور اکتاہٹ کو دور کرتے پھرتے ہیں۔ چنانچہ یہ جوڑے قسم قسم کے ہوٹلوں اور کلبوں میں جائیں گے اور ننگی عورتوں کو دیکھیں گے — اس ساری فضولیات کا نتیجہ کیا ہو گا؟ نتیجہ یہ ہو گا کہ اس طبقے میں اعصاب کی کمزوری کی شکایتیں زیادہ پیدا ہوں گی، زیادہ سے زیادہ اسپرین کھائی جائے گی۔ ایسی بیماریاں ملیں گی جن کا علاج بڑا مہنگا ہو گا۔ اسی طبقے میں زیادہ لوگ قولنج اور کانی آنت کے ورم اور ضعفِ معدہ میں مبتلا ہوں گے۔ انہی لوگوں میں دماغ کمزور ہو گا، جگر خراب ہوں گے، آنتوں میں ناسور پیدا ہوں گے۔ معدوں کو کبھی آرام نہیں ملے گا، گردوں پر ناحق کا بوجھ رہیگا، مثانے سوزش سے ماؤف ہو جائیں گے، تلی بڑھ جائے گی، دل پھیل جائیں گے اور اعصاب مارے تھکن اور بوجھ کے تباہ ہو جائیں گے۔ اسی طبقے میں سینے سپاٹ ہوں گے۔ خون کے دباؤ کا ہر کوئی مریض ہو گا۔ زیادہ سے زیادہ ذیابطیس کی شکایتیں سنی جائیں گی۔ عرق النسا، گٹھیا، بے خوابی کے عارضے زیادہ ہوں گے۔ زیادہ سے زیادہ لوگ اپنڈے سائیٹس، ضعفِ گردہ کے مریض ہوں گے، بواسیر، مزمن پیچش، پرانے قبض، ناسور اور دنبل کے مرض عام ہوں گے۔ بھوک کسی کو نہیں لگے گی زندگی

کی دل کشی کا راز یہی خصوصیات ہوتی ہیں۔ آج رسل و رسائل کی آسانی اور وسعت کی بدولت مشرق اور مغرب ایک ہوتے جا رہے ہیں اور تہذیب دونوں کو ایک دوسرے کے قریب تر لا رہی ہے۔ مشرقی ملکوں اور خاص طور پر چین کے سامنے یہ مسئلہ پیش ہے کہ مشرق اور مغرب کی الگ الگ ثقافت کیسے ایک دوسرے سے ملے گی۔ زندگی کے بارے میں چین کا قدیم فلسفہ آج کل کی موجودہ مشینی تہذیب سے کیسے لگّا کھائے گا اور ان دونوں کو ملا کر، زندگی گزارنے کا ایک نیا ڈھنگ کیسے پیدا کیا جائے گا۔ شاید مغرب کے لیے بھی کبھی ایسا مسئلہ پیدا ہو جائے کہ مغربی زندگی میں مشرقی فلسفے کو کیسے ملایا جائے۔ مگر ابھی یہ مسئلہ وہاں کے لوگوں کے پیشِ نظر نہیں ہے۔

مشینی تہذیب بڑی تیزی سے ہمیں فراغت کے دور کی طرف لا رہی ہے یہ وہ دور ہوگا جس میں انسان کو کام کم کرنا پڑے گا اور اسے تفریح کا وقت زیادہ ملے گا۔ جب انسان یہ دیکھے گا کہ اس کے پاس فرصت کافی ہے تو اُسے لامحالہ یہ سوچنا پڑے گا کہ فراغت کے ان لمحوں سے کیسے لطف اٹھائے۔ فراغت کا وقت زیادہ اس لیے ہوگا کہ صنعتی پیداوار کے طریقوں میں روز بروز اصلاح ہوتی جا رہی ہے اور کم سے کم وقت میں زیادہ سے زیادہ مال تیار کرنے کی طرف توجہ دی جا رہی ہے۔ اس صورت میں کام کا وقت کم اور فرصت کا وقت زیادہ ہوتا جائے گا۔ مگر ایسا کب ہوگا؟ کون کہہ سکتا ہے کہ اگلے تیس برس میں ہم اس منزل تک پہنچ جائیں گے یا ابھی ایک صدی اور لگے گی؟ اور آج سے تیس برس بعد کی زندگی کے بارے میں کوئی پیش گوئی کرنا بڑے دل گردے کا کام ہے۔ پھر بھی یہ کہا جا سکتا ہے کہ اب ترقی کے لیے جو سر توڑ کوشش کی جا رہی ہے اُس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ انسان، اس ترقی کی

باربر اور ہوٹلوں کے بیرے، خانساماؤں کے کپڑے دھوتا ہے۔ ہوٹل کے بیرے باربر اور لانڈری والوں کو کھانا کھلاتے ہیں اور باربر ان سب کے بال تراشتا ہے —— بس تہذیب یہی ہے اور یہی اس کا محدود چکر ہے۔ یہ لانڈری والے اور باربر اور بیرے، زندگی بھر اسی مختصر سے بازار میں کام کرتے ہیں کہیں اِدھر اُدھر نہیں جاتے۔ البتہ یہ شکر ہے کہ فلموں کی بدولت وہ پرندوں اور درختوں کو بھی دیکھ لیتے ہیں۔ ترکی اور مصر اور ہمالیہ پہاڑ کے نظارے، طوفانوں کے مناظر، جہازوں کی غرقابی کیسی کی تاجپوشی، چیونٹیوں کے گھروندے، جھینگر اور ٹڈے، چھپکلیوں اور بچھوؤں کی لڑائی، پہاڑیاں اور سمندر کی طوفانی لہریں، ریگستان اور بادل بھی دیکھ لیتے ہیں، حد یہ ہے کہ وہ چاندنی ٹھنڈی روشنی سے بھی فلم کے پردے پر ہی لطف اندوز ہوتے ہیں !!

سبحان اللہ۔ تہذیب بھی کیا چیز ہے کہ کچھ اس کی تھاہ نہیں! اور یہ کیا جادو ہے کہ انسان، زندگی بھر سخت محنت کرتے رہتے ہیں، کام کے غلام بن جاتے ہیں، اندیشوں میں سر کھپاتے ہیں، صرف اس لئے کہ روزی کما سکیں —— اور اس سرگرمی میں انسان زندگی کے کھیلوں کو بالکل فراموش کر دیتے ہیں۔

## ۲۔ فراغت کا چینی نظریہ

مشہور بات ہے کہ امریکہ کے لوگ بڑے دھانسو قسم کے ہوتے ہیں اور چینی بڑے بیکار لوگ ہوتے ہیں۔ قاعدہ یہ ہے کہ متضاد شخصیتیں ایک دوسرے کو پسند کرتی ہیں۔ اسی بنا پر میں سمجھتا ہوں کہ امریکہ کے دھانسو لوگ، بیکار اور کاہل چینیوں کے مداح ہیں اور سست الوجود چینی امریکیوں کی دھکم پیل کو برا پسند کرتے ہیں۔ قومی کردار

میں جس قسم کی زندگی رائج ہو گی وہ جدید فرانس کی زندگی سے بہت مشابہ ہو گی کیونکہ چینی اور فرانسیسی ذہنیتوں میں بہت چیزیں ملتی جلتی ہیں۔

آج کل مشینی تہذیب امریکہ میں سب سے زیادہ عروج پر ہے۔ قرائن یہ بتاتے ہیں کہ اب ساری دنیا میں امریکی قسم کی مشینی تہذیب اور امریکی طرزِ زندگی کا دور دورہ ہو گا۔ مگر مجھے اس اندازے سے اختلاف ہے کیونکہ یہ کوئی نہیں بتا سکتا کہ امریکی "مزاج" کیا ہے۔ زیادہ سے زیادہ یہ مزاج ایسا کہا جا سکتا ہے جو بڑی سرعت سے بدل رہا ہے۔

میرے نزدیک ثقافت یا کلچر، فراغت کی پیداوار ہے لہٰذا ثقافت کا فن لازمی طور پر بیکاری کا فن قرار پاتا ہے۔ چینی نقطۂ نظر یہ ہے کہ جو شخص دانشمندانہ طور پر بیکار اور فارغ آدمی ہو وہ سب سے مہذب آدمی ہے۔ اصل یہ ہے کہ مصروف رہنے اور دانائی میں حکمی طور پر تضاد ہے۔ دانا لوگ مصروف نہیں رہتے۔ اور جو لوگ سخت مصروف رہیں، دانائی ان کے پاس نہیں پھٹکتی! اس صورت میں دانا لوگ وہی ہیں جو بڑے حسن و خوبی سے بیکار رہیں۔

میں اس موقع پر یہ نہیں بتاؤں گا کہ بیکار رہنے اور کچھ نہ کرنے کی کیا کیا قسمیں ہو سکتی ہیں اور اس "بیکاری" کی تکنیک کیا ہے۔ میں بیکاری کے فلسفے پر کچھ روشنی ڈالنے کی کوشش کروں گا۔ یہ فلسفہ چین میں بیکار رہنے، کچھ نہ کرنے اور بالکل فراغت کی زندگی گزارنے کی تحریک کرتا ہے۔ اسی سے وہ کاہلی وہ خوشباشی اور وہ بے غم بلکہ شاعرانہ طبیعت ظہور میں آتی ہے جو چینی عالموں کا طرّۂ امتیاز ہے۔ یہ خصوصیات عام چینی قوم میں بھی نظر آتی ہیں۔

آپ پوچھیں گے کہ یہ مخصوص چینی مزاج کیسے پیدا ہوا؟ آخر چینی لوگ

کوششوں سے تنگ آجائے گا، اور پھر دم لے کر یہ جائزہ لے گا کہ اس نے مادی دنیا پر کیا کیا فتح حاصل کر لی ہے ـــــ اور پھر وہ کچھ فرصت کے مزے لینا چاہے گا۔ کیونکہ یہ میں مان نہیں سکتا کہ جب انسان کے مادی حالات اب سے بہت بہتر ہو جائیں گے۔ بیماریاں کم ہو جائیں گی، غربت اور محتاجی کا نام نہیں ہوگا۔ اور زندگی سے انسان کو زیادہ امیدیں ہوں گی تو اس وقت بھی انسان اتنا ہی کام کرنا چاہے گا، جتنا وہ اب کرنے پر مجبور ہے۔ میں تو یہ بھی کہہ سکتا ہوں کہ اس نئے دور اور نئے ماحول میں انسان مزاجاً بھی کاہل اور آرام طلب ہو جائے گا!

خیر اس امر سے قطع نظر کیجئے تو معلوم ہوگا کہ ان معاملوں میں داخلی پہلو بھی اتنا ہی اہم ہے جتنا خارجی ماحول۔ اس لئے ذرا فلسفے کا بھی دھیان کیجئے جو انسان کا نظریہ ہی نہیں بدلتا بلکہ اس کا کردار بھی بدل دیتا ہے۔ گویا مشینی ترقی کے انتہائی دور میں مشینی تہذیب کے بارے میں انسان کا ردِ عمل جو کچھ ہوگا، اس کا سارا دار و مدار اس بات پر ہے کہ وہ انسان کیسا ہوگا ـــ حیاتیات کے مطالعے سے یہ پتا چلتا ہے کہ کسی تحریک یا ہیجان کے سلسلے میں حواس کیا کریں گے، ان کا ردِ عمل، سست ہوگا یا شدید اور تیز ہوگا؟ اور یہ کہ مختلف جانور ایک ہی ماحول میں، ایک ہی چیز کے بارے میں، کیا رویہ ظاہر کرتے ہیں؟ ـــ بعض حیوان دوسروں کی نسبت سست ردِ عمل ظاہر کرتے ہیں۔ اس مشینی تہذیب کے ملکوں میں بھی (جن میں امریکہ انگلستان، فرانس، جرمنی، اٹلی اور روس شامل ہیں) ہم یہ دیکھتے ہیں کہ مشینی دور کے بارے میں لوگوں کا ردِ عمل مختلف ہے۔ یہ اختلاف ان ملکوں کے بسنے والوں کی مختلف طبائع کی وجہ سے ہے۔ چنانچہ یہ امکان باقی رہتا ہے کہ ایک ہی قسم کے ماحول میں ہر انسان کا ردِ عمل الگ ہوگا۔ میں سمجھتا ہوں کہ مشینی ترقی سے چین

ادب کی رومانی تحریک نے ہر صدی میں زندہ رکھا، اور آخر یہ دور آیا کہ زندگی کے ایک فلسفے نے اسے بالکل جائز اور معقول قرار دیا۔ زندگی کا یہ فلسفہ، تاؤ (قانونِ فطرت یا صراطِ مستقیم) کا فلسفہ تھا۔ زندگی کے اس نظریے کو چینی ذہن نے عام طور پر قبول کر رکھا ہے۔ اور یہی اس بات کا ثبوت ہے کہ چینی مزاج میں، تاؤ کا خون شامل ہے۔

مگر پہلے ایک بات کی وضاحت ہو جائے۔ فراغت اور کاہلی کی زندگی، ایک رومانی مسلک ہے، اسے ہم نے زندگی سے گہرے لگاؤ کی پیداوار قرار دیا ہے۔ مگر یہ زندگی یقیناً امیر طبقے کے لئے نہیں تھی۔ زندگی کا یہ مسلک، غریب، ناکام اور خاکسار قسم کے علم دوست لوگوں کے لئے تھا جنہوں نے یا تو خود کاہلی کی زندگی اختیار کی یا کاہلی اور بیکاری انہیں مجبوراً اختیار کرنی پڑی۔ میں سمجھتا ہوں ان لوگوں کو اس زندگی میں بڑا چین آرام رہا ہوگا۔ اور انہیں روحانی خوشی بھی حاصل ہوگی، شہرت کے نقصانات اور گمنامی کے فائدوں پر چینی ادب کی بحثیں ان لوگوں کے لئے بڑی دل خوش کُن تھیں۔ کیونکہ یہ لوگ اعلیٰ عہدوں کے امتحانات میں کامیاب نہیں ہو سکے تھے۔ یہ لوگ اپنے گھر والوں کے لئے زیادہ روپیہ اور زیادہ عیش آرام کا سامان مہیا نہیں کر سکتے تھے۔ اس لئے اس قسم کے مقولے ان کی پناہ گاہ ہوتے تھے کہ "دیر میں کھانا کھانا گوشت کھانے کے برابر مزہ دیتا ہے۔" اس طرح یہ نکھٹو لوگ اپنے گھر والوں کی نظروں میں کم معتوب ہونے کا راستہ نکال لیتے تھے۔ آج کل چین کے اشتراکی ادیب، پرانے شاعروں اور ادیبوں پر فقرے کستے ہیں اور کہتے ہیں کہ شاعر شُو تُنگ پو اور یوآن منگ وغیرہ اس طبقے سے تعلق رکھتے تھے، جسے کچھ کام نہیں تھا۔ یہ طبقہ چین کے جدید محنت کش ادیبوں کے نزدیک قابلِ نفرت ہے۔ یہ اندازہ بڑی سخت ناانصافی پر مبنی ہے۔ سُو نے "آبِ جو کی لہروں سے اٹھکیلیاں کرتی ہوئی بادِ صبا" کے گیت گائے تھے، اور

کامیابی اور کارکردگی کو مشکوک کیوں گردانتے ہیں؟ اور زندگی کا مزہ لینے کی یہ صلاحیت، زندگی سے یہ پیار ان میں کن باتوں کی بدولت پیدا ہوا؟

سب سے پہلے تو یہ سنئے کہ فراغت کے بارے میں چینی نظریہ کیا ہے۔ یہ اٹھارھویں صدی کے ایک نیم گمنام سے مصنف تشو پا یاسیانگ کا نظریہ ہے وہ کہتا ہے "وقت اس لئے مفید ہے کہ اس سے کوئی فائدہ حاصل نہیں کیا جاتا۔ اور فراغت وقت کا وہ لمحہ ہے جو کسی کمرے کے خالی فرش کی طرح ہے"—— یوں سمجھئے کہ اگر تنخواہ کم ہو تو آپ چھوٹا سا کمرہ کرایے پر لے لیں گے جس کا چپہ چپہ پورے طور پر استعمال میں آئے گا۔ لہٰذا اس کمرے میں بے آرامی کا سامنا ہو گا کیونکہ آپ تنگی سے گزر کریں گے۔ اس میں چلنے پھرنے کی کوئی جگہ نہیں ہو گی مگر جونہی تنخواہ بڑھی، آپ اس سے زیادہ بڑا کمرہ کرایے پر لیں گے۔ اس کمرے میں وسعت ہو گی، گویا فرش کا کچھ حصہ خالی بھی ہو گا اور باقی جگہ کو پلنگ، میز، کرسیاں وغیرہ گھیرے ہوں گی۔ بس یہ خالی جگہ وہ چیز ہے جو کمرے کو رہنے کے قابل بناتی ہے۔ اسی طرح فراغت کے لمحے ہی زندگی کو زندہ رہنے کے قابل بناتے ہیں۔

## ۳۔ بیکاری —— ایک مسلک

چینیوں کو فرصت اور فراغت سے جو محبت ہے، اس کی وجوہ کئی ہیں۔ فرصت اور فراغت سے یہ گہرا لگاؤ، اصل میں چینی طبیعت کا خاصہ ہے پھر اسے ایک ادبی مسلک بھی بنا دیا گیا اور انجام یہ ہوا کہ فراغت کے جواز میں پورا فلسفہ تیار کیا گیا۔ فراغت سے یہ لگاؤ، زندگی کے ساتھ گہرے لگاؤ سے پیدا ہوا۔ اسے

پیشہ ور آوارہ گردوں کی شان سے بہت ملتی جلتی ہے جو اپنی خودداری کی وجہ سے کسی کے آگے ہاتھ نہیں پھیلاتے۔ اپنی خودی کو ٹھیس نہیں پہنچانا چاہتے۔ اس لئے کام کرنے سے گریز کرتے ہیں۔ لیکن ان میں خدا نے اتنی عقل ضرور دی ہوتی ہے کہ وہ دنیاوی کامیابی کو ہیچ سمجھیں) چینی داناؤں کی یہ عالی دماغی، آزادیٔ رائے کی بدولت تھی۔ وہ اپنے گرد پھیلے ہوئے زندگی کے وسیع ڈرامے اور اپنے ماحول سے متاثر نہیں ہوتے تھے اور سچ پوچھئے تو اس بے تعلقی ہی سے عالی دماغی وجود میں آتی ہے۔ یہ لوگ انسان کی اونچی امنگوں اور حرص، اس کی حماقتوں اور شہرت اور دولت کی ہوس کو ہیچ سمجھتے تھے۔ اسی لئے یہ عالی دماغ تھے — نتیجہ یہ تھا کہ یہی عالی دماغ عالم جو اپنی ذات اور اپنے کردار کو دنیاوی کامیابی سے زیادہ قیمتی چیز سمجھتے تھے۔ اور جو شہرت اور دولت پر روحانی پاکیزگی کو ترجیح دیتے تھے، رفتہ رفتہ چینی ادب کا آدرش بن گئے۔ چینی ادب کا یہ مثالی انسان سادہ زندگی کا پیکر تھا۔ اس کے دل میں ہمیشہ دنیاوی ترقی کے لئے تحقیر کا جذبہ ہوتا تھا۔

اس طبقے کے عظیم ادیب ٹیو آن منگ، سو تنگ پو، پو چو یی، یو آن چنگ لان، یو آن ست سائی عام طور پر زندگی کے ایک مختصر دور میں سرکاری عہدہ دار رہے تھے اور اس حیثیت سے وہ بے حد کامیاب افسر بھی تھے۔ پھر اس سرکاری زندگی سے اُن کا جی بھر گیا، وہ اپنی منصبی خوشامد اور ساتھی افسروں کی خاطر تواضع ان کی مہمان نوازی سے سخت تنگ آ گئے۔ چنانچہ انہوں نے نہایت عقلمندی سے کام لیتے ہوئے اپنے اپنے عہدوں سے استعفا دے دیا اور گوشہ نشین ہو گئے —

یو آن چنگ لانگ نے تو اپنے اعلیٰ افسروں کے نام سات دفعہ یہ عرضی لکھی کہ میں اپنے منصبی ادب آداب سے تنگ آ چکا ہوں (اس وقت وہ شہر سوچاؤ کا

یو آن منگ نے لکھا تھا کہ "شبنم کی نمی میرے دامنوں کو تر کر رہی ہے!" ـــــ ہمارے اشتراکی دوست غالباً یہ سمجھتے ہیں کہ بادِ شمال، چاند، شبنم اور پرندے، گویا سرمایہ دار طبقے کی ملکیت ہیں! حالانکہ قدیم زمانے کی یہ عظیم شخصیتیں مزدوروں اور سرمایہ داروں کے جھگڑوں سے بالاتر تھیں کیونکہ یہ لوگ خود غریب کسانوں کی سی زندگی بسر کرتے تھے۔ اور اسی زندگی میں انہوں نے فطرت سے ہم آہنگی اور دلی سکون پایا۔

ان معنے میں بے کاری اور کاہلی کی زندگی کے اس رومانی مسلک کو بنیادی طور پر ایک جمہوری چیز سمجھا جا سکتا ہے۔ فرصت سے لطف اٹھانے پر عیاشیوں سے مزے لینے کے مقابلے میں بہت کم خرچ آتا ہے۔ ضرورت صرف اس بات کی ہوتی ہے کہ مزاج فنکارانہ ہو۔ ایسا مزاج جیسے کسی فارغ سہ پہر کی تلاش ہوتا کہ وہ یہ سہ پہر بالکل بے مصرف طریقے پر بسر کر سکے۔ اصل میں کاہلی اور آرام طلبی کی زندگی پر کچھ خرچ نہیں آتا۔ یہ بات، امریکی ناول نویس کھتوریو نے اپنے ناول والڈن میں بڑی خوبی سے ظاہر کی ہے۔

چین کے رومانی ادیب اور شاعر عام طور پر ایسے حضرات تھے جن میں احساس کی لطافت حد درجے کی تھی۔ فطرتاً یہ لوگ آزاد منش اور آزادہ رو تھے۔ ان کے پاس دنیاوی مال و دولت کچھ نہیں تھا مگر جذبات اور احساس کی دولت سے یہ لوگ مالا مال تھے۔ زندگی سے انہیں گہرا لگاؤ تھا اور زندگی کے ساتھ اس پیار کا مظاہرہ دو یوں کرتے تھے کہ سرکاری عہدہ داری کی زندگی سے انہیں شدید نفرت تھی۔ اور وہ اپنی روح کو جسم کا غلام بھی نہیں بناتے تھے۔ اس کا نتیجہ یہ تھا کہ آرام طلبی اور بیکاری کی زندگی امرا کے حصے میں آنے کے بجائے صرف اُن لوگوں کا حصہ تھی جو عالی دماغ ہوں، اور بس ـــــ یہ عالی دماغی، مغرب کے

دنیا کے کاموں پر توجّہ کون دے۔ خود میرے اندر ہی میرا گھر بار اور
میری دولت موجود ہے۔
موسموں کے تلوّن سے کون متاثر ہو۔ میرے اندر آسمانی جلوس کی تصویریں
رقصاں رہتی ہیں۔
تناور درخت گل سڑ کر مٹی میں مل جائیں گے۔ چٹانیں بھی ٹوٹ کر ریزہ ریزہ
ہو جائیں گی۔ مگر میں جو کچھ ہوں وہی رہوں گا۔
کیا یہ میرے "ایوانِ تساہل" کے لئے موزوں کتبہ نہیں۔ کیا اس کمرے
کو "ایوانِ تساہل" کہنا مناسب نہیں ہوگا؟ ———"

اس سے ظاہر ہوتا ہے کہ مصرفِ زندگی اور کاہلی کا یہ مسلک رُوحانی سکون
کے ساتھ وابستہ تھا۔ اس کی بدولت ہر قسم کی ذمہ داری سے آزادی اور بےفکری
ملتی تھی اور فطرت کے مظاہر سے جی بھر کر لطف اٹھانا اسی مسلک والے لوگوں کا حصّہ
تھا۔ اسی رعایت سے چینی شاعروں اور ادیبوں نے اپنے آپ کو عجیب و غریب
ناموں سے یاد کیا ہے۔ تُو فُو اپنے آپ کو "دریاؤں اور جھیلوں کا مہمان" کہتا ہے۔
سُوتنگ پُو نے اپنے آپ کو "مشرقی ڈھلوان کا زاویہ نشین" کہا ہے۔ کوئی اپنے آپ
کو "دھند میں لپٹی ہوئی جھیل کا خوش باش فرد" کہتا ہے تو کسی نے اپنے لئے "دھند
میں لپٹے ہوئے مینار کے باسی" کا خطاب تجویز کر رکھا ہے۔

چونکہ بے مصرف اور بیکار زندگی کا مزہ لینے پر کچھ خرچ نہیں آتا اس لئے
اس کا لطف اٹھانے سے امیر طبقہ محروم ہے۔ اس طبقے میں یہ صلاحیت ہی باقی
نہیں رہی۔ یہ صرف اُن لوگوں کا حصّہ ہے جو دولت کو بالکل ہیچ سمجھتے ہوں بیکاری
کی زندگی کا لطف اٹھانا صرف اس شخص کے بس کی بات ہے جس کا دل غنی ہو،

حاکم تھا) اور مجھے اب خدمت سے معاف رکھا جائے تاکہ میں ایک آزاد اور بے غم شہری کی حیثیت سے زندگی کے چار دن آرام سے بسر کرسکوں۔

بے مصرف اور بے کار زندگی کی شان میں ایک چینی شاعر پو ٹو چی آن یول رطب اللسان ہے۔ یہ خیالات ایک کتبے کی شکل میں لکھے گئے تاکہ وہ انہیں اپنے دیوان خانے پر نصب کرسکے۔ اس دیوان خانے کو شاعر "الیوانِ تساہل" کہا کرتا تھا:۔

"تاؤ فلسفے کی کلاسیکی کتابیں پڑھنے کی ہمت کون کرے، کیونکہ تاؤ کا قانون
فطرت کتابوں میں کہاں۔ مذہبی کتابیں بھی کون پڑھے۔ وہ بھی قانون فطرت کے
بارے میں فضول باتوں سے بھری پڑی ہیں، کام کی بات ایک میں نہیں۔
اصل یہ ہے کہ تاؤ کے قانونِ فطرت کی روحِ رواں خلا ہیں، صاف
اور ٹھنڈے خلا اور یہ خلا پن دن بھر کچھ نہ کرنے کے بغیر کہاں ملے گا۔
شعر بھی کون پڑھے۔ جہاں شعر پڑھتے پڑھتے رک جاؤں گا ساری
شعریت فنا ہو جائے گی ——
رباب بھی کون بجائے —— رباب کا نغمہ انہی تاروں میں فنا ہو جاتا
ہے جن سے وہ پیدا ہوتا ہے۔
شراب بھی کون پیئے۔ بوتل کے رسیا، نشے اور سرور کے باوجود بھی ان
پہاڑوں اور دریاؤں تک نہیں پہنچ سکتے جو ان کی زد سے باہر ہیں۔
پہاڑوں اور چشموں کی طرف کون دیکھے۔ خود میرے دل میں منظرِ قدرت
کی نہایت شاندار تصویر موجود ہے۔
ہواؤں اور چاندنی کا سامنا کون کرے۔ خود میرے وجود میں (ایسی ہی)
امر چیزوں کی ایک دنیا بستی ہے۔

آپ رفتہ رفتہ اس مرحلے پر آجائیں گے کہ آپ جاتی بہاروں کے باقیماندہ دن پشیمانی اور افسوس کے ساتھ شمار کرنے لگیں گے۔ آپ کو تاسف ہوگا کہ آپ نے اس بہار میں، زیادہ سیر کیوں نہ کی۔ آپ کو اسی طرح کچھ کھونے کا احساس کسی چیز کی کمی کا خیال ہوگا جس طرح اس دکاندار کو ہوتا ہے جس کی دن میں کم بکری ہوئی ہو۔

## ۴۔ "دنیا ہی اک بہشت ہے ....."

زندگی کو عزیز سمجھنے کے ساتھ ایک خلش موجود ہے۔ یہ خلش بڑی شاعرانہ ہے۔ اس کی تہ میں یہ حقیقت ہے کہ آخر کو انسانی زندگی فانی ہے! عجیب بات یہ ہے کہ فانی زندگی کے اس غمناک احساس نے چینی دانشوروں میں' زندگی سے لطف اٹھانے کی خواہش کو زیادہ شدید اور گہرا کر دیا ہے۔ ان کی دلیل یہ ہے کہ اگر زندگی یہی ہے جو ہمیں ملی ہے۔ تو جب تک دم میں دم ہے ہمیں اس زندگی سے جی بھر کر لطف اٹھانا چاہیے۔ اس کے برعکس اگر انسان کے دل میں زندۂ جاوید ہو جانے کی مبہم سی امید بھی رہے، تو اس ارضی زندگی کے مزے لینے پر اس کی توجہ نہیں رہ سکتی۔ چنانچہ سر آرتھر کیتھ نے اس مخصوص چینی احساس کو بڑے خوبصورت لفظوں میں ظاہر کیا ہے، وہ کہتے ہیں "اگر انسان کا عقیدہ یہ ہے (اور میرا تو یہی عقیدہ ہے) کہ ہماری یہ دنیا، یہ زمین ہی جنت ہے تو انسان اس کو جنت بنانے کی واقعی بھرپور کوشش بھی کریں گے"! سو تنگ پو نے کہا ہے: "زندگی بہار کے خواب کی طرح گزر جاتی ہے اور اس کا کوئی نشان باقی نہیں رہتا!" اسی لیے سو تنگ پو زندگی کے ساتھ اتنی گہری وابستگی رکھتا ہے۔ فانی زندگی کے بارے میں یہی احساس ہمیں بار

جو سادہ زندگی کا دلدادہ ہو اور جو روپیہ کمانے کے دھندوں سے دور بھاگتا ہو۔ جو شخص زندگی سے لطف اٹھانا چاہتا ہے اس کے لئے زندگی کے مزوں کا شمار نہیں۔ جو لوگ اِس فانی زندگی کے مزے نہیں لے سکتے، ان کے دل میں زندگی کی سچی قدر نہیں ہوتی۔ اس لئے وہ اپنی زندگی کو روزمرّہ کی یکساں اور بیزارکن زندگی بنا دیتے ہیں۔ چینی شاعر اور فلسفی لاؤ تزے پر یہ الزام غلط ہے کہ وہ زندگی کا دشمن تھا۔ میں سمجھتا ہوں اُس نے دنیاوی زندگی کی فضول مصروفیتوں کو تیاگ دینے کی تعلیم اِس لئے دی تھی کہ اس کے دل میں زندگی کے لئے بڑا پیار، بڑی قدر موجود تھی۔ وہ نہیں چاہتا تھا کہ زندگی، اپنے اونچے مقام سے گر کر محض دم شماری اور وقت گزاری کا حیلہ بن جائے۔

یہ قاعدے کی بات ہے کہ جہاں محبّت ہو گی وہاں رشک وحسد ضرور ہوں گے۔ جو شخص زندگی کو بڑی پیاری متاع سمجھتا ہو وہ اپنے فرصت کے چند بے بدل لمحوں کی بڑی حفاظت کرے گا۔ اُسے اپنی آزادہ روی اور بےفکری کے مخصوص طنطنے اور اپنی عزتِ نفس کی پاسداری بھی کرنی ہو گی۔ اس کے یہاں کام کے لمحے جتنے ضروری اور عزیز ہوں گے، مچھلی کا شکار کھیلنے کے لمحے بھی اتنے ہی گراں مایہ ہونے چاہئیں۔ فراغت اور تفریح کے ان لمحوں کا پاس کرنا رفتہ رفتہ ایک عقیدہ بن جائیگا۔ اس کی بڑی خوبصورت مثال انگریز قوم کی ہے جس نے اپنے کھیل کے وقت کو ایک مذہبی فریضے کی طرح مقدّس بنا لیا ہے۔ چنانچہ ان کے یہاں اگر کلب میں کوئی شخص آپ سے کاروبار کا تذکرہ شروع کر دے تو آپ اس کی گفتگو کو برداشت نہیں کریں گے۔ جس طرح ایک سائنس داں کو اگر اس کی تجربہ گاہ میں جا کر باتوں میں لگایا جائے تو وہ چڑ جاتا ہے۔ اسی طرح آپ کلب میں غیر تفریحی باتوں سے چڑ جائینگے

شور مچاتے ہوئے آبشار ہیں۔ ہم لب جو ایک قطار میں بیٹھ جاتے ہیں اور ایک ہی جام سے باری باری پی رہے ہیں جو بہتے پانی کی قوس پر ناچتا ہوا ہر ایک کے پاس پہنچ جاتا ہے۔ کوئی ساز موجود نہیں۔ نہ تار کا ساز، نہ دوم کا ساز جس کی موسیقی ہم سنیں۔ پھر بھی ہم پی رہے ہیں اور گا رہے ہیں۔ دل کی باتیں ایک دوسرے سے کہنے اور باہمی گفتگو کا مزہ لینے کے لئے سب تیار ہیں۔ آسمان صاف ہے۔ فضا میں تازگی ہے اور ہوا کے جھونکے ہلکے ہیں۔ اوپر پھیلے ہوئے آسمان اور نیچے زمین پر ہزاروں مظاہر فطرت کو دیکھیے، ان کا لطف اٹھانے کا یہی وقت ہے۔ سارے منظر پر نظریں دوڑانا کتنا فرحت بخش ہے۔ اپنے احساس کو بندشوں سے آزاد کرکے، ان کی عنان ہاتھ سے چھوڑ دینا کتنا کیف آگیں ہے۔ گویا چشم و گوش دونوں کے لئے آسودگی، دونوں کے انبساط کا پورا پورا سامان موجود ہے ——

لوگ اکثر زندگی کے بارے میں بات کرنے کے لئے مل بیٹھتے ہیں۔ لوگوں کا قاعدہ ہے کہ وہ دل کی باتیں کمرے کی مانوس چار دیواری کے اندر بیٹھ کر ہی کر سکتے ہیں۔ بعض لوگوں پر اس بات چیت میں جذبہ اتنا غالب آجاتا ہے کہ وہ حقائق سے بہت اونچا اڑنے لگتے ہیں۔ ہم لوگ اپنے اپنے میلان کے مطابق، دل بہلاوے اور تفریح تلاش کرتے ہیں۔ بعض لوگوں کو شور شرابے اور ہلڑ بازی میں مزہ آتا ہے۔ کچھ ایسے بھی ہوتے ہیں جن کی تفریح زیادہ متین اور سنجیدہ قسم کی ہوتی ہے اور جب ہم اپنی مسرت کے یہ ذریعے ڈھونڈ لیتے ہیں تو مطمئن ہو جاتے ہیں، اور اپنی مسرت میں یہ بھی بھلا دیتے ہیں کہ جوانی گذر کر بڑھاپا قریب آتا جا رہا ہے۔ پھر ایک دن ایسا آتا ہے کہ ان خوشیوں اور تفریحوں

بار چینی ادب میں ملتا ہے۔ فنا ہونے اور مٹ جانے کا یہ احساس چینی شاعر اور دانشور کو ہمیشہ طرب اور انبساط کے لمحوں میں بار بار ہوتا ہے اور اس احساس کی خلش چینی شاعر کی زبان سے یہ کہلواتی ہے کہ:

چاند پورا نہ رہے گا، ایسے!

پھول کھلتا نہ رہے گا، ایسے!

یہ احساس اس وقت اور بھی شدید ہو گا جب وہ کھلتے پھولوں کے ساتھ پورے چاند کو دیکھے گا۔ مشہور شاعر لی پو کی خوبصورت نظم "شفتالوؤں کے غنچوں کے درمیان بہار کی ایک رات" دیکھیے جو اس نے ایک شاندار جشن کی یاد میں لکھی تھی۔ اس میں یہی خیال ملتا ہے جو چینی ادب میں ضرب المثل بن گیا ہے:

"عمرِ رواں خواب کی مانند ہے۔ آخر ہمیں اس زندگی سے لطف اٹھانے کا کتنی بار موقع ملے گا؟" زندگی کے فنا ہونے اور مٹ جانے کا یہ احساس، وانگ سی چی نے اپنے زندۂ جاوید مضمون "ایوانِ گل" میں بڑی خوبی سے ظاہر کیا ہے۔ یہ مضمون اس نے اپنے خوش باش اور عالی مرتبت دوستوں کی ملاقات پر لکھا تھا۔ وہ کہتا ہے:۔

"یونگ ہو کے جلوس کے نویں سال (۳۵۳ عیسوی) بہار کے دورِ آخر کے آغاز میں ہم لوگ جشنِ آبی کے سلسلے میں ایوانِ گل میں جمع ہوئے تاکہ آبی جشن منا کر خبیث روحوں کو بھگا سکیں۔

جشن میں ہم سب لوگ موجود تھے بوڑھے بھی اور جوان بھی — سامنے بلند پہاڑوں کی شاندار چوٹیاں سر اٹھائے کھڑی ہیں، تناور درختوں کی گھنی چھاؤں ہے، بانسوں کے اونچے پیڑ ہر طرف کھڑے ہیں۔ یہاں صاف شفاف چشمے ہیں،

اور حالات جس طرح مسرّت اور رنج کے جذبات پیدا کرتے ہیں اُس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوگی۔

خدا جانے مستقبل کے قاری اِس تحریر کو پڑھ کر کیا خیال کریں گے، کیا محسوس کریں گے؟!"

---

میں سمجھتا ہوں کہ اگر انسان کو اپنے فانی ہونے کا خیال رہے اور اُسے یہ احساس رہے کہ ایک نہ ایک دن اس کی زندگی کا شعلہ، شمع کے شعلے کی طرح بجھ کر رہ جائے گا تو یہ بڑی زبردست چیز ہے کیونکہ یہ احساس ہماری آنکھیں کھول دیتا ہے ہمیں کچھ کچھ غمگین کر دیتا ہے۔ اور ہم میں سے اکثر لوگوں پر شاعرانہ جذبات طاری کر دیتا ہے۔ مگر سب سے بڑی بات یہ ہے کہ اپنی فنا کے احساس کی بدولت ہم میں معقولیت سے زندگی بسر کرنے، سچائی کے راستے پر چلنے اور اپنی مجبوریوں کو ہمیشہ یاد رکھنے کی صلاحیت پیدا ہوتی ہے۔ اس سے دل کو بڑا سکون بھی ملتا ہے کیونکہ صحیح معنی میں دل کا سکون اسی صورت میں ملا کرتا ہے کہ بدترین بات کو بھی بے چون وچرا مان لیا جائے اور بھیانک سے بھیانک حقیقت کو تسلیم کر لیا جائے۔ میرا خیال ہے نفسیاتی لحاظ سے یہ سکون اس لئے حاصل ہوتا ہے کہ اعصابی تناؤ دور ہو جاتا ہے اور جو قوت اِس تناؤ پر خرچ ہو رہی تھی اِس طرح وہ سکون میں بدل جانے کے لئے آزاد ہو جاتی ہے۔

چینی شعراء اور عام لوگ جب خوشیاں مناتے ہیں تو ان کے دل میں ہمیشہ یہ تحت الشعوری احساس رہتا ہے کہ یہ خوشی دائم و قائم نہیں ہے۔ اِس لئے کسی ملاپ اور بڑی فرحت افزا ملاقات کے بعد ان کا یہ عام مقولہ ہوتا ہے: "اچھا بھائی، بہت بڑا جشن بھی ہو جس کا پنڈال سیکڑوں میل میں پھیلا ہو تو اس کا انجام اور اسکی

سے دل بھر جاتا ہے اور بدلے ہوئے حالات کے مطابق ہماری پسند، ناپسند اور آرزوئیں تک بدل جاتی ہیں۔ اس وقت دل میں پشیمانی کا شدید احساس پیدا ہوتا ہے ___ پلک جھپکتے میں ہماری گزری ہوئی مسرتوں کے سرچشمے دور کے ماضی کی دھندلی یادیں بن جاتے ہیں۔ اور ان یادوں میں تاسف اور دلگیری کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔ اِس کے علاوہ بڑی بات یہ ہوتی ہے کہ چاہے زندگی مختصر ہو یا طویل، اس کا انجام ہر حال میں فنا ہے۔ قدیم داناؤں نے کہا تھا کہ "زندگی اور موت دونوں عظیم ہیں!" ___ کتنا المناک خیال ہے یہ!

میں قدیم زمانے کے لوگوں کی مسرتوں اور ان کے آلام کا اکثر مطالعہ کرتا ہوں۔ میں ان کی تصانیف پڑھتا ہوں اور مجھے فوراً یہ محسوس ہوتا ہے کہ ان کے دل پر بھی زندگی اور موت کا وہی اثر ہوتا تھا جو ہمارے دلوں پر ہوتا ہے۔ یہ سوچ کر میرے دل پر بڑی اُداسی چھا جاتی ہے اور مجھے اُن پر بڑا رحم بھی آتا ہے۔ مگر بات واضح نہیں ہو پاتی ۔ یہ زندگی کا معمّا ہے جس کے بارے میں، میں اتنا جانتا ہوں کہ زندگی اور موت کو ایک کہنا اور ایک سمجھنا جھوٹ ہے۔ یہ بھی جھوٹ ہے کہ طویل زندگی اور دنیوی موت سے کوئی فرق نہیں پڑتا ___ افسوس یہ ہے کہ آج جس طرح ہم قدیم داناؤں کے مرنے جینے کا خیال کر رہے ہیں۔ کل کو آئندہ نسلیں بھی کچھ ہمارے بارے میں سوچیں گی ___

اِسی خاطر میں نے یہ التزام کیا ہے کہ اس جشن میں جو جو معاصرین شریک ہیں، میں ان کا نام اور ان کے اقوال تحریر میں لا رہا ہوں ___ اگرچہ وقت گزرنے کے ساتھ حالات بھی بدل جائیں گے لیکن وقت

چینی کو اس سوال کا جواب دینا نہیں آئے گا۔ اس کی ساری روحانیت ایک مادی اور ارضی حیات کی بنیاد پر مبنی ہے لہٰذا روح اور جسم کا فرق اور امتیاز اس کی سمجھ میں نہیں آسکتا۔ اس میں شک نہیں کہ ہر چینی زندگی کے عام آرام اور ضروریات (مثلاً اچھا کھانا، پہننا وغیرہ) کا بڑا قائل ہے۔ مگر یہ چیزیں بھی تو حواس اور احساس سے تعلق رکھتی ہیں۔ باقی رہا جسم اور روح کے امتیاز کا معاملہ، تو جسم اور روح کا فرق صرف ذہن کے ذریعے سے معلوم کیا جا سکتا ہے۔ اس کے برعکس ہمارے حواس، جسم اور روح دونوں کے لیے دروازوں کا کام دیتے ہیں (جیسا کہ گذشتہ باب میں عرض کیا جا چکا ہے) ـــــ موسیقی ہمارے فنونِ لطیفہ میں سب سے اونچا فن ہے جس کا تعلق روح سے ہے اور جو انسان کو روحانیت کی بلندیوں کی سیر کرا سکتی ہے، مگر اس کا سارا دارومدار بھی سننے کی قوت (سامعہ) پر ہے۔ اسی طرح ایک چینی کی سمجھ میں نہیں آتا کہ اگر کھانے کے معاملے میں دو شخصوں کا مذاق ایک سا ہو تو یہ آوازوں کی ہم آہنگی (موسیقی) کی طرح ایک روحانی چیز کیوں نہیں ہے؟ آخر اس ہم مذاقی کا سارا دارومدار بھی تو ایک اور حسِ لطیف یعنی چکھنے (ذائقہ) پر ہے ـــــ اس حقیقی رنگ میں ہم اپنی محبوبہ کے لیے اپنے دل میں گہرا پیار محسوس کر سکتے ہیں۔ کیونکہ اس کی روح اور اس کے جسم میں امتیاز کی ایک حدِ فاصل قائم کرنا، ناممکن ہے۔ اگر ہمیں ایک عورت سے محبت ہے تو اس کے خط و خال اور ان خط و خال کی اقلیدسی شکل ہی سے یہ محبت نہیں ہوگی بلکہ ہمیں اس کے انداز، اس کے اطوار، اس کی حرکات و سکنات، اس کے روپ اور چھب، اس کے تبسم سے بھی محبت ہوگی ـــــ اب کوئی پوچھے کہ محبوبہ کا تبسم ایک روحانی چیز ہے یا جسمانی تو اس کا جواب کون دے سکتا ہے؟

انتہا آخر کہیں نہ کہیں ضروری ہوا کرتی ہے . . . . !" گویا زندگی کا یہ جشن سوتے جاگتے کا جشنِ خواب ہے! اور یہی اُس کا اصل حُسن ہے کیونکہ اس کی خوابناکی ہی اس میں ایک روحانی کیفیت پیدا کرتی ہے۔

زندگی کے ساتھ، اگر بقا اور دوام کا جھگڑا نہ رکھا جائے تو جینے کا مسئلہ بالکل ایک سادہ اور آسان مسئلہ بن جاتا ہے۔ ہم انسانوں کو اس زمین پر زندہ رہنے کے لئے محدود مدت دی گئی ہے۔ یہ مدت شاذونادر ہی ستر اسّی برس سے زیادہ ہوا کرتی ہے۔ ہمیں کرنا یہ ہے کہ زندگی کی اس محدود فرصت کو اس طرح ترتیب اور تنظیم دے لیں کہ ایک خاص ماحول میں ہم جہاں تک ممکن ہو مزے سے زندگی گذاریں— یہ مسئلہ اس صورت میں عین بعین، کنفیوشس کی تعلیمات کا ایک عکس بن جاتا ہے! اس میں وہی ٹھوس وبنیادی رنگ اور ارضی کیفیت ہے۔ چنانچہ اس سادہ حقیقت کو ماننے کے بعد انسان بڑے استقلال اور بڑی سوجھ بوجھ سے دنیاداری کے کام کاج کرنے لگتا ہے۔ اسی وصف کو امریکی دانشور اور حکیم جارج سنتیانا نے "حیوانی اعتقاد" سے تعبیر کیا ہے اور اس حیوانی اعتقاد کے ہوتے ہوئے ہمیں ڈارون کی اس شہادت کی ضرورت نہیں رہتی کہ حیوانوں سے ہمارا رشتہ بڑا محکم ہے۔ اسی "حیوانی اعتقاد" کی بدولت ہم زندگی کے رشتے سے وابستہ رہتے ہیں — وہ زندگی، جو جبلتوں اور حواس خمسہ کی زندگی ہے اور اس وابستگی کی تہ میں بات صرف یہ ہے کہ چونکہ ہم سب حیوان ہیں لہٰذا ہم اسی صورت میں خوش وخرم رہ سکتے ہیں کہ ہماری عام جبلّی ضرورتیں سیدھے سادے طریقے پر آسودہ اور مطمئن ہوسکیں — اس کا اطلاق زندگی کے ہر پہلو پر ہوتا ہے اور جینے کا مزہ لینے کا کوئی پہلو اس سے الگ نہیں کیا جاسکتا۔

تو پھر کیا ہم لوگ، ہم چینی شدید طور پر مادہ پرست ہیں؟— سچ پوچھئے تو ایک

کے دوامی نالے کا نام نہیں لیتے۔

## ۵۔ قسمت کیا ہے؟

چین میں تاؤ کے قانونِ فطرت نے بیکار زندگی کا جو درس دیا ہے، اس کا ایک مخصوص پہلو یہ ہے کہ بے مصرف زندگی بسر کرنے والی ذہنیت، بد نصیبی اور خوش بختی، دونوں کی قائل نہیں۔ تاؤ کی بڑی تعلیم یہ ہے کہ "کرنے" سے زیادہ اہم "ہونا" ہے۔ کام سے زیادہ اہم کردار ہے اور عمل سے اہم تر سکون ہے مگر دلی سکون اسی صورت میں حاصل ہو سکتا ہے کہ انسان کو تقدیر کے تھپیڑے نہ کھانے پڑیں۔ اور تقدیر کا الٹا سیدھا چکر اس کی زندگی کو پریشان نہ کرے۔ تاؤ فلسفے کے عظیم مبلّغ اور فلسفی لائت زے نے اس سلسلے میں ایک تمثیلی حکایت بیان کی ہے...

"ایک بوڑھا اپنے بیٹے کے ساتھ ایک ویران قلعے میں رہتا تھا۔ یہ قلعہ پہاڑ کی چوٹی پر واقع تھا۔ ایک دن اس کا گھوڑا کھو گیا۔ اس کے ہمسائے اظہارِ ہمدردی کے لئے آئے۔ اُن سے بوڑھے نے پوچھا "بھائیو! آپ کو کیسے معلوم ہے کہ گھوڑے کا گم ہو جانا میری بدنصیبی ہے؟" چند دن بعد اس کا گھوڑا۔ چند جنگلی گھوڑے ساتھ لے کر گھر واپس آ گیا۔ بوڑھے کے ہمسائے اس خوش بختی پر اُسے مبارکباد دینے آئے تو بوڑھے نے پوچھا "آپ کو کیسے معلوم ہے کہ یہ میری خوش بختی ہے؟" ——— اب اتنے گھوڑوں کے ہوتے ہوئے اس کے لڑکے نے سواری سیکھی، اور ان گھوڑوں پر چڑھنا شروع کر دیا۔ ایک دن گھوڑے سے گر کر لڑکے کی ٹانگ ٹوٹ گئی۔ ہمسائے پھر ہمدردی کا

زندگی کی حقیقت اور زندگی کی روحانیت کا احساس، چینی انسان پرستی سے تقویت پاتا ہے۔ سچ تو یہ ہے کہ چینی قوم کا اندازِ فکر اور جینے کا ڈھب، دونوں ہی اِس احساس کی پشت پناہ ہیں۔ اس لیئے چینی فلسفے کی مختصر اور جامع تعریف یہ بتائی جا سکتی ہے کہ چینی فلسفہ، زندگی کے علم میں دلچسپی کا نام ہے۔ سچائی کے عرفان سے اس کا تعلق کچھ کم ہی ہے —— چینی فلسفی، جینے اور زندگی کرنے کے سلسلے میں سارے ما بعد الطبیعیاتی اندازوں کو غیر متعلق سمجھ کر نظر انداز کر جاتے ہیں۔ وہ براہِ راست زندگی سے ناتا جوڑتے ہیں اور ہمیشہ اپنے آپ سے یہی ازلی اور ابدی سوال کرتے ہیں: "ہمیں زندہ کیسے رہنا ہے؟" —— اِس لیئے مغرب جس چیز کو فلسفہ سمجھتا ہے، چینی قوم کے نزدیک وہ بالکل بیکار چیز ہے۔ مغرب کا فلسفہ منطق کی بھول بھلیاں میں الجھا ہوا ہے اور منطق کا سارا کام یہ ہے کہ علم حاصل کرنے کے طریقوں کا سُراغ لگائے۔ مغرب کا فلسفہ منطق کے علاوہ اس سوال کے چکر سے بھی باہر نہیں نکلا کہ علم حاصل کرنے کے امکانات کیا ہیں۔ اِس لیئے ان دو چیزوں میں اُلجھ کر مغربی فلسفہ خود زندگی کے متعلق باتیں معلوم کرنا بالکل فراموش کر چکا ہے۔ زندگی کے حقائق اور زندگی کے عرفان سے مغربی فلسفے کا اب کوئی واسطہ نہیں رہا۔ اِسی لیئے مغربی زندگی کو دیکھا جائے تو اس میں سوا مہمل باتوں اور فضول ہُو حق مچانے کے اور کچھ نہیں۔ اس میں عشق بازی اور کورٹ شپ کی بھرمار ہے۔ شادی کا کہیں نام نہیں اور لطف یہ کہ بچے بھی پیدا کیئے جاتے ہیں اور یا پھر بڑی بڑی فوجیں ہیں، جو مارچ کرتی رہتی ہیں۔ اور جنگ کا منہ نہیں دیکھتیں —— یہی حال فلسفے کا ہے، اور اس سلسلے میں جرمن فلسفی سب سے بدتر ہیں، ان کی ہرزہ سرائی کا عالم تو یہ ہے کہ وہ سچائی کے ساتھ بڑے دل پھینک عاشقوں کی طرح اختلاط تو کرتے رہتے ہیں لیکن شادی

اپنی ناکامی پر بھی اعتبار نہ آئے۔اس کے برعکس نیم خواندہ بلکہ نیم جاہل شخص کی خصوصیت یہ ہوتی ہے کہ اس کے لیئے ظاہری کامیابی یا ظاہری ناکامی بڑی ٹھوس اور قطعی چیزیں ہوتی ہیں جن سے گویا مفر ہی نہیں۔چنانچہ بدھ مت اور تاؤ مت میں فرق یہ ہے کہ:۔ بدھ مت کے پیرو کا نصب العین یہ ہوتا ہے کہ اُسے کسی کی ضرورت نہ پڑے۔ تاؤ مت کے پیرو کا نصب العین یہ ہے کہ کسی کو اس کی ضرورت نہ ہو—کیونکہ جس شخص کی ضرورت پبلک کو نہ ہو وہی شخص رنج و آلام سے آزاد رہ سکتا ہے اور جو شخص رنج و آلام سے آزاد ہوگا وہی خوش باش انسان ہوسکتا ہے۔اسی لیئے تاؤ کے فلسفے کے قابل ترین اور عظیم ترین فلسفی چونگ زے نے برابر یہ تعلیم دی کہ زیادہ ممتاز کبھی نہ بنو۔زیادہ کام کے آدمی بننے کی کبھی کوشش نہ کرو۔زیادہ اچھے کارکن بننے سے لازمی طور پر گریز کرو! اس کی بڑی وجہ یہ ہے کہ انہی جانوروں کو دیوتاؤں کی قربانی کے لیئے چڑھاتے ہیں جو خوب موٹے تازے ہوجائیں۔زیادہ خوبصورت پرندوں کو شکاری ضرور شکار کرتے ہیں تاکہ اُن کے رنگا رنگ پروں کو نوچ سکیں۔اِس سلسلے میں چونگ زے نے ایک حکایت بھی لکھی ہے۔وہ کہتا ہے کہ کفن چوروں نے ایک قبر کھودی کہ کفن اتار لیں اور مردہ نکال لیں۔انہوں نے ہتھوڑا لیکر مردے کی کھوپڑی توڑی، پھر جبڑوں کی ہڈیاں بھی چور چور کر ڈالیں کیونکہ انہیں کسی نے بتایا تھا کہ اس قبر میں جو مردہ دفن ہے اس کے منہ میں ایک انمول موتی ہے!!—گویا مرنے کی بے حرمتی کا سبب صرف یہ ہوا کہ اُس نے ایک موتی منہ میں رکھ کر دفن ہونے کی حماقت کی تھی!

اِس سارے فلسفے اور بحث کا لازمی نتیجہ یہی نکلتا ہے کہ بیکاری اور آزادہ روی کے مزے کیوں نہ لیئے جائیں؟

اظہار کرنے آئے تو بوڑھے نے پھر کہا: "بھائیو! آپ کو کیسے پتا چلا کہ میرے لڑکے کی ٹانگ کا ٹوٹ جانا، بدبختی کی بات ہے؟" — اگلے ہی سال ملک میں جنگ چھڑ گئی۔ چونکہ بڈھے کا لڑکا چلنے پھرنے سے معذور تھا اس لیے اسے میدانِ جنگ میں نہ بھیجا گیا۔"

---

ظاہر ہے، یہی وہ فلسفہ ہے جو آدمی میں کچھ سختیاں سہنے کی قوت بھی پیدا کر دیتا ہے کیونکہ اِس فلسفے کی بدولت انسان کو پتا چل جاتا ہے کہ ہر سختی اور ہر مشکل کے ساتھ کچھ آسانیاں اور کچھ فائدے بھی ضرور وابستہ ہوتے ہیں۔ ایسا شخص جانتا ہے کہ تصویر کا ایک ہی رُخ نہیں ہوتا بلکہ ہر چیز کے دو رُخ ہوا کرتے ہیں دِل کا سکون حاصل کرنا، زندگی کی فضول بھاگ دوڑ سے گریز کرنا اور دنیاوی کامیابی کو ہیچ سمجھنا، اُسی کے لئے ممکن ہے جو زندگی کے اس فلسفے کو پیشِ نظر رکھے، جو یہ مقولہ سامنے رکھے!

"اُسے کچھ پروا نہیں ہوتی، جو کسی چیز کی پروا نہ کرے!"

جو شخص یہ احساس رکھتا ہو کہ "جو بھی ہوتا ہے، کوئی خوف نہ کر، ہونے دے۔" اُسے دنیاوی کامیابی کی خواہش نہیں رہتی کیونکہ دنیاوی کامیابی کی خواہش اصل میں ناکامی کے ڈر کا دوسرا رُخ ہے۔ کوئی شخص جتنی زیادہ ترقی کرتا ہے اُتنا ہی اُسے اپنے تنزل کا دھڑکا لگا رہتا ہے۔ گویا ایک طرف شہرت اور کامیابی کے خیالی انعامات ہیں اور دوسری طرف گمنامی کے ٹھوس فائدے۔ آپ کو یہ دیکھنا ہے کہ دونوں میں کون سا پلّہ بھاری ہے ــــ تاؤ فلسفے کی رُو سے تعلیم یافتہ آدمی وہ ہے جو کامیاب ہونے پر یہ یقین نہ کرے کہ اُس نے کامیابی حاصل کر لی اور جب ناکام ہو تو اُسے

کر رکھا ہے۔ دنیا میں ہمیں یہ سوچ کر زندہ رہنا چاہیئے کہ اس دنیا میں کوئی بڑی بپتا، کوئی بڑے مصائب موجود نہیں۔ اور اگر کام کرنا بڑا اعلیٰ فن ہے تو کام نہ کرنا اس سے بھی اعلیٰ فن کی حیثیت رکھتا ہے۔ اگر آپ خطوں کا جواب بڑی پابندی اور باقاعدگی سے دیتے ہوں تو اس کا نتیجہ مجموعی طور پر اتنا ہی اچھا یا بُرا ہوگا جتنا کسی خط کا جواب نہ دینے سے ہو سکتا ہے۔ خط لکھنے نہ لکھنے سے کوئی فرق نہیں پڑتا۔ خطوں کے باقاعدہ جواب نہ لکھنے سے زیادہ سے زیادہ یہی ہوگا کہ آپ چند اچھی قسم کی ملاقاتوں اور تقریبوں سے محروم رہیں گے۔ مگر یہ بھی سوچئے کہ اس طرح آپ چند فضول ملاقاتوں اور بُری تقریبوں سے بچ بھی تو جائیں گے! اصل میں زیادہ تر خطوط اس قابل نہیں ہوتے کہ ان کا جواب لکھا جائے۔ اس آزمائش کی سادہ سی صورت یہ ہے کہ آپ ان خطوں کو تین ماہ تک اپنے میز کی دراز میں رکھا رہنے دیجئے۔ تین مہینے بعد انہیں نکال کر پھر پڑھئے تو معلوم ہوگا کہ ان کا جواب لکھنا محض وقت ضائع کرنے کے مترادف ہوتا۔ اصل میں، خط لکھنا بھی ایک عیب یا کمزوری بن جایا کرتا ہے کیونکہ خط لکھنے کی بدولت ہی اچھے بھلے ادیب سیلزمین بن جاتے ہیں اور کالجوں کے پروفیسر کاروباری بن جاتے ہیں۔ اسی بنا پر امریکی ناول نگار تھورو کو ان لوگوں سے نفرت تھی جو بڑی باقاعدگی سے ڈاک خانے آتے جاتے رہتے ہیں۔

میں، کارگزاری اور مستعدی کے خلاف نہیں ہوں۔ اسی کارگزاری کی بدولت دنیا میں قابلِ اعتماد چیزیں بن سکتی ہیں مثلاً میں امریکہ کی ساختہ نل کی ٹونٹی کو زیادہ قابلِ اعتماد سمجھتا ہوں کیونکہ اس سے پانی فضول ٹپکتا نہیں رہتا۔ اور یہ بڑے اطمینان کی بات بھی ہے۔ اصل میں جھگڑا دوسری بات کا ہے۔ یہ ایک پُرانی للکار ہے کہ ہر انسان کو مفید، کارگزار بننا چاہیئے ۔ اُسے سرکاری ملازمت حاصل کر کے اختیارات پر قبضہ جمانا

# ۶۔ تین امریکی عیوب

آپ نے دیکھا، چینی کا فلسفۂ زندگی یہ ہے کہ "جو شخص کسی بات کی پروا نہ رکھے اسے کسی چیز کی پروا نہیں ہوتی!" — مگر امریکی اور اس چینی فلسفے میں بڑا عجیب تفاوت ہے۔ چینی فلسفہ بار بار یہ پوچھتا ہے کہ کیا زندگی اس زبردست تگ و دو کے قابل بھی ہے کہ ہم اپنی روح کو اپنے جسم کا غلام بنا کر رکھ دیں؟۔ آزادہ روی کے فلسفے میں جو اعلیٰ روحانیت پرستی پنہاں ہے۔ وہ اس غلامی کی سخت ممانعت کرتی ہے۔ مگر امریکہ میں معاملہ برعکس ہے۔ اس موقع پر مجھے ایک مشہور امریکی کارخانے کا اشتہار یاد آتا ہے جس میں جلی حرفوں میں یہ لکھا تھا: "جو چیز تقریباً ٹھیک ہو، وہ ٹھیک نہیں ہوتی!" گویا، امریکی زندگی سو فیصدی کارگزاری اور عمدگی پر جان دیتی ہے۔ میرے نزدیک کارگزاری اور عمدگی کی یہ شدید خواہش کوئی شریفانہ یا معقول بات نہیں۔ امریکیوں نے اپنی جان کو یہ روگ لگا رکھا ہے کہ اگر کوئی چیز "تقریباً ٹھیک" (اچھی خاصی) ہو تو وہ اس پر مطمئن نہیں ہوتے۔ وہ اسے اور بہتر بنانا چاہتے ہیں۔ اس کے برعکس چینی قوم کا شیوہ ہے کہ جو چیز "تقریباً ٹھیک" کے ضمن میں آتی ہو وہ بالکل ٹھیک سمجھی جاتی ہے!—

اس طرح امریکی قوم کے تین بڑے عیوب یہ ہیں کہ امریکی اعلیٰ کارگزاری وقت کی شدید پابندی اور دنیاوی کامیابی پر جان دیتے ہیں۔ یہی وہ چیزیں ہیں جن کی وجہ سے عام امریکیوں کی زندگی تلخ رہتی ہے اور ان کے اعصاب تباہ ہو جاتے ہیں۔ ان تینوں باتوں کی بدولت، امریکی قوم نے اپنے آپ سے فراغت کا ازلی حق چھین رکھا ہے اور فرصت کی خوبصورت اور بیکار شاموں سے اپنے آپ کو محروم

آر پار دو سرنگیں کھودلیں گے! چینی مزاج کا یہ اعتقاد ہے کہ پہاڑ میں سے سرنگ نکالنی مقصود تھی، سو اب ایک کی بجائے اگر دو سرنگیں نکل آئیں تو اور بھی اچھا ہے کیونکہ اب ایک کے بجائے دو راستے بن گئے ہیں! اگر کام ختم کرنے کی جلدی نہ ہو تو دو سرنگیں بھی اتنی ہی مفید ہیں جتنی ایک سرنگ ہو سکتی تھی۔ شرط یہ ہے کہ کسی نہ کسی طور یہ دو سرنگیں مکمل ہو جائیں اور ان میں سے گاڑی بھی گزر سکے ــــ پھر چینی قوم اتنی بیقاعدہ بھی نہیں۔ اگر آپ انہیں کوئی کام کرنے کی کافی مہلت دیدیں تو ہر چینی وقت کی پابندی بھی کرلیتا ہے چینی، ہر کام کو گوشوارے کے مطابق ختم کرسکتے ہیں، شرط یہ ہے کہ کام مکمل کرنے کا یہ گوشوارہ مختصر نہ ہو، ذرا طویل ہو۔

مصیبت یہ ہے کہ صنعتی تہذیب کی بدولت زندگی، شاندار فراغت اور سہل انگاری سے محروم ہوگئی ہے۔ اس سے بھی بڑھ کر یہ مشکل ہے کہ صنعتی تہذیب نے وقت کے متعلق ایک مختلف نظریے کو ہم پر سوار کر دیا ہے جس کا پیمانہ انسان نہیں بلکہ کل پرزوں سے بنی ہوئی گھڑیاں ہیں ـ یہ گھڑیاں، رفتہ رفتہ انسان کو بھی ایک گھڑی بنا کر دم لیتی ہیں۔ مشرق میں صنعتوں کے پھیلنے سے یہ بات بھی ضرور آئے گی کیونکہ اگر چین میں کوئی ایسا کارخانہ قائم ہو جس میں پورے بارہ ہزار مزدور کام کرتے ہوں تو انہیں اپنی مرضی اور خوشی سے، جب ان کا جی چاہے، کام پر آنے کی اجازت کیسے دی جاسکتی ہے۔ مگر یہ ماننا پڑے گا کہ وقت کا یہ تعین اور یہی پابندی زندگی کو اتنا کٹھن اور اتنا طوفانی بناتی ہے۔ اگر آپ کو ٹھیک پانچ بجے شام کہیں پہنچنا ہو تو آپ کی ساری سہ پہر غارت ہو جائے گی اور ایک سے پانچ بجے تک کا وقت کسی کام نہیں آئے گا۔ مگر امریکی لوگ، دن اور رات کی گھڑیاں اسی طرح مخصوص اور معین کرتے رہتے ہیں جس طرح ایک سکول کے بچے کا ٹائم ٹیبل بنتا ہے: تین بجے

چاہئے۔ اس للکار کا جواب بھی اتنا ہی پرانا ہے کہ دنیا میں ایسے احمقوں کی کمی نہیں جو کارگزاری دکھانے پر تلے بیٹھے ہیں، جو مصروف رہنا چاہتے ہیں اور جو اختیارات حاصل کرکے بڑے خوش ہوں گے، لہٰذا ہمارے بغیر بھی دنیا کا کام کاج چلایا جاسکتا ہے اور چلتا رہے گا ـــــ نکتہ یہ ہے کہ دانا لوگ کون ہیں؟ وہ جو آزادہ رو اور آزاد منش ہیں یا وہ جو مصروفیت اور کارکردگی پر جان دیتے ہیں؟ گویا مستعدی اور کارگزاری کے خلاف یہ اعتراض نہیں کہ اس کی بدولت دنیا کے کام کاج ہوتے ہیں۔ اعتراض یہ ہے کہ مستعدی اور مصروفیت ہمارے وقت پر ڈاکا ڈالتی ہیں، ان کی بدولت ہمیں فراغت کا ایک لمحہ نصیب نہیں ہوتا، زندگی کا لطف اٹھانے کی مہلت نہیں ملتی۔ اور یہ معیار کی بہتری اور کام کی عمدگی ہمارے اعصاب تباہ کر دیتی ہیں۔ امریکہ میں کسی اخبار یا رسالے کے ایڈیٹر کو دیکھئے، وہ اس فکر میں بال سفید کرلیتا ہے کہ اس کے اخبار یا رسالے کے صفحوں پر طباعت کی کوئی غلطی نہ ہونے پائے۔ اس سلسلے میں چینی ایڈیٹر زیادہ دانشمند واقع ہوتے ہیں۔ وہ اپنے پڑھنے والوں کو اس روحانی خوشی کا موقع دیتے ہیں کہ وہ ان کے اخبار یا رسالے میں کبھی کبھی طباعت کی چند غلطیاں بھی ڈھونڈ نکالیں۔ چینی ایڈیٹر تو بعض دفعہ سلسلہ وار ایک ناول چھاپنا شروع کر دیتے ہیں اور پھر عین درمیان میں ناول کی ایک قسط چھاپنی بھول جاتے ہیں! اگر اس قسم کی فروگذاشت امریکہ میں ہو تو امریکی ایڈیٹروں کی شامت آجائے۔ مگر چین میں یہ کوئی اہم بات نہیں۔ کیونکہ یہ کوئی اہم بات نہیں ہے! ـــــ امریکی انجینئر کسی دریا کا پل بنائیں گے تو اتنی درستی اور محنت سے حساب لگائیں گے کہ انچ کے دسویں حصے میں بھی بال برابر کا فرق نہ رہ جائے، اور اگر دو چینی انجینئر ایک پہاڑ میں دو طرف سے سرنگ کھودنا شروع کریں تاکہ درمیان میں آکر مل جائیں تو وہ دونوں کے دونوں پہاڑ کے

میں ہر شخص کام کرنے پر تلا رہتا ہے اور عمل کو زندہ رہنے سے زیادہ اہمیت دیتا ہے۔
ہمارا مطالبہ تو یہ ہونا چاہئے کہ زندگی میں امتیاز کی شان ہو، اسی طرح جیسے ہم یہ چاہتے ہیں کہ ہر عظیم فن پارے میں کوئی خصوصیت، کوئی امتیاز ہونا چاہئے۔ بدقسمتی سے امتیازی شان اور خصوصیت ایسی چیز نہیں جسے شب بھر کی فرصت میں تیار کرلیا جائے۔ پرانی شراب کے جوہر کی طرح زندگی میں امتیازی شان بھی وقت گزرنے سے پیدا ہوتی ہے سکون سے پرورش پاتی ہے۔ مگر امریکہ میں ہم دیکھتے ہیں کہ بڑی عمر کے مردوں اور عورتوں کو بھی کام کرنے کی دھن سوار رہتی ہے۔ گویا اس طرح وہ اپنی عزت نفس، اور کم عمر لوگوں کا احترام حاصل کرنے کی فکر میں رہتے ہیں۔ یہ بات ایک مشرقی کو بے حد مضحکہ خیز معلوم ہوتی ہے۔ اگر کوئی سن رسیدہ شخص زیادہ کام کرے تو اچھا نہیں لگتا۔ کچھ اس طرح کا احساس ہوتا ہے گویا فلمی گانے یا ناچ کی کوئی دھن شہر کی سب سے بڑی عبادت گاہ سے نشر کی جا رہی ہے! کیا یہی کافی نہیں کہ کچھ بوڑھے آدمی دنیا میں موجود ہیں؟ کیا ان کے وجود کی شہادت کے لئے یہ ضروری ہے کہ وہ ہمیشہ کچھ نہ کچھ ضرور کرتے رہیں؟ ادھیڑ عمر کے شخص کو بھی اگر فراغت اور بیکار زندگی گزارنے کا سلیقہ نہ ہو، یا وہ اس نعمت سے بالکل محروم ہو تو یہی کافی بڑا جرم ہے۔ بڑھاپے میں بے مشغلہ زندگی گزارنے سے محروم رہنا تو انسانیت کے خلاف بہت بڑا جرم ہے۔

اصل یہ ہے کہ کردار کے امتیاز اور خصوصیت کا تعلق ہمیشہ بڑھاپے سے ہوتا ہے۔ اس خصوصیت کو پروان چڑھنے میں وقت لگتا ہے کبھی ادھیڑ عمر کے شخص کا چہرہ دیکھئے، اس پر جو لکیریں ہیں وہی اس شخص کے کردار کے مستقل نقوش ہیں۔ مگر ان لکیروں کے واضح ہونے اور ایک دلکش صورت اختیار کرنے کے لئے کتنا وقت درکار ہوتا ہے؟ ـــــ ہاں! ان لوگوں میں کردار کی کیا خصوصیت ڈھونڈیئے گا

یہ کرنا ہے، پانچ بجے فلاں کام ہے، ساڑھے چھ بجے کپڑے بدلے جائیں گے، سات پچاس پر بس میں سوار ہونا ہے اور پورے سات بجے فلاں ہوٹل میں پہنچ جانا ہے۔ یہ سب کیا ہے؟ اگر جینا یہی ہے تو اس سے تو موت اچھی ہے۔

اس چکر میں امریکی لوگ یہاں تک گرفتار ہیں کہ نہ صرف اُن کا کل کا دن ٹیک ہے بلکہ پورے اگلے ہفتے بلکہ سارے مہینے کا پروگرام بھی بنا بنایا تیار ہے۔ چین میں اس کا تصور ہی مشکل ہے۔ چین میں آج سے تین ہفتے بعد ملاقات کا وعدہ ایسی چیز ہے جس کا ذکر کسی نے نہیں سُنا۔ چین میں اگر کوئی شخص دعوتی رقعہ وصول کرے تو اسے یہ نہیں کہنا پڑتا کہ میں اس دعوت میں شریک ہوں گا یا نہیں۔ وہ امریکیوں کی طرح دعوتی رقعوں کی منسلکہ فہرست پر یہ لکھ سکتا ہے کہ میں آؤں گا، یا میں نہیں آسکتا، شکریہ، مگر وہ صرف یہ لفظ لکھ دیتا ہے: "اطلاع پائی" —— اس کا مطلب یہ ہے کہ مجھے دعوت مل گئی۔ اس سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ وہ دعوت میں شامل ہوگا یا نہیں۔ گویا اسے اپنی نیت اور ارادے کا اظہار نہیں کرنا پڑتا —— ادھر امریکہ اور یورپ کے لوگوں کا یہ حال ہے کہ آج اگر شنگھائی سے روانہ ہو رہے ہیں تو وہ بڑے یقین کے ساتھ بتا سکتے ہیں کہ آج سے اتنے عرصے بعد، ۵ رمئی ۱۹۵۵ء کو تین بجے سہ پہر پیرس میں ایک کمیٹی کے جلسے میں شامل ہوں گے، ۱۵ رمئی کو سات بجے شام کی گاڑی سے وی آنا پہنچیں گے۔ میں پوچھتا ہوں اگر ایک سہ پہر کا خون کرنا ہی مطلوب ہے تو اتنی مدت پہلے اس کے خون کا اعلان کرنے کی کیا تُک ہے؟ کیا یہ نہیں ہو سکتا کہ ایک خدا کا بندہ اپنی مرضی سے سفر کرے، جب جی چاہے کہیں ٹھہر جائے اور جب جی چاہے پھر سفر پر روانہ ہو جائے۔

امریکہ کے لوگ، فراغت اور آزادہ روی سے محروم اس لئے ہیں کہ امریکہ

سخت جلدی میں نگلا کرتے ہیں۔ بلکہ مشینوں سے چلنے والے ہوٹل ہوں گے جہاں لوگ نرم اور آرام دہ کرسیوں میں آرام سے نیم دراز رہیں گے اور کھانے کی ہر چیز خود بخود اُن کے پاس مشینیں پہنچائیں گی۔ لوگ اس وقت پورا پورا دن چائے خانوں میں آرام سے باتوں میں گزارنے کا فن سیکھ چکے ہوں گے۔ ہر شخص سنگترے کے رس کا ایک گلاس پینے میں پورا آرام دہ گھنٹہ صرف کیا کرے گا۔ لوگ یہ سیکھ جائیں گے کہ شراب، ہلکے ہلکے گھونٹ لے کر پینی چاہیئے اور ہر گھونٹ کے بعد اچھی اچھی باتیں کہنی سننی چاہئیں۔ اب کی طرح نہیں کہ جام اٹھایا اور حلق میں انڈیل لیا۔ اس دور میں ہسپتالوں میں نام لکھوانے کی بدعت نہ ہوگی۔ ہنگامی حادثوں کے لئے فوری امداد کے وارڈ کسی ہسپتال میں نہیں ہوں گے کیونکہ فوری حادثے ہؤا ہی نہیں کریں گے۔ مریض اپنے ڈاکٹروں کے ساتھ زندگی کے فلسفے پر باتیں کیا کریں گے۔ آگ بجھانے والے انجن، جُوں کی چال چلیں گے اور ان انجنوں کا عملہ راستے میں رُک رُک کر آسمان پر اڑتی ہوئی مرغابیاں دیکھے گا اور آپس میں عملے کے لوگ، مرغابیوں کی تعداد پر بحث کیا کریں گے۔

مگر کیا کیا جائے۔ پُرشور شہروں پر اس قسم کا دورِ سعید آنے کی بظاہر کوئی امید نظر نہیں آتی۔ —— اگر یہ دور آجائے تو لوگوں کو کتنی فارغ اور بے مصرف سہ پہریں زندگی کا لطف اٹھانے کے لئے مل جائیں!!

جن کی زندگی چیزوں کو تہ وبالا کرنے میں گزرتی ہے۔ جو ہر نئے سال کے آنے پر گذشتہ سال کی کار کو بیچ کر، نیا ماڈل خریدنے کی فکر میں رہتے ہیں۔ ہم جو چیزیں بناتے ہیں، اُن کی ناپائیداری ہم میں بھی سرایت کر جاتی ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ ۱۹۳۷ میں ہر مرد عورت ۱۹۳۷ نظر آتا ہے اور ۱۹۳۸ میں ہر شخص ۱۹۳۸ کی طرح دکھائی دیتا ہے یوں کہنے کو ہمیں پرانی کتابوں، قدیم قلمی نسخوں، پرانے فرنیچر، پرانے چاندی کے برتنوں، پرانی تصویروں، پرانی تاریخی عمارتوں سے بڑی محبت ہوتی ہے۔ مگر اس زندگی کی بھاگ دوڑ میں ہم نے پختہ عمری کے حُسن کو بالکل فراموش کر رکھا ہے۔ میں سمجھتا ہوں بڑھاپے میں جو حُسن ہے، اس کا شعور ہماری زندگی کے لئے بڑا ضروری ہے کیونکہ میرے نزدیک حُسن پختگی، رسیلے پن اور پکے پن کا نام ہے!

بعض اوقات، ایک پیغمبرانہ رویا میرے سامنے آتا ہے اور میں دیکھتا ہوں کہ آج سے ایک ہزار سال بعد ایک ایسا با سعادت دور آئے گا جب مصروف ترین شہروں میں زندگی کی رفتار سبک اور دھیمی ہو جائے گی اور دھکم پیل اور چھینا جھپٹی کی جگہ فراغت اور آزادہ روی آ جائے گی۔ شرفا لمبی عبائیں پہنے، روشوں پر آرام سے ٹہلتے پھریں گے۔ چوراہے میں جو سپاہی کھڑا ہو گا وہ آہستہ چلنے والے ہر ڈرائیور سے دعا سلام کرے گا۔ خود گاڑیوں کے ڈرائیور جگہ جگہ کھڑے ہو کر، ایک دوسرے کی خیر خیریت پوچھا کریں گے اور ساری ٹریفک آرام سے رواں رہے گی۔ کوئی شخص اپنی دکان کے سامنے کھڑا ہو کر دانت صاف کرتا نظر آئے گا اور ساتھ ساتھ ہمسایہ دکاندار سے باتیں بھی کرتا جائے گا۔ کبھی کبھی کوئی عالم بھی آ نکلے گا جس نے ایک کتاب موڑ توڑ کر اپنی عبا کی آستین میں ٹھونس رکھی ہو گی — آج کی طرح اس با سعادت دور میں، ایسے سرِ راہ طعام خانے نہیں ہوں گے جہاں لوگ کھڑے کھڑے دوپہر کا کھانا

۱- جسم کے تقاضے

۲- تجرد اور کنوارپن

۳- جنسی کشش

۴- چینی گھر کی تصویر

۵- پُروقار بڑھاپا

اسے کچھ پتا نہیں ہوگا کہ اُسے کہنا کیا چاہئیے۔ اور وہ کہہ کیا رہا ہے۔ اس کے ساتھ ہی وہ ضمنی طور پر مغرب کی آسمان بوس عمارتوں شاندار سڑکوں اور شاہراہوں میں سو سو کیڑے ڈالے گا۔ (اچھے کیمروں کو بُرا کہنے والا مجھے آج تک کوئی مشرقی یا چینی نہیں ملا!) ظاہر ہے اس بیچارے کی حالت قابلِ رحم ہوگی کیونکہ وہ ٹھنڈے دل سے اور معقولیت کے ساتھ نہ تو مغرب کا کوئی اندازہ کر سکتا ہے نہ مشرق کے بارے میں کچھ کہہ سُن سکتا ہے۔ بس اُسے توکمتری کے خیالات پریشان کریں گے، اس کی آنکھیں چندھیائیں گے، اس کے اندازوں میں رخنہ انداز ہوں گے۔ یہی وہ شخص ہے جسے سکون دینے والی دوا کی ضرورت ہوتی ہے تاکہ اس کے دماغ کا بخار کم ہو۔

میں نے تہذیب کی خوبی کا جو امتحان تجویز کیا ہے، اس کا اثر بڑا عجیب ہوتا ہے۔ اس امتحان کی بدولت تمام انسان برابر برابر ہو جاتے ہیں۔ کیونکہ اس امتحان کی وجہ سے ایک تہذیب اور ثقافت کی تمام غیر ضروری چیزیں (کارنامے) طاق پر رکھے رہ جاتے ہیں اور ساری انسانیت، اخوت اور برابری کی ایک سادہ سطح پر آ جمع ہوتی ہے۔ تہذیب کے باقی تمام کارنامے صرف اسی ایک مقصد کو حاصل کرنے کے ذریعے بن جاتے ہیں کہ یہ تہذیب بہتر شوہر، بہتر بیویاں، بہتر باپ اور بہتر مائیں پیدا کر سکے۔ کُل انسانوں میں نوّے فی صد سے زیادہ شوہر اور بیویاں ہیں اور سو فیصدی انسانوں کے ماں باپ ہوا کرتے ہیں۔ اس کے علاوہ شادی اور گھریلو زندگی ایک انسان کی زندگی کا سب سے دلچسپ پہلو ہوتا ہے اس لئے یہ ثابت ہوا کہ جو تہذیب بہتر قسم کے خاوند اور بیویاں اور ماں باپ پیدا کر سکے گی وہی انسانی زندگی کو زیادہ سے زیادہ خوشگوار بنا سکتی ہے۔ لہٰذا وہی تہذیب اونچے درجے کی تہذیب گنی جائے گی۔ لوگوں کے کام کاج کی اچھائی، برائی سے کہیں اہم بات یہ ہے کہ جن لوگوں کے ساتھ

# ۱۔ جسم کے تقاضے

میرے نزدیک کسی تہذیب کے پرکھنے کا فیصلہ کن امتحان یہ ہے کہ اس تہذیب نے کس قسم کے شوہر، کیسی بیویاں اور کیسے ماں باپ دنیا کے سامنے پیش کیے ہیں؟ یہ سوال بے حد سادہ ہے لیکن اس کی اہمیت کے سامنے تہذیب کے باقی تمام کارنامے، آرٹ، فلسفہ، ادب، مادی ترقی، سب کے سب ماند پڑ جاتے ہیں۔

میرے جو ہم وطن، مشرقی اور مغربی تہذیبوں کا مقابلہ کرنے میں سر کھپاتے رہتے ہیں، میں انہیں دوا کی یہی ایک خوراک پلاتا ہوں۔ اور اس سے انہیں فوراً سکون ہو جایا کرتا ہے۔ قدرتی بات ہے کہ مغربی زندگی کے مشرقی طالب علم چاہے وہ مشرق میں رہتے ہوں یا مغربی ملکوں میں زیر تعلیم ہوں، مغرب کی خیرہ کن مادی ترقی سے بھونچکا رہ جاتے ہیں۔ وہ دیکھتے ہیں کہ مغربی ملکوں نے علم طبقات الارض اور فلکیات سے لے کر آسمان بوس عمارتیں بنانے، شاندار سڑکیں تعمیر کرنے اور قدرتی رنگوں میں تصویریں لینے والے کیمرے تک بنا ڈالے ہیں۔ مشرقی طالب علم یا تو مغربی ملکوں کے ان کارناموں کے گن گاتا پھرے گا۔ یا اُسے یہ ندامت دامنگیر ہوگی کہ مشرق اس میدان میں مغرب سے کتنا پسماندہ ہے اور یا دونوں احساس باری باری اُس پر غلبہ پاتے رہیں گے۔ اس کا نتیجہ یہ ہوگا کہ وہ کمتری کے احساس کا خواہ مخواہ شکار ہو جائے گا اور پھر آپ دیکھیں گے کہ وہ بڑے غرور اور بڑی ہٹ دھرمی بلکہ سخت تعصب کے ساتھ مشرقی تہذیب کا ترجمان اور وکیل بن جائے گا۔ حالانکہ

نہ ایک عورت کے ساتھ رہتا ہے، لڑکوں اور لڑکیوں کا باپ بھی بنتا ہے۔ ہر عورت بھی عورت کی کوکھ سے پیدا ہوتی ہے۔ قریب قریب ہر عورت، ایک نہ ایک مرد کے ساتھ زندگی گزارتی ہے اور بچے پیدا کرتی ہے ــــ بعض لوگ ایسے ضرور ہوتے ہیں جو ماں باپ بننے سے گریز کرتے ہیں۔ مگر اس کائنات میں ایسے درخت اور ایسے پھول بھی تو ہیں جو اپنی نوع کے درخت اور پھول پیدا کرنے کے لئے بیج نہیں چھوڑتے! ــــ آپ چاہیں تو اپنے بچے پیدا نہ کریں۔ مگر آپ اس بات سے گریز نہیں کر سکتے کہ آپ کے ماں باپ کوئی نہ ہوں۔ کوئی درخت بھی یہ انکار نہیں کر سکتا کہ میں ایک بیج سے پیدا نہیں ہوں گا!

اس ساری بات کا نتیجہ یہ بنیادی حقیقت ہے کہ زندگی میں سب سے ابتدائی اور بنیادی رشتہ، مرد عورت اور بچے کا رشتہ ہے۔ لہٰذا زندگی کا کوئی فلسفہ اس وقت تک موزوں اور مناسب فلسفہ نہیں کہلا سکتا جب تک وہ اس بنیادی رشتے پر ہر پہلو سے روشنی نہیں ڈالتا ــــ بلکہ میں تو ایسے فلسفے کو فلسفہ ماننے سے بھی منکر ہوں۔

مرد اور عورت کا باہمی رشتہ ہی کافی نہیں۔ اس رشتے کی بدولت بچوں کی پیدائش لازمی ہے ورنہ میرے نزدیک مرد عورت کا یہ باہمی رشتہ ادھورا اور نامکمل ہے۔ دنیا کی کسی تہذیب کو یہ حق نہیں پہنچتا کہ وہ کسی مرد یا عورت کو بچے پیدا کرنے کے حق سے محروم کرے ــــ مجھے بتایا جاتا ہے کہ آج کل کے زمانے میں بچے پیدا کرنے کا مسئلہ بڑا ٹیڑھا ہو گیا ہے اور بہت سے مرد، عورت یا تو شادی ہی نہیں کرتے یا پھر شادی کرنے کے بعد کسی نہ کسی وجہ سے بچے پیدا نہیں کرتے۔ میں اس بارے میں صرف اتنا عرض کروں گا کہ چاہے بچے پیدا نہ کرنے کی وجہ کچھ ہو، اگر اس دنیا سے کوئی مرد یا کوئی عورت، بچے پیدا کرنے کے بغیر چل بسے تو وہ

ہمیں زندگی بسر کرنی ہے وہ کس قماش اور کس معیار کے لوگ ہیں۔ جو تہذیب ایک نوجوان لڑکی کے لئے بہتر قسم کا شوہر مہیا کر سکے، لڑکی کو اس تہذیب کا شکر گزار ہونا چاہئے۔ میں مانتا ہوں کہ اچھائی ایک اضافی چیز ہے اور ہر زمانے اور ہر ملک میں مثالی قسم کے خاوند، بیویاں، مائیں اور باپ بھی ہوتے ہیں۔ مگر بہتر قسم کے خاوند اور بہتر بیویاں ڈھونڈنے کا غالباً سب سے اچھا طریقہ انسانی نسلیات کا علم ہے کیونکہ اگر اس علم کے ذریعے جوڑے ڈھونڈے جائیں تو بیویوں کو تعلیم دے کر اچھی بیویاں بنانے اور شوہروں کو تعلیم دے کر اچھے شوہر بنانے کی زحمت نہیں ہوگی۔ اس کے برعکس یہ بھی یاد رکھئے کہ "نسل کشی" کے اس انتظام کی بدولت گھریلو زندگی تو معدوم ہو جائے گی اور جو تہذیب گھریلو زندگی سے چشم پوشی کرے یا گھریلو زندگی کو بہت معمولی حیثیت دے وہ گھٹیا قسم کے افراد ہی پیدا کر سکتی ہے۔

مجھے احساس ہے کہ میں کچھ "جسمانی" قسم کی باتیں کر رہا ہوں — مگر میرا تعلق ہی جسم اور حیاتیات سے ہے اور سچ یہ ہے کہ ہر مرد عورت کا تعلق انہی سے ہوتا ہے۔ ہر شخص جسمانی طور پر ہی خوشی، غم، رنج، غصہ محسوس کرتا ہے۔ ہم چاہے محسوس کریں نہ کریں، ہماری آرزومندی، جاہ طلبی یا حوصلے سبھی جسمانی چیزیں ہیں ہماری مذہب پرستی اور امن پسندی بھی جسمانی ہوتی ہے۔ ہماری بشریت کا تقاضا یہی ہے اور اس حقیقت سے ہم آنکھیں نہیں چرا سکتے کہ ہم جسم اور حیاتیات کے چکر سے نکل نہیں سکتے۔ ہم اس جسم کے ساتھ ماں کے پیٹ سے پیدا ہوتے ہیں، اس کی چھاتیوں سے دودھ پیتے ہیں۔ پھر بڑے ہو کر شادیاں کرتے ہیں اور اپنے بچے پیدا کرتے ہیں۔ ہر مرد ایک عورت کی کوکھ سے پیدا ہوتا ہے اور لگ بھگ ہر مرد زندگی بھر ایک

بیماریوں میں مبتلا ہو جاتی ہیں —

مرد، تاریخ کی ابتدا سے لے کر آج تک عورتوں کے ساتھ زندگی بسر کرنے کا ڈھب نہیں سیکھ سکے۔ حالانکہ کوئی مرد آج تک عورت کے بغیر اس دنیا میں نہیں رہا۔ اگر ہر شخص یہ حقیقت ذہن میں رکھے کہ ماں کے بغیر وہ دنیا میں پیدا نہ ہوتا تو وہ کبھی عورتوں کے بارے میں حقارت آمیز باتیں نہیں کر سکتا۔ مرد، پیدائش سے لے کر موت تک عورتوں ہی میں گھرا رہتا ہے۔ عورت کبھی ماں، کبھی بیوی، کبھی بہن، کبھی بیٹی کے روپ میں اس کے ساتھ رہتی ہے۔ اگر کوئی شخص شادی نہیں کرتا تو بھی اُسے انگریز شاعر ولیم ورڈز ورتھ کی طرح اپنی بہن کی رفاقت میں زندگی بسر کرنی ہوگی، یا فلسفی ہربرٹ سپنسر کی طرح اپنے گھر کی منتظمہ کا دست نگر رہنا پڑے گا۔ اگر کوئی شخص اپنی ماں یا اپنی بہن کے ساتھ اچھے تعلقات قائم نہیں کر سکتا تو دنیا کا کوئی فلسفہ اس کی مدد نہیں کر سکے گا اور اگر وہ اپنے گھر کی تنخواہ دار منتظمہ کے ساتھ بھی ٹھیک تعلقات استوار نہیں کر سکتا تو اس پر خدا ہی رحم کرے۔

جو شخص، عورت کے ساتھ مناسب تعلقات قائم نہیں کر سکا اور جو انگریز ڈرامہ نگار اور شاعر آسکر وائلڈ کی طرح اخلاقی بے راہروی میں زندگی گزارے، اس کی زندگی بڑی قابلِ رحم ہوتی ہے۔ آسکر وائلڈ نے کہا تھا ”عورت کے ساتھ زندگی بسر کرنا ناممکن ہے مگر عورت کے بغیر بھی زندگی نہیں گزاری جا سکتی!“ اس قول سے مجھے خیال آتا ہے کہ سیکڑوں صدیوں پہلے ایک ہندو رشی نے جو تخلیق کی کہانی لکھی تھی، انسانی عقل و دانش اس کہانی سے ایک انچ آگے نہیں بڑھ سکی۔ اس کہانی کے وقتوں میں انسانی دانش جس منزل پر تھی، آسکر وائلڈ کے اس مشہور فقرے کے وقت یعنی بیسویں صدی کے آغاز میں بھی، وہیں کی وہیں ہے کیونکہ چار ہزار

اپنے خلاف دنیا کے سب سے بڑے جرم کے مرتکب ہوں گے۔ اس سلسلے میں بانجھ پن کا بہانہ پیش کیجئے کیونکہ اگر یہ بانجھ پن جسمانی ہے تو سمجھ لیجئے کہ وہ انسانی جسم بیمار اور مفلوج ہے۔ اور اگر یہ بانجھ پن مصنوعی ہے اور اس کی وجہ یہ ہے کہ زندگی کے بڑھتے ہوئے اخراجات کی وجہ سے بچے پیدا نہیں کئے جاتے تو پھر یہ مہنگائی غلط چیز ہے اور اگر اس کی وجہ یہ ہے کہ شادی کا معیار بہت اونچا ہے تو پھر یہ معیار غلط ہے۔ اگر یہ بانجھ پن انفرادیت پسندی کے جھوٹے فلسفے کا پیدا کردہ ہے تو یہ فلسفہ غلط ہے۔ اور اگر یہ بانجھ پن سماجی نظام کا شاخسانہ ہے تو وہ سماجی نظام ہی...... سرے سے غلط ہے ـــــ آج نہیں تو آج سے چار پانچ صدی بعد کا ترقی یافتہ انسان مرد اور عورت دونوں یہ اچھی طرح سمجھ لیں گے کہ انسان کی زندگی کا مقصد حیاتیات ہے۔ میں سمجھتا ہوں یہ بیسویں صدی حیاتیات کی صدی شمار ہو گی۔ اسی طرح جیسے انیسویں صدی علوم طبعی کے تقابلی مطالعے کی صدی تھی۔ انسان جب ترقی کرتے کرتے اس منصب کو پہنچے گا کہ وہ اپنے آپ کو بہتر طور پر سمجھ سکے، اپنی جبلی خصوصیات کے خلاف برابر جنگ کرنا چھوڑ دے تو وہ اس قسم کی سیدھی اور موٹی عقل کی باتیں زیادہ آسانی سے سمجھ لیا کرے گا ـــــ ابھی سے آثار یہ ہیں کہ انسان نے سادگی کی دانائی کو سمجھنے کی کوشش شروع کر دی ہے اور وہ حیاتیاتی اور طبعی میدانوں میں کچھ ترقی کرنے لگا ہے کیونکہ ہمارے آپ کے زمانے میں ہی مشہور ماہر نفسیات ژونگ امیر طبقے کی بیمار عورتوں کو یہ مشورہ دیتا ہے کہ وہ کسی گاؤں میں جا کر رہیں، مرغیاں اور بچے پالیں اور سبزیوں کی کاشت کریں ـــــ ان امیر عورتوں کا اصل مرض یہ ہوتا ہے کہ وہ جسمانی اور حیاتیاتی طور پر نکمی اور بے ثمر ہو جاتی ہیں یا یہ کہ ان کا حیاتیاتی فعل بہت ادنٰے درجے کا ہوتا ہے۔ اس لئے وہ طرح طرح کی اصلی اور خیالی

اور یہ کہ خواہ کچھ ہو اپنی عورت کے ساتھ نباہ کرے گا اور آئندہ دونوں،
اپنی عقل کے مطابق خدا کی زمین پر اکٹھے زندگی گزاریں گے!"
میں سمجھتا ہوں، آج بھی وہی حال ہے جو چار ہزار سال پہلے کی اس کہانی میں
بتایا گیا ہے اور اس کیفیت میں کوئی خاص تبدیلی رونما نہیں ہوئی!

## ۲۔ تجرّد اور کنوارپن

—تہذیب کا ایک غیر فطری شاخسانہ

انسانی زندگی کے بارے میں حیاتیاتی نقطۂ نظر بڑا سادہ اور بڑا فطری ہے۔ مگر اس کی قبولیت سے دو قسم کی کش مکش پیدا ہوتی ہے، ایک طرف انفرادیت پسندی اور گھریلو زندگی کی کش مکش ہے اور دوسری طرف عقل کی خشک فلسفہ طرازی اور انسانی فطرت کے فلسفے کی کش مکش ہے۔ اس کش مکش کی وجہ یہ ہے کہ انفرادیت پسندی اور خشک عقلی فلسفہ دونوں، انسان کو گھر گرہستی کے حسن اور دل کشی سے اندھا بنا دیتے ہیں۔ اِن دونوں میں سے "عقل پرستی" زیادہ خطرناک چیز ہے۔ ہو سکتا ہے جو شخص انفرادیت کا قائل ہو، اس کے تمام منطقی نتائج پر بھی دسترس رکھتا ہو۔ وہ ساتھ ساتھ ذہنِ رسا بھی رکھتا ہو اور ذی فہم آدمی ہو۔ مگر جو شخص قطعی طور پر عقل پرستی کا غلام ہو چکا ہو وہ بڑا احمق ہوتا ہے کیونکہ وہ دل اور دل کے جذبات اور ان کے خلوص اور گرمی سے بے تعلق ہو جاتا ہے۔ اصل یہ ہے کہ ایک خاندان کی اجتماعی زندگی کے نو بھر بھی کچھ بدل پیش کئے جا سکتے ہیں لیکن اگر انسان سے باپ کی شفقت اور ماں کی مامتا، اور بچے پیدا کرنے کی خوشی چھن جائے تو اس کا دنیا میں کوئی بدل ہو ہی نہیں سکتا۔

برس پہلے اس ہندو رشی نے بالکل یہی بات ایک کہانی کے قالب میں کہہ دی تھی۔ تخلیق کی یہ کہانی یوں ہے:-

"خدا نے عورت کی تخلیق کے لئے پھولوں کا نکھار، پرندوں کے نغمے، قوسِ قزح کے رنگ، نسیم کی سبک روی، موجوں کی ہنسی، بکری کے بچے کی نرم دلی، لومڑی کی عیاری اور مکاری، بادلوں کی آوارگی اور پھواروں کا تلوّن باہم پہنچایا اور ان چیزوں کے خمیر سے عورت پیدا کر کے اُسے مرد کے حوالے کیا۔ کہ وہ اسے اپنی بیوی بنائے۔ یہ آدم اپنی حوّا کو پا کر بہت خوش ہوا، اور یہ آدم و حوّا دونوں خدا کی اس خوبصورت زمین پر سیر کرنے نکل گئے لیکن چند ہی دن بعد آدم خدا کے حضور میں حاضر ہوا اور بولا: "یہ عورت مجھ سے واپس لے لیجئے۔ میں اس کے ساتھ اب ایک دن بھی بسر نہیں کر سکتا" خدا نے آدم کی یہ عرضداشت سن لی اور حوّا کو واپس بلا لیا۔ چند دن گزرے تو آدم پھر خدا کے پاس حاضر ہوا اور بولا: "میری عورت مجھے پھر عنایت ہو۔ کیونکہ میں اس کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا" واقعہ یہ ہے کہ ان چند دنوں میں آدم بہت مغموم رہنے لگا تھا۔ خدا نے اس کی درخواست کو سنا اور اس کی حوّا اُسے واپس کر دی۔— چند دن بعد آدم پھر خدا کے پاس آیا اور کہنے لگا: "مجھ پر کرم کیجئے۔ جس حوّا کو آپ نے پیدا کیا ہے اُسے اپنے ہی پاس رکھئے آپ کی قسم میں اس کے ساتھ نہیں رہ سکتا!" خدا نے اپنی لامحدود دانش کے بل پر آدم کی یہ درخواست پھر منظور کر لی۔ آخر چوتھی بار جب آدم خدا کے پاس حاضر ہوا اور یہ شکایت کی کہ وہ اپنے جیون ساتھی کے بغیر زندہ نہیں رہ سکتا تو خدا نے اُس سے وعدہ لیا کہ اب کی بار وہ اپنے قول سے نہیں پھرے گا

امید کیسے ہوسکتی ہے کہ وہ دوسرے معاشرتی گروہوں میں بھی کامیابی سے زندگی بسر کرلے گا؟ اس لئے کنفیوشس نے کہا ہے:

"بچوں کو یہ سکھانا چاہئے کہ گھر میں سعادت مندی سے رہیں سوسائٹی میں مؤدب ہونا سیکھیں۔ بچوں کو راست باز اور دیانتدار ہونا چاہئے ہر شخص سے محبت کرنی چاہئے اور اچھے لوگوں میں بیٹھنا اٹھنا چاہیے۔ اگر ان باتوں پر عمل کرنے کے بعد بھی ان میں کچھ ہمت باقی رہ جائے تو پھر انہیں چاہئے کہ کتابیں پڑھیں!"

اجتماعی زندگی کی اس اہمیت سے قطع نظر، انسان کی تکمیل اس وقت ہوتی ہے جب وہ دوسری جنس کے ایک مناسب فرد کے ساتھ رشتہ استوار کرتا ہے۔ مرد کی شخصیت اسی ہم رشتگی کی بدولت اظہار پاسکتی ہے اور مکمل ہوکر اپنے اوج کمال کو پہنچ سکتی ہے۔

عورتوں میں حیاتیات کا شعور مرد کی بہ نسبت گہرا ہوتا ہے۔ اسی لئے وہ اس حقیقت کو بخوبی جانتی ہیں۔ چنانچہ دنیا کی ہر لڑکی، چاہے چینی ہو یا امریکی، غیر شعوری طور پر اپنی شادی کے بارے میں سوچتی رہتی ہے۔ قدرت نے عورتوں کو اتنا زبردست مادرانہ جذبہ عطا کر رکھا ہے کہ کوئی بھی مصنوعی تہذیب اس جذبے کو پس پشت نہیں ڈال سکتی ہے۔ مجھے یقین ہے کہ قدرت عورت کو صرف ماں کی حیثیت سے پیدا کرتی ہے، مرد سے ہم رشتہ ہونے کی حیثیت ثانوی ہے۔ اسی لئے قدرت نے عورت کو ایسی ذہنی اور اخلاقی خصوصیات سے نوازا ہے جو عورت کے ماں بننے کے لئے مفید ہوسکیں۔ یہ ذہنی اور اخلاقی خصوصیات، مامتا کے جذبے میں سمو دی گئی ہیں اور یہی جذبہ، عورت کی ان خصوصیات کا سب سے بڑا جواز ہے۔ یہ

انسان اِس دنیا میں تنہا نہیں رہ سکتا، نہ وہ تنہا رہ کر خوش رہ سکتا ہے۔

انسان زندگی بسر کرنے کے لئے گروہ ڈھونڈتا ہے۔ وہ گروہ جو تعداد کے لحاظ سے اُس سے بڑا ہو۔ انسان کا نفس اصلی، اُس کے جسم کے مطابق محدود نہیں کیونکہ اسکا ذہن اور اس کی معاشرتی سرگرمیاں محدود نہیں ہوتیں۔ یہ بھی یاد رہے کہ ہر دور میں ہر ملک میں اور ہر قسم کی حکومت کے سائے تلے، انسان کی اصلی زندگی اپنے زمانے اور اپنے ملک کی وسیع اجتماعی زندگی کے مقابلے میں اُس چھوٹے سے گروہ کے ساتھ وابستہ ہوتی ہے جو اس کے شناساؤں کا گروہ ہے۔ یہی اس کی ذاتی سرگرمیوں کا حلقہ ہوتا ہے، اسی معاشرتی گروہ میں انسان چلتا پھرتا، اُٹھتا بیٹھتا ہے۔ اس کا وجود اسی گروہ سے ہے۔ یہ گروہ چاہے کوئی سکول ہو یا قید خانہ، کوئی کاروباری ادارہ ہو خفیہ انجمن ہو یا کوئی کارِ خیر کا ادارہ۔ انسان اسی گروہ کی زندگی کے ساتھ زندگی بسر کرتا ہے۔ ہو سکتا ہے یہ معاشرتی گروہ گھر اور گھریلو زندگی کی جگہ لے لے یا گھریلو زندگی کو ایک الگ اور مستقل معاشرتی وجود کی حیثیت سے بالکل ہی ختم کر ڈالے بعض اوقات مذہب کی لگن یا کوئی بڑی سیاسی تحریک انسان کی گھریلو زندگی، اس کی کایا کو بالکل نگل لیا کرتی ہے! —— لیکن اِن تمام معاشرتی گروہوں میں سے گھر ہی ایسی معاشرتی وحدت ہے جو حقیقی ہے جس کا وجود فطری ہے، جو ہماری زندگی کا سب سے تسلی بخش، بامعنی اور سب سے درست حصہ ہے۔ گھر کا وجود فطری اس لئے ہے کہ جب انسان پیدا ہوتا ہے تو وہ اپنے آپ کو ایک گھر میں پاتا ہے اور پھر گھر ہی، زندگی بھر اس کے ساتھ رہتا ہے۔ حیاتیاتی طور پر گھر بڑی حقیقی چیز ہے کیونکہ خون کا رشتہ ایک بڑی برادری اور پھر ایک نفسِ واحدۃ کا تصور سامنے لاتا ہے۔ جو شخص اجتماعی زندگی کے اس قدرتی ادارے میں کامیابی سے زندگی بسر نہیں کرتا، اُس سے یہ

وہ اپنے ساتھ لے کر بازار جا سکتا ہے، اسے اپنے دوستوں کے سامنے پیش کر سکتا ہے، اس کی حرکتوں کی نمائش کر سکتا ہے۔ بس یہی وہ موقع ہے جب اس کے دل میں پدری جذبہ یا شفقت جاگتی ہے۔ بیس پچیس برس کے کسی نوجوان کے سامنے اس کے باپ بننے کا ذکر کیجئے تو وہ ہنس پڑے گا۔ وہ اپنے باپ بن جانے کے بارے میں کچھ زیادہ خیال بھی نہیں کرے گا۔ لیکن عورت کیلئے بچّے کی پیدائش یا بچے کے پیدا ہونے کی توقع بھی بڑی اہم ہے۔ غالباً یہ عورت کی زندگی کی اہم ترین بات ہوتی ہے۔ کیونکہ اس سے عورت کی ساری زندگی، اس کا کردار، اس کی عادتیں تک بدل جایا کرتی ہیں اور اس کی ساری شخصیت اس ایک واقعے سے نہایت ہی دوررس اور گہرا اثر لیتی ہے۔ عورت جب ماں بننے والی ہو تو ساری دنیا اس کے لئے ایک مختلف دنیا بن جاتی ہے۔ اس مرحلے پر پہنچ کر اُسے یقینی طور پر پتا چل جاتا ہے کہ اس کی زندگی کا مقصد کیا ہے اور اسے دنیا میں کیا کچھ کرنا ہے۔ اُسے معلوم ہو جاتا ہے کہ اب اس کی زندگی نہایت قیمتی ہے۔ اِسی لئے وہ اپنا کام سرانجام دینے، اپنے مشن کو پورا کرنے پر تُل جاتی ہے۔ میں نے اپنی آنکھوں سے دیکھا ہے کہ چین کے امیر خاندانوں کی اکلوتی بیٹیاں جو بے حد ناز و نعمت میں پلی تھیں اور لاڈ پیار نے انہیں کسی کام کا نہ رکھا تھا، حیرت انگیز طور پر عظیم عورتیں ثابت ہوئیں۔ انھوں نے اپنے بچّے کی بیماری میں مہینوں پلک سے پلک نہ ملائی۔ کارکردگی کی یہ مثال صرف عورت کے ہاں ملتی ہے کیونکہ نظامِ فطرت میں پدری جذبہ ضروری نہیں سمجھا گیا، نہ اسے مہیّا کرنے کی ضرورت سمجھی گئی ہے۔ اس سلسلے میں انسان بھی بطخ اور راج ہنس کی طرح بس بچّے پیدا کرنے کے سلسلے میں اپنا کام کرتا ہے اور بس۔ اس کے بعد اُسے بچّوں کی دیکھ بھال میں زیادہ دلچسپی نہیں ہوتی۔

خصوصیات کیا ہیں؟ حقیقت پسندی صحیح اندازہ کرنے کی صلاحیت، چھوٹی چھوٹی چیزوں پر پوری توجہ دینے کا ملکہ، چھوٹی اور بے سہارا چیزوں کے لئے ترس کا جذبہ، کسی نہ کسی شخص کو اپنے سایۂ عاطفت میں لینے، اس کی خبر گیری کرنے کی شدید خواہش، جسمانی محبت کا وفور، نفرت میں شدت، جذباتی لگاؤ اور لگن دونوں میں من مانی کرنا، اور ہر چیز کے بارے میں ذاتی نقطۂ نظر قائم کرنا —— یہ عورت کے مخصوص ذہنی اور اخلاقی امتیازات ہیں۔ کوئی فلسفہ اگر یہ کوشش کرے کہ عورت کے مادرانہ جذبے کا خیال کئے بغیر اس کی زندگی کو خوشگوار بنائے تو سمجھ لیجئے کہ یہ فلسفہ گمراہ اور غلط ہے کیونکہ مادرانہ جذبہ ہی عورت کے کردار کی سب سے بڑی خصوصیت ہے اور یہی جذبہ عورت کے وجود کا عملی جواز بھی ہے۔ اسی لئے ہم یہ دیکھتے ہیں کہ جو عورتیں بالکل پڑھی لکھی نہیں ہوتیں یا جن عورتوں کی تعلیم صحیح معنی میں معقول اور عمدہ ہوتی ہے، ان میں مادرانہ جذبہ کبھی دبا دیا یا نہیں ملتا۔ یہ مادرانہ جذبہ ان عورتوں کے بچپن ہی میں ظاہر ہو جایا کرتا ہے اور بلوغ سے لے کر پختگی اور جوانی کے برسوں میں واضح تر اور شدید تر ہو جاتا ہے —— اس کے برعکس مرد میں پدری جذبہ ہوتا تو ضرور ہے لیکن کوئی ۳۰ ر ۳۵ برس کی عمر تک مرد کو اس جذبے کا شعور نہیں ہوتا۔ کم سے کم جب تک مرد کا کوئی بچہ یا بچی پانچ چھ برس کی نہ ہو جائے، مرد میں شاید ہی پدری شفقت پیدا ہوتی ہو۔ ۲۵ سالہ نوجوان کبھی باپ بننے کی نہیں سوچتا۔ وہ تو صرف کسی لڑکی سے محبت کرنے لگتا ہے اور پھر اس محبت کے بندھن کی بدولت اتفاقی طور پر بچے کا باپ بن جاتا ہے اور اس بچے کے بارے میں بھول بھلا جاتا ہے مگر بیوی کے خیالات کا مرکز یہی بچہ ہوا کرتا ہے —— پھر یکایک ایک دن ایسا ہوتا ہے کہ نوجوان باپ ۳۰ برس کی حد گزار چکنے کے بعد یکایک اس احساس سے دوچار ہوتا ہے کہ وہ ایک بچے یا بچی کا باپ بھی ہے جیسے

رکھے، زندگی کی ظاہری کامیابیوں اور مصنوعی چمک دمک سے زندگی خوشگوار نہیں بنتی۔ جب تک کسی مرد یا عورت کے کردار اور شخصیت کے داخلی تقاضے آسودہ نہ ہوں اور ان تقاضوں کو زندگی میں موزوں اور مناسب ذریعۂ اظہار نہ ملے، زندگی کبھی خوشگوار نہیں ہو سکتی۔ عمر بھر مجرد رہنا، ایک ایسا غیر فطری کام ہے جس میں نہ صرف نمائشی انفرادیت پسندی جھلکتی ہے بلکہ اس کے ساتھ بڑی فضول سی "عقل پرستی" بھی وابستہ ہے اور اسی بنا پر مجرد رہنے کو ضروری قرار دیتا اور بھی ضروری ہے کہ جو مرد یا عورتیں اپنی خوشی سے عمر بھر کنوارے رہنے کا عزم کر چکے ہوں، میں انہیں ہمیشہ بڑے بیکار عقل پرست سمجھتا ہوں کیونکہ یہ لوگ اپنے کام دھندوں میں بری طرح کھوئے رہتے ہیں اور بڑی بے وقوفی سے یہ سمجھتے ہیں کہ انہوں نے گھریلو زندگی کا ایک تسلی بخش بدل ڈھونڈ لیا ہے۔ یا وہ کسی دماغی کام، کسی مشکل شغل یا کسی کاروباری دلچسپی میں اتنے زیادہ کھو چکے ہیں جیسے اب یہی ان کا اوڑھنا بچھونا ہے اور گویا یہی ان کی زندگی کا واحد تسلی بخش راستہ تھا، جو انہوں نے ڈھونڈ نکالا ہے۔

میں اس رویّے اور اس خیال کی سختی سے تردید کروں گا — انفرادیت پسندی کا یہ نظارہ بے حد احمقانہ اور مضحکہ انگیز ہے کہ کوئی غیر شادی شدہ اور بے اولاد فرد، بھرپور اور خوشگوار زندگی بسر کرنے کے بجائے اس کے "بدل" ڈھونڈتا پھرتا ہے، کبھی کام کاج کی پناہ لیتا ہے، کبھی ذاتی کارناموں کی آڑ ڈھونڈتا ہے۔ کبھی جانوروں کو ظلم سے بچانے کو اپنی زندگی کا واحد مقصد قرار دیتا ہے۔ اس کا نفسیاتی کرشمہ اس وقت دیکھئے کہ کنواری بڑھیا عورتیں، سرکس کے شیر کو چابک سے پٹتے دیکھ کر سرکس کے منیجر پر "حیوانوں پر ظلم" کے قانون کے ماتحت مقدمہ دائر کرنے کی سوچتی ہیں۔ اصل میں "ظلم" کے خلاف یہ احتجاج، اس مادرانہ جذبے کا پیدا کردہ ہے

اِس سے ثابت ہوا کہ اگر عورتوں کو اپنی ہستی کی اس مرکزی قوت "اس مادرانہ جذبے کو عمل میں لانے کا موقع نہ ملے اور اس سے کوئی کام نہ لیا جائے تو عورتیں نفسیاتی طور پر بہت زیادہ تکلیف برداشت کرتی ہیں ——— آپ یہاں امریکی تہذیب کی مثال نہ دیجئے کہ امریکی تہذیب نے عورتوں کو کتنے حقوق اور کتنی آزادی دے رکھی ہے کیونکہ میں دیکھتا ہوں کہ یہی امریکی تہذیب بے شمار اچھی لڑکیوں کو عمر بھر کنواری رہنے پر مجبور کرتی ہے اور اس میں ان بے چاریوں کا اپنا کوئی قصور نہیں ہوتا۔

امریکہ میں شادیوں کی عدم مطابقت کی بڑی وجہ یہی فرق ہے جو عورت کے مادرانہ جذبے اور مرد کے پدری جذبے کے درمیان پایا جاتا ہے۔ کہا جاتا ہے کہ امریکی نوجوان جذباتی لحاظ سے بڑے خامکار اور غیر پختہ واقع ہوئے ہیں۔ مگر اس کی وجہ یہ حیاتیاتی حقیقت ہے کہ امریکہ کے سماجی نظام میں نوجوانوں کی بڑی آؤ بھگت اور خاطر تواضع کی جاتی ہے۔ اِس لئے ان میں وہ قدرتی احتساب، وہ ضبطِ نفس نہیں ہوتا جو عورتوں میں مادرانہ جذبے کی بدولت قدرتی طور پر ہوتا ہے۔ اگر ماں بننے والی عورت کو قدرت نے یہ سنجیدگی، یہ تدبر نہ بخشا ہو تو دنیا تلپٹ ہو جائے اور قدرت نے عورت کو یہ وصف بڑی فیاضی سے بخشا ہے۔ پھر مردوں میں بھی دو طبقے ہیں۔ ایک طبقہ تو غریب خاندانوں کے نوجوانوں کا ہے۔ ان میں ذمہ داری کا جذبہ حالات کی سختی نے بری طرح پیدا کر رکھا ہے۔ دوسرا طبقہ امیر نوجوانوں کا ہے۔ یہی وہ نوجوان ہیں جو جذباتی اور سماجی، دونوں اعتبار سے نکمے لوگ بننے کی پوری صلاحیتیں رکھتے ہیں، اور زیادہ تر شادیوں میں عدم مطابقت انہی لوگوں کی وجہ سے ہے۔

بہرحال اصل سوال تو یہی ہے کہ "خوشگوار زندگی کیسے بسر کی جائے۔" یاد

کے کارناموں سے بھی دل کو سکون ہوتا ہوگا۔ مثلاً مشہور امریکی کروڑ پتی جان ڈی راک فیلر نے انسان کی بہبود کے لئے جو کچھ کیا ہے اُس سے اُسے کافی اخلاقی اور روحانی اطمینان حاصل ہوا ہوگا۔ پھر بھی میرے نزدیک یہ روحانی اور اخلاقی اطمینان نہایت معمولی قسم کا ہے کیونکہ راک فیلر کے لئے اصلی اور سچے اور دلی اطمینان کا باعث اس کے بیٹے کی ذات تھی۔

اِس نکتے پر ایک اور پہلو سے نگاہ ڈالئے۔ زندگی کی مسرت کا راز یہ ہے کہ آپ اپنے لئے ایسا کام ایسا کاروبار ڈھونڈ نکالیں جو آپ کی تمناؤں اور صلاحیتوں کے عین مطابق ہو — میں یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ آج کل کی دنیا میں ۹۰ فیصدی مرد عورت وہ کام نہیں کر رہے ہیں جو اُنہیں پسند ہے، نہ یہ لوگ ایسا کام ابھی تک ڈھونڈ سکے ہیں جو واقعی دل کو محبوب ہو! — یوں سننے کو ہم نے کئی دفعہ اچھے اچھوں کے منہ سے یہ بڑ سنی ہے۔ "بھئی مجھے تو اپنے کام سے دلی اُنس ہے!" مگر اس بیان میں سچائی ذرا کم ہی ہوتی ہے بمقابلہ "مجھے اپنے گھر سے محبت ہے"؟ — یہ کوئی نہیں کہتا سنا گیا کیونکہ گھر سے تو ہر کسی کو محبت ہوتی ہی ہے۔ کام کے یہ متوالے اپنے کام پہ اُسی طرح جاتے ہیں جس طرح چینی عورتیں بچے جنتی ہیں۔ ان کا انداز یہ ہوتا ہے کہ جب ہر ایک کام پر جا رہا ہے (یا بچے جن رہا ہے) تو پھر میں اور کیا کر دل! اسکے باوجود ہر شخص یہ کہتا سنائی دیتا ہے کہ مجھے اپنے منصبی کام یا اپنے کاروبار سے شدید لگاؤ ہے۔ یہ بیان بہت سے پیشوں کے سلسلے میں تو بالکل جھوٹ ہے مثلاً ٹیلی فون آپریٹر لڑکیوں اور دندان سازوں کے سلسلے میں یہ کہنا غلط ہے کہ ہاں ریڈیو اور جائداد کے بیوپاریوں اور سٹے کا کاروبار کرنے والوں کا معاملہ تو ان کے سلسلے میں اس بیان میں سچائی بہت کم اور مبالغہ بہت زیادہ ہے بس ایک قطب شمالی

جو نہ ٹھیک جگہ میں کام لایا گیا، نہ اُسے شیر کے سلسلے میں جوش میں آنا چاہیئے تھا۔ اس مادرانہ جذبے کا صحیح حقدار سرکس کا شیر نہیں، انسان کا بچہ (بوڑھی خاتون کا اپنا بچہ!) ہونا چاہیئے تھا۔ کیونکہ سرکس کے شیر کو دو چار چابک کے تڑاقوں کی کیا پروا ہوسکتی ہے۔ یہی وہ عورتیں ہیں جو زندگی میں ایک غیر مناسب جگہ حاصل کرنے کے لئے ٹامک ٹوئیے مارتی رہتی ہیں۔ اور پھر اس مقام کو اپنے لئے اور دوسروں کے لئے جائز اور مناسب ثابت کرنے کی ناکام کوشش بھی کرتی ہیں۔

اپنے سیاسی، ادبی اور فنی کارناموں کو دیکھ کر ان کے خالق، دل میں تھوڑا بہت ضرور خوش ہوتے ہیں اور خوشی کی یہ لہر بڑی عقلی قسم کی ہوتی ہے ـــــ مگر اپنے بچوں کو بڑے ہوتے اور ہاتھ پاؤں نکالتے دیکھ کر جو خوشی ہوتی ہے وہ ناقابلِ بیان بھی ہے اور بے حد حقیقی بھی ـــــ کتنے فن کار اور ادیب بڑھاپے میں بھی اپنی زندگی کے کارناموں سے مطمئن ہوتے ہیں؟ ان میں سے اکثر یہی سمجھتے ہیں کہ ان کی تحریریں، اُن کے فنی "کارنامے" محض فرصت کے لمحوں کا دل بہلاوا تھے، اور ان کی بدولت چونکہ روٹی بھی ملتی رہی، اس لئے اُن کا جواز محض یہی ہے اور کچھ نہیں! ـــ مشہور واقعہ ہے کہ انگریز فلسفی ہربرٹ سپنسر نے اپنی موت سے چند دن پہلے اپنی مشہور کتاب "ترکیبی فلسفہ" کی اٹھارہ جلدیں بمشکل اپنی گود میں رکھیں، ان اٹھارہ جلدوں کے بے حس بوجھ سے یکایک اُسے خیال آیا ـــــ اگر ان جلدوں کی جگہ اس وقت میری گود میں میرا پوتا بیٹھا ہوتا تو کتنا اچھا تھا۔ انیسویں صدی کے مشہور انشا پرداز چارلس لیمب کی بہن ایلیا نے اپنے بھائی کی خدمت میں زندگی گزاری۔ اُسے بھی کئی بار یہ خیال آیا ہوگا کہ انشا پردازی کے اِن شاہکاروں، اس "اولادِ معنوی" کے مقابلے میں صرف ایک بچہ، جیتا جاگتا بچہ کہیں گراں بہا ہوسکتا تھا۔ میں مانتا ہوں کہ فیاضی اور خدمتِ خلق

کہیے، اگر کسی مرد یا عورت کو یہ معلوم ہو کہ زندگی میں اس کا مقام معین ہو چکا ہے تو اس سے بڑھ کر اور خوشی کیا ہوگی؟ —— اِس زندگی میں ویسے تو مشکل سے پانچ فی صد خوش نصیب لوگوں کو ایسا کام مل سکتا ہے جو اُنہیں دل سے بھاتا ہو۔ مگر سو فیصد ماں باپ، اپنے بچّوں کی نگہداشت کے کام کو سب سے اہم اور سب سے اوّلیں اور سب سے پسندیدہ مقصدِ حیات سمجھتے ہیں —— تو پھر کیا یہ کہنا درست نہیں کہ اگر کوئی عورت، ماہرِ تعمیرات بننے کے بجائے ماں بن جائے تو اسے زیادہ سچی اور حقیقی مسرت مل سکے گی کیونکہ قدرت کا تقاضا یہی ہے اور قدرت کبھی دھوکا نہیں دیتی —— اِسی طرح کیا یہ دعوٰے بھی درست نہیں کہ عورت کے لئے شادی ہی سب سے بہتر کام ہے؟

میں جانتا ہوں کہ عورتوں کے معاشرتی "حقوق" کے حامی اب تک میرے عندیے کو بھانپ چکے ہوں گے۔ مجھے احساس ہے کہ میں نے "گھر" اور گھریلو زندگی کی اہمیت پر اب تک جو جوشِ بیان صرف کیا ہے، اُس سے یہ لوگ سخت پیچ و تاب کھا رہے ہوں گے۔ کیونکہ گھر اور گھریلو زندگی کی ذمہ داریوں کا زیادہ بوجھ عورت پر ہی ہوتا ہے —— میں نے عمداً یہ کہا ہے، اور یہ میرا دعویٰ ہے کہ عورتوں ہی کو گھر اور گھریلو زندگی کی زیادہ ذمہ داریاں اٹھانی چاہئیں —— یہ فیصلہ تو بعد میں ہوگا کہ عورتوں پر زیادہ مہربان کون ہے۔ وہ یا میں؟ کیونکہ سارا سوال عورت کی خوشگوار زندگی کا ہے۔ اور دیکھنا یہ ہے کہ عورت کو معاشرتی امتیاز حاصل کر کے زیادہ خوشی ہوتی ہے یا اُسے اپنی زندگی کے مقصد کی تکمیل سے زیادہ گہری اور پائیدار مسرت حاصل ہوتی ہے۔ اور میرے نزدیک عورتوں کی زندگی کا مقصد گھر گرہستی کی ذمہ داریوں کو نباہنا، گھر کو اپنے خاوند اور بچوں اور اپنے لئے راحتکد.

یا قطب جنوبی کے سیاحوں، یا تجربہ گاہوں میں کوئی نئی ایجاد کرنے والے سائنسدانوں
کو چھوڑ دیجیے۔ باقی ہر شخص کے لئے یہی ہوتا ہے کہ اپنے روزگار ——— "اپنے
منصبی کام کو" پسند "کر سکے"، اس سے اکتائے یا گھبرائے نہیں۔ بہرکیف اگر یہ مان
بھی لیا جائے کہ بعض اصحاب اس دنیا میں ایسے بھی ہیں جنہیں اپنے کام کے ساتھ
"محبت" ہوتی ہے، پھر بھی اس محبت کا ماں کی محبت اور مامتا کے ساتھ کوئی مقابلہ
نہیں۔ یوں دیکھا یہ ہے کہ عمر بھر بہت سے لوگ ایک کام چھوڑ کر دوسرا کام اختیار
کرتے رہتے ہیں، ایک پیشے سے اکتا کر دوسرے پیشے میں جی لگانے کی کوشش
کرتے رہتے ہیں، انہیں عمر بھر اپنے اصلی کام اور پیشے کے بارے میں شک ہی
رہتا ہے مگر کسی ماں کو اپنے منصبی کام کے بارے میں کبھی کوئی شک نہیں ہوتا۔
ہر ماں جانتی ہے کہ اس کا کام اپنے چھوٹے چھوٹے بچوں کی نگہداشت اور پرورش
ہے۔ دنیا میں کامیاب سیاستدان بعض دفعہ سیاسیات سے کنارہ کش ہو جاتے
ہیں۔ کامیاب ایڈیٹر، رسالوں کی ادارت چھوڑ دیتے ہیں۔ اعلیٰ ہوا باز، پرواز سے
دست کش ہو جاتے ہیں، اچھے اچھے باکسر، مکا بازی ترک کر دیتے ہیں۔ اور تو اور
کامیاب ایکٹر اور ایکٹرسیں تک اپنا محبوب مشغلہ اداکاری چھوڑ دیتی ہیں ——— مگر
ذرا ماؤں کا خیال کیجیے، چاہے وہ ناکام مائیں ہوں یا کامیاب وہ ماں ہونا کبھی
ترک نہیں کر سکتیں کیونکہ یہ بات اُن کی اور دنیا کی سمجھ میں ہی نہیں آسکتی۔ ماں کو یہ پتا
ہوتا ہے کہ اب دنیا کو اس کی ضرورت ہے۔ اُسے پتا ہوتا ہے کہ اب اس پھیلی
ہوئی زندگی میں اُس نے اپنا مقام ڈھونڈ لیا ہے۔ اُسے یہ بھی یقین ہوتا ہے کہ
دنیا میں اور کوئی اس کی جگہ نہیں لے سکتا۔ یہ یقین ہٹلر جیسے ڈکٹیٹروں کے اُن جنونی
یقین سے کہیں پختہ تر ہوتا ہے کہ صرف وہی اپنے ملک کو بچا سکتے ہیں۔ آپ اندازہ

کرنی ہے اور پیچش خسرہ اور دوسری بیماریوں میں ان کی تیمارداری کرنی ہے۔ پھر انہیں اپنی تربیت سے اچھے اور عمدہ شہری بھی بنانا ہے ـــــ چونکہ مرد بچے پیدا کرنے کے ناقابل ہیں اور بچوں کی نگہداشت، انہیں نہلانے دھلانے اور انہیں کھلانے پلانے میں بڑے نااہل واقع ہوتے ہیں، اس لئے میں ان کاموں کی توقع عورتوں سے رکھتا ہوں ـــــ رہا روٹی کا مسئلہ، تو مرد روٹی کمائیں ـــــ میں نہیں کہہ سکتا کہ ان دو کاموں میں سے اچھا اور بہتر کام کونسا ہے؟ بچوں کی پرورش یا لوگوں کے بال کاٹ کر یا بوٹ پالش کر کے، یا دربانی کر کے روٹی کمانا ـــــ اگر شوہر بڑی بڑی کانوں میں دربانی کی خدمت پر مامور ہیں اور ہر آنے جانے والے کے لئے دروازہ کھولتے ہیں تو پھر بیویاں گھروں میں برتن دھونے کی شکایت کیوں کریں؟ کبھی دکانوں میں سیلزمین مرد ہوتے تھے، اب ترقی یافتہ شہروں میں یہ خدمت عورتوں نے سنبھالی ہے اور وہ سمجھتی ہیں کہ گھر کے کام کی بہ نسبت یہ اونچا اور ارفع کام ہے۔ اب بڑے بڑے ہوٹلوں میں لڑکیاں اس خدمت پر مامور ہوتی ہیں کہ گاہکوں کے کوٹ اور ہیٹ وغیرہ سنبھالیں۔ میں نہیں سمجھتا کہ اجنبی مردوں کے ہیٹ اور کوٹ سنبھالنا، اپنے خاوند کی جرابیں رفو کرنے سے کیوں اعلیٰ کام ہے؟ اصل میں جس کام سے روٹی ملتی ہو وہ گھٹیا یا بڑھیا ہوتا ہی نہیں۔ وہ تو محض روزگار ہے اور بس مگر گھر پر شوہر کے پرانے موزے رفو کرنے والی عورت اور ہوٹلوں میں دوسرے مردوں کے ہیٹ اور کوٹ سنبھالنے والی عورت میں بڑا فرق ہے ـــــ موزے رفو کرنے والی عورت اپنے میاں کی قسمت کی مالک ہوتی ہے اور ہوٹل میں دوسرے مردوں کے ہیٹ اور کوٹ سنبھالنے والی عورت کچھ بھی نہیں ہوتی۔ آپ کسی مرد کو دعا کے طور پر زیادہ سے زیادہ یہ کہہ سکتے ہیں کہ خدا کرے ایسا قابل شوہر ہو کہ اس کی بیوی اس کی جرابیں محنت

بنایا ہے۔ باقی رہا کام اور منصب کے لئے کسی کی صلاحیت اور موزونی تو اس کا ذکر نہ کیجئے میں سمجھتا ہوں کہ بڑے بڑے کاروباری لوگ اور بینکوں کے اعلیٰ منتظم بھی اپنے کام کے لئے حقیقت میں موزوں نہیں ہوتے۔ ہم نے دیکھا ہے کہ محکموں کے افسر اکثر نالائق ہوتے ہیں اور کاروباری اداروں کے منتظم نااہل ہوتے ہیں۔ بینکوں والے اپنے کام کے لئے صحیح صلاحیت نہیں رکھتے۔ اور تو اور ملکوں کے صدر بھی اپنے منصب کے لائق نہیں ہوتے ــــ مگر نااہل ماں کا وجود بہت ہی نادر ہے یعنی عورتیں ماں بننے کی پوری طرح اہل ہوتی ہیں، اسی لئے وہ ماں بننا چاہتی ہیں ــــ اسی لئے میرے نزدیک مثالی عورت وہی ہے جو اپنے مقصدِ حیات کے ساتھ بھی اتنا ہی پیار رکھے جتنا اُسے بناؤ سنگار سے ہوتا ہے اور جو نسائیت کا پیکر ہو، محض عورتوں کے حقوق کی علمبردار نہ ہو۔

یہ واضح رہے کہ ہم عام مردوں عورتوں کا ذکر کر رہے ہیں۔ اس میں شک نہیں کہ بعض خواتین بھی بے حد ذی فہم اور ممتاز شخصیت کی مالک ہوتی ہیں (اسی طرح جس طرح غیر معمولی قابلیت کے مرد بھی ہوتے ہیں) ایسے ہی مردوں عورتوں کی تخلیقی قوتوں سے دنیا کی حقیقی ترقی ممکن ہوئی ہے۔ مگر ان غیر معمولی لوگوں کو چھوڑئیے میرا خطاب عام مردوں عورتوں سے ہے۔ میں اسی لئے عام عورتوں سے کہوں گا کہ شادی ان کے لئے بہترین "کام" ہے، اور اُن کا مقصدِ حیات بچے پیدا کرنا اور گھر کا کام کاج کرنا ہے ــــ مگر میں ساتھ ہی عام مردوں سے بھی یہ کہتا ہوں کہ آپ کا کام فنونِ لطیفہ سے سرکھپانا نہیں۔ آپ کا کام اپنے گھر والوں کے لئے روٹی کمانا ہے چاہے آپ حجامتیں بنا کر، بوٹ پالش کر کے یا چور پکڑ کر یا برتنوں کی مرمت کر کے یا کسی طرح روٹی کمائیں ــــ شادی شدہ جوڑے کو بچے جننا ہیں، اُنکی پرورش

نہیں ہوتیں اور ایسی چیزیں بھی ہوتی ہیں جنہیں اہم کہا جاتا ہے۔ چنانچہ میں دیکھتا ہوں
کہ امریکی عورتیں، پرانی دنیا کی عورتوں سے ان چیزوں میں کہیں آگے ہیں جو بالکل غیر
اہم ہیں۔ اور جو چیزیں اہم ہیں ان کے سلسلے میں امریکی عورتوں کا وہی حال ہے جو پرانی
دنیا کی پسماندہ عورتوں کا ہے۔ یہ کہیں ثابت نہیں ہوتا، کہ امریکہ میں مشرق کی بہ نسبت
عورتوں کا احترام اور ان کی قدر زیادہ ہے۔ امریکی عورتوں کو حقیقی طور پر اگر کچھ اختیار
حاصل ہے تو وہ ان کی روایتی مملکت، یعنی گھر میں ہے اور گھر کے اندر ابھی تک
امریکی عورت بھی فرشتۂ رحمت ہے۔ میں نے امریکہ میں ایسے نسوانی پیکر دیکھے بھی
ہیں۔ مگر ان کا وجود صرف گھروں کی مقدس فضا کے اندر رہتا ہے جہاں عورت باورچی
خانے اور دیوان خانے میں چلتی پھرتی دکھائی دیتی ہے۔ جہاں وہ ایسے گھر کی مالکہ
ہے جو محبت سے معمور ہے۔ اور یہ گھر کی مالکہ اپنی شفقت اور لگن سے گھر کی فضا میں
ایسی روشنی بکھیرتی ہے جو گھر سے باہر، مثلاً کسی دفتر میں، نظر نہیں آسکتی اور شاید آنی
بھی نہیں چاہیئے۔

تو کیا اس کی وجہ یہ ہے کہ عورت گھریلو لباس میں دفتری لباس کی بہ نسبت
دل کش اور پرکشش ہوتی ہے؟ یا یہ محض میرا خیال ہے؟ —— میں سمجھتا ہوں اس
مسئلے کا خلاصہ یہ ہے کہ گھر میں عورت اسی طرح خوش ہوتی ہے جس طرح مچھلی پانی
میں۔ آپ کسی عورت کو کاروباری یا دفتری لباس پہنا دیجئے، مرد اُسے عورت نہیں،
محض ایک ساتھی کارکن سمجھیں گے، اور اس کے کام کاج پر نکتہ چینی کو بھی اپنا حق
جانیں گے۔ مگر اسی عورت کو آپ نفیس جارجٹ یا شفون کا لباس پہن کر دفتر کے
سات گھنٹوں میں صرف ایک گھنٹہ سامنے آنے دیجئے تو مردوں کی سٹی گم ہو جائے گی۔
وہ کام کے میدان میں اس سے مقابلے کا خیال چھوڑ دیں گے، ٹکر ٹکر دیکھیں گے اور

اور محبت سے رفو کرے ۔۔۔۔ مگر آپ یہ اصول نہیں وضع کر سکتے کہ شوہر کی جرابیں
رفو کرنا، عورت کی شان کے شایاں نہیں ۔۔۔۔ آخر سب کے سب حماد ندا تنے بڑے بھی
نہیں ہوتے !۔۔۔۔ گویا اصل بات یہ ہے کہ گھریلو زندگی نہایت اہم ہے اور اس کا
مقدس کام نئی نسلوں کی غور و پرداخت ہے ۔ یہ فرض کر لینا کہ گھریلو زندگی اور بچوں
کی پرورش کا مقدس فریضہ عورت کی شان کے شایاں نہیں، کوئی معقول اور قابل
قبول معاشرتی رویہ نہیں ۔۔۔۔ یہ رویہ صرف اس تہذیب کا ہو سکتا ہے جو عورت اور
گھریلو زندگی اور عورت کے ماں بننے کے حق کا کوئی احترام روا نہ رکھتی ہو۔

# ۲۔ جنسی کشش

امریکہ میں عورتوں کے حقوق، اور ان کی معاشرتی مراعات کا بڑا چرچا، بڑا شور ہے۔
میں سمجھتا ہوں کہ اس دکھاوے کے باوجود جدید امریکہ میں عورتوں کو ان کے جائز حقوق
و مراعات حاصل نہیں ہیں۔ خدا کرے میرا یہ اندازہ غلط ہو اور میری دعا یہ بھی ہے
کہ خدا کرے عورتوں کے ____________
حقوق بڑھ جانے سے عورتوں کے لئے ہمارا احترام اور ہماری حمایت کم نہ ہو!۔۔۔۔
امریکہ نے عورتوں کو اعلیٰ عہدوں پر متمکن کیا ہے، عورتوں کو روپیہ پیسہ خرچ کرنے
کی آزادی دی ہے۔ انہیں گھومنے پھرنے اور ووٹ دینے کی آزادی اور حق بھی
دیا ہے ۔۔۔۔ مگر یہ حقوق اور چیز ہیں اور عورتوں کے لئے دل میں سچا احترام اور
چیز ہے ۔۔۔۔ میں پرانی دنیا (مشرق) کا باشندہ ہوں۔ میرا نقطۂ نظر بھی پرانی دنیا
کا نقطۂ نظر ہے ۔۔۔۔ میں یہ جانتا ہوں کہ زندگی میں ایسی چیزیں بھی ہوتی ہیں جو اہم

بارے میں تو بہت زیادہ سوچتے ہیں مگر عورتوں کا بہت کم خیال کرتے ہیں۔
مغربی عورتیں بھی بال سنوارنے میں غالباً اتنا ہی وقت صرف کرتی ہیں جتنا کبھی مشرقی عورتیں کیا کرتی تھیں۔ مغربی عورتیں بڑی آزادی سے کھلے بندوں اپنا میک اَپ کرتی ہیں، ہر وقت اور ہر جگہ چہرے کے بناؤ سنگار میں مصروف رہتی ہیں مغربی عورتیں کھانے پینے میں سخت احتیاط کرتی ہیں جسم کی مالش کراتی ہیں اور جسم کو ٹھیک رکھنے کے بارے میں دنیا جہان کے اشتہارات کا مطالعہ کرتی ہیں۔ اپنی کمر پتلی رکھنے کے لئے صبح و شام بستر پر لیٹ لیٹ کر ٹانگیں چلاتی ہیں — اور اس عمر میں پہنچکر بھی اپنے چہرے ٹھیک رکھنے اور بالوں کو رنگنے کی کوشش کرتی ہیں جہاں ایک مشرقی عورت ان آرائشوں کا خیال بھی نہیں کرسکتی — مغربی عورتیں دنیا کی ساری عورتوں کے مقابلے میں لوشن اور خوشبوؤں پر زیادہ روپیہ صرف کرتی ہیں۔ نتیجہ یہ ہے کہ حُسن کی آرائش، دن اور رات کو لگانے والی کریموں، جلد صاف کرنے والی کریموں، پاؤڈر کی تہ جمانے والی کریموں، فیس کریموں، ہاتھوں کی کریموں، مسام صاف کرنے والی کریموں، لیموں کی کریموں، سورج کی تمازت سے بچانے والی کریموں، جھریوں سے بچانے والی کریموں اور تیل اور ہر قسم کے خوشبودار تیل کا جتنا بڑا اور زبردست کاروبار امریکہ اور مغرب میں ہے، اور کہیں نہیں ہے — شاید اس کی وجہ یہ ہے کہ امریکی عورتوں کے پاس ان آرائشوں پر خرچ کرنے کے لئے روپیہ اور وقت دونوں وافر ہیں۔ شاید اس کی وجہ یہ ہو کہ امریکی عورتیں لباس پہنتی تو اس لئے ہیں کہ مردوں کو خوش کریں اور لباس اتارتی اس لئے ہیں کہ اپنے آپ کو خوش کریں۔ ہوسکتا ہے کہ معاملہ اس کے برعکس ہو، یا یہ دونوں باتیں ہی تہ میں کارفرما ہوں — شاید اس کی یہ وجہ ہو کہ مشرقی عورتوں کو حُسن کی آرائش کا اتنا سامان ملتا نہیں۔ کیونکہ جہاں تک مردوں کو لبھانے

دم نہ ماریں گے ــــ دفتری نظام میں آ کر عورتیں دفتری نظم و ضبط کو آسانی سے قبول کر لیتی ہیں۔ مگر جونہی دفتری کام کا ماحول ختم ہوا اور عورتیں دفتری ماحول سے نکل کر اپنے مرد ساتھی کارکنوں کے ہمراہ کسی نیم سرکاری سی دعوت میں آئیں تو عورتیں دفتری کارکن نہیں رہتیں۔ بلکہ عورت بن جاتی ہیں۔ وہ اپنے ساتھی مرد کارکنوں کو یا اپنے افسروں کو مشورہ دیتی نظر آتی ہیں کہ نئے بوٹ خریدیں یا بال جلد کٹوا لیا کریں، یا سر کی خشکی دُور کرنے کے لئے فلاں فلاں لوشن استعمال کیا کریں۔ گویا دفتروں میں عورتیں ادب آداب سے بات کرنے کی پابند ہوتی ہیں، لیکن دفتر سے باہر وہ اختیار اور تحکم سے بات کر سکتی ہیں۔

صاف بات یہ ہے کہ عورتوں کا گھر سے باہر آ کر عام زندگی میں کھلے بندوں پھرنے سے زندگی کی دلکشی اور زندگی کی آسانیوں میں بہت اضافہ ہوا ہے ــــ میں نے یہ بات مرد کے نقطۂ نظر سے عرض کی ہے اور سچ یہ ہے کہ یہ بات بحیثیت مرد کہی جا سکتی ہے۔ جب سے عورتیں دفتروں اور بازاروں میں نکل آئی ہیں بازاروں کا شور و غوغا کم ہو گیا ہے۔ دفتروں میں میز کرسیاں زیادہ صاف رہنے لگی ہیں۔ لباس اور ماحول میں زیادہ نکھار سا پیدا ہو گیا ہے ــــ اس کے ساتھ ہی میرا یہ بھی دعوٰے ہے کہ جنسی کشش یا جنسی کشش کی خواہش میں شمہ برابر بھی فرق نہیں آیا ــــ اور امریکہ میں تو مردوں کے مزے ہیں۔ کیونکہ امریکی عورتیں روز بروز مردوں کو زیادہ سے زیادہ خوش کرنے کی کوشش کر رہی ہیں۔ ان کا مقابلہ ذرا چینی عورتوں سے کیجئے تو معلوم ہوگا کہ چینی عورتوں کی بہ نسبت امریکی عورتیں اپنی فطری جنسی کشش میں مزید دلکشی پیدا کر کے مردوں کو خوش کرنے کی سعی کرتی ہیں۔

اس سے میں نے یہ نتیجہ اخذ کیا ہے کہ مغرب کے لوگ جنسی معاملات کے

ناخن تک کو اپنے اشتہار کے لئے پیش کیا ہے۔ عورت کے جسم کے ہر حصے سے کاروباری اشتہاروں نے ہر ممکن فائدہ اٹھایا ہے۔ اور میری سمجھ میں یہ نہیں آتا کہ امریکی عورتوں نے کس طرح ہنستے کھیلتے، اپنے جسم کو کاروباری اشتہار بازوں کی ہر جائز و ناجائز نفع اندوزی کے حوالے کر دیا ہے! —— مشرقیوں میں عورت اور عورت کے جسم کے لئے جو احترام موجود ہے اس کے پیش نظر ایک مشرقی یہ مشکل سے برداشت کرے گا کہ عورت کے جسم سے اشتہار باز اس طرح فائدہ اٹھائیں —— مگر عورت کے جسم کی اس حد سے بڑھی ہوئی نمائش اور پیش کش کو مغرب کے آرٹسٹ حسن سے تعبیر کرتے ہیں۔ تھیٹر دیکھنے والے اسی عریانی کو آرٹ کہتے ہیں۔ صرف تھیٹر کے منیجر اور پروڈیوسر اس چیز کو جنسی کشش کے سادہ نام سے یاد کرتے ہیں۔ باقی رہے عام مرد تو وہ اس نمائش جسم سے مزہ لیتے ہیں اور بس —— مردوں کے بنائے ہوئے سماج، مردوں کے تابع سماج کا یہ خاصہ ہے کہ کاروباری اشتہارات کیلئے کاروبار کو چمکانے کے لئے عورتوں کو تو عریاں کر کے پیش کیا جائے اور چند بازی گروں کو چھوڑ کر، سارے کے سارے مرد کبھی کپڑے نہ اتاریں! —— سٹیج کا تماشا دیکھئے تو یہاں بھی عورتیں ہی قریب قریب نیم عریاں پیش ہوں گی۔ حالانکہ دیکھنے والے مرد پورے ڈریس میں کوٹ ٹائی کے ساتھ، بیٹھے تماشا دیکھیں گے۔ اگر اس معاشرے پر عورت کی حکمرانی ہوتی تو آپ ہمیشہ مردوں کے نیم عریاں جسم دیکھتے اور عورتیں ہمیشہ پورے لباس میں نظر آتیں —— ہمارے آرٹسٹ عورت اور مرد، دونوں کے جسموں کا مطالعہ کرتے ہیں، مگر کسی مرد کے خوبصورت جسم کی تصویر بنا کر انہیں کاروباری لحاظ سے کوئی فائدہ اٹھانے میں بڑی دقت ہوتی ہے۔ ایسے تھیٹر بھی ہیں جن کے اسٹیج پر لڑکیاں آ کر ناچتے ناچتے اپنے جسم پر کا ایک ایک کپڑا اتارتی جاتی ہیں۔ سنا ہے کہ

کی خواہش کا تعلق ہے یہ سب قوموں میں یکساں ہے۔ یہ ہر عورت کی خواہش ہوتی ہے۔ ابھی پچاس ساٹھ برس اُدھر کی بات ہے کہ چینی عورتیں اپنے پاؤں بچپن سے بندھوا دیتی تھیں کیونکہ اُن کے خیال میں ننھے منّے پاؤں مردوں کو خوش کر سکتے تھے لیکن اب یہی چینی عورتیں چھوٹے جوتے پہننے کے بجائے اونچی ایڑی کے مغربی جُوتے پہنتی ہیں۔ میں پیغمبر نہیں۔ مگر میں پیغمبرانہ یقین کے ساتھ کہہ سکتا ہوں کہ بہت جلد چینی عورتیں بھی صبح کو دس منٹ ٹانگیں چلا چلا کر ورزش کیا کریں گی تاکہ اُن کے زیادہ مناسب جسموں کو دیکھ کر ان کے شوہر خوش ہو سکیں، یا وہ خود زیادہ خوشی محسوس کر سکیں۔

مگر اس کے باوجود، یہ حقیقت وہیں کی وہیں موجود ہے کہ آج کل امریکہ کی عورتیں، اپنے جسموں کی جنسی کشش میں اضافہ کر کے مردوں کو خوش کرنے کی زیادہ سر توڑ کوشش کر رہی ہیں۔ وہ جو لباس پہن رہی ہیں، اس میں بھی جنسی کشش کے راز کا پورا شعور جھلکتا ہے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ پارکوں اور بازاروں میں جو عورتیں نظر آتی ہیں، ان کے جسم سڈول ہوتے ہیں، ان کے لباس بہتر ہوتے ہیں، کیونکہ یہ عورتیں دن کا بڑا حصہ اپنے جسم کی درستی اور آرائش پر صرف کرتی ہیں۔ مردوں کے لئے یہ بے حد دلخوش کن بات ہے۔ مگر جنسی کشش کی ان مسلسل کوششوں سے عورتوں کے اعصاب پر کتنی تھکن سوار ہوتی ہو گی؟ — اس کا اندازہ مشکل ہے — پھر بھی جنسی کشش کو میں عورت کے ماں بننے کی کشش کے مقابلے میں ایک مخالف طاقت سمجھتا ہوں اور اسی طاقت نے موجودہ زمانے کی محبت اور شادیوں پر گہرا اثر ڈالا ہے۔

آرٹ نے جدید زمانے کے انسان کو جنس کے معاملے میں زیادہ ذکی الحس بنا دیا ہے۔ پہلے تو آرٹ نے عورت کے جسم کے خطوط اور قوسیں بار بار پیش کیں، اب کاروباری دنیا نے بھی عورت کے جسم کے ہر ابھار، ہر گولائی اور ہر خط اور ہر رعنائی

اس کی بدولت، عورت کے ماں ہونے کا تصور دب جاتا ہے اور اس کی جگہ یہ تصور رہ جاتا ہے کہ عورت الیس بستر کی زینت ہے ـــــ میں پھر عرض کر دوں گا کہ عورت اپنے اوجِ کمال کو اس وقت اور صرف اُس وقت پہنچتی ہے جب وہ ماں بنتی ہے جو بیوی ماں بننے سے انکاری ہو جائے وہ اپنے وقار، اپنی تمکنت کا بڑا حصہ کھو بیٹھتی ہے۔ وہ یہ خطرہ بھی مول لیتی ہے کہ اُسے محض ایک دل بہلاوے کی چیز، ایک کھلونا سمجھا جائے ـــــ میرے نزدیک، بچوں کے بغیر، ہر بیوی ایک داشتہ کے برابر ہے۔ اور جو داشتہ آپ کے بچوں کی ماں ہو وہ بیوی کے رتبے کی حقدار ہے چاہے قانونی پہلو کچھ ہو، بچوں کا وجود داشتہ کی ہستی کو بھی مقدس اور ارفع بنا دیتا ہے۔ اور بچوں کا نہ ہونا، ایک بیوی کو بھی اس کے رتبے سے گرا دیا کرتا ہے مگر مصیبت یہ ہے کہ آج کل بہت سی عورتیں اس لئے بچے پیدا کرنے سے گریز کرتی ہیں کہ بچوں کی پیدائش سے اُن کے جسم بگڑ جائیں گے۔

زندگی کو بھرپور بنانے میں محبت اور اختلاط کے جذبے کا بھی ہاتھ ہوتا ہے لیکن یہی بات اگر حد سے بڑھ جائے تو خود عورت کے لئے نقصان دہ ثابت ہوتی ہے۔ اپنے آپ کو جنسی لحاظ سے پُرکشش اور دل کش بنانے کا سارا بوجھ عورت کے اعصاب پر پڑتا ہے۔ مرد اس بار سے قطعی بے نیاز ہے۔ اس کے علاوہ جنسی دل کشی کی اس مارا ماری میں بڑا عیب یہ ہے کہ اس کی وجہ سے جوان اور خوبصورت عورتوں کو ہر لحاظ سے، ہر جگہ ترجیح دی جاتی ہے۔ اس کی وجہ سے، ادھیڑ عمر کی عورت کو جوان نظر آنے کے لئے سو سو جتن کرنے پڑتے ہیں۔ سفید بالوں اور بڑھتی ہوئی عمر کا مقابلہ کرنا پڑتا ہے۔ اور آپ جانتے ہیں کہ یہ مقابلہ کتنا بے سود ہوتا ہے۔ اسی لئے چینی شاعر کہتا ہے کہ "جوانی ایک سراب، ایک دھوکا ہے اور کوئی شخص سورج کو

یہ تھیئٹر لڑکیوں کے کپڑے اس لئے اتروا تا ہے کہ مردوں کو ذرا دق کیا جائے۔ مگر یہ تھیئٹر عورتوں کو دق کرنے کے لئے کسی مرد رقاص کے کپڑے اتروانے کا اہتمام کیوں نہیں کرتے؟ آخر عورتیں بھی تو تھیئٹر دیکھنے آتی ہوئی ہیں۔ خیر یہ ذرا عام پسند تھیئٹر ہیں۔ اعلیٰ قسم کے تھیئٹروں میں کھیل عام طور پر ایسا ہوتا ہے جس میں فنکارانہ حسن بھی ہو اور جو اخلاقی لحاظ سے بھی قابلِ اعتراض نہ ہو، مگر ان کھیل تماشوں میں بھی فنکارانہ حسن عورت کے ذمے ہوتا ہے اور اخلاقی پہلو مرد کرداروں کے ذمے ہوتا ہے۔ یہ تھیئٹر کبھی عورت کو اخلاقی پہلو کا ترجمان اور مرد کو فنکارانہ حسن کا مظہر بنا کر پیش نہیں کرتے۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ عورتیں بے چاری آرٹسٹک ہونے کو اپنا فرض سمجھنے لگی ہیں۔ اسی لئے وہ اپنا جسم ٹھیک رکھنے کے لئے فاقے کرتی ہیں، مالشیں کراتی ہیں، اور بڑے نظم و ضبط، کسرت اور پابندی کو اپنا شعار بناتی ہیں۔ اور یہ سب کچھ اس لئے کہ خوبصورت اور دلکش نظر آئیں اور دنیا کے حسن میں اضافہ کر سکیں۔ اسی کا نتیجہ یہ بھی ہے کہ ذرا کم سمجھ بوجھ والی عورتیں یہ یقین رکھتی ہیں کہ مرد کو قابو میں رکھنے کا واحد طریقہ جنسی کشش ہے اور کچھ نہیں۔

میرے خیال میں جنسی کشش اور دلربائی پر حد سے بڑھی ہوئی یہ توجہ ظاہر کرتی ہے کہ عورت کی فطرت کے بارے میں انسانوں کا اندازِ نظر بڑا ناپختہ اور بے حد ادھورا ہے۔ اس اندازِ نظر کا اثر محبت اور شادی پر بھی پڑا ہے۔ چنانچہ شادی اور محبت دونوں کے بارے میں ہمارے خیالات بھی یا تو بالکل غلط ہیں یا بے حد ناپختہ ہیں ــــــ عورت اور جنسی کشش کو ایک چیز سمجھ لینے کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ عورت کو گھر کی مالکہ تسلیم نہیں کیا جاتا، بلکہ اُسے محض زینتِ آغوش سمجھا جاتا ہے۔ عورت، بیوی اور ماں دونوں ہے لیکن جنس اور جنسی کشش پر جس طرح زور دیا جا رہا ہے

لیں ۔۔۔۔ یہ بات اس لئے بھی احمقانہ ہے کہ عورت صرف جسمانی دل کشی اور جنسی کشش ہی کا نام نہیں۔ عورت میں اس کے علاوہ بھی بہت کچھ ہوتا ہے پھر عورت کے دل کو جیتنا اور اسے اپنا بنانا یہ سب کچھ جسمانی خواہشوں کی وجہ سے ہوتا ہے اس میں جسم کی دلربائی ہی کارفرما ہے۔ چنانچہ پختہ کار مردوں اور سنجیدہ عورتوں کو نوجوانی کے اس کھیل سے بالاتر ہو جانا چاہیئے۔

جانداروں کی دنیا میں، انسان ہی وہ جاندار ہے جس میں شہوانی جذبات سب سے زیادہ ہیں لیکن ان جذبات کے ساتھ ساتھ انسان کو بچوں کے ساتھ شدید محبت کا جذبہ بھی دیا گیا ہے۔ یہی جذبہ انسان کی گھریلو اور خاندانی زندگی کی بنیاد ہے۔ شہوانی جذبات، اور بچوں کے ساتھ لگاؤ کی خصوصیت اور بھی کئی جانوروں میں موجود ہے۔ مگر انسان کے سلسلے میں زیادہ خطرہ یہ ہے کہ انسان کی عاشق مزاجی گھریلو زندگی کے جذبے پر بری طرح چھا جائے کیونکہ ایک ایسی پُر تکلف تہذیب اُس کے اردگرد موجود ہے جو اپنے آرٹ، اپنی فلموں، اپنے تھیٹر کے ڈراموں کے ذریعے اس کے لئے ہر ہر قدم پر جنسی ہیجان اور تحریک مہیا کرتی ہے۔ ایسی تہذیب میں گھریلو زندگی کی مثالی زندگی سمجھنے کی ضرورت فراموش ہو سکتی ہے خصوصاً اس صورت میں کہ ہر طرف انفرادیت پرستی کا دور دورہ ہو ۔۔۔ اس لئے ایسے معاشرے میں ہمیں شادی کا عجیب تصور ملتا ہے۔ ایسے معاشرے کے نزدیک شادی نام ہے کورٹ شپ کی لمبی چوڑی چھماچاٹی کا، جو شادی کے شادیانوں پر ختم ہو۔ ایسے معاشرے میں عورت کے بارے میں بھی عجیب تصور ہے کہ عورت، مرد کی جنسی ساتھی ہے اور بس۔ عورت کو اس معاشرے کی نظر، ماں کے روپ میں نہیں دیکھ سکتی ۔۔۔ اس معاشرے کے نزدیک مثالی عورت وہ ہے جو بالکل نوخیز ہو جس کا جسم سانچے میں ڈھلا ہو، اور جس میں

رسی باندھ کر کھڑا نہیں کر سکتا، نہ وقت کی گردش کو روک سکتا ہے! گویا ادھیڑ عمر کی عورتیں اپنی جنسی کشش کو برقرار رکھنے کے لئے جو جتن کرتی ہیں وہ گزرتی ہوئی عمر کو رسی باندھ کر روکنے کی کوشش کرتی ہیں۔ وہ وقت کی برق رفتاری پر فتح حاصل کرنے کی کوشش کرتی ہیں جو بالکل فضول اور بے کار ہے ـــــ ایسے موقعوں پر تو صرف زندہ دلی اور خوش مذاقی آڑے آتی ہے اگر بڑھاپے کے خلاف بے کار جہاد کا کوئی فائدہ نہیں تو پھر سفید بالوں کو ہی کیوں نہ خوبصورت کہا جائے ـــ چنانچہ مچولوٹ کہتا ہے :۔

"میرے سر پر بہت سے سفید بال آگئے ہیں ،
کئی دفعہ انہیں نوچ نوچ کر پھینکتا ہوں۔ مگر ان کی جگہ اور سفید بال نکل آتے ہیں تو پھر سفید بالوں کا نوچنا چھوڑ کیوں نہ دوں ؟ انہیں انہی کے حال پر کیوں نہ رہنے دوں ؟ آخر سفید بالوں کا مقابلہ کرنے کا وقت کس کے پاس ہے ؟"

اصل میں جوانی اور جنسی کشش برقرار رکھنے کی ساری کوشش فضول ہے۔ یہ ماؤں اور ذرا بڑی عمر کی عورتوں کے ساتھ سخت بے انصافی بھی ہے۔ آج کے چیمپین مکا باز کو کل کسی جوان تر حریف کے لئے میدان خالی کرنا پڑتا ہے۔ آج جو گھوڑا دنیا کی سب سے بڑی گھڑ دوڑ میں اوّل رہا، دو چار برس میں اس سے کم عمر گھوڑا اُسے مات دیدے گا۔ بڑی عمر کی عورتیں بھی کم عمر عورتوں کے خلاف یہی "ہار" کی لڑائی لڑتی ہیں! اور یہ تو سوچئے کہ یہ حریفانہ مقابلہ وہ اپنی ہم جنسوں، اپنی بہنوں کے ساتھ ہی کرتی ہیں۔ اسی لئے ادھیڑ عمر کی عورتوں کے لئے یہ بات بڑی خطرناک، بڑی احمقانہ اور بالکل بے سود ہے کہ وہ جسمانی دل کشی کے معاملے میں کم عمر عورتوں کا مقابلہ کرنے کی ٹھان

ایک دفعہ انہی جذبات کی رَو میں کہہ اٹھتا ہے "عورت، پانی سے تخلیق کی گئی اور مرد، مٹی سے!" —— اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کے خیال میں اس کی رشتہ دار لڑکیاں ساری کی ساری بڑی اچھی، بڑی پاکیزہ اور بے حد زیرک ہیں۔ اور وہ خود اور اس کے ساتھی لڑکے، اس کے خیال میں، بڑے کم رو، بڑے بدصورت اور سخت بدمزاج ہیں چنانچہ چینی ناول نویس پاؤ یُو کے قول کی روشنی میں کتاب پیدائش میں آدم و حوّا کی تخلیق کی کہانی یوں ہونی چاہیے تھی:

"خدا نے مٹھی بھر کیچڑ لے کر اُسے انسان کی شکل دی، پھر اس
بُت کے نتھنے میں خدا نے اپنی روح پھونکی اور آدم زندہ ہوا ——
لیکن بہت جلد آدم ٹوٹنے پھوٹنے لگا۔
خدا نے تھوڑا سا پانی لیا، اور آدم کے بُت کی مٹی کو پھر سے
پانی ملا کر گوندھا —— یہ پانی، جو آدم کے پیکر میں داخل ہوا تھا حوّا کہلایا۔
اور حوّا کو اپنے پیکر میں پاکر ہی آدم کی زندگی مکمل ہوئی!"

میرے نزدیک شادی کی کنایاتی اہمیت یہی ہے۔ عورت پانی اور مرد مٹی۔ پانی مٹی کے رگ دپے میں سرایت کرتا ہے، مٹی میں نرمی اور لچک پیدا کرتا ہے۔ مٹی پانی کو گرفت میں رکھتی ہے اور اسے وہ وجود عطا کرتی ہے جس میں پانی چلتا ہے، زندہ رہتا ہے اور اپنی ہستی کی تکمیل کرتا ہے۔

چینی مصوّر چاؤ منگ فو کی بیوی مادام کُوآن نے (جو خود بھی مصوّر تھی) پانی اور مٹی کی اس تمثال کو انسانی شادیوں کے ضمن میں بڑی خوبصورتی سے ایک نظم میں بیان کیا ہے۔ اُس وقت اس کا شوہر مصوّر چاؤ ادھیڑ عمر کا ہو چکا تھا۔ مادام کی جوانی بھی رخصت ہو رہی تھی۔ نتیجہ یہ کہ چاؤ کا ذوق و شوق کچھ ٹھنڈا پڑ رہا تھا اور وہ سوچ رہا تھا

جسمانی کشش کوٹ کوٹ کر بھری ہو۔ مگر میرے نزدیک، عورت اُسی وقت خوبصورت
معلوم ہوتی ہے جب وہ بچے کے گہوارے کو جھُلا رہی ہو۔ عورت اُسی وقت سنجیدگی
اور وقار کا مجسّمہ ہوتی ہے جب وہ بچے کو دودھ پلا رہی ہو یا چار یا پانچ سال کے
بچّے کو انگلی سے لگائے جا رہی ہو۔ عورت اُسی وقت سچّی مسرّت کی تصویر ہوتی ہے
جب وہ بستر پر لیٹ کر اپنے دودھ پیتے بچّے کے ساتھ کھیل رہی ہو! —— یہی چیزیں
نے ایک مشہور مغربی تصویر میں بھی دیکھی ہے —— آپ کہہ سکتے ہیں کہ میں، ماں کے بارے
میں شدید قسم کے نفسی الجھاؤ کا شکار ہوں۔ ممکن ہے یہ ٹھیک بھی ہو۔ اس سے کچھ فرق
نہیں پڑتا کیونکہ نفسیاتی الجھاؤ، چینی لوگوں کو کچھ نقصان نہیں پہنچا سکتے! —— آپ اگر
یہ کہہ دیں کہ فلاں چینی فلاں نفسیاتی الجھاؤ کا مریض ہے تو مجھے اِس بات پر
ہنسی آئے گی —— اِسی لیئے میں یہ عرض کروں گا کہ عورت کے بارے میں میرے یہ خیالات
کسی نفسیاتی الجھاؤ کی وجہ سے نہیں ہیں۔ بلکہ اِن کی بنیاد وہ نصب العین ہے جو گھر
گرہست کے سلسلے میں چینی قوم کے سامنے ہر وقت رہتا ہے۔

## ۴۔ چینی گھر کی تصویر

کبھی کبھی مجھے یہ خیال آتا ہے کہ بائبل کی کتاب پیدائش میں کائنات اور انسان
کی تخلیق کی جو کہانی بتائی گئی ہے اُسے نئے سرے سے لکھا جانا چاہیئے۔ چینی ناول
"سرخ شبستاں کا خواب" کا ہیرو ایک نوجوان لڑکا ہے جو بے حد جذباتی ہے۔ اُسے
عورتوں کے ساتھ اُٹھنا بیٹھنا بڑا پسند ہے۔ اپنی خوبصورت رشتہ دار لڑکیوں پر
جان چھڑکتا ہے۔ اسے یہ افسوس کھائے جاتا ہے کہ میں لڑکی کیوں نہ ہوا۔ یہ لڑکا

یہ مشہور بات ہے کہ چینی معاشرہ اور چینی زندگی کا نظام گھرانے اور خاندان کی بنیاد پر قائم ہے۔ یہ چیز چینی زندگی کی مجموعی طرز پر اثر ڈالتی ہے اور رہنے سہنے کے سارے طور طریقے اسی کے تابع ہیں۔ مگر آپ پوچھیں گے کہ چینی قوم کے نئے گھریلو زندگی اور خاندان کا نصب العین کیسے معیّن ہوا؟ —— یہ سوال کم کم پوچھا جاتا ہے۔ کیونکہ چینی تو اپنے اس معاشرتی نظام کو ایک مسلّمہ بات سمجھتے ہیں جس میں شک شبہے یا سوال جواب کی گنجائش ہی نہیں —— اور باہر کے لوگ جو چینی زندگی کا مطالعہ کرتے ہیں، وہ اس سوال میں اُلجھنے کی اہمیت محسوس نہیں کرتے۔ تاہم مشہور یہ ہے کہ کنفیوشس نے یہ کہنے کے لئے اپنی تعلیمات میں ایک فلسفیانہ بنیاد قائم کی تھی کہ گھریلو زندگی ہی معاشرتی زندگی اور سیاسی زندگی کی بنیاد ہے۔ وہ یہ بھی کہتا ہے کہ بیوی اور شوہر کا رشتہ سب سے اہم رشتہ ہے اور یہی رشتہ سارے انسانی رشتوں کی بنیاد ہے۔ کنفیوشس نے یہ بھی تلقین کی تھی کہ ماں باپ کی مکمل فرمانبرداری بچوں کا فرض ہے، ہر سال اپنے بزرگوں کی قبروں پر جانا چاہیئے، اپنے بزرگوں کی پرستش کرنی چاہیئے اور ایک آبائی اور جدّی ایوان بنانا چاہیئے۔

بعض ادیبوں نے چینیوں کی بزرگوں کی پرستش کو ایک مذہب قرار دیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں یہ خیال کافی حد تک درست ہے۔ فرق اتنا ہے کہ اس سلسلے میں چینی کی پرستش میں ما فوقِ فطرت کے عنصر کو کوئی دخل نہیں ہوتا بلکہ اگر کوئی چینی، عیسائی، بودھ یا مسلمان بھی ہو، پھر بھی وہ اپنے اعتقادات کے ساتھ ساتھ بزرگوں کی یہ پرستش جاری رکھ سکتا ہے۔ اس پرستش کے اپنے رسوم ہیں اور یہ اپنی جگہ ایک قسم کا دین ہے۔ یہ رسوم اپنی جگہ فطری بھی ہیں اور جائز بھی کیونکہ ہر عقیدے کے لئے کوئی ظاہری رسم اور قاعدہ ہونا لازمی ہے۔ چینی اپنے بزرگوں کے مزاروں پر پندرہ انچ لمبی لکڑی کی

کہ اب کہیں سے ایک داشتہ مہیّا کرلے۔ مادام کو آن نے یہ نظم لکھ کر شوہر کو دی جس سے اُس کے دل پر بڑا اثر ہوا اور وہ اپنے ارادے سے باز رہا۔

تم میں اور مجھ میں
بہت زیادہ پیار ہے
اس کی بدولت
دم گھٹنے لگا ہے
تھوڑی سی مٹّی لو
اسے گیلا کرو، اسے تھپتھپاؤ
اپنا بُت بناؤ
میرا بُت بناؤ
پھر انہیں پھوڑ دو، انہیں توڑ دو
اور تھوڑا سا پانی ملاؤ
اسے گوندھو، اسے خوب گوندھو
اور اپنا بت بناؤ
اور میرا بت بناؤ
اب میرے بُت میں تمہارے بُت کی مٹّی بھی شامل ہے
اب تمہارے بُت میں میرے بُت کی مٹّی بھی شامل ہے
اب ہمیں کوئی جدا نہ کر سکے گا
جب تک زندہ ہیں، ہم ایک ہی لحاف اوڑھ کر سوئیں گے
جب مر جائیں گے تو ایک ہی قبر میں دفن ہوں گے۔

ہوں تو ان کے سامنے بھی دو زانو ہو کر آداب بجالاتے ہیں —— اس لئے چینی گھٹنوں میں زیادہ لچک ہوتی ہے۔ دوسرے یہ کہ لکڑی کی ایک کندہ تختی کے سامنے گھٹنے ٹیک دینے سے کوئی کافر تو نہیں ہو جاتا —— پھر بھی گاؤں اور شہروں میں چینی مسیحیوں کو اجتماعی زندگی سے الگ تھلگ رہنے پر مجبور کیا جاتا ہے۔ انہیں اجازت نہیں ہوتی کہ بزرگوں کی پرستش کے موقع پر اجتماعی دعوتوں اور جشن میں شرکت کر سکیں اس موقع پر جو کھیل تماشے ہوتے ہیں، چینی عیسائی ان کیلئے چندہ بھی نہیں دے سکتے۔ گویا وہ بے چارے اپنے کنبے برادری سے خود بخود باہر ہو جاتے ہیں۔

یہ حقیقت ہے کہ اکثر اوقات اپنے خاندان کے لئے احترام اور روحانی عقیدت کا جذبہ، ایک مذہبی جذبہ بن جاتا ہے۔ اس کی مثال ین یو آن کی زندگی ہے جو سترھویں صدی میں کنفیوشس فلسفے کا سب سے بڑا رہنما تھا۔ بڑھاپے میں ین ایک لمبے سفر پر نکل کھڑا ہوا تاکہ اپنے گمشدہ بھائی کو ڈھونڈ نکالے۔ اس کا اپنا کوئی بیٹا نہ تھا۔ اس سفر کی صعوبتیں اس نے محض اس لئے اٹھائیں کہ شاید اس گمشدہ بھائی کا ہی کوئی لڑکا ہو۔ کنفیوشس فلسفے کا یہ عظیم علمبردار شہر نری چو آن میں رہتا تھا۔ اس کا عقیدہ اور تعلیم یہ تھی کہ علم سے عمل ارفع ہے۔ اور اسکا بھائی کئی برسوں سے بے پتا تھا۔ کنفیوشس کی تعلیمات کا درس دیتے دیتے وہ ایک دن اکتا گیا اور اس کے دل میں یہ خواہش پیدا ہوئی کہ اپنے گم شدہ بھائی کا کھوج نکالے (صوفی لوگ اس خواہش کو خدائی امر کہیں گے) مگر اسے کچھ پتا نہیں تھا کہ اس کا بھائی کہاں ہوگا اور وہ زندہ بھی ہے یا نہیں۔ ان دنوں سفر کرنا بڑا دشوار اور خطرناک کام تھا کیونکہ منگ خاندان کی حکومت ختم ہو چکی تھی اور ملک میں ہر طرف بدامنی پھیلی ہوئی تھی، مگر یہ باہمت بڈھا اپنے اس "مذہبی" سفر پر نکل کھڑا ہوا۔ جہاں جاتا، شہر کے

جو تختی لگاتے ہیں یہ احترام ہی کی نشانی ہے۔ یہ اسی طرح کا عقیدہ ہے جیسے برطانوی ٹکٹوں پر برطانوی بادشاہ یا ملکہ کی تصویر شائع کر کے ان کا احترام کیا جاتا ہے۔ بزرگوں کی روحوں کو دیوتا نہیں بلکہ بزرگ انسان سمجھا جاتا ہے۔ اور ان کی اسی طرح خدمت کی جاتی ہے جس طرح ان کے بڑھاپے میں موت سے پہلے اُن کے بال بچے کیا کرتے تھے۔ ان بزرگوں کی روحوں سے مال و دولت نہیں مانگا جاتا، نہ ان روحوں سے بیماروں کو اچھا کرنے کی مَنّت مانی جاتی ہے۔ گویا عبادت گزار اور معبود کے درمیان جو سودا بازی عام طور پر ہوتی ہے وہ اس سلسلے میں بالکل نہیں ہوتی۔ پرستش کی یہ رسم محض اس قدر ہے کہ ایک مقررہ دن پر سارے کنبے والے اکٹھے ہوتے ہیں، مرحوم بزرگوں کو عقیدت کے ساتھ یاد کرتے ہیں اور اس بات کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ مرحوم نے خاندان کے لئے کیا کچھ کیا تھا ـــــ یوں دیکھنے میں یہ رسم جیتے جی اس بزرگ کی سالگرہ منانے سے کہیں پھیکی نظر آتی ہے لیکن اس کی تہ میں وہی عقیدت اور احترام کا گہرا جذبہ کارفرما ہے جو مثلاً امریکہ میں یومِ مادر منانے کے سلسلے میں ہوتا ہے۔

بزرگوں کی پرستش کی اس رسم میں جو اجتماعی دعوتیں اور جشن ہوتے ہیں، مسیحی مشنریوں اور مبلغوں نے چینی عیسائیوں کو ان میں شامل ہونے کی ممانعت کر رکھی ہے۔ انہیں یہ اعتراض ہے کہ اس رسم میں ہر شخص کو اپنے مرحوم بزرگ کی قبر کے چوبی کتبے کے سامنے گھٹنوں کے بل جھکنا پڑتا ہے اور یہ عیسائیت کے دس احکام میں سے پہلے حکم کی خلاف ورزی ہے ـــ میرے نزدیک یہ عیسائی مشنریوں کی سخت بھول ہے۔ وہ اس رسم کی ماہیت سمجھ ہی نہیں سکے ـــــ اوّل تو یہ کہ چینی لوگوں کے گھٹنے اتنے "قیمتی" نہیں ہیں جتنے مغربی قوموں کے ہیں۔ چینی تو اسی طرح دوزانو ہو کر اپنے بادشاہوں، اپنے حاکموں کو سلام کرتے ہیں اور ہر نوروز کو، اگر ماں باپ زندہ

کون تھا۔ جب اس کی ماں کا انتقال ہوا تو کنفیوشس نے نہ معلوم کس جذبے کے ماتحت اُسے "پانچ بزرگوں کی شاہراہ" پر دفن کیا ـــــ پھر جب ایک بڑھیا نے اُس کے باپ کی قبر کا نشان بتایا تو اُس نے اپنے ماں باپ کو ایک جگہ ساتھ دفن کرنے کا انتظام کر دیا۔

ڈاکٹر ہیان ہی انیچ وو کا نظریہ آپ کے سامنے ہے۔ اس پر میں.... کچھ نہیں کہوں گا۔ مگر چین میں گھریلو زندگی اور گھرانے کو جو نصب العین ٹھہرایا گیا ہے اس کے بارے میں چینی ادب میں دلائل اور وجوہ کی کوئی کمی نہیں۔ پہلا قدم یہ ہے کہ انسان ایک خود کفیل فرد کی حیثیت نہیں رکھتا بلکہ گھرانے یا خاندان کے رُکن کی حیثیت رکھتا ہے۔ انسانی زندگی کو سدا رواں چشمے سے تشبیہ دی جائے تو زندگی کے جاری و ساری رہنے کا نظریہ اس نصب العین کی پشت پناہ ہے۔ اور اس کے جواز کے لئے فلسفہ موجود ہے کہ انسان کی تکمیل کی منزل یہ ہے کہ اس کے فطری جذبات، اس کی جبلت کی تسکین ہو۔ یہی چیز ہے جسے ساری اخلاقیات و ساری سیاسیات کی آخری منزل قرار دیا گیا ہے۔

گھریلو زندگی اور خاندان کا نصب العین فرد کی ذاتی انفرادیت کا سخت مخالف ہے۔ اصل یہ ہے کہ کوئی شخص فرد کی حیثیت سے مکمل طور پر تنہا زندگی بسر نہیں کرتا۔ ایسے فرد کا وجود، خیالی ہے حقیقی نہیں۔ اگر کسی فرد کو کسی کا بیٹا، کسی کا بھائی یا کسی کا باپ یا کم سے کم کسی کا دوست نہ سمجھا جائے تو پھر وہ ہے کیا؟ ـــــ یہ فرد تو محض ایک تصور ہو گا، لیکن چینی تو جسم اور حیاتیات کو ایک لحظے کے لئے بھی فراموش نہیں کرتے۔ چنانچہ وہ ہر شخص کے حیاتیاتی رشتوں کا پہلے خیال کرتے ہیں ـــ گویا خاندان اس صورت میں ہماری زندگی کی سب سے مقدم حیاتیاتی اکائی ٹھہرا۔ اس صورت

دروازوں اور شہر کی سراؤں پر اپنی غرض کا اشتہار لگا دیا۔ اسی طرح اس نے مغربی چین سے لیکر شمالی مشرقی چین کے علاقوں تک ہزارہا میل کا سفر طے کیا اور کئی سال اس تلاش میں گزر گئے۔ اتفاقاً اس کے بھائی کے بیٹے نے ایک عام پیشاب خانے میں جاتے ہوئے ایک شخص کا چھاتا دیکھا جس پر اس کے خاندان کا نام لکھا تھا۔ وہ یہ نوجوان اس بوڑھے مسافر کو گھر لے آیا۔ اس کا بھائی عرصہ پہلے مر چکا تھا۔ مگر فلسفی ین یہ آن نے اپنی منزل پالی۔ اس نے آخر اپنے بزرگوں کے خاندان کو چلانے کے لئے اپنے اسلاف کا نام زندہ رکھنے کے لئے ایک جانشین ڈھونڈ ہی لیا۔

کنفیوشس نے بزرگوں سے بچوں کی اس سعادت مندی پر اتنا زور کیوں دیا ہے؟ اس کا ٹھیک جواب شاید کوئی نہیں دے سکتا ——— پھر بھی ڈاکٹر جان سی انچ ڈو نے اپنے گراں پایہ مقالے "حقیقی کنفیوشس" میں یہ لکھا ہے کہ کنفیوشس چونکہ خود باپ کے مرنے کے بعد پیدا ہوا تھا اس لئے اسے بزرگوں سے بچوں کی سعادت مندی میں بڑی بات نظر آتی تھی ـــ اگر کنفیوشس کے بچپن میں اس کا باپ زندہ ہوتا تو پدری منصب کے بارے میں اس کے خیالات اتنے رومانی اور اتنے پُر احترام نہ ہوتے۔ اور اگر اس کی جوانی میں بھی اس کا باپ زندہ ہوتا تو شاید نتیجہ اور بھی خراب ہوتا ـــ اس صورت میں اسے اپنے باپ کے تمام نقائص اور سارے عیوب معلوم ہو جاتے اور اسے پتا چلتا کہ باپ کے سامنے ایسی بے چون و چرا سعادت مندی عملی طور پر محال ہوگی ـــ خیر یہ تو خیالی باتیں ہیں۔ حقیقت اس قدر ہے کہ کنفیوشس کے پیدا ہونے سے پیشتر ہی اس کا باپ مر چکا تھا۔ یہی نہیں بلکہ کنفیوشس کو یہ بھی پتا نہیں تھا کہ باپ کی قبر کہاں ہے۔ اصل میں وہ اپنے ماں باپ کی جائز اولاد نہیں تھا۔ اسی لئے اس کی ماں نے اسے یہ بتایا ہی نہیں کہ اس کا باپ

کھلے بندوں مذمت کی گئی ہے اور کہا گیا ہے کہ آج سے مختلف مادی حالات میں ایسے جذبات کا سرے سے وجود نہیں ہوگا ـــــ میں نہیں جانتا کہ کارل مارکس نے کس بنا پر یہ نتائج اخذ کئے اور اُس نے یہ کیسے اندازہ کیا کہ حیاتیات انسانی میں یہ مرحلہ بھی کبھی آسکتا ہے ـــــ اُسے معاشیات ضرور آتی تھی۔ مگر غالباً وہ عقل سلیم سے زیادہ بہرہ ور نہیں تھا۔ یہ تو کوئی سکول کا لڑکا بھی اندازہ کرسکتا ہے کہ انسان کی جبلّت اگر لاکھوں برس سے ترقی کر رہی ہو تو اُسے ختم کرنے کے لئے دو چار ہزار برس کی مدت بہت ہی کم ہے۔ لیکن مارکس کی دلیل یہی تھی اور یہی عجیب سی دلیل مغربی ذہنوں کو بالکل منطقی معلوم ہوتی ہے۔ یہ نظریہ کہ انسان کچھ مشینی قسم کے قوانین کے ماتحت طبقاتی کش مکش میں گرفتار رہے قدرتی طور پر انسان کو عملی آزادی اور عقیدے کی انفرادی آزادی سے محروم کر دیتا ہے۔ گویا آزادی کے اِس انتہا پسندانہ نظریے کے مطابق بھی انسان کو اتنی آزادی نہیں ہوتی جتنی گھریلو نظام میں مل سکتی ہے۔

لہٰذا مغرب کی انفرادیت پسندی اور وطن پرستی کے مقابلے میں گھریلو زندگی کا نصب العین موجود ہے۔ اِس نظام کے ماتحت کسی شخص کو فرد نہیں سمجھا جاتا بلکہ ایک خاندان کا رکن گردانا جاتا ہے۔ یہ رکن گھریلو زندگی کے عظیم دھارے کا ایک ضروری حصّہ بھی ہے اور میں نے "زندگی کے رواں دواں دھارے" کے جس نظریّے کا ذکر اوپر کیا ہے اُس سے میرا مطلب یہی ہے۔ اس کے مطابق ساری انسانی زندگی کو ایک بڑا دریا سمجھئے جو مختلف نسلوں کی زندگی کی الگ الگ ندیوں پر مشتمل ہے۔ ایک انسان اِس زندگی کے دھارے کا وہی حصّہ دیکھتا ہے جو اس کے اپنے کنبے پر مشتمل ہو۔ اِسی کو وہ بلا واسطہ محسوس بھی کرسکتا ہے۔ "شجرۂ نسب" کا تصوّر مشرق و مغرب دونوں جگہ ہے۔ اِس شجرے میں ہر شخص کا وجود ایک شاخ یا ایک شاخ کی کونپل کی حیثیت

میں ایک شخص کی شادی بھی اس کا ذاتی مسئلہ نہیں رہتی۔ بلکہ سارے خاندان کا ایک اجتماعی مسئلہ بن جاتی ہے۔

میں نے اپنی کتاب میرا وطن اور میرے ہم وطن میں یہ بھی بتایا ہے کہ زندگی پر چھا جانے والے اس گھریلو نظام زندگی میں خرابیاں کیا کیا ہیں۔ اس نظام کی غالباً سب سے بڑی خرابی یہ ہے کہ ایک خاندان، ایسی اجتماعی خود غرضی کا قالب اختیار کر لیتا ہے جس سے ملک کو نقصان پہنچنے کا بڑا احتمال ہو سکتا ہے، مگر اس قسم کی خرابیاں تو ہر انسانی نظام میں ہوں گی۔ یہ خرابیاں گھریلو نظام زندگی کے علاوہ انفرادیت پسندی اور مغربی وطن پرستی میں بھی موجود ہیں کیونکہ انسانی فطرت ہی ایسی ہے۔ چین میں آدمی کی ہستی، مملکت اور حکومت دونوں سے اعلیٰ اور اہم مانی جاتی ہے، لیکن اُسے ایک خاندان سے اعلیٰ اور اہم نہیں سمجھا جاتا۔ کیونکہ خاندان سے علیحدہ ان کا کوئی حقیقی وجود نہیں ہوتا۔ باقی رہی وطن پرستی، تو اس کی خرابیاں موجودہ یورپ میں دیکھ لیجئے۔ اسی جذبے کا کرشمہ ہے کہ ایک ملک ایسا عفریت بن جاتا ہے (جیسا کہ آج بھی بعض ملک ہیں) کہ فرد کی آزادئ گفتار اس کے مذہبی عقائد اور نظریات، اور آن اور عزت تک چھین لیتا ہے، حتیٰ کہ وہ فرد کے پاس اس کی مسرت بھی نہیں رہنے دیتا جو اس کا آخری سہارا ہے۔ ایسے اجتماعی نظریات کے جو نتیجے ہو سکتے ہیں وہ فاشزم اور اشتراکیت دونوں نظریوں سے ظاہر ہیں۔ بلکہ اشتراکیت کے پیغمبر کارل مارکس نے تو یہ نتائج بڑے منطقی طریقے پہ پیش بھی کر دئے ہیں!۔۔۔۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ مارکسی ریاست کا آخری مقصد یہ ہے کہ پدری اور مادری جبلّت کو سرے سے فنا کر دیا جائے کمیونسٹ مینی فسٹو سے تو یہ بھی پتا چلتا ہے کہ اس مارکسی ریاست میں کنبے اور اعزّہ کی محبت اور عزیزوں کی باہمی وفاداری کو بورژوا جذبہ قرار دیا گیا ہے۔ اسکی

بھی ہے۔ چین میں جو لڑکا، چوانگ یوآن (شاہی امتحانات میں اوّل رہنے) کا امتیاز حاصل کرتا تھا اس کی کامیابی پر اس کے کنبے والے، اس کے رشتے دار، اس کا قبیلہ بلکہ اس کا سارا شہر اُس پر جذباتی لحاظ سے اور مادّی اعتبار سے بھی ناز کرتے تھے۔ ایک ایک اور دو دو سو سال تک اس شہر کے لوگ فخریہ بیان کیا کرتے تھے کہ ہمارا لڑکا فلاں فلاں عہدِ حکومت میں شاہی امتحانات میں سارے ملک میں اوّل رہا تھا اور جب یہ لڑکا کبھی اپنے شہر واپس آتا تھا تو سارا شہر اور اس کا سارا قبیلہ اس عزت افزائی پر پھولا نہیں سماتا تھا۔

گھریلو نظامِ زندگی میں بڑے تنوع اور بڑی رنگا رنگی کی گنجائش ہے خود انسان کو دیکھئے کہ ایک خاندان کے اندر وہ بچپن اور جوانی، پختہ عمری اور بڑھاپا، عموماً عمر کا ہر دو قلموں حصّہ بسر کرتا ہے — پہلے پہل اس کی نگہداشت دوسرے کرتے ہیں۔ پھر وہ دوسروں کی نگہداشت کرتا ہے۔ اور بڑھاپے میں پھر دوسرے اس کی نگہداشت شروع کر دیتے ہیں۔ پہلے پہل وہ دوسروں کی ہر بات بلا چون و چرا مانتا ہے، ہر ایک کی اطاعت اور عزت کرتا ہے۔ لیکن جوں جوں بڑا ہو جاتا ہے دوسرے اس کی بات ماننے لگتے ہیں اور اس کی اطاعت اور عزت کرنے لگتے ہیں — اس تصویر میں رنگ عورت کے وجود سے آتا ہے۔ کنبے کی زندگی میں عورت ایک آرائش ایک کھلونے کے طور پر نہیں آتی۔ بنیادی طور پر وہ بیوی کی حیثیت سے بھی نہیں آتی بلکہ شجرۂ نسب کے سب سے ضروری حصّے یعنی ماں کی حیثیت سے آتی ہے۔ کیونکہ ماں کے وجود ہی سے انسانی زندگی کا تسلسل قائم رہ سکتا ہے کسی خاندان کی شاخ کی قوّت اور خوبی کا دارومدار ان عورتوں پر ہے جو اس خاندان کے مردوں کے ساتھ بیاہی جاتی ہیں۔ انہی کے خون پر کنبے کی قوّت و حیات کا انحصار ہوتا ہے۔ اِس لیے

رکھتا ہے۔ یہ شاخ خود سارے شجرے کے ساتھ اسی طرح وابستہ ہوتی ہے جس طرح درخت کی شاخ اپنے تنے کے ساتھ پیوستہ رہتی ہے۔ شجرے کی یہ شاخ شجرے کے جاری رکھنے کی ضامن ہوتی ہے۔ اس کی افزائش اور پھلنے پھولنے میں ہاتھ بٹاتی ہے۔ اس لئے انسانی زندگی کی مثال مستقل نشوونما یا تسلسل اور دوام سے دی جاسکتی ہے۔ ہر شخص زندگی میں اپنے حصے کا کام کرتا ہے۔ یہ کام خاندان کی تاریخ میں ایک باب کی حیثیت رکھتا ہے۔ اس باب میں وہ ذمہ داریاں شامل ہیں جو انسانی زندگی پر ایک کنبے کی مجموعی زندگی کی طرف سے عائد ہوتی ہیں۔ اور انسانی زندگی اپنے کام یا اپنے نکمے پن کی بدولت اپنے آپ کے لئے اور کنبے کی مجموعی زندگی کے لئے کلنک کا ٹیکا بنتی ہے یا دونوں کی عزت افزائی کا باعث بنتی ہے۔

جیسی زندگی میں مل جل کر کام کرنے یا اجتماعی زندگی کے شعور کی صرف یہی ایک صورت ہے کہ ہر جینی کو گھریلو زندگی کا بڑا پاس ہوتا ہے اور خاندان کی عزت اور ناموس اسے بے حد عزیز ہوتی ہے۔۔۔۔ ایک خاندان ایک ٹیم ہے، کنبے کے ہر فرد کا یہ فرض ہے کہ زندگی کے اس کھیل کو اتنی اچھی طرح کھیلے جتنی کوئی اور ٹیم کھیلتی ہے۔ اس کا یہ بھی فرض ہے کہ کوئی غلط کام کرکے اپنی ٹیم (کنبہ) کے کھیل کا ستیاناس نہ کرے۔ اس کا یہ فرض ہے کہ وہ اپنی ٹیم (کنبہ) کے کھیل کو ترقی دے۔ ایک نالائق بیٹا اپنے کنبے کے لئے اسی طرح ندامت کا باعث بن سکتا ہے جس طرح ایک ٹیم کا فل بیک جو گیند پاس آنے پر حریف کو روک نہیں سکتا اور اپنی کوتاہی کے باعث گیند آگے نکل جانے دیتا ہے اور جو بیٹا سول سروس کے تمام امیدواروں میں اول رہتا ہے وہ اس کھلاڑی کی طرح ہے جو اپنی ٹیم کیلئے گول کرتا ہے اس میں اس کی اپنی کامیابی اور شان بھی ہے اور اس کے کنبے کی عزت افزائی

گھریلو یا کنبہ داری نظام کے اندر زندگی کے رواں دواں اور جاری وساری رہنے کا نظریہ ایسا ہے کہ انسان کو اپنی بقا، اپنا دوام بھی ایک ٹھوس اور ظاہر چیز معلوم ہونے لگتا ہے ــــ دادا اپنے پوتوں کو بستہ بغل میں دبائے سکول جاتے دیکھتا ہے تو اُسے محسوس ہوتا ہے کہ وہ ایک بار پھر ایک بچّے کی زندگی بسر کر رہا ہے۔ اس پوتے کو پیار کرتے وقت اُسے محسوس ہوتا ہے کہ بچّے کا گوشت پوست اُس کا اپنا گوشت پوست ہے، بچے کا خون اس کا اپنا خون ہے۔ پوتے کی ہستی خاندان کے شجرے کا ایک حصّہ ہوتی ہے۔ وہ زندگی کے رواں دواں دھارے کا ایک قطرہ ہے اور زندگی کا یہ دھارا ہمیشہ جاری وساری رہتا ہے۔ اس لئے دادا کو اپنی زندگی کے اس تسلسل کے پیشِ نظر اپنی موت کا کوئی افسوس نہیں ہوتا۔ وہ وقت آنے پر بخوشی جان دیتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ چین میں ہر باپ کو سب سے بڑا خیال یہ ہوتا ہے کہ مرنے سے پیشتر اپنے لڑکے لڑکیوں کی مناسب شادیاں کر سکے۔ اس کے نزدیک بچوں کی شادی کا مسئلہ اپنی قبر کی جگہ کا انتخاب کرنے سے بھی زیادہ اہم ہوا کرتا ہے۔ جب تک وہ اپنی آنکھوں سے نہ دیکھ لے کہ اُس کے بیٹے اور بیٹیاں کیسی بیویوں اور کیسے شوہروں کے ساتھ زندگی بسر کریں گے اُسے اطمینان نصیب نہ ہوگا۔ اگر صورتِ حال تسلّی بخش ہوگی تو وہ اپنے بسترِ مرگ پر بے فکر ہو کر ہمیشہ کیلئے اپنی آنکھیں بند کر سکے گا۔

زندگی کے بارے میں اِس نظریّے کا نتیجہ ہے کہ ہر چیز کے بارے میں اِنسان کا تصوّر وسیع تر ہو جاتا ہے۔ اِس نظریّے کے ماتحت زندگی کو ایک اِنسان کی پیدائش اور اس کی موت کے ساتھ نہ آغاز ملتا ہے نہ اس کا انجام ہو جاتا ہے بلکہ زندگی ایک کے بعد دوسرے انسانی پیکروں کی صورت میں ہمیشہ قائم و باقی رہتی ہے۔

خاندان کے پرانے بزرگ، بہوئیں تلاش کرتے وقت اچھے خاندانوں کی لڑکیاں تلاش کرنے میں بڑی احتیاط برتتے ہیں یہ وہی احتیاط ہے جو ایک ہوشیار مالی ثمردار درخت کو اچھا پیوند لگانے میں برتتا ہے۔ کسی شخص کی زندگی کا بننا یا بگڑنا اُس عورت کے ہاتھ میں ہوتا ہے جس سے وہ شادی کرے، اور اس کے کنبے کا سارا ڈھانچا بھی اُسی عورت کے بل بوتے پر بنتا بگڑتا ہے ـــــ آپ کے پوتوں کی صحت اور اُن کی تربیت (جس پر بہت زور دیا جاتا ہے) کا سارا انحصار آپ کی بہو کی سلیقہ مندی اور سگھڑاپے پر ہے۔ بہو کے انتخاب میں احتیاط کی بدولت نسلِ انسانی کو بہتر بنانے کے بارے میں ایک قاعدہ، ایک نظام سا رائج ہو جاتا ہے۔ جس کی بنیاد وراثت اور خاندانی مزاج پر ہوتی ہے اور جس میں شرافت اور عالی نسبی کو اہم سمجھا جاتا ہے۔ ایک خاندان کے بڑے بوڑھے اور ماں باپ خاص طور پر یہ دیکھتے ہیں کہ اُنکی ہونے والی بہو صحت مند، خوبصورت اور سلیقہ مند ہے یا نہیں، اور انہی باتوں پر اُن کے انتخاب کا سارا دار و مدار ہوتا ہے ـــــ عام طور پر خاندانی تربیت کو بہت زیادہ اہمیت دی جاتی ہے اور کفایت شعاری، محنت، خوش مزاجی اور تمیزداری کو اس تربیت کی خاص چیزیں سمجھا جاتا ہے۔ بعض دفعہ جب کوئی لڑکا اپنی مرضی سے کسی بے تمیز اور پھوہڑ لڑکی سے شادی کرلے تو باپ اس لڑکی کے خاندان کو بُرا بھلا کہہ کر جی ٹھنڈا کرتا ہے کہ اُنہوں نے اپنی لڑکی کو اچھی تربیت نہ دی۔ گویا ماں اور باپ دونوں پر اپنی بیٹیوں کی تربیت کا بوجھ ہے تاکہ جب یہ لڑکیاں کسی اور کنبے میں بیاہی جائیں تو ماں باپ کی بدنامی کا باعث نہ بنیں۔ مثلاً اگر لڑکیاں پرائے گھر میں جاکر کھانا نہ پکا سکیں یا نوروز کے موقع پر عمدہ قسم کی کھیر تیار نہ کرسکیں تو ماں باپ کی تربیت کو بٹہ لگ جائے گا۔

اُس نے بڑے صبر سے سارے ظلم وستم برداشت کئے ہیں۔ میں نے اکثر دیکھا ہے کہ بیوہ مائیں اپنے بچوں کے کردار اور اخلاق کی بڑی کامیابی سے تربیت کرتی ہیں (اس کی وجہ غالباً، عورتوں کی فطری حقیقت پسندی ہے) اس کے پیشِ نظر میں نے کئی بار سوچا ہے کہ جہاں تک بچوں کی پرورش اور تربیت کا تعلق ہے، باپ کا وجود بالکل غیر ضروری ہے ـــ بیوہ کو جو مسرت اپنے بیٹے کے جوان ہونے پر ہوتی ہے وہ عام عورتوں کو نصیب نہیں ہوتی کیونکہ جو دکھ اور تکلیفیں بیوہ نے جھیلی ہیں وہ عام عورتیں نہیں جھیلتیں ـــ

تو مطلب یہ ہوا کہ کنبے کے نظام میں انسانی زندگی کا یہ مقام اور زندگی کی یہ ترتیب بڑی تسلی بخش ہے۔ گویا اس نظام میں ایک شخص کی زندگی کے تمام حیاتیاتی پہلو آسودہ ہوتے ہیں ـــ اور یہی وہ چیز ہے جو کنفیوشس بھی چاہتا تھا ـــ

ـــ اس لئے کنفیوشس نے مثالی حکومت کا جو خاکہ بنایا ہے وہ بھی سراپا حیاتیاتی ہے۔ وہ کہتا ہے "مثالی حکومت میں بوڑھے آدمیوں کو سکھ چین کی زندگی بسر کرنے کا موقع ہوگا، نوجوان سب سے محبت کرنا اور روفادار رہنا سیکھیں گے۔ گھروں کے اندر لڑکیاں کنواری نہیں بیٹھی رہیں گی، اور گھروں کے باہر کنوارے مرد نہیں ہوں گے"

یہ الفاظ ملک کے کسی ضمنی مسئلے کے بارے میں نہیں کہے گئے بلکہ یہ ایک حکومت کی آخری منزل..... ایک حکومت کے نصب العین کو واضح کرتے ہیں۔ یہ انسانیت پرستی کا فلسفہ ہے جسے چینی حکما نے "جبلتوں کی آسودگی" سے تعبیر کیا ہے کنفیوشس یہ چاہتا تھا کہ انسان کے سارے فطری تقاضے تسلی بخش طریقے پر پورے ہو جائیں کیونکہ ان تقاضوں کے پورا ہو جانے سے ہماری زندگی مطمئن ہو گی، اور مطمئن زندگی

گویا ٹیم کا سنٹر فارورڈ یا فل بیک اگر ختم بھی ہو جائیں تو بھی ٹیم کے دوسرے کھلاڑی کھیل جاری رکھتے ہیں۔ اس صورت میں کامیابی اور ناکامی کی بھی صورت بدل جاتی ہے اور زندگی کے بارے میں نصب العین یہ ٹھہرتا ہے کہ زندگی اس طرح بسر کرو کہ بڑوں کے نام کو بٹا نہ لگے اور اولاد ایسی پیدا کرو جس کی وجہ سے تمہیں شرمندہ نہ ہونا پڑے —— تقریباً ہر چینی عہدہ دار جب نوکری پوری کر چکتا ہے تو اس کے ذہن میں یہ فقرہ آتا ہے " اچھا ہوا کہ عہدے کا بوجھ سر سے اترا۔ اب زندگی آرام میں کٹے گی کیونکہ اپنے بہت سے بیٹے ہیں "

آدمی کی غالباً سب سے بڑی بدبختی یہ ہے کہ اس کے بیٹے نالائق نکلیں جو خاندان کی عزت و آبرو قائم نہ رکھ سکیں۔ یا کم سے کم خاندان کی دولت بھی قائم نہ رکھ سکیں۔ جواری بیٹے کا لکھ پتی باپ جانتا ہے کہ اس کی ساری دولت کیسے چٹکیوں میں اڑ جائے گی، وہ دولت جو اس نے خون پسینہ ایک کر کے ساری زندگی میں جمع کی ہے —— ایک بیٹا ناکام اور نکما نکلے تو خاندان کی تباہی قطعی اور یقینی ہو گی۔ اس کے برعکس اس بیوہ کا خیال کیجئے جس کا پانچ سالہ بچہ بڑا سعید اور ہونہار ہے۔ وہ اس بچے کے بل پر دنیا جہان کی مصیبتیں، برسوں کی مشکلیں اور دوسروں کے ظلم بھی برداشت کر لیتی ہے —— چینی تاریخ اور ادب ایسی دور اندیش بیوہ ماؤں کے تذکروں سے بھرپور ہے جنہوں نے سالہا سال ظلم اور مصیبتیں اس امید میں برداشت کیں کہ ایک دن ان کا بیٹا جوان ہو گا، لائق ہو گا اور دنیا میں بڑا آدمی بنے گا۔ ہمارے آپ کے سامنے کی مثال، نیشنلسٹ چین کے لیڈر، مارشل چیانگ کائی شیک کی ہے بچپن میں اس یتیم لڑکے اور اس کی بیوہ ماں کو اس کے ہمسایوں نے اتنا ستایا تھا کہ اس کی مثال ملنی مشکل ہے —— مگر بیوہ ماں کو اپنے بچے کی لیاقت پر بھروسہ تھا۔ اس لئے

کا کچھ پتا نہیں ہوتا۔ اُسے لکھ پتی بننے کا بھی خبط نہیں ہوتا لیکن بوڑھے آدمیوں کو یہ دونوں احساس کھائے رہتے ہیں ــــ بچہ زیادہ سے زیادہ یہ کرتا ہے کہ انعامی کوپن جمع کرلے اور وہ بھی اِس لیے کہ اُن سے ایک ننھی منی بندوق خرید سکے لیکن بوڑھے آدمی تو گورنمنٹ کے قرضوں کے تمسّک جمع کرتے ہیں ــــ لیکن کوپن جمع کرنے اور تمسّک جمع کرنے میں کوئی مقابلہ نہیں۔ دونوں کا لطف ہی الگ ہے۔ وجہ یہ ہے کہ بچہ بڈھوں کی طرح زندگی سے ڈرتا نہیں۔ اس کی ذاتی عادات ابھی پختہ نہیں ہوئی ہوتیں۔ وہ خاص قسم کے سگرٹ یا خاص مارکے کی کافی پینے کا غلام نہیں ہوتا چنانچہ جو کچھ ملنا ہے یا جو کچھ ملیش آتا ہے بچہ اُسے قبول کرتا ہے۔ اُس کے دل میں کوئی نسلی تعصّب نہیں ہوتا، اور مذہبی تعصّب سے تو بچّے کا دل بالکل پاک ہوا کرتا ہے ــــ بچّے کے خیالات اور اس کے تصوّرات کسی پٹی ہوئی لکیر کے فقیر نہیں بنے ہوتے۔ اِس لئے یہ عجیب بات بالکل درست ہے کہ بوڑھے آدمی، بچّوں سے بھی زیادہ مجبور اور دوسروں کے سہارے کے محتاج ہوتے ہیں کیونکہ ان کے اندیشے زیادہ واضح، زیادہ قطعی ہوتے ہیں اور ان کی خواہشات زیادہ وسیع ہوتی ہیں۔

چین میں ابتدائی زمانے ہی سے بڑھاپے کے ساتھ شفقت چلی آتی ہے اس جذبے کا مقابلہ مغربی اقوام کی اُس شفقت اور احترام کے ملے جلے جذبات کے ساتھ کیا جاسکتا ہے جو مغرب میں ہمیشہ سے عورتوں کے سلسلے میں موجود ہیں ــــ چین میں یہ شفقت اور یہ احترام، عورتوں اور بچّوں کے لئے کم کم اور بوڑھے لوگوں کے لئے زیادہ رہا ہے چنانچہ، یہی شفقت اور احترام، فلسفی مین سی اُس کے اِس مقولے میں دیکھئے کہ" ــــــــ "بوڑھے لوگ بوجھ اٹھا کر بازاروں میں چلتے نظر نہیں آنے چاہئیں" ــــ فلسفی مین سی اُس نے عمدہ حکومت کا نصب العین قرار

سے شانتی اور اخلاقی سکون پیدا ہوتا ہے جو امن و آشتی کی روح ہے کنفیوشس نے جو سیاسی نصب العین بتایا ہے اس کا مقصد یہ ہے کہ سیاسی ہنگامہ آرائی غیر ضروری بن جائے اور ساری دنیا میں ایسے پائدار امن و آشتی کا دور دورہ ہو جائے جس کی بنیاد انسان کے دلوں پر استوار کی گئی ہو!!

## ۵۔ پُر وقار بڑھاپا

میں سمجھتا ہوں چین میں کنبہ واری نظام ایسا ادارہ ہے جو بچے اور بوڑھے دونوں کے لئے اچھی طرح زندگی بسر کرنے کا ضامن بن جاتا ہے۔ بچپن، جوانی اور بڑھاپے کی صورتوں میں ہماری عمر گذرتی ہے لہٰذا یہ لازم ہوا کہ ایک کنبے میں بچے اور بوڑھے دونوں مطمئن زندگی بسر کر سکیں۔ بچے زیادہ بے دست وپا اور مجبور ہوتے ہیں اور خود اپنا خیال بھی نہیں رکھ سکتے۔ لیکن بوڑھوں کی بہ نسبت بچوں کو مادی آرام کی بہت کم ضرورت ہوتی ہے —— بچوں کو مادی مشکلوں کا عام طور پر احساس بھی نہیں ہوتا۔ ایک غریب بچہ بھی اتنی ہی پُر مسرت زندگی بسر کرتا ہے جتنی ایک امیر خاندان کے چشم و چراغ کی زندگی خوشیوں سے بھرپور ہوتی ہے —— ممکن ہے غریب بچے کی زندگی اس سے زیادہ پُر مسرت ہو۔ غریب بچہ ننگے پاؤں رہے گا مگر یہ اس کے لئے آرام کا باعث ہوگا۔ لیکن بوڑھے آدمی کے لئے ننگے پاؤں چلنا پھرنا بڑی تکلیف دہ بات ہوا کرتی ہے۔ بچے کو مادی تکلیفوں کا احساس اس لئے نہیں ہوتا کہ اس میں نیا خون اور نئی قوت ہوتی ہے۔ بچے کے سارے غم عارضی ہوتے ہیں اور وہ بہت جلد انہیں بھول بھی جاتا ہے۔ اُسے روپے پیسے

شریف زادے کے لئے سب سے زیادہ تاسف کی بات یہ ہوتی تھی کہ وہ بوڑھے ماں باپ کی خدمت نہیں کر سکا اور ان کے بستر مرگ پر انہیں دوا اور تحفہ نہیں پلا سکا یا جس وقت انہوں نے دم دیا تو وہ آخری دیدار کے لئے حاضر نہیں تھا۔ پچاس پچپن کے پیٹے کے کسی افسر کے لئے یہ بہت بڑا اخلاقی گناہ شمار کیا جاتا تھا کہ وہ اپنے بوڑھے ماں باپ کو گاؤں سے بلا کر اپنے پاس نہیں رکھ سکا۔ اور خود ہر رات انہیں شب بخیر اور ہر صبح انہیں صبح بخیر نہیں کہہ سکا۔ اس اخلاقی کوتاہی کو کوئی معاف نہیں کرتا تھا۔ اور جو شخص اس کا مرتکب ہوتا اسے اپنے دوستوں اور اپنے ساتھی افسروں کے سامنے ہمیشہ طرح طرح کی جواب دہی کرنی پڑتی تھی۔ اس تاسف کا اظہار ایک شخص نے دو سطروں میں کیا ہے۔ وہ نوکری سے واپس گھر آیا تو اس کے ماں باپ مر چکے تھے ——— وہ کہتا ہے:

پیڑ کہتے ہیں کہ آرام کریں
تند جھونکے نہیں دیتے تسکین
بیٹا کہتا ہے کہ خدمت کر لوں
بوڑھے ماں باپ مگر زندہ نہیں

اگر کسی کو اپنی زندگی اس طرح بسر کرنی ہے جس طرح ایک نظم ہوتی ہے تو اسے اپنی زندگی کے غروب کے لمحات کو سب سے زیادہ خوشگوار اور پر مسرت زمانہ سمجھنا پڑے گا۔ اور بڑھاپے کو ملتوی کرتے رہنے کی کوشش کے بجائے وہ ان زریں لمحات کے انتظار میں چشم براہ رہے گا اور زندگی کے ان بہترین اور مسرت سے بھرپور دنوں کے لئے وہ رفتہ رفتہ اپنے آپ کو اور اپنی زندگی کو تیار کرتا رہے گا۔ میں نے مشرقی زندگی اور مغربی زندگی کا مقابلہ کرنے اور ان میں ایک دوسرے کے خلاف اور موافق باتیں ڈھونڈنے کے سلسلے میں جو کچھ کوشش کی ہے، اس سے مجھے یہ معلوم ہوتا ہے کہ عمر کے بارے میں مشرق و مغرب کے رویے میں بڑا واضح اور قطعی

دیا اور اُس نے دُنیا کے سخت مجبور اور بے سہارا لوگوں کے چار طبقے بنائے : بیوہ عورتیں، رنڈوے مرد، یتیم بچے اور لاولد بوڑھے لوگ۔" اُس نے یہ بھی قرار دیا کہ ان طبقوں میں پہلے دو طبقوں یعنی بیوہ عورتوں اور رنڈوے مردوں کا انتظام تو ملک کے اقتصادی نظام کو کرنا چاہئے۔ جو ایسا بندوبست کرے کہ ملک میں غیر شادی شدہ مرد عورتیں سرے سے باقی نہ رہیں ـــ باقی رہے یتیم، تو ان کے بارے میں مین سی اُس نے کچھ نہیں بتایا۔

اگرچہ چین میں ہمیشہ سے یتیم خانے اور بوڑھے لوگوں کے لئے قیام گاہیں قائم رہی ہیں پھر بھی ہر شخص جانتا ہے کہ یتیم خانے اور بوڑھے لوگوں کے لئے قیام گاہیں، گھر کا نعم البدل ثابت نہیں ہوسکتیں ـــ لوگوں کا خیال یہ ہے کہ گھر ہی کی فضا بچوں اور بوڑھوں کی ضروریات کے تسلی بخش انتظام کی ضامن ہوسکتی ہے ـــ میں سمجھتا ہوں جہاں تک بچوں کا تعلق ہے ان کے بارے میں زیادہ کہنے سننے کی ضرورت نہیں کیونکہ ایک چینی مثل کے مصداق "پانی نشیب میں مرتا ہے" بچوں کے لئے والدین کی شفقت اور محبت تو بالکل فطری اور مصدقہ چیز ہے ـــ ہاں اصل مسئلہ بوڑھے لوگوں کا ہے۔ بوڑھے ماں باپ اور دوسرے بوڑھے بزرگوں سے پیار کرنا اور ان کے ساتھ شفقت برتنا ایسی چیز ہے جو ہمیں تہذیب اور ثقافت ہی سکھا سکتی ہے (حیوانوں اور وحشی انسانوں میں بڑھاپا قدر کی نگاہ سے نہیں دیکھا جاتا بلکہ گلے یا قبیلے کے بوڑھے افراد کو بار سمجھ کر مارنا بہتر سمجھا جاتا ہے) گویا جو شخص فطرت سے باغی نہیں وہ اپنے بچوں کو تو پیار کرے گا ہی لیکن اپنے ماں باپ سے دل لگاؤ صرف تہذیب یافتہ آدمی کو پیدا کرنا ہے۔ خیر زمانے کے گزرنے کے ساتھ ساتھ چین میں بوڑھے لوگوں کا احترام اور اُن کی محبت ایک مسلمہ اصول بن گیا اور بعض چینی ادیبوں کی تحریروں سے تو پتا چلتا ہے کہ بوڑھے ماں باپ کی خدمت کا لوگوں کو جنون تک ہو گیا۔ ایک چینی

رویہ ایکا ایکی بدل جائے گا۔ وہ احترام اور انکسار کے مارے اپنی آواز میں نرمی اور ملائمت پیدا کرے گا۔ اِسی لئے میں کہتا ہوں کہ دنیا بھر کے بڈھے لوگوں کو اپنا بڑھاپا چین میں بسر کرنا چاہئے کیونکہ چین میں بڈھے گداگر تک کے ساتھ بھی بڑی نرمی اور رحم دلی کا برتاؤ کیا جاتا ہے۔ چین میں ادھیڑ عمر کے لوگ واقعی اُس دن کے لئے ہمہ تن انتظار رہتے ہیں جب وہ بڑی دھوم سے اپنی پچاسویں سالگرہ منا سکیں گے۔ اگرچہ امیر سوداگر یا بڑے افسر تو اپنی اکیالیسویں سالگرہ بھی بڑے اہتمام سے منا لیتے ہیں پھر بھی آدھی صدی کا نشان یا پچاس برس کا ہو کر اپنی سالگرہ منانا تو ایسی چیز ہے کہ ہر طبقے کے لوگ اِس "بزرگی" کا جشن مناتے ہیں۔ دس برس بعد اکسٹھویں سالگرہ آتی ہے جو اکاونویں سالگرہ سے کہیں زیادہ خوشی کا موقع ہوتی ہے۔ پھر دس برس بعد اکہترویں سالگرہ کا دن آتا ہے جو پہلے سے زیادہ شان کا جشن ہوتا ہے۔ حتّٰے کہ جو شخص اپنی اکیاسویں سالگرہ بھی منا سکے اُس پر تو آسمانی رحمتوں کا سایہ سمجھا جاتا ہے۔ ڈاڑھی بڑھانا اُن لوگوں کا خاص حق سمجھا جاتا ہے جو یا تو دادا یا نانا بن چکے ہوں اور یا ان کی عمر پچاس سے تجاوز کر چکی ہو۔ جو شخص چین میں ان خاص شرائط کے بغیر ڈاڑھی بڑھاتا ہے اس کی پیٹھ پیچھے اس کا مذاق اڑایا جاتا ہے۔ بزرگی کی اس عزت کا نتیجہ یہ ہے کہ نوجوان لوگ بزرگوں کی چال ڈھال، رکھ رکھاؤ اور اندازِ نظر کی نقل اتار کر یہ ثابت کر دکھانے کی کوشش کرتے ہیں کہ وہ پختہ عمر ہیں۔ میں چین کے کئی نوجوان ادیبوں کی مثال دے سکتا ہوں جن کی عمر ۲۵ برس سے زیادہ نہیں۔ مگر وہ چینی رسالوں میں اس بارے میں مضامین لکھتے ہیں کہ نوجوانوں کو کیا کتابیں پڑھنی چاہئیں اور کون کون سی کتابیں بالکل نہیں پڑھنی چاہئیں۔ یہی (نوجوان) ادیب بڑے بزرگانہ اور مشفقانہ لہجے میں "نوجوانوں" کو یہ مشورے دیتے نظر آتے ہیں کہ جوانی دیوانی ہوتی ہے، لہٰذا جوانی کی

فرق ملکہ اختلاف موجود ہے۔ باقی سارے اختلافات اتنے واضح اور قطعی نہیں مثلاً جنسی معاملات، عورت، کا نام تفریح، کارکردگی وغیرہ کے بارے میں مشرق و مغرب کے خیالات میں اختلاف ضرور ہے۔ مگر یہ اختلاف اضافی حیثیت رکھتا ہے، بنیادی اور قطعی نہیں ـــــ چین میں عورت اور مرد کے تعلقات میاں بی بی کی حیثیت میں ہوتے ہیں وہ مغرب سے بنیادی طور پر مختلف نہیں۔ یہی حال ماں باپ اور بچوں کے تعلقات کا ہے۔ میں تو یہ بھی کہوں گا کہ انفرادی آزادی اور جمہوریت کے بارے میں مشرقیوں کے تصوّرات اور حاکم و محکوم کے تعلقات بھی مغربیوں کے تصوّرات سے بہت زیادہ مختلف نہیں ہیں۔ لیکن جہاں تک عمر کے بارے میں انسانی رویّے کا تعلق ہے مشرق اور مغرب کا اختلاف قطعی ہے اور اس بارے میں دونوں کے تصوّرات اور نظریات ایک دوسرے سے بہت مختلف ہیں۔ اس کا اظہار اس وقت ہوتا ہے جب کسی سے اس کی یا کسی کی عمر پوچھنی پڑے یا خود اپنی عمر بتانی ہو۔ چین میں اگر کوئی شخص رسمی طور پر کسی سے ملنے جائے تو وہ اس کا نام اور لقب پوچھنے کے بعد پہلا سوال یہی کرے گا "آپ کا سن شریف کیا ہوگا؟" اگر دوسرا شخص کچھ مؤدبانہ کچھ عذرخواہی کے لہجے میں جواب دے "جناب میں تئیس برس کا ہوں" یا "میری عمر اٹھائیس سال کی ہے" تو دوسرا شخص اس کی ہمت بندھائے گا۔ کہے گا "ماشاء اللہ! آپ کا مستقبل تو بڑا شاندار معلوم ہوتا ہے اور پھر خدا کرے آپ کی عمر دراز ہو!" ـــــ اگر جواب یہ ہو کہ میری عمر ۳۵ سال یا ۳۸ سال کی ہے تو ملاقاتی بڑے احترام سے کہے گا "سبحان اللہ! خدا مبارک کرے" ـــــ گویا اگر عمر زیادہ سے زیادہ بتائی جا سکتی ہو تو دوسرے کا جذبۂ شوق و احترام بڑھتا جائے گا۔ اور اگر کوئی خوش نصیبی سے صاحب خانہ سے یہ کہہ سکے کہ میں پچاس یا پچپن کے پیٹے میں ہوں تو ملاقاتی کا سارا

مغربی زندگی سے میری واقفیت کافی پرانی ہے۔ مغرب میں بڑھاپے کے بارے میں جو نظریہ اور رویّہ ہے وہ بھی میرے لئے نیا نہیں۔ پھر بھی جب بالکل غیر متوقع طور پر اس رویّے کا سامنا ہو جائے تو مجھے بڑا صدمہ ہوتا ہے کیونکہ اس کی مثالیں مغربی زندگی میں قدم قدم پر ملتی ہیں۔ ایک بڑی بی تھیں جن کے بہت سے پوتے پوتیاں تھیں۔ عمر کا ذکر آیا تو کہنے لگیں "اب تو خیر کیا، مگر پہلے پوتے کی پیدائش پر مجھے بہت تکلیف ہوئی تھی" (یعنی اسی کی پیدائش سے مجھے اپنے بڑھاپے کا یقین ہوا تھا!) یہ مانا کہ امریکی لوگ اپنے آپ کو بوڑھا ظاہر کرنا اچھا نہیں سمجھتے۔ پھر بھی اس احساس کا یہ اظہار ایسی چیز ہے جس کی کم سے کم مجھے تو امید نہ تھی ـــــ ادھیڑ عمر کے لوگوں کو تو یہ خواہش قدرتی طور پر ہوتی ہے کہ انہیں جوان اور مستعد سمجھا جائے۔ مگر کسی بوڑھی خاتون سے یہ توقع نہیں ہونی چاہیئے کہ عمر کا ذکر آتے ہی وہ بدک اٹھے اور بات بدل کر موسم کی بات کرنے لگے۔ حالانکہ عمر کا تذکرہ کچھ میری "بدتمیزی" سے نہیں شروع ہوا تھا بلکہ یونہی باتوں باتوں بات نکل آئی تھی ـــــ مغربی فضا میں میں یہ اکثر بھول جاتا ہوں اور بالکل غیر شعوری طور پر کسی بزرگ شخص کو گاڑی میں یا کسی لفٹ میں پہلے داخل ہونے کے لئے راستہ دیتا ہوں۔ پھر یکایک یہ یاد آتا ہے کہ لوگ یہاں اس بات کا برا مانتے ہیں ـــــ ایک دفعہ اپنی اسی مشرقی عادت کے طفیل میں نے ایک نہایت معزز بزرگ کو گاڑی میں اپنی جگہ دی تو وہ کہن سال بزرگ مڑ کر اپنی بوڑھی بیوی سے کہنے لگے "ذرا دیکھنا، یہ نوجوان سمجھتا ہے کہ وہ عمر میں مجھ سے بڑی کم ہے۔"

بڑھاپے کے بارے میں مغرب کا یہ رویّہ انتہائی نامعقول ہے۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ آخر اس کی تُک کیا ہے۔ اگر نوجوان، یا ادھیڑ عمر کی عورتیں جن کی شادی نہ ہوئی ہو اپنی عمر ٹھیک ٹھیک بتانے سے گریز کریں تو بات سمجھ میں بھی آتی ہے کیونکہ شادی کے

لغزشوں سے خبردار رہنا چاہیئے۔

چین میں کہن سالی اور بڑھاپے کے جو فوائد ہیں اُن کے پیشِ نظر بوڑھا ہونے کی خواہش عجیب معلوم نہیں ہوتی۔ نہ یہ بات ہی عجیب معلوم ہوتی ہے کہ ہر شخص بوڑھا ہو جانے یا کم سے کم "بزرگ" نظر آنے کا اتنا خواہشمند کیوں ہے۔ بڑھاپے کے حقوق اور فوائد ہی ایسے ہیں سب سے پہلی بات تو یہ ہے کہ چین میں بات کرنا کہن سال بزرگوں کا حق ہے اور کم عمروں کا یہ فرض ہے کہ وہ چپ چاپ ان بزرگانہ باتوں کو سنتے رہیں۔ چین کی مشہور مثل ہے کہ "نوجوانوں کے کان ہونے چاہییں، زبان نہیں"۔ اس بزرگی اور خوردی کا رکھ رکھاؤ یہ ہے کہ اگر ۳۰ برس کا شخص بات کر رہا ہو تو ۲۰ سالہ نوجوان کو چپ چاپ اس کی بات سننی چاہیئے۔ اسی طرح اگر ۴۰ برس کا آدمی بات کرتا ہو تو ۳۰ سالہ برخوردار کو اس کی بات چپ چاپ سنتے رہنا چاہیئے۔ خود بات کرنا اور اپنی بات سنوانا، ایک عالمگیر خواہش ہے لہٰذا پختہ عمری کے ساتھ ساتھ یہ مواقع زیادہ ہوتے جاتے ہیں کہ آپ جس محفل میں جائیں، لوگ احترام سے آپ کی باتیں سنتے رہیں ——— زندگی کا یہ ایک ایسا کھیل ہے جس میں زندگی کسی ایک شخص کے ساتھ خاص رورعایت نہیں کرتی کیونکہ ہر شخص وقت آنے پر بوڑھا اور بزرگ ہو جاتا ہے۔ اس صورت میں اگر ایک باپ اپنے بیٹے کو کسی بات پر لیکچر دے رہا ہو اور وہیں دادا میاں آنکلیں تو باپ فوراً چپ ہو جائیگا اور اُس کا سارا انداز ہی بدل جائے گا کیونکہ بات کرنے کا حق اب دادا کا ہے باپ اور بیٹا اب صرف بات سننے کے اہل ہیں ——— اور میری نظر میں عمر اور بزرگی کا یہ احترام ٹھیک بھی ہے کیونکہ ایک بزرگ کے وسیع تجربے کے سامنے ایک ناپختہ نوجوان کو بولنے کا کیا حق ہے؟

امریکی لوگ مصروفیت، مستعدی اور کاروباری کامیابی کو کچھ کچھ تحقیر کی نظر سے دیکھنے لگیں۔ عام امریکی باپ جب دفتر کے بجائے گھر کو مثالی جگہ سمجھنے لگے گا اور چینی باپ کی طرح فخر سے یہ کہہ سکے گا کہ اب میرا بیٹا دفتر میں میری جگہ کام کر سکتا ہے اور اپنے ساتھ میرا بھی پیٹ پال سکتا ہے تو وہ واقعی اُس دن کا انتظار کرے گا جب وہ بوڑھا ہو جائے اور جوان بیٹا اُس کا کام سنبھال لے۔

امریکہ میں تندرست اور توانا بوڑھوں کی زبان سے میں نے یہ سنا ہے کہ ابھی تو میں "جوان" ہوں! یہ شاید زبان کی بدبختی ہے کہ جوان سے اُن کی مراد "صحت مند" ہوتی ہے۔ سچ پوچھئے تو انسان کی سب سے بڑی خوش نصیبی یہ ہے کہ بڑھاپے میں بھی صحت مند ہو گویا "کہن سالی اور صحت مندی" بیش بہا چیزیں ہیں۔ اب اسے "جوانی اور صحت مندی" سے تعبیر کرنا کتنی بڑی زیادتی ہے، ایک کامل چیز میں کئی عیب اور خامیاں اور خامکاریاں پیدا کر دینا کتنی زبردستی ہے۔ اس دنیا میں ایسے صحت مند، دانا بڈھے سے بڑھ کر کوئی چیز دلکش نہیں جو "بھرے بھرے چہرے اور سفید بالوں کے ساتھ" زندگی کے بارے میں پورے یقین اور پوری دانش کے ساتھ بات کر سکتا ہو۔ چین میں یہ تصوّر بڑا عام ہے۔ اس لئے چینی لوگوں کے نزدیک زمینی خوشیوں کی زندہ علامت ایسا بوڑھا آدمی ہے "جس کا چہرہ صحت مندی کی تصویر ہو اور جس کے بال برف کی طرح سفید ہوں۔" آپ میں سے بعض حضرات نے درازیٔ عمر کے چینی دیوتا کی تصویر دیکھی ہو گی جو اونچے ماتھے، سُرخ و سفید چہرے لمبی سفید ڈاڑھی اور اپنے تبسّم کے ساتھ کتنا دلکش نظر آتا ہے۔ یہ تصویر حسن و دانائی کی ہے ــــ دیوتا اپنی انگلیاں لمبی ڈاڑھی پر پھیرتا ہے، دلی طمانیت اور قناعت کے ساتھ تبسّم افشاں ہے، وقار اور متانت کا مجسمہ ہے کیونکہ ہر کوئی اس کا احترام

سلسلے میں جوانی کو ترجیح دی جاتی ہے چینی لڑکیاں بھی اگر بائیس برس کی ہو جائیں اور بیاہی ہوئی نہ ہوں یا ان کی منگنی تک نہ ہوئی ہو تو خوف زدہ ہو جاتی ہیں کیونکہ مہینے اور سال چپ چاپ گزرتے رہتے ہیں، کسی کی بپتا اور مجبوری پر رحم نہیں کھاتے اور ان لڑکیوں کے دل میں قدرتی طور پر یہ خیال پیدا ہوتا ہے کہ اب زمانے نے ہمیں پیچھے چھوڑ دیا۔ اسی لئے مثل مشہور ہے کہ عورت کی زندگی کا طویل ترین سال انتیسواں سال ہے کیونکہ ہر عورت تیس سال کی عمر سے ڈرتی ہے اور کئی برس تک لوگوں کے لئے انتیس سال کی ہی رہتی ہے مگر اس کے باوجود لوگوں کو اپنی صحیح عمر نہ بتانا اور اس بات سے ڈرنا کہ کہیں لوگوں کو میری ٹھیک عمر کا پتا نہ چل جائے، بالکل نامعقول بات ہے — اگر آپ کو پختہ عمر نہیں سمجھا جائے گا تو آپ کو دانشمند اور دانا کوئی کس طرح سمجھے گا؟ اور پھر بھلا نوجوان لوگوں کو زندگی اور شادی اور زندگی کی سچی اقدار کے بارے میں بتا ہی کیا ہے؟

مگر مغربی زندگی کا نہج یہ ہے کہ جوانی کو ہر حال میں ترجیح دی جاتی ہے۔ یہی ترجیح عورتوں اور مردوں کو اپنی صحیح عمر بتانے سے روکتی ہے۔ اسی کا یہ کرشمہ ہے کہ ۴۵ برس کی ایک خاتون سکرٹری جو بڑی مستعد اور کارکن مانی جاتی ہے اپنی صحیح عمر کے انکشاف کے بعد فوراً نکمی سمجھی جانے لگتی ہے۔ اس الٹی منطق کی وجہ سے اگر یہ بے چاری اپنی صحیح عمر چھپائے رکھنا چاہے تو تعجب کی بات نہیں کیونکہ اس بے چاری کو اپنی نوکری قائم رکھنی ہے۔ میرے خیال میں زندگی کا یہ نہج اور جوانی کی یہ ترجیح دونوں باتیں نامعقول ہیں میرے نزدیک اس کا کچھ حاصل نہیں۔ مگر یہ سب کچھ کاروباری زندگی کی برکت ہے کیونکہ دفتر کی بہ نسبت گھر میں بوڑھے آدمیوں کی زیادہ عزت کرنی ممکن ہے۔ اس کا علاج یہی ہے کہ

اور خود مختاری کا جنون انہیں اپنے بچوں کے سہارے بڑھاپے کے دن کاٹنے نہیں
دیتا۔ امریکی عوام نے اپنے ملکی آئین کی رو سے انسان کو بہت سے حقوق دے
رکھے ہیں مگر اس آئین میں یہ بات کہیں نظر نہیں آتی کہ بوڑھے ماں باپ کو اپنے بچوں
کی دی ہوئی روٹی کھانے کا بھی حق ہے ـــ یہ صحیح معنی میں ایک واضح حق ہے
ایک ایسی ذمہ داری ہے جو خدمت سے پیدا ہوتی ہے ـــ اس سے کون انکار
کر سکتا ہے کہ بچے چھوٹے تھے تو جوان والدین نے خون پسینہ ایک کر کے انکی پرورش
کی۔ جب وہ بیمار رہتے تو والدین نے اپنی راتوں کی نیند حرام کی ـــ ان کا گو موت دھویا
لگ بھگ پچیس برس خرچ کر کے ان بچوں کو جوان کیا اور انہیں زندگی کی کشمکش کیلئے تیار کیا۔ اب
والدین بوڑھے ہو گئے تو پھر کیا ان بوڑھے والدین کو یہ حق حاصل نہیں کہ ان کے بچے ان کی کفالت کریں؟
ان سے پیار کریں، ان کا احترام کریں، گھریلو زندگی کے اس نظام میں جہاں بچپنے میں آپ کی نگہداشت دوسرے کرتے
ہیں اور پھر آپ اپنی باری آنے پر اپنے بچوں کی نگہداشت اور پرورش کرتے
ہیں، کیا اپنے اس زعم خودی، اس جھوٹے غرور، اس انفرادیت پرستی کو بھولنا
روا نہیں اور اپنے بچوں سے خدمت لینا جائز نہیں؟

چینی قوم میں فرد کی خود مختاری کا احساس بالکل نہیں ہے کیونکہ زندگی
کا سارا نظام گھر کی چار دیواری میں ایک دوسرے کا ہاتھ بٹانے پر ہی استوار ہے۔
لہٰذا چین میں بوڑھے ماں باپ کے لئے یہ شرم کی بات نہیں کہ ان کے جوان بچے
ان کی کفالت کریں۔ بلکہ یہ عین خوش نصیبی سمجھی جاتی ہے کہ آپ کے بڑھاپے میں
آپ کے بچے جوان ہو جائیں جو آپ کا سہارا بن سکیں۔ چین میں زندگی کا مقصد اولیٰ
منتہا یہی ہے!

مغربی زندگی میں کہن سال لوگ اپنے آپ کو مٹانے کی کوشش کرتے ہیں۔

کرتا ہے اُس کے چہرے سے خود اعتمادی ہویدا ہے۔ کیونکہ کوئی شخص اُس کی دانائی میں شک نہیں کر سکتا۔ رحم اس کی آنکھوں سے ٹپکتا ہے کیونکہ اس نے انسان کے اَن گنت غموں کو دیکھا ہے۔

مگر لمبی سفید داڑھیوں والے شاندار بڈھے امریکہ میں نہیں ملتے۔ غالباً ایسے بزرگ موجود ضرور ہیں مگر وہ کسی سازش کے ماتحت اپنے آپ کو زمانے کی نظروں سے پوشیدہ رکھتے ہیں۔ بس ایک دفعہ نیو جرسی کے شہر میں میں نے ایک بڈھا دیکھا تھا۔ جس کی کچھ عمدہ داڑھی تھی۔ ورنہ سب صفا چٹ نظر آتے ہیں ــــ شاید یہ سیفٹی ریزر کا کرشمہ ہے کہ سفید داڑھی کہیں نظر نہیں آتی۔ حالانکہ یہ بھی ویسا ہی احمقانہ اور کوتہ اندیشانہ فعل ہے جس طرح چینی کسانوں نے شمالی چین کی ساری پہاڑیاں درخت اور جنگل کاٹ کاٹ کے چٹیل بنا ڈالی ہیں اور اب شمالی چین کے علاقے خوبصورت جنگلوں سے اسی طرح محروم ہیں جس طرح بڈھے امریکیوں کی ٹھوڑیاں سیفٹی ریزر کی بدولت خوبصورت سفید داڑھیوں سے محروم ہیں ــــ اب امریکہ کے شاندار بڈھے افسانہ بن چکے ہیں۔ چچا سام اپنی بکری داڑھی سمیت کہیں نظر نہیں آتا کیونکہ اُس نے سیفٹی ریزر لے کے یہ داڑھی مونڈ ڈالی ہے تاکہ صاف اور بنجر داڑھی کی وجہ سے "احمق نوجوان" نظر آسکے۔ اس کی ٹھوڑی اندر کی طرف جھکی ہوئی نہ رہے بلکہ باہر کو نکلی نظر آئے اور موٹے شیشوں کے چشمے کے پیچھے اس کی آنکھوں میں وحشیانہ چمک جھلکتی رہے۔ ایک شاندار بڈھے کے مقابلے میں یہ نقشہ کتنا حقیر ہے۔

یہ حقیقت ہے کہ امریکہ میں جو کم سال لوگ بڑے مصروف رہنا چاہتے ہیں وہ محض انفرادیت پسندی کی ایک احمقانہ نمائش ہے اور بس۔ ان کا غرور

جب اولاد بڑی ہو کر خود والدین بن جاتی ہے ــــ چنانچہ جب ماں باپ بوڑھے اور معذور ہو جائیں تو کیا ان کا یہ حق نہیں کہ ان کی اولاد انہیں ان کے مرغوب کھانے کھلائے اور اُن کے آرام آسائش کا بہر نوع خیال رکھے؟ ماں باپ کی خدمت کرنے والے بیٹے کے فرائض کافی سخت ہوتے ہیں لیکن ان خدمتوں کا مقابلہ ایک ہسپتال کے مریض کی خدمت سے کرنا، ماں باپ کے مقدس رتبے کی توہین کرنا ہے۔

تاعوسی شیہ نے اپنے ایک مقالے میں بتایا ہے کہ گھر میں "خورد" کے فرائض کیا کیا ہیں۔ پرانے مدرسوں میں اخلاقیات کی کتابوں میں یہ مقالہ ہر جگہ شاملِ نصاب ہے ــــ وہ کہتا ہے:

"گرمی کے دن ہوں تو بیٹوں کو چاہیئے کہ ماں باپ کو پنکھا جھلیں اور کھٹملوں، مچھروں اور گرمی کو ان کے نزدیک نہ آنے دیں۔ سردیوں میں ان کا فرض یہ ہے کہ ماں باپ کے بستروں کے گدّے اور توشک خوب گرم رکھیں، آتشدان میں آگ جلتی رہے اور وہ خود اس کمرے میں کھڑا رہ کر یہ اندازہ کریں کہ آگ اور گرمی ٹھیک درجے کی رہتی ہے۔ اولاد کو یہ بھی خیال رکھنا چاہیئے کہ ماں باپ کے کمروں کے دروازے اور کھڑکیاں ٹھیک ہیں یا نہیں۔ ان میں کوئی درز یا کوئی سوراخ تو نہیں جس سے ٹھنڈی ہوا اندر آتی ہو؟ گویا اولاد کا یہ فرض ہے کہ ماں باپ کو ہر موسم میں آرام ملے اور وہ خوش و خرّم رہیں۔

دس یا دس برس سے زیادہ عمر کے بچّے کو چاہیئے کہ صبح ماں باپ کے جاگنے سے پہلے بیدار ہو جائے اور ضروری حوائج سے فارغ ہو کر ماں باپ کے پاس جا کر پوچھے کہ آپ کی رات تو آرام سے گزری؟ اگر

ایسے کہن سال بچارے سماج کی دلچسپیوں سے دُور، کسی گمنام ہوٹل میں زندگی کے باقیماندہ دن گزارتے ہیں، تاکہ وہ اپنے بال بچوں کی گھریلو زندگی میں دخل انداز نہ ہوں۔ اُن کی یہ خواہش از حد بے غرضی پر مبنی ہوتی ہے۔ مگر میں کہتا ہوں کہ بزرگوں کو اِس مداخلت کا پورا پورا حق حاصل ہے۔ یہ مداخلت ناخوشگوار ہو سکتی ہے لیکن یہ یاد رکھئے کہ زندگی مجموعی طور پر اور خاص طور پر گھریلو زندگی، نظم و ضبط کا نام ہے اور روک ٹوک ہی ضبط پیدا کر سکتی ہے۔ بچے چھوٹے ہوں تو ماں باپ ان کے ہر کام، ہر بات میں اُن کے بھلے کو دخل دیا ہی کرتے ہیں —— اور بعض لوگوں کا یہ خیال بالکل غلط ہے کہ ماں باپ کو چھوٹے بچوں کے بھی کسی کام، کسی سرگرمی میں کوئی مداخلت نہیں کرنی چاہئے۔ میں پوچھتا ہوں اگر آپ اپنے بڈھے اور معذور ماں باپ کا وجود اپنے گھر میں برداشت نہیں کر سکتے تو پھر کس کی موجودگی برداشت کریں گے؟ —— ہر شخص کے لئے ضبطِ نفس پیدا کرنا لابدی ہے۔ ورنہ خود شادی بھی نہایت ناکام ثابت ہوتی ہے اور پھر یہ بات بھی سوچنے کے قابل ہے کہ اولاد کی محبت بھری خدمت اور ذاتی احترام اور بے لوثی کا اُن بیروں کی خدمت سے کیا مقابلہ ہے جو وہ ہوٹل میں رہنے والے ایک ضعیف جوڑے کے لئے کرتے ہیں؟

چین میں اس بات پر ہمیشہ زور دیا جاتا ہے کہ اولاد کو بڈھے ماں باپ کی خدمت خود کرنی چاہئے۔ اِس خدمت کا جواز چینیوں کے نزدیک یہ ہے کہ دوستوں کے احسانات تو گنے جا سکتے ہیں مگر ماں باپ اولاد پر جو احسانات کرتے ہیں ان کا شمار ممکن نہیں۔ اولاد کی سعادت مندی کے بارے میں چینی زبان میں جو کچھ لکھا گیا ہے اس میں بار بار یہ کہا گیا ہے کہ والدین بچوں کے پوتڑے تک اپنے ہاتھ سے صاف کرتے ہیں۔ اِس معمولی سی بات کی اہمیت اس وقت سمجھ میں آتی ہے

دُور سے ڈرتے رہیں گے اور یہ کہنا شاید ضروری نہیں کہ وقت کے ساتھ لڑ کر کون جیت سکا ہے؟ وقت کی گردش آخر میں ہر ایک کو مات دے کر چھوڑتی ہے بڑھاپے کی آمد اور بوڑھا ہو جانے کو کوئی طاقت روک نہیں سکتی۔ زیادہ سے زیادہ ہم اپنے کو یہ دھوکا دے سکتے ہیں کہ ہم اپنے آپ کو بوڑھا تسلیم نہ کریں۔ مگر قدرت کے ساتھ لڑنا بیکار ہے۔ اس لئے اگر بڑھاپا مقدر رہی ہے تو پھر پُروقار طریقے سے اور نفاست سے بوڑھا ہونا بہتر ہے ــــ زندگی کے طویل نغمے کو سکون اور طمانیت، مادی آرام اور روحانی تسکین کی معراج پر پہنچکر ختم ہونا چاہئے۔ یہ نہیں کہ اِس نغمے کا اختتام، شور وشین اور بے سُری آوازوں پر ہو!!٭

ماں باپ بیدار ہو چکے ہوں تو بچے کو چاہیئے کہ پہلے انہیں نہایت ادب سے سلام کرے اور پھر اُن کی طبیعت کا حال پوچھے اور پھر سلام کر کے چلا آئے۔ رات کو اس بچے کا فرض ہے کہ پہلے ماں باپ کے بستر بچھائے اور جب تک وہ سو نہ جائیں ان کے پاس رہے پھر جب وہ سو جائیں تو کمرے کے پردے چھوڑ کر خود چلا آئے۔"

آپ ہی انصاف فرمائیں۔ ان حالات میں چین میں کون نہیں چاہتا ہوگا کہ بوڑھا ہو جائے یا بوڑھا باپ یا دادا بن جائے؟

ادھر کچھ عرصے سے چین میں کچھ ترقی پسند قسم کے ادیب پیدا ہوئے ہیں جو اس قسم کے اخلاقی ضابطوں کو "جاگیرداری کے چونچلے" کہہ کر ان کا مذاق اڑاتے ہیں — مگر ان چیزوں میں کچھ ایسی دلکشی اور پائیداری سی ہے کہ پرانے لوگ، نئے زمانے کے چین سے مایوس ہوتے جا رہے ہیں — تاہم اصل بات یہ ہے کہ ہر شخص وقت آنے پر بوڑھا ضرور ہوگا (بشرطیکہ وہ اُس وقت تک زندہ رہے اور تا دیر زندہ رہنے کی خواہش کسے نہیں ہوتی؟) انفرادیت پسندی کی یہ بھی یہ کہہ سکتی ہے کہ ہر شخص خیالی دنیاؤں میں بالکل خود مختاری اور علیحدگی کی زندگی بسر کر سکتا ہے لیکن اس سے قطع نظر ہمیں یہ ماننا پڑے گا کہ ہمیں اپنی زندگی کچھ اس طرح بسر کرنی چاہیئے کہ ہماری عمر کا بہترین حصہ ہمارا مستقبل (بڑھاپا) ہو اور ہمارے نزدیک زندگی کا سنہری زمانہ وہ نہ ہو جسے ہم اپنی جوانی یا طفلی اور معصومیت کے روپ میں بہت پیچھے چھوڑ آتے ہیں — کیونکہ اگر ہم اپنے ماضی (جوانی یا طفلی کے دنوں) کو عمر کا سنہری زمانہ سمجھیں گے تو ہم غیر شعوری طور پر گزرتے ہوئے وقت کی بے رحم گردشوں کے ساتھ مصروفِ پیکار ہو جائیں گے۔ ہم ہر آنے والے

## باب نہم

# جینے کے مزے

۱۔ بستر
۲۔ کُرسی
۳۔ گفتگو
۴۔ چائے اور دوستی
۵۔ تمباکو اور خوشبو
۶۔ شراب۔
۷۔ غذا اور دوا
۸۔ مغرب کے کچھ عجیب دستور
۹۔ مغربی لباس۔
۱۰۔ مکان اور اس کی آرائش

اب بستر میں لیٹنے ہی کو لیجئے. بہت کم لوگ اس کی اہمیت اور قدر و قیمت سے واقف ہیں. حالانکہ میرے خیال میں فلسفے اور سائنس کی کل اختراعات کا ۹۰ فیصد حصہ اس وقت موجد یا فلسفی کے ذہن میں آیا تھا جب وہ رات کے دو بجے یا گجردم پانچ بجے آرام سے اپنے بستر پر لیٹا ہوا تھا۔

بعض لوگ دن میں آرام کرتے ہیں اور کچھ لوگ رات کو بستر پر لیٹنے کے عادی ہیں۔ "لیٹنے" سے میری مراد واقعی لیٹنا اور آرام کرنا ہے کہ جسم اور روح دونوں سکون سے ہم کنار ہوں۔ جو لوگ میری طرح اس آرام کرنے کے قائل ہیں اور اسے زندگی کی ایک بہت بڑی مسرت سمجھتے ہیں وہی شریف اور دیانت دار لوگ ہیں۔ اور جو لوگ اس کے مخالف ہیں انہیں دن بھر اخلاقی اور جسمانی طور پر کسی کل چین نہیں آتا۔

آپ پوچھیں گے آخر بستر پر پڑے رہنے کی جسمانی اور روحانی اہمیت کیا ہے؟

میں سمجھتا ہوں اس کی جسمانی اہمیت تو یہ ہے کہ بستر پر لیٹ کر انسان دنیا سے الگ تھلگ، اس کے شور و غوغا سے ہٹ کر گوشۂ عافیت میں پہنچ جاتا ہے۔ وہ اپنے ہاتھ پاؤں اور سارے اعضا کو اس طرح آرام دیتا ہے جس طرح انہیں زیادہ سے زیادہ آرام ملتا ہے اور پھر عافیت اور دھیان میں مگن ہو جاتا ہے۔ بستر پر لیٹنے کا بھی ایک مناسب اور عمدہ طریقہ ہے۔ مثلاً زندگی بسر کرنے کا استاد کنفیوشس کبھی بستر پر تیر کی طرح سیدھا چت نہیں لیٹتا تھا۔ بلکہ کروٹ کے بل ٹیڑھا ہو کر آرام کرتا تھا — میرے نزدیک زندگی کی بہت بڑی راحت بستر پر لیٹ کر اپنی ٹانگیں سکیڑنے سے حاصل ہوتی ہے۔ اس آرام کے لئے یہ بھی اہم ہے کہ آپ کے دونوں بازوؤں کی پوزیشن صحیح یعنی دونوں بازو اس طرح رکھے جائیں کہ زیادہ سے زیادہ حظ حاصل ہو اور دماغ کو بھی تازگی اور فرحت اور قوت ملے۔ میرے خیال میں بستر پر لیٹنے

# ا۔ بستر

میرا خیال ہے کہ میں کچھ اشتہاری فلسفی بنتا جا رہا ہوں۔ مگر اس کے بغیر چارہ بھی نہیں۔ یوں فلسفے کو دیکھئے تو فلسفہ ایسے علم کا نام ہے جو سادہ چیزوں کو مشکل بنا دے۔ لیکن میرے ذہن میں علم کا یہ تصور آتا ہے کہ وہ مشکل چیزوں کو بھی آسان کر دے۔ فلسفے میں "مادیت"، "انسانیت پرستی"، "مادرائیت" اور "ثنویت" اور ایسی ہی کئی قسم کی "ابیتوں" کو فروغ ملا ہے۔ میرا دعوٰے ہے کہ یہ سارے فلسفے کسی صورت میں بھی میرے فلسفے سے زیادہ گہرے یا مفصل نہیں ہیں —— زندگی آخر ہے کیا؟ —— زندگی کھانے پینے، سونے جاگنے، اپنے عزیزوں کو الوداع کہنے اور عزیزوں سے پھر ملنے سے مرکب ہے۔ زندگی آنسوؤں اور قہقہوں کا آمیزہ ہے۔ زندگی یہ ہے کہ دو چار ہفتے میں ایک بار بال کٹوائے جائیں، اپنے پھولوں کو پانی سے سینچا جائے، اپنے ہمسایوں کا نقصان اور ان کی شماتت کی جائے! زندگی کے بارے میں اپنے سادہ خیالات اور تاثرات کو علمی بحث کا بھاری بھرکم لباس پہنا کر پیش کرنا دھوکے کی ٹٹی ہے جس کی آڑ میں یونیورسٹیوں کے پروفیسر اپنے بے حد مبہم خیالات کو یا اپنے عجز کو چھپاتے ہیں۔ گویا فلسفہ ایسا علم ہے جس کی بدولت ہم اپنے بارے میں "کم سے کم سمجھنے" کی طرف "زیادہ سے زیادہ ترقی" کر رہے ہیں۔ فلسفیوں کی کامیابی صرف یہیں تک ہے کہ وہ زندگی کے بارے میں جتنے زیادہ نکتے پیدا کرتے ہیں۔ اتنا ہی ہمارے پلّے کچھ نہیں پڑتا۔ ہم زیادہ سے زیادہ الجھتے ہیں ——

پھر آرام سے اُٹھے اور منہ ہاتھ دھوئے۔ بستر پر لیٹے لیٹے یہ کاروباری شخص ٹائی اور سوٹ بوٹ کے بندھنوں سے آزاد ہوگا۔ تنگ جانگیہ یا چست پیٹی اسے ستاتی نہیں ہوگی۔ چمڑے کے چمکیلے اور سخت بوٹ اُس کے پاؤں کو جکڑے ہوئے نہیں ہوں گے۔ چنانچہ اس کا کاروباری ذہن آزادی سے کام کی بات سوچ سکے گا۔ کیونکہ قاعدے کی بات یہ ہے کہ اگر پاؤں قید سے آزاد ہوں تو سر بھی آزاد ہوتا ہے اور سر کی آزادی پر ہی کام کی بات سوچنے کا سارا دارومدار ہے —— گویا بستر پر آرام سے لیٹ کر یہ کاروباری شخص گزرے ہوئے کل کی کامیابی اور ناکامی کا محاکمہ کر سکے گا۔ اور آنے والے دن کے ضروری کاموں اور غیر ضروری باتوں کو چھانٹ کر الگ الگ کر سکے گا۔ نو بجے یا پونے نو بجے دفتر پہنچ کر اپنے ملازمین اور ماتحتوں کو غیر ضروری کاموں میں بلا وجہ جوتے رکھنے اور ہر کام کی جلدی مچانے سے یہ کہیں بہتر ہے کہ یہ شخص، نو کے بجائے دس بجے آرام سے دفتر پہنچے اور پوری صفائیٔ ذہن اور تحمّل اور سکون سے کام کر سکے اور دوسروں سے بھی کام لے سکے۔

یہ ایک کاروباری شخص کا ذکر تھا۔ ایک مفکر یا موجد کے لئے تو بستر میں ایک آدھ گھنٹہ چپ چاپ لیٹے رہنا اور بھی کارآمد ثابت ہو سکتا ہے۔ ایک ادیب اس وقفے میں اپنے مضمون یا اپنے ناول کے لئے وہ باتیں سوچ سکتا ہے جو وہ میز پر جم کر بیٹھ کر پورے دن میں بھی غالباً نہیں سوچ سکے گا۔ بستر پر لیٹے لیٹے وہ دُنیا کے سب فضول کاموں سے آزاد ہوگا۔ وہ زندگی کو ایک رنگین پردے میں سے دیکھے گا۔ جو حقائق کو اپنی چھوٹ سے منوّر کر دے گا اور زندگی کی ہر معمولی سے معمولی چیز بھی اس شاعرانہ دنیا میں پہنچ کر طلسماتی حُسن سے بہرہ یاب ہو جائے گی۔ زندگی کا ادھورا پن نظر نہیں آئے گا بلکہ اس کے سامنے ایسی تصویریں بن جائیں گی جو

کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ بستر پر بالکل سیدھے نہ لیٹا جائے۔ بلکہ آپ نرم اور گدگدے بڑے بڑے تکیوں کے سہارے پڑے ہوں، اور ایک بازو یا دونوں بازو، سر بلکہ گدی کے نیچے رکھے ہوں۔ یہ لیٹنے کا وہ انداز ہے کہ اس کی بدولت ہر شاعر لافانی شعر کہہ سکتا ہے۔ اس انداز میں لیٹنے سے ہر فلسفی انسانی فکر میں انقلاب برپا کر سکتا ہے اور ہر سائنس دان عہد آفرین ایجادات کر سکتا ہے۔

عجیب بات ہے کہ بہت کم لوگ تنہائی اور غور و فکر کی قدر و قیمت سے واقف ہیں بستر پر لیٹنا صرف جسمانی آرام ہی کا نام نہیں۔ اس میں شک نہیں کہ دن بھر کی بک بک جھک جھک کے بعد لوگوں سے ملنے جلنے، دوستوں کی بے سر وپا باتیں سننے اور بھائی بہنوں کی ہدایات سننے کے بعد جب آدمی بستر پر لیٹتا ہے تو اُس کا سارا جسم سکون و آرام حاصل کرتا ہے۔ لیکن اس سے سوا بھی کچھ ہے۔ اگر آپ کو بستر پر لیٹنے کا صحیح آرٹ آتا ہو تو اِس سے دل و دماغ کی تازگی اور طہارت کا ہونا بھی لازمی ہے ـــــ میں نے بڑے بڑے کاروباری لوگوں کو دیکھا ہے کہ اپنی بھاگ دوڑ اور اپنے تین تین ٹیلی فونوں پر دن دن بھر لین دین کرتے ہیں اور اپنی اِس محنت اور مصروفیت پر بڑے نازاں ہوتے ہیں مگر انہوں نے کبھی یہ نہیں سوچا کہ اگر وہ دن رات میں کسی وقت، صرف ایک گھنٹہ بھی بستر میں جاگتے ہوئے پُرسکون طور پر گزار دیں تو شاید وہ اپنے کاروبار میں دُگنا کما سکیں۔ اگر کوئی سات بجے اُٹھ جانے کے بجائے سات بجے سے آٹھ بجے تک چپ چاپ بستر میں لیٹا رہے تو کونسی قیامت آجائے گی؟ بلکہ اس سے بھی بہتر ہے کہ وہ عمدہ سگریٹوں کا ایک ڈبّا اپنے پاس رکھے اور بستر سے اُٹھنے میں کافی دیر لگائے تاکہ بیداری کے ان پُرسکون لمحوں میں بستر پر لیٹے لیٹے اپنے تمام مسائل غور و فکر سے حل کر لے۔

دیر بعد میں نے دُور سے بہت سے گھوڑوں کی ٹاپوں کی آوازیں سنیں۔ یہ غالباً رسالے کے جوان تھے جو یو آن روڈ سے گزر رہے تھے۔ پھر کچھ پرندوں کے چہچے سنائی دئے۔ مجھے معلوم نہیں یہ پرندے کون کون سے تھے کیونکہ مجھے پرندوں کے بارے میں بہت کم واقفیت ہے، پھر بھی ان چہچہوں سے میں نے بڑا لطف اٹھایا۔

اِن آوازوں کے علاوہ اور بھی آوازیں تھیں۔ ایک غیر ملکی باشندے کا ملازم "لڑکا" رات بھر کی عیاشیوں کے بعد کوئی ساڑھے پانچ بجے کے قریب، پاس کے کسی دروازے کو کھٹکھٹانے لگا تھا۔ تھوڑی دیر بعد گلی سے مہتر کے جھاڑو دینے کی شر شر کی آواز آنے لگی۔ یکایک آسمان پر ایک مرغابی اُڑی اور اُس نے موٹی آواز میں گنگ ٹنگ کہہ کر فضا میں تھرتھری پیدا کر دی۔ چھ بجکر پچیس منٹ پر دُور شنگھائی سے ہانگ چاؤ جانے والی گاڑی کی گڑگڑاہٹ سُنائی دی اور تھوڑی دیر میں آوازوں نے مجھے بتایا کہ یہ گاڑی اب جیس فیلڈ کے جنکشن پر پہنچ کر ٹھہر گئی ہے۔ ان آوازوں کے ساتھ ساتھ کے کمرے میں سوتے بچوں کی ہلکی آوازیں بھی آ رہی تھیں۔ پھر زندگی بیدار ہوکر حرکت میں آنے لگی اور انسانی سرگرمیوں اور کام کاج کی گونج میرے پاس اور مجھ سے دور بڑھنے لگی۔ اس میں تیزی آگئی۔ آوازیں اُونچی ہوگئیں — خود میرے گھر میں نیچے کی منزل میں نوکر چاکر جاگے۔ انہوں نے کھڑکیاں اور دروازے کھولے۔ پھر ہلکی سی کھانسی کی آواز آئی اور پاؤں کی ہلکی چاپ کے ساتھ چائے کی پرچ پیالی کھنکھنائی۔ اس آواز کے ساتھ ہی یکایک بچہ پکارا۔ امّی... امّی بسّ

زندگی سے زیادہ صحیح اور جاندار اور خوبصورت ہوں گی۔

آپ پوچھیں گے، یہ سب کچھ کیسے ممکن ہے؟ بات یہ ہے کہ بستر میں لیٹ کر جسم کے سارے پٹھے آرام پاتے ہیں۔ خون کا دوران زیادہ باقاعدہ، زیادہ معتدل ہو جاتا ہے۔ سانس ٹھیک آتا جاتا ہے۔ سننے اور دیکھنے اور کام کرنے کے اعصاب کو کم و بیش مکمل آرام ملتا ہے۔ اس کی وجہ سے سارا جسم راحت اور سکون پاتا ہے۔ لہٰذا دماغ کو زیادہ یکسوئی حاصل ہوتی ہے اور ہمارا ذہن کسی خیال یا کسی جذبے پر پوری توجہ سے مرکوز ہو سکتا ہے۔ یہاں تک کہ سونگھنے کی حس ہو یا سننے کی، ایسے سکون کے لمحوں میں یہ بھی بہت تیز اور ذکی ہو جاتی ہیں۔ اسی لئے میں کہتا ہوں کہ عمدہ موسیقی لیٹ کر سننی چاہیے — چینی ادیب لِی لِی ذنگ نے اپنے مضمون بیدخوبوں میں لکھا ہے کہ پرندوں کے نغمے، صبح کو بستر میں لیٹ کر سننے چاہئیں۔ اگر ہم صبح سویرے نیند سے بیدار ہو کر پرندوں کے آسمانی نغموں کو سننے کی عادت پیدا کر لیں تو حسن و موسیقی کی ایک نئی دنیا کے پٹ ہمارے لئے کھل سکتے ہیں۔ اس میں کھلی فضا کی تخصیص نہیں۔ بڑے بڑے شہروں میں صبح کے وقت بے شمار پرندوں کی بولیاں سنائی دیتی ہیں مشکل یہ ہے کہ بہت کم لوگ انہیں سنتے ہیں۔ اس کی ایک مثال یہ ہے کہ ایک دفعہ میں نے شنگھائی میں صبح کے وقت پرندوں کے نغمے سنے تو میں نے اپنے خیالات کو سپردِ قلم کر کے محفوظ کر لیا تھا۔ اس کا ایک اقتباس اب پیش کرتا ہوں :-

"آج صبح، رات بھر کی گہری نیند کے بعد میں پانچ بجے بیدار ہوا اور میں نے چہچہوں اور آوازوں کا ایک نہایت شاندار سنگیت سنا۔ اصل میں مجھے کارخانوں کی سیٹیوں نے نیند سے جگایا تھا لیکن تھوڑی

سوتی رہتی ہیں اور آرام سے اُٹھتی ہیں۔ پھر چوں چوں سے اپنا دل بہلاتی ہیں۔

## ۲۔ کُرسی

کُرسیوں پر بیٹھنے کے بارے میں مجھے بہت کچھ کہنا ہے۔ کُرسیوں پر اینڈنے کے سلسلے میں میری شہرت خاصی ہے۔ اب تو میرے بہت سے دوست بھی کرسیوں پر اینڈنے میں کسی سے کم نہیں مگر چین کی ادبی دنیا میں، میں ہی اس سلسلے میں سب سے زیادہ معروف ہوں۔ میری گزارش یہ ہے کہ اس گناہ کا مرتکب اکیلا میں ہی نہیں اور کہ میری اس شہرت میں مبالغے کو بہت زیادہ دخل ہے۔ اصل میں قصہ یہ ہُوا کہ میں نے ایک رسالہ جاری کیا۔ میں نے اس رسالے میں پے در پے کئی مضامین میں یہ لکھا کہ تمباکو پینے کے نقصانات کا جو غوغا ہے وہ سب فضول ہے اور اس سے کوئی نقصان نہیں ہوتا۔ لطف یہ ہے کہ میرے رسالے میں سگریٹ کا کوئی اشتہار نہیں چھپتا تھا مگر تمباکو کی تعریف میں ہر دفعہ مضامین چھپا کرتے تھے۔ چنانچہ میرے بارے میں یہ مشہور ہو گیا کہ میں کوئی بیکار آدمی ہوں جو سارا دن صوفے پر پڑا رہتا ہے اور سگار پیتا رہتا ہے۔ میں نے لاکھ کہا اور احتجاج کیا کہ میں چین کے محنتی اور مصروف ترین اشخاص میں سے ہوں۔ لیکن کون سنتا تھا، یہ "کہانی" مشہور ہو کر رہی اور تمباکو کی حمایت میں میرے مضامین کو اس بات کا ثبوت سمجھا گیا کہ میں اُس مردود طبقے کا ایک فرد ہوں جو امیر ہے اور خواہ مخواہ ادب میں ٹانگ اڑاتا ہے۔

دو سال بعد میں نے ایک اور رسالہ جاری کیا جس میں صرف مضامین اور صاف سیدھی نثر شائع ہوتی تھی۔ اصل میں میرا مقصد یہ تھا کہ چینی نثر کو پُر تکلف اسلوب

مجھے خوب یاد ہے۔ اس سال بہار کے سارے مہینوں میں مجھے ایک پرندے کی آواز سن کر بڑی فرحت ہوتی تھی۔ جسے غالباً تیتر یا چکور کہا جاتا ہے۔ سُروں میں اس کا نغمہ کچھ اس طرح کا تھا (سا، ما رے رے نی) رکھب کو خوب لمبا کر کے اور اس پر پورا ٹھہراؤ دے کر ادا کیا جاتا تھا اور آخری سُر یعنی نکھار، یکایک ختم کیا جاتا تھا اور یہ آواز بھی بہت ہی کومل ——— یہی نغمہ میں جنوبی چین کے پہاڑوں میں سنا کرتا تھا اور مزہ یہ تھا کہ نر پرندہ، صبح سویرے میرے گھر سے کوئی بیس گز دور ایک پیڑ کی شاخوں سے یہ نغمہ کوکتا تھا اور پھر کوئی سو گز سے مادہ، اس سے نچلی سپتک میں اسی نغمے کو لُٹا دیتی تھی (نی رے۔ رے ما سا) کبھی کبھی اس میں کچھ تبدیلی آتی تھی۔ اس کی چال کچھ تیز ہو جاتی تھی اور اس تیز لَے میں آخری سُر چھوڑ دیا جاتا تھا۔ میں نے پرندوں کے جتنے نغمے سُنے ہیں اُن میں یہ کوک سب سے زیادہ میرے ذہن میں جاگزیں ہے۔ میں ان تمام نغموں کو لفظوں میں نہیں لا سکتا۔ صرف آپ کے سامنے ان نغموں کو موسیقی کے سُروں (جسے ورُن کہتے ہیں) میں ظاہر کر سکتا ہوں۔ مگر ان نغموں میں ہُدہُد کی بولیاں تھیں، کبوتروں کا ہلکا اور گھمبیر نغمہ تھا، کھٹ بڑھئی کی کوک تھی اور کیا کیا نہ تھا۔ غالباً چڑیا اِن سب سے بعد میں بیدار ہوتی ہے۔ اور اس کی وجہ وہی ہے جو عشرت پسند شاعر لی ونگ نے بتائی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ دوسرے پرندوں کو اس لئے منہ اندھیرے نغمہ سرائی کرنی پڑتی ہے کہ وہ شکاری انسانوں کی بندوقوں سے خائف ہیں اور دن بھر شریر لڑکوں کے پتھراؤ سے بھی ڈرتے ہیں۔ اس لئے یہ پرندے ظالم انسانوں کی بیداری سے پہلے پہلے ہی آرام سے گانے گا سکتے ہیں۔ جونہی انسان نیند سے اُٹھا ان غریب پرندوں کو چین سے نغمہ سرائی کرنی نصیب کہاں ہو گی ——— مگر چڑیا کا معاملہ مختلف ہے۔ چڑیاں انسان سے ڈرتی نہیں اس لئے وہ دیر تک

پر بیٹھ کر اکثر خواتین کے پاؤں زمین سے کوئی ایک فٹ اونچے رہیں۔

تو گویا کرسیوں پر آرام سے بچھ کر بیٹھنے میں کوئی حکمت پنہاں ہے ۔۔۔ پرانے لوگ کرسیوں پر اِس لئے تن کر بیٹھتے تھے کہ بارعب اور باوقار نظر آئیں۔ آج کل کے لوگ کرسیوں پر اپنے آرام کے لئے بیٹھتے ہیں۔ اِن دو باتوں میں بڑا فرق ہے ۔۔۔ آج سے کوئی پچاس برس پہلے کے معاشرے کے نزدیک آرام "گناہ" تھا۔ آرام سے بیٹھنا گویا دوسرے کے احترام کے منافی تھا۔ اِسی لئے وہ لوگ وقار اور رعب داب پر زور دیتے تھے۔ انگریز ادیب آلڈس ہکسلے نے اپنے مضمون "آرام" میں اِس پر تفصیل سے بحث کی ہے ۔۔۔ وہ کہتا ہے کہ جاگیردارانہ نظام کی بدولت آرام کرسی وجود میں نہیں آسکی۔ آج سے کوئی بیس ایک برس پہلے چین میں بھی یہی صورتِ حال تھی ۔۔۔ مگر آج حالات بدل چکے ہیں۔ اگر آپ کسی کے دوست ہیں تو آپ اُس کے کمرے میں اس کی میز پر ٹانگیں پھیلا سکتے ہیں۔ یہ سُوءِ ادب نہیں بلکہ بے تکلفی گِنی جاتی ہے۔ لیکن پرانے بزرگوں کے سامنے اگر آپ میز پر ٹانگیں پھیلا کر بیٹھیں تو قیامت آجائے۔

فنِ تعمیر اور اخلاق اور کمروں کی اندرونی آرائش کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔ آلڈس ہکسلے نے لکھا ہے کہ مغربی خواتین صدیوں تک بہت کم غسل کیا کرتی تھیں کیونکہ وہ اخلاقی اعتبار سے اپنے آپ کو ننگا دیکھنا اچھا نہیں سمجھتی تھیں۔ چنانچہ اس اخلاقی بندش کی بدولت صدیوں تک غسل کا تام چینی کا چمکتا ہوا سفید سفید ٹب ایجاد نہ ہو سکا۔ صدیوں سے چینی فرنیچر کچھ اس قسم کا رہا کہ اس سے آرام و آسائش کا بہت کم تعلق تھا۔ اس کی وجہ کنفیوشس کے اخلاقی نظریوں کی وہ فضا تھی جس میں چینی قوم سانس لیتی رہی۔ چینی فرنیچر بنایا ہی اس لئے جاتا تھا کہ لوگ تیر کی طرح سیدھے

اور ابہام سے پاک کیا جائے۔ (چینی نثر کی یہ گت اس لئے بنی ہے کہ آج سے کوئی دس بیس برس پہلے تک چینی مدرسوں میں لڑکے لڑکیوں سے "ملک کی نجات کا راستہ" اور "استقلال کی خوبیاں" وغیرہ جیسے عنوانات پر جواب مضمون لکھوائے جاتے تھے اور ان جواب مضمونوں کے لئے ضروری تھا کہ نہایت پُر تکلف اور مشکل عبارت میں ہوں) میں نے سوچا کہ کنفیوشس کے بتائے ہوئے اصولوں کی فرسودگی سے چینی نثر اسی طرح آزاد کی جا سکتی ہے کہ اس کا اسلوب زیادہ بے تکلف ہو اور اس میں باہمی بول چال کا انداز ہو۔ میری بدقسمتی کہ میں نے اسلوب کی بے تکلفی کے بارے میں جو چینی لفظ لکھا اس کا مطلب یہ بھی ہوتا ہے کہ بات کرنے کا انداز بڑا پُر اطمینان ہو، اس میں فرصت اور فراغت جھلکتی ہو۔ بس پھر کیا تھا کمیونسٹ ادیبوں کے کیمپ سے مجھ پر حملوں کا طومار شروع ہو گیا۔ نتیجہ یہ کہ اب اس بات میں کسی کو ذرا سا شک نہیں کہ میں سارے چین کے ادیبوں میں سب سے زیادہ "فارغ" اور بیکار محض ادیب ہوں۔ اس لئے کشتنی اور گردن زدنی ہوں کیونکہ باقی سارا چین ان حضرات کے بقول "قومی ذلت کی گہرائیوں میں سسک رہا ہے!"

مجھے تسلیم ہے کہ میں جب کبھی اپنے دوستوں سے ملنے جاؤں تو ان کے دیوان خانوں میں آرام کرسیوں پر خوب پھیل کر بیٹھتا ہوں۔ مگر باقی لوگ بھی یہی کرتے ہیں۔ آخر آرام کرسیاں اور کس لئے ہوتی ہیں؟ اگر اس بیسویں صدی میں بھی عورتوں اور مردوں کے لئے یہ لازم ہے کہ وہ انیسویں صدی کی پُر تکلف سوسائٹی کی طرح جب کسی سے ملنے جائیں تو بڑے ادب آداب سے کرسیوں پر تن کر سیدھے بیٹھیں تو پھر آج کے دیوان خانوں میں آرام کرسیاں نہیں ہونی چاہئیں۔ ان کے بجائے سخت لکڑی کی سیدھی پشت والی اونچی کرسیاں ہونی چاہئیں جن

کیا جاتا۔ رومانی تحریک اور انسانی نفسیات کے بہتر شعور کی بدولت زندگی کے بارے میں اب حقیقت پرست رویّہ رواج پا گیا ہے۔ رویّے کی اِس تبدیلی کا کرشمہ ہے کہ تھیئٹر کے تماشوں سے لطف اٹھانے کو بداخلاقی نہیں سمجھا جاتا۔ نہ شیکسپیئر کو اب "وحشی" آدمی شمار کیا جاتا ہے۔ اِسی رویّے کی تبدیلی کا یہ بھی کرشمہ ہے کہ اب نہانے کے خاص لباس ایجاد ہو چکے ہیں، عمدہ اور چمکتے ہوئے غسل کے ٹب بن چکے ہیں، دیوان خانوں میں نہایت آرام دہ کرسیاں اور نشستگاہیں رواج پا چکی ہیں، زندگی اور تحریر دونوں کا انداز اب حقیقت پرستانہ اور بے تکلف ہے۔

اگر ہم یہ تسلیم کر لیں کہ آرام اور آسائش، گناہ نہیں تو ہمیں یہ بھی ماننا ہوگا کہ کوئی شخص اپنے دوست کے دیوان خانے میں جتنے زیادہ آرام سے ایک آرام کرسی میں پھیل کر بیٹھے گا، وہ اپنے میزبان کا اتنا ہی زیادہ احترام کر رہا ہوگا —— آخر مہمانداری اور خاطر تواضع کا مقصد کیا ہوتا ہے؟ یہی کہ مہمان زیادہ سے زیادہ آرام محسوس کرے۔ گویا آپ جتنے زیادہ آرام سے بیٹھیں گے اتنا ہی اپنے میزبان کا تواضع کے سلسلے میں ہاتھ بٹائیں گے۔ میں نے کئی میزبانوں کو دیکھا ہے کہ وہ کسی دعوت یا پارٹی کے سلسلے میں سخت پریشان رہتے ہیں کیونکہ اس پارٹی میں شامل ہونیوالے مہمان بیحد تکلف برتتے ہیں اور ذرا سی بھی بے تکلفی سے کام نہیں لیتے۔ ایسے موقعوں پر میں نے کئی بار اپنے میزبانوں کی مشکل آسان کی ہے کہ اس پُر تکلف اور گھٹے ہوئے ماحول میں فوراً اپنی ٹانگیں میز پر پھیلا دی ہیں۔ یا اِسی طرح کسی اور بے تکلفی سے کام لیا ہے۔ نتیجہ یہ کہ ہر مہمان کو فضول تکلف اور جھوٹے داب آداب سے ہاتھ اٹھا کر میری طرح بے تکلف ہونا پڑا ہے!

اچھا—کرسیوں وغیرہ کے آرام دہ ہونے کے بارے میں ایک کلیہ میں نے ڈھونڈ نکالا ہے۔ سادہ لفظوں میں کلیہ یہ ہے کہ کرسی جتنی نیچی ہوگی اتنی ہی آرام دِہ

بیٹھیں۔ کیونکہ معاشرے کا قانون کہتا تھا کہ بیٹھنے کا یہی طریقہ مناسب ہے۔ اور تو اور چینی شہنشاہ بھی ایسے سخت اور بے آرام تخت پر بٹھائے جاتے تھے کہ میں تو ان پر پانچ منٹ بھی نہ بیٹھ سکوں ــــ خیر یہی حال انگلستان کے بادشاہوں کا بھی رہا ہے مگر باقی قدیم تہذیبیں اس سے مبرّا تھیں۔ کلوپیٹرا کا یہ حال تھا کہ ایک ریشمیں اور زرّیں صوفے پر آرام سے نیم دراز رہتی تھی اور خادم وہ صوفہ اٹھائے اٹھائے پھرتے تھے۔ وجہ یہ تھی کہ اس نے کبھی کنفیوشس کا نام بھی نہیں سنا تھا۔ اگر کنفیوشس اُسے اِس طرح نیم دراز دیکھ لیتا تو اس کی شامت آجاتی، وہ ضرور اس کی پنڈلیوں پر زور سے ڈنڈا مارتا کیونکہ ایک دفعہ کنفیوشس کا ایک شاگرد جو آن جانگ ذرا غلط طریقے پر بیٹھا دکھا گیا تو کنفیوشس نے اس کے ساتھ یہی سلوک کیا تھا۔ کنفیوشی معاشرے میں شرفا، مرد و عورت دونوں کے لئے یہ ضروری تھا۔ کہ چلنے پھرنے، اُٹھنے بیٹھنے میں تیر کی طرح سیدھے رہیں۔ کم سے کم رسمی تقریبوں میں تو اِس کا خیال رکھیں۔ اور اگر کوئی شخص ذرا سا ٹانگیں پسار کر یا ٹانگیں اونچی کر کے بیٹھتا تھا تو یہ اس کی بے تمیزی اور بازاری پن کی نشانی سمجھی جاتی تھی۔ اپنے افسروں کے احترام کا زیادہ مظاہرہ کرنے کے لئے یہ ضروری تھا کہ اُن کے سامنے کُرسی کے بالکل سرے پر بیٹھا جائے۔ اِسے افسر کی عزت اور اپنی تمیزداری کی معراج سمجھا جاتا تھا ــــ اِسی طرح کنفیوشی روایات اور چینی فنِ تعمیر کے غیر آسائشی تکلفات میں گہرا تعلق ہے مگر اس کی تفصیل کا یہ موقع نہیں۔

اِس پُر تکلف فضا میں اٹھارویں صدی کے آخر اور انیسویں صدی کے شروع میں رومانی تحریک شروع ہوئی۔ اس تحریک کی بدولت زندگی کا یہ ذہنی تکلف اور روایات آداب ختم ہو گیا۔ اب اپنے آپ کو آرام دینا، گناہ شمار نہیں

سائنس کہتی ہے کہ مرد کے دماغ کی قوت اور کام کرنے کی صلاحیت اسی طرح ایک ماہواری چکر کی تابع ہے جس طرح عورت کا جسم اس کا تابع ہوا کرتا ہے۔ ولیم جیمز نے ایک جگہ کہا ہے کہ اگر سائیکل کے چین کو بہت زیادہ کس دیا جائے تو سائیکل کے پہیئے آسانی سے نہیں چلتے اور یہی حال انسان کا ہے ـــــ یہ بھی یاد رہے کہ ہر کام اور ہر بات میں انسان عادت کا غلام ہے اور انسانی جسم میں حالات کے مطابق ڈھل جانے کی بے پایاں صلاحیت موجود ہے۔ جاپانی لوگ فرش پر چوکڑی مار کر بیٹھنے کے عادی ہیں۔ میں سمجھتا ہوں اگر انہیں دن رات کرسی پر بیٹھنا پڑے تو ان کے اعضا تشنج کے مارے اکڑ جائیں۔ گویا ہم دن بھر دفتروں میں جو سیدھے تن کر بیٹھ کر کام کرتے ہیں تو اس کی تھکن شام کو صوفے یا پلنگ پر لیٹ کر اتارتے ہیں۔ اسی امتیاز او تفریق سے ہی زندگی کی حکمتوں کو سمجھنا اور ان کا شعور ممکن ہے۔

آخر میں ایک بات خواتین سے کہوں گا ـــــ کرسی پر بیٹھے ہوئے اگر آپ کو سامنے پاؤں رکھنے کے لئے کوئی چیز نہ ملے تو فوراً اپنے پاؤں بھی کرسی یا صوفے پر رکھ کر زانو تہ کر کے بیٹھ جائیے۔ اس میں شرمانے کی بات نہیں۔ خواتین اس طرح بیٹھی ہوئی بڑی اچھی معلوم ہوتی ہیں۔

## ۳۔ گفتگو

" تمہارے ساتھ پوری رات باتیں کرنا پورے دس برس کے مطالعے سے بہتر ہے!" ـــــ یہ ایک چینی عالم کا قول ہے جو اپنے دوست سے جی بھر کر باتیں کر لینے کے بعد اس کے منہ سے نکلا تھا۔ اس قول میں بڑی سچائی پنہاں ہے۔ چینی زبان میں

ہو گی۔ آپ نے کئی دفعہ تعجب کیا ہو گا کہ فلاں صاحب کے گھر میں جو کُرسی تھی وہ اتنی آرام دہ اور گُدگُدی کیوں تھی۔ اس گُتھیّ کے انکشاف سے پہلے میں بھی یہ سمجھا کرتا تھا کہ کمروں کی آرائش کے ماہرین ہی یہ بتا سکتے ہیں کہ کُرسی کی اونچائی، چوڑائی اور اس کی ڈھلان میں کیا تناسب ہونا چاہئے تاکہ بیٹھنے والے کو زیادہ سے زیادہ آرام مل سکے۔ مگر اب میں جانتا ہوں کہ ایسے لمبے چوڑے حساب کی کوئی ضرورت نہیں۔ مثلاً کوئی چینی کرسی لیجئے اور اس کی ٹانگیں چند انچ چھوٹی کر دیجئے۔ یہ کُرسی زیادہ آرام دہ ہو جائے گی۔ اس کی ٹانگوں کو چند انچ مزید چھوٹا کر دیجئے تو یہ اور زیادہ آرام دہ ہو جائے گی — اس کا منطقی نتیجہ پھر یہ نکلا کہ جسم کو صحیح آرام اسی وقت ملتا ہے جب بستر پر لیٹے ہوں — بس اتنی سی بات ہے۔

اس بنیادی اصول سے ایک اور نتیجہ بھی نکلا کہ جب ہم کسی اُونچی کرسی پر بیٹھیں اور ہم اس کی ٹانگیں کاٹ کر چھوٹی نہ کر سکتے ہوں تو ہم اپنے سامنے کسی ایسی چیز کو ڈھونڈتے ہیں جس پر ہم اپنی ٹانگیں رکھ سکیں، اور اس طرح اپنے کولہوں اور اپنے پاؤں کے درمیان جو فرق ہے اُسے کم سے کم کر سکیں۔ میں اس موقع پر یہ کیا کرتا ہوں کہ میز کی ایک دراز باہر نکال لیتا ہوں اور اس پر اپنے پاؤں رکھ لیتا ہوں۔ ہر شخص اپنے فہم کے مطابق اس ترکیب سے فائدہ اٹھا سکتا ہے۔

اپنے جسم کے رگ پٹھوں کو آرام پہنچانا، ان کے تناؤ کو ڈھیلا کرنا جرم نہیں۔ میرا یہ مطلب نہیں کہ دن رات کے ۲۴ گھنٹے ہم انہیں آرام ہی پہنچاتے رہیں یا یہ کہ ان کو ہر وقت آرام دینا طبی اعتبار سے بڑا مفید ہے — یہ بات میرے ذہن میں قطعاً نہیں ہے — لیکن یہ یاد رہے کہ انسانی زندگی کا چکر، کھیل اور کام، اعصاب کے کھنچاؤ اور آسودگی دونوں سے مل کر پورا ہوتا ہے۔ اور اب تو

ایک سہانی رات گفتگو میں گزار سکتے ہیں ___ لہٰذا جب کبھی ہمیں ایسے شخص سے واسطہ ہو جو صحیح معنی میں خوش گفتار آدمی ہو تو اس ملاقات کا لطف ایک اعلیٰ مصنف کی کتاب پڑھنے سے اگر زیادہ نہیں ہوتا تو اس کے برابر ضرور ہوتا ہے۔ بلکہ خوش گفتار آدمی کی باتیں سننے میں ایک اور مزہ ہے جو اچھے مصنف کی کتاب پڑھنے میں حاصل نہیں ہوتا کہ ہم اس کی خوش آئند آواز بھی سنتے ہیں اور اس کی حرکات و سکنات سے بھی لطف اٹھاتے ہیں۔ گفتگو کا مزہ بعض دفعہ ہمیں دوستوں سے مل بیٹھنے میں حاصل ہوتا ہے، بعض دفعہ پرانے شناسا مل بیٹھتے ہیں اور پرانی یادیں تازہ کرتے ہیں۔ یا پھر جب کسی لمبے سفر پر نکلے ہوں تو رات کو گاڑی میں یا کسی سرائے میں۔ ایسے موقعوں پر ہر موضوع پر بات چیت ہوتی ہے۔ بھوت پریت اور جن پریوں کے قصوں سے لے کر مختلف تجربات کے تذکرے ہوتے ہیں۔ ڈکٹیٹروں اور غداروں کو جی بھر کر سنائی جاتی ہیں اور پھر دیکھتے دیکھتے ہی کوئی دانا اور خوش گفتار شخص یہ بتاتا ہے کہ فلاں فلاں ملک میں آج کل جو واقعات ہو رہے ہیں وہ آنے والی تباہی کا پیش خیمہ ہیں یا وہاں حکومت کا تختہ الٹنے کے سامان ہو رہے ہیں ___ ایسی گفتگو کی یاد زندگی بھر ہمارے دل میں تازہ رہتی ہے۔

گفتگو کا بہترین وقت رات کا ہے۔ دن کے وقت گفتگو میں کوئی خاص دل کشی نہیں ہوتی۔ وہ جگہ جہاں گفتگو ہو قطعی طور پر غیر اہم ہوتی ہے۔ ادب اور فلسفے کے بارے میں ایک لمبی بات چیت سے آپ کسی پرانی وضع کے دیوان خانے میں بھی لطف اٹھا سکتے ہیں اور باہر کسی کھیت کی منڈیر پر بھی ___ ہو سکتا ہے کہ بادو باراں کی ایک رات آپ دریائی کشتی میں سفر کر رہے ہوں اور دریا کے دوسرے کنارے پر لنگر انداز کشتیوں کی دھیمی روشنیاں دریا کے پانی میں جھلمل جھلمل کر رہی ہوں

اب "گفتگو نے شبانہ" ایک ایسی ترکیب ہے جس کا مطلب ہی دوست سے رات بھر دل کی باتیں کہنا سننا ہے۔ چاہے یہ باتیں ہو چکی ہوں یا ہونے والی ہوں ــــ مگر دوست سے رات بھر عمدہ باتیں کرنے کی اعلیٰ ترین مسرت بڑی نایاب چیز ہے چنانچہ لی لی ونگ کہتا ہے کہ دانا لوگوں میں سے شاید ہی کوئی باتیں کرنا جانتا ہو اور جو لوگ باتیں کر سکتے ہیں شاید ہی اُن میں سے کوئی دانا ہو۔

آج کل یہ عام شکایت ہے کہ آتشدان کے گرد بیٹھ کر باتیں کرنے یا محفل سرور میں گفتگو کرنے کا فن ختم ہو چکا ہے۔ اس کی وجہ جدید زندگی کی رفتار اور مصروفیت بتائی جاتی ہے ــــ میں سمجھتا ہوں جدید زندگی کی صبا رفتاری اس کی ذمہ دار ضرور ہے لیکن میرا یہ بھی خیال ہے کہ جب گھروں کو اسے دلیوان خانے میں بدل دیا گیا جس میں آتشدان نہ ہو تو فن گفتگو کا زوال شروع ہوا۔ اور پھر موٹر کاروں کے اثر نے اس فن کی تباہی مکمل کر دی ــــ ہماری زندگی کی رفتار بالکل غلط ہے کیونکہ گفتگو کا فن صرف ایسے معاشرے میں پروان چڑھتا ہے جس کے پاس فراغت کا وقت ہو اور اس معاشرے کے افراد فراغت کی آسانی اور کشائش سے بہرہ ور ہوں اور اسکی قدر کرتے ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ محض باتیں کرنے اور گفتگو کرنے میں بڑا فرق ہے چینی زبان میں ان دونوں کے لئے الگ الگ الفاظ ہیں۔ ایک کا مفہوم صرف "بولنا" ہے اور دوسرے کا مطلب "گفتگو" ہے ــــ اس کا مطلب یہ ہے کہ گفتگو ایک زیادہ بے تکلفانہ چیز ہے۔ اس کے موضوعات کاروباری نہیں ہوتے بلکہ زندگی کی عام چیزیں ہوا کرتی ہیں ــــ اسی قسم کا فرق کاروباری خط و کتابت اور ادیب دوستوں کی خط و کتابت میں ہوتا ہے۔ ہم کسی شخص کے ساتھ بھی کاروباری معاملوں پر بات چیت کر سکتے ہیں لیکن بہت کم لوگ ایسے ہوں گے جن سے ہم

کنارے کتابوں کے سٹال، اپنے حکمرانوں، سیاستدانوں اور جرنیلوں کی ذاتی زندگی کے قصّے، وغیرہ یہ سب موضوع (انشا کی طرح) اچھی گفتگو کے موضوع بن سکتے ہیں۔ گفتگو اور انشا میں جو بات بہت زیادہ مشترک ہے وہ دونوں کا اسلوب ہے جو بڑا بے تکلف ہوتا ہے۔ موضوع چاہے کتنا بھاری بھرکم اور اہم کیوں نہ ہو، چاہے اپنے ملک میں حالات کی ناسازگاری اور ابتری پر بات کرنا ہو، یا آج کل کے جنونی سیاسی عقیدوں کی وجہ سے تہذیب کی موت پر اظہارِ خیال کرنا ہو۔ یا انسان کے آزادی وقار اور خوشی کے چھن جانے کی بات ہو یا محض سچائی اور انصاف کے اصولوں کا تذکرہ ہو، کوئی چیز بھی ہو، پھر بھی اظہارِ خیال، بڑے عام طریقے سے بڑی دھیرج سے اور بڑی بے تکلفی سے کیا جائے گا۔ تہذیب کا تقاضا یہی ہے۔ تہذیب یہی سکھاتی ہے کہ دل، آزادی کے رہزنوں کے مظالم پر غصے سے جل رہا ہو، پھر بھی زبان سے یا قلم سے بات کرو تو اس میں مسکراہٹ ضرور آنی چاہیئے۔ طوفانی اور جذباتی باتیں جن میں ہم اپنے دل کی جھلاہٹ کا پورا پورا اظہار کرتے ہیں صرف چند خاص دوستوں کے کانوں کے لئے ہوتی ہیں۔ عام لوگوں کے لئے نہیں ہوتیں۔ اس لئے عمدہ گفتگو کی پہلی شرط یہ ہے کہ ہم ایک کمرے کے پُرسکون ماحول میں چار یاروں کی محفل میں بیٹھ کر اپنے خیالات کا اظہار کریں اور آس پاس کوئی ایسا شخص نہ ہو جس کی موجودگی ہمیں ناپسند ہو۔

اچھی گفتگو اور با تکلف مبادلۂ خیال میں جو فرق ہے وہ ایک مثال سے واضح ہو سکتا ہے۔ میں نے عرض کیا تھا کہ عمدہ گفتگو تو اچھے نمونۂ انشا یا مضمون کی طرح ہے دوسری چیز کو آپ سیاستدانوں کے بیانات سے تشبیہ دے سکتے ہیں۔ یہ مانا کہ ان بیاناتِ میں اعلیٰ جذبات کا اظہار ہوتا ہے۔ ان میں جمہوریت پرستی کے جذبات، قومی خدمت

تو ملاحوں کی کہانیاں سننے کا لطف زندگی بھر کیلئے قیمتی یاد بن کر رہ جائے۔ اصل میں گفتگو کی ساری دلکشی کا راز یہ ہے کہ ہر دفعہ گفتگو کا ماحول اور موقع، مقام اور وقت بدلتے رہیں اور وہ لوگ بھی بدلتے رہیں جو گفتگو میں حصّہ لے رہے ہوں۔ گفتگو کا لطف ہمارے ذہنوں میں مختلف ماحول اور مختلف مقامات کے ساتھ وابستہ ہوتا ہے۔ بعض دفعہ یہ یاد آتا ہے کہ چاندنی کھلی تھی، اور ہلکی ہوائیں ہلکورے لے رہی تھیں تو فلاں شخص سے گفتگو کرنے کا بڑا مزہ آیا تھا۔ پھر یاد آتا ہے کہ رات اندھیری اور طوفانی تھی اور کچھ لوگ آتشدان کے گرد بیٹھے تھے تو بڑی اچھی باتیں ہوئی تھیں۔ پھر یہ یاد آتا ہے کہ ہم کھلی چھت پر بیٹھے کشتیوں کو دریا کے بہاؤ پر آتا دیکھ رہے تھے اور باتوں کا مزہ آ رہا تھا اور ایک کشتی دریا کی طوفانی لہر سے اُلٹ گئی تھی۔ کبھی یہ یاد آتا ہے کہ صبح کے اندھیرے لمحوں میں کسی ریلوے اسٹیشن کے ویٹنگ روم میں بیٹھے بیٹھے کیا اچھی باتیں سنی تھیں۔ یہ ساری تصویریں ان گفتگوؤں کی یاد کے ساتھ وابستہ ہوتی ہیں۔ کبھی ہمیں یاد آتا ہے کہ ایک دفعہ ہم دو آدمی کمرے میں بیٹھے تھے یا ایک دفعہ ہم پانچ چھ دوست تھے اور فلاں شخص کو کچھ زکام بھی تھا جس سے اس کی آواز میں اور گہرائی پیدا ہو گئی تھی — مگر یہ یادیں، یہ ہنگام بھی آئے گئے ہیں کیونکہ انسانی زندگی اسی چل چلاؤ کا نام ہے کہ "چاند ہمیشہ کامل نہیں رہے گا، پھول ہمیشہ اتنے شگفتہ نہیں ہوں گے اور اچھے دوست ہمیشہ مل نہیں سکیں گے"۔ اس لئے اس نعمت سے جتنا بھی بہرہ در ہوں اتنا ہی کم ہے۔

اچھی گفتگو لازمی طور پر اچھی انشا، عمدہ ادب پارے کی طرح ہوتی ہے۔ اس کا اسلوب اور اس کا نفسِ مضمون دونوں انشا سے ملتے جلتے ہیں مثلاً روحیں، مکھیاں، انگریزوں کی عجیب عادتیں، مشرقی اور مغربی تہذیبوں کی ٹکر، دریائے سین کے

گدّی سے لگا رکھی ہے جو اُس نے ابھی ابھی صوفے سے گھسیٹی تھی اور صوفا ننگا بُچا کر دیا تھا ـــــ دل کو سکون اُسی وقت ملتا ہے جب ہاتھ پاؤں کو آرام ملے اور جسم کو عافیت اور راحت نصیب ہو۔

دوستوں کی محفل اور راحت کا ماحول، دونوں عمدہ گفتگو کے لئے بیحد لازمی شرطیں ہیں۔ عمدہ گفتگو میں موضوع کا تعین نہیں ہوتا۔ باتیں چل نکلتی ہیں، اور کہیں سے کہیں پہنچ جاتی ہیں۔ ان میں کوئی سلسلہ یا ربط نہیں ہوا کرتا اس لئے جب محفل برخاست ہوتی ہے تو ہر شخص خوش خوش گھر کو لوٹتا ہے۔

فراغت اور لذّتِ گفتار میں، اور گفتار اور نثر کی ترویج و ارتقا میں بڑا گہرا تعلّق ہے ـــ میرا نظریہ یہ ہے کہ کسی ملک کے ادب میں عمدہ نثر اُسی وقت پیدا ہوئی جب اس ملک میں گفتگو ایک فنِ لطیف کی حیثیت سے بہت ترقی کر چکی تھی چینی نثر اور یونانی نثر کے ارتقا سے یہ بات صاف ظاہر ہوتی ہے۔ کنفیوشس کے بعد کی صدیوں میں چینی فکر و نظر میں بڑی جان اور بڑی قوت تھی۔ ساری فضا ایسی مہذّب اور شائستہ تھی کہ عالموں کی بہت بڑی جماعت ملک میں موجود تھی جس کا کام ہی فنِ گفتار کو ترقی دینا تھا۔ چینی تاریخ بتاتی ہے کہ یکے بعد دیگرے پانچ چینی امیر عالموں کی سرپرستی کے لئے مشہور ہوتے ہیں۔ وہ سب کے سب اپنی سخاوت، اپنی دریادلی اور اپنی مہمان نوازی کے لئے ضرب المثل بن چکے ہیں۔ ان کے ڈیروں پر ہزارہا چینی علما رہا کرتے تھے، مثلاً چی بادشاہوں کے امیر منگ چانگ کے یہاں تین ہزار عالموں کا ڈیرا تھا "جو موتیوں سے جڑی ہوئی مطلا جوتیاں پہنتے تھے اور اس کے ہاں کھانا کھاتے تھے"۔ ان محلات میں رونق اور گفتگو کی گونج کتنی نہ ہوگی؟ ان کے علاوہ پیشہ ور اہلِ گفتار مصاحبین کی بھی ایک جماعت موجود تھی

کی تمنا، غریبوں کی فلاح وبہبود میں دلچسپی، ملک کے ساتھ شدید محبت، مثالیت پسندی، نصب العین کی لگن، امن پسندی اور بین الاقوامی خیرسگالی کے جذبات، حرص وہوس سے بیزاری، روپے اور شہرت سے کنارہ کشی کے اعلانات، غرض ہر اچھی بات ہوتی ہے لیکن ان بیانات سے ایسا تکلف اور تصنع ٹپکتا ہے کہ آپ ان سے بدکتے ہیں۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ یہ بیانات بہت ہی بنی سنوری اور سجی سجائی عورت کی طرح ہیں جس کے قریب پھٹکنا دشوار ہوتا ہے۔ اس کے برعکس جب ہم کوئی اچھا ادب پارہ پڑھتے ہیں یا عمدہ گفتگو کا مزہ اٹھاتے ہیں تو ہمیں ایسا محسوس ہوتا ہے کہ ہم نے کسی الھڑ دیہاتی دیہاتی لڑکی کو دیکھ لیا ہے۔ جو بڑی بے پروائی سے بال بکھیرے، آستین چڑھائے، دریا کے کنارے کپڑے دھو رہی ہے۔ جو اپنے الھڑپنے اور سادگی کے ساتھ بڑی اچھی اور پسندیدہ معلوم ہوتی ہے —— گویا اچھی گفتگو اور عمدہ مضمون دونوں میں جو سادہ دلکشی اور بے تکلفی ہوتی ہے وہی ان کی جان ہے۔

گفتگو کا مناسب طریقہ یہی ہوا کہ گفتگو بے تکلف اور آزاد ہو۔ گفتگو میں حصہ لینے والے اپنے آپ کو گفتگو کی رو میں کھو چکے ہوں، اس بات کو بھول چکے ہوں کہ وہ کیسا لباس پہنے ہیں، کیسے بولتے ہیں، کیسے کھنکارتے ہیں، بولتے وقت ہاتھ ہلاتے ہیں یا نہیں۔ انہیں اس بات کی بھی خبر نہیں ہونی چاہیے کہ گفتگو کہاں سے کہاں پہنچ رہی ہے —— اس کا مطلب یہ ہے کہ صحیح معنی میں لطفِ گفتگو اسی وقت حاصل ہو سکتا ہے جب ہم اپنے دلی دوستوں سے ملتے ہیں اور ان سے دل کی باتیں کہنے کے لئے تیار ہوتے ہیں۔ یہی بے تکلفی اور دل لگاؤ کی محفل ہوتی ہے۔ ایک دوست کھڑکی میں جما بیٹھا ہے تو دوسرے نے کرسی پر بیٹھ کر اپنی ٹانگیں پاس کی میز پر پھیلا رکھی ہیں۔ تیسرا فرش پر پھسکڑا مارے بیٹھا ہے، ٹیک اس

کہ بادشاہ کا ولی عہد کوئی نہیں۔ اگر تم مجھے وزیرِ اعظم کے حضور میں پیش کر دو تو میری رسائی بادشاہ تک ہو سکتی ہے۔ بھائی نے کہا: "وزیرِ اعظم بہت بڑے رتبے کے مالک ہیں۔ میری کیا مجال کہ اُن سے اِس مسئلے پر بات کر سکوں۔" بہن بولی: "تم وزیرِ اعظم کے حضور میں جاؤ اور پھر اُن سے فوراً گھر آنے کی اجازت مانگو۔ عذر یہ پیش کرو کہ گھر پر ایک بڑا معزز مہمان آیا ہے۔ وزیرِ اعظم پوچھیں گے کہ وہ معزز مہمان کون ہے؟ تم کہنا کہ میری ایک بہن ہے جس کے سلیقے کی تعریف سلطنتِ لُو کے وزیرِ اعظم نے سُنی۔ اب اُس نے ایک امیر کو بھیجا ہے کہ مجھ سے بہن کے رشتے کی خواستگاری کرے اور یہ کہ ابھی ابھی گھر سے ایک ملازم آکر اس مہمان کی آمد کی خبر دے گیا ہے — اِس بات کو سن کر ہمارے وزیرِ اعظم ضرور پوچھیں گے کہ تمھاری بہن کو کیا کچھ آتا ہے؟ تم کہنا کہ وہ ساز بجا سکتی ہے، لکھ سکتی ہے، پڑھ سکتی ہے اور علوم پر اُسے عبور حاصل ہے۔ اس طرح وزیرِ اعظم مجھے ضرور بلائیں گے۔

لی یُوآن نے اِسی طرح کرنے کا وعدہ کیا۔ اگلی صبح وزیرِ اعظم کے پاس حاضر ہو کر اس نے کہا: "جناب والا ابھی ابھی غریب خانے سے ایک نوکر نے یہ پیغام پہنچایا ہے کہ دور دیس سے ایک امیر مہمان آئے ہیں۔ مجھے اجازت مرحمت ہو کہ جا کر اُن کی تواضع کروں" — وزیرِ اعظم نے پوچھا: "دور دیس کا یہ امیر کون ہے بھائی؟" — لی نے جواب دیا: "میری ایک بہن ہے، سلطنتِ لُو کے وزیرِ اعظم نے اس کے کمال کا شہرہ سُنا اور ایک امیر کو پیغامبر بنا کر بھیجا ہے کہ وہ رشتے کی درخواست کرے۔" وزیرِ اعظم نے کہا: "میں بھی تمھاری بہن کو دیکھنا چاہتا ہوں۔ اُسے ہمارے حضور میں لی کے محل میں پیش کرو۔" بھائی نے آکر بہن کو بتایا کہ اگلی شام وزیرِ اعظم نے اُسے محل میں آنے کی دعوت دی ہے — بہن نے کہا۔ "تم بھی ضرور

جو گفتار کے ماہر تھے۔ ان لوگوں کو نازک حالات میں چین کی مختلف ریاستیں ملازم رکھتی تھیں اور یہ لوگ سفارتی نمائندوں کی حیثیت سے دشمن ریاستوں کو بھیجے جاتے تھے تاکہ ریاستوں کے باہمی تعلقات کو استوار کریں، کسی شہر کا محاصرہ کرنیوالی فوجوں کو محاصرہ اٹھا لینے پر راضی کر لیں، دو ریاستوں میں باہمی معاہدہ کرا دیں ــــ اور یہ گفتار کے غازی عام طور پر بڑے کامیاب ہوتے تھے کیونکہ ان کی خوش گفتاری، ظرافت، کہانیوں اور مثالوں کا ذخیرہ بے پناہ ہوتا تھا۔ ان میں کسی کو منانے اور آمادہ کرنے کی زبردست صلاحیت ہوا کرتی تھی۔ ان باکمالوں کی گفتگو اور ان کے دلائل ایک کتاب چان کُ یوت سیہ میں محفوظ ہیں ــــ بحث اور گفتگو کی ایسی ہی آزادا ور خوش مذاق فضا نے فلسفے کے بعض نامور ماہرین کو جنم دیا۔ ان میں یانگ چو بھی ہے جو اپنی تضحیک اور کلبیت کی بنا پر نامور تھا۔ انہی میں ہان فی زے ہے جو حقیقت پسندی کا بادشاہ ہے۔ انہی میں وہ زبردست مدبّر ین زے ہے جو اپنی خوش طبعی کے لئے بے مثال تھا۔

چین میں یہ زمانہ کوئی تیسری صدی قبلِ مسیح کے لگ بھگ کا ہے۔ اِس زمانے کی تہذیبی اور مجلسی زندگی کی ایک مثال ایک چینی عالم لی یو آن کی ہے جس نے اپنی باکمال بہن کو چو سلطنت کے وزیر اعظم کی خدمت میں پیش کیا اور پھر اِس مربیِّ علم وزیر نے اس لڑکی کو بادشاہ کے حضور تک پہنچایا۔ وہ کہانی کچھ اِس طرح کی ہے:

"بہت زمانہ گزرا کہ لی یو آن، شہنشاہ چو کے وزیر اعظم شہزادہ چن شن کے ہاں ایک صیغے میں ملازم تھا۔ لی یو آن کی ایک بہن تھی جس کا نام لُو ہو آن تھا، ایک دن بہن نے بھائی سے کہا: "میں نے سنا ہے

انسانیت عالیہ کے فن پارے وجود میں آتے ہیں۔ انسانی تہذیب کی تاریخ میں فنِ گفتار اور اچھی نثر لکھنے کا فن، دونوں کافی دیر میں رواج پائے کیونکہ ان دونوں فنوں کے لئے انسانی ذہن کی طراری اور چابک دستی کی ضرورت ہے، اور یہ صرف فراغت کی زندگی میں ممکن ہے ـــ مجھے خوب احساس ہے کہ آج کل کمیونسٹوں کے خیال کے مطابق، فراغت کی زندگی بسر کرنے کا مطلب یہ ہے کہ آپ اس قابلِ نفرت طبقے کے فرد ہیں جو آسودگی اور امیری کی زندگی بسر کرتا ہے، اس لئے آپ انقلاب دشمن ہیں۔ مگر مجھے یہ بھی یقین ہے کہ سچی اشتراکیت اور سچی اشتمالیت کا مقصد ہی یہ ہے کہ دنیا کا ہر فرد، فراغت کی زندگی بسر کرنے کے قابل بنا دیا جائے، اور فارغ البالی سب کا حصہ ہو ـــ اس لئے فراغت کی زندگی کا لطف اٹھانا کوئی جرم نہیں بلکہ ثقافت کی ترقی کا سارا دارومدار ہی اس بات پر ہے کہ فراغت سے موزوں اور مناسب فائدہ اٹھایا جائے اور فنِ گفتار ہی فراغت کے لمحوں سے موزوں اور مناسب فائدہ اٹھانے کی واحد صورت ہے۔ کاروباری لوگوں کو ایک لمحہ فراغت نصیب نہیں ہوتی۔ وہ دن بھر سخت مصروف رہتے ہیں اور شام کو کھانا کھاتے ہی بستر پر لیٹ کر گایوں بھینسوں کی طرح خراٹے لینے لگتے ہیں ـــ ان لوگوں سے ثقافت کی خدمت کی بھلا کیا امید ہو سکتی ہے ـــ

بعض اوقات یہ بھی ہوتا ہے کہ کسی کو فراغت کے لئے کوشش نہیں کرنی پڑتی بلکہ فراغت خواہ مخواہ اس پر "ٹھونس" دی جاتی ہے۔ مجبوری کی اس فراغت سے بھی اچھا ادب پیدا کیا گیا ہے۔ اگر ہم یہ دیکھیں کوئی اعلیٰ پائے کا ادیب جس میں بڑا جوہر موجود ہے اپنا وقت فضول پارٹیوں اور سوشل تقریبوں میں خراب کر رہا ہے یا سیاسی معاملوں پر مقالے لکھ لکھ کر اس جوہر کو برباد کر رہا ہے تو ہمیں

چلنا۔ جب میں وہاں پہنچوں تو استقبال کو موجود رہنا۔"
اگلی شام مقررہ وقت پر وزیر اعظم محل میں آئے اور نوہو آن سے ملنے کی خواہش ظاہر کی۔ اُسے حضور میں پیش کیا گیا ـــــ اور پھر سب نے بہت سی شراب پی، اور نوہو آن نے ساز بجا کر سنایا، اور وزیر اعظم گیت کے ختم ہونے سے پہلے ہی وجد میں آ گئے، اور . . . . . ."

اس زمانے کا معاشرتی پس منظر یہ ہے جو میں نے عرض کیا۔ اس فضا میں اہلِ کمال خواتین اور فارغ البال اہلِ علم پروان چڑھے اور انہی لوگوں نے چین میں نثر کی ترویج میں پہلا اہم اقدام کیا ـــــ اس زمانے کی خواتین فنِ گفتگو کی ماہر تھیں، لکھ اور پڑھ سکتی تھیں اور کسی نہ کسی ساز کے بجانے میں بھی مہارت رکھتی تھیں۔ ان میں وہ تمام مجلسی اور ادبی خوبیاں ہوتی تھیں جو مردوں اور عورتوں کی باہمی مجلسی زندگی کو خوش آئند بنا سکتی ہیں۔ یہ معاشرہ اور اس کی فضا امیرانہ تھی کیونکہ جیسا کہ اوپر لکھی ہوئی کہانی سے آپ نے اندازہ کیا ہوگا، وزیر اعظم کے سامنے باریابی بہت مشکل تھی۔ لیکن اسی وزیر اعظم نے جب یہ سنا کہ فلاں خاتون موسیقی میں درک رکھتی ہے اور پرانے علوم کی بھی ماہر ہے تو اُس نے بہ اصرارِ تمام اس خاتون سے ملاقات کی ـــــ یہ فراغت کی وہ زندگی ہے جو چین کے قدیم فلسفیوں اور مجلسی لوگوں نے بسر کی۔ ان قدیم چینی فلسفیوں کی کتابیں اس کے سوا کچھ نہیں کہ ان لوگوں نے باہم بحث مباحثہ کیا اور اسے بعد میں قلمبند کر لیا۔

یہ ثابت ہو چکا ہے کہ جس معاشرے کو فارغ البالی نصیب ہوگی اور جس کے پاس وقت کی فراوانی ہوگی، صرف اسی میں فنِ گفتار پیدا ہو سکتا ہے ـــــ
ـــــ یہ بھی ظاہر ہے کہ فنِ گفتار کے وجود ہی سے

" میرے سارے دوست اگر میرے گھر آئیں تو ان کی تعداد سو ہونی چاہیئے لیکن سب کے سب ایک دفعہ میں کم ہی آتے ہیں۔ مگر یہ بھی نہیں ہوتا کہ (بارش اور آندھی کے دنوں کو چھوڑ کر) کوئی میرے یہاں نہ آئے۔ اکثر دن چھ سات دوست آجاتے ہیں۔ یہ دوست آتے ہی پینا شروع نہیں کر دیتے۔ وہ آرام سے بیٹھ جاتے ہیں۔ اور جب جی چاہتا ہے شراب کا ایک آدھ گھونٹ پی لیتے ہیں اور جب جی چاہتا ہے نہیں پیتے کیونکہ وہ صحبت کا اصل لطف گفتگو کو سمجھتے ہیں، شراب کو نہیں۔ ہم لوگ آپس میں سیاسیات حاضرہ پر کوئی بات نہیں کرتے کیونکہ سیاسیات ہماری حد سے باہر ہے اور اس کی یہ بھی وجہ ہے کہ اس دور افتادہ مقام تک خبریں صحیح نہیں آتیں محض سنی سنائی افواہیں سی ہوتی ہیں اور افواہوں پر بات چیت کرنا بالکل بے فائدہ ہے۔ ہم لوگ آپس میں دوسروں کے عیوب پر بھی بات چیت نہیں کرتے کیونکہ لوگوں میں عیوب نہیں ہوتے، اور ہمیں کسی کی چغلی اور غیبت نہیں کرنی چاہیئے۔ ہم ایسی باتیں نہیں کرتے۔ جن سے کسی کو صدمہ پہنچے اس لئے ہماری باتوں سے کسی کو صدمہ نہیں ہوتا ۔۔۔۔ اس کے برعکس ہم یہ چاہتے ہیں کہ جو کچھ ہم کہیں لوگ اُسے سمجھیں مگر لوگ پھر بھی نہیں سمجھتے کیونکہ جن معاملوں پر ہم بات کرتے ہیں وہ انسان کے دل کی گہرائیوں سے تعلق رکھتے ہیں اور دنیا والوں کو اتنی فرصت کہاں کہ ایسی باتیں سُن سکیں ۔"

شیہ نے اپنی شاہکار کتاب اسی اسلوب اور اسی پیرائے میں انہی جذبات کے ساتھ لکھی ہے اور یہ کتاب صرف اس لئے لکھی جا سکی کہ مصنف

چاہئے کہ اُسے جیل میں بند کر دیں۔ یہ اُس پر بڑا احسان ہوگا کیونکہ ہمیں یاد رکھنا چاہئے کہ بادشاہ وین نے انسانی زندگی کے انقلابات پر فلسفے کی بہترین کتاب جیل میں لکھی تھی۔ اسی طرح سیما چی ان نے بھی چینی زبان کی بہترین تاریخ جیل ہی میں سپردِ قلم کی۔ یہ بھی ہوا ہے کہ ادیب سیاسی زندگی میں مات کھا گئے یا یہ کہ ان کے وقت میں ملک کے سیاسی حالات بے حد ابتر تھے اور انہوں نے اس سے کنارہ کشی کر کے بہترین ادب پیدا کیا — چینی تاریخ میں اس کی مثال منگولوں کا عہدِ حکومت ہے جس میں عظیم ڈرامہ نویس اور عظیم مصوّر پیدا ہوئے۔ مانچو خاندان نے جب چین فتح کیا تو ابتر سیاسی حالات ہی نے شیہ تاعو اور پاتا شان جن جیسے اعلیٰ پایے کے مصوّر پیدا کئے۔ یہ عظیم شخصیتیں حبِّ وطن کے جذبے سے سرشار تھیں کیونکہ غیر ملکی حکومت کے جوئے تلے اپنے ملک کو کچلا ہوا دیکھ رہی تھیں اور انہیں اپنی قومی ذلّت کا شدید احساس تھا اور اسی احساس نے انہیں آرٹ اور علم و ادب کے ساتھ ایسی الہامانہ شیفتگی کا سبق دیا۔ چین نے جو عظیم ترین مصوّر پیدا کئے ہیں شیہ تاعو اُن باکمالوں میں سے ہے مغرب میں اُسے کوئی نہیں جانتا اور اس کی وجہ یہ ہے کہ مانچو شہنشاہ ان فنکاروں کی ہرگز ہمت افزائی نہیں کرنی چاہتے تھے جو اُن کی حکومت سے کوئی ہمدردی نہیں رکھتے تھے۔ دوسرے عظیم ادیبوں کا بھی یہی حال ہے کہ وہ اعلیٰ سرکاری ملازمتوں کے شاہی امتحانوں میں کامیاب نہ ہو سکے اور اُنہوں نے اپنی تمام تر دماغی صلاحیتیں ادب کی خدمت کے لئے وقف کر دیں۔ اس کی مثال شیہ نیاآن اور پُولیوسین ہیں۔

شیہ نیاآن نے اپنے شاہکار "سب انسان بھائی بھائی ہیں" کے دیباچے میں دوستوں کی باہمی گفتار کے لطف کا بڑا خوبصورت نقشہ کھینچا ہے — وہ لکھتا ہے:

یا اسی قسم کی کوئی ناقابلِ فہم پکواس اس عظیم کتاب کا پیش خیمہ نہیں کیونکہ آج کل کی علمیت کا تقاضا تو یہی ہے کہ وہ بات کرو جو کسی کی سمجھ میں نہ آئے۔ اس کے برعکس یہ عظیم کتاب اس خوش آئند فقرے سے شروع ہوتی ہے کہ :

"کل میں گلاؤکو کے ساتھ پائی اُس گیا تاکہ دیوی کے سامنے
اپنا سر جھکاؤں۔ میں یہ بھی جاننا چاہتا تھا کہ دیوی کا جشن وہ لوگ کس
طرح مناتے ہیں کیونکہ وہ لوگ یہ جشن پہلی بار برپا کر رہے ہیں — !"

چینی فلسفے کے ابتدائی دور میں فضا ایسی ہی تھی کیونکہ اس وقت فکر و نظر دونوں صحت مند تھے۔ یونانی دانش و حکمت کی تصویر اس سے بے حد مشابہ ہے "ضیافت" والے مکالمے سے ظاہر ہوتا ہے کہ یونان کے مرد ایسی ہی صحت مند فضا میں جمع ہیں اور بحث کا موضوع یہ ہے کہ المیہ ڈراموں کے ایک عظیم مصنف کو طربیہ تمثیلوں کا بھی مصنف ہونا چاہیے یا نہیں — اس فضا میں سنجیدگی اور زندہ دلی حسنِ مذاق اور فقرے بازی دونوں آمیز ہیں۔ لوگ سقراط کے شراب پینے کا مذاق اڑا رہے ہیں مگر وہ ایک طرف بیٹھا ہے، جب چاہتا ہے قدح اٹھا کر چڑھا لیتا ہے اور جب چاہتا ہے شراب پینا بند کر دیتا ہے۔ جب چاہتا ہے صراحی سے پھر جام کو لبریز کر لیتا ہے۔ کسی سے کوئی تعرض نہیں کرتا، کسی کی پروا نہیں کرتا۔ اس طرح وہ رات بھر باتیں کرتا رہتا ہے اور ارسطو فینیس اور اگاتھان کے سوا حاضرین میں سے ہر شخص سو جاتا ہے جب باتیں کرتے کرتے وہ ہر شخص کو سلا دیتا ہے اور صرف وہی ایک بیدار رہ جاتا ہے تو وہ جشن سے اٹھ کر چلا جاتا ہے اور رلانی سی ام جا کر صبح کا غسل کرتا ہے اور سارا دن تازہ دم ہو کر گزارتا ہے۔ ملاحظہ کیجئے دوستانہ گفتگو کے ایسے ماحول میں یونان کا عظیم فلسفہ پیدا ہوا تھا۔

کے پاس لامحدود فراغت تھی۔

یونانی نثر کی ترویج اور اس کا ارتقا بھی فراغت کے ایسے ہی معاشرتی ماحول میں ہوا۔ یونانی فکر نے جو سلاست اور جزالت پائی ہے اور یونانی نثر میں جو روانی موجود ہے وہ تمام تر فنِ گفتار کی بدولت ہے۔ اس کا بڑا ثبوت افلاطون کے مکالمات کے عنوان سے ملتا ہے "ضیافت" والے مکالمے میں ہم دیکھتے ہیں کہ فرش پر چند اہلِ علم لیٹے ہیں اور شراب، پھلوں اور خوبصورت لڑکوں سے معمور فضا میں گفتار کا لطف اٹھا رہے ہیں۔ یونانیوں نے گفتار کے فن کو عروج تک پہنچایا تھا اسی لئے ان کے خیالات اتنے واضح اور ان کا اسلوب اتنا سلیس ہے۔ ذرا اس کا مقابلہ آج کے علمی اسلوب سے کیجئے جو مشکل پسندی اور الجھاؤ کو اونچی علمی باتوں کے لئے ضروری سمجھتا ہے اور مشکل اصطلاحوں کے بغیر بات نہیں کرتا۔ اصل میں یونانیوں نے فلسفے کو خوش مذاقی کے ساتھ آمیز کرنا سیکھ لیا تھا۔ اسی لئے یونانی فلسفیوں کی کتابوں میں گفتگو کا اتنا دلکش انداز ملتا ہے۔ گفتار کی یہ دلکش فضا، گفتار کے لئے یونانی فلسفیوں کی دلی تمنا، حسنِ گفتار کی قدر اور گفتار کے لئے عمدہ جگہ کا انتخاب، یہ سب کچھ بڑے خوبصورت انداز میں فیڈرس کے ابتدائیے میں بیان کیا گیا ہے۔ اور اسی سے ہمیں یونانی نثر کے ارتقا کا پس منظر معلوم ہوتا ہے۔

افلاطون کی کتاب "ریاست" بھی آج کل کی کسی "جدید" کتاب کے کسی اس طرح کے فقرے سے شروع نہیں ہوتی:

"انسانی تہذیب کے ارتقا کے مختلف مرحلوں پر نظر ڈالی جائے تو معلوم ہوگا کہ انسانی تہذیب، اختلافِ نوعی سے اتحادِ نوعی کی طرف ایک ارتقائے حرکی ہے . . ."

انگریز خواتین بھی ہیں جو معاشیات پر گھنٹوں بحث کر سکتی ہیں ۔ اور یہ وہ مضمون ہے جس کا مطالعہ کرنے کی ہمت مجھ میں تو پیدا ہی نہیں ہوئی ۔ خیر اگر ایسی خواتین معاشرے میں نہ بھی ہوں جو کارل مارکس اور فریڈرک اینگلز پر عالمانہ بحث کر سکیں ۔ پھر بھی محفل میں چند خواتین کی موجودگی سے گفتگو میں جان پیدا ہو جاتی ہے ۔ یہ خواتین اگر محض چپ چاپ باتوں کو سنتی ہی رہیں اور ان کے چہروں پر سوچ کے آثار ہویدا ہوں تو کافی ہے ۔ بیوقوف مردوں کی بہ نسبت ایسی خواتین سے بات کر کے مجھے تو بہت خوشی ہوتی ہے ۔

## ۴ ۔ چائے اور دوستی

میں سمجھتا ہوں کہ انسانی کلچر اور انسانی مسرت کے پیش نظر ، انسان کی تاریخ میں تمباکو نوشی ، شراب نوشی اور چائے نوشی سے بڑھ کر کوئی اہم ایجادات نہیں ہوئیں ۔ یہ تینوں چیزیں انسان کے لئے بے حد اہم ہیں ۔ اس کے فراغت کے لمحوں کا لطف انہی سے وابستہ ہے ۔ دوستی اور یار باشی ، ملنساری اور بے تکلفی ، ان سب کا مزہ انہی تینوں چیزوں کی بدولت ہے ـــــ تمباکو نوشی ، شراب نوشی اور چائے نوشی ، تینوں میں بہت سی باتیں مشترک ہیں ۔ پہلی بات تو یہ ہے کہ تینوں کی تینوں ملنساری اور معاشرتی تعلقات میں بہت ہاتھ بٹاتی ہیں ۔ دوسری بات یہ ہے کہ ان تینوں سے ہمارا پیٹ نہیں بھرتا جس طرح کھانے سے بھرتا ہے اور اس لئے کھانے کے وقتوں کے درمیان میں ان سے کام لیا جا سکتا ہے تیسری مشترک خوبی یہ ہے کہ تینوں کا مزہ نتھنوں کے ذریعے حاصل ہوتا ہے یعنی یہ ہماری قوت

یہ بات پوچھنے کی نہیں اس لئے عرض کر دوں کہ مجلسی گفتگو کے بائیز ماحول میں عورتوں کی موجودگی ضروری ہوتی ہے تاکہ گفتگو میں وہ شگفتگی اور لطف پیدا ہو جائے جو گفتگو کی جان ہے شگفتگی اور دل لگی کے بغیر بات چیت بڑی سنجیدہ اور بھاری بھرکم ہو جاتی ہے اور فلسفۂ زندگی سے دور ہو کر احمقانہ باتوں کا مجموعہ بن جاتا ہے۔ ہر ملک اور ہر زمانے میں یہ دیکھا گیا ہے کہ جب کبھی جینے کے قرینے اور زندگی بسر کرنے کے فن کے بارے میں کسی ثقافت کو دلچسپی پیدا ہوئی تو عورتوں کو بھی مجلسوں میں شریک کرنے کا رواج پیدا ہو گیا۔ پیری کلیز کے عہد میں یونان کے شہر ایتھنز میں بھی ہوا۔ اور پھر اسی کی مثال اٹھارھویں صدی کے فرانسیسی دیوان خانوں میں دیکھئے۔ چین میں عورتوں اور مردوں کی ملی جلی صحبتیں سخت ممنوع تھیں۔ پھر بھی چین کے اہل علم لوگ یہ مطالبہ کرتے تھے کہ عورتیں بھی مجلس میں شریک ہوں۔ یہ عورتیں بات چیت میں بھی حصہ لے سکتی تھیں۔ چین میں تین خاندانوں میں چن، شونگ اور منگ کے عہدِ حکومت میں ہی فنِ گفتگو کو زیادہ تر ترقی دی گئی تھی اور فنِ گفتگو ایک فیشن سا بن گیا تھا۔ ان زمانوں میں ہمیں سبہ تاؤ یون، چاؤ یون اور لیو جین ہیبہ جیسی باکمال خواتین ملتی ہیں۔ چینی مرد ہمیشہ سے یہ چاہتے ہیں کہ ان کی بیویاں باعصمت ہوں اور دوسرے مردوں سے میل جول نہ رکھیں۔ پھر بھی وہ ہمیشہ سے باکمال خواتین کی صحبت کے جویا رہے ہیں۔ چینی زبان کی تاریخ ادب اٹھا کر دیکھئے اس کا ڈیرے دار طوائفوں کی زندگی کے ساتھ کتنا گہرا تعلق ہے ــــــ چنانچہ گفتگو کے دوران میں محفل میں نسائی دل کشی اور دلنوازی کا مطالبہ ایک عالمگیر مطالبے کی حیثیت رکھتا ہے۔ اور خواتین اس فن میں کسی سے پیچھے نہیں ہوتیں۔ میں ایسی جرمن خواتین سے ملا ہوں جو پانچ بجے شام سے لے کر رات کے گیارہ بجے تک مسلسل باتیں کر سکتی ہیں۔ ایسی امریکی اور

کا لطف اٹھانے کا ایک مخصوص موڈ ہوتا ہے اور یہ موڈ غلط لوگوں کی موجودگی سے تباہ ہو سکتا ہے۔ اس لئے جو شخص زندگی بسر کرنے کے فن کا ماہر بننا چاہتا ہے یا جو شخص زندگی کے مزے لینے کا خواہشمند ہے اس کے لئے ابتدائی بات بلکہ اولین شرط یہ ہے کہ وہ اپنے ہم مذاق اور ہم مشرب دوستوں کی تلاش کرے۔ ان کی دوستی قائم رکھنے کے لئے اتنی جانکاہی اور کوشش کرے جتنی اچھی بیوی اپنے شوہر کو اپنا بنانے کے لئے کرتی ہے یا جس طرح شطرنج کا رسیا کسی دوسرے شاطر سے محض ملاقات کی خاطر ہزاروں میل کا سفر طے کرنے کی زحمت گوارا کرتا ہے!

گویا اصل چیز ماحول و فضا ہے۔ اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ ایک علم دوست شخص کے ماحولِ زندگی کو سمجھ لیں اور یہ بھی جان لیں کہ وہ فضا کیا ہوگی جس میں زندگی کے مزے اٹھائے جا سکتے ہیں۔ سب سے پہلی چیز تو وہ دوست ہیں جن کے ساتھ آپ زندگی کے مزے لیں گے۔ یہ لازمی ہے کہ مختلف قسم کی تفریحوں اور لذتوں کے لئے آپ مختلف قسم کے دوست انتخاب کریں۔ اگر آپ گھوڑے کی سواری کے لئے جائیں اور اپنے ساتھ ایک کتابی اور نہایت سنجیدہ قسم کے دوست کو لیجائیں تو یہ بڑی حماقت ہوگی۔ اسی طرح اگر موسیقی کا کوئی کانسرٹ سننے جائیں اور آپ کا ساتھی موسیقی سے بالکل نابلد ہو تو آپ کا سارا مزہ کرکرا ہو جائے گا۔ اسی لئے ایک چینی ادیب نے لکھا ہے:

"پھولوں کی شگفتگی کا لطف اٹھانے کے لئے فراخ دل دوست تلاش کرو۔ اگر ڈیرے دار طوائفوں کے کوٹھے پر جانا ہے تو اپنے لئے نہایت اعتدال پسند دوست ڈھونڈو۔ اونچے پہاڑوں پر چڑھنے کے لئے بڑے رومانی مزاج کے دوست ہونا ضروری ہیں۔ اگر کشتی کی سیر کو

شامہ پر براہِ راست اثر کرتی ہیں۔ ان کا اثر کلچر پر اتنا زبردست ہے کہ مغربی ملکوں میں گاڑیوں میں کھانے کے ڈبوں کے ساتھ تمباکو نوشی کے لئے بھی الگ ڈبے ہوتے ہیں، اور عام ہوٹلوں کے ساتھ شراب پینے کے ریستوران اور چائے خانے بھی عام ملتے ہیں۔ اس کے علاوہ چین اور انگلستان، دونوں ملکوں میں چائے نوشی ایک قومی عادت، ایک ملکی ادارے کی حیثیت رکھتی ہے۔

تمباکو، شراب اور چائے کا مزہ ایسی فضا میں حاصل ہو سکتا ہے جو فراغت اور اطمینان، دوستی اور بھائی چارے سے معمور ہو۔ جن لوگوں میں بھائی چارے اور برادری کا جذبہ ہو گا اور جو دوست بنانے میں بڑے محتاط ہوں گے اور جن کو خدا نے فراغت کی زندگی کی صحیح قدر بخشی ہو گی صرف وہی لوگ تمباکو، شراب اور چائے سے مزہ لینے کے اہل ہو سکتے ہیں۔ ان چیزوں کے لطف سے بھائی چارے اور ملنساری کا عنصر نکال دیجئے تو باقی کیا رہ جاتا ہے؟ — گویا ان چیزوں کا لطف مناسب لوگوں کی صحبت کے ساتھ وابستہ ہے۔ چاندنی کی سیر، برفباری کا نظارہ کرنا یا پھولوں کی شگفتگی سے لطف اٹھانا بھی اسی صورت میں ممکن ہے جب ہم مذاق اور ہم مشربی میسّر ہو۔ یہی حال ان تینوں کا ہے۔ فنِ زندگی کے ماہر چینی مفکروں نے محفل کی مناسبت پر اسی لئے بڑا زور دیا ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ فلاں قسم کے پھولوں سے خاص خاص قسم کے لوگوں کی صحبت میں لطف اٹھانا چاہیئے۔ ان کا قول ہے کہ خاص قسم کے قدرتی مناظر کا لطف صرف خاص قسم کی عورتوں کی معیت میں حاصل ہو سکتا ہے۔ وہ اصرار کرتے ہیں کہ اگر برستی بوندوں کے ساز و آواز سے پورا پورا لطف اٹھانا ہے تو اس کے لئے ضروری ہے کہ آپ ساون کے دن، پہاڑوں سے گھرے ہوئے ایک خاموش مندر میں اکیلے، بانس کی کھری چارپائی پر لیٹے ہوں۔ مختصر یہ کہ ہر چیز

بند کیا جاسکے اور گرما اور خزاں میں ہوا کے لئے کھولا جاسکے۔ وٹونگ
کے پیڑ کی خوبی یہ ہے کہ اس کے پتّے بہار اور سرما میں گرتے ہیں۔ اِس طرح
اِن موسموں میں دھوپ خوب آسکتی ہے۔ مگر گرما اور خزاں میں اس کی
چھاؤں مکان کو ٹھنڈا رکھ سکتی ہے۔"

ایک اور مصنّف نے مکان کا یہ نقشہ کھینچا ہے:

"مکان ایسا بنانا چاہیئے جس کی کئی شاخیں ہوں۔ اس کے گرد چمن درختوں کی
باڑ ہو، ایک برآمدہ ہو جس پر گھانس پھونس کی چھت ڈال دی جائے۔ باغ میں
بانس کے پیڑ، پھولوں کے پودے اور پھلوں کے درخت لگائے جائیں اور
باقی حصّے میں سبزیاں ترکاریاں بوئی جائیں۔ کمرے کی دیواریں آرائش سے
خالی ہوں۔ سبزیوں کی رکھوالی کے لئے ایک کسان بچّہ رکھا جائے، اچھی
کتابیں رکھی جائیں، ستار کا ساز ہو، شطرنج ہو تاکہ دوست آئیں تو محفل کا لطف
آئے ـــــ"

ایسے ماحول میں گھریلو پن ہوگا،" میرے گھر میں ہر تکلّف کو طاق پر رکھ دیا جائے گا
اور صرف وہی لوگ آسکیں گے جو میرے دلی دوست ہوں گے۔ ان کو میں وہی اچھا یا
معمولی کھانا کھلاؤں گا جو میں خود کھاتا ہوں۔ ہم باتیں کریں گے، ہنسیں بولیں گے
اور اپنے وجود تک کو فراموش کر دیں گے۔ ہم دوسرے لوگوں کی اچھائی برائی کی بات
نہیں کریں گے۔ اور دنیوی شان و شوکت یا دولت و حشمت سے بالکل بے نیاز
ہوں گے۔ فرصت کے لمحوں میں ہم قدیم اور جدید ادیبوں اور فلسفیوں کی باتیں کرینگے۔
اور سکون کے لمحوں میں پہاڑوں اور دریاؤں کے ساتھ جی بہلائیں گے۔ پھر ہم
ہلکی مصفّا چائے پئیں گے اور اس خوشگوار خلوت کو اچھی شراب سے گرمائیں گے۔

جاتا ہے تو ایسے دوست ساتھ ہونے چاہئیں جن کے مشرب وسیع اور دل آزاد ہوں۔ چاند کا سامنا کرنے کے لئے ایسے دوست چاہئیں جو ٹھنڈے فکر و نظر کے مالک ہوں۔ برفباری کا لطف اٹھانا مقصود ہے تو خوبصورت دوست بناؤ۔ اور مے نوشی کی محفل کے لئے ایسے دوست ہونے چاہئیں جن میں ذوق سلیم اور دلنوازی موجود ہو۔"

مختلف موقعوں پر مختلف قسم کی تفریحوں اور زندگی کی لذّتوں کا مزہ لینے کے لئے آپ نے مختلف قسم اور مزاج کے دوست چن لئے اور ان کی دوستی حاصل بھی کر لی —— اگلا مرحلہ یہ ہے کہ آپ مناسب ماحول تلاش کریں —— اس کے لئے یہ ضروری نہیں کہ آپ کا گھر دلہن کی طرح آراستہ ہو۔ صرف اتنا ہو کہ گھر خوبصورت جگہ واقع ہو تاکہ آس پاس کھیتوں میں جایا جا سکے یا دریا کے کنارے گھنے درختوں کے سائے میں آرام سے بیٹھا جا سکے۔ گھر کی اپنی ضروریات بہت سادہ ہیں۔ مثلاً ایک مکان کا نقشہ یہ ہے:

"گھر میں کئی کمرے ہوں اور اس کے اردگرد کھیت پھیلے ہوں۔ ایک چھوٹا سا تالاب بھی ہو۔ گھر کی کھڑکیاں (روشندان) ٹوٹے ہوئے مٹکوں کے خالی جوف سے بنی ہوں۔ منڈیریں کندھے تک بلند ہوں۔ فراغت کے لمحوں میں روئی کے گدّوں اور سبزی کی غذا کا لطف اٹھانے کے بعد روح اتنی وسیع، اتنی لطیف ہو جاتی ہے کہ ساری دنیا، کل کائنات اس کی پہنائی میں سما جاتی ہے۔ ایسے خاموش مکان کے لئے ضروری ہے کہ مکان کے سامنے، ولوٗ تنگ کے پیڑ ہوں اور عقب میں ہرے بانس کے جھنڈ۔ مکان کے جنوبی چھجے بڑھے ہوئے ہوں اور شمالی طرف چھوٹی کھڑکیاں ہوں جنہیں بہار اور سرما میں بارش اور ہواؤں سے بچنے کیلئے

نسیم سحر، صاف اور شفاف ہوتی ہے اور ان پتیوں پر شبنم کی بھینی باس باقی ہوتی ہے۔ اسی لئے چائے کا لطف ابھی تک شبنم کی طلسمی خوشبو اور لطافت کے ساتھ وابستہ کیا جاتا ہے۔ تاؤ فلسفے کی تعلیم ہے کہ فطرت کے ساتھ ہم آہنگ رہنا چاہیئے اور یہ کہ کائنات کی زندگی اور بقا، نر اور مادہ قوتوں کے باہمی ملاپ پر منحصر ہے۔ اسی فلسفے کے مطابق شبنم "آسمان اور زمین کا جوہر" قرار پاتی ہے کیونکہ رات کو یہ دو قوتیں (زمین و آسمان) مل جاتی ہیں۔ چنانچہ یہ خیال عام ہے کہ شبنم ایک طلسماتی غذا ہے۔ جو بڑی لطیف، بڑی شفاف اور بڑی ہلکی ہے۔ اور جو شخص یا جو حیوان کافی مقدار میں اس شبنم کو پی لے وہ اَمر ہو سکتا ہے۔ انگریز مصنف ٹامس ڈی کوِنسی نے تو یہ کہا تھا کہ "چائے اہلِ دماغ لوگوں کا محبوب مشروب رہے گی۔" لیکن چینی اس سے بھی آگے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ چائے کا تعلق اس عالی دماغ صاحب کمال کے ساتھ لازم ہے جو دنیا سے الگ تھلگ گوشہ نشین ہو!

اس اعتبار سے چائے ذہنی پاکیزگی کی زندہ علامت بن جاتی ہے۔ اس کے لئے یہ لازمی شرط ہے کہ اس کی تیاری میں بڑی زبردست صفائی اور پاکیزگی سے کام لیا جائے۔ ٹہنیوں سے چائے کی پتیوں کے چُننے، اِن پتیوں کو مناسب گرمی میں پکانے اور پھر انہیں ڈبوں میں بند کرنے سے لے کر چائے کا رنگ نکالنے اور چائے پینے تک، اگر کسی مرحلے پر بھی انتہائی صفائی سے کام نہ لیا گیا تو چائے برباد ہو جائے گی۔ اگر کسی مرحلے پر بھی ناصاف چکنے ہاتھوں یا چکنے پیالوں کو چائے کے قریب لایا گیا تو چائے، چائے نہیں رہے گی۔ چنانچہ چائے کا لطف ایسے ماحول ہی میں آ سکتا ہے جو عیش و عشرت کے شائبے سے پاک اور منزہ ہو اور جہاں خیالات بھی بالکل مطہر اور پاکیزہ ہوں۔ کیونکہ اگر آپ کو کسی طوائف کے ساتھ

یہ ہے دوستی کے بارے میں میرا نظریہ۔"

اس خوشگوار فضا میں ہم اپنے حواس کو آسودہ کرسکتے ہیں۔ اسی سے رنگ، مشام اور آواز کی حس آسودگی حاصل کرتی ہے۔ گویا تمباکو اور کچھ پینا دونوں مزے لینے کے لئے ضروری ہیں۔ اور اس ماحول میں بقول شخصے: "ہم چاندنی رات میں عود وعنبر جلاتے ہیں اور کسی قدیم ساز پر کوئی راگنی بجاتے ہیں۔ آن کی آن میں ہمارے سینوں سے غموں کا بوجھ اتر جاتا ہے۔ ساری احمقانہ خواہشیں اور بڑائی کی فضول امنگیں رخصت ہو جاتی ہیں۔" پھر ہم پوچھتے ہیں "اس خوشبو کی ماہیت کیا ہے؟ اس کے دھوئیں کا رنگ کیسا ہے؟ اور کھڑکیوں کی جھلملیوں سے وہ سایہ سا کیسا گزرتا جا رہا ہے؟ میری انگلیوں کی پوروں میں سے کیسی آواز چھن چھن کر آرہی ہے؟ یہ لطف، یہ مسرت، کیا ہے جس نے ہمارے دلوں کو چونچال کر دیا ہے اور دنیا کی ہر چیز ہمیں بھلادی ہے؟ — اور اس لامحدود کائنات کی حقیقت کیا ہے؟"

روح کی اس طہارت اور دل کے اس سکون کے بعد مناسب دوستوں کی محفل میں، انسان چائے کا لطف اٹھانے کے قابل بنتا ہے۔ چائے پر سکون محفلوں کے لئے ہی ایجاد کی گئی تھی۔ ویسے ہی جیسے شراب ہنگامہ پرور محلبوں کے لئے ایجاد ہوئی تھی —— چائے کی خاصیت میں یہ بات رکھی گئی ہے کہ وہ ہمیں زندگی کے بارے میں پرسکون غور وفکر پر مائل کرتی ہے۔ اگر آس پاس رہنے بچوں کا غل غپاڑا ہو یا عورتوں نے شور مچا رکھا ہو یا سیاسی ہنگامہ آراؤں نے بک بک لگا رکھی ہو تو چائے پینے کا سارا لطف تباہ ہو جاتا ہے۔ یہ بات اتنی ہی خطرناک ہے جتنی کہ برستی بارش میں یا ابر آلود دن میں چائے کی پتیاں کھیتوں سے چنی جائیں۔ چائے کی پتیاں صاف دنوں میں علی الصبح چُنی جاتی ہیں۔ جب پہاڑوں کی ڈھلانوں اور چوٹیوں پہ

یہ بھی ضروری ہے کہ محفل محدود اور مخصوص ہو کیونکہ یہ لکھا ہے کہ "چائے پینے کے لئے یہ ضروری ہے کہ مہمان بہت کم ہوں۔ مہمان زیادہ ہوں گے تو شور زیادہ ہوگا اور شور سے چائے کی لطافت اور دلنوازی جاتی رہے گی۔ اکیلے چائے پینے کو "گوشہ گیری" کہا جاتا ہے۔ دو آدمی پئیں تو اُسے "پُر سکون" قرار دیا جائے گا۔ تین چار کی محفل میں چائے کا دور چلے تو اُسے ایک "دلنواز" شے قرار دیا جائے گا۔ پانچ چھ اشخاص کے ساتھ چائے پینے کو "عامیانہ" کہا جائے گا۔ اور سات آٹھ آدمیوں کے ساتھ چائے پینے کو تحقیر کے لہجے میں "فیاضی برتنا" قرار دیا جائے گا۔"

ایک اور مصنّف کا قول ہے کہ "بڑی سی چائے دانی سے پیالہ در پیالہ انڈیلنا اور سارا پیالہ غٹا غٹ ایک گھونٹ میں خالی کر دینا یا چائے کو پھر تھوڑی دیر بعد گرم کرنا، یا بہت تیز چائے بنوانا کسانوں اور مزدوروں کا شیوہ ہے۔ جو محنت کے بعد اپنا پیٹ بھر لینے کے لئے چائے پیا کرتے ہیں۔ اس صورت میں چائے کا ذائقہ اور اس کی خوشبو تلاش کرنا لاحاصل ہے ۔۔۔"

چینی مصنّفوں نے چائے بنانے میں بڑی صحت اور صفائی پر زور دیا ہے۔ اسی لئے وہ مُصر رہتے ہیں کہ چائے دَم کرنے میں ذاتی توجہ دینی چاہیئے۔ اگر اس میں کوئی زحمت ہو تو پھر ملازم لڑکوں کو خاص طور پر چائے دم کرنے کی تربیت دینی چاہیئے۔ چائے عام طور پر باورچی خانے سے دُور کسی کمرے میں یا باہر الگ چولھے پر اُبالی جاتی ہے۔ ملازم لڑکوں کو چائے بنانے کی تعلیم آقا کو خود دینی چاہیئے۔ اُنہیں لازم ہے کہ صفائی کا خاص خیال رکھیں۔ پیالیوں کو ہر صبح اچھی طرح دھوئیں (صرف تولیے سے صاف نہ کر دیں) اپنے ہاتھ دن میں کئی بار دھوتے رہیں اور اپنے ناخن صاف رکھیں۔" اگر تین مہمان ہوں تو ایک ہی چولھا کافی ہوگا۔ اگر مہمانوں کی تعداد پانچ چھ

رنگ رلیاں منافی ہیں تو آپ کی رفیقِ بزم چائے نہیں شراب ہوگی اور جب کوئی طوائف اِس قابل ہو جائے کہ اس کے پاس بیٹھ کر انسان چائے پی سکے تو وہ طوائف نہیں رہے گی۔ وہ اس طبقے کی فرد بن جائے گی جسے چینی شاعروں اور عالموں نے اتنا اچھا سمجھا ہے۔ سوتنگ پو نے ایک بار چائے کو ایک معصوم دوشیزہ سے تشبیہ دی تھی۔ مگر بعد کے ایک نقاد تی ان یی ہنگ نے کہا کہ اگر چائے کو کسی عورت ہی سے تشبیہ دینی ہے تو اُسے ماکو پری کے ساتھ نسبت دینی چاہئے اور یہ کہ "چمپئی رنگ اور لچکتی ہوئی کمر والی نازنینوں کو حریری پردوں والے بستروں کی زینت رہنے دیجئے۔ انہیں، چٹانوں اور چشموں کو چھونے کیوں دیتے ہیں؟" — اس نے یہ بھی کہا تھا کہ "دنیا کے شور و شغب کو بھولنے کے لئے چائے پینی چاہئے۔ چائے ان لوگوں کے لئے نہیں جو مرغن غذائیں کھاتے ہیں اور ریشمی کپڑے پہنتے ہیں۔"

چائے کے بارے میں مشہور کتاب قدیم چا، لو میں لکھا ہے کہ چائے کا مزہ لینے کا راز یہ ہے کہ اس کے رنگ، اس کی باس اور اس کی خوشبو سے حظ اٹھایا جائے — اور چائے تیار کرنے کے تین اصول لطافت، خشکی اور صفائی ہیں" — چائے کی ان خوبیوں کو پہچاننے اور ان سے حظ اٹھانے کے لئے سکون ضروری چیز ہے اور یہ اسی کو سزاوار ہے جو "دنیا کی گرمیٔ ہنگامہ کو ٹھنڈے دل سے دیکھ سکے" — سونگ خاندان کے عہدِ حکومت سے لے کر آج تک چائے کے ماہرین کا یہ خیال رہا ہے کہ ہلکی پیلی چائے کا پیالہ بہترین ہوتا ہے۔ اس کی باس اتنی نازک اور لطیف ہوتی ہے کہ پینے والا اگر خیالات میں کھویا ہو یا آس پاس لڑائی کا غل مچ رہا ہو یا نوکر آپس میں جھگڑ رہے ہوں تو اُسے یہ باس بالکل محسوس نہیں ہوگی یہاں تک کہ اگر یہ چائے کوئی بدصورت خادمہ پیش کرے تو بھی یہ باس بالکل محسوس نہیں ہوگی۔

کی طرف دیکھتا ہے۔ ان بخارات کو دیکھتا ہے جو اس ٹونٹی سے نکلیں گے پس اس "تیسرے اُبال" سے ذرا پہلے جب پانی اُبلتی ہوئی لہروں کی طرح کیتلی میں کھولنے لگے گا، وہ کیتلی کو آگ سے اتارے گا اور چائے دانی کو اندر اور باہر دونوں طرف سے کھولتے ہوئے پانی سے دھو ڈالے گا پھر فوراً پتیوں کی مناسب مقدار اس میں ڈالکر پانی ڈالے گا اور چائے کا رنگ تیار ہو جائے گا ــــ اس قسم کی چائے کا قوام بہت گاڑھا ہوتا ہے۔ چھوٹی سی چائے دانی میں مشکل سے ننھی منی چار پیالیوں کی گنجائش ہوتی ہے۔ لیکن اس چائے دانی کا تیسرا حصّہ چائے کی پتّیوں سے بھرا ہوتا ہے چونکہ چائے کی پتّی زیادہ ڈالی جاتی ہے اس لئے چائے فوراً پیالیوں میں ڈال دی جاتی ہے اور فوراً پینی شروع کر دی جاتی ہے ــ یہ چائے ختم ہو جاتی ہے تو کیتلی میں تازہ پانی ڈال کر اسے پھر آگ پر رکھ دیا جاتا ہے تاکہ دوسری بار چائے تیار کی جا سکے۔ اصل میں چائے کی اِس دوسری کشید، اس دو آتشہ کو بہترین چائے سمجھا جاتا ہے۔ پہلی کشید کو سیزدہ سالہ لڑکی سے تشبیہ دی جاتی ہے۔ مگر دوسری کشید کو سولہ برس کی میٹھی عمر کی دوشیزہ کہا جاتا ہے اور تیسری کشید کو پوری عورت کے مشابہ قرار دیا جاتا ہے ــــ ویسے اہلِ ذوق اس بات کی اجازت نہیں دیتے کہ انہی پتّیوں سے تیسری بار بھی چائے کشید کی جائے۔ مگر آخر "عورت" (تیسری کشید) کے ساتھ بھی تو لوگ زندگی بسر کرتے ہی ہیں۔

چائے تیار کرنے کا جو طریقہ میں نے اوپر بیان کیا ہے اس کا رواج میرے صوبے میں ہے۔ شمالی چین میں تو یہ فن کسی کو نہیں آتا۔ ویسے عام طور پر چین میں بڑی بڑی چائے دانیاں استعمال کی جاتی ہیں اور چائے کا عمدہ رنگ وہ سمجھا جاتا ہے جو نہایت صاف زردی مائل سنہری ہو۔ انگریزی چائے کی طرح بے رنگ

یک ہو تو دو الگ الگ چولھے اور کیتلیاں درکار ہوں گی اور دونوں چولھوں پر الگ الگ ملازم چائے کے دم ہونے کا خیال رکھیں گے۔ کیونکہ اگر ایک ہی کو دونوں طرف دھیان دینا پڑا تو دیر بھی ہوگی اور کچھ نہ کچھ گڑبڑ بھی ضرور ہوگی۔"

تاہم چائے کے رسیا، خود چائے بنانے میں بڑی خوشی محسوس کرتے ہیں۔ سچ پوچھئے تو چائے کا آدھا مزہ اس کی تیاری میں ہے۔ جس طرح تربوز اور خربوزے کے بیج کھانے کا آدھا مزہ یہ ہے کہ انہیں دانتوں میں توڑا جائے۔

عام طور پر چائے کا چولھا کھڑکی کے سامنے رکھا جاتا ہے۔ اس میں خوب سرخ کوئلے ہوتے ہیں۔ میزبان جب کوئلے دہکاتا ہے اور کیتلی سے ہلکی ہلکی بھاپ نکلنے لگتی ہے تو بڑی اہمیت محسوس کرتا ہے۔ بڑے سلیقے سے وہ چھوٹی سی چائے دانی اور چائے کے چار ننھے ننھے پیالے ٹرے میں رکھتا ہے۔ یہ پیالے کافی کے پیالوں سے کچھ چھوٹے ہوتے ہیں۔ چائے کی پتیوں کا مرتبان، اس ٹرے کے قریب ترتیب سے رکھتا ہے اور اس دوران میں مہمانوں سے کچھ باتیں بھی کرتا جاتا ہے لیکن اتنی باتیں نہیں کہ وہ اپنے فرض کو فراموش کر دے۔ پھر مڑ کر چولھے کی طرف دیکھتا ہے اور جب کیتلی میں پانی سوں سوں کرنے لگتا ہے تو پھر چولھے کے پاس سے نہیں ہٹتا بلکہ کوئلوں کو برابر دہکاتا رہتا ہے۔ کیتلی کا ڈھکنا اٹھا کر دیکھتا ہے کہ پانی کی تہ میں ننھے ننھے بلبلے ابھر رہے ہیں، وہ بلبلے جنہیں اصطلاح میں "چشمِ ماہی" کہا جاتا ہے۔ وہ کیتلی کو پھر سے ڈھک دیتا ہے — یہ پانی کا "پہلا ابال" ہے۔ پھر وہ کان لگا کر سنتا ہے کہ پانی کی سوں سوں بڑھ کر ہلکی سی گڑگڑاہٹ بن گئی ہے اور ننھے ننھے بلبلے اب کیتلی کے چاروں طرف ابھر رہے ہیں۔ اسے اصطلاح میں "دوسرا ابال" کہتے ہیں — یہی وہ مرحلہ ہے جس پر وہ بڑی احتیاط سے کیتلی کی ٹونٹی

چائے کے پیچھے یاروں کو چائے کی تیاری اور سازوسامان میں اتنا لطف ملتا ہے کہ وہ صرف اسی کے لئے جیتے ہیں۔ اسکی مشہور مثال سائی سیا نگ کی ہے جو بڑھاپے کی وجہ سے خود چائے نہیں پی سکتا تھا لیکن عادت سے مجبور ہر روز اسی طرح چائے تیار کرتا تھا۔ ایک اور باذوق عالم چاؤ دین فو صبح سے شام تک مقررہ وقت پر چھ بار چائے بناتا تھا اور پیتا تھا۔ اسے اپنی چائے دانی سے اتنی محبت تھی کہ مرنے کے بعد اس کی وصیت کے مطابق یہ اس کے ساتھ دفن کی گئی۔

گویا چائے کا مزہ پینے کا فن اور اس کی ترکیب یہ قرار پائی کہ:۔

**اوّل** ۔ چائے بڑی نازک چیز ہے۔ اس کی باس اور مزے کے کسی بھی چیز سے آلودہ ہوجانے یا خراب ہونے کا سخت خطرہ ہوتا ہے۔ اس لئے چائے کی تیاری میں ہر مرحلے پر ہر ممکن صفائی سے کام لیا جائے۔ چائے کی پتی کو شراب، خوشبو اور دوسری باس والی چیزوں سے دور رکھا جائے۔ ان لوگوں کو چائے کی پتّی کو چھونے نہ دیا جائے جو ایسی چیزوں میں ہاتھ ڈالتے رہتے ہیں۔

**دوم** ۔ چائے کی پتّی کو خشک اور ٹھنڈی جگہ رکھئے۔ مرطوب موسم میں استعمال کی تھوڑی سی مقدار تو چھوٹے چھوٹے ڈبوں میں رکھی جائے اور باقی ذخیرہ بڑے بڑے بند مرتبانوں میں رکھا جائے جنہیں اشد ضرورت کے بغیر کبھی نہ کھولا جائے۔ اگر چائے کی ساری پتی مرطوب ہو کر سیل جائے تو اسے ہلکی آگ پر دھیرے دھیرے بھون لیا جائے یا پھر برتن میں پھیلا کر اسے پنکھے کی ہوا دی جائے تاکہ پتّی بدرنگ اور بدہیئت نہ ہوجائے۔

**سوم** ۔ اچھی چائے بنانے کا آدھا دارومدار اس بات پر ہے کہ اُبالنے کے لئے عمدہ اور ستھرا پانی لیا جائے۔ اس سلسلے میں پہاڑی چشموں کا پانی سب سے عمدہ

کبھی گہرا بھورا یا گہرا قرمزی نہیں ہوتا۔

یہ یاد رہے کہ چائے بنانے اور پینے کا جو طریقہ میں نے اوپر عرض کیا ہے وہ صرف اہلِ ذوق کے لئے مخصوص ہے۔ دکاندار اس طرح چائے بنا کر نہیں بیچتے۔ اس کے علاوہ عام لوگوں سے بھی ایسی نفاستوں کی امید نہیں کی جاسکتی۔ نہ یہ شرائط ایسی صورت میں پوری ہوسکتی ہیں جب چائے منوں کے حساب سے استعمال کی جاتی ہو۔ اسی لئے چار آسو کے مصنف سی ایس سنّو نے کہا ہے: "جب بہت بڑی پارٹی ہو اور مہمان آ رہے ہوں تو انہیں صرف شراب پلائی جاسکتی ہے۔ جن لوگوں سے نئی نئی ملاقات ہو یا جو لوگ عام ملنے والے ہوں انہیں ہلکی قسم کی چائے پلانی چاہئے۔ اصل چائے کا موقع صرف اس وقت ہوتا ہے جب دلی دوستوں کی محفل ہو، ہم مذاقی اور ہم مشربی نے رنگ جمایا ہو، سب لوگ خوش و خرّم ہوں اور نہایت اچھی اچھی باتیں ہو رہی ہوں۔ اس وقت ہمیں ملازم سے کہنا چاہئے کہ آگ روشن کرے اور تازہ پانی کیتلی میں رکھے، اور پھر یہ دیکھا جائے کہ حاضرین کا لحاظ رکھتے ہوئے کتنی پیالیاں اور کتنی چائے دانیاں چاہئیں اور کتنے چولھوں پر چائے دم کی جائے"—— چائے کی ایسی ہی محفل کا ذکر ایک اور جگہ یوں ملتا ہے، "رات کا وقت ہے اور ہم ایک پہاڑی بنگلے میں بیٹھے ہوئے ہیں۔ چولھے پر پہاڑی چشمے کا پانی چائے کے لئے اُبالا جا رہا ہے۔ آگ پانی کو گرم کرنے کے لئے جب بڑھتی ہے تو ایسی ہی آواز پیدا ہوتی ہے جیسے دیودار کے درختوں میں ہلکی ہوا کی سرسراہٹیں ہوں۔ ہم چائے پیالیوں میں ڈالتے ہیں اور اس کی ہلکی تابانی چاروں طرف پھیلتی ہے —— ایسے لمحوں میں دل کو جو آنند ملتا ہے اُسے عام آدمیوں کے ساتھ کسی طرح بانٹا ہی نہیں جاسکتا۔"

چینیوں کا عام دستور ہے کہ کسی چیز کا لطف اٹھانے کے مناسب موقع محل کا تعین کر دیتے ہیں اور اس ماحول کا بھی تعین کرتے ہیں جس میں اس چیز سے مزہ لیا جائے۔ اس سلسلے میں چائے پر ایک عمدہ رسالے چی آمتو میں یوں لکھا ہے:

(ا) چائے کب پینی چاہئے . . . .

جب دل خالی ہو اور ہاتھ بیکار ہوں ،

جب آپ شعر پڑھتے پڑھتے تھک جائیں ،

جب خیالات پریشان ہوں ،

جب گیت اور گانے سُنے جا رہے ہوں ،

جب ایک گیت مکمل کیا جائے ،

جب کوئی شخص تعطیل کے دن گھر میں بند رہے ،

جب آپ ساز بجا رہے ہوں اور تصویریں دیکھ رہے ہوں ،

جب آپ بھیگتی رات ، گفتگو میں محو ہوں ،

جب آپ ایک روشن دریچے کے سامنے ایک صاف میز پر بیٹھے ہوں ،

جب آپ دلنواز دوستوں اور نازک جسموں والی نازنینوں کے جھرمٹ میں ہوں ،

جب آپ دوستوں کے ساتھ کہیں سے واپس آئیں ،

جب دن صاف ہو اور ہوا ہلکی ہو ،

جب بہت ہلکی پھواریں پڑ رہی ہوں ،

جب آپ ایک مرصع بجرے میں ایک چھوٹے سے چوبی پل کے پاس ہوں ،

ہوتا ہے۔ دوسرے نمبر پر دریا کا پانی ہے۔ تیسرے درجے پر کنوئیں کا پانی ہے۔ پانی کے نلوں کا پانی اگر تالابوں سے آتا ہو تو اسے بھی اچھا سمجھنا چاہئے کیونکہ یہ بھی اصل میں پہاڑوں سے آتا ہے۔

چہارم۔ چائے کے نادر پیالوں کا مزہ اٹھانے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ایک وقت میں بہت سے دوست جمع نہ ہوں اور جو دوست موجود ہوں وہ خاموش طبع اور سنجیدہ طبیعت کے ہوں۔

پنجم۔ چائے کا مناسب رنگ عام طور پر پیلا سنہری ہؤا کرتا ہے۔ گہری بھوری یا گہری قرمزی چائے کو دودھ ملا کر پینا چاہیئے یا اس میں لیموں کا عرق ملا دیا جائے یا اس میں کچھ پیپر منٹ ڈال کر پیا جائے تاکہ اس کا کڑوا کسیلا ذائقہ کچھ ٹھیک ہو جائے۔

ششم۔ بہترین چائے وہ ہے جس کی باس اور ذائقہ پینے کے ایک آدھ منٹ بعد ہی کام و دہن کو سرشار کرنا شروع کر دیں۔

ہفتم۔ چائے ہمیشہ تازہ بنا کر پینی چاہیئے اور اسے فوراً پی لینا چاہیئے۔ اور اگر کشید کو کافی دیر گزر چکی ہو تو اسے چائے دانی میں زیادہ عرصہ نہ رکھنا چاہیئے۔ اچھی چائے کی یہ ضروری شرط ہے۔

ہشتم۔ چائے، پانی کو اُبال کے درجے تک لا کر بنانی چاہیئے۔

نہم۔ چائے میں کسی چیز کی ملاوٹ سخت ممنوع ہے۔ ان لوگوں کے لئے البتہ کچھ رعایت کی جا سکتی ہے جو چائے کی باس کے علاوہ کسی اور باس کے بھی شیدائی ہوں، مثلاً اس میں چنبیلی وغیرہ کی خوشبو چاہتے ہوں۔

دہم۔ چائے کی بہترین باس وہ ہے جسے "بچے کے جسم" کی خوشبو کہا جاتا ہے۔

پیتل کے چمچے،

پیتل کی کیتلیاں،

پانی کے لئے لکڑی کی بالٹی،

پانی اُبالنے کے لئے لکڑیاں نہ جلائیں (تاکہ دھوآں نہ لگ جائے)

کچے کوئلے؛

بدتمیز نوکر،

پھوہڑ اور بدمزاج خادمہ،

گندی صافی،

ہر قسم کے عطریات اور دوائیں؛

(۴) کن چیزوں اور کن جگہوں سے الگ رہنا چاہیئے:

مرطوب کمرے،

باورچی خانے،

پُرشور بازار اور گلیاں؛

روتے جھینکتے بچے؛

جوشیلے اور غصّہ ور لوگ،

جھگڑالو نوکر؛

گرم کمرے،

## ۵۔ تمباکو اور خوشبو

دنیا آج کل تمباکو نوشوں اور تمباکو نہ پینے والوں میں بٹی ہوئی ہے۔ یہ تسلیم کرتمباکو

جب آپ ایسے جنگل میں ہوں جس میں اونچے بانسوں کے ہرے جھنڈ ہوں،
جب آپ گرما کے ایک دن، ایسے بنگلے میں بیٹھے ہوں جہاں سے
کنول کے پھول نظر آتے ہوں،
جب دعوت ختم ہو جائے اور مہمان جا چکیں،
جب بچے سکول جا چکے ہوں؛
جب آپ نہایت خاموش اور تنہا مندر میں ہوں،
جب آپ مشہور چشموں اور عجیب و غریب قسم کی چٹانوں کے پاس
بیٹھے ہوں،

(۲) چائے کب نہیں پینی چاہئے ــــ
کام کے وقت،
ڈرامہ دیکھتے وقت،
خط کھولتے ہوئے،
سخت بارش اور برفباری کے وقت،
شراب نوشی کی ایک طویل محفل میں جہاں بہت سے لوگ ہوں،
کاغذات اور کتابیں دیکھتے وقت،
مصروف دنوں میں،
عام طور پر ان حالات میں، جو ہ ا کے بیان کردہ شرائط کے خلاف ہوں،

(۳) چائے کے سلسلے میں کن باتوں سے پرہیز لازمی ہے؛
بُرا پانی،
بُرے اور گندے برتن،

جو لوگ اس دنیا میں بالکل غیر جذباتی اور غیر شاعرانہ دل و دماغ کے مالک ہیں اور نہایت پارسا اور بڑے متقی ہیں وہ تمباکو نوشی کے اخلاقی اور روحانی فوائد سے کبھی آگاہ نہیں ہو سکتے۔ عام طور پر تمباکو نوشوں کے اخلاقی پہلو پر ہی حملہ کیا جاتا ہے۔ اس لئے میں تمباکو نوشوں کے اخلاق کے بارے میں سب سے پہلے عرض کر دوں کہ مجموعی طور پر ان کی اخلاقی حالت تمباکو نہ پینے والوں سے کہیں بہتر ہوتی ہے۔ مجھے تو وہ آدمی بڑا پسند ہے جس کے منہ میں پائپ دبا ہوا ہو اور وہ آرام سے اسے پی رہا ہو۔ ایسا آدمی عام طور پر زیادہ یار باش، زیادہ ملنسار ہوتا ہے۔ اس کے پاس دوسروں کو بتانے کیلئے باتیں زیادہ ہوتی ہیں بعض دفعہ وہ باتیں بھی نہایت اچھی کرتا ہے اور اسے دیکھ کر یہ احساس تو ضرور ہو جاتا ہے کہ وہ بھی میری طرح کا ایک آدمی ہے۔ پائپ کے سلسلے میں انگریز ناول نگار تھیکرے کا قول لکھ رکھنے کے قابل ہے کہ "پائپ، فلسفی کے لبوں سے حکمت و دانش حاصل کرتا ہے اور احمق کے ہونٹ سی دیتا ہے۔ پائپ ایسی گفتگو کو ترویج دیتا ہے جو مفکرانہ، خیال انگیز، وسیع النظر اور تکلف یا تصنع سے بالکل عاری ہوا کرتی ہے۔"

آپ کہہ سکتے ہیں کہ تمباکو نوش کے ناخن عام طور پر صاف نہیں ہوتے مگر یہ کوئی بات نہیں، اس کا دل زیادہ اچھا ہوتا ہے اور پھر اس کی گفتگو بقولِ تھیکرے "خیال انگیز اور اس کی نظر وسیع، اس کی باتیں تکلف اور تصنع سے عاری ہوتی ہیں۔ یہ بہت بڑی چیز ہے اور ان سے مزہ لینے کے لئے اگر کچھ زیادہ قیمت بھی ادا کرنی پڑے تو مضایقہ نہیں — سب سے اہم بات یہ ہے کہ پائپ پیتا ہوا شخص ہمیشہ خوش و خرم ہوتا ہے اور یہ آپ کو ماننا پڑے گا کہ مسرت، انسانی خوبیوں کی معراج ہے! — ڈبلیو مگن کا کہنا ہے کہ "آج تک سگار پینے والے کسی شخص نے خودکشی نہیں کی" اس سے بھی

پینے والوں کی وجہ سے نہ پینے والوں کو کچھ تکلیف ہوتی ہے مگر اس تکلیف کی نوعیت کچھ جسمانی ہے لیکن تمباکو نہ پینے والوں کی وجہ سے تمباکو نوشوں کو جو زحمتیں اٹھانی پڑتی ہیں وہ سراسر روحانی ہیں۔ پھر بھی تمباکو سے بہت پرہیز کرنے والے ایسے لوگ موجود ہیں جو تمباکو نوشوں سے کوئی تعرض نہیں کرتے۔ بیچاری بیویوں کو بھی رفتہ رفتہ یہ عادت ہو جاتی ہے کہ ان کے شوہر آرام سے بستر میں لیٹ کر سگرٹ پیتے رہتے ہیں۔ میرے نزدیک یہ ایک خوشگوار اور کامیاب شادی کی سب سے یقینی علامت ہے۔ پھر بھی بعض اوقات یہ فرض کر لیا جاتا ہے کہ تمباکو نہ پینے والے لوگ اخلاقی لحاظ سے بلند تر ہوتے ہیں اور اُن کے پاس کوئی بات ناز کرنے اور اترانے کی بھی ہوتی ہے۔ مگر انھیں شاید یہ احساس کبھی نہیں ہوتا کہ تمباکو نوشی سے احتراز کر کے وہ نوع انسان کی ایک بہت بڑی مسرت سے محروم رہے ہیں — میں یہ تو شاید مان جاؤں کہ تمباکو پینا اخلاقی کمزوری ہے مگر میں یہ بھی کہوں گا کہ اُس آدمی سے خبردار رہئے جس میں کمزوریاں نہ ہوں! اُس پر ہرگز اعتماد نہیں کیا جا سکتا، وہ ہمیشہ باہوش رہے گا اور کبھی کوئی غلطی نہیں کرے گا۔ اُس کی عادتیں باقاعدہ ہوں گی اس کی زندگی مشینی انداز کی ہوگی اور اُس کا دماغ ہمیشہ اس کے دل پر حکمران رہے گا — اس قسم کے منطقی وجود سے مجھے بڑی نفرت ہے جو سراسر عقل اور منطق کے پتلے ہوں۔ اسی لئے میں ایسے گھر میں داخل ہونے سے ہمیشہ ڈرتا ہوں جس میں مجھے کہیں راکھ دان نظر نہ آئیں۔ ان کے بغیر کمرہ ضرورت سے زیادہ صاف ستھرا اور بہت ہی بنا بنایا ہوتا ہے۔ ہر تکیہ ٹھیک اپنی جگہ پر ہوگا اور اس گھر کے لوگ بالکل غیر جذباتی اور بہت زیادہ صحیح سالم اور "ٹھیک ٹھاک" قسم کے لوگ ہوں گے۔ ایسے لوگوں کے سامنے میں فوراً بہت عمدہ آدمی بن جاؤں گا۔ یعنی جب تک وہاں رہوں گا سخت تکلیف میں رہوں گا۔

ساتھ کچھ عرصے کی کش مکش کے بعد پھر سیدھی راہ اختیار کر لیتا ہے۔ ایک بار میں نے
بھی یہ حماقت کی تھی کہ تین ہفتے تک بالکل تمباکو نہیں پیا تھا۔ تین ہفتے کے بعد میرے
دل نے پھر مجھے راہِ راست پر لا ڈالا اور میں نے قسم کھائی کہ پھر کبھی ایسا نہیں کروں گا
اور ہمیشہ تمباکو کا پرستار رہوں گا۔ یہاں تک کہ میرا دوسرا بچپنا (کہن سالی) آجائے گا۔
پھر شاید میں ان لوگوں کے جنگل میں پھنس جاؤں تو پھنس جاؤں جو ہر قسم کے نشّے کو
دنیا سے نیست و نابود کرنے پر تلے ہوئے ہیں۔ بہرکیف جب تک مجھ میں شمّہ برابر قوتِ
ارادی موجود ہے اور اخلاقی جرأت کا شائبہ تک ہے میں پھر سے تمباکو ترک کرنے کے
بارے میں سوچ بھی نہیں سکتا۔ آخر میں دیکھ ہی چکا ہوں کہ اسے چھوڑنے کی کوشش
کتنی فضول اور احمقانہ ہے۔ اس مفید ایجاد سے انسان کو جو روحانی قوّت اور اخلاقی
اطمینان کا احساس ہوتا ہے اُس سے ہاتھ اٹھانا بہت بڑی ناشکری ہے۔ باقی رہا
تمباکو پینے کی اہمیت کا مسئلہ تو انگلستان کے مشہور ماہر کیمیا پروفیسر ہالڈین کا قول
اس بارے میں سند ہے۔ وہ کہتے ہیں کہ تمباکو نوشی انسان کی تاریخ میں ان چار
اہم ایجادوں میں سے ایک ہے جنھوں نے انسانی ثقافت پر بڑا گہرا حیاتیاتی اثر
چھوڑا ہے۔

میرے تمباکو نوشی ترک کرنے کے تین ہفتوں کی کہانی بڑی عبرتناک ہے۔ میں
نے ان دنوں میں اپنے نفسِ اعلیٰ اور ذوقِ سلیم دونوں سے غدّاری کی اور اپنے
آپ کو ایک نہایت روح پرور لذّت سے محروم رکھا۔ اس بات کو عرصہ ہو چکا ہے
اور اب میں اس قابل ہوں کہ اس واقعے پر حقیقت پسندی سے نظر ڈال سکوں۔
میری سمجھ میں نہیں آتا کہ مجھ پر غیر ذمہ داری کا یہ بھوت اتنے دن کیونکر سوار رہا؟—
اگر میں اس روحانی کش مکش، اس ذہنی رزمیے کو نظم میں قلمبند کروں تو یہ رزمیہ ہومر

بڑی حقیقت یہ ہے کہ کسی پائپ پینے والے کی اپنی بیوی سے لڑائی نہیں ہوتی۔ اس کی وجہ بالکل ظاہر ہے۔ آپ بیک وقت اپنے دانتوں میں پائپ دبائے، اونچی آواز میں کسی پر گرج برس نہیں سکتے! کسی شخص نے آج تک ایسا کیا ہی نہیں کیونکہ قدرتی بات ہے کہ پائپ پیتے ہوئے آدمی دھیمی آواز میں بات کیا کرتا ہے۔ تمباکو پینے والے شوہر کو جب غصہ آئے تو وہ عام طور پر یہ کرتا ہے کہ فوراً ایک سگریٹ یا پائپ سلگا لیتا ہے اور سخت رنجیدہ نظر آنے لگتا ہے منہ لٹکا کر بیٹھ جاتا ہے۔ یہ حالت زیادہ دیر تک نہیں رہتی کیونکہ اس کے جذبات کو تسکین کی ایک راہ مل چکی ہوتی ہے اور اگرچہ وہ اپنے غصے کا جواز پیش کرنے کے لئے یا اپنی توہین کو حق بجانب ثابت کرنے کے لئے جھلایا ہوا نظر آنے کی کوشش کرتا ہے، پھر بھی وہ یہ روپ زیادہ دیر تک قائم نہیں رکھ سکتا کیونکہ پائپ کے ہلکے دھوئیں کی لہریں اس کے غصے کی آگ پر پانی ڈالتی ہیں۔ اسے تسکین دیتی ہیں اور دھواں حلق سے باہر نکلنے کے ساتھ ساتھ ایسے معلوم ہوتا ہے کہ ہر سانس کے ہمراہ گویا غصہ بھی باہر نکل رہا ہے۔ اسی لئے عقلمند بیویوں کا یہ طریقہ ہے کہ جونہی شوہر کو غصے میں آتا دیکھتی ہیں بڑی نرمی سے اس کے منہ میں پائپ دے دیتی ہیں اور کہہ دیتی ہیں "لیجئے پائپ پیجئے اور اس بات پر خاک ڈالئے" یہ فارمولا ہمیشہ کامیاب ہوتا ہے ___ گویا شوہر کو منانے کے لئے بیوی ممکن ہے ناکام رہے مگر پائپ کبھی ناکام نہیں ہوتا۔

اب تمباکو پینے کی فنکارانہ اور ادبی خوبیوں کی طرف آئیے۔ ان خوبیوں کا اندازہ اسی وقت ہو سکتا ہے جب کوئی تمباکو نوش تھوڑے عرصے کے لئے تمباکو پینا بند کر دیتا ہے ___ عام طور پر ہر تمباکو پینے والا کسی نہ کسی احمقانہ لمحے میں تمباکو نوشی ترک کر دینے کی کوشش کیا کرتا ہے اور اپنے ضمیر کی فرضی آواز کے

تین دن میں لڑائی کا پہلا دَور ختم ہو گیا تو دوسرا دور شروع ہوا، جو اصل روحانی کشمکش کا دَور تھا۔ اِس دَور میں میری آنکھوں کے آگے سے پردے ہٹے اور میں نے جان لیا کہ تمباکو نوشوں کی دو الگ الگ نسلیں ہوتی ہیں۔ جن میں سے ایک ایسی ہے کہ اس لقب کی ہرگز اہل نہیں کیونکہ ان لوگوں کے لیے تمباکو نوشی ترک کرنے کی کشمکش کا دوسرا دور، روحانی کشمکش کا مشکل تر دور کوئی وجود نہیں رکھتا۔ اس وقت میری سمجھ میں آیا کہ کیوں بہت سے "لوگ" اتنی آسانی سے تمباکو پینا چھوڑ دیتے ہیں۔ اور انہیں کسی کشمکش کسی تکلیف کا سامنا نہیں ہوتا۔ یہ لوگ ایسے ہوتے ہیں کہ دانتوں کے پرانے برش کی طرح اِس عادت کو چھوڑ سکتے ہیں۔ بس اسی سے پتا چلتا ہے کہ صحیح معنی میں تمباکو پینا انہیں کبھی نہیں آتا تھا۔ دیکھنے والے کہتے ہیں کہ ایسے لوگوں کی "قوتِ ارادی" کتنی مضبوط ہے جبکہ حقیقت یہ ہوتی ہے کہ یہ لوگ صحیح معنی میں کبھی تمباکو نوش نہیں تھے اور زندگی بھر یہ عادت ان میں راسخ نہیں ہوئی تھی۔ یہ وہ لوگ ہیں جن کے نزدیک تمباکو پینا محض جسمانی فعل ہے۔ اسی طرح کا ایک جسمانی کام جس طرح ہر صبح وہ اپنے دانت مانجھتے ہیں اور منہ دھوتے ہیں۔ گویا ایک معمولی سا جسمانی کام، ایک حیوانی سی عادت جس میں روحانی اطمینان یا سکون کا شائبہ تک نہیں ہوتا۔ یہی وہ لوگ ہیں جو میرے خیال میں ذوق سے بالکل عاری ہوتے ہیں۔ جو شیلے کی نظم سکائی لارک یا شوپان کے نغمۂ شب پر کبھی وجد میں نہیں آ سکتے۔ وہ اس کے اہل ہی نہیں ہیں۔ اسی لیے تمباکو پینا چھوڑنے سے ان کی زندگی میں کوئی کمی واقع نہیں ہوتی۔

لیکن جو لوگ صحیح معنی میں تمباکو کے رسیا ہیں ان کا معاملہ مندرجہ بالا حضرات کی سمجھ میں نہیں آ سکتا۔ ہم لوگوں کے لئے تمباکو نوشی ترک کرنا، اپنے ساتھ سخت

کی "اوڈیسی" کی طرح کوئی تین ہزار مصرعوں کا بن سکتا ہے۔ نثر میں لکھوں تو یہ رزمیہ باریک طباعت کے ڈیڑھ سو صفحوں میں بمشکل سمائے گا۔ اصل میں اس ساری کش مکش کا مقصد ہی فضول تھا۔ کوئی پوچھے کہ انسانیت اور کائنات دونوں سے آپ کو واسطہ بھلا تمباکو نوشی چھوڑی کیوں جائے؟ مگر انسان پر ایسے موڈ، ایسی غیر معقولیت کی ترنگ اکثر طاری ہوا کرتی ہے۔ ان لمحوں میں انسان یہ چاہتا ہے کہ خواہ مخواہ کے لئے کسی مخالفت، کسی کش مکش پر غلبہ پائے۔ اس طرح انسان اپنی زائد اخلاقی قوت کا بھی مصرف ڈھونڈ لیا کرتا ہے۔ دوسرے لفظوں میں میں بھی اپنے آپ کو ایسے ہی اخلاقی امتحان سے دوچار کر رہا تھا جس طرح لوگ فضول کی جمناسٹک کیا کرتے ہیں، کہ خواہ مخواہ جسم کو ہلا رہے ہیں اور اس حرکت سے سماج کے لئے کوئی مفید کام نہیں کر رہے — میرا خیال ہے تمباکو نوشی ترک کرنا ایسا ہی ایک اخلاقی تعیش تھا اور بس۔

میں نے تمباکو پینا چھوڑا تو پہلے تین دن معدے کی نالی کے اوپر کے حصے میں کچھ عجیب طرح کی ضعف کی سی کیفیت محسوس ہوتی تھی۔ اس کیفیت سے پیچھا چھڑانے کے لئے میں نے پیپرمنٹ کی چیونگ گم کھائی، اعلیٰ درجے کی چینی چائے پی اور فالٹم فروٹ کی گولیاں چباتا رہا۔ اس کیفیت پر تین دن میں غلبہ حاصل ہوا اور یہ مٹ گئی۔ اپنے ساتھ کش مکش کا یہ دور جسمانی تھا اس لئے اس پر قابو پا لینا آسان بھی تھا اور میرے نزدیک بے حد معمولی بات بھی —— عام لوگوں کا خیال یہ ہے کہ تمباکو چھوڑنے کے لئے جو ناپاک کوشش کرنی پڑتی ہے وہ بس اتنی ہی ہے۔ مگر ان لوگوں کو کچھ پتا نہیں۔ یہ لوگ بھول جاتے ہیں کہ تمباکو پینا ایک روحانی فعل ہے! اور جو لوگ تمباکو نوشی کی روحانی اہمیت سے واقف نہیں انھیں اس بات میں دخل نہیں دینا چاہئے — خیر، پہلے

پر سگار کے لیے ہاتھ بڑھاتا تھا مگر گھٹ کر رہ جاتا تھا میں اٹھتا تھا اور بیٹھ جاتا تھا۔ مگر میرا دوست بڑے آرام سے سگار پی رہا تھا اور بڑے سکون سے سگار کے دھوئیں کے درمیان کھو کر باتیں کر رہا تھا۔ میں نے اُسے بتایا کہ میں نے سگار اور سگریٹ پینا چھوڑ دیا ہے۔ اتنی خودداری مجھ میں تھی کہ اس کے سامنے اپنے عہد سے نہ پھروں اور لالچ کے مارے پھر سگار پینا نہ شروع کر دوں۔ مگر دل میں جانتا تھا کہ بات بن نہیں رہی۔ چاہیے یہ تھا کہ میں اس ملاقات پر جذبات کی عنان ہاتھ سے دیدیتا اور دو ہم مذاق روحوں کے مکمل ملاپ میں رکاوٹ پیدا نہ کرتا۔ مگر میں عقل اور منطق کا پتلا بنا بیٹھا رہا۔ باتیں ہوتی رہیں لیکن یہ ساری گفتگو یک طرفہ سی رہی۔ میری آدھی ہستی اس گفتگو میں حاضر تھی اور آدھی غائب۔ آخر میرا دوست چلا گیا ــــ میں نے اس ساری گفتگو میں بڑے صبر و سکون سے اپنے آپ پر قابو رکھا ــــ اگر "قوت ارادی" کا ڈھنڈورا پیٹنے پھرتے ہیں وہ کہیں گے کہ میں نے ترغیب اور کشمکش پر قابو پا لیا لیکن میں جانتا ہوں کہ میرا دل بہت رنجور تھا۔ چند دن بعد میرے دوست کا خط ملا۔ اُس نے لکھا: "تم قوت و جذبات اور زندگانی کا وہ پیکر نہیں رہے جو کبھی تھے" ـــ اُس نے یہ بھی لکھا تھا کہ شاید شکھانی میں رہنے کی بدولت تم میں تبدیلی پیدا ہوئی ہے" ــــ چنانچہ میں نے اپنے آپ کو آج تک معاف نہیں کیا کہ اس رات میں نے اپنے فضول عہد کو توڑ کر کیوں سگار پینا شروع نہ کیا۔

ایسی ایک اور رات مجھے یاد ہے۔ ایک کلب میں دانشوروں کا اجتماع تھا۔ یہ اجتماع عام طور پر بڑی خوفناک تمباکو نوشی کا موقع ہوا کرتا ہے۔ نہایت عمدہ کھانے کے بعد کسی صاحب کو ایک مقالہ پڑھنا تھا۔ اس دفعہ "س" کی باری تھی اور موضوع تھا "مذہب اور انقلاب" ــــ مقالے میں بڑے بڑے چست اور عمدہ فقرے آتے تھے۔

ناانصافی کرنا ہے اور اس کے علاوہ بالکل مہمل بھی۔ چنانچہ ہمارا ذوقِ سلیم بہت جلد اِس پابندی کے خلاف بغاوت کرتا ہے۔ اور یہ سوال کرتا ہے کہ آخر کون کون سے سماجی حیاتیاتی، اخلاقی یا مالی وجوہ سے بقائی ہوش و حواس اپنے آپکو اس روحانی سکون اس بصیرت، اس تخلیقی قوت سے محروم کرنے کے لیئے اپنی قوتِ ارادی سے کام لیا جائے۔ جو تمباکو پینے سے حاصل ہوتی ہے یہ تخیلی قوت، یہ بصیرت، یہ تخلیقی اپج وہ چیز ہے کہ اگر آئنشٹائن کے پاس بیٹھ کر ایک دوست کی باتوں سے لطف اٹھانا ہے تو یہ لازمی ہے اگر کوئی قدیم کتاب پڑھ کر دل میں گداز اور روح میں گرمی پیدا کرنی ہے تو یہ لابدی ہے اور اگر کچھ لکھنا ہے تو لفظ و معنیٰ کے توازن، موزون الفاظ کی تلاش، ان کی نشست، ان کے استعمال کے لیئے بے حد ضروری ہے۔ ان موقعوں پر انسان قدرتی طور پر سگرٹ کے لیئے ہاتھ بڑھاتا ہے اور یہ بات اخلاقی لحاظ سے درست بھی ہے۔ اب اگر ان موقعوں پر سگرٹ کے بجائے منہ میں چیونگ گم کی ایک ٹکیا ٹھونس لی جائے تو یہ کتنی بے وقوفی اور کتنی غلط روی ہوگی۔ میں تو اسے مجرمانہ شر پسندی کہوں گا۔ — مثال کے طور پر میں ایسے چند لمحوں کا ذکر کرتا ہوں۔

میرا دوست "ب" شہر پی پنگ سے مجھے ملنے کے لئے آیا۔ ہم نے تین برس سے ایک دوسرے کو نہیں دیکھا تھا۔ اس زمانے میں پی پنگ کو پی کنگ کہا جاتا تھا اور وہاں ہر شام ہماری ملاقات رہتی تھی اور باتوں اور سگرٹ کے دھوئیں کی رفاقت میں شام گزرتی تھی۔ گفتگو کے عام موضوع سیاست، فلسفہ اور جدید آرٹ ہوا کرتے تھے۔ اب کی اس سے ملاقات ہوئی تو ہم دونوں نے پرانی ملاقاتوں کی یاد تازہ کی اور گزری باتیں دہرانے لگے۔ ان تمام پروفیسروں اور شاعروں اور سر پھروں کا ذکر ہوا جن سے پی پنگ میں ہماری ملاقات تھی۔ ہر اچھے فقرے پر میں ذہنی طور

کی میز کے داہنی طرف ایک جگہ لکڑی کا کچھ حصہ جلا ہوا تھا کیونکہ میں کام کرتے وقت ہمیشہ جلتا ہوا سگرٹ وہیں رکھا کرتا تھا۔ میں نے ایک بار یہ بھی حساب لگایا تھا کہ میز کا اوپر کا تختہ کوئی دو انچ موٹا ہے، اسے آر پار جل جانے کے لئے کوئی سات آٹھ سال کی مدت درکار ہوگی ـــــ اب میں نے سگرٹ چھوڑے تو میں حسرت سے دیکھا کرتا تھا کہ جلنے کا نشان ویسے کا ویسا ہے اور کوئی نصف سنٹی میٹر سے آگے نہیں بڑھا۔ چنانچہ میں نے سگرٹ پی کر اب جو جلتا ہوا ٹکڑا اسی نشان پر پھر رکھا تو مجھے بڑی خوشی ہوئی اور اب پیئے ہوئے سگرٹوں کے جلتے ٹکڑے اسی نشان کو اس کی منزل کی طرف پہنچانے میں کوشاں رہتے ہیں۔

چینی ادب میں شراب کی بہ نسبت تمباکو کی تعریف میں بہت کم چیزیں ملتی ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ تمباکو نوشی کی عادت تو کہیں سولھویں صدی میں پرتگیزی ملاحوں کی بدولت شروع ہوئی۔ میں نے سارے چینی ادب کو کھنگال ڈالا مگر تمباکو کی تعریف میں محض چند پھیکے سیٹھے فقرے کہیں کہیں ملے جو ہرگز تمباکو کی شان کے شایان نہیں تھے۔ اس کے باوجود یہ یاد رہے کہ چینی قوم کی قوت شامہ بڑی تیز ہے۔ اس کا ثبوت چائے اور شراب کی مہک اور کھانے کی بُو باس پر اُن کے اقوال سے ملتا ہے۔ اصل میں چین میں جب تمباکو نہیں تھا تو چینی لوگوں نے بخورات جلانے کے آرٹ کو ترقی دی اور ان خوشبوؤں کا ذکر چینی ادب میں چائے اور شراب کے ساتھ ہر جگہ ملتا ہے اور ان کا شمار بھی انہی کے ساتھ ہوتا ہے۔ قدیم چین میں کبھی ہان خاندان کی حکومت تھی اور ہند چینی تک کا ملک اُن کے زیرنگیں تھا۔ اُن دنوں بھی جنوبی ملکوں سے جلانے کی جو خوشبوئیں۔ عود، عنبر اور دوسرے بخورات لائے جاتے تھے اُن کا رواج شاہی دربار اور امرا کے گھروں میں عام تھا۔ زندگی بسر کرنے کے آداب پر چینی میں جتنی کتابیں لکھی گئی ہیں

اِن فقروں پر کافی دلچسپ باتیں ہوئیں اور تمباکو کے دھوئیں کے بادل گہرے ہوتے گئے۔ ساری فضا عجیب و غریب انوکھے خیالات سے بوجھل معلوم ہوتی تھی۔ ایک کونے میں شاعر "ح" چپ چاپ بیٹھا تھا اور بڑے انہماک سے بوجھل ہوا میں دھوئیں کے گول گول حلقے پھیلانے کی کوشش کر رہا تھا۔ غالباً وہ اپنے ہی خیالات میں کھویا ہوا تھا۔ ساری محفل میں اکیلا میں تھا جو تمباکو نوشی سے محروم تھا اور اپنے آپ کو سب سے الگ تھلگ، بالکل کٹا ہوا تنہا محسوس کر رہا تھا۔ اس وقت مجھے محسوس ہو رہا تھا کہ تمباکو چھوڑنے میں غلطی کی ہے۔ پھر یکایک مجھ پر یہ روشن ہوا کہ تمباکو نہ پینا بالکل بے وقوفی کی بات ہے۔ ہر چند میں نے لاکھ سوچا کہ آخر کن باتوں سے میں نے تمباکو نوشی چھوڑی تھی۔ مگر ایک بات بھی یاد نہ آئی اور جو سبب یاد آیا وہ بالکل بے وزن اور کھوکھلا معلوم ہوا......

اس کے بعد میرے ضمیر نے میری روح کو تنگ کرنا شروع کیا۔ میں نے اپنے آپ سے پوچھا کہ میں نے بے خیالی میں ایسا فیصلہ کیوں کیا؟ اور بھلا تمباکو نہ پینے والا دل و دماغ کبھی تخیل کی بلندیوں کو چھو سکتا ہے؟ پھر ایک سہ پہر میں ایک خاتون سے ملنے گیا۔ میں ذہنی طور پر تیار ہو چکا تھا کہ پھر سے تمباکو پینا شروع کر دوں۔ کمرے میں ہم دونوں کے سوا کوئی نہ تھا۔ وہ نوجوان خاتون سگریٹ پی رہی تھی۔ اس نے اپنا سڈول بازو گھٹنے پر ٹیک رکھا تھا۔ وہ ذرا سی آگے کو جھکی ہوئی تھی اور اس کا فکر مند اور ہیجان انگیز انداز بڑا اچھا معلوم ہوتا تھا۔ میرے دل نے کہا، اب وقت آگیا ہے۔ چنانچہ اس نے سگرٹ کا ڈبا پیش کیا تو میں نے بڑی پامردی سے اور بڑی آہستگی سے ایک سگریٹ نکال لیا۔ مجھے محسوس ہو رہا تھا کہ میں عہد توڑنے کی اخلاقی ذلت کے نہایت عارضی وقفے پر غالب آچکا ہوں۔

گھر واپس آکر میں نے فوراً ملازم کو بھیجا کہ کیپسٹن کا ڈبا لائے۔ میری لکھنے

کر رہے ہوں اور چائے کے ہلکے سرور اور سگندھ سے لطف اندوز ہو رہے ہوں تو خوشبو دان سے بھینی خوشبوؤں کی ایک لپٹ اُٹھتی ہے اور آپکے جسم کو اپنے آغوش میں لے لیتی ہے اور سارے کمرے میں ہوا کے دوش پر تیرتی پھرتی ہے۔

اِس سے بھی بہتر وقت وہ ہے کہ مے نوشی کی محفل کے بعد اٹھیں۔ پورا چاند شفاف رات کے سینے پر چمک رہا ہو اور سرور کے عالم میں آپ اپنی انگلیاں رباب کے تاروں پر چلائیں یا ایک خالی مینار میں ہلکی سی سیٹی بجائیں۔ دور سرسبز پہاڑیاں صاف نظر آ رہی ہوں اور خوشبو دان سے بخورات کے باقیماندہ شراروں سے خوشبو کی لپٹ پردوں سے چھن چھن کر آنے لگے ـــــ خوشبو کی دھونی بدبو کو دور رکھتی ہے، دلدل کی گندی فضا کو پاک اور صاف کرتی ہے اور ہر جگہ اور ہر مقام پر کام آتی ہے ـــــ سلگانے کے لئے سب سے بہتر چیانان کی لکڑی ہے۔ مگر یہ مشکل سے دستیاب ہوتی ہے اور پہاڑوں میں رہنے والوں کو میسر نہیں آسکتی ـــــ اس سے دوسرے درجے پر صندل کی لکڑی ہے۔ اس کی تین قسمیں ہیں۔ اعلیٰ قسم میں خوشبو زیادہ تیز اور سخت ہوتی ہے اور سب سے گھٹیا قسم دھواں زیادہ دیتی ہے اور خشک بھی ہوتی ہے۔ اِس لئے درمیانے درجے کی صندل عمدہ ہوتی ہے۔ اسکی خوشبو سکون پرور اور نفیس ہوتی ہے۔ چائے بنانے کے بعد جو کوئلے بچ جائیں اُنہیں خوشبو دان میں ڈال دیجئے اور خوشبو کو دھیرے دھیرے ابھرنے دیجئے۔ ایسے سکون کے لمحوں میں یہ محسوس ہوتا ہے کہ آپ جنت میں ہیں اور زندہ جاوید لوگوں کی محفل میں بیٹھ کر اِس ارضی زندگی سے بہت بلند ہو چکے ہیں۔

ان سب میں بخورات اور خوشبوؤں کی قسموں، ان کی تیاری اور ان کی عمدگی پر الگ باب موجود ہیں۔ تاؤ لنگ نے اپنی کتاب میں خوشبوؤں اور بخورات سے لطف لینے پر جو لکھا ہے اس کا ایک اقتباس میں درج کرتا ہوں:

"خوشبو سلگانے کے بہت سے فائدے ہیں۔ اہل علم گوشہ نشین لوگ جو تلاشِ حق میں مصروف ہوتے ہیں اور مذہبی مسائل کی الجھنیں دور کرنے میں لگے ہوتے ہیں، لوبان یا اگر کی ایک بتی کا خوشبو دار دھواں ان کے ذہن کو صاف کر دیتا ہے اور روح کے لئے لطافت کا سامان بنتا ہے۔ رات کے چوتھے پہر جب چاند آسمان پر اکیلا ہو اور آدمی اپنے آپ کو زندگی سے الگ تھلگ محسوس کر رہا ہو تو خوشبوؤں کا دھواں روح کو ہلکا کرتا ہے اور دل کو خوشی سے ہمکنار کرتا ہے۔ اگر ایک روشن دریچے کے پاس آپ پرانے مخطوطات دیکھ رہے ہوں یا شعر گنگنا رہے ہوں یا رات کو چراغ کی روشنی میں مطالعہ کر رہے ہوں تو بخورات نیند کے غلبے کو دور رکھتے ہیں۔ آپ خوشبوؤں کی دھونی کو "چاند کی قدیم سہیلی" کہہ سکتے ہیں ــــ اگر سرخ ملبوس والی ایک حسینہ آپ کے پاس کھڑی ہو اور آپ نے خوشبو دان کے اوپر سے اس کا گداز ہاتھ پکڑ رکھا ہو، اس کے نازک کانوں میں آپ وفا کے رازوں کی سرگوشیاں کر رہے ہوں تو خوشبوؤں کی مہکتی لپٹ آپ کے دل میں گداز پیدا کر دے گی اور آپ کی محبت میں شدت پیدا ہو جائے گی۔ اس لئے آپ خوشبو کو "محبت کے جذبات کی قدیم محرک" سے تعبیر کر سکتے ہیں ــــ یا اگر آپ تیسرے پہر کی نیند سے بیدار ہوں اور برستی برسات کے دن بند کھڑکی کے پاس بیٹھ کر خطاطی کی مشق

خوشبو سارے کمرے میں بس جاتی تھی۔ یہ خوشبو ایسی تھی گویا شبنمی گلابوں کی ٹھنڈی باس ہو یا عنبر کے ٹکڑے کو خوب رگڑا گیا ہو یا سینگ کے پیالے میں خوشبودار شراب انڈیلی جارہی ہو ــــ جب بستر کو اس طرح خوشبو میں بسایا جائے تو یہ خوشبو عورت کے جسم کی خوشبو کے ساتھ مل جاتی ہے جو خوابوں میں بھی بڑی خوشگوار، بڑی سرد رنگیں ہوتی ہے۔"

## ۶۔ شراب

میں پینے والوں میں کوئی پینے والا نہیں۔ اس لئے شرابوں کے بارے میں بات کرنے کی بالکل اہلیت نہیں رکھتا۔ میری بساط یہ ہے کہ چینی چاول کی ہلکی شراب کی تین پیالیاں کافی ہیں بلکہ میں تو بیئر کا ایک گلاس پی کر بھی مدہوش ہونے کی صلاحیت رکھتا ہوں ــــ نشے میں یہ آسانی قدرت کا عطیہ ہے۔ اصل یہ ہے کہ شراب یا چائے پینے کی صلاحیت اور تمباکو نوشی کی صلاحیت ایک ساتھ کسی کو نہیں ملتیں۔ میرے کئی دوست ہیں جو بلا نوش ہیں لیکن آدھا سگار پی کر برداشت کرنا ان کے امکان سے باہر ہے۔ میں دن رات کے جتنے گھنٹے جاگتا رہوں برابر تمباکو پیتا رہتا ہوں۔ مجھ پر اس کا فطا اثر نہیں ہوتا مگر شراب کے معاملے میں میری کوئی ہستی نہیں۔ لی لی ونگ نے لکھا ہے کہ جو لوگ چائے بہت پی سکتے ہیں وہ شراب کے زیادہ شائق نہیں ہوتے اور جو شراب کے رسیا ہوں وہ چائے نہیں پی سکتے۔ یہ اس کی حتمی رائے ہے۔ وہ چائے کا بڑا نقاد اور متوالا تھا مگر خود کہتا تھا کہ مے نوشی میں میری کوئی بساط نہیں ــــ مجھے چین کی ادبی تاریخ میں ایسی ہستیوں کا حال پڑھ کر بڑی خوشی اور بڑا سکون ہوتا ہے

آج کل کے لوگوں کو صحیح خوشبو کی قدر کا مذاق نہیں۔ یہ لوگ نت نئی خوشبوؤں کی تلاش میں رہتے ہیں اور ایک دوسرے پر مختلف خوشبوؤں کی ملاوٹ کے سلسلے میں فوقیت جتاتے ہیں۔ یہ لوگ نہیں جانتے کہ صحیح خوشبو، صندل کی ہے جو بالکل قدرتی ہے اور اس کی بہترین قسم وہی ہے جس کی باس میں خاص قسم کی سکون پروری اور نفاست ہو۔"

ماؤ پی چیانگ نے اپنی کتاب "اپنی محبوبہ کی یاد میں" میں ایک امیر شاعر اور اس کی باکمال اور ذہین محبوبہ کی زندگی کا حال بیان کیا ہے اور بتایا ہے کہ ان دونوں نے خوشبوؤں سے کیا کیا مزے لئے۔ ایک اقتباس ملاحظہ ہو:

اکثر میں اور میری محبوبہ تنہا خوشبوؤں کی دھونی اور تجربات کو پہچاننے کے لئے اس کے معطر شبستان میں بیٹھا کرتے تھے۔ جس خوشبو کو "قصر کی خوشبو" کہتے ہیں وہ بڑی ارمان انگیز ہے۔ لوگ جس طرح عود سے خوشبو لیتے ہیں وہ طریقہ بڑا عامیانہ ہے۔ وہ یہ کرتے ہیں کہ عود کی لکڑی کو آگ پر رکھ دیتے ہیں اور اس طرح اس کی خوشبو جلتے ہوئے بدذائقے کی بدولت بہت جلد ختم ہو جاتی ہے۔ اس طرح نہ تو خوشبو پھیلتی ہے اور نہ کچھ حاصل ہوتا ہے بلکہ دھوئیں اور بدبو سے کمرہ بھر جاتا ہے جو جسموں سے چپک کر رہ جاتے ہیں۔ عود کی ایک قسم ہے جو بہت سخت ہوتی ہے اور اس کے دانے اور اس کی لکیریں سب سیدھی ہوتی ہیں۔ اس کی خوشبو بہت ہی عمدہ ہوتی ہے۔ ایک اور قسم بھی ہے جو پوری طرح پکی اور پختہ نہیں ہوتی۔ ہمارے یہاں اس لکڑی کی ساری قسمیں تھیں اور میری محبوبہ ان کو نہایت نفیس ریت اور ہلکی آگ پر جلاتی تھی کہ دھواں مطلق پیدا نہیں ہوتا تھا اور ہلکی

اضافہ کر دیتا ہے۔ پی کر جو اعتماد اور آزادی کا احساس پیدا ہوتا ہے وہ تخلیق کے لئے بہت معاون اور ضروری ہوتا ہے۔ اعتماد اور آزادی کے اس احساس پر بنے بنائے قاعدوں اور ہیئت کے بندھنوں سے چھٹکارے کے اس احساس پر تفصیل سے اس وقت بات ہو گی جب ہم آرٹ والے باب پر پہنچیں گے۔ ابھی اس کا موقع نہیں۔

بعض لوگوں کا کہنا ہے کہ ڈکٹیٹر انسانیت کے لئے اس وجہ سے خطرناک ہیں کہ وہ پینے سے احتراز کرتے ہیں۔ اس خیال میں کچھ نہ کچھ صداقت ضرور ہے۔ میں نے چارلس ڈبلیو فرگوسن جیسے صحافی اور ادیب کا مضمون اس مسئلے پر دیکھا ہے۔ جی چاہتا ہے کہ اس مضمون کے تفصیلی اقتباس پیش کر دوں مگر جگہ کی کمی مانع ہوتی ہے۔ وہ لکھتے ہیں کہ "سٹالین، ہٹلر اور مسولینی تینوں کے تینوں نشہ آور چیزوں سے احتراز کرنے کے سلسلے میں مثالی انسان تھے۔ یہ وہ لوگ تھے جو ایک بالکل جدید طریقے پر انسانیت پر مظالم کرتے ہیں، انسانوں پر حکومت کرنے کے جدید ترین انداز میں بھی اپنی مثال آپ تھے۔ مگر ان کی زندگی ایسی تھی کہ ہر وہ نوجوان جو دنیا میں ترقی کرنا چاہتا ہے اسے ان کی زندگی کی مثال پر عمل کرنا چاہئے۔ ان میں سے ہر ایک کسی شریف آدمی کا بہت اچھا داماد اور کسی شریف زادی کا مثالی شوہر بن سکتا تھا۔ یہ لوگ اخلاقی اعتبار سے اتنی منقطع زندگی بسر کرتے تھے کہ کٹر سے کٹر مذہبی شخص ان کی گرد کو نہ پہنچے —— ہٹلر نہ گوشت کھاتا تھا، نہ شراب پیتا تھا، نہ سگرٹ پیتا تھا —— یہی نیکیاں کیا کم مصیبت ہیں، مگر ان کے ساتھ اس میں پارسائی اور پرہیزگاری کی بھی مصیبت موجود تھی۔ رہا مسولینی تو وہ کھانا ضرور گھوڑے کی طرح تھا لیکن ہر قسم کی تیز شرابوں سے بڑی سختی سے احتراز کیا کرتا تھا۔ کبھی کبھار ہلکی شراب کا ایک سرد رہ گیں گھونٹ لیتا تھا اور بس۔ کوئی کام ایسا نہ کرتا تھا جس سے کسی ادنیٰ قوم پر غلبہ پانے کے ارفع اور اعلیٰ مقصد

کہ میری طرح وہ بھی شراب زیادہ نہیں پی سکتے تھے۔ اور یہ کہ اس کا اعتراف انہوں نے صاف صاف لفظوں میں کر دیا ہے۔ مجھے اِن مشہور ہستیوں کے خطوط اور دوسری تحریروں سے یہ اعترافات جمع کرنے کچھ وقت لگا ہے۔ پھر بھی اب مجھے معلوم ہے کہ اس قبیل کے لوگوں میں لِی بھی تھا، یوآن ست سائی، وانگ یو آنگ اور یوآن جنگ لانگ جیسے لوگ بھی تھے۔ سب کے دلوں میں شراب کا ذوق تھا مگر ان میں سے بلانوش کوئی بھی نہ تھا۔

اپنی نا اہلی کے باوجود میں اِس موضوع سے چشم پوشی نہیں کر سکتا کیونکہ ہر چیز سے زیادہ شراب نے ادب کے سرمایے میں اضافہ کیا ہے۔ تمباکو نوشی کی طرح شراب نے بھی انسان کی تخلیقی قوتوں کو جِلا دیئے اور ان قوتوں کو دوام اور تازگی بخشنے میں بے حد اہم حصہ لیا ہے اور اس کے اہم نتائج بھی برآمد ہوئے ہیں۔ چینی ادب میں بار بار "تھوڑی سی پینے" کے سرور کا ذکر کیا گیا ہے۔ میرے لئے یہ ہمیشہ ایک معمہ رہا۔ آخر شنگھائی کی ایک مہ جبین نے جو خود پیے ہوئے تھی اس سرور کی خوبیوں کا ذکر کچھ اس انداز سے کیا کہ مجھے قائل ہونا پڑا اور میں نے سوچا کہ سرور کی جس حالت کا ذکر میں نے بار بار پڑھا اور سنا ہے واقعی حقیقی چیز ہے۔ مجھے خوب یاد ہے کہ اس متوالی حسینہ نے کہا تھا "نیم مستی میں انسان باتیں کرتا جاتا ہے، کرتا جاتا ہے، رکتا نہیں۔ اور نیم مستی ہی سب سے خوشگوار حالت ہوتی ہے!" ـــ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ کیف کر مسرت اور شادمانی کا احساس جاگ اٹھتا ہے۔ آدمی میں یہ زبردست خود اعتمادی پیدا ہو جاتی ہے کہ وہ دنیا کی ہر مشکل پر غالب آ سکتا ہے، اس کا احساس اس کا شعور بہت نازک اور تیز ہو جاتا ہے۔ آدمی کی تخلیقی فکر بڑھ جاتی ہے کیونکہ قوتِ فکر، حقیقت اور تخیل کی سرحد کے اس پاس ملتی ہے اور نشہ اس کی تیزی اور اس کی ترائی میں بہت زیادہ

تاکہ کل صبح جو یہ لوگ نیند سے اٹھیں تو آج کی طرح خطا اور عیب سے پاک فوق البشر نہ ہوں۔ بلکہ بالکل عام آدمی بن جائیں۔ اپنے گھٹیا سے گھٹیا محکوم کی طرح عیب اور کمزوری کے پتلے ہوں۔ چنانچہ وہ آدمی بن کر، انسانیت کے مسئلے سلجھائیں، دیوتا نہ بنے رہیں۔"

مجھے ڈکٹیٹروں سے اس لئے چڑ ہے کہ یہ لوگ انسان نہیں ہوتے اور ہر وہ چیز جو غیر انسانی ہو بری ہوا کرتی ہے — جو مذہب غیر انسانی ہو وہ مذہب کہلانے کا مستحق نہیں۔ جو سیاست غیر انسانی ہو وہ احمقانہ ہوتی ہے۔ غیر انسانی آرٹ برا آرٹ ہوتا ہے اور غیر انسانی طرزِ زندگی، جانوروں کی طرزِ زندگی ہے — ہر چیز کی کسوٹی، یہی "بشریت" یہی آدمی پن ہے۔ زندگی کے ہر شعبے اور فلسفے کے ہر نظام کو اسی کسوٹی پر پرکھنا چاہیے۔ آدمی کے لئے سب سے بڑا نصب العین یہ نہیں کہ وہ نیکیوں کا جیتا جاگتا نمونہ بن جائے بلکہ یہ ہے کہ وہ خوش مزاج اور ملنسار رہے، لوگ اسے پسند کریں اور وہ ہر لحاظ سے معقول انسان ہو —!

چائے کے بارے میں مغرب کے لوگ چین سے بہت کچھ سیکھ سکتے ہیں لیکن شراب کے معاملے میں مغرب کے لوگ چینی قوم کو بہت کچھ سکھا سکتے ہیں۔ ایک چینی جب پہلی بار شراب کی امریکی دکان میں داخل ہوتا ہے تو وہ شراب کی مختلف قسموں کی بوتلوں پر ان کے زنگارنگ لیبلوں کو دیکھ کر بھونچکا رہ جاتا ہے — اس کے اپنے ملک میں تو صرف ایک شراب ہے اور وہ جہاں جاتا ہے وہاں شاؤسنگ شراب سے ہی اس کا سابقہ پڑتا ہے۔ کوئی چھ سات دیسی قسمیں اور بھی جوار وغیرہ سے بنائی جاتی ہیں۔ ان کے علاوہ طبی ضرورتوں کی ایک شراب بھی ہے مگر یہ ساری قسمیں جلد ہی ختم ہو جاتی ہیں۔ چینی تہذیب میں یہ تکلف پیدا نہیں ہو سکا کہ مختلف کھانوں کے

میں رکاوٹ ہو! ـــــ اب سٹالین کی طرف آیئے تو وہ بڑی سادگی سے تین کمروں
کے ایک گھر میں رہا کرتا تھا۔ بہت غیر نمایاں کپڑے پہنتا تھا جس سے کوئی مذاق یا بدذاقی
بالکل ظاہر نہ ہو۔ خطرناک حد تک سادہ غذا کھاتا تھا اور کبھی کبھار برانڈی کی ہلکی چسکی
یوں لیتا تھا جس طرح شرابوں کے ذائقے کے ماہر چسکی لیتے ہیں ـــــ! آپ پوچھیں
گے اس سارے بیان کی اہمیت ہمارے لئے کیا ہے ـــــ فرگوسن لکھتا ہے کہ
کہ "کیا ان باتوں سے یہ ظاہر نہیں ہوتا کہ دنیا ایسے لوگوں کے چنگل میں گرفتار رہے
جو بنیادی طور پر آدمیت سے بیزار اور تباہ کن حد تک پارسا ہیں؟ جن کو بڑی مہیب
حد تک یہ شعور رہے کہ وہ بے کراں ضبطِ نفس کے مالک ہیں ـــــ اس لئے یہ لوگ
آدمیت کے لئے سخت خطرناک ہیں اور اگر یہ لوگ اپنی پارسائی اور ضبطِ نفس کا جامہ
تار تار کر کے، نشے میں دُھت ہو کر ہُوحق مچاتے پھریں تو دنیا کو بڑا آرام نصیب ہو جائے۔
یاد رکھئے جس شخص کو نشے کے اثار، خمار کی اعضا شکنی سے واسطہ پڑتا ہو وہ کبھی
ڈکٹیٹر نہیں ہو سکتا۔ کیونکہ اس حالت میں اپنے اللہ تعالیٰ ہونے اور اپنے قادرِ مطلق
ہونے کا احسا... بالکل ختم ہو جاتا ہے ـــــ اگر ڈکٹیٹر کو نشے کے اثار کی حالت سے
واسطہ پڑے تو وہ اپنے محکوم بندوں، اپنی رعایا کے سامنے اپنے آپ کو ذلیل اور نادار
محسوس کرے گا۔ وہ اس حالت میں عوام میں سے ایک معمولی شخص بن جائے گا بلکہ
عوام میں سے بھی سب سے گھٹیا قسم کا شخص ہو گا۔ اور یہ تجربہ اس ڈکٹیٹر کے حد سے بڑھے
ہوئے تکبر اور تکلیف دہ پندار کو سخت ٹھیس پہنچائے گا۔"
فرگوسن کا خیال ہے کہ بین الاقوامی سطح پر ایک کاک ٹیل پارٹی کی جائے جس
میں ہر ملک کے عوام کے چُنے ہوئے رہنما بلائے جائیں۔ اس پارٹی کا مقصد صرف
یہ ہونا چاہیئے کہ "ان معزز ہستیوں کو بڑی سادگی اور بڑی صفائی سے استری کر دیا جائے

پھولوں کی تاب اور ان کا رنگ تم میں رچ جائے۔ برف کے دنوں میں رات کو پی کر دُھت ہونا چاہیئے تاکہ خیالات میں سلاست اور وضاحت پیدا ہو جائے۔ کامیابی پر جو شخص مسرور ہو اُسے پی کر گانا چاہیئے تاکہ اُس کی روح وجد کر اُٹھے۔ کسی الوداعی دعوت میں جو شخص بہت زیادہ پینا چاہے اُسے سُر چھیڑنے چاہئیں تاکہ اس کی روح کو قوّت مل سکے۔ پی کر ایک باعلم شخص کو بڑی احتیاط سے کام لینا چاہیئے۔ مبادا وہ کوئی ایسی بات کر بیٹھے جس میں اُس کی سُبکی ہو۔ ایک مخمور فوجی کو اور زیادہ شراب کا آرڈر دینا چاہیئے اور اعزازی نشانات لگانے چاہئیں تاکہ اُس کی شان بڑھے۔ بُرج میں بیٹھ کر مے نوشی صرف گرمی میں کرنی چاہیئے تاکہ فضا کی ٹھنڈک سے لطف اٹھایا جا سکے۔ خزاں میں کشتی میں بیٹھ کر شراب پینی چاہیے تاکہ آزادی اور دل کی کشادگی کا احساس زیادہ ہو۔ شراب پینے کے موقعوں اور مقام کے سلسلے میں مناسب قاعدے بھی ہیں۔ اگر ان قاعدوں سے انحراف کیا جائے تو مے نوشی کا سارا لطف تباہ ہو سکتا ہے۔"

شراب کے بارے میں چینی لوگوں کا رویّہ اور مے نوشی کی محفل میں اُن کا رکھ رکھاؤ ایسا ہے جو کچھ تو میری سمجھ میں نہیں آتا، اور کسی حد تک قابلِ ملامت بھی ہے اور کچھ کچھ تعریف کے لائق بھی ہے ــــ قابلِ ملامت بات تو یہ ہے کہ چینی ہر شخص کو اُس کی بساط اور ظرف سے کہیں زیادہ پی جانے پر مجبور کرتے ہیں۔ اِس سے اُنہیں بڑی خوشی ہوتی ہے ــــ مغربی معاشرے میں اگر یہ رواج ہے تو مجھے اِس کی خبر نہیں۔ مگر چین میں تو شراب کی مقدار پر زور ہے، چاہے خود پئیں یا کوئی اور پی رہا ہو۔ بے شبہ اِس کا تعلق خوش باشی سے بہت زیادہ ہے اور جس کسی کو بھی زیادہ پینے پر مجبور کیا جاتا ہے اُسے بڑے دوستانہ اور بامذاق طریقے سے مجبور کیا

ساتھ مختلف قسم کی شرابیں پیش کی جائیں۔ مگر شاؤ سنگ شراب کی ہردلعزیزی کا عالم یہ ہے کہ اُس شہر میں جس کے نام پر یہ شراب مشہور ہے ہر لڑکی کے پیدا ہونے پر شراب کا ایک مٹکا الگ کر دیا جاتا ہے۔ چنانچہ اس لڑکی کے جوان ہونے تک اور اس کی شادی کے وقت تک یہ شراب کم سے کم بیس سال ضرور پُرانی ہو چکی ہے۔ یہ کہنہ شراب اس کے جہیز میں دی جاتی ہے۔

چین میں شراب کی قسموں کی جو کمی ہے اُسے شراب پینے کے مناسب وقت اور مناسب ماحول پر زور دینے سے پورا کیا گیا ہے۔ شراب کا مذاق الگ ہے اور چائے اور شراب میں جو فرق ہے اُسے اِس طرح ظاہر کیا گیا ہے کہ "چائے تارکِ دُنیا سے مماثلت رکھتی ہے اور شراب کی مثال ایک بانکے امیرزادے کی ہے ۔۔۔ شراب لطفِ صحبت کے لئے بے بہا چیز ہے اور چائے خاموش طبع شخص کی رفیق ہے!" ۔۔۔ شراب پینے کے مناسب موقعوں اور مقامات کے بارے میں بھی صاف صاف لکھ دیا گیا ہے ۔۔ ایک مصنف کہتا ہے: "تکلفاً اور رسماً جو شراب پی جائے وہ بہت دھیرے دھیرے اور سہج سہج پینی چاہیئے۔ بلا نوشی میں ایک طرح کا بانکپن اور رومان ہونا چاہیئے۔ بیمار کو بہت کم شراب پینی چاہیئے۔ غمگین شخص کو اس لئے پینی چاہیئے کہ وہ نشے میں دُھت ہو جائے۔ بہار کے موسم میں ایک کھلے صحن میں مے نوشی مناسب ہوگی۔ گرمیوں میں شہر کے مضافات میں اور خزاں میں کشتی میں بیٹھ کر پینی چاہیئے۔ سردیوں میں مکان کے اندر بیٹھ کر مے نوشی کرنی چاہیئے۔ رات کو صرف چاند کی موجودگی میں پینی چاہیئے۔"

ایک اور مصنف لکھتا ہے "پی کر دُھت ہونے اور بہکنے کے بھی خاص موقعے ہوا کرتے ہیں۔ دن میں پی کر بہکنا ہو تو پھولوں کے تختے کے پاس بیٹھ کر پینا کہ ان

اصل مقصد کی طرف آیئے۔ کیونکہ یہی نکتہ ہے جو چینی دعوتوں کی طوالت کی تشریح کر سکتا ہے۔ اس کی بدولت پتا چل سکتا ہے کہ چینی دعوتوں میں کتنے کھانے پیش کیے جاتے ہیں، اور کھانا کس طرح کھلایا جاتا ہے۔ چینی دعوتوں کا اصل مقصد یہ نہیں ہوتا کہ آپ جم کر بھر پیٹ کھانا کھالیں اور بس۔ اصل مقصد یہ ہوتا ہے کہ مختلف قسم کے کھانوں کے درمیان جو کہانیاں کہی جاتی ہیں، جو مذاق ہوتا ہے، جو چیستان اور کہ مکرنیاں ہوتی ہیں اُن سے پورا پورا لطف اٹھایا جائے اور محفل کے مزے لیے جائیں۔ یہ دعوتیں اصل میں دماغی کھیلوں کی محفلیں ہوتی ہیں۔ جن میں ہر پانچ سات منٹ کے بعد کوئی کھانے کی چیز میز پر آجاتی ہے یا مہمان کچھ وقفے کے بعد تھوڑا کھا لیتے ہیں اور پھر باتیں شروع ہو جاتی ہیں۔ اس کے دو اثرات ہوتے ہیں۔ ایک تو یہ کہ ان دماغی کھیلوں میں سوال اور جواب کے سلسلے میں جو شور مچتا ہے اس کی بدولت نشہ آور مشروب اور شراب کے اثرات جسم سے زائل ہونے میں مدد ملتی ہے۔ دوسرا اثر یہ ہے کہ عام طور پر یہ دعوتیں ایک گھنٹے سے زیادہ جاری رہتی ہیں۔ ان کے ختم ہونے تک کچھ نہ کچھ کھانا ہضم ہو جاتا ہے۔ چنانچہ جتنا آپ کھاتے جاتے ہیں اتنی ہی اور بھوک معلوم ہوتی ہے۔ کھانے وقت خاموش رہنا بڑے عیب کی بات ہے۔ یہ بات اِس لئے اخلاق سے گری ہوتی ہے کہ یہ بے حد غیر صحت مند ہے۔ عام طور پر غیر ملکی لوگوں کے دل میں یہ شک جاگزیں ہوا کرتا ہے کہ چین کے لوگ خوش باش نہیں ہوتے۔ اِن میں سے جن لوگوں کو یہ شبہہ ہو کہ چینی بڑی سنجیدہ اور منقطع اور خاموش طبع قوم ہے انھیں چاہئے کہ چینیوں کو کھانا کھاتے ہوئے ایک بار دیکھ لیں کیونکہ اُس وقت چینی لوگ موج میں ہوتے ہیں اور اُن کے طبعی کمالات کا عروج اسی وقت نظر آسکتا ہے۔ اگر کھانا کھاتے وقت بھی چینی خوشباشی کے متپلے نہیں تو یوں سمجھیے کہ خوشی ان کی قسمت میں ہی نہیں۔

جاتا ہے چنانچہ اس سے کافی شور مچتا ہے اور بہت گڑبڑ بھی ہوتی ہے جس سے محفل کی رونق بڑھتی ہے اور لطفِ محفل بھی زیادہ ہوتا ہے۔ دیکھنے کا سماں وہ ہوتا ہے کہ محفل میں ہر شخص پر نشے کا خاصہ گہرا رنگ چڑھتا ہے اور ہر شخص اپنے آپ کو بھول جاتا ہے کہ وہ کون ہے۔ ہر طرف سے "اور لاؤ" کے نعرے سنائی دیتے ہیں۔ لوگ اپنی اپنی جگہ سے اُٹھ کھڑے ہوتے ہیں یا ایک دوسرے کی جگہ بیٹھ جاتے ہیں اور کسی کو یہ یاد نہیں ہوتا کہ میزبان کون ہے اور مہمان کون ہیں۔ اس سے اگلے مرحلے پر پینے کا مقابلہ شروع ہوتا ہے۔ وہ بڑے فخر، بڑی لطافت اور بڑی چابک دستی سے جاری رکھا جاتا ہے ہر ایک کی کوشش ہوتی ہے کہ حریف کو دُھت کر کے نیچا دکھائیں۔ اس لئے حریف کی طرف سے کسی دھوکے کے سلسلے میں چوکس رہنا پڑتا ہے، حریف کی چالوں سے خبردار ہونا پڑتا ہے۔ اور غالباً محفلِ مے نوشی کا سارا لطف اسی مقابلے کی فضا میں مضمر ہوتا ہے۔

رہا چین میں شراب نوشی کا قابلِ تعریف پہلو تو وہ اِن محفلوں کی ہنگامہ آرائی اور شور ہے۔ کسی چینی ریستوران میں کھانا کھائیے تو شور سے معلوم ہوتا ہے کہ آپ ریستوران میں نہیں بلکہ فٹ بال کا میچ دیکھنے آئے ہیں۔ اس شور کی وجہ یہ ہے کہ مے نوشی کی محفلوں میں "انگلیاں گننے" کے ایک عجیب سے کھیل کا رواج ہے۔ کھیل یوں ہے کہ دو شخص بیک وقت ہاتھ کی انگلیاں پھیلاتے ہیں اور پھر بلند آواز سے یہ بتاتے ہیں کہ ان کے خیال میں اپنے اور حریف کے ہاتھوں کی انگلیوں کی کل تعداد کیا ہوگی۔ اس کھیل میں وقت کی مطابقت کا بڑا لحاظ رکھنا پڑتا ہے، اس لئے جب انگلیوں کی تعداد بتائی جاتی ہے تو یہ تعداد شاعرانہ ترکیبوں میں ڈھل کر ایک خاص آہنگ اختیار کر لیتی ہے۔

مے نوشی کی محفل کے بارے میں چینی لوگوں کا جو نظریہ ہے اب اس کے

پیچیدہ اور مشکل بھی بنایا جا سکتا ہے اور نہایت مشکل اور بعض اوقات نادر الفاظ بھی استعمال کئے جاتے ہیں۔ جہاں اس کھیل میں کچھ اہلِ علم لوگ حصّہ لے رہے ہوں تو بڑے بڑے نادر تاریخی نام بھی استعمال کئے جاتے ہیں جن کی بدولت دوسرے کی علمیت معلوم ہو جاتی ہے۔ مثلاً شیکسپیئر کے ڈراموں میں کرداروں کے یا بالزاک کے کرداروں کے ناموں سے پہیلیاں بنائی جاتی ہیں جن کا حل کافی دشوار ہوتا ہے۔

ایسے ادبی کھیلوں کی بہت سی قسمیں ہیں۔ اہلِ علم لوگوں میں ایک کھیل عام ہے کہ ایک عالم شخص سات لفظوں کا ایک مزاحیہ سا مصرعہ کہتا ہے۔ دوسرا اس گرہ لگاتا ہے اور پھر مصرعہ در مصرعہ نظم چلتی ہے۔ شرط یہ ہے کہ آخر میں اس کا کوئی مطلب اور مفہوم پیدا نہ ہو۔ مصرعوں میں عام طور پر کسی چیز، کسی شخص یا کسی منظر پر کچھ کہا جاتا ہے۔ ہر شخص دو مصرعے کہے گا۔ پہلا مصرعے میں تو اپنے سے پہلے والے شخص کے مصرعے پر گرہ لگا کر شعر بنا دے گا اور دوسرا مصرعہ بعد والے کے لئے ہوگا کہ وہ شعر پورا کرے۔ قافیے کی پابندی سب سے پہلے مصرعے سے شروع ہو گی۔ تیسرے، پانچویں، ساتویں مصرعوں میں (علیٰ ہٰذا القیاس) اس قافیے کا التزام کیا جائے گا — عالموں کی محفل میں (جن میں ہر شخص نے "کتابِ چہار گانہ" یا "کتاب النغمات" کا ہر نام اور ہر فقرہ حفظ کر رکھا ہوتا ہے) میزبان یہ مطالبہ بھی کر سکتا ہے کہ حاضرین کسی خاص موضوع پر مناسب مقولے اور ضرب الامثال پیش کریں — مقبولِ عام گیتوں اور تانگ نظموں کے مصرعوں پر مناسب "مقولے" کہنے کا بھی مطالبہ ہو سکتا ہے۔ ان باکمال حاضرین سے یہ بھی کہا جا سکتا ہے کہ وہ ایسے پھولوں یا دواؤں کے نام بتائیں جن کا تعلق عورتوں کے جسم، لباس یا اُن کے استعمال کی چیزوں سے ہو۔ اس کی مثال پنجۂ مریم (ایک بوٹی) گوکھرو (ایک خاردار بوٹی) وغیرہ ہیں — ایسے

معموں اور چیستانوں کے سلسلے میں چینی لوگ بڑے مشہور رہیں مگر شراب پیتے وقت اُن کے دماغی کھیلوں کے بارے میں کم لوگ جانتے ہیں۔ چین میں بے شمار کھیل رائج ہیں اور یہ سب کے سب شراب پینے کے بہانے ہوتے ہیں ـــ رات کے کھانے پر جو جو کھانے کھلائے جا سکتے ہیں ہر چینی ناول میں اُن کا عین مین ذکر موجود ہوتا ہے۔ ان ناولوں میں شعر گوئی کے ایسے مقابلے بھی مذکور رہیں جو ایسے موقعوں پر اکثر ہوتے رہتے ہیں مشہور نسائی ناول چنگ ہوا یو آن میں ادبی مذاق رکھنے والی لڑکیوں کی ایسی کئی تفریحات کا ذکر ہے (ان میں تلفظ کے کھیل بھی شامل ہیں) اور غالباً یہی چیزیں اس ناول کا اصل موضوع ہیں۔

سب سے سادہ کھیل شیہ فو کہلاتا ہے۔ اس کھیل میں کسی ایک لفظ کا ابتدائی رُکن اور دوسرے لفظ کا آخری رُکن ملا کر ایک لفظ بنا دیا جاتا ہے۔ اور دوسرے شخص کو وہ رُکن بتانا پڑتا ہے جو ان میں غائب ہوتا ہے۔ اس کی ایک مثال ملاحظہ ہو ـــ حُور کا ٹکڑا "مسحور" اور "حور وش" دونوں میں مشترک ہے۔ اس کا معما یہ بنا کر "مس وش" کا لفظ دیدیا۔ گویا مسحور کا پہلا رکن مس اور حور وش کا آخری رُکن وش ملا کر ایک لفظ بنا دیا حریف سے کہا کہ ان میں سے جو رُکن غائب ہے، وہ بتاؤ ـــ مناسب طریقہ یہ ہے کہ جو شخص ان دونوں لفظوں کا درمیانی رُکن بوجھ لے (حُور) وہ اسے بتاتا نہیں بلکہ اس سے ایک جوابی معما بنا لیتا ہے۔ مثلاً حُور کے لفظ سے وہ حور طلعت اور سحور (جمع سحر۔ صبح) کے رکن ملا کر طلعتس کا لفظ بنا کر جواب میں کہہ دے گا۔ اصل معما بنانے والے کو معلوم ہو جائے گا کہ مخالف کو صحیح جواب معلوم ہے لیکن حاضرین کو کچھ پتا نہ چل سکے گا۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ حریف کا جواب اصل جواب سے بہتر ہے۔ اس سے بہتر لفظ کو ماننا لازم ہوگا۔ اس چیستان کو اور زیادہ

اٹھاتا ہے، ان کو ملا کر ایسے عجیب فقرے بنتے ہیں کہ جی خوش ہو جائے۔ مثلاً آپ نے ہر سیٹ میں سے ایک ایک ٹکڑا اٹھایا۔ ان کو ملا کر یہ فقرہ بنا کہ "پادری خاتون کے حرم میں ناز و انداز دکھا رہا ہے"، یا "گداگر قحبہ خانے میں نماز پڑھتا ہے"، یا "قصاب بازار میں کشیدکاری کرتا ہے!" ــــ یا "خاتون قبرستان میں لڑ رہی ہے" ــــ ان فقروں کو سامنے رکھ کر بتائیے کہ کیا یہ اخباروں کی نہایت عمدہ اور لرزہ خیز سرخیاں نہیں بن سکتیں؟ خیر ایک ایسی بات کو موضوع ٹھہرا لیا جاتا ہے اور ہر شخص سے کہا جاتا ہے کہ وہ پانچ رکن کا ایک مصرعہ نظم کے لئے کہے۔ آخر میں نظم کا نام آئے۔ اور نظم کے آخر میں "کتاب النغمات" کا ایک موزوں اور برجستہ فقرہ آئے تاکہ اس موضوع پر ساری بات مکمل ہو جائے!

اس کے پیشِ نظر، یہ کوئی تعجب کی بات نہیں کہ مے نوشی کی ایسی دعوتیں دو دو گھنٹے چلتی ہیں۔ شریکِ محفل کا مقصد یہ نہیں ہوتا کہ کھائے اور پیئے، اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ تفریح میں شامل ہو اور جی بھر کر شور مچائے۔ اسی لئے جو شخص نیم مخمور رہے وہی اچھا رہے گا۔ پینے والے کے لئے اصل چیز شراب نہیں، جذبہ ہے۔ اس کا لطف ہے ــــ اور اگر آپ میں زیادہ پینے کی استطاعت نہ بھی ہو، پھر بھی آپ اس جذبے، اس مذاق کی بدولت لطف حاصل کر سکتے ہیں۔ کسی نے کہا ہے:

"ایسے بھی لوگ ہیں جو ایک لفظ پڑھ نہیں سکتے مگر ان میں شعر سے مزہ اٹھانے کی صلاحیت ہوتی ہے۔ ایسے بھی لوگ ہیں جنھیں ایک دعا یاد نہیں مگر مذہب کا صحیح شعور ان میں ہے۔ ایسے بھی لوگ ہیں جو شراب کا ایک قطرہ نہیں پیتے لیکن شراب کے کیف کا مذاق انھیں ہے۔ ایسے بھی لوگ ہیں کہ منطق کے بارے میں انھیں کچھ پتا نہیں ہوتا لیکن ان

ذومعنی نام اسی صورت میں پیش کیے جا سکتے ہیں کہ ایک زبان میں پھولوں، دواؤں، درختوں وغیرہ کو کس قسم کے نام دیئے گئے ہیں اور وہ نام خوبصورت بھی ہیں یا نہیں — ناموں کی کہ مکرنیاں اور ان کا الٹ پھیر ہر زبان میں ممکن ہے اور اس کا سلسلہ دار ومدار طباعی اور دماغ کی طراری پر ہے۔ اس کھیل کا سارا لطف برجستگی اور تیزی میں ہے اور یہ ضروری ہے کہ ان ذومعنی لفظوں کے ساتھ عام معنی کے علاوہ دوسرے معنی بھی وابستہ ہوں جو بڑے نادر اور عجیب ہوں — کالج کے طالب علموں کو میرا مشورہ ہے کہ وہ اپنے پروفیسروں کے ناموں سے ایسی ترکیبیں بنا کر اور الٹ پھیر کر کے بہت اچھا وقت گزار سکتے ہیں۔

ان کھیلوں کے علاوہ ایسے کھیل بھی ہیں جن میں کچھ ساز و سامان چاہیئے، مثلاً لکڑی کے خاص وضع کے ٹکڑے چاہئیں — ناول "پھولوں کا خواب" میں ایسے ہی ایک کھیل کا تذکرہ ملتا ہے۔ اس میں ٹکڑوں کے تین الگ الگ سیٹ (یہ ٹکڑے چاہے کاغذ کے ہوں) ہوتے ہیں۔ ان میں چھ آدمیوں کا یہ گروہ چھ مختلف کام مختلف جگہوں میں کر رہا ہے:

| | | |
|---|---|---|
| بانکا | گھوڑے کی سواری کرتا ہے | بازار میں |
| پادری | نماز پڑھتا ہے | اپنے کمرے میں |
| خاتون | کشیدہ کاری کرتی ہے | اپنے حریم میں |
| قصاب | لڑ رہا ہے | گلی کوچوں میں |
| طوائف | ناز و انداز دکھاتی ہے | قحبہ خانے میں |
| گداگر | سوتا ہے | قبرستان میں |

ان ٹکڑوں کو ملا دیا جاتا ہے۔ پھر ہر شخص ان تینوں سیٹ میں سے ایک ایک ٹکڑا

جدید زمانے میں شہری زندگی کی رفتار اتنی برق وش ہے کہ ہم لوگ کھانا پکانے اور کھانے پینے کے مسئلے کو کم سے کم وقت دیتے ہیں اور اس کے بارے میں کم سے کم خیال کرتے ہیں ــــ آج کل کے زمانے میں بیوی، جو اعلیٰ پایے کی اخبار نولیس بھی ہو، اپنے شوہر کو ڈبے کا شوربا اور سیم کی پھلیاں ہی کھلا سکتی ہے اور اس سے کوئی شکایت بھی نہیں کی جاتی ــــ مگر ذرا خیال کیجیے، یہ کیا زندگی ہے کہ ہم صرف کام کرنے کے لیے کھائیں اور اس لیے کام نہ کریں کہ ہمیں کھانا نصیب ہو سکے۔ یہ اپنے ساتھ بڑا سخت ظلم ہے۔ اور دوسروں پر رحم و الطاف کرنا سیکھنے سے پہلے ہمیں اپنے اوپر رحم کرنا پڑے گا ــــ آج کل کئی خواتین معاشرتی اصلاح کے لیے شہر کے غلیظ اور پسماندہ حصول میں دن رات کام کرتی پھرتی ہیں۔ لیکن یہی خواتین گیس کے چولھے پر دس منٹ میں کوئی معمولی سی چیز پکا کر کھا لیتی ہیں کیونکہ انھیں معاشرتی اصلاح کے کاموں سے اتنی فرصت ہی نہیں ہوتی! ــــ میں پوچھتا ہوں یہ معاشرتی اصلاح کس کام کی ہے؟ ــــ اگر کنفیوشس کو ایسی کسی خاتون سے واسطہ پڑتا تو وہ اسے فوراً طلاق دے دیتا کیونکہ اُس نے اپنی بیوی کو اچھا کھانا نہ پکانے کے قصور پر طلاق دے دی تھی۔

اب یہ واضح طور پر معلوم نہیں کہ کنفیوشس نے اپنی بی بی کو طلاق دی تھی یا وہ بے چاری خود، زندگی کے اِس نہایت نازک طبع پرستار کے مطالبات سے تنگ آ کر گھر سے نکل گئی تھی۔ کنفیوشس کی لطافتِ ذوق کا یہ حال تھا کہ "چاول کبھی اتنے سفید نہیں پکانے جا سکتے جتنے سفید ہونے چاہئیں، نہ قیمہ اتنا باریک ہو سکتا ہے جتنا ہونا چاہیے" ــــ اگر گوشت مناسب چٹنی کے ساتھ اُس کے سامنے نہ رکھا جاتا تو وہ کھانے سے انکار کر دیتا تھا۔ یا "جب اُس کی بوٹیاں باقاعدہ اور عمدہ نہ ہوں یا جب اُس کی خوشبو ٹھیک نہ ہو" تو وہ کبھی نہیں کھاتا تھا۔ میرا خیال ہے کہ اس کی بیوی

میں مصوری کا سچا جوہر موجود ہے۔"
یہی وہ لوگ ہیں جو شاعروں اور ولیوں، مے کشوں اور مصوروں کے ہم نشیں ہونے کے قابل ہیں۔

## ۷۔ غذا اور دوا

کھانے کی چیزوں کے بارے میں اگر ذرا وسعت نظر سے سوچیں تو ہر اُس چیز کو "غذا" میں شامل کرنا ہوگا جو ہماری پرورش کرے یا ہمیں قوّت پہنچائے —— ہم سب حیوان ہیں اس لئے یہ کہنا مناسب ہوگا کہ ہم وہی کچھ ہیں جو ہم کھاتے ہیں۔ گویا ہماری زندگی دیوتاؤں کی گود میں نہیں بلکہ باورچیوں کے ہاتھوں میں پلتی ہے۔ اسی لئے چینی شرفا اپنے باورچی کو دوست بنانے کی کوشش کرتے ہیں کیونکہ زندگی کے مزے اُسی کے اختیار میں ہیں۔ چاہے تو زندگی کا لطف اٹھانے دے یا نہ دے۔ چینی ماں باپ، اور میرے خیال میں مغربی ماں باپ بھی بچے کی انا کو ہمیشہ بہت اچھی طرح رکھتے ہیں کیونکہ وہ جانتے ہیں کہ بچے کی صحت کا سارا دارومدار انا کے مزاج، اس کی خوشنودی اور اس کے رہن سہن پر ہے —— اس سلسلے میں ہمیں بھی یہ جاننا چاہیئے کہ اپنے باورچیوں کو نہایت اچھی طرح رکھیں کیونکہ اگر ہمیں اپنی صحت کا اتنا ہی خیال ہے جتنا ہمیں اپنے بچوں کی صحت کا ہوتا ہے تو باورچی کے ساتھ شاہانہ سلوک روا رکھنا ہوگا۔ ایک معقول آدمی اگر صبح کے وقت بستر پر پڑے پڑے زندگی کی نعمتوں کا شمار کرے تو اُسے معلوم ہوگا کہ زندگی کے اِن مزوں اور نعمتوں میں سب سے پہلے نمبر پر کھانا ہے —— گویا عقلمند آدمی کی پہچان یہ ٹھہری کہ وہ گھر پر اچھا کھانا کھاتا ہے یا نہیں۔

تھی۔ یہ کتاب بنیادی طور پر غذا کو صحت کی بنا ٹھہراتی ہے ـــــ ابتدا ہی میں یہ عبارت
ملتی ہے ": جو شخص اپنی صحت کا خیال رکھتا ہے وہ اپنی پسند، ناپسند میں اعتدال ملحوظ
رکھتا ہے، فکر اور تشویش کو پاس نہیں پھٹکنے دیتا، خواہشات پر ضبط کرتا ہے، جذبات
پر قابو رکھتا ہے، قوتِ حیات کو سنبھالتا ہے، کم سخن ہوتا ہے، کامیابی اور ناکامی کا
زیادہ خیال نہیں کرتا، غموں اور مشکلوں کی پروا نہیں کرتا، فضول امنگوں اور ارمانوں
کو دل میں جگہ نہیں دیتا، باصرہ اور سامعہ کو سکون دیتا ہے اور اپنے اندرونی نظام
اور غذا کی باقاعدگی کا پابند ہوتا ہے۔ جو شخص اپنے قوا کو مضمحل نہیں کرتا اور روح
پر بوجھ نہیں ڈالتا وہ بیمار کیسے ہو سکتا ہے؟ لہٰذا جو شخص اپنی پرداخت کرنا چاہے
اُسے صرف اُس وقت کھانا چاہیے جب اُسے بھوک لگے۔ اُسے کھانا چاہئے ٹھونسنا
نہیں چاہیے۔ پانی اس وقت پینا چاہیئے جب اُسے پیاس لگے اور پیٹ کو پانی سے
بھرنا نہیں چاہیئے۔ تھوڑا کھانا چاہیئے اور کھانوں کے درمیان لمبا وقفہ ہونا چاہیئے۔
کھانا بہت زیادہ نہ ہو، اور یہ ہمیشہ کا دستور ہو۔ اُسے چاہیئے کہ جب وہ کھانے کی میز
سے اُٹھے تو اس کی بھوک باقی ہو اور جب وہ بھوکا ہو تو کچھ سیر بھی ہو۔ پیٹ کی سیری
پھیپھڑوں کو تکلیف دیتی ہے اور بھوک، قوّتِ حیات کی روانی میں رخنہ اندازی کرتی
ہے ـــــ"

یہ اقتباس کھانوں کی کتاب کا ہے اور چینی زبان میں کھانے کے بارے میں
ہر کتاب اسی طرح ہوتی ہے کہ اس میں اور طب کی کتاب میں کوئی فرق نہیں ہوتا۔
شنگھائی میں ہونان روڈ پر چینی دواؤں کی دکانیں ہیں۔ ان دکانوں کو دیکھ کر
کوئی شخص یہ نہیں سمجھ سکتا کہ یہ دکاندار دوائیں زیادہ بیچتے ہیں یا کھانے کی چیزیں۔ ان
دکانوں میں گوشت کی ران کے ساتھ آپ کو دارچینی رکھی ملے گی۔ شیر کی سوکھی نسوں

کسی نہ کسی طرح اس کے ساتھ گزر بسر کرتی رہی۔ ایک دن اُس نے اپنے بیٹے کو بازار بھیجا کہ کچھ شراب اور کچھ گوشت لے آئے تاکہ کھا پی کر سب فارغ ہوں۔ مگر کنفیوشس نے صاف کہہ دیا کہ "میں وہ شراب نہیں پی سکتا جو گھر میں نہیں بنائی گئی، نہ وہ گوشت کھاؤں گا جو گھر میں نہیں پکایا گیا۔" اس پر اس بچاری کے پاس گھر سے چلے جانے کے سوا کیا چارہ رہ گیا تھا؟ —— یہ عرض کر دوں کہ کنفیوشس کی بیوی کی نفسیات کے بارے میں جو کچھ میں نے عرض کیا وہ میرا اندازہ ہے لیکن یہ طے ہے کہ اس نے اپنی بیوی پر جو شرائط عائد کر رکھی تھیں وہ بے حد کڑی تھیں۔ تمام کنفیوشسی کتابیں اس کی شاہد ہیں۔

چنانچہ یہ قرار پایا کہ غذا وہ چیز ہے جو ہمارے جسم کی پرورش کرے، اس لئے چینی لوگ غذا اور دوا میں کوئی امتیاز روا نہیں رکھ سکے —— جو چیز جسم کے لئے اچھی ہو وہ دوا ہے اور اس کے ساتھ ساتھ غذا بھی۔ جدید سائنس نے ابھی گزشتہ صدی میں یہ دریافت کیا ہے کہ بیماریوں کے علاج میں غذا کا بڑا اہم حصہ ہوتا ہے۔ خوش قسمتی سے آج اچھے ہسپتالوں میں غذا کے ماہر ڈاکٹر ضرور رکھے جاتے ہیں۔ اگر یہ جدید ڈاکٹر ایک قدم اور آگے بڑھیں اور ان غذائی ماہروں کو چین میں ٹریننگ حاصل کرنے کے لئے بھیجیں تو انھیں شیشے کی بوتلوں میں بند دواؤں کی بہت کم ضرورت ہوا کرے —— چین کے ایک بہت قدیم ماہرِ طب (چھٹی صدی عیسوی) نے لکھا ہے "ایک ہوشیار طبیب سب سے پہلے تو بیماری کے اسباب معلوم کرتا ہے اور جب اصل سبب معلوم ہو جائے تو اسے غذا کے ذریعے ٹھیک کرنے کی کوشش کرتا ہے۔ جب غذا کام نہ کرے تو پھر وہ کوئی دوا تجویز کرتا ہے۔" —— چین میں غذا کے بارے میں سب سے پہلی کتاب منگول دربار کے شاہی طبیب نے کوئی ۱۳۳۰ء کے لگ بھگ لکھی

کے لئے کونین کی ٹکیا نہ دی جائے بلکہ اُسے سبز کچھوے اور کھمبی کا نہایت عمدہ سوپ دیا جائے جس میں سنکونے کی چھال کے کچھ ٹکڑے بھی اُبالے جائیں گے۔ اِس صورت میں ہسپتالوں کے شعبۂ غذا میں بہت توسیع کرنی پڑے گی۔ بلکہ خود ہسپتال، سینی ٹوریم اور ریستوران کا ایک ملا جلا روپ بن جائیں گے۔ گویا آخر میں ہم اِسی نتیجے پہ پہنچیں گے کہ صحت اور بیماری دوا الگ الگ چیزیں نہیں، ایک ہی صورتِ حال کے دو رُخ ہیں۔ اس دَور میں انسان کھائے گا اس لئے کہ بیماری سے بچا رہے اور آج کی طرح بیماری کے علاج کے لئے دوائیں نہیں کھاتا پھرے گا۔ یہ وہ نکتہ ہے جس پر اہلِ مغرب خاص توجہ نہیں دیتے کیونکہ مغرب میں لوگ ڈاکٹر کے پاس اسی وقت جاتے ہیں جب وہ بیمار ہوتے ہیں صحت کی حالت میں وہ کبھی ڈاکٹر کے ہاں نہیں جاتے۔ مگر اس دور کے آنے سے پہلے جب غذا، بیماریوں کی روک تھام کریگی ہمیں کم از کم اتنا تو ضرور کرنا چاہیئے کہ جسم کی پرورش کرنے والی دوا اور بیماری کا علاج کرنے والی دواہیں سارے امتیاز اٹھادیں۔

میں نے عرض کیا کہ دوا اور غذا میں چینی لوگوں نے کوئی امتیاز روا نہیں رکھا اور وہ اس کے لئے مبارکباد کے مستحق ہیں۔ اس کی بدولت ان کی دوائیں، دوائیں کم ہوتی ہیں اور ان کی غذا میں زیادہ وسعت پیدا ہوگئی ہے۔ اس میں زیادہ غذائیت ہوگئی ہے۔ چین کے نیم تاریخی عہد کی جو چیزیں ملی ہیں اُن میں شکم پروری کے دیوتا کے مجسمے بھی ہیں۔ یہ بات اہم ہے کیونکہ اس کا واضح مطلب یہ ہے کہ اس دیوتا (تاؤفایہ) کی روح ہمارے معاشرے میں جاری وساری ہے۔ اس کی بدولت ہماری طب کی کتابیں، کھانوں کی کتابیں معلوم ہوتی ہیں اور ماکولات کے یہ دفتر، طب کی کتابوں کے مشابہ نظر آتے ہیں۔ اِسی کی بدولت قدرتی سائنسوں میں حیاتیات اور علم حیوانات،

اور اُود بلاؤ کے گُردوں کے ساتھ چھوٹی سمندری مچھلیاں ہوں گی اور ہرن نُپ — سینگوں کے ساتھ پکینگ کی کھجوریں رکھی ملیں گی۔ یہ ساری چیزیں انسانی جسم کے لئے مفید ہیں اور سب کی سب انسانی جسم کی پرورش کرتی ہیں۔ اس لئے کھانے کی چیزوں اور دواؤں میں امتیاز نا ممکن ہے۔ چین میں کوئی طاقت آور دوا، دواؤں پر مشتمل نہیں ہوتی بلکہ اس میں چوزے کا شوربا اور جڑی بوٹیوں کا عرق ہوتا ہے ۔۔۔ اسکی ساری وجہ چینی طب کا دستورِ عمل ہے مغربی طب کی دوائیں تو گولیوں اور مکسچر کی صورت میں استعمال ہوتی ہیں مگر چینی طب کی "دوائیں" عام طور پر دم پخت شوربے کی صورت میں ہوتی ہیں۔ تمام چینی دواؤں کا تصوّر اور ان کی تیاری عام شوربے یا یخنی کی طرح ہے۔ اور ان کی تیاری میں بُو باس، ذائقے اور اجزا کا خاص خیال رکھا جاتا ہے۔ ایسے شوربے میں عام طور پر سات آٹھ سے لے کر بیس تک اجزا ہوتے ہیں اور نسخے کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ نہ صرف بیماری کو ٹھیک کیا جائے بلکہ جسم کو بھی تقویت پہنچائی جائے۔ اس صورت میں چینی طب، جدید طب سے بالکل متفق ہے کہ جب ایک شخص کا جگر خراب ہو تو اس کا صرف جگر ہی خراب نہیں ہوتا بلکہ اس کا سارا جسم بیمار ہوتا ہے۔ آخر دوا کا اور مقصد اور منتہا کیا ہے۔ یہی نا کہ انسانی جسم کے پیچیدہ نظام، مختلف اعضا، رطوبتوں وغیرہ کو تقویت دے کر ہمارے جسم کو مضبوط بنانے اور اس طرح انسانی جسم اپنی مدافعت کی قوت کی بنا پر بیماری سے نجات حاصل کر لے۔ چنانچہ چینی ڈاکٹر مریض کو درد وغیرہ کے لئے کبھی اسپرین کی ٹکیا نہیں دیں گے۔ وہ ان کے لئے خاص قسم کی چائے کا بڑا پیالہ تجویز کریں گے جس میں چائے کے علاوہ کچھ اور چیزیں بھی ہوں گی اور جس سے مریض کو کھل کر پسینہ آ جائے گا ممکن ہے جب بیماری کا علاج کرنے میں غذا کی اہمیت پوری طرح جان لی جائے گی تو مریض کا نجار اتارنے

تھا کہ کلیجی کھانے سے خون پیدا ہوتا ہے۔ چین میں ہمیشہ سے یہ خیال موجود ہے اور کلیجی کو بڈھوں کے لئے بہت عمدہ ٹانک سمجھا جاتا ہے۔ مجھے یہ شک ہے کہ مغربی ملکوں میں قصاب جب کسی جانور کو حلال کرتے ہیں تو وہ تمام ایسی چیزیں پھینک دیتے ہیں جو اپنے اندر بہت غذائیت رکھتی ہیں۔ ان میں گردے، اوجھ، آنتیں، خون، ہڈیوں کا گودا اور مغز وغیرہ شامل ہیں — مغرب میں اب اس بات کا انکشاف ہو رہا ہے کہ ہڈیوں کے اندر ہی خون کے سرخ ذرے پرورش پاتے ہیں لہٰذا بکرے یا گائے یا کسی اور جانور کی ہڈیوں کے پھینک دینے اور ان کی یخنی تیار نہ کرنے سے بے شمار غذائیت ضائع ہوتی ہے۔

مجھے کئی مغربی کھانے اور کھانے کی چیزیں پسند ہیں — ان میں سب سے پہلے ترنجبین ہے۔ اگر تاؤ فلسفے کے پیروؤں کو گریپ فروٹ (کھب) مل جاتا تو وہ اسے یقیناً آبِ حیات کا درجہ دیتے کیونکہ یہ لوگ عجیب و غریب پھلوں کی نادر بوباس کی تلاش کرتے رہتے تھے۔ اس کے علاوہ ٹماٹر کا رس ہے جیسے بیسویں صدی کا بہت بڑا انکشاف قرار دینا پڑیگا۔ یہ کا سہرا مغرب کے سر ہے۔ آج سے ایک صدی پہلے چینی لوگ بھی مغرب کے لوگوں کی طرح ٹماٹر کو کھانے کے قابل چیز نہیں گردانتے تھے۔ اس کے اگلے نمبر پر کچی سیری کا نمبر ہے کہ جو بانس کی کونپلوں کی طرح بڑھی خاص مزہ رکھتی ہے — ایسپرگس اگر ہرا ہو تو خوب ہے۔ مجھے یہ بھی اعتراف کرنا ہوگا کہ انگلستان میں گائے کا گوشت جس طرح تلا جاتا ہے اور باقی قسموں کے گوشت بھی جس طرح روسٹ کئے جاتے ہیں وہ بھی مجھے بے حد پسند ہیں — اصل میں ہر چیز اگر اسی سرزمین میں پکائی اور کھائی جائے جہاں وہ ملتی ہے اور مناسب ہونے پر کھائی جائے تو اچھی ہوتی ہے۔ امریکی گھروں میں میں نے جو کھانا کھایا ہے وہ مجھے ہمیشہ پسند آیا لیکن

دونوں فروغ پاکر ترقی نہیں کرسکے کیونکہ چینی سائنس داں سانپ یا بندر کے گوشت یا اونٹ کے کوہان کے ذائقوں کے بارے میں تو سوچتے رہے ہیں، اُن کی ماہیت پر کبھی غور نہیں کرسکے۔ اِسی لئے چین میں اگر کوئی علمی تجسس موجود ہے تو وہ صرف کھانے کی چیزوں کے بارے میں ہے اور بس۔

وحشی قبیلوں میں دوا اور جادو، دونوں کا آپس میں گہرا تعلق ہوتا ہے چین میں تاؤ فلسفے کے پیروکار "زندگی کی نمو" اور جاودانی زندگی یا طویل زندگی کو اپنا اصلِ اصول قرار دیتے ہیں۔ اِسی لئے ہم دیکھتے ہیں کہ غذا اور دوا، دونوں انھیں لوگوں کے ہاتھ میں ہیں۔ مَیں نے اس سے پہلے منگول دربار کے شاہی طبیب کی لکھی ہوئی کھانوں کی کتاب کا ذکر کیا تھا۔ اس کتاب میں کئی باب موجود ہیں جو بیماری کو دور رکھنے اور لمبی عمر پانے کے بارے میں ہیں۔ تاؤ فلسفے کے پیرو کار فطرت کے سختی سے پرستار اور پیروکار ہیں اس لئے اُن کی کتابوں میں عام طور پر یہ کہا گیا ہے کہ انسان کو پھل پھول اور سبزیاں کھانی چاہئیں ۔۔۔ مادی زندگی سے ستھری اور شعریت سے قربت کا اندازہ اِس بات سے کیجئے کہ ان لوگوں نے نیلوفر کے تازہ بیج کھانے کو اہلِ ذوق کے لئے سب سے بڑا ذریعہ مسرت قرار دیا ہے یہ بیج ایسے ہونے چاہئیں کہ شبنم نے انھیں تازہ تازہ مہکایا ہو۔ ان لوگوں کے اختیار میں ہو تو وہ زرِ نیلوفر کے بجائے شبنم ہی پی لیں۔ اِس زمرے میں دیودار کے بیج، ارا روٹ کے بیج اور جاپانا روٹ کے بیج بھی آتے ہیں۔ ان کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ ان کے کھانے سے عمر بڑھتی ہے، کیونکہ ان سے دل صاف اور روح پاکیزہ ہوتی ہے۔

چین کا علم الادویہ ایسا ہے کہ مغربی تحقیق کے لئے اِس میں بڑی گنجائش موجود ہے۔ مغربی طب کا حال تو یہ ہے کہ ابھی بیس ایک برس ادھر یہ دریافت ہوا

اور تنوع کی جو کمی ہے اس کی وجہ یہی ہے۔ مثلاً چین میں مرغ کا پوٹا (سنگدانہ) اور اس کے دل و جگر کو بھون کر کباب کرتے ہیں اور نمک چھڑک کر کھاتے ہیں۔ یہ بالکل عام چیز ہے۔ سیم مچھلی کا سر اور اس کے گلپھڑوں کے آس پاس کے نازک گوشت کو خاص طریقے سے تیار کر کے کھایا جاتا ہے۔ یہ دستر خوان پر پُر تکلف اور خاصے کی چیز سمجھی جاتی ہے۔ اسی قسم کے اور کھانے بھی ہیں جن میں گائے کے گوشت کی دم پخت یخنی بھی ہے اور پھر گھونگا مچھلی ہے جو چین اور فرانس میں بڑی خاص چیز سمجھی جاتی ہے۔

شوربے کے معاملے میں جو اتنا کم تنوع ملتا ہے تو اس کی دو وجہیں ہیں۔ پہلی تو یہ کہ سبزیوں کو گوشت کے ساتھ ملا کر پکانے کے سلسلے میں کم تجربے کیے گئے ہیں حالانکہ جھینگا مچھلی، کھمبی، ہرے بانس کی کونپلیں، کمرخ اور گوشت وغیرہ کو اگر نت نئی ترکیب اور ترتیب سے آمیز کیا جائے تو انھیں پانچ چھ چیزوں سے بہت سی قسموں کا شوربا تیار ہو سکتا ہے۔ ہری کمرخ سے مغرب میں شوربا تیار تو ضرور کیا جاتا ہے لیکن اسے اگر مختلف رقیقوں سے بنایا جائے اور اس میں سوکھی ہوئی جھینگا مچھلی کا چھینٹا دیا جائے تو یہ گرما کے لئے نہایت عمدہ شوربہ بنتا ہے۔ تنوع نہ ہونے کی دوسری وجہ یہ ہے کہ شوربہ بنانے کے سلسلے میں سمندری چیزوں کا استعمال نہیں کیا جاتا۔ مغرب میں مثلاً صدفی مچھلی کو صرف فرائی کیا جاتا ہے لیکن اسے اگر سکھا لیا جائے تو یہ شوربا بنانے کے لئے نہایت عمدہ جزو ثابت ہو سکتی ہے۔ مگر مغرب میں تو یہ حال ہے کہ جھینگا مچھلی کی یخنی ہو تو اس میں جھینگوں کا نام نہیں ہوتا۔ سبز کچھوے کا سوپ ہو تو اس میں اس کے گوشت کا نشان نہیں ملتا۔ حالانکہ اسے اس طرح پکانا چاہیے کہ کھانے میں لب مچڑ مچڑ جائیں۔ سمندری غذا کو پکاتے ہوئے ایک بات کا خاص خیال رکھنا چاہیے۔

نیویارک کے بہترین ہوٹلوں کے کھانے سے مجھے کوئی مزہ نہیں ملا۔ یہ قصور نیویارک کے ان ہوٹلوں کا نہیں کیونکہ خود چینی رستورانوں میں بھی اچھا کھانا نہیں ملتا۔ ہاں اگر آپ کھانے کا پہلے سے نوٹس دیدیں اور کھانا خاص طور پر تیار کرائیں تو دوسری بات ہے ــــ

اس کے باوجود یورپی اور امریکی پکوان میں بڑی زبردست کمیاں موجود ہیں۔ مغربی پکوان، بیکری کی چیزوں، میٹھے پکوانوں اور کھانے کے بعد کی میٹھی چیزوں میں بہت ترقی یافتہ سہی۔ مگر مغربی پکوان بے حد محدود، بڑا بے مزہ اور جدت سے بالکل عاری ہے۔ آپ کسی ہوٹل یا بورڈنگ ہاؤس یا کسی جہاز پر تین ہفتے مغربی کھانا کھائیں۔ ہر بار ہر پھر کر وہی چوزے کا گوشت گائے کے سینے کے ٹکڑے، مٹن چاپ وغیرہ ملے گا اور ان کو کھاتے کھاتے آپ بیزار ہو جائیں گے۔ مغربی پکوان کا سب سے پسماندہ حصہ سبزیوں کا پکانا ہے۔ اوّل تو مغرب میں سبزیوں کی قسمیں ہی کم ہیں۔ اس پر طرّہ یہ کہ ان سبزیوں کو پانی میں اُبالا جاتا ہے اور تیسری بات یہ کہ ان کو اتنا پکایا جاتا ہے کہ یہ اپنا رنگ روپ کھو بیٹھتی ہیں اور بالکل حلوا بن جاتی ہیں خصوصاً پالک قسم کی سبزیوں کے ساتھ تو بڑی زیادتی کی جاتی ہے۔ حالانکہ اسے اگر روغن اور نمک کے ساتھ فرائی پین میں بھونا جائے اور خستہ رکھا جائے تو یہ بے حد لذیذ ہوتی ہے۔ یہی حال سلاد کا ہے۔ شرط یہی ہے کہ ان کو فرائی پین میں زیادہ دیر نہیں رکھنا چاہئیے ورنہ ان کی خستگی جاتی رہے گی اور یہ بالکل ساگ بن جائیں گی۔ مغرب میں چوزے کی کلیجی کو ایک نادر شے سمجھا جاتا ہے۔ یہی حال بکرے کے گردوں کے کباب کا ہے۔ مگر ان کے علاوہ ان جیسے اور بہت سے کھانے ہیں جن کے بارے میں مغرب والوں نے ابھی کوئی تجربہ نہیں کیا۔ مغرب کے کھانوں میں یہ نگارنگی

ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میری زندگی کیکڑوں کے آغاز و انجام سے وابستہ ہو چکی ہے۔"

اپنے مضمون کے آخر میں لی نے بتایا ہے کہ اس کے لئے کیکڑوں کی پسندیدگی کی وجہ کیا ہے۔ وہ کہتا ہے کہ کیکڑے غذا کے اعتبار سے تین نہایت عمدہ خصوصیات کے مالک ہیں یعنی ان کا رنگ، ان کی مہک اور لذّت تینوں لاجواب ہیں۔ کیکڑوں کے بارے میں عام چینی لوگوں کا بھی یہی خیال ہے۔

میرے نزدیک غذا کا فلسفہ محض تین باتوں پر مشتمل ہے یعنی کھانے کی چیز وہی عمدہ ہے جو تازہ ہو، جس میں لذّت اور مہک ہو اور جو ٹھیک طریقے پر پکائی جائے۔ دنیا کا بہترین باورچی اچھا کھانا اسی صورت میں پکا سکتا ہے کہ اُسے پکانے کے لئے تازہ چیز ملے۔ اِس لئے اچھے باورچیوں کا قول ہے کہ پکانے کے ہُنر میں آدھا حِصّہ اچھی چیز خریدنے کا ہے۔ سترھویں صدی میں مشہور چینی شاعر لیو آن ست سائی اپنی نفاستِ مزاج اور ذوق کے سلسلے میں سند مانا جاتا ہے۔ وہ اپنے رکابدار کی تعریف میں قصیدے لکھتا ہے اور ہمیں بتاتا ہے کہ اگر چیز کا ٹھیک موسم نہ ہوتا تو اس کا رکابدار اسے پکانے سے یکسر انکار کر دیتا تھا۔ یہ رکابدار کچھ بدمزاج بھی تھا۔ مگر وہ محض اِس لئے شاعر لیو آن کے ساتھ عمر بھر نباہ کر سکا کہ مالک کو ذائقے اور کھانے کی لذّت کا صحیح ذوق اور اصلی قدر تھی۔ آج بھی چین کے شہر زے چو آن میں ایک بہت ہی بوڑھا باورچی موجود ہے۔ اگر اس سے کھانا پکوانا ہو تو ایک ہفتہ پہلے باقاعدہ طور پر اس سے درخواست کیجئے۔ وہ کھانے کا سامان ایک ہفتے میں نہایت سخت جانچ پڑتال کے بعد جمع کرے گا اور اپنی مرضی کی چیزیں پکا کر کھلائے گا۔

خیر، یہ تو خاص لوگوں کا معاملہ ہے۔ عام لوگ اتنے مہنگے رکابدار اور اعلیٰ پائے

کہ یہ وعدہ وفا نہ ہونے پائے۔

چین کے لوگوں میں کھانے کا جو ستھرا مذاق ہے اس کی مثال کے طور پر میں لی لی وتنگ کے مضمون "کیکڑے" میں سے ایک اقتباس پیش کرتا ہوں۔ یہ مضمون اس کی کتاب "جینے کے فن" میں غذا کے حصے میں ہے۔ وہ لکھتا ہے:

"کھانے پینے کی چیزوں میں سے کوئی چیز ایسی نہیں جس کی باس اور سگندھ میں پوری سمجھ اور زندہ تخیل کے ساتھ بیان نہیں کر سکتا، مگر کیکڑوں کا معاملہ اور ہے۔ مجھے کیکڑے پسند ہیں، میرے کام و دہن ان کی لذت سے مزے اٹھاتے ہیں۔ میں انھیں زیادہ دیر تک کھائے بغیر رہ بھی نہیں سکتا اور نہ انھیں بھول سکتا ہوں۔ مگر میرے لئے لفظوں میں یہ بیان کرنا ناممکن ہے کہ مجھے کیکڑے کیوں پسند ہیں —— اصل یہ ہے کہ کھانے کے معاملے میں کیکڑوں کا سالن میری کمزوری بن گیا ہے۔ اپنی جگہ یہ بھی قدرت کا عجیب کرشمہ ہے۔ ہر سال کیکڑوں کا موسم آتا ہے اور میں اُن کی خریداری کے لئے کچھ رقم مخصوص کر دیتا ہوں۔ میرے گھر والے کہتے ہیں کہ کیکڑے میری زندگی ہیں۔ اس لئے اس رقم کو میں اپنی 'بہائے زندگی' قرار دیتا ہوں۔ جس دن سے کیکڑے منڈی میں آنے شروع ہوتے ہیں اُس دن سے ان کا موسم ختم ہونے تک، میں ہر روز انھیں کھاتا ہوں۔ جو دوست میری اس کمزوری سے واقف ہیں وہ اسی موسم میں میری دعوتیں کرتے ہیں۔ اسی لئے میں اکتوبر اور نومبر کو "کیکڑوں کی خزاں" کہتا ہوں —— میرے پاس ایک خادمہ تھی جو بڑا جی لگا کر کیکڑے پکاتی تھی۔ اُسے میں نے "کیکڑوں کی خادمہ" کا لقب دے رکھا تھا۔ اب وہ جا چکی ہے۔ ہائے ——

دوسری چیز کے ساتھ ملا کر پکائی جائیں تاکہ یہ اسے اپنا ذائقہ اور اپنی مہک بخش دیں۔ اسی طرح کھانے کی بہت سی چیزیں ایسی بھی ہیں (اور چینی ان کے بڑے شائق ہیں) جن کا اپنا ذائقہ اور مہک کچھ نہیں ہوتی بلکہ یہ دوسری چیزوں کے ذائقے اور مہک کی محتاج ہوتی ہیں۔

چین میں نہایت پرتکلف کھانوں کی تین خصوصیات قرار دی گئی ہیں۔ پہلی یہ کہ یہ کھانے بے رنگ ہوں۔ دوسری یہ کہ ان میں کوئی بُو نہ ہو۔ اور تیسری یہ کہ ان میں کوئی مہک نہ ہو۔ اس شق میں شارک مچھلی کے پر، پرندوں کے گھونسلے اور "سلور فنگس" قسم کی چیزیں آتی ہیں۔ انھیں بے انتہا احتیاط سے ایسے سُوپ میں پکایا جاتا ہے کہ ان پہ بے حد زیادہ لاگت آتی ہے۔ ان میں کوئی بُو باس، کوئی رنگ نہیں ہوتا، اس لئے ان کا مزہ نہایت اعلیٰ ہوتا ہے۔

## ۸۔ مغرب کے کچھ عجیب دستور

مشرقی اور مغربی تہذیب میں ایک بڑا فرق یہ ہے کہ مغرب کے لوگ جب کسی دوسرے سے ملتے ہیں تو اپنا ہاتھ دوسرے کے ہاتھ سے ملاتے ہیں مشرقی لوگ (چینی اور ہندو خصوصاً) جب ایک دوسرے سے ملتے ہیں تو اپنے ایک ہاتھ سے دوسرا ہاتھ ملاتے ہیں۔ مغرب میں جتنے فضول رواج ہیں ان سب میں زیادہ فضول رسم یہ مصافحہ کرنے کی ہے۔ میں مغربی آرٹ، مغربی ادب، مغربی عورتوں کی لمبی ریشمی جرابوں، پیرس کی خوشبوؤں اور برطانیہ کے جنگی جہازوں تک کو قدر کی نگاہ سے دیکھتا ہوں۔ مگر میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ترقی کے متوالے مغربی لوگوں نے ایک دوسرے سے ہاتھ

کے باورچی نہیں رکھ سکتے۔ ان کے لئے یہ اصول کافی ہے کہ ہر چیز اپنے موسم ہی میں اچھی ہوتی ہے۔ گویا کھانے پینے کی صحیح لذت اٹھانے کے لئے تہذیب کے بجائے فطرت پر بھروسا کرنا چاہیئے۔ جو لوگ اپنے لئے سبزیاں خود اگاتے ہیں یا جو لوگ دیہات میں رہتے ہیں انھیں کھانے پینے کے لئے بہترین اور خالص چیزیں ملتی ہیں۔ یہ الگ بات ہے کہ وہ اچھے باورچی ہوں یا نہ ہوں — اسی وجہ سے کھانے کی کسی چیز پر حکم لگانے سے پہلے اس چیز کو اس ملک یا اس خطے میں جا کر کھانا چاہیئے جہاں وہ پیدا ہوتی ہے — لیکن غالباً یہ مغرب میں ممکن نہیں۔ مغرب میں عام عورتیں تازہ چیزیں خریدنا جانتی ہی نہیں۔ شوہر بھی ایسے ہیں کہ کولڈ سٹوریج کے ذریعے محفوظ کی ہوئی سبزیوں اور کھانے کی دوسری چیزوں پر اکتفا کر لیتے ہیں۔ ایسے لوگوں کے سامنے ذائقے اور کھانے کی لذت اور کھانے کی لفاستوں کا ذکر بالکل بیکار ہے۔

پکے ہوئے کھانے کی صحیح صورت کے بارے میں کئی باتیں قابلِ غور ہیں۔ پکا ہوا کھانا نرم ہونا چاہیئے۔ اس میں لچک اور کرارا پن اور خستگی بھی ہونی چاہیئے۔ یہ ساری باتیں اندازے سے تعلق رکھتی ہیں کہ کس چیز کو کتنی آنچ پر کتنی دیر پکانا چاہیئے۔ چینی ریستورانوں میں بعض کھانے کی چیزیں ایسی ملتی ہیں جو گھر میں پک ہی نہیں سکتیں۔ کیونکہ ان ریستورانوں میں نہایت عمدہ بند چولھے اور تنور رہتے ہیں۔ رہا کھانے کا مزہ اور اس کی بوباس تو عام طور پر پکائی جانے والی چیزوں کی دو قسمیں ہوا کرتی ہیں۔ بعض چیزیں تو ایسی ہیں کہ اپنے پانی میں پکنی چاہئیں اور ان میں زائد نمک یا اور کوئی چیز نہ ڈالی جائے۔ اور بعض چیزیں ایسی ہوتی ہیں کہ دوسری کے ساتھ ملا کر ان کا ذائقہ اور لطف دوبالا ہو جاتا ہے۔ قدرت نے ایسی چیزیں پیدا کر رکھی ہیں جن کا آپس میں میل ہو سکتا ہے۔ بلکہ میں تو یہ کہوں گا کہ کھانے کی بہت سی چیزیں ایسی ہیں جن کا کام صرف یہ ہے کہ

سے مٹتے نہیں، قائم ہی رہتے ہیں۔

حفظانِ صحت کے اصول کی رُو سے بھی مجھے ہاتھ ملانے کی رسم پر اعتراض ہے۔ اس کے علاوہ ہاتھ ملانا انسانی جسم کے ملاپ کی ایک ایسی قسم ہے جس میں بہت سے درجے ہیں۔ میں کہتا ہوں کوئی ذہین طالب علم "مصافحہ کرنے کی میعاد اور ہاتھ ملانے کی حرکات کا مطالعہ" کے عنوان سے ایک بڑا عمدہ مقالہ لکھ سکتا ہے اور اسے ڈاکٹریٹ کی ڈگری کے لئے پیش کر سکتا ہے۔ اس میں وہ یہ بتائے کہ مصافحہ کرنے میں کتنا ہاتھ دبایا جاتا ہے، اس کی میعاد کیا ہوتی ہے، مصافحے کی حرارت کیا ہے، جذباتی ردِ عمل کیا ہے۔ اس کے علاوہ وہ مصافحے سے مصافحہ کرنے والوں کے قد و قامت کے اندازے کھال کے رنگ، پیشے، سماجی منصب وغیرہ پر بھی بحث کر سکتا ہے۔ اگر اس مقالے میں کچھ چارٹ وغیرہ بھی بنا دے اور کچھ اعداد و شمار بھی شامل کر دے تو مجھے یقین ہے کہ اُسے پی ایچ ڈی کی ڈگری حاصل کرنے میں کوئی دقت نہ ہوگی۔ شرط یہ ہے کہ وہ اپنے مقالے کو ذرا پیچیدہ انداز میں لکھے، اسے طویل اور سخت غیر دلچسپ بنا دے تاکہ اسے عالمانہ سمجھا جائے۔

خیر، مصافحے کے بارے میں حفظانِ صحت والے اعتراض کو لیجئے۔ شنگھائی میں جتنے غیر ملکی بستے ہیں ان کا قول ہے کہ چین کے تانبے کے سکّے جراثیم کے ذخیرے ہیں۔ وہ ان سکّوں کو چھوتے تک نہیں لیکن یہی لوگ ہر زید، عمر، بکر سے ہاتھ ملانے میں کوئی باک نہیں محسوس کرتے۔ یہ رویّہ بڑا نامعقول ہے کیونکہ آپ کو کیسے معلوم ہے کہ جس شخص کے ساتھ آپ نے ہاتھ ملایا ہے ممکن ہے اُس نے وہی تانبے کے سکّے چھو رکھے ہوں جنھیں آپ زہر سمجھتے ہیں۔ اس سے بھی ایک بدتر مثال سنئے: کتنی بار آپ نے دیکھا ہوگا کہ ایک شخص جو بظاہر دق کا مریض نظر آتا ہے وہ کھانستے

ملانے کی یہ وحشیانہ رسم اب تک چھوڑی کیوں نہیں ؟ میں جانتا ہوں کہ مغرب میں بھی بہت سے لوگ اس رسم کے خلاف احتجاج کرتے ہیں ـــ ایسے ہی جیسے وہ بیچارے ہیٹ پہننے اور کالر کا پھندا گلے میں ڈالنے کے خلاف آواز اٹھاتے ہیں، مگر ان کی سنتا کون ہے۔ ان کے سلسلے میں سمجھا جاتا ہے کہ یہ لوگ فضول ہی رائی کا پربت اور سوئی کا بھالا بنا رہے ہیں اور چھوٹی چھوٹی باتوں پر خواہ مخواہ وقت کھو رہے ہیں ـــ مگر میں ان لوگوں میں سے ہوں جنھیں ہمیشہ سے چھوٹی چھوٹی چیزوں سے دلچسپی رہی ہے اور چینی ہونے کی حیثیت سے میں مغربی لوگوں کی بہ نسبت اس مغربی رسم کے خلاف زیادہ شدت سے احتجاج کرتا ہوں کیونکہ میں تو چین کے قدیم رواج کے مطابق لوگوں سے ملتے وقت یا ان سے رخصت ہوتے وقت ان کے بجائے اپنے ہاتھ جوڑ کر ہلانا زیادہ بہتر سمجھتا ہوں۔

شاید یہ تو ہر شخص جانتا ہے کہ مصافحہ کرنا یورپ کے وحشیانہ دور کی یادگار ہے جو اب تک قائم ہے۔ اسی طرح کسی کو ہیٹ اتار کر سلام کرنا بھی دورِ جہالت ہی کی یادگار ہے جو ہم تک پہنچی ہے۔ اصل میں مصافحہ کرنے اور ہیٹ اتار کر سلام کرنے کی ابتدا یوں ہوئی تھی کہ ازمنہ وسطیٰ میں یورپ میں بڑے بڑے جاگیردار اور امرا ہوتے تھے۔ ان میں اکثر کا کام محض غارت گری اور مار دھاڑ تھا۔ اس وقت یہ دستور تھا کہ جب دوسرے پر یہ ظاہر کرنا ہو کہ ہماری نیت لڑائی کی نہیں یا یہ کہ ملاقات دوستانہ ہو رہی ہے تو وہ اپنا خود اتار کر دوسرے کو اپنا چہرہ دکھا دیتے تھے یا اپنا آہنی دستانہ داہنے ہاتھ سے اتار دیتے تھے ـــ آج کل نہ کوئی خود پہنتا ہے، نہ آہنی دستانے پہننے کی کوئی تک ہے ـــ لہٰذا ان دونوں کے اتارنے چڑھانے کی حرکتوں کا اعادہ آجکل کے زمانے میں کتنا فضول ہے ـــ مگر وحشیانہ رسموں کے نشان صدیوں کے مٹائے

قدرت میں ہو، لہٰذا اگر تم وائی، ایم، سی، اے کے اگلے جلسے کا ٹکٹ سیدھے ہاتھوں خرید لو، یا فلاں فلاں کتاب لے لو تو میں تمہارا ہاتھ چھوڑوں گا" ایسی صورت میں میں ترفوراً اپنی جیب سے پیسے نکال لیا کرتا ہوں۔

خیر، اس سے نیچے آئیں تو مختلف قسم کے مصافحوں کے سلسلے میں ہاتھ کا مختلف دباؤ ملتا ہے۔ ایک تو وہ بے پروائی کا مصافحہ ہے جس کا کوئی مطلب ہی نہیں ہوتا۔ پھر ایک ڈرتا جھجکتا، معذرت خواہ قسم کا مصافحہ ہوتا ہے جو یہ ظاہر کرتا ہے کہ ہاتھ ملانے والا آپ سے ڈرتا ہے۔ ان کے علاوہ اونچی سوسائٹی میں پھرنے والی خواتین کا پُرتکلف مصافحہ ہے جو بڑی مشکل سے اپنی انگلیوں کے پورے آپ کی مٹھی میں دیتی ہیں اور ان کے انداز سے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ آپ ہاتھ ملانے کے بجائے ان کی انگلیوں کے رنگین ناخن ہی ملاحظہ کریں تو مناسب ہے! ـــــ گویا ہاتھ ملانے میں ہر قسم کے انسانی تعلقات کا عکس مل سکتا ہے۔ بعض ناول نویس کہتے ہیں کہ وہ کسی شخص کے مصافحے کے طریقے سے اس کے کردار کا پورا نقشہ بتا سکتے ہیں۔ کیونکہ بعض ہاتھوں کا مصافحہ زبردستی کا انداز رکھتا ہے، بعض ہاتھ کچھ ڈرے ڈرے سہمے سہمے معلوم ہوتے ہیں۔ بعض ملتے ہی بدنیت ہوتے ہیں۔ اور بعض ہاتھ کچھ لجلجے سے، گیلے سے ہوتے ہیں جن سے یکایک نفرت پیدا ہوتی ہے۔ مگر میری دلی خواہش یہ ہے کہ ان مصافحوں، ہاتھوں کے دباؤ اور اس دباؤ سے ان کے جذبات کی گرمی یا ان کی سرد مہری کا اندازہ کرنے کی مجھے زحمت نہ اٹھانی پڑے۔ لہٰذا ان لوگوں کے کردار کے اندازے لگانے کی تکلیف کرنی پڑے۔

مصافحے سے کہیں زیادہ نامعقول بات ہیٹ اتار کر سلام کرنا ہے۔ اس سلسلے میں ہمیں مجلسی آداب کے بڑے فضول قاعدوں سے واسطہ پڑتا ہے۔ مثلاً گرجے میں نماز کے دوران میں خواتین کو اپنا ہیٹ نہیں اتارنا چاہیے۔ یا تیسرے پہر چائے کے وقت

ہوئے منہ کے آگے ہاتھ رکھ لیتا ہے کیونکہ اسے حفظانِ صحت کے اصول کا بڑا خیال ہوتا ہے۔ مگر اگلے لمحے میں یہی شخص بڑی گرمجوشی سے آپ کے ساتھ وہی ہاتھ ملاتا ہے ــــ اسی لئے تو میں عرض کروں گا کہ چین کے رسم و رواج بہت زیادہ سائنٹفک ہیں کیونکہ ہمارے یہاں ملاقات کے وقت ہر شخص اپنے ہاتھ سے ہاتھ ملاتا ہے، دوسرے سے مصافحہ نہیں کرتا ــــ مجھے معلوم نہیں کہ اس رسم کی ابتدا کیسے ہوئی لیکن اس میں طبّی اعتبار سے اور حفظانِ صحت کے لحاظ سے جو فوائد ہیں اُن سے انکار نہیں کیا جا سکتا۔

حفظانِ صحت کے اعتبار سے مصافحہ کرنے پر ان اعتراضات کے علاوہ مجھے اس پر جمالیاتی اور رومانی نوع کے اعتراض بھی ہیں ــــ آپ جب کسی سے ہاتھ ملانے کے لئے ہاتھ بڑھاتے ہیں تو پھر آپ کا ہاتھ دوسرے کے رحم وکرم پر ہے کہ وہ اسے جتنا چاہے دبائے اور جب تک چاہے اسے گرفت میں رکھے۔ واضح رہے کہ ہاتھ جسم کے عمدہ ترین اور حساس ترین اعضا میں سے ہے۔ اس لئے ہاتھوں پر ہر قسم اور ہر نوع کا دباؤ ڈالنا ممکن ہے مثلاً مصافحے کی ایک قسم ہے جسے میں "وائی، ایم، سی، اے قسم" کہتا ہوں۔ اس میں دوسرا شخص ایک ہاتھ سے آپ کا شانہ تھپکاتا ہے اور دوسرے ہاتھ سے اتنے زور کا مصافحہ کرتا ہے کہ آپ کے جسم کا بند بند اور جوڑ جوڑ ٹوٹنے والا ہو جائے۔ اگر وائی، ایم، سی، اے کا سکرٹری بیس بال کا کھلاڑی بھی ہو تو سبحان اللہ پھر تو اس سے مصافحہ کرنے والے غریب کو یہ پتا نہیں چلتا کہ مصافحہ کب شروع ہوا اور میرے جوڑ کب سے چٹخنے شروع ہو گئے۔ نہ یہی سمجھ میں آتا ہے کہ اس حال میں چیخ مار کر رو پڑیں یا ہنسیں۔ چنانچہ ان کا مصافحہ زبانِ حال سے کہتا ہے "دیکھو اس وقت تم میرے قبضہ

تک میں بے حد مقبول لباس ہے۔ ہماری دنیا کے سفارت خانوں کا رسمی اور سرکاری لباس بھی یہی ہے۔ پھر بھی میں اپنے چینی لباس میں مگن ہوں۔ بہتیرے کئی ایک اچھے دوستوں نے مجھ سے پوچھا ہے کہ میں غیر ملکی لباس کے بجائے چینی لباس کیوں پہنتا ہوں۔ حیرت اس بات پر ہے کہ یہ لوگ میرے مزاج سے اتنے ناواقف ہیں، لیکن میرے دوست کہلاتے ہیں۔ کل کو یہ ستم ظریف مجھ سے یہ پوچھیں گے کہ میں دو ٹانگوں پر کھڑا کیوں ہوتا ہوں ـــ میں ابھی عرض کر دوں گا کہ دو ٹانگوں پر چلنے اور اپنا قومی لباس پہننے میں گہرا تعلق ہے۔ مگر کیا یہ ضروری ہے کہ دنیا میں سب سے زیادہ "انسانی" لباس پہننے کے لئے وجہ بھی بتائی جائے؟ جو شخص گھر کے اندر یا باہر پاجامہ، سلیپر پہنے پھرتا ہو اُسے یہ بھی بتانا پڑے گا کہ وہ کیوں گلا گھونٹنے والے کالروں اور چست واسکٹوں، بیلٹوں، بنیان، موزوں وغیرہ کا زندانی نہیں؟ ـــ مغربی لباس کہیں محض اس لئے معزز تو نہیں کہ اسے پہننے والی گوری قوموں کے پاس اعلیٰ درجے کے جنگی جہاز اور مشینیں ہیں؟ اصل یہ ہے کہ مغربی لباس کی برتری اسی کمزور بنیاد پر قائم ہے اور نہ اس لباس کا جواز نہ تو جمالیاتی لحاظ سے کوئی ہے، نہ اسے اخلاقی اصولوں یا حفظانِ صحت کے اصولوں یا کفایت کے اصولوں کی روشنی میں اچھا لباس کہا جا سکتا ہے۔ اس کی برتری کوری سیاسی برتری ہے اور بس۔

آپ پوچھ سکتے ہیں کہ میرا یہ رویہ مخلصانہ ہے یا محض میں بن رہا ہوں؟ میرا خیال ہے اس شبہے کی کوئی گنجائش نہیں ـــ میرے اس رویے کی حمایت وہ تمام اشخاص کریں گے جو میرے ہم عصر ہیں اور اصابتِ رائے رکھتے ہیں۔ چین میں چینی شرفا کا لباس چینی لباس ہے۔ اس کے علاوہ تمام اہلِ علم، مفکر اور وہ لوگ جو کسی حیثیت کے مالک ہیں چین میں یہی لباس پہنتے ہیں۔ ان لوگوں نے یا تو کبھی مغربی لباس پہنا

کمرے کے اندر بھی عورتوں کو ہیٹ سر پر رکھے رہنا چاہئے۔ میرا اندازہ ہے کہ یہ فضول
رسم سینٹ پال کے اس حکم کی احمقانہ پیروی کی بدولت چل نکلی ہے کہ عورتوں کو
گرجوں میں ننگے سر نہیں بیٹھنا چاہئے اور مردوں کو اپنا سر ننگا رکھنا چاہئے۔ اس حکم
کی بنیاد ہی ایشیا کے اس فلسفے پر ہے کہ عورت اور مرد کا درجہ برابر نہیں حالانکہ مغرب ایک عرصے سے اس
فلسفے اور اصول کو جھٹلا چکا ہے۔ مردوں کے لئے یہ بھی ضروری ہے کہ اگر لفٹ میں خواتین بھی ہوں تو سر سے
ٹوپی اتار لیں۔ اب بتائیے کہ اس بے معنی رسم کا کوئی جواز ہو سکتا ہے۔ اول تو یہ کہ لفٹ بھی برآمدے
کا ایسا حصہ ہے جو اوپر نیچے آجا سکتا ہے یعنی ہر لحاظ سے گزرگاہ ہے۔ اب اگر برآمدے میں خواتین کی
موجودگی میں ٹوپی اتارنا مرد کے لئے فرض نہیں تو پھر لفٹ میں کیوں پابندی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ
لفٹ آخر سواری کا ایک ذریعہ ہے جیسے موٹر کار ہے۔ موٹر کار میں آپ اگر خواتین کی موجودگی میں ٹوپی پہنے رہتے
ہیں تو پھر لفٹ میں ٹوپی سر پر رکھے رہنا کیوں ممنوع ہے؟

الغرض یہ ہماری دنیا بھی عجیب ہے مگر اس پر مجھے تعجب نہیں ہوتا۔ ہمیں
اپنے اردگرد انسان کی حماقتوں سے ہر قدم پر واسطہ پڑتا ہے۔ ان میں آج کل کے
بین الاقوامی تعلقات جیسی احمقانہ چیز بھی ہے اور موجودہ طرز تعلیم ایسے نامعقول
نظام بھی — انسان اتنا ذہین سہی کہ اس نے ریڈیو اور وائرلیس، ٹیلی فون اور ایٹم
ایجاد کر لئے ہیں مگر انسان میں اتنی عقل نہیں کہ لڑائیوں کی روک تھام کر سکے اور نہ یہ
عقل انسان کو کبھی آئے گی۔ اسی لئے معمولی چیزوں کے سلسلے میں انسان کی حماقتوں
کو دیکھتا ہوں تو اوران سے لطف اٹھاتا ہوں۔ اور بس۔ اس سے زیادہ اور کیا ہو سکتا ہے؟

## ۹۔ مغربی لباس

مغربی لباس آج کل ترکی، مصر، جاپان اور چین کے علاوہ ہندو پاکستان

مگر انسانی جسم چونکہ بنیادی طور پر بندر کے جسم کی طرح ہے لہٰذا یہ جتنا کم عیاں ہو اتنا ہی اچھا ہے۔ مغربی لباس صرف اسی دنیا میں قابلِ برداشت ہے جس کی آنکھیں حسن کیلئے اندھی ہو چکی ہیں ـــــ یہ بات بالکل عام ہو چکی ہے کہ خوبصورت اور متناسب انسانی جسم بہت نایاب ہے۔ کسی کو اس میں شک ہو تو سمندر کے ساحل پر جاکر نہانے والوں کے جسم ذرا دیکھے ـــ لیکن مغربی لباس اس طرز سے بنایا جاتا ہے کہ ہر شخص دیکھتے ہی بتا دے کہ آپ کی کمر ۳۲-۱۰ انچ ہے یا ۴۸ انچ ـــ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ اگر آپ کی کمر ۳۲ انچ ہے تو آپ اس کا اشتہار کیوں دیتے پھریں؟ یا اگر آپ کی کمر جتنی ہونی چاہیئے اس سے موٹی ہے تو بھی دنیا کو یہ کیوں معلوم ہو؟ یہ آپ کا بالکل ذاتی معاملہ کیوں نہیں ہے؟

اسی بنا پر میں نے ہمیشہ یہ کہا ہے کہ بیس اور چالیس برس کی عمر کے درمیان کی مناسب جسم والی عورتوں کے لئے مغربی لباس موزوں ہے۔ یہ لباس ان بچوں کے لئے بھی اچھا ہے۔ جن کے جسم ہماری غیر مہذب زندگی کے تابع نہ ہوئے ہوں ـــــ مگر مغربی لباس کا یہ مطالبہ کہ ہر مرد، ہر عورت دنیا کی آنکھوں کے سامنے اپنے جسم کی ساخت اور اس کے خطوط عیاں کر دے بالکل غیر مناسب ہے۔ ایک نوجوان خاتون شام کے مغربی لباس میں رونقِ محفل نظر آتی ہے۔ وہ اس لباس میں اتنی اچھی لگتی ہے کہ مشرقی لباس تیار کرنے والوں کے خواب و خیال میں بھی یہ بات نہ آئی ہوگی ـــــ مگر ذرا چالیس برس کی ایک عام عورت کا تصور کیجئے جو ضرورت سے زیادہ کھاتی ہے اور ضرورت سے زیادہ سوتی ہے۔ یہ بے چاری شام کے لباس میں اگر کسی تھئیٹر میں نظر آئے تو اتنی بھدی لگتی ہے کہ توبہ ہی بھلی۔ یہ کریہ نظارہ مغرب کی خاص ایجاد ہے۔ اس کے برعکس چینی لباس ایسی عورتوں کے لئے بڑا عیب پوش اور "کرم فرما" ہوتا ہے۔

ہی نہیں یا اگر پہنا ہے تو صرف اتنی مدت کہ وہ سیاسی، مالی یا معاشرتی لحاظ سے کچھ بن جائیں۔ یہ مقام حاصل کرنے کے بعد وہ بڑی تیزی سے اپنے قومی لباس کی طرف پلٹ آتے ہیں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اِس مرحلے پر پہنچ کر انھیں اپنے اوپر اعتماد پیدا ہو چکتا ہے، اپنے رتبے کا یقین ہو جاتا ہے اور اب اپنی غلط انگریزی یا ادنیٰ صلاحیت کو چھپانے کے لئے انہیں غیر ملکی لباس کی آڑ کی حاجت نہیں رہتی۔
شنگھائی میں اغوا کرنے والے جو گروہ مشہور رہیں وہ کسی غیر ملکی لباس میں ملبوس چینی کو کبھی اغوا کر کے نہیں لے جائیں گے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ یہ اسامیاں اس قابل نہیں ہوتیں کہ ان کی آزادی کی قیمت کے طور پر اغوا کرنے والے ڈاکو روپیہ کما سکیں — آج چین میں غیر ملکی لباس میں کون لوگ نظر آتے ہیں؟ عام طور پر کالج کے طلبہ، کوئی سو روپے پانے والے کلارک لوگ، کچھ سیاسی قسم کے خواہ مخواہ لوگ جو ہر وقت کسی نہ کسی نوکری کی فکر میں رہتے ہیں — اسی طرح سیاسی پارٹیوں کے ورکر لوگ، کھٹو اور نکمے لوگ اور کچھ بے دماغ — بس غیر ملکی لباس انہی تک محدود ہے۔ ان کے علاوہ وہ ہنری پو یونی صاحب ہیں جو چین کے تخت کے حقدار بنے پھرتے ہیں اور اُن کے ذوق اور عقل کی مثال یہ ہے کہ جناب نے غیر ملکی نام، غیر ملکی لباس اور ایک کالا چشمہ تک "اختیار" کر دکھا ہے! — یہ حال اور یہ حلیہ ہی چین کے تخت پر بیٹھنے کے تمام امکانات ختم کرنے کے لئے کافی ہے، چاہے ان کے پیچھے دنیا جہان کی طاقتیں ہوں — آپ چینیوں کو کسی بھی جھوٹ سے دھوکا دے سکتے ہیں۔ مگر انھیں اس بات پر کبھی راضی نہیں کر سکتے کہ غیر ملکی نام اور لباس والا کوئی شخص ان کا حکمران بھی ہو سکتا ہے۔

چینی لباس اور مغربی لباس کی حکمت میں بڑا فرق ہے۔ مغربی لباس انسانی جسم عیاں اور ظاہر کرنے کیلئے ہے اور چینی لباس انسانی جسم کو چھپانے کے لئے۔

دیتی ہیں اور نہ غذائیت حاصل کرنے کی مختلف حالتوں میں کسی قسم کے سکڑنے یا پھیلنے
کی اجازت دیتی ہیں۔ اِن سب میں سے حد سے زیادہ نامعقول چیز واسکٹ ہے۔ جن
لوگوں نے اِنسان کے ننگے جسم کی قدرتی حالتوں کا مطالعہ کیا ہے وہ خوب جانتے ہیں
کہ اگر انسانی جسم بالکل تیر کی طرح سیدھا رہے تو پشت اور سامنے کے خطوط برابر ہوتے
ہیں ورنہ کبھی اور کسی حالت میں یہ خطوط برابر نہیں ہوتے۔ جس کسی نے بھی کبھی کلف لگی
قمیض پہنی ہو اُسے تجربے نے بتا رکھا ہے کہ جب وہ ذرا آگے کو جھکے گا تو اس کی
قمیض فوراً آگے کو نکل آئے گی مگر واسکٹ اِس مفروضے پر بنائی گئی ہے کہ انسانی جسم
کے عقبی اور سامنے کے خطوط ہمیشہ برابر رہتے ہیں۔ چنانچہ اس کی وجہ سے جسم کو ہمیشہ
تیر کی طرح سیدھا رکھنا پڑتا ہے۔ چونکہ عملی طور پر اس معیار پر کوئی پورا نہیں اُترتا۔ اس
لئے نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ واسکٹ کے کونے یا تو آگے کو نکلے رہتے ہیں یا اس جگہ گہری
تہیں سی بن جاتی ہیں جو پیٹ اور کمر کو ہمیشہ دباتی رہتی ہیں۔ اگر کوئی بےچارہ بھاری
بھرکم جسم رکھتا ہو تو واسکٹ ایک ابھری ہوئی قوس بن جاتی ہے اور اس قوس کے
اگلے حصے جسم پر نہیں بلکہ ہوا میں معلق ہوتے ہیں اور اس جگہ سے جہاں پیٹ کا گھیر کم ہونا شروع ہو
پیٹی اور پتلون کی مصیبت شروع ہوتی ہے۔ اِس نقشے کو ذرا ذہن میں رکھئے اور انصاف
سے کہئے کہ انسانی دماغ نے اس سے بڑھ کر کوئی بے ہودہ اور مضحکہ خیز چیز ایجاد کر رکھی ہے؟
تو پھر تعجب کی کیا بات ہے کہ مغرب ہی میں الف ننگے رہنے کی تحریک نے اتنی مقبولیت
حاصل کی ہے۔ یہ تحریک انسانی جسم کی اسی مضحکہ خیز پابندی کے خلاف ایک ردِعمل،
ایک احتجاج ہے۔

اب ذرا پیٹی کے بارے میں دیکھئے۔ اگر انسانیت اب بھی چار ہاتھ پاؤں پر
چلنے کے مرحلے پر ہوتی تو پیٹی کا پھر بھی کوئی جواز تھا۔ اُس صورت میں یہ پیٹی اُسی طرح

موت کی طرح یہ لباس بھی بڑے چھوٹے حسین اور کم رو کا فرق بالکل مٹا دیتا ہے۔ اس لئے چینی لباس، مغربی لباس کی بہ نسبت کہیں جمہوری لباس ہے۔

یہ تو ہوا اجمالیاتی پہلو ـــــ اب ذرا حفظانِ صحت اور عام معقولیت کے تقاضوں کی طرف آئیے۔ کوئی ذی ہوش انسان یہ نہیں کہہ سکتا کہ انگریزی کالر جو کارڈینل رشلو اور سر والٹر ریلے کے وقتوں کی یادگار ہے جسم کی صحت کے لئے مفید ہو سکتا ہے۔ اسی بنا پر مغرب میں ہر صاحب فکر نے کالر کے خلاف ضرور آواز اٹھائی ہے۔ مغرب کے نسائی لباس نے گردن کے سلسلے میں کافی حد تک آسائش اور آرام کی وہ رعایتیں حاصل کر لی ہیں جو پہلے صنفِ نازک کو حاصل نہ تھیں مگر مرد کی گردن مغرب کی تعلیم یافتہ پبلک کے نزدیک اب بھی اتنی بدہیئت اور کریہ سمجھی جاتی ہے کہ اسے مجلسی زندگی کی نظروں سے کمر تک چھپایا جاتا ہے۔ کالر کی شیطانی بندش کی بدولت جسم کو گرمی میں مناسب ہوا نہیں لگ سکتی، سردی میں اس کی بدولت جسم کو سردی سے مناسب طور پر بچایا نہیں جا سکتا، سب سے بڑھ کر یہ کہ کسی وقت بھی اس کی بدولت انسان مناسب طور پر سوچ بچار نہیں کر سکتا۔

کالر کے نیچے آئیے تو مغربی لباس، معقولیت کے خلاف ایک مسلسل اور متواتر ظلم نظر آتا ہے۔ یہ ایک نہایت شرمناک زیادتی کا طویل افسانہ ہے۔ تیز فہم اہلِ مغرب بجلی کی نت نئی ایجادات اور نت نئی مشینیں بنانے میں بڑے ماہر ہیں۔ مگر ان میں اتنی عقل نہیں کہ ان کے لباس کی بدولت اُن کے جسم کا صرف ایک حصہ یعنی سر آزاد ہے اور باقی مقید ـــــ زیادہ تفصیلات کا فائدہ نہیں مگر ملاحظہ ہو کہ سب سے نیچے تو نہایت چست بنیان اور جانگیہ پہنے جاتے ہیں۔ جو جسم تک ہوا اور روشنی کا گزر نہیں ہونے دیتے۔ پھر چست صدری ہے اور نہایت سخت قسم کی پیٹی یا گلیس ہیں۔ یہ چیزیں نہ جسم کو جھکنے

وہ ان کے شانوں سے نہایت موزونی اور حسن کے ساتھ نیچے کو لٹکے گا اور ان کے جسم پر پورا آئے گا۔ اب کی طرح پیڈ دے کر فٹ کئے ہوئے بے معنی شانے نہیں ہوں گے؛ کوٹ کے ہر رنگ ہر وضع کے فضول کالر نہیں ملیں گے اور موجودہ ڈیزائن کی جگہ لباس بہت زیادہ آرام دہ ہوگا۔ اُس وقت عورتوں اور مردوں کے لباس میں بڑا فرق یہ ہوگا کہ مرد پتلون پہنیں گے اور عورتیں سکرٹ ۔ جہاں تک جسم کے بالائی حصّے کا تعلق ہے عورتوں اور مردوں کے لباس میں ایک جیسی آسائش اور ایک جیسے آرام کا خیال رکھا جائے گا۔ مردوں کی گردنیں بھی کالروں وغیرہ سے ویسی ہی آزاد ہوں گی جس طرح عورتوں کی گردنیں آج ہیں۔ واسکٹ غائب ہو جائے گی اور مردانہ کوٹ بس اسی قدر استعمال ہوگا جس قدر آج کل کی عورتیں، اپنا کوٹ استعمال کرتی ہیں ۔گویا، مرد بھی زیادہ تر کوٹ کے بغیر رہیں گے ۔ بالکل اسی طرح جس طرح آجکل عورتیں زیادہ وقت کوٹ کے بغیر بسر کرتی ہیں۔

لیکن اِن تبدیلیوں کے لئے ایک چیز ضروری ہے اور وہ یہ ہے کہ قمیص کے بارے میں موجودہ تصوّر کو یکسر بدلنا ہوگا۔ اب قمیص ایک ایسا کپڑا ہے۔ جسے دوسرے موٹے کپڑوں کے نیچے پہنا جاتا ہے۔ نئے تصوّر کے مطابق قمیص ایک ایسی چیز ہوگی جو نیچے کے بجائے دوسرے کپڑوں کے اوپر پہنی جائے گی۔ یہ گہرے رنگ کے کپڑے کی ہوگی۔ یہ ہلکی سلک سے لے کر موٹے اونی کپڑے تک ہر قسم کے کپڑے سے بنائی جائے گی۔ موسم کے مطابق ہوگی اور اس طرح سی جائے گی کہ پہنی ہوئی اچھی معلوم ہو۔ اِس قمیص کے اوپر کوئی چاہے تو رسماً نہیں، موسم کے تقاضے کی وجہ سے کوٹ بھی پہن لے ۔ ورنہ مجلسی زندگی میں یہی قمیص تسلیم شدہ اور موزوں لباس مانا جائے گا۔ اِن پیٹیوں اور گیلس قسم کی مصیبتوں سے پیچھا چھڑانے کے لئے ایک قسم کی ملی جلی قمیص

انسانی جسم پر فِٹ کی جا سکتی جس طرح گھوڑے کے زین کا تسمہ باندھا جاتا ہے۔ مگر
انسان اگرچہ چار پاؤں پر چلنا چھوڑ کر سیدھا کھڑا ہو چکا ہے۔ پھر بھی اس کے لئے
پیٹی اسی مفروضے پر تیار کی گئی ہے گویا ابھی تک وہ چوپایہ ہے۔ چوپایہ ہونے کی
حالت میں انسانی جسم کا سارا بوجھ ریڑھ کی ہڈی سے وابستہ رہتا تھا۔ انسان
کے سیدھا کھڑا ہو جانے کی بدولت جو تباہ کن نتیجے ہوئے وہ یہ ہیں کہ انسانی مائیں
ہمیشہ اسقاط اور بچّہ ضائع ہونے کے خطرے سے دوچار رہتی ہیں، حالانکہ جانور اس
خطرے سے بالکل مبرّا ہیں۔ دوسرا تباہ کن نتیجہ یہ ہے کہ مرد کے لباس کی پیٹی ہمیشہ
نیچے کو کھسکتی رہتی ہے کبھی اپنی جگہ پر قائم نہیں رہ سکتی۔ اس کو اپنی جگہ پر رکھنے کا
ایک ہی طریقہ ہے کہ پیٹی کو خوب کس کر باندھا جائے۔ مگر اس کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے
کہ آنتوں کی قدرتی حرکت میں رکاوٹ پیدا ہو جاتی ہے۔

مجھے یقین ہے کہ مغرب کے لوگ جب غیر ذاتی کاموں میں زیادہ ترقی کر
لیں گے تو ایک نہ ایک دن وہ اپنے ذاتی کاموں میں بھی زیادہ وقت اور توجہ صرف
کر سکیں گے۔ اس طرح لباس کے معاملے میں وہ زیادہ سمجھ بوجھ سے کام لے سکیں گے۔
لباس میں اپنی اس ہٹ دھرمی اور روایت پرستی کی بدولت مغربی مرد بڑا سخت نقصان
اٹھا رہے ہیں۔ وہ اس میں تبدیلی سے ڈرتے ہیں، مگر مغربی عورتوں نے ایک مدّت
سے اپنے لباس میں سادگی اور معقولیت پیدا کر رکھی ہے۔ خیر آج سے دس بیس برس
بعد کی بات چھوڑ دیئے، مجھے یقین ہے کہ آنے والی صدیوں میں مرد بھی اپنے لئے ایسا
لباس ضرور بنا لیں گے جو ان کے دوپایہ ہونے کے ساتھ پوری مطابقت رکھے گا،
جس طرح عورتوں نے اپنے لئے ایسا لباس تیار کر لیا ہے اور رفتہ رفتہ پیٹی اور
گیلیس قسم کی تمام تکلیف دہ چیزیں ختم ہو جائیں گی اور مردوں کا لباس ایسا ہو گا کہ

صورت اور ہے کہ واسکٹ کے نیچے چھ چھوٹے چھوٹے تکمے لگے ہوں۔ چار سامنے
اور دو پیچھے اور ان تکموں کو تپلون کے اندر کی طرف لگے ہوئے بٹنوں کے ساتھ لگا
لیا جائے۔ اس طرح واسکٹ الگ کی الگ نظر آئے گی کیونکہ یہ تپلون سے باہر ہوگی۔
ایک دفعہ یہ جدتیں اور تبدیلیاں شروع ہوجائیں اور مردوں کو یہ خیال پیدا ہوجائے
کہ ان کے لباس کی موجودہ وضع کائنات کی طرح اٹل اور باقی و جاوید نہیں تو پھر رفتہ
رفتہ اس واسکٹ سے یوں پیچھا چھڑایا جاسکتا ہے کہ اوپر نیچے ایک ہی ملا جلا کپڑا
تپلون اور واسکٹ دونوں کا کام دے جو وضع میں آج کل کے اوورآل سے بہتر ہو
مگر اسی اصول پر بنایا جائے۔

مختلف قسم کی آب و ہوا کے ساتھ مطابقت کے لحاظ سے بھی چینی لباس
سب سے معقول لباس ہے مغربی لباس کا یہ حال ہے کہ چاہے گرمی سو ڈگری سے
زیادہ ہو یا سردی صفر سے بھی نیچے ہو، پھر بھی مغربی لوگوں کو بنیان جانگیے کے اوپر ایک
قمیص، ایک واسکٹ اور ایک کوٹ ضرور پہننا پڑتا ہے۔ مگر چینی لباس میں موقع محل
کے لحاظ سے کمی بیشی کی بہت گنجائش ہے۔ چین میں یہ کہانی عام ہے کہ کوئی چینی
ماں اپنے بچے کو بہت چاہتی تھی، چنانچہ جب وہ ایک بار چھینکتا تھا تو وہ اُسے
ایک جبہ نما کرتا پہنا دیتی تھی۔ دو بار چھینکنے پر دو کرتے اور تین بار چھینک مارنے پر تین
کرتے پہنا دیتی تھی — کوئی مغربی ماں ایسا نہیں کرسکتی بلکہ تیسری چھینک آنے پر
مغربی ماؤں کے تو ہاتھ پاؤں پھول جاتے ہیں۔ بس زیادہ سے زیادہ اُن کی دوڑ ڈاکٹر و ماں
تک ہے۔ اور میرا تو اعتقاد ہوتا جارہا ہے کہ ساری چینی قوم کو تپ دق اور نمونیا
جیسی بیماریوں سے فنا ہونے سے جو چیز بچاتی ہے وہ اُن کا استر دیا ہوا جبہ ہے۔

اور پتلون بنائی جائے گی۔ آج کل عورتیں جس طرح سر پر سے کھسکا کر اپنا فراک وغیرہ پہن لیتی ہیں اسی طرح یہ ملی جلی قمیص اور پتلون بھی پہنی جائے گی۔ اس میں کمر کے گرد کچھ بٹن، کچھ حقیقی کچھ غیر حقیقی فٹنگ کی چیزیں ہوں گی تاکہ وہاں سے ذرا اسے فٹ کیا جا سکے اور اپنے جسم کی مناسب نمائش کی جا سکے۔

آج کل مردوں کے لباس کی جو وضع چل رہی ہے اس میں بھی پیٹی اور گلیس ختم کرنے کی خاطر کچھ اصلاح ہو سکتی ہے۔ بنیادی اصول یہ ہے: سارا وزن شانوں سے متعلق ہو۔ شانوں سے یہ وزن ہر طرف یکساں طور پر بار ہے۔ اس وزن کو انسانی شکم کی عمودی دیوار سے محض چپکانے، رگڑنے اور دبانے کے بل پر ہرگز نہ کسا جائے۔ مرد کی کمر سے بوتل کے منہ کا جو کام لیا جاتا ہے اس سے اسے نجات دلوائی جائے۔ نیچے پہننے کے کپڑے ایسے بنائے جائیں جو ڈھیلے ڈھالے اور آرام دہ ہوں ۔ اگر واسکٹ سے نجات حاصل کر کے ہم ترقی کی اس راہ پر گامزن ہو جائیں تو یہ ہو سکتا ہے کہ جس طرح بچوں کے نیکر وغیرہ قمیص کے ساتھ بٹن لگا کر پہنائے جاتے ہیں اسی طرح مردوں کی پتلونیں بھی ان کی قمیصوں کے ساتھ بٹنوں سے وابستہ ہوں پھر وقت آنے پر قمیص اندر پہننے کے بجائے ہر چیز کے اوپر پہننے والا کپڑا بن جائے گی۔ اور اس کی تیاری میں آج کی بہ نسبت کہیں بہتر کپڑا استعمال ہونے لگے گا جو غالباً اسی رنگ اور اسی معیار کا ہوگا جس کی پتلون بنے گی، یا کم سے کم پتلون سے ہم آہنگ ہوگا ۔۔ اگر واسکٹ کو برقرار رکھنا منظور ہے تو اصلاح کی گنجائش یوں نکلتی ہے کہ واسکٹ اور پتلون ملی ہوئی ہوں۔ ان کی طرز وہی ہو جو اب ہے۔ مگر دونوں ایک ٹکڑے کی بنی ہوں اور واسکٹ کی پشت پر پورے کپڑے کے بجائے محض دو چوڑی بندیاں ہوں اور بس۔ اس کے علاوہ پیٹی اور گلیس سے نجات پانے کی فی الحال ایک

صحیح معنی میں یہی شخص امیر ہے۔ شہروں میں رہنے والے کروڑپتی اس کے مقابلے میں کوئی حیثیت نہیں رکھتے۔ آسمان میں تیرنے والے بادل شہر والوں کو بھی نظر آتے ہیں مگر وہ انہیں دیکھتے کب ہیں اور جب کبھی ان کی نظر ان بادلوں پر پڑتی بھی ہے تو ان بادلوں کے پیچھے نیلی دھند میں لپٹی ہوئی پہاڑیاں نہیں ہوتیں۔ جن کے بغیر بادلوں کی طرف دیکھنے کا مزہ ہی کیا ہے؟

اِس لئے مکان اور خانہ باغ کے بارے میں چینی تصوّر یہ ہے کہ مکان بذاتہ اردگرد کے منظر کی ایک جزوی تفصیل ہے اور بس۔ اس کی مثال اس نگینے کی ہے جو کسی زیور میں جڑا ہوا ہو اور جو اس زیور کی مجموعی خوبی اور حسن کے ساتھ ہم آہنگ ہو۔ اسی لئے مکان کے سلسلے میں تمام وہ چیزیں جو باہر سے مصنوعی اور بناوٹی دکھائی دیں انہیں بڑی احتیاط سے چھپانا چاہیے مثلاً دیواروں کے مستطیل نما خطوط، درختوں کی جھکی ہوئی شاخوں سے چھپنے چاہئیں۔ مربّع قسم کا مکان جو دیکھنے میں بہت بڑی پکی اینٹ کی طرح نظر آئے کسی کارخانے کے اندر تو اچھا لگتا ہے کیونکہ کارخانے میں وقت اور روپیہ بچانا ہی اصل چیز ہے لیکن رہنے کے لئے یہ اینٹ نما مکان خود اپنے آپ پر ایسی زیادتی ہے جس کا کوئی جواز نہیں —— چینیوں کے نزدیک رہنے کے مکان کا مثالی نمونہ یہ ہے جو ایک ادیب نے بڑی چابکدستی سے بیان کیا ہے:

"باہر کے پھاٹک سے داخل ہوں تو ایک فٹ پاتھ ہو۔ مگر یہ سیدھا نہ ہو بلکہ لازمی طور پر پیچ و خم کھاتا ہوا ہو۔ اِس کے موڑ پر باہر کا پردہ ہو جو سائز میں چھوٹا ہونا چاہئے —— اِس پردے کے پیچھے ایک کھلا ہوا چبوترہ ہو۔ جو بالکل ہموار ہو اور اس کے حاشیوں پہ تازہ پھولوں کے پودے ہوں۔ اِن پھولوں کی باڑ کے ساتھ ساتھ

# ۱۰۔ مکان اور اُس کی آرائش

لفظ "مکان" میں رہنے کے وہ تمام سامان یا مکان کا پورا گرد و پیش شامل ہے۔ مکان چنتے وقت یہ بات خاصی اہم ہوتی ہے کہ جب اس گھر کے اندر سے ہم باہر دیکھیں گے تو کن چیزوں پر نظر پڑے گی۔ گویا، مکان کا ماحول اور گرد و پیش بڑی اہمیت رکھتے ہیں۔ میں نے شنگھائی کے کئی اُمرا کو دیکھا ہے کہ اپنے مکان کے گرد پھیلے ہوئے چھوٹے سے پلاٹ پر ناز کرتے ہیں حالانکہ اِس پلاٹ میں مچھلیاں پالنے کو دس فٹ کا ایک تالاب ہوگا اور ایک چھوٹی سی مصنوعی پہاڑی ہوگی جس پر ایک چیونٹی کو چڑھنے میں بھی تین منٹ سے زیادہ وقت نہیں لگ سکتا۔ یہ لوگ اُن بیشمار غریب لوگوں کا تصور نہیں کرسکتے جو کسی پہاڑی ڈھلان پر ایک چھوٹی سی کٹیا میں رہتے ہیں مگر اس کٹیا سے سارا کوہستانی نظارہ، دریا اور جھیل کے مناظر یوں نظر آتے ہیں گویا وہ ان کا اپنا پائیں باغ ہیں — ان دو قسم کے مکانوں میں مقابلے کی کوئی گنجائش نہیں۔ ایسے بھی مکان ہوتے ہیں جو بے انتہا خوبصورت منظر میں واقع ہوتے ہیں۔ ایسی جگہ اپنے گھر کے اردگرد باڑ لگا کر سبزے کا چھوٹا سا قطعہ مخصوص کرلینے میں کوئی خوبی نہیں کیونکہ جو شخص ایسے منظر میں زندگی بسر کرتا ہے وہ اس سارے نظارے کا مالک ہے۔ اس کا جہاں جی چاہے جائے۔ وہ اس نظارے کی مادی چیزوں کے علاوہ اِن بادلوں کا بھی مالک ہے جو پہاڑیوں کی چوٹیوں کو چھوتے رہتے ہیں، اُن پرندوں کا بھی مالک ہے جو اِن فضاؤں میں پرواز کرتے ہیں، اِن نغموں کا بھی مالک ہے جو گرتے ہوئے جھرنوں اور اڑتے طائروں کی منقاروں سے پیدا ہوتے ہیں —

کہ مکان ایسا ہو جس میں اجنبیت محسوس نہ ہو۔ بلکہ اپنایت کا احساس ہو اور اس میں انفرادیت ہونی ضروری ہے۔ میرے نزدیک انفرادیت سے کہیں اہم اپنایت کی فضا ہے کیونکہ مکان چاہے کتنا بڑا اور شاندار ہو لیکن گھر بھر میں صرف ایک کمرہ ایسا ہوا کرتا ہے جس میں آدمی واقعی رہتا ہے اور لازمی طور پر یہ کمرہ سادہ اور مختصر ہوتا ہے۔ اس میں چیزیں بے ترتیبی سے بکھری پڑی رہتی ہیں مگر یہ اپنایت کی فضا سے معمور ہوتا ہے۔ ملی کہتا ہے:

" انسان جس طرح کپڑوں کے بغیر نہیں رہ سکتا۔ اسی طرح گھر کے بغیر بھی نہیں رہ سکتا۔ کپڑے گرمیوں میں ٹھنڈے اور سردیوں میں گرم چاہئیں۔ یہ اصول مکان پر بھی صادق آتا ہے۔ ایک بہت بڑے گھر میں رہنا واقعی شان کی بات ہو گی۔ مگر ایسا گھر صرف گرمیوں کے لئے مناسب ہوتا ہے سرما کیلئے موزوں نہیں ہوتا کسی بہت بڑے سرکاری دفتر میں جا کر کپکپی آجاتی ہے کیونکہ اس کی وسعت ہی ایسی ہوتی ہے۔ اس کی مثال سمور کے ایسے کوٹ کی ہے جو بہت بڑا ہو اور جس کو کمر کے گرد کس کر باندھا نہ جا سکے۔ اس کے برعکس ایک غریب آدمی کے مکان کو لیجئے جس کی دیواریں نیچی ہوتی ہیں اور جس میں پاؤں پھیلانے تک کو وسعت نہیں ہوتی مگر اس میں کفایت کا پہلو ہے اور یہ مکان اپنے مالک کے لئے موزوں ہے، ہاں مہمانوں کے لئے موزوں نہیں۔ یہی وجہ ہے کہ جب کسی غریب اہلِ علم کے جھونپڑے میں جاتے ہیں تو ہمیں گھٹن کا احساس ہوتا ہے۔ میری آرزو ہے کہ حاکموں کے مکانات اتنے اونچے اور اتنے بڑے نہ بنائے جائیں کیونکہ مکان اور مکین کی ہم آہنگی اسی طرح ضروری ہوتی ہے جس طرح ایک تصویر میں ان کی ہم آہنگی کا خیال رکھا جاتا ہے جو مصوّر قدرتی مناظر کی تصویریں بناتے ہیں۔ انھوں نے تصویر کشی میں تناسب

نیچی دیوار ہو۔ دیوار کے قریب دیودار کا ایک درخت ہو مگر یہ درخت بہت پرانا اور کہن سال ہو۔ اس درخت کی جڑ کے پاس عجیب بے ڈھنگی وضع کی چٹانیں رکھی جائیں۔ اس سے آگے بانسوں کے چھدرے درخت لگے ہوں اور ان سے آگے ایک الگ تھلگ گھر ہو۔ گھر کے پہلو میں ایک سڑک ہونی چاہئے جو پھٹ کر ایک طرف کو نکل جائے اور وہ جگہ جہاں کئی سڑکیں آکر ملتی ہوں وہاں ایک پل ہونا چاہئے جس پر سے گزرنا کافی ہیجان خیز ہو۔ پل کے اس پار اونچے پیڑ ہوں اور ان پیڑوں کے سائے میں گھاس اگی ہو جو بالکل سبز ہو۔ اس گھاس کے قطعے سے اوپر بلندی پر پانی کی ایک نالی ہو جو بالکل پتلی ہونی چاہئے۔ یہ پانی کی نالی اوپر بلندی پر ایک چشمے پر ختم ہو جو شور مچاتا ہوا بہتا ہو۔ اس چشمے سے اوپر ایک پہاڑی ہو۔ پہاڑی کے دامن میں ایک مربع ہال ہو اور اس ہال کے ایک کونے کے قریب سبزیوں کی پھلواڑی ہو جو رقبے میں کافی بڑی ہو۔ اس پھلواڑی میں ایک بگلا ہو جو نا چتا پھرے اور اپنی قیں قیں سے یہ بتائے کہ گھر میں اب کوئی مہمان آیا ہے۔ یہ مہمان کوئی بازاری آدمی نہ ہو۔ مہمان آئے تو اسے شراب پیش کی جائے اور وہ شراب سے انکار نہ کرے۔ پینے کی محفل کے بعد مدہوشی چھا جائے اور اس مدہوشی میں مہمان یہ نہ کہے کہ مجھے میرے گھر چھوڑ آؤ۔"

---

گھر کا سارا حسن اس کی انفرادیت میں پنہاں ہے۔ لی بی ونگ نے اپنی کتاب "جینے کا فن" میں مکانات اور ان کے اندرونی حصوں، کمروں، اور آرائش وغیرہ کے بارے میں کئی باب لکھے ہیں۔ گھر کے سلسلے میں وہ اپنی بات یہیں سے شروع کرتا ہے

فضول شان و شکوہ اور عیش پرستی کا انداز اور حد سے بڑھی ہوئی لاگت ہیں۔
اس کی وجہ یہ ہے کہ سادگی کی خوبیوں کو اپنانا عام لوگوں کا ہی نہیں بلکہ شہزادوں
اور صاحب اقتدار حاکموں کا بھی فرض ہے۔ رہنے کے مکان کے لئے اہم چیز
شان و شکوہ نہیں بلکہ نفاست ہے لمبی چوڑی زیبائش نہیں بلکہ جدت اور
حسن ہے۔ لوگ اپنے امیرانہ ٹھاٹ کی نمائش اس لئے نہیں کرتے کہ یہ نمائش
میں پسند ہوتی ہے بلکہ اس کی نمائش کی وجہ محض یہ ہوتی ہے کہ ان میں جدت
خیال اور اپج موجود نہیں ہوتی۔ وہ کوئی نئی بات سوچ نہیں سکتے" کوئی
نئی چیز اختراع نہیں کر سکتے۔ ان کی پرواز خیال اسی نمائش اور نمود تک محدود
ہے اور اسی پر انہیں اکتفا کرنی پڑتی ہے۔ ذرا دو آدمیوں سے کہئے کہ وہ
دو نئے لباس پہنیں۔ ایک لباس سادہ مگر عمدہ اور اپنی وضع میں منفرد ہو۔
دوسرا بہت قیمتی، نمائشی مگر عامیانہ ہو ــــ پھر دیکھئے کہ لوگوں کی نظریں اس
عامیانہ لباس کی بہ نسبت اس سادہ مگر منفرد لباس کی طرف زیادہ اٹھتی
ہیں یا نہیں؟ . . . . ریشم اور کمخاب اور آب رواں ایسے قیمتی کپڑے
کون نہیں جانتا اور کس نے انہیں نہیں دیکھا؟ ــــ مگر ایک سادہ سا لباس جو
وضع میں نفیس اور منفرد ہو ہمیشہ تماشائیوں کی توجہ کا مرکز بن کر رہے گا
کیونکہ انہوں نے اسے یوں پہنا ہوا کبھی نہیں دیکھا ــــ"

لی، لی ونگ نے اپنی تصنیف میں مکانوں کی طرز اور ان کی اندرونی آرائش پر بھی تفصیل
سے بحث کی ہے اور اس سلسلے میں اس نے کھڑکیوں، جالیوں کے پردوں، لیمپ،
میز، کرسی، نادر اشیا، صندلی، اور صندوقوں اور مسہریوں تک پر لکھا ہے۔ وہ خود بے حد
منفرد اور طرار ذہن کا مالک تھا اور قدرت نے اسے ایجاد کا ملکہ بھی عطا کیا تھا۔

کا ایک خاص مولا بنا رکھا ہے۔ جو کچھ اس طرح ہے کہ "ایک تصویر میں اگر
دس فٹ اونچے پہاڑ ہوں تو ایک فٹ اونچے درخت ہونے چاہئیں۔
اور ایک انچ اونچے گھوڑے اور ماش کے دانے کے برابر اونچے آدمی
ہوں"۔ اس لئے یہ بالکل غیر متناسب اور غیر موزوں ہوگا کہ دس فٹ کی پہاڑی
پر دو یا تین فٹ اونچے درخت بنائے جائیں۔ چنانچہ اگر سرکاری افسروں
کا قد نو دس فٹ ہو اور وہ بے شک بیس یا تیس فٹ اونچے مکانوں میں
رہیں۔ موجودہ حالات میں تو یہ ہوتا ہے کہ عمارت جتنی اونچی ہو آدمی
اتنا ہی کوتاہ اور حقیر نظر آتا ہے اور مکان میں جتنی وسعت ہو مکین اتنا ہی
دبلا اور مریل معلوم ہوتا ہے۔ کیا اس سے یہ بہتر نہیں کہ ان لوگوں کے
جسم کچھ موٹے کر دیئے جائیں اور ان کے مکان کچھ چھوٹے بنائے جائیں۔

میں نے بڑے بڑے اعلیٰ عہدہ داروں یا اُن کے عزیزوں
کو دیکھا ہے کہ ایک باغ بنانے پر ہزاروں روپے برباد کر دیتے ہیں اور باغ
کی بنیاد ڈالنے سے پہلے ہی انجنیئر کو ہدایت دیتے ہیں کہ "مہتابی کے
سلسلے میں فلاں فلاں مہتابی کا ڈیزائن لیلو۔ یہی تالاب کے پاس والی بارہ
دری تو اس کے لئے فلاں فلاں بارہ دری کا نقشہ ٹھیک رہیگا"۔ جب
یہ سب کچھ مکمل ہو جاتا ہے تو اس کا مالک لوگوں کو بڑے فخر کے انداز میں
یہ بتاتا ہے کہ میرے باغ اور بنگلے کا سارا نقشہ عین مین فلاں مشہور باغ
کا چربہ ہے اور اس میں ذرا سا بھی اختلاف یا فرق نہیں —— اس بات
میں جو سوقیانہ پن اور رکاکت ہے، خدا اُس سے محفوظ رکھے۔

اصل میں تعمیر میں جن چیزوں سے لازمی طور پر بچنا چاہئے وہ یہی

بڑھاؤ پر وہ پھولوں کے موسم میں پھول رکھتا تھا اور جب ان کا موسم نہ ہو تو مختلف قسم
کی اعلیٰ چینی خوشبوئیں اور بخورات جلاتا تھا۔ وہ خود کہتا ہے "میرا جسم اب عام جسم
نہیں رہا بلکہ تتلی بن گیا ہے جو پھولوں میں اُڑتی پھرتی ہے، وہیں کھاتی ہے اور وہیں
سوتی ہے (چین میں اُمرا کا دستور رہے کہ اگر محبوبہ کے ساتھ رتجگے کا جشن منا رہے
ہوں تو خادمائیں انھیں اسی مسہری پر شراب اور کھانا پیش کرتی ہیں) اور اب میں
عام آدمی نہیں رہا بلکہ پری بن گیا ہوں جو جنت میں چلتی پھرتی اور آرام کرتی ہے۔
چنانچہ ایک نیم بیداری کی حالت میں مجھ پر شفتالو کے شگوفوں کی خوشبو چھا گئی اور میرے
گلے میرے دانتوں اور میرے رخساروں پر یہ نازک باس جم کر رہ گئی اور یوں محسوس
ہونے لگا کہ یہ مہک باہر سے نہیں آتی بلکہ خود میرے سینے سے پھوٹ رہی ہے۔
میرا جسم اتنا لطیف اور ہلکا ہو گیا کہ مجھے یہ محسوس ہوا جیسے اب میں اس فانی دُنیا
میں زندہ نہیں ہوں بیدار ہونے پر یہ ماجرا میں نے اپنی بیوی سے بیان کیا میں نے
کہا "دیکھو ہمیں ایسی مسرت محسوس کرنے کا کیا حق ہے؟ کیا اِس طرح ہمیں مسرت کا
حصّہ دیا گیا ہے ہم اُسے کم تو نہیں کر رہے؟ میری بیوی نے جواب دیا شاید
یہی وجہ ہے کہ ہم ہمیشہ غریب اور محتاج رہتے ہیں۔ سچ پوچھیں تو اس میں کوئی جھوٹ
نہیں"۔۔۔

چینی روایات میں لی کا سب سے نمایاں حصّہ کھڑکیوں کی اختراعات ہیں

---

لہ چین میں یہ عام خیال ہے کہ اس دنیا میں ہر شخص جو پیدا ہوتا ہے اُسے قدرت کی طرف سے "مقدر"
یا خوشی کا ایک خاص حصّہ ملتا ہے جو کسی صورت میں بدل نہیں سکتا۔ اس لئے جو شخص ایک چیز سے جی
بھر کر لطف اٹھائے یا ایک معاملے میں زیادہ خوش نصیب ہو تو دوسرے معاملوں میں اس کی قسمت
میں "کمی" کر دی جاتی ہے یا اس کی زندگی تھوڑی ہو جاتی ہے۔ (حاشیہ از مصنف)

چنانچہ اُس نے ہر موضوع پر کچھ نہ کچھ نئی بات ضرور بتائی ہے۔ باقی رہیں اس کی ایجادات تو وہ آج چینی روایات کا مستقل حصّہ بن چکی ہیں۔ اس کا سب سے بڑا عطیہ خط لکھنے کے کاغذ ہیں جو اس کی زندگی میں ایک خاص نام کے "خط لکھنے والے کاغذوں" کی حیثیت سے فروخت ہوتے تھے ـــــ اس کے علاوہ کھڑکیوں کی ایک کتاب وضع اور کمروں کو تقسیم کرنے والے پردوں کے خاص ڈیزائن ہیں۔ اس کی کتابت "جینے کا فن" آج کوئی ایسی معروف کتاب تو نہیں مگر اُسے مصوّری کی ایسی ابتدائی کتاب کے سلسلے میں آجتک یاد کیا جاتا ہے جو مبتدیوں کے لئے بہت مفید ہے۔ اِسی طرح وہ اپنے "دس طربیہ" ڈراموں کے لئے بھی مشہور ہے کیونکہ وہ باکمال شخص بیک وقت ڈراما نگار، موسیقار، زندگی کا فنکار، لباس کا ڈیزائنر، افزائش حسن کی ترکیبوں کا ماہر اور موجد تھا۔

مسہری اور بستر کے بارے میں لی کے خیالات بالکل نئے تھے۔ وہ کہا کرتا تھا کہ جب کبھی میں کسی نئے گھر میں منتقل ہوتا ہوں تو سب سے پہلے بستر اور مسہری کی طرف توجہ دیتا ہوں۔ چین میں مسہری پردوں سے گھری ہوئی فریم میں جکڑی ہوئی ایسی چیز ہے جو بڑے سے صندوق یا چھوٹے سے کمرے سے مشابہ ہے۔ اس کے ساتھ ڈنڈے اور شلیف اور دراز بھی ہوتے ہیں جو کتابیں جوتے، چائے دانی اور دوسری چھوٹی موٹی چیزیں رکھنے کے کام آتے ہیں۔ لی نے اِس میں یہ اختراع کی کہ اِسی مسہری میں پھول رکھنے کا ایک سٹینڈ ہونا چاہیئے چنانچہ اُس نے پتلی لکڑی کا ایک چھوٹا سا شلیف بنایا جو ایک فٹ چوڑا مگر صرف دو تین انچ گہرا تھا اور اِسے مسہری کے منقش پردے کے ساتھ لگا دیا۔ وہ لکھتا ہے کہ اِس چوبی گلدان کو اس طرح کڑھے ہوئے نفیس ریشم سے منڈھ دینا چاہیئے کہ یہ ساری چیز ایک اُڑتی ہوئی بدلی معلوم ہو ـــ اِسی چوبی

ہر لحظہ ہمیں چپوؤں کی نئی حرکت اور لمبے تیراروں کا نیا منظر نظر آئیگا اور جب کشتی لنگر ڈال کر کھڑی ہوگی تو ہوا کے چلنے اور پانی کی نرم لہروں سے اسکی ہئیت اور ترکیب لمحہ بہ لمحہ بدلتی رہے گی ۔۔۔ اس طرح ہم ایک دن میں اس پنکھے جیسے دریچے کی بدولت پہاڑیوں اور پانی کی ہزاروں خوبصورت تصویروں سے جی کو بہلا سکیں گے۔

میں نے پہاڑیوں کا منظر دیکھنے کے لئے بھی ایک دریچہ بنایا ہے جسے میں نے "منظریہ دریچے" کا نام دیا ہے۔ اسے دوسرے لفظوں میں غیرارادی تصویر" کہہ سکتے ہیں ۔۔۔ میں عرض کرتا ہوں کہ میں نے یہ دریچہ کیسے بنایا۔ میرا کمرہ سفید جھاگ والا کمرہ (مراد شراب پینے سے ہے) ہے۔ اس کے عقب میں ایک چھوٹا سا ٹیلا ہے جو کوئی دس فٹ اونچا اور سات فٹ چوڑا ہوگا۔ یہ (مصنوعی) ٹیلا چھوٹے پیمانے پر ایک پہاڑی گاؤں کی پوری تصویر پیش کرتا ہے۔ اس میں لال چٹانیں اور نیلے پانی کی ننھی سی جھیل ہے۔ گھنا جنگل اور اونچے بانسوں کے جھنڈ ہیں۔ گیت گاتے ہوئے پرندے اور گرتی ہوئی آبشاریں ہیں چھوٹے چھوٹے پھونس کے جھونپڑے اور لکڑی کے پل ہیں ۔۔۔ اصل میں یہ سارا منظر اس طرح وجود میں آیا کہ مٹی سے مجسمہ بنانے والے ایک شخص نے میرا مجسمہ تیار کیا۔ اس مجسمے کے چہرے پر بڑا عجیب تاثر تھا۔ میرے نام لی ونگ کا مطلب ہے ایک ایسا بوڑھا آدمی جس نے سر پر بانس کے تنکوں کا بڑا ہیٹ پہن رکھا ہو۔ اس لئے مجسمے کو بھی ایک ماہی گیر کی شکل دی گئی جس کے ہاتھ میں مچھلیاں پکڑنے کی لمبی ڈور تھی اور جو ایک چٹان پر بیٹھا ہوا تھا ۔۔۔ اس مجسمے کو دیکھ کر ہم نے سوچا کہ جب ایک چٹان موجود

اُس نے (جھیل میں چلنے والے ہاؤس بوٹ کے لئے) "پنکھے جیسی کھڑکیاں" "منظریہ کھڑکیاں" اور "خوبانی کے پھولوں جیسے دریچے" وضع کئے۔ ہاؤس بوٹ کے دونوں طرف پنکھے جیسی کھڑکیاں رکھنے کا خیال چین کے اس قدیم دستور سے وابستہ ہے کہ پنکھیا پر تصویریں بنائی جاتی ہیں اور پھر ان مصور پنکھیوں کو جمع کر کے البم میں رکھا جاتا ہے۔ چنانچہ لی کا خیال یہ تھا کہ کشتی کی چوبی دیوار میں جب پنکھے جیسی کھڑکی نکالی جائے گی تو اس کشتی کے اندر بیٹھے ہوئے لوگ باہر کا نظارہ اور کناروں پر چلنے والے لوگ کشتی کے اندر کے جشن سے یا دعوت جائے کا نظارہ اس طرح کریں گے گویا وہ کسی چینی پنکھیا پر بنائی ہوئی کوئی تصویر دیکھ رہے ہیں۔ اس طرح پنکھے جیسی کھڑکی اصل منظر کے لئے ایک قسم کے فریم کا کام دے گی۔ کیونکہ دریچے کا اصل مقصد یہ ہوتا ہے کہ اس سے باہر کے نظارے پر نظر ڈالی جائے اسی لئے یہ محاورہ ہے کہ "آنکھیں روح کے دریچے ہیں"۔ چنانچہ کھڑکی اس طرح ڈیزائن کرنی چاہئے کہ باہر کا منظر عمدہ سے عمدہ زاویے سے نظر آئے۔ اسی لئے لی نے کہا ہے کہ آپ باہر کے منظر کا بہترین ٹکڑا "ادھار" لے کر اسے دریچے کے ذریعے سے گھر کے اندر متعارف کرتے ہیں۔ وہ کہتا ہے:۔

"آدمی جب ایسی کشتی میں بیٹھا ہو تو کشتی کی دیوار میں پنکھے جیسی دریچے میں سے جھیل کے پانیوں کی چمک اور پہاڑیوں کا رنگ، مندر، بادل اور دھند، بانسوں کے جھنڈ، جھیل کے کناروں کے پیڑ، کناروں پر کام کرتے ہوئے لکڑہارے، گڈریے، پرانے شرابی اور سیر کرتی ہوئی خواتین اس طرح نظر آئیں گی جس طرح کوئی تصویر ہوتی ہے۔ یہ تصویر بالکل قدرتی تصویر ہوگی۔ جو دریچے کے فریم میں جڑی ہوگی۔ اس کے علاوہ یہ تصویر زندہ اور باحرکت ہوگی جو ہر آن بدلتی رہے گی۔ کشتی کے چلنے سے تصویر بدل جائیگی۔

کو مصنوعی پہاڑی کے منظر نے پُر کر دیا۔ اب بیٹھ کر دیکھا تو میز دریچہ دریچہ نہیں رہا بلکہ ایک تصویر بن گیا تھا۔ وہ پہاڑی اب سچ مچ کی پہاڑی نہیں رہی تھی بلکہ تصویر میں بنائی ہوئی ایک پہاڑی بن چکی تھی ـــــ اس پر میں قہقہہ مار کر ہنسا۔ بیوی بچوں نے میرے ہنسنے کی آواز سنی تو آکر میرے قہقہے میں شامل ہو گئے ــــ یہ ہے "غیر ارادی تصویر" اور "منظریہ دریچے" کے وجود کی داستان۔"

کرسیوں اور میزوں وغیرہ کے سلسلے میں بھی پی نے کئی نئی باتیں اختراع کیں۔ اُس نے ایسی آرام کرسی ایجاد کی جو سردیوں میں گرم رکھی جا سکتی تھی۔ کمرے اگر سردیوں میں مناسب طور پر گرم نہ رکھے جا سکیں تو یہ ایجاد بڑی مفید اور قابلِ عمل ہے۔ اس کی شکل ایک لمبی چوبی مسہری کی سی ہے۔ جو ایک چوبی تخت میں بنی ہے۔ یہ تخت دو تین فٹ کھلا ہے اور اس کی اطراف پر لکڑی کے تختے لگے ہیں جو نیچی میز کے برابر اونچے ہیں۔ اس مسہری کے سامنے کی طرف دو چوبی دروازے بنے ہیں۔ اس تخت پر چڑھ کر دروازے بند کر دیجئے۔ یہ دروازے اطراف کے تختوں کے ساتھ مل کر میز کے بالائی تختے کے لئے عمدہ سہارا بن جاتے ہیں جسے مرضی کے مطابق رکھا یا ہٹایا جا سکتا ہے۔ گویا بیٹھنے والا اس میز کے پیچھے بیٹھتا ہے۔ تخت میں ایک دراز بنا ہوتا ہے جس میں گرم راکھ اور خوب جلے ہوئے کوئلے دبا کر ڈالے جاتے ہیں۔ مسہری ایسی ہے کہ بیٹھ کر چاہیں تو کام کریں اور تھک جائیں تو لیٹ جائیں۔ پی کا دعویٰ تھا کہ سارا دن اس طرح سکھ اور آرام سے کام کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ چار پانچ بڑے کوئلے چاہئیں۔ اس کا یہ بھی دعویٰ تھا کہ اگر اس ساری مسہری جیسی کرسی کے ساتھ دو مضبوط بانس باندھ دیئے جائیں تو یہ باقاعدہ تام جھام بن جاتی ہے اور سفر میں بھی کام آسکتی ہے۔ اس میں پاؤں

ہے تو پھر سامنے پانی بھی ہونا چاہیئے' اور پانی ہے تو پھر پہاڑی بھی ہونی چاہیئے۔ پھر چونکہ پہاڑی اور پانی دونوں موجود ہیں تو اس بانس کے تنکوں کا ہیٹ پہنے ہوئے بڑھے شخص کے لئے ایک پہاڑی کٹیا بھی ہونی چاہیئے تاکہ وہ (روایتی طور پر) اپنے بڑھاپے کا وقت اس گوشے میں گزارے اور مچھلیاں پکڑنے میں جی بہلائے۔ چنانچہ اس طرح بتدریج یہ سارا منظر ہم نے تخلیق کیا۔ ظاہر ہے کہ یہ مصنوعی پہاڑی مٹی کے اس مجسّمے کی وجہ سے بنائی گئی اور اس کے بنانے میں یہ خیال نہیں تھا کہ دریچے سے اس کا منظر نظر آئیگا۔ بعد میں مجھے خیال آیا کہ یہ پہاڑی اور اس کا سارا منظر اگرچہ بہت ہی مختصر اور ننھا منا ہے لیکن جس کائنات کی طرف اِن سے دھیان جاتا ہے وہ لا انتہا وسعت رکھتی ہے۔ اس سے میرے ذہن میں بودھوں کا یہ مشہور مقولہ آیا کہ رائی کا دانہ اور ہمالیہ پہاڑ' دونوں ایک جتنے بڑے ہیں ــــ چنانچہ میں دن بھر اپنی اس ننھی سی پہاڑی کو دیکھتا رہا اور کھڑکی بند نہ کر سکا ــــ ایک دن دھیان کی ایک ۔ لہر اٹھی اور میں نے اپنے آپ سے کہا "اس پہاڑی کو ایک تصویر میں منتقل کیا جا سکتا ہے اور اس تصویر کو دریچے میں بند کیا جا سکتا ہے۔ اس تصویر کو "فریم میں جڑنے" کے لئے صرف اتنی لاگت آئے گی جتنے کی میں روز شراب پیتا ہوں ـــ چنانچہ میں نے ایک ملازم لڑکے سے کہا کہ وہ موٹے کاغذ کے لمبے اور چوڑے کئی ٹکڑے کاٹے اور اِن ٹکڑوں کو دریچے کے اوپر نیچے اور اطراف پر اسی طرح چپکا دے جس طرح کسی سچ مچ کی تصویر کا فریم لگایا جاتا ہے ــــ چنانچہ یہ فریم مکمل ہو گیا اور عام طور پر فریم کے اندر اصلی تصویر کے لئے جتنی جگہ خالی ہوتی ہے وہ خالی رکھی گئی۔ اِس خالی جگہ

سے تقریباً چالیس قسم کی میزیں جوڑی جا سکتی ہیں۔

اس قسم کے میزوں کی ایک اور قسم "تانئے چی" ہے یہ "تتلی کے مشابہ میز" اس کے ٹکڑے مثلث اور عمودی ہوتے ہیں۔ لہٰذا ان ٹکڑوں کو باہم جوڑنے سے جس جس قسم کی میزیں بن سکتی ہیں وہ شکل میں بہت زیادہ متنوع ہوتی ہیں۔ "ین چی" قسم کی میزیں عام طور پر کھانا کھانے یا تاش کھیلنے کے لیے مختلف سائز کی میزوں کے طور پر ایجاد کی گئی تھیں۔ کبھی کبھی ان کی ترکیب اور ساخت میں یہ لحاظ رکھا جاتا تھا کہ عین درمیان میں شمعدان کے لیے جگہ خالی چھوڑی جائے۔ مگر تانئے چی قسم کی میزیں نہ صرف کھانا کھانے کی میزوں اور تاش کی میزوں کا کام دیتی ہیں بلکہ ان کے ٹکڑوں کو مختلف طریقوں پر جوڑنے سے پھول اور فوٹو رکھنے کے سٹینڈ بھی بن جاتے ہیں۔ گویا اس کی ساخت میں زیادہ چیزوں کا لحاظ رکھا گیا ہے۔ یہ تتلی نما میز تیرہ حصّوں پر مشتمل ہوتی ہے۔ ان کو باہم جوڑنے سے مربع شکل کی میزیں مستطیل میز اور ہشت پہلو میز جنہیں مختلف قسم اور تعداد کے سوراخ بھی ہوں، بنائی جا سکتی ہیں۔ ان ٹکڑوں کو باہم جوڑنے کی گنجائش اتنی ہے اور ان سے ایسی ایسی عجیب چیزیں بنتی ہیں کہ انسان دیکھا کرے۔ سارا دارومدار اس بات پر ہے کہ گھر کی مالکن ذوق سے کام لے کر ان ٹکڑوں کی باہمی ترتیب سے کیا کچھ بناتی ہے۔

کیا مشرق، کیا مغرب، ہر جگہ گھر کی مالکہ کی یہی خواہش ہوتی ہے کہ کمروں کے اندر آرائش اور آسائش کی چیزوں کو نت نئے انداز سے ترتیب دیتی رہے۔ اس سلسلے میں مندرجہ بالا قسم کی میزیں اس کے لیے لاانتہا تنوع کا سامان مہیا کر سکتی ہیں — ایسی میزوں کے ٹکڑوں کو جوڑ کر جو شکلیں بنتی ہیں وہ بالکل جدید مذاق کے مطابق ہوتی ہیں کیونکہ جدید فرنیچر میں بھی خم و پیچ کو چھوڑ کر سادگی اور خطوط کے سیدھے پن پر زور دیا جاتا ہے۔

ٹھنڈے نہیں ہوں گے اور سفر کے دوران میں کھانے پینے کے وقت بھی سردی سے بچاؤ ہو سکتا ہے۔ اُس نے گرمی کے موسم کے لئے بھی ایک کرسی بنانے کا خیال کیا تھا۔ جو ایک غسل کے ٹب سے ملتی جلتی ہو اور اس میں پکی مٹی کا ایک ٹب لگا ہو جس میں ٹھنڈا پانی بھر دیا جائے جو نشست کے عقب تک آئے اور اسے ٹھنڈا رکھے۔

مغرب کے لوگوں نے ہر قسم کی مسہریاں، صوفے اور بال ترشوانے کے لئے بیٹھنے کی کرسیاں ایجاد کی ہیں۔ ان میں گھومنے والی مسہریاں، کرسیاں اور صوفے ہیں، تہ ہو جانے والے اور جسم کے مطابق نیچے اوپر کر کے آرام دہ حالت میں بٹھانے کے لئے کرسیاں اور صوفے بھی ہیں۔ ایسی مسہریاں بھی ہیں جن کو تہ کر کے کچھ کا کچھ بنایا جا سکتا ہے مگر مغرب والوں کو نہ تو ٹکڑے ٹکڑے ہو جانے والی میزوں کی ایجاد کا خیال آیا ہے نہ ایسے سٹینڈ بنانے سوجھے ہیں جن پر نادرات رکھے جائیں اور جنھیں حسب ضرورت الگ الگ کیا جا سکے۔ چین میں یہ چیزیں ایک مدت سے رائج ہیں اور ان کی بناوٹ میں بڑی بڑی چابکدستی اور مہارتِ فن نظر آتی ہے۔ جس میز کے حصے الگ کئے جا سکتے ہیں۔ اسے "ین جی" کہا جاتا ہے۔ ان کا اصول اُس چینی کھیل سے لیا گیا ہے جو مغربی بچوں کے کھیل، لکڑی کے مربع ٹکڑوں کے کھیل سے ملتا جلتا ہے۔ اِس میں لکڑی کے مربع ٹکڑے ہوتے ہیں۔ جن پر عجیب و غریب جانوروں، برتنوں، فرنیچر وغیرہ کی شکلیں بنی ہوتی ہیں اور ان ٹکڑوں کو باہم مختلف طریقوں سے ملانے سے کئی قسم کی شکلیں بنائی جا سکتی ہیں۔ چنانچہ "ین جی" قسم کے میز سے جس میں چھ حصے ہوں، ان چھ حصوں کے ملانے سے کئی شکلوں کا ایک میز بھی بنایا جا سکتا ہے اور انھیں چھ حصوں سے مختلف شکلوں کی کئی میزیں بھی بنائی جا سکتی ہیں جو مربع، مستطیل یا (T) کی شکل کی ہوں یا ان کے اوپر کے تختے مختلف زاویوں پر رکھے ہوں۔ ان چھ حصوں

بستر یا صوفوں کے سرہانے رکھ دیا جائے۔ پھر ان کی جگہ اُس بڑے بک کیس کی ضرورت نہیں رہے گی جو آج کل میں ایسی جگہوں میں لامحالہ ہمیشہ نظر آتا ہے۔

اب کمرے کی اندرونی آرائش کے بارے میں عرض کرتا ہوں۔ اِس سلسلے میں چینی لوگوں کا خیال یہ ہے کہ سادگی اور گنجائش کا لحاظ رکھنا لازمی ہے۔ ایک عمدہ کمرے میں ہمیشہ فرنیچر کی چند چیزیں ہوں گی جو عام طور پر مہاگنی کی لکڑی کی ہوں گی۔ ان کا پالش نہایت عمدہ ہوگا اُن کے خطوط سادہ ہوں گے اور سِروں پر تھوڑا سا خم ہوگا۔ مہاگنی کے اِس فرنیچر کو ہمیشہ ہاتھ سے پالش کیا جاتا ہے۔ پالش کے اس فرق کے مطابق فرنیچر کی قیمتوں میں بڑا فرق ہوتا ہے کیونکہ ہاتھ کے پالش پر بڑی محنت پڑتی ہے۔ خیر کمرے میں مہاگنی کی ایک لمبی میز جس میں دراز نہ ہوں، ایک طرف رکھی جاتی ہے کمرے کے دوسرے کونے میں مہاگنی کے بنے ہوئے دو ایک سٹینڈ ہوں جن پر گلدان یا کچھ نادر چیزیں رکھی ہونگی۔ دو ایک سٹول بھی ہوں گے جو درختوں کی مڑی تڑی جڑوں جیسے پایوں پر کھڑے ہوں گے۔ ایک طرف ایک چھوٹی سی الماری ہوگی جس میں کتابیں یا نوادر ہوں گے۔ اِس الماری کے اندر کے تختے مختلف سائز کے ہوں گے جن سے ایک عجیب قسم کا جدید تاثر پیدا ہوگا۔ دیواروں پر ایک یا دو قطعے ہوں گے جو یا تو خوشخطی کے کمالات کا نمونہ ہوں گے یا ایسی تصویر ہوگی جس میں رنگ کم اور خالی جگہ زیادہ ہوگی۔ اِس تصویر کی طرح کمرہ بھی "خالی خالی اور زندہ ہوگا ــــــ اِسی لئے چینی گھروں کی امتیازی خصوصیت پتھر کے فرش کا صحن ہے۔ جو اپنے انداز میں ہسپانوی خانقاہوں سے ملتا جلتا ہے۔ یہی صحن سکون، خاموشی اور طمانیت کا مظہر ہوتا ہے ؎

اور یہی خصوصیت چینی فرنیچر کی ہے۔ اس کا کمال یہ ہے کہ سادگی بھی ملحوظ رہتی ہے اور اس میں بے شمار تنوع بھی پیدا کیا جا سکتا ہے۔ اپنے فرنیچر کی نئی ترتیب کے لئے سیدھا سادہ سا نسخہ یہ ہے کہ جب آپ کوئی گول یا مربع میز بنوانے لگیں تو یہ دو ٹکڑوں پر مشتمل ہو مثلاً گول میز کے دونوں حصے نصف دائرے کی شکل کے ہوں اور مربع میز دو مثلثوں پر مشتمل ہو۔ یہ مثلثیں اپنے قاعدے پر مل کر ایک مربع بنائیں۔ جب یہ گول یا مربع میز تاش کھیلنے کے لئے درکار نہ ہوں تو ان کے دونوں ٹکڑے الگ الگ کردیئے جائیں اور انہیں کمرے کے کونوں میں اس طرح رکھ دیا جائے کہ مثلث کا بڑا ضلع یا نیم دائرے کا قطر دیوار کے ساتھ ہو۔ اب ان میزوں پر گلدان یا کتابیں یا نادر چیزیں رکھی جا سکتی ہیں۔ ایسی میزیں ضرورت کے مطابق چھوٹی یا بڑی بنائی جا سکتی ہیں۔ چائے کے میز اس طرح بنائی جا سکتی ہیں کہ وہ شکل میں دو ملحق مربعوں کی طرح نظر آئیں جو ایک کونے پر آپس میں ملتے ہوں۔ یا وہ انگریزی حرف ٹی (T) یا یو (U) یا ایس (S) کی شکل کے ہوں۔ اگر ایک چھوٹے سے کمرے میں ایک چھوٹی سی محفل (U) کی شکل کی میز یا (S) کی شکل کی میز کے گرد کھانے کے لئے بیٹھی ہو تو بڑی عمدہ نظر آئے گی۔

ایسا بک کیس جس کے حصے الگ الگ کئے جا سکیں اس کا ایک نہایت عمدہ نمونہ چانگ شو میں ملتا ہے۔ ویسے مغرب میں بھی ایسے بک کیس ہوتے ہیں جن کے ٹکڑے الگ الگ ہوں مگر اس چینی بک کیس کا کمال یہ ہے کہ اس کے ٹکڑے اس طرح بنائے گئے ہیں کہ جب الگ الگ کئے جائیں تو ایک دوسرے کے اندر رکھے جائیں اور سارے بک کیس ...... کا حجم ایک بڑے سوٹ کیس سے زیادہ نہیں بڑھتا۔ یہ قدیم چینی بک کیس اپنے انداز سے جدید زمانے کی چیز معلوم ہوتا ہے۔ مگر اس میں ترمیم اور اصلاح کی جا سکتی ہے تاکہ اس کے ٹکڑے جب الگ کئے جائیں تو ان حصوں سے دو تین چھوٹے بک کیس بن جائیں جو ۱۲، ۱۸ یا ۲۴ انچ لمبے ہوں اور جنہیں

# باب دہم

# فطرت کے مزے

مختلف شکلوں میں ملتا ہے کبھی یہ فطرت کے ساتھ ہم آہنگی کا نام ہے کبھی فطرت کو تسخیر کرنے اور اپنا محکوم بنانے کی ایک شکل ہے۔ کبھی فطرت پر قابو رکھنے اور اس سے مفید کام لینے پر مشتمل ہے، اور کبھی محض فطرت اور گرد و پیش سے ایک متکبرانہ تحقیر ہے اور بس۔ اپنی دنیا پہ نخوت پسندانہ تحقیر، تہذیب اور مذہب کی ایک عجیب سی پیداوار ہے۔ اس کا سرچشمہ اور منبع یہ کہانی ہے کہ ہم اپنی جنّت کو کھوکر اس دنیا میں رہنے پر مجبور کئے گئے اور اس کہانی کا منبع مذہبی روایات ہیں جو اس کہانی کو آج بھی سچا ثابت کر رہی ہیں۔

عجیب بات ہے کہ آج تک کسی نے اس گم شدہ بہشت کی کہانی کی سچائی پر اعتراض نہیں کیا۔ آخر وہ "جنّتِ عدن" کتنی خوبصورت تھی؟ اور پھر ہماری یہ موجودہ دنیا کس حد تک بدصورت ہے؟ کیا آدم و حوّا کی اس اوّلیں لغزش کے بعد زمین پر پھولوں نے کھلنا چھوڑ دیا ہے؟ کیا اللہ نے ایک انسان کے گناہ کی پاداش میں سیب کے درخت پر اپنی لعنت مسلّط کر دی ہے؟ کیا یہ درخت اب پھلتا پھولتا نہیں؟ کیا اس کے شگوفوں کے رنگ اب بُرے اور بے نور ہیں؟ کیا زمین پر اب بلبل اور قمریاں اور گانے والے پرندے نغمہ سرا نہیں رہے؟ کیا اب پہاڑوں کی چوٹیاں برف سے محروم ہیں اور جھیلوں میں ان کا سایہ نہیں پڑتا؟ کیا آج بھی غروبِ آفتاب پر شفق نہیں پھولتی؟ آسمانوں پر دھنک نہیں ہوتی، پہاڑی گاؤں پر نیلی دھند نہیں ہوتی، آبشاریں اور جھرنے گرتے نہیں، چشمے گنگناتے نہیں اور درختوں کا سایہ ٹھنڈا نہیں ہوتا؟ —— پھر یہ کہانی کس کی اختراع ہے کہ "جنت" تو ہم سے چھن گئی اور اب ہم ایک بدہیئت دنیا کے باسی ہیں؟ —— اصل یہ ہے کہ ہم خدا کی نہایت ناشکر گذار اور بگڑی ہوئی مخلوق ہیں۔

اس بگڑے بچے کے بارے میں ایک مثالیہ حکایت لکھنی لازمی ہوگئی ہے۔ ایک دفعہ کا ذکر ہے کہ ایک آدمی دنیا میں رہتا تھا جس کا نام ہم ابھی نہیں بتائیں گے وہ خدا کے

# ۱۔ جنتِ گم گشتہ

ہماری اِس زمین پر مخلوقات کا کوئی شمار نہیں مگر عجیب بات ہے کہ سارا عالم نباتات، فطرت کے مظاہر کے بارے میں کوئی مخصوص رویّہ نہیں رکھتا۔ عملی طور پر حیوان بھی قدرت کے بارے میں کسی "رویے" پر عامل نہیں۔ بس ایک انسان ایسی مخلوق ہے جسے اپنی ذات کا بھی شعور ہے اور جو اپنے ماحول کے بارے میں بھی باخبر ہے۔ اِسی لئے وہ ماحول اور گرد و پیش کے بارے میں ایک خاص رویّے کا عامل ہو سکتا ہے۔ اصل یہ ہے کہ انسان کی ذہانت کائنات کے بارے میں طرح طرح کے سوال کرتی ہے، کائنات کے چھپے بھیدوں کا کھوج لگاتی ہے اور اس کائنات کا مدعا اور مقصد دریافت کرتی ہے۔ چنانچہ ہم دیکھتے ہیں کہ کائنات کے بارے میں ہمیں ایک تو سائنسی رویّے اور دوسرے اخلاقی رویّے سے سابقہ پڑتا ہے۔ سائنس کا آدمی اس سرزمین کی اندرونی تہ اور بیرونی تہ کی کیمیاوی ساخت اور ترکیب پر غور کرتا ہے، اس کائنات کے گرد جو فضا ہے اس کی موٹائی اور پھیلاؤ کا پتا لگاتا ہے، اس فضا کی بالائی تہوں پر جو کائناتی شعاعوں کی چھوٹ پڑتی ہے اُن کی مقدار اور اُن کی ماہیت کی تحقیق کرتا ہے، اس زمین کی پہاڑیوں اور چٹانوں کے اجزا کا پتا چلاتا ہے اور یہ دیکھتا ہے کہ زندگی کن قوانین کی عام طور پر پابندی کر رہی ہے ــــــ یہ سائنسی تحقیق اور دلچسپی کائنات کے بارے میں اخلاقی رویّے سے تعلق ضرور رکھتی ہے لیکن اپنی جگہ یہ صرف معلوم کرنے اور تحقیق کرنے کی خالص امنگ کا نام ہے ــــــ اس کے برعکس کائنات کے بارے میں اخلاقی رویّہ بڑی

اور دریائے یا نگسی کے دہانے کی چٹانیں دکھائیں۔ زرد پہاڑوں کی سنگین چوٹیاں اور نیاگرا آبشار کے خوفناک پانیوں کا نظارہ کرایا، اور پھر پوچھا "کیا میں نے اس زمین کو تمہاری آنکھوں، تمہارے کانوں اور تمہارے پیٹ کے لئے ایک خوبصورت ترین جگہ بنانے کے لئے ہر ممکن نعمت نہیں بخشی ؟" مگر انسان نے پھر بھی شور مچایا "مجھے تو موتیوں کے دروازوں والی جنت چاہیئے اور بس — یہ سرزمین میرے لئے ٹھیک جگہ نہیں اور نہ یہ میرے لائق ہے۔" خدا نے اس پر جلال سے کہا "کیوں او ناشکرے اور گستاخ چوہے، میری یہ دنیا تیرے لئے اچھی جگہ نہیں ؟ تو پھر میں تجھے دوزخ میں بھیجتا ہوں۔ جہاں تم کبھی آسمان پر تیرتے ہوئے بادل، شگوفوں سے لدے ہوئے درخت، گاتے ہوئے جھرنے اور آبشار نہ دیکھ پاؤ گے، نہ ان کے نغمے سنو گے اور ہمیشہ اسی دوزخ میں رہو گے !— چنانچہ خدا نے اس انسان کو شہر کے ایک تنگ کمرے میں رہنے کیلئے بھیجدیا— اس شخص کا نام "عیسائی" تھا۔

ظاہر ہے کہ اس انسان کو خوش کرنا بڑا مشکل ہے۔ خدا اگر اس کی مرضی کے مطابق ایک جنت کی تخلیق کر دے تو یہ جنت بھی اس انسان کو شاید ہی مطمئن کر سکے انسان کو دولت کا جو جنون ہے اس کی بدولت وہ دوسرے ہفتے کے اندر ہی موتیوں کے دروازوں والی جنت سے بے طرح اکتا جائے گا اور خدا کو پھر اس ناشکر گزار اور بگڑے بچے کو خوش کرنے کے لئے کچھ نہ کچھ نئی چیز تخلیق کرنی ہو گی — مگر یہ یاد رہے کہ موجودہ علم ہئیت نے آنکھ سے نظر آنے والی کل کائنات کی تحقیق کرنے کے سلسلے میں ہمیں یہ بتا دیا ہے کہ خود یہ زمین بھی ایک جنت ہے اور ہم جس جنت کے خواب دیکھتے رہتے ہیں وہ آخر کسی نہ کسی فضا اور مکان میں ہو گی۔ لامکان میں نہیں ہو سکتی۔ اس صورت میں یہ جنت فضائے آسمانی کے ان ستاروں اور سیاروں میں ہی کہیں ہونی چاہیئے۔ چنانچہ

پاس آیا اور شکایت کی یہ دنیا اس کے رہنے کے قابل نہیں۔ اس نے خدا سے کہا:
"مجھے ایسی جنت چاہیئے جس کے دروازے موتیوں کے ہوں۔ خدا نے آسمان پہ چمکتے
ہوئے چاند کی طرف اشارہ کر کے پوچھا "کیا تمہارا دل بہلانے کو یہ کھلونا کافی نہیں ــــ؟"
انسان نے نفی میں سر ہلا دیا۔ پھر خدا نے اُسے دُور نیلی پہاڑیاں دکھائیں اور پوچھا "کیا
ان کے خطوط دلآویز نہیں؟" انسان نے کہا "یہ عام اور معمولی چیزیں ہیں"۔ اس پر خدا نے
اسے پھولوں کی پنکھڑیاں دکھائیں اور کہا "تم ان مخملی پنکھڑیوں کو چھو کر دیکھو اور بتاؤ،
کیا ان کے رنگ بے مثال نہیں؟" انسان نے جواب دیا "جی نہیں"۔ خدا نے اپنے
بیکراں صبر سے کام لیتے ہوئے انسان کو اپنی آبی کائنات کا جائزہ دکھایا اور اس جگہ
اُس نے انسان کو جزیرہ ہوائی کی مچھلیوں کے گہرے خوبصورت رنگ اور ان کی عجیب
وغریب شکلیں بھی دکھائیں ـــــ انسان نے کہا "یہ سب بیکار ہے، مجھے ان سے کوئی دلچسپی
نہیں"ــــ پھر خدا انسان کو ایک گھنے سایہ دار درخت کے نیچے لے گیا اور ٹھنڈی ہوا
کے جھونکوں کو چلنے کا حکم دیا اور انسان سے پوچھا "کیا تمہیں اس کا مزہ نہیں آتا ــــــ؟"
انسان نے جواب دیا "مجھ پر ان چیزوں کا کوئی اثر نہیں ہوتا"۔ اس کے بعد خدا اُس
انسان کو ایک پہاڑی جھیل پر لے گیا اُس نے اس انسان کو جھیل کے پانی کی دمک دکھائی
دیودار کے جنگل میں سے گزرتی ہوئی سنسناتی ہواؤں کا نغمہ سنوایا، چٹانوں کا سکون اور جھیل
میں اُن کا اور کئی دوسری چیزوں کا شاندار عکس دکھایا مگر انسان نے کہا "ان باتوں
سے میرے دل میں کوئی گرمجوشی پیدا نہیں ہوئی"۔ اس پر خدا نے سوچا کہ میری یہ مخلوق
حلیم الطبع نہیں ہے اس لئے اسے زیادہ سنسنی خیز نظارے چاہئیں۔ خدا اُسے راکی
پہاڑوں کی چوٹی اور اتھاہ غاروں کے دہانوں پر لے گیا۔ اُسے ریت کے بیکراں ٹیلے
دکھائے، جلتے ریگستانوں میں جھلسی ہوئی نباتات کے نظارے کرائے، ہمالیہ کی لافانی برف

بدلتے رنگوں، مختلف موسموں میں باری باری سے پکتے ہوئے پھلوں کی لاثانی مہک اور مختلف مہینوں میں کھلنے والے پھولوں کی شگفتگی سے مطمئن نہیں ہے تو اسے خودکشی کر لینی چاہئے۔ ہمیں ناممکن جنت کے کھوج میں سرگرداں نہیں ہونا چاہئے کیونکہ یہ جنت خدا کو مطمئن کر دے تو کر دے، انسان کو کبھی مطمئن نہیں کر سکتی۔

بہرکیف زندگی کے حقائق سے ہمیں واسطہ ہے اور حقائق یہ ہیں کہ فطرت کے نظاروں اور اس کی آوازوں اس کی خوشبوؤں اور اس کے ذائقوں، اور انسان کے دیکھنے سننے، سونگھنے اور چکھنے کے حواس کے درمیان ایک نہایت مکمل، نہایت لطیف اور روحانی قسم کا تال میل موجود ہے۔ کائنات کے نظاروں اور آوازوں اور انسان کے حواس کے

. . . . . . . . . . . . . . .

. . . . . . . درمیان یہ تال میل اتنا مکمل اور ہمہ گیر ہے کہ اس سے غایت کے فلسفے (کہ کائنات کے تمام تغیرات کسی مقصد کے تحت ہوتے ہیں) کے لئے ایک نہایت پکی دلیل مل جاتی ہے۔ خیر اس غایت اور مقصد سے قطع نظر یہ ہو سکتا ہے کہ خدا نے ان نعمتوں کے لئے ہمیں دعوت دی ہو یا نہ دی ہو۔ چینی نقطۂ نگاہ تو یہ ہے کہ ہم بلائے یا بن بلائے ہر طرح شریکِ دعوت ہو کر رہیں گے! جب دعوت میں رکھے ہوئے کھانے اتنے عمدہ ہوں اور ہمیں بھوک بھی لگی ہو تو پھر ان نعمتوں کا مزہ نہ لینا بڑی بے وقوفی کی بات ہے۔ فلسفیوں کو اپنی مابعد الطبیعیاتی تحقیقات میں لگے رہنے دیجئے اور یہ معلوم کرنے دیجئے کہ ان نعمتوں کے لئے ہماری حیثیت بلائے ہوئے مہمانوں کی ہے یا نہیں۔ عقلمند آدمی وہی ہو گا جو ان نعمتوں کے چھن جانے سے (کھانا ٹھنڈا ہونے سے) پہلے انہیں چکھ لے گا۔ کیونکہ بھوک کا تعلق ہمیشہ عملی سوجھ بوجھ سے ہوتا ہے۔

ہمارا یہ سیارہ، یہ زمین بہت اچھی جگہ ہے۔ پہلی خوبی اس میں یہ ہے کہ یہاں

یہ جنت کسی ستارے میں ہے جس کے ساتھ کچھ چاند بھی ہوتے ہیں، یا بعض ستاروں کے ساتھ ان کے اپنے چاند نہیں بھی ہوتے ۔ میری سمجھ میں نہیں آتا کہ ہماری اس زمین سے بہتر کونسا ایسا سیارہ ہے جس میں یہ جنت ہو سکتی ہے۔ یہ مانا کہ بعض سیاروں کے ساتھ کئی کئی چاند ہوتے ہیں۔ چلیئے ہمارے برعکس وہاں ایک چاند کے بجائے ایک درجن چاند ہی جو گلابی، قرمزی، نیلے، ہرے، نارنجی، غرض ہر رنگ کے ہوں گے۔ اس کے ساتھ ساتھ ہمارے یہاں کی طرح اس سیارے میں دھنک ایسی نایاب نہیں ہوگی بلکہ زیادہ سے زیادہ بار یہ دھنک دکھائی دیا کرے گی ۔ مگر مجھے یقین ہے کہ جو انسان ایک چاند خوش نہیں ہوتا وہ ایک درجن چاندوں سے بھی اُکتا جائے گا اور جو انسان یہاں کبھی کبھار دکھائی دینے والی ایک دھنک اور کبھی کبھار کی برفباری سے مطمئن نہیں ہوتا وہ بار بار دکھائی دینے والی دھنک سے تو بہت جلد تنگ آجائے گا۔ یہ بھی مانا کہ اس جنت یا اُس سیارے میں چار موسموں کے بجائے سال میں چھ موسم ہوں گے۔ اور بہار اور گرما، رات اور دن کا یہ حسین چکر بھی اسی طرح ہوگا۔ مگر اس سے فرق کیا پڑے گا؟ اگر ایک شخص اس دنیا کی بہار اور گرما سے لطف نہیں اٹھا سکتا تو وہ اس جنت کی بہار سے کیا اور کیسے لطف اٹھائے گا؟

ممکن ہے میری باتیں آپ کو بڑی احمقانہ، یا بے حد دانشمندانہ معلوم ہوں مگر میں بودھوں اور عیسائیوں کی طرح یہ نہیں کر سکتا کہ جنت کو ایک لامکاں چیز اور خالصتاً روح کی ایک لطیف تعمیر تصور کر لوں اور انسانی حواس اور زندگی کے ٹھوس حقائق سے فرار اختیار کر لوں ۔ جہاں تک میرا تعلق ہے میں اپنے اس سیارے، زمین پر رہنا زیادہ پسند کرتا ہوں۔ کیونکہ دنیا کا کوئی شخص یہ نہیں کہہ سکتا کہ ہماری اس سرزمین کی زندگی غیر دلچسپ، یکساں اور بالکل بے مزہ ہے۔ اگر کوئی شخص، زمین کے موسموں کے تنوع، آسمان کے

اگلتے ہوئے آتش فشاں پہاڑ، مہیب غار، شاندار چوٹیاں، بلند و پست پہاڑیاں، خاموش پُرسکون جھیلیں، بل کھاتے ہوئے دریا، سرسبز اور ٹھنڈے سایوں والے کنارے ....
..... ہیں اور اس سے اور کیا بہتر چیز ہوگی —— گویا اس قدرت کی نعمتوں کی فہرست ایسی ہے کہ کبھی ختم نہیں ہوتی اور اس میں ہر مذاق اور ہر طبیعت کے شخص کے لئے پورا انتظام موجود ہے پس عقلمندی اسی کا نام ہے کہ آگے بڑھ کر اس خوانِ نعمت میں شریک ہو جائیے اور زندگی کی یکسانیت اور بے رنگی کی شکایت چھوڑ دیجئے۔

## ۲- عظمتِ آدم

فطرت، اپنی جگہ ہمیشہ سے ایک سینی ٹوریم ہے۔ یہ چاہے انسان کی کسی اور بیماری کا علاج کرے یا نہ کرے، اسے اپنی بڑائی کے خبط سے ضرور نجات دلوا دیتی ہے۔ اصل یہ ہے کہ انسان کو بھی اس کی حد کے اندر رکھنا پڑتا ہے اور انسان کی اصلی حد اس کی صحیح اوقات اسی وقت معلوم ہوتی ہے جب اُسے فطرت کے پس منظر میں دیکھیں۔ اسی لئے چینی تصویروں میں جب مناظرِ فطرت دکھائے جاتے ہیں تو اُن میں انسان کا پیکر بہت ہی چھوٹا بنایا جاتا ہے۔ ایک مشہور منظریہ تصویر "برفباری کے بعد پہاڑ کا منظر" کی مثال میرے سامنے ہے۔ اس میں وہ انسانی پیکر ڈھونڈنا دشوار ہو جاتا ہے جو برفباری کے بعد پہاڑ کا منظر دیکھ رہا ہے۔ بڑی احتیاط سے کھوج لگانے کے بعد یہ انسان ایک پودا کے درخت کے نیچے نظر آتا ہے۔ اس کا پیکر زیادہ سے زیادہ ایک انچ کا ہوگا حالانکہ یہ تصویر کوئی پندرہ فٹ اونچی ہوگی۔ مونگ خاندان کے وقت کی ایک اور تصویر میں دکھایا گیا ہے کہ خزاں کے دور میں چار اہلِ علم ایک جنگل میں پھر رہے تھے اور سر اٹھا کر عظیم الشان

دن رات کا تغیر ہے۔ صبح اور شام میں فرق ہے۔ گرم دن کے بعد ٹھنڈی شام آتی ہے۔ ایک معروف صبح سے پہلے ایک خاموش اور صاف صبح صادق ہوتی ہے اور اس سے بڑھ کر کوئی چیز نہیں۔ دوسری خوبی گرما اور سرما کا ادل بدل ہے جو اپنی جگہ مکمل ہے۔ اِن دونوں موسموں کو رفتہ رفتہ بہار اور خزاں بدلتی ہیں اور اس تغیر سے کوئی چیز عمدہ نہیں ـــــ تیسری بات یہ ہے کہ اِس دنیا میں خاموش اور باوقار درخت اُگتے ہیں جن سے ہمیں چھاؤں ملتی ہے۔ یہ درخت سرما میں سورج کی روشنی کو روکتے نہیں اور اس سے بہتر اور کوئی چیز نہیں۔ چوتھی خوبی یہ ہے کہ کھلتے ہوئے پھول ہیں اور مختلف مہینوں میں مختلف پھل پک کر تیار ہوتے ہیں اور اس سے بہتر اور کوئی چیز نہیں ہوسکتی۔ پانچویں خوبی یہ ہے کہ اِس دنیا میں ابر آلود اور دھند کے دن صاف اور چمکیلے دنوں کے ساتھ باری بدل کر آتے ہیں اور اِن سے بہتر اور کوئی چیز نہیں ہوسکتی۔ چھٹی خوبی یہ ہے کہ یہاں بہار کی بارشیں اور گرما کی گرج اور چمک کے ساتھ مینہ کے برستے جھالے ہیں۔ پھر خزاں کا خشک اور کرارا موسم آتا ہے اور اس کے بعد سرما میں برفباری ہوتی ہے اور اِس سے بہتر اور کوئی چیز نہیں۔ ساتویں خوبی یہ ہے کہ اِس دنیا میں طوطے اور مور، بلبلیں، پپیہے اور کناری اپنے نغموں سے ہمیں رجھاتے ہیں اور اس سے بہتر اور کیا بات ہے۔ آٹھویں خوبی یہ ہے کہ اِس دنیا میں چڑیا گھر بھی ہے جس میں بندر، شیر، ریچھ، اونٹ، ہاتھی، گینڈے، مگرمچھ، دریائی گھوڑے، گائیں، گھوڑے، کتے، بلیاں، گیدڑ، گلہریاں، گھٹ بڑھئی اور نہ جانے کیا کیا ہے اور نہ جانے یہ اور کن کن خوبیوں کا حامل ہے اور اس سے بہتر اور کیا چیز ہے۔ نویں بات یہ ہے کہ یہاں ہزاروں قسم کی مچھلیاں ہیں ڈھنک مچھلی، سونٹا، لدھر، دھیل، جھینگا، صدفی اور نہ جانے کن کن قسموں اور کن کن خوبیوں کی مچھلیاں ہیں اور اس سے بہتر اور کیا ہوگا۔ دسویں خوبی یہ ہے کہ اِس دنیا میں تنا ور دیو دار کے

تو اس کے دل میں بھی سچی عظمت اور وسعت پیدا ہوتی ہے۔ انسان میں پھر یہ ظرف پیدا ہو جاتا ہے کہ وہ پھیلی ہوئی قدرت کے مظاہر کو ایک متحرک تصویر سمجھے اور جو تصویر اس سے چھوٹے پیمانے پر نظر آئے اس سے مطمئن نہ ہو۔ افق پہ دوڑتے ہوئے کالے بادلوں کو زندگی کے سٹیج کا پس منظر خیال کرے اور اس سے کمتر درجے کے پس منظر سے اس کی تسلی نہ ہو۔ پہاڑوں پر پھیلے ہوئے جنگلوں کو اپنے خانہ باغ کے طور پہ دیکھے اور اِن جنگلوں سے چھوٹے کسی باغ پہ مطمئن نہ ہو۔ سمندر کی اٹھتی، گرجتی لہروں کو موسیقی سمجھ کر سننے اور اس سے کمتر اور ہلکی موسیقی اُسے تسلی نہ دے سکے۔ پہاڑی ہواؤں کو کمرے کو ٹھنڈا کرنے والی مشینی ہوا کے طور پر خیال کرے اور پھر اِسی نظامِ خنکی کے سوا اسے تسلی نہ ہو ——! —— یہی عظمت ہے۔ وہی عظمت جو پھیلی ہوئی زمین اور اوپر تنے ہوئے آسمانی سائبان میں ہے۔ یو آن سی (۲۱۰ء سے ۲۶۳ء) نے جو چین کا پہلا رومانی شاعر تھا اِسی چیز کو اپنے انداز میں کہا ہے کہ اس عظمت کے مِل جانے سے

"ہم آسمان اور زمین کو اپنا گھر سمجھ کر آباد کرتے ہیں۔"

میں نے بہترین قدرتی "منظر" جو آج تک دیکھا وہ ایک شام بحرِ ہند میں نظر آیا تھا۔ یہ منظر حقیقی معنی میں لامحدود تھا۔ اس "منظر" کا سٹیج ایک سو میل چوڑا اور تین میل اونچا تھا۔ اِس سٹیج پر قدرت نے آدھے گھنٹے کا ایک ڈرامہ کھیلا۔ اس میں کبھی تو بڑے بڑے اژدہا حصہ لیتے تھے کبھی مہیب رینگنے والے جانور جو اب صفحۂ ہستی سے ناپید ہیں اور کہیں بڑے بڑے شیر تھے۔ یہ سب آسمان پر پھر رہے تھے۔ کبھی شیروں کے سر بڑھتے بڑھتے بہت بڑے ہو جاتے، ان کی ایالیں فضاؤں پر بچھ بچھ جاتیں، اژدہوں کی کمریں غصے سے بل کھانے لگتیں اور کبھی سفید اور خاکی وردیوں کی پلٹنیں آسمان پہ دوڑنے لگتیں۔ اِن میں طلائی نشانوں والے افسر بھی ہوتے۔ یہ فوجیں

تناور درختوں کی پیچاں شاخوں کی طرف دیکھ رہے ہیں۔ درختوں کے مقابلے میں ان کے پیکر اتنے حقیر اور چھوٹے ہیں کہ کیا کہئے اور سچ یہ ہے کہ اپنے آپ کو چھوٹا محسوس کرلے میں بعض دفعہ بہتری ہوتی ہے۔ اسی لئے چینی لوگوں کے نزدیک پہاڑوں کا ایک عظیم سلسلہ دیکھ کر انسان کے دل کی صفائی ہو جاتی ہے۔ اس کا دل فضول تمناؤں اور غیر ضروری تشویش اور اپنی بڑائی کے فالتو خیالات سے بالکل پاک ہو جاتا ہے۔

آدمی اکثر یہ بھول جایا کرتا ہے کہ وہ کتنا حقیر ہے اور کتنی بے کار مخلوق ہے۔ سو منزل اونچی عمارت کو دیکھ کر انسان کا دل غرور سے بھر جاتا ہے۔ اس ناقابل برداشت گھمنڈ کو دور کرنے کا بہترین طریقہ ہے کہ اس نام نہاد عظیم عمارت کو ایک پہاڑ کے دامن میں تصور کیجئے۔ پھر آپ کو معلوم ہو جائے گا کہ کس چیز کو عظیم کہنا چاہئے اور کسے عظیم نہیں کہنا چاہئے جس طرح تالاب کے مقابلے میں سمندر کی بیکراں وسعت ہی ہمیں پسند آتی ہے۔ اسی طرح اس عمارت کے مقابلے میں پہاڑ کا بلند اور بڑا ہونا ہی ہمیں اچھا لگتا ہے۔ ہوانگ شان کے پہاڑوں اور زرد پہاڑوں میں ایسی ایسی چوٹیاں ہیں جو سرتاپا ایک ایک ہزار فٹ کی تنہا چٹان پر مشتمل ہیں، اور کوئی آدھ آدھ میل پھیلاؤ میں چلی گئی ہیں۔ یہی وہ چوٹیاں ہیں جنھوں نے چینی آرٹسٹوں کے دل میں تخلیق کی امنگ پیدا کی۔ ان چوٹیوں کی سنگین عظمت اور ان کی ظاہری لازوال صورت، اور ان کے سکوت نے چینی تصویروں میں چٹانوں کے لئے اتنی جگہ اتنی محبت، پیدا کی۔ جب تک ہوانگ شان نہ جائیں یہ یقین نہیں آتا کہ دنیا میں اتنی بڑی چٹانیں بھی ہوں گی۔ — سترھویں صدی عیسوی میں چینی مصوروں کا ایک ہوانگ شان سکول بھی ملتا ہے جس نے انھیں سنگین چٹانوں کے سکون و سکوت سے تخلیق کی اپج اور امنگ حاصل کی۔

مگر فطرت کے ان عظیم مظاہر اور وسیع پہنائیوں کے ساتھ انسان اگر تعلق رکھے

کا علاج ہوتا ہے۔

## ۳- دو چینی خواتین

فطرت کے مظاہر سے لطف اٹھانا ایک آرٹ ہے جس کا دارومدار اپنے اندازِ طبیعت اور اپنی شخصیت پر ہے۔ ہر آرٹ کی تکنیک بیان کرنا بہت مشکل ہوتا ہے۔ یہی حال اس آرٹ کا بھی ہے۔ لطف کی ہر چیز برجستہ اور قدرتی طور پر پیدا ہونی چاہیئے۔ چنانچہ اس سلسلے میں بھی دل ہی سے بات اٹھنی چاہیئے۔ اس لئے کسی پیڑ یا پودے کو دیکھ کر حظ اٹھانے کا کوئی لگا بندھا قاعدہ بیان کرنا مشکل ہوگا۔ نہ یہ بتایا جا سکتا ہے کہ ایک منظر سے ایک خاص وقت میں کیسے لطف لیا جائے کیونکہ کوئی سے دو قدرتی مناظر ایک سے نہیں ہوتے —— جو لوگ فطرت کی رمز کو جانتے ہیں وہ بتائے بغیر بھی اس سے حظ اٹھانے پر قادر ہیں —— خلوت میں میاں بیوی کے باہمی اختلاط اور پیار محبت کے بارے میں مشہور ماہرِ جنسیات ہیولاک ایلس اور فان ڈر ویلڈ لکھتے ہیں کہ اس اختلاط میں کن چیزوں کی اجازت ہونی چاہیئے اور کونسی چیزیں ممنوع ہونی چاہئیں۔ یا اس اختلاط میں ذوقِ سلیم کیا ہے اور بدذوقی کو کن چیزوں سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ یہ تمام چیزیں قاعدوں ضابطوں میں نہیں بتائی جا سکتیں۔ پس ان کا فیصلہ اس جوڑے کے صحیح وجدان اور سوجھ بوجھ پر ہے۔ قدرت سے لطف اٹھانے کے بارے میں بھی یہ مثال بالکل صادق آتی ہے۔ شاید اس سلسلے میں سب سے بہتر طریقہ یہ ہے کہ ان لوگوں کی زندگی کے حالات غور سے پڑھے جائیں جو فنونِ لطیفہ کا صحیح ذوق لے کر پیدا ہوئے تھے —— اس افتادِ طبع کا شخص کہیں چھپتا تھوڑا ہی ہے اور جو ادیب قدرت کے مظاہر

آپس میں ٹکراتیں۔ آگے بڑھ کر مارچ کرتیں۔ پھر پسپا ہو جاتیں۔ یہ لڑائی اور یہ تعاقب جاری تھا کہ سٹیج کی روشنیاں ایکا ایکی بدل گئیں۔ سفید وردیوں والے سپاہی اب نارنجی وردیوں میں ملبوس نظر آنے لگے اور خاکی وردیوں والی پلٹنیں سرخ وردی میں آگے بڑھیں۔ پس منظر پر پگھلے ہوئے سرخ سونے کا ایک لامتناہی پردہ آ گیا۔ پھر قدرت کے سٹیج کے کارکنوں نے رفتہ رفتہ سٹیج کی روشنیاں مدھم کرنی شروع کیں تو قرمزی رنگ بڑھ کر نارنجی اور سرخ رنگ پر چھا گیا اور پھر رفتہ رفتہ گہرے ارغوانی اور بھورے رنگوں میں گھلنے لگا۔ آخری پانچ منٹ میں اس رنگ نے ناقابلِ بیان المیے اور مکمل بربادی کا نقشہ پیش کیا اور پھر دھیرے دھیرے سٹیج کی روشنیاں بجھ گئیں۔ یہ زندگی کا سب سے عظیم سب سے شاندار ڈرامہ ہے جو میں نے دیکھا اور اسے دیکھنے کے لئے میں نے ایک پیسہ بھی خرچ نہیں کیا۔

پھر پہاڑوں کا سکوت ہے جو ہر دکھ، دلدر کو دور کر سکتا ہے۔ خاموش چوٹیاں، خاموش ڈھلانیں، خاموش اشجار۔۔۔ ہر چیز کی خاموشی میں وقار اور عظمت ہے۔ ہر اچھا پہاڑ اپنی جگہ ایک سینی ٹوریم ایک صحت گاہ ہے۔ اس کی گود میں ایک بچے کی طرح آرام کرنے میں بڑی راحت اور سکون ملتا ہے۔ میں ویسے روحانی علاج کا قائل نہیں مگر میں پرانے تناور درختوں اور پہاڑی پر فضا مقامات کی روحانی صحت آور تاثیر کا سختی سے قائل ہوں۔ یہاں ٹوٹے ہوئے کندھوں کی ہڈیاں یا خارش زدہ کھال کا علاج نہیں ہوتا بلکہ دنیوی زندگی کی حرص و ہوا اور روح کی بیماریوں مثلاً بے ضرورت چوری کرنے کے خبط، اپنی بڑائی کے خبط، خود غرضی اور خود پسندی کے خبط، روحانی غلامی، روحانی حکمرانی کے خبط، دوسروں کی زندگی کو اپنے ماتحت رکھنے کے جنون، جنگ کے جنون، نفرت، تحقیر، سماجی نمود و نمائش کے جنون، عام بے سمجھی اور کوڑ مغزی اور ہر قسم کی بدتمیزی اور بد اخلاقی

زندہ تھی۔ ہم اسی آخری کتاب "چراغ کی روشنی میں گزری ہوئی زندگی کی چند یادیں" سے کچھ اقتباس لیتے ہیں۔ ان سطور کا روئے سخن ان کی ہیروئن، مصنف کی بیوی چی یوفو کی طرف ہے ۔۔۔ اس کے بعد میں "رواں زندگی کے چھ باب" میں سے ایک اقتباس پیش کروں گا جس کی ہیروئن یُون ہے۔ یہ دونوں خواتین طبع سلیم رکھتی تھیں اگرچہ دونوں کی دونوں زیادہ تعلیم یافتہ یا اتنی اچھی شاعرہ نہ تھیں۔ مگر اس سے کیا فرق پڑتا ہے۔ آخر کسی کو بھی غیر فانی شعر لکھنے پر ادھار نہیں کھا لینا چاہیئے۔ بلکہ یہ سیکھنا چاہیئے کہ کسی اہم لمحے، کسی ذاتی موڈ کو نظم میں کیسے قلم بند کر لینا چاہیئے ۔۔۔ یا یہ کہ نظم کی بدولت مناظر فطرت سے لطف اٹھانے میں کیا مدد مل سکتی ہے۔

تو اب پہلا تذکرہ ملاحظہ ہو:

## ۱۔ چی یُوفو

مجھ سے کئی بار چی یوفو نے کہا "آدمی کی زندگی کُل سو برس کی ہوتی ہے اور اس میں آدھا حصہ نیند اور سپنوں کا ہوتا ہے۔ بیماری اور غم کے اندیشے باقی آدھا حصہ لے جاتے ہیں۔ ادھر آدھا حصہ پوتڑوں کے دنوں میں (شیر خواری) اور پھر سخت بڑھاپے کے دنوں میں نکل جاتا ہے[1]۔ گویا ہمارے پاس ان سو برسوں میں سے صرف پانچواں یا دسواں حصہ بچتا ہے۔ اس کے علاوہ اگرچہ ہمیں بید مجنوں سے بنایا گیا ہے لیکن ہمیں سو برس جینے کی امید بھی نہیں رکھنی چاہیئے۔"

ایک رات خزاں کا چاند پورے جوبن پر تھا۔ چی یوفو نے خادمہ سے کہا کہ رباب لے کر میرے ساتھ چل، مغربی جھیل کے نیلوفر کے پھولوں میں کشتی چلائیں گے ہم

---

[1] یہ چینی حساب کچھ ایسا ہی ہوتا ہے۔ پریشان ہونے کی بات نہیں (حاشیہ از مصنف)

کا صحیح ذوق رکھتا ہے وہ اپنی کہانی کا سلسلہ یا پلاٹ کی ساری کڑیاں چھوڑ کر اکثر برفباری کے کسی خوبصورت منظر یا بہار کی کسی شام کے تذکروں میں، ان کے تفصیلی بیان میں کھو جایا کرتا ہے ـــــ عام طور پر اخبار نویسوں اور سیاسی ہستیوں کے خود نوشت سوانح حیات میں پرانے واقعات کی یادیں تازہ کی جاتی ہیں۔ میرے نزدیک ادبی شخصیتوں کے خود نوشت سوانح حیات میں زیادہ تر کسی خوشگوار رات، کسی دوست کے ساتھ کسی حسین وادی کی سیر کے تذکرے ہونے چاہئیں۔ اس لحاظ سے دیکھا جائے تو مجھے مشہور انگریز ناول نویس، شاعر اور افسانہ نگار کپلنگ اور انشار پرداز چیسٹرٹن کی خود نوشت سوانح سے بڑی مایوسی ہوئی تھی۔ ان لوگوں نے اپنی زندگی کی اہم چیزوں اور واقعات کو غیر اہم کیوں سمجھا اور غیر اہم واقعات کو اہم کیوں گردانا؟ ـــــ ان کتابوں میں ہر جگہ انسان، انسان اور بس انسان کا ذکر ہے اور کہیں پھولوں، پرندوں، پہاڑیوں اور چشموں کا ذکر موجود نہیں۔

چینی ادیبوں کے تذکروں اور ان کے خطوط اس لحاظ سے بڑے مختلف ہوتے ہیں۔ ان کے نزدیک یہ بات اہم ہے کہ اپنے خیال میں دوست کو جھیل کنارے بسر کی ہوئی رات کا تذکرہ لکھا جائے اور خود نوشت سوانح میں یہ لکھنا تو بے حد لازمی ہے کہ خوشی کا کوئی دن کیسے اور کس طرح گزرا۔ کچھ چینی ادیبوں نے تو خاص طور پر اپنی شادی کی متاہل زندگی کے بارے میں بھی تفصیل سے لکھا ہے۔ ان میں ماؤ پچیانگ کی کتاب "میری محبوبہ کی یادیں اور سوانح" شین شان پو کی کتاب "روداں زندگی کے چھ ابواب" چیانگ مان کی کتاب "چراغ کی روشنی میں گزری ہوئی زندگی کی چند یادیں" اس قسم کی بہترین کتابیں ہیں ـــــ پہلی دو کتابیں شوہروں نے اپنی بیویوں کے انتقال کے بعد لکھیں اور آخری کتاب مصنف نے اپنے بڑھاپے میں لکھی۔ جب ابھی اس کی بیوی

ان پتوں پر یہ سی بوندوں کا شورش کر دل بے طرح بے کل ہو جاتا تھا۔ اس لئے میں نے مذاق مذاق میں ایک دن ایک پتّے پر لکھا:

یہ پودا بویا کس نے؟
صبح کو مچائے شور
شام کو بھی غوغا ہو!

اگلے دن میں نے دیکھا کہ اسی پتّے پر تین اور مصرعے لکھے ہیں جو یہ تھے:

تم ہو تنہا جو بے کلی میں
کیلوں کے لئے یہ بیقراری؟
کیلوں کے لئے یہ شرمساری؟

مصرعوں کے حروف نازک تھے اور ان سے چی یو فو کی شوخ طرز صاف نمایاں تھی لیکن اس شوخی سے بھی مجھے کچھ نہ کچھ حاصل ہو گیا۔

ایک رات ایسی آئی کہ ہم نے باہر ہواؤں اور بارش کا شور سنا اور تکیوں اور بستر کی ٹھنڈک سے محسوس ہوا کہ یہ خزاں کی خنکی ہے۔ چی یو فو رات کے لئے لباس تبدیل کر رہی تھی۔ میں پاس بیٹھا تھا اور ایک البم کو دیکھ چکا تھا جس میں سو پھول تھے۔ ان پھولوں کے لئے میں عنوانات تجویز کر رہا تھا۔ میں نے کھڑکی سے کئی زرد پتوں کو زمین پر گرتے سنا اور اس پر چی یو فو نے یہ مصرعے گا کر سنائے:

کل کا دن آج سے بہتر ہی گزارا میں نے ——
میں بھی ہوں سالِ گزشتہ سے معمّر اِس سال!

میں نے ان غمگین مصرعوں پر اس کے دل کی تشفّی کی۔ میں نے کہا "کوئی شخص سو برس زندہ نہیں رہتا۔ ہمیں دوسروں کے آنسو پونچھنے (خزاں زدہ پتوں کا گرنا) کا وقت مل ہی کیسے

اس وقت مغربی دریا سے گھر واپس آ رہا تھا میں گھر پہنچا تو چی یُو فُو کشتی کی سیر کو جا چکی تھی۔ میں نے کچھ خربوزے خریدے اور اس کے پیچھے گیا۔ ہماری ملاقات ستونگ پو کے کنارے، دوسرے پل پر ہوئی۔ چی یُو فُو "محل میں خزاں کی آمد" کا غمگین نغمہ ساز پر بجا رہی تھی۔ میں نے پنجہ سمیٹ لیا اور نغمہ سننے ٹھہر گیا۔ اُس وقت گرد و پیش پہاڑیاں شام کی دھند میں لپٹی ہوئی تھیں اور چاند تاروں کے ہلکے عکس پانی میں نظر آ رہے تھے۔ کئی نغمہ طراز صدائیں میرے کانوں میں آ رہی تھیں۔ میں امتیاز نہیں کر سکتا کہ یہ ہوا کے جھونکوں کا نغمہ ہے یا سیپ کے ظروف کی جھنکار ہے۔ چی یُو فُو کا نغمہ ختم ہونے سے پہلے کشتی گھومتے پانیوں کے باغ کے کنارے آ لگی۔ ہم نے کشتی سے اُتر کر ابرِ سفید کی خانقاہ کا دروازہ کھٹکھٹایا کیونکہ وہاں کچھ راہبہ خواتین کو ہم جانتے تھے۔ اِن راہبہ خواتین نے جلد تیار کر کے ہمیں تازہ زرِ نیلوفر کھلائے جو یخنی میں پکے ہوئے تھے۔ ان کا رنگ اور ان کی خوشبو آنتوں کو سکون دینے کے کافی تھی اور ان کا مزہ دنیا بھر کے گوشت اور روغنی سالنوں سے بالکل مختلف اور بالا تھا۔ واپسی پر ہم تو ان کے پل پر کشتی سے اُترے۔ یہاں کنارے پر ہم نے بانس کی چٹائی بچھائی اور بڑی دیر تک بیٹھے باتیں کرتے رہے ـــــ شہر کا دور سے آتا ہوا ہلکا شور کانوں کو پریشان کرتا تھا، جیسے مکھیاں بھنبھنا رہی ہوں ! . . . .

پھر رفتہ رفتہ آسمان پر تارے ماند ہوتے گئے اور جھیل پر گہری سفید دھند چھا گئی۔ شہر کی فصیل سے نوبت بجی اور ہمیں معلوم ہوا کہ چوتھا پہر (صبح کے تین بجے کے لگ بھگ) شروع ہو گیا۔ ہم نے ساز اٹھایا اور کشتی کھیتے ہوئے گھر لوٹ آئے۔

چی یُو فُو نے کیلے کا جو درخت بویا تھا اس کے پتے خوب بڑے ہو چکے ہیں اور ان کا سبز سایہ جھیلی پر پڑتا ہے۔ خزاں میں تکیے کے سہارے لیٹے ہوئے

چی یو فو کو شطرنج کھیلنے کا بڑا شوق ہے، مگر اچھا کھیل اُسے نہیں آتا۔ ہر رات وہ مجھے شطرنج (یعنی انگلیوں کا کلم) اپنے ساتھ کھیلنے پر مجبور کرتی تھی اور کبھی کبھی تو یہ کھیل صبح تک جاری رہتا تھا۔ ایک دن میں نے چو، پو، چیا کا یہ مصرع دہرایا: "بازیاں ہار دیں ہم نے دونوں!" اور کہا "بولو، آج کی رات ہار کا کیا معاوضہ دو گی؟" چی یو فو نے میرے سوال سے پہلو بچاتے ہوئے کہا "تمھیں اتنا یقین کیوں ہے کہ میں جیت نہیں سکتی؟ اچھا عقیق کا یہ شیر میں شرط بدتی ہوں!" چنانچہ ہم نے کھیلنا شروع کر دیا۔ بیس یا تیس چالوں کے بعد اس کی بازی مات ہونے لگی تو اس نے بلی سے شطرنج کا تختہ اُلٹوا دیا۔ میں نے کہا "تم اپنے آپ کو یانگ کیوا ای فی سمجھ رہی ہوگی۔ جس نے شہنشاہ تانگ منگ ہوانگ کے ساتھ یہی چال چلی تھی؟" چی یو فو چپ رہی لیکن چاندی کے شمعدان کی روشنی اُس کے پھول سے چہرے پر پڑ رہی تھی۔ اس کے بعد شطرنج کھیلنے کی کسے سوجھتی۔

ہو پاؤ کے چشمے کے پاس نیچ کے کئی پیڑ ہیں۔ جو چٹانوں پر پھیلے ۔۔۔ ہوئے ہیں۔ بہار کے دنوں میں ان زرد زرد پھول چشمے کی سنگین سیڑھیوں پر چھا جاتے ہیں اور ان کی خوشبو سے معلوم ہوتا ہے جیسے آسمانی خوشبوؤں کی وادی میں آ گئے ہیں۔ مجھے یہ پھول بڑے پسند ہیں اور کئی دفعہ میں نے انھیں پھولوں کے نیچے چائے بنائی ہے۔ اُس وقت چی یو فو یہ پھول توڑ توڑ کر اپنے بالوں میں گوندھتی تھی مگر بعض دفعہ پھولوں کی شاخوں میں اُس کے بال اُلجھ جاتے تھے یا ان شاخوں سے اُلجھ کر بکھر جایا کرتے اور میں اُنھیں چشمے کے پانی کی نمی سے سنوارا کرتا تھا۔ واپسی پر ہم کچھ شاخیں اپنے ساتھ گاڑی میں رکھ لاتے تھے تاکہ جب ہم بازاروں میں سے گزریں تو لوگوں کو نئی خزاں کے بارے میں تازہ ترین خبریں معلوم ہو جائیں۔

سکتا ہے ؟"۔۔۔ اور میں نے ایک آہ بھر کر مو قلم اپنے ہاتھ سے رکھ دیا۔ پھر رات زیادہ آگئی اور چی یو فو کچھ پینا چاہتی تھی۔ میں نے دیکھا کہ انگیٹھی میں آگ سرد پڑ چکی ہے اور ساری خادمائیں نیند کی وادی میں کھو چکی ہیں۔ میں نے لیمپ کو میز پر رکھا اور اس پر چائے کی چھوٹی کیتلی چڑھا دی اور اس میں کنول کے بیجوں کا عرق گرم کیا۔ اصل میں چی یو فو کو کوئی دس برس سے پھیپھڑوں کی تکلیف ہے۔ خزاں میں اسے کھانسی آتی ہے۔ اس موسم میں وہ بہت بڑے تکیے کے سہارے سو سکتی ہے۔ اس سال اس کی صحت کچھ بہتر ہے اور ہم اکثر آمنے سامنے کافی رات گئے تک بیٹھے رہتے ہیں۔ شاید اس کی صحت کی بہتری احتیاط اور اچھی غذا کی بدولت ہے۔

میں نے چی یو فو کے لئے ایک لباس تیار کیا جس پر شفتالو کے پھول بنے تھے اور سارے بدن پر معطر برف کا سا سماں تھا۔ دور سے وہ شگوفوں کی پری نظر آتی تھی جو اس فانی دنیا میں اکیلی ہو اور بہار کے آخری دنوں تو یہ بھی ہوا کہ ایک دن وہ بالکنی میں کھڑی تھی اور اس کی بانہیں بالکنی کے جنگلے پر ٹکی تھیں۔ یہ بانہیں سبز کپڑے میں لپٹی ہوئی تھیں۔ اس وقت تتلیاں اسے پھول سمجھ کر اس کے گرد منڈلا رہی تھیں۔

پچھلے برس (گرما کی تقیب) ابابیلیں دیر سے واپس آئیں۔ ان کے آنے تک شگوفے کھل بھی چکے تھے۔ ایک دن اتفاق سے ان کے گھونسلے کی مٹی گری اور ساتھ ہی ایک بچہ بھی زمین پر آپڑا۔ چی یو فو کو خیال ہوا کہ کہیں کوئی بلی اس بچارے کو ہڑپ نہ کر جائے۔ اس نے اسے احتیاط سے اٹھا لیا اور اس کے لئے بانس کے تنکوں کا الگ گھونسلا تیار کیا۔ اب کے سال وہی ننھی ابابیل بڑی ہو کر ہمارے یہاں گرما کی آمد کے ساتھ آگئی ہے اور گھر بھر میں منڈلاتی اور چہچہاتی پھرتی ہے۔ کیا اسے اپنی جان بچانے والی یاد ہے ؟

عنبر ولوبان کے بخورات، کچھ شمعیں، کچھ پھل وغیرہ مہیا کئے تاکہ ہم آسمانی پوتے کی پرستش کے لئے جائیں۔ میں نے دو مہریں کندہ کر کے ایک اپنے پاس رکھی اور ایک یُون کو دی۔ مہروں پر یہ عبارت تھی : "ہم دونوں جنم جنم ایک دوسرے کے جیون ساتھی رہیں!" یہ مہریں ہم نے اس لئے پاس رکھی تھیں کہ خط و کتابت کے موقع پر کام آئیں۔ اس رات چاند پر بڑا جوبن تھا اور جب میں نے خلیج کو دیکھا تو نرم رو لہریں چاندنی میں سطح آب پر سنہری زنجیریں بناتی جا رہی تھیں۔ ہم دونوں نے ہلکے ریشم کا لباس پہن رکھا تھا اور ایک کھڑکی کے پاس بیٹھے تھے جہاں سے خلیج صاف نظر آتی تھی۔ آسمان کی طرف دیکھا تو ہلکے بادل آسمان پر منڈلا رہے تھے اور ہر آن نئی صورت، نئی ہیئت بدلتے تھے۔ یکایک یُون نے کہا "یہ چاند ساری دنیا کے لئے چمک رہا ہے۔ خدا جانے ہماری طرح اس وقت کوئی دو محبت بھرے دل دنیا میں کہیں اور بھی چاند کو تک رہے ہیں یا نہیں؟" ——— اور میں بولا "اس ٹھنک شام کا لطف تو بہت لوگ اٹھا رہے ہوں گے اور چاند کو بھی دیکھ رہے ہوں گے۔ بہت سی عورتیں بھی ہوں گی جو اپنے کمرے میں بیٹھی ان ہلکے بادلوں کا منظر دیکھ رہی ہوں گی یا ان میں سو سو عیب ڈال رہی ہوں گی ——— لیکن جب کوئی شوہر اور بیوی ایک ساتھ چاند کو دیکھ رہے ہوں تو میرے خیال میں گفتگو کا موضوع بادل نہیں ہو سکتے!"

آہستہ آہستہ ساری شمعیں بجھ گئیں اور چاند بھی ڈوب گیا۔ ہم نے پھل سنبھال کر رکھ دئے اور سو گئے۔

چاند کی پندرھویں کو "روحوں کا دن" تھا۔ یُون نے تھوڑا سا کھانا تیار کر لیا تاکہ اس کے بعد ہم چاند کی ہمرکابی میں پی سکیں اور پیتے رہیں مگر جب

## ب۔ یُون

"رواں زندگی کے بارے میں چھ باب" اصل میں ایک گمنام سے چینی مصوّر کی آپ بیتی ہے جس میں اُس نے اپنی متاہل زندگی اور اپنی محبوب بیوی یوَن کے بارے میں لکھا ہے۔ میاں بی بی دونوں سادہ مزاج مگر لطیف طبع لوگ تھے۔ جو زندگی کی ہر اُس خوشی کو جو اُنھیں حاصل ہو سکے۔ حاصل کرنے کی کوشش کرتے تھے۔ یہ آپ بیتی نہایت ہی سادہ اور صاف انداز میں لکھی ہوئی ہے اور اسے پڑھنے کے بعد مجھے ہمیشہ یہ محسوس ہوا ہے کہ کتاب کی ہیروئن یوَن چینی ادب کی سب سے خوبصورت عورت ہے۔ یُون اور اس کے میاں کی زندگی آلام سے بھرپور تھی۔ مگر یہی زندگی ایک عجیب طریقے سے نہایت خوشگوار اور پُرمسرت بھی تھی۔ کیونکہ اس میں وہ مسرّت، وہ سچّی خوشی حصّہ گیر تھی جو روح کی گہرائیوں سے پیدا ہوتی ہے۔ اُن کی زندگی کے روحانی مشاہدات اور تجربات میں فطرت کے مناظر اور نیرنگیوں سے لطف اٹھانے کا بہت بڑا حصّہ ہے۔ میں ذیل میں دو اقتباسات درج کرتا ہوں۔ ایک میں ساتویں مہینے کی ساتویں کے چاند اور ساتویں مہینے کی پندرھویں کے چاند کے جشنوں کا ذکر ہے۔ دوسرے اقتباس میں مصنّف نے بتایا ہے کہ دونوں میاں بی بی نے سوچو کے شہر میں گرمیاں کس طرح گزاریں۔

لیجیے پہلے ساتویں مہینے کی ساتویں کے چاند کا جشن ملاحظہ ہو:

اس سال (۱۸۰۷ء) ساتویں مہینے کی ساتویں رات[1] کو یُون نے کچھ

---

[1] ساتویں مہینے کی "تو یی" تاریخ کے بارے میں یہ روایت ہے کہ سال بھر میں صرف اُسی دن آسمان کے مشہور عاشق و معشوق یعنی (آسمان کے پوتے) اور دوشیزہ کو کہکشاں کے پار ایک دوسرے سے ملنے کی اجازت دی جاتی ہے۔ (مصنّف)

سے خوشبو ادھار بھی لے لیا کرتی ہے۔ اس لئے چنبیلی کی خوشبو تو کسی مسکراتے ہونے خوشامدی کی طرح ہے۔" میں نے پوچھا "تو پھر تم نے ترنج کی اعلیٰ و ارفع خوشبو کو چھوڑ کر ایک عام خوشبو کیوں لگا رکھی ہے؟" یوآن نے جواب دیا "ایک عامیانہ سطح کی چیز اعلیٰ چیز کے ساتھ دیکھ کر کچھ لطف سا آتا ہے (اعلیٰ چیز سے مراد اُس کی اپنی ذات تھی)

ہم اس طرح فقرہ بازی کرتے رہے اور آدھی رات آ گئی۔ پھر ہوا چلنے لگی اور اُس نے آسمان سے سارے بادل بھگا دئے۔ پورا چاند جو رتھ کے پہیے کی طرح گول تھا نکل آیا۔ ہم دونوں کے دل بلّیوں اچھلنے لگے اور ہم نے اسی دریچے کے پاس بیٹھے بیٹھے شراب پینی شروع کر دی۔ ابھی تین تین جام بھی ختم نہ کئے تھے کہ خلیج کے پل کے پاس سے شڑاپ کی آواز آئی جیسے کوئی پانی میں گر گیا ہو۔ دریچے سے جھانک کر دیکھا تو کچھ بھی نہ تھا۔ پانی کی سطح آئینے کی طرح صاف اور ساکت تھی۔ اور ہم نے محض ایک مرغابی کی آواز سنی تھی جو کنارے کی دلدل اور پانی میں پھڑپھڑاتی پھر رہی تھی۔ مجھے معلوم تھا کہ سانگ لانگ کے ایوان کے پاس ایک بار کوئی شخص ڈوب گیا تھا اور اب اس کی روح وہاں پھرا کرتی ہے لیکن یوآن بڑے کمزور دل کی واقع ہوئی ہے۔ اس لئے میں زبان سے کچھ نہ بولا۔ یوآن نے یکایک ایک ہلکی سی آہ بھری اور پوچھا "ہائے افسوس! یہ آواز کہاں سے آتی ہے؟" اور ہم دونوں کانپ گئے — ہم نے جلدی سے دریچے کے پٹ بند کر دیے اور شراب کی صراحی اٹھا کر کمرے میں لے آئے۔ اس وقت لیمپ کی روشنی بہت ہلکی سی تھی۔ نیم تاریکی میں پردے سرسرا رہے تھے اور ہم دونوں لرز رہے تھے۔ ہم نے روشنی بجھا دی اور مسہری کے پردے ہٹا کر مسہری پر لیٹ

رات ہوئی تو آسمان پر گھرے بادل چھا گئے۔ ٹیوین اداس ہوگئی اور بولی "اگر قدرت کو یہ منظور ہے کہ ہم دونوں بال سفید ہونے تک ایک دوسرے کے ساتھ رہیں تو آج رات چاند ضرور نکلنا چاہیے ـــــ" میرا دل بھی بھاری تھا۔ کھڑکی میں سے خلیج پر نظر ڈالی تو جگنوؤں کی ہزاروں روشنیاں ادھر اُدھر جلتی بجھتی نظر آئیں جو بید مجنوں اور سرکنڈوں کے درمیان چھپتی تھیں، اور پھر ظاہر ہو جاتی تھیں اور ہم نے مل کر ایک نظم لکھنی شروع کر دی، ہر ایک ایک وقت میں دو دو مصرعے کہتا تھا۔ ان مصرعوں کی صورت یہ تھی کہ پہلا مصرعہ کہہ کر تو دوسرے شخص کے دئیے ہوئے مصرعے پر شعر پورا کرنا پڑتا تھا اور دوسرا مصرعہ نئے شعر کا آغاز کرتا تھا جس پر دوسرا شخص گرہ لگا کر شعر پورا کرتا تھا۔ بس چند قافیے باندھے ہوں گے کہ شعر بے معنی ہوتے چلے گئے حتیٰ کہ ساری نظم چوں چوں کا مربّا ہو کر رہ گئی۔ ٹیوین کا مارے ہنسی کے بُرا حال تھا۔ آنکھوں سے بے تحاشا پانی بہ رہا تھا اور وہ میرے سینے پر سر رکھ کر ہنسی سے لوٹ پوٹ ہوئی جاتی تھی۔ مجھے اس کے بالوں سے آتی ہوئی چنبیلی کی متوالی خوشبو نے مدہوش کر دیا۔ میں نے اُس کا شانہ تھپتھپایا اور مذاق سے بولا " میرا خیال تھا چنبیلی کے پھول عورت کے بالوں کا حُسن بڑھانے کے لیے لگائے جاتے ہیں کیونکہ یہ پھول موتی کی طرح گول ہوتا ہے مجھے یہ معلوم نہ تھا کہ اس کی خوشبو عورت کے بالوں کی مہک اور اس کے غازے کی خوشبو کے ساتھ مل کر اتنی متوالی بن جاتی ہے کہ ترنج کی خوشبو بھی اس کے سامنے ہیچ ہے۔"

ٹیوین ہنستے ہنستے یکایک سنجیدہ ہو گئی اور بولی " ترنج، خوشبودار جھاڑیوں میں سب سے اعلےٰ درجے پر ہے کیونکہ اس کی باس اتنی لطیف اور نازک ہوتی ہے کہ مشکل سے محسوس ہوتی ہے۔ رہی چنبیلی تو وہ عام چیز ہے کیونکہ یہ دوسروں

بوڑھی کسان عورت رہا کرتی تھی۔ اس کی جھونپڑی کے چاروں طرف کھیت ہی کھیت تھے جن میں سبزیاں بوئی جاتی تھیں۔ جھونپڑی کا پھاٹک بید کی شاخوں کا تھا اور اس پھاٹک کے پاس کوئی تیس گز لمبا ایک تالاب تھا جس کے چاروں طرف درختوں کا ایک جنگل سا تھا۔ جھونپڑی کے مغرب میں چند قدم پر ٹوٹی ہوئی اینٹوں کا ایک ٹیلا تھا جس پر چڑھ کر دیکھنے سے آس پاس کا سارا علاقہ نظر آسکتا تھا۔ یہ علاقہ ہموار تھا اور بیچ بیچ میں کہیں خود رو پیڑ، گھانس پھونس اور بوٹیوں سے پٹے ہوئے رتبے بھی تھے۔ اس بڑھیا نے اپنے جھونپڑے کا ذکر ایک دفعہ ٹیون سے کیا تھا۔ اور ٹیون کو رہ رہ کر یہی جھونپڑا یاد آتا تھا۔ چنانچہ اس نئے مکان میں منتقل ہونے کے اگلے دن میں اس جھونپڑے کو دیکھنے گیا۔ میں نے دیکھا تو اس میں صرف دو کمرے تھے جن میں پردے لگا کر چار کمرے بنائے جاسکتے تھے۔ ان کمروں میں اگر موٹے گتے کے دریچے کھولے جائیں اور بانسوں کی چارپائیاں ہوں تو گرمیوں میں رہنے کے لئے یہ بڑی ٹھنڈی جگہ بن سکتی تھی!.....

یہاں ہمارے واحد ہمسائے ایک بڈھا بڑھیا تھے جو بیچنے کے لئے سبزیاں ترکاریاں اگاتے تھے۔ انھیں پتا چلا کہ ہم یہاں رہنے کے لئے آئے ہیں تو وہ ہم سے ملنے آئے اور بطور تحفہ تالاب کی مچھلی اور اپنے کھیتوں کی تازہ سبزیاں بھی لائے۔ ہم نے انھیں قیمت دینا چاہی تو انھوں نے لینے سے انکار کیا۔ چنانچہ ٹیون نے اُن کے لئے جوتوں کا ایک جوڑا تیار کیا جو بڑی مشکل سے انھوں نے قبول کیا — یہ جولائی کا ذکر ہے جب درختوں کے سبز سائے اس جھونپڑی کو آغوش لئے ہوئے تھے — گرما کی ہوائیں تالاب کے اوپر سے ہو کر آتی تھیں اور نغمہ ریز پرندے دن بھر درختوں پر چہچہاتے تھے۔ ہوائیں ان

گئے۔ یُون کو تیز بخار ہو چکا تھا۔ بہت جلد مجھے بھی تپ آ گئی اور ہم دونوں کئی بیس دن بیمار رہے ــــ سچ ہے جب خوشی کا جام لبالب بھر جائے تو مصیبت آتی ہے ــــ گویا یہ بھی ایک فالِ بد تھی کہ ہم دونوں بڑھاپے تک ایک دوسرے کے ساتھ نہیں رہ سکیں گے۔"

---

یہ کتاب ایسی ہی نازک، اور حسین عبارتوں سے بھرپور ہے اور ہر جگہ فطرت کے مظاہر کی محبت اس میں سے چھلکی پڑتی ہے۔ مگر گرمیاں گزارنے کے اس اقتباس پر اکتفا کرنی پڑے گی۔ ملاحظہ ہو:

"ہم نے سانگ می کے کوچے میں مکان لیا اور اس میں منتقل ہو گئے۔ ہم نے اپنی اپنی خواب گاہ کا نام "مہمانوں کی خوشبو کا ایوان" رکھا۔ اس میں یُون کے نام کی رعایت مضمر تھی (چینی زبان میں یُون ایک خوشبودار بوٹی کو کہتے ہیں) اور لیانگ ہونگ ــــ اور مِنگ کوانگ کی کہانی کی طرف بھی اشارہ تھا۔ جو شوہر اور بیوی ہونے کی حیثیت میں بھی ایک دوسرے کے ساتھ ایسے ادب و قاعدے سے پیش آتے تھے جس طرح مہمانوں کی مدارات مقصود ہوتی ہے ــــ ہمیں یہ گھر کچھ ایسا پسند نہیں تھا۔ اس کی دیواریں بہت اونچی تھیں اور صحن بہت تنگ تھا۔ پشت پر ایک اور مکان تھا جس سے لائبریری کو راستہ جاتا تھا۔ پشت پر ایک کھڑکی تھی جس سے دیکھیں تو لو صاحب کا اجڑا باغ نظر آتا تھا۔ اسی لئے یُون کے خیالات ابھی تک سانگ لانگ کے ایوان کے خوبصورت مناظر پر ہی مرکوز تھے۔

ان دنوں کینگ ششیا تنگ کے شمال میں سنہرے پل کے پاس ایک

انہیں پھولوں کے تختوں میں بیٹھ کر کھایا اور سارا دن وہیں گزارا۔ یُون کو یہ جگہ اتنی پسند آئی کہ اُس نے کہا "ہم بھی ضرور ایسی ہی ایک کٹیا یہاں بنائیں گے۔ بس دس مرلے زمین کافی ہوگی۔ کٹیا کے اردگرد ہم سبزیاں بوئیں گے اور خربوزے بھی — تم تصویریں بنانا اور میں کشیدہ کاری کروں گی۔ بس اِن دونوں چیزوں سے ہیں شراب خریدنے کے لئے کافی رقم مل جائے گی اور کھانا پینا تو گھر کا ہوگا۔ اِس طرح موٹے جھوٹے سادہ کپڑوں میں، سادہ غذا پر ہم خوشی خوشی عمر گزار دیں گے اور کہیں آنے جانے کی ضرورت نہ ہوگی" — میں اُس سے پوری طرح متفق تھا۔

یہ جھونپڑا اب بھی وہیں ہے۔ مگر وہ جو میرے دل کی گہرائیوں سے واقف تھی اب اِس دنیا میں نہیں — آہ! زندگی شاید اِسی کا نام ہے۔"

## ۱۔ چٹانیں اور درخت

سمجھ میں نہیں آتا کہ ہم کر کیا رہے ہیں۔ ہم قطار در قطار مربع نما مکان بناتے اور نہایت سیدھی سڑکیں بناتے ہیں۔ اب کہیں ٹیڑھے ترچھے بازار نظر نہیں آتے نے مکان نظر نہیں آتے، باغوں میں کنوئیں دکھائی نہیں دیتے اور شہروں میں جو باغ ہیں بھی وہ باغ تو کیا، باغ کا منہ چڑانے کے برابر ہیں۔ ہم نے فطرت کو اپنی گی سے بالکل اور بڑی کامیابی سے جلا وطن کر دیا ہے۔ مکانوں کا یہ حال ہے کہ یں عجیب شکل اور ہیئت کی ہوتی ہیں کیونکہ چھتوں سے صرف سر چھپانے کا کام جاتا ہے۔ یوں بھی چھتوں کی باری آتے آتے ٹھیکے دار بھی تنگ آچکا ہوتا ہے

نغموں سے گونجتی تھیں۔ ہمیں ہمارے بوڑھے ہمسائے نے مچھلی پکڑنے کیلئے کانٹا اور ڈوری بنا کر دی اور ہم دن دن بھر درختوں کے سائے تلے تالاب میں اس بنسی ڈور سے مچھلیاں پکڑا کرتے تھے —— دن ڈھلتا تو ہم دونوں مغربی ٹیلے پر چڑھتے اور غروب آفتاب کا منظر دیکھتے اور جب طبیعت موزوں ہوتی تو شعر کہتے —— ایک شعر ابھی تک ذہن میں ہے :

سورج کو نگل لیتے ہیں بادل کے درندے

اودھ کی کماں تاروں پہ ہے تیر چلاتی !

تھوڑی دیر بعد چاند کا عکس تالاب کے پانی میں نظر آنے لگتا۔ ہر طرف جھینگر اور دوسرے کیڑے مکوڑے شور مچاتے اور ہم باڑ کے پاس چارپائی بچھا کر بیٹھ جاتے یا لیٹ جاتے۔ پھر بڑھیا آ کر کہا کرتی تھی کہ شراب پینے کے لئے گرم کر دی گئی ہے اور کھانا تیار ہے۔ اور پھر ہم چاند کی روشنی میں بیٹھ کر تھوڑی سی شراب پیتے ، نہا دھو کر ہم اپنے اپنے سلیپر پہنتے اور پنکھیا ہاتھ میں لے کر اسی چارپائی پر بیٹھ جاتے یا لیٹ جاتے اور ہمارا بوڑھا ہمسایہ ہمیں انتقام اور سزا و جزا کی پرانی داستانیں سناتا رہتا —— آدھی رات کے لگ بھگ ہم سونے کے لئے اٹھ کر اندر آ جاتے۔ ہمارے جسم خنک اور ہلکے پھلکے محسوس ہوتے اور یہ محسوس ہی نہ ہوتا کہ ہم شہر میں رہتے ہیں۔

ایک دن ہم نے اپنے بوڑھے ہمسائے سے کہا کہ باڑ کے ساتھ ساتھ گل داؤدی لگا دیئے۔ یہ پھول سال کے نویں مہینے میں کھلتے ہیں اور انہیں کیلئے ہم نے دس دن تک اس جھونپڑے میں مزید قیام کیا۔ یہیں میری والدہ بھی مجھ سے ملنے آئیں اور اس فضا سے بہت خوش ہوئیں۔ ہم نے دن کا کھانا بھی

"تربیت یافتہ" بنائے۔ درختوں کے ان جوڑوں میں اگر ایک درخت ذرا سا اونچا ہو جائے تو ہمارے ہاتھ کھجانے لگتے ہیں کہ اس کی اونچی پھننگیں کاٹ پھینکیں تاکہ ہمارے تناسب کے احساس، ہمارے اختیار اور ہماری شان کو ٹھیس نہ پہنچے، اسے بٹا نہ لگ جائے۔

دوسرے لفظوں میں اب جو بڑا مسئلہ درپیش ہے وہ یہ ہے کہ فطرت کو اس مصنوعی فضا سے آزاد کرایا جائے اور اسے اس کے صحیح مقام پر واپس لایا جائے۔

یہ مسئلہ کافی دردِ سری کی بات ہے۔ کیونکہ اگر شہر کے ایک فلیٹ میں رہنا ہو اور طبع شاعرانہ پائی ہو تو پھر کیا کیا جائے؟ — اور پھر اس امارت کا کیا ہوگا کہ جائدادیں کرائے پر چڑھی ہیں مگر دیکھنے کو ایک کنواں، ہرے بانسوں کا ایک جھنڈ یا سبز گھاس کا تختہ نہیں — اصل یہ ہے کہ یہ سارا نظام سرے سے اتنا غلط ہے کہ اس کا کوئی مداوا نہیں — اس کی بدولت ہمیں دیکھنے اور عیش کرنے کو دن میں فلک بوس عمارتیں ملتی ہیں اور رات کو ایک قطار میں روشن کھڑکیاں نظر آتی ہیں — اور رہ ہی کیا گیا ہے؟ ان فلک بوس عمارتوں کو، راتوں کو قطار اندر قطار جگمگاتے ہوئے ان دریچوں کو دیکھ کر انسان غرور سے پھولتا ہے۔ اپنی تہذیب کی طاقت اور اختیار پر نازاں ہوتا ہے اور یہ بھول جاتا ہے کہ وہ کتنا حقیر اور کس قدر بے حقیقت ہے — اسی لئے تو میں اس مسئلے کو ناقابلِ حل سمجھتا ہوں۔

لہٰذا بحث کا آغاز اس بات سے ہوتا ہے کہ ہر شخص کے پاس کافی زمین ہونی چاہئے۔ حیلوں اور اسباب کو چھوڑیئے۔ جو تہذیب انسان کو زمین سے محروم کرتی ہے وہ سراسر غلط ہے۔ فرض کر لیجئے کہ آئندہ کسی تہذیب کے ماتحت ہر شخص کے پاس ایک ایکڑ زمین ہوگی۔ دوسرے لفظوں میں اس ایک ایکڑ زمین کی بدولت اس کے پاس اپنے درخت ہوں گے، اپنے پتھر اور چٹانیں ہوں گی۔ وہ ایسی زمین چننے لگا جہاں پہلے

اور وہ اپنا کام جلد از جلد ختم کرنا چاہتا ہے۔ آج کل کے مکانات کھیل سے اکتائے ہوئے بدمزاج بچے کے بنائے ہوئے لکڑی کے ڈربے معلوم ہوتے ہیں۔ مکمل ہونے سے پیشتر ہی جن سے بنانے والے کی طبیعت بھر چکی ہے۔ موجودہ دور کے مہذب انسان کو روح فطرت تیاگ چکی ہے اور مجھے ایسا معلوم ہوتا ہے کہ اب انسان نے درختوں کو بھی مہذّب بنانے کی کوششیں شروع کر دی ہیں۔ اگر ہمیں کبھی یہ یاد آجائے کہ سڑکوں پر درخت لگانے چاہئیں تو ہم انھیں نہایت سیدھی قطاریں لگاتے ہیں۔ ان پر نمبر لگاتے ہیں، ان پر دوائیں چھڑک چھڑک کر "جراثیم" مارتے رہتے ہیں۔ انھیں کانٹ چھانٹ کر ایسی شکلیں اختیار کرنے پر مجبور کرتے ہیں جو ہم انسانوں کے نزدیک دلکش اور حسین ہوتی ہیں۔

ویسے ہم پھول بھی لگاتے ہیں مگر اس طرح کہ گھاس کے ایک قطعے میں پھولوں کا تختہ یا تو گول دائرے کی شکل کا ہوگا، ایک ستارا بنا ہوگا، یا کسی حرفِ تہجّی کی شکل کا ہوگا۔ اور جب ہمارے لگائے ہوئے پھولوں کے پودے سیدھی قطاریں نہ اُگیں تو ہمیں بڑا صدمہ ہوتا ہے بالکل ویسا ہی صدمہ جو ملٹری اکیڈمی کے کسی زیرِ تربیت نوجوان افسر کو قدم ملا کر نہ چلتا دیکھ کر ہمیں محسوس ہو سکتا ہے۔ اور ہم ان بے راہرو پودوں کو قینچیوں سے کاٹتے پھرتے ہیں۔ میں نے پیرس کے پرانے دارالحکومت ورسائی میں یہ غضب بھی ہوتے دیکھا ہے کہ ایک گول دائرے کے گرد اگرد یا ایک مستطیل کے چاروں ضلعوں پر مخروطی وضع کے کاٹے ہوئے درختوں کا جوڑا جوڑا لگایا جاتا ہے تاکہ تناسب قائم رہے اور دیکھ کر کوئی نئی دستہ یاد آجائے گویا وردی پوش سپاہیوں کو "منظم" کرنے اور "تربیت یافتہ" بنانے کے بعد انسان کی شان اسی میں ہے کہ وہ درختوں کو بھی "منظم" کرے، انھیں بھی سپاہیوں کی طرح

ہیں۔ چٹانیں ہمیشہ کہنہ وقدیم ہوتی ہیں اور چینیوں کو ہر قدیم اور کہن سال چیز سے بڑی محبت ہے۔ سب سے بڑی بات یہ ہے کہ آرٹسٹک نقطۂ نظر سے چٹانوں میں عظمت اور شوکت ہے۔ ان میں ایک مخصوص کرختگی اور سنگلاخی ہے، ندرت اور یکتائی کی شان ہے۔ چینیوں کے نزدیک چٹانوں میں "وائی" کا جذبہ، جس کے لفظی معنی تو پُر خطر ہیں مگر یہ لفظ ایسا ہے کہ اس کا ترجمہ ممکن نہیں۔ ذرا ایک اونچی چٹان کا خیال کیجیے جو عام سطح زمین سے ایک دم تین سو فٹ اونچی کھڑی ہو۔ اس میں مخصوص دلکشی ہوتی ہے کیونکہ اس کے ساتھ پُر خطر ہونے کا خیال وابستہ ہے۔

مگر اس سے ذرا آگے چلیے۔ ہر روز ہر شخص پہاڑوں کو دیکھنے نہیں جا سکتا۔ گویا پہاڑوں کی چٹانوں کو اپنے گھر میں لے آنا لازم ہوا۔ چنانچہ چین میں یہی وتیرہ اختیار کیا جاتا ہے۔ مغربی سیاح چین جاتے ہیں تو ان کی سمجھ میں نہیں آتا کہ ہر چینی خانہ باغ میں پتھروں کے مصنوعی غار، پہاڑیاں اور پہاڑی باغیچے کیوں ہوتے ہیں۔ ان کی تہ میں بنیادی خیال یہ ہوتا ہے کہ اونچی چوٹیوں کی پُر خطر سنگلاخی اور کرختگی کا ہلکا سا عکس پیش نظر رہے۔ ان کی عظمت کا نقشہ سامنے ہو۔ اصل میں مغربی سیاحوں کا بھی اتنا قصور نہیں۔ کیونکہ یہ مصنوعی پہاڑیاں عام طور پر بڑی بدذوقی سے بنائی جاتی ہیں اور ان سے کبھی پہاڑوں کی قدرتی عظمت اور شوکت کا خیال ذہن میں نہیں آ سکتا۔ مصنوعی غار اس طرح بنائے جاتے ہیں کہ بڑے بڑے پتھروں کو سیمنٹ سے چنا جاتا ہے اور اس چنائی میں سیمنٹ صاف نظر آتا ہے۔ لہٰذا بات نہیں بنتی۔ ان مصنوعی پہاڑیوں کے حسن کا تناسب بھی اسی انداز کا ہونا چاہیے جس طرح ایک تصویر میں تناسب اور تفاوت کا خیال رکھا جاتا ہے ـــــــ ان مصنوعی پہاڑیوں سے اور منظر کی تصویروں سے اصل پہاڑوں کے حسن کا جو احساس پیدا ہوتا ہے اس کی نوعیت ایک ہی ہونی

سے قد آور، جوان درخت موجود ہوں اور اگر اس رقبے میں ایسے درخت موجود نہ ہوں تو وہ خود ایسے درخت لگائے گا جو بہت جلد بڑھتے ہیں۔ مثلاً بانس اور بید مجنوں کے پیڑ —— پھر اُسے آج کل کی طرح پرندوں کو پنجروں میں قید کر کے رکھنے کی ضرورت نہیں ہوگی کیونکہ پرندے خود بخود اس کے پاس آیا کریں گے اور وہ یہ انتظام کرے گا کہ ان پرندوں کے لئے آس پاس مینڈک، چھپکلیاں، کیڑے مکوڑے وغیرہ موجود ہوں۔ صرف اِسی صورت میں اس شخص کے بچے فطرت کو اُس کے اصلی روپ میں دیکھ سکیں گے اور فطرت کو عجائب خانے کی شیشوں والی الماریوں میں نہیں دیکھیں گے۔ کم سے کم یہ بچے یہ تو جان سکیں گے کہ انڈوں سے بچے کیسے نکلتے ہیں۔ وہ جنس اور جنسی معاملات اور بچوں کی پیدائش کے بارے میں اتنے کم علم اور ناواقف نہیں ہوں گے جس طرح آج کل کے اونچے اور مہذب خاندانوں کے عام بچے ہوتے ہیں۔ یہ بچے چھپکلیوں اور مکڑیوں کی باہمی لڑائی دیکھیں گے۔ کچھ گندے مندے پھریں گے اور خوش رہیں گے۔

چینیوں کو چٹانوں سے جو دلی لگاؤ ہے وہ اِسی باب کی دوسری فصل میں عرض کر چکا ہوں۔ اِسی کی بنا پر چینی مصوّروں کی منظریہ تصویروں میں چٹانیں اور چوٹیاں ضرور دکھائی دیتی ہیں۔ اتنی بات تو سمجھ میں آگئی۔ لیکن اِس سے یہ وضاحت نہیں ہو سکی کہ چین میں مصنوعی پہاڑیوں کے باغات اور عام چٹانوں سے اتنی رغبت کیوں ظاہر کی جاتی ہے۔ بنیادی بات یہ ہے کہ چٹانیں اتنی عظیم اور ٹھوس ہوتی ہیں کہ ان سے ابدیّت کا خیال پیدا ہوتا ہے۔ چٹانیں خاموشی اور سکوت کی مظہر ہیں۔ انھیں حرکت دینا ممکن نہیں۔ ان میں کردار کی وہ قوت اور مضبوطی ہے جو بہت بڑے انسانوں میں ہوا کرتی ہے۔ چٹانیں اپنی مختار و مالک آپ ہیں اور اہلِ علم لوگوں کی طرح عام زندگی سے دور رہتی

اعتبار سے بالکل صحیح ہونے چاہئیں۔ خطوط سے مراد سیدھے یا مستقیم خطوط نہیں یا ایک دائرہ یا مثلث مراد نہیں بلکہ فطرت کے بنائے ہوئے کھردرے اور سخت کوش خطوط مراد ہیں۔ چینی فلسفی لاؤ تزے نے اسی لئے کہا تھا کہ فطرت کے مظاہر اپنے اصلی روپ ہی میں خوبصورت ہیں اور وہ ان گھڑ پتھر کے حسن و خوبی پر اسی لئے اتنا زور دیتا تھا۔ ہمیں فطرت کی بنائی ہوئی چیزوں میں اپنی طرف سے ترمیم یا تبدیلی نہیں کرنی چاہئے۔ کیونکہ انسانی کوششوں کے حساب سے بھی بہترین فن پارہ مثلاً کوئی شاہکار نظم یا انشا کا نمونہ وہی ہے جس پر محنت اور عرق ریزی کا گمان تک نہ گزرے۔ وہ ایسی ہی رواں، برجستہ اور فطری چیز نظر آئے۔ جس طرح بل کھاتی ہوئی ندی یا آوارہ پھرتے ہوئے ایک ٹکڑا ابر میں ہمیں فطری حسن اپنے کمال پر نظر آتا ہے۔ اسی چیز کو چینی نقادوں نے یوں کہا ہے کہ فن کے شاہکار وہ ہیں جن سے یہ گمان نہ ہو کہ انھیں انسانی ہاتھوں یا کوشش نے اتنا شستہ اور صاف کیا ہے۔ یہ قول آرٹ کے تمام پہلوؤں پر صادق آتا ہے گویا فن کی صحیح قدر اور صحیح ذوق یہ ہے کہ بے قاعدگی میں حسن ڈھونڈا جاتے۔ ان خطوط میں بھی آہنگ اور حرکت اور دھن کا لطف پایا جائے جو بے قاعدہ ہیں۔ اسی لئے بہت سے چینی باغوں میں جو مصنوعی پہاڑیاں اور ٹیلے نظر آتے ہیں وہ ان گھڑ پتھروں کے بنے ہوئے ہوتے ہیں۔ پتھر بھی وہ جو جھریوں اور غاروں میں ملتے ہیں جن میں ننھے ننھے ہزاروں سوراخ ہوتے ہیں اور جن کی ہیئت عجیب ٹیڑھی میڑھی ہوا کرتی ہے۔ چنانچہ شنگھائی اور سوچاؤ کے آس پاس باغوں میں یہ مصنوعی پہاڑیاں ان پتھروں سے بنائی جاتی ہیں جو تائے ہو جھیل میں ملتے ہیں۔ ان پتھروں پر صدیوں پہلے کے سمندری لہروں کے نشان ہوتے ہیں کیونکہ یہ جھیل کبھی سمندر کا ایک حصہ تھی۔ یہ پتھر اس جھیل کی تہ سے نکالے جاتے ہیں اور جب کبھی

چاہیئے۔ سونگ خاندان کے عہد میں مصوّر می فائی نے تو خاص خاص پتھروں کا تفصیلی بیان بھی ایک کتاب میں لکھا ہے اور اسی عہد کے ایک مصنف تو کو آن نے اپنی کتاب میں کوئی سو قسم کے پتھر بتائے ہیں جن سے مصنوعی پہاڑیاں انسانوں کے مجسموں کی طرح فطرت کے مناظر کے مجسمے تھیں۔

پہاڑوں کی چوٹیوں پر عظیم ننگی چٹانوں کے لیے چینی مصوّروں کے دل میں قدر کا جو احساس پیدا ہوا اس کے ساتھ ساتھ باغوں میں بھی مصنوعی پہاڑیاں بنانے کا شوق بڑھا اور اس بات پر زور دیا جانے لگا کہ ان پہاڑیوں کا رنگ کیسا ہو۔ ان کی ترکیب اور ہیئت اور سطح کیسی ہو۔ اور جب کسی چیز سے ان پتھروں پر ضرب لگائی جائے تو ان سے کیسی آواز پیدا ہونی چاہیے۔ پتھر جتنے چھوٹے ہوتے اُن کی ترکیب اور ہیئت اور رنگ پر اتنی ہی زیادہ توجہ دی جاتی۔ چنانچہ نفاست، پتھروں کے رنگ، ان کی خوبی اور ان کی رنگت میں ہلکے اور گہرے نقطوں کے امتزاج کو خاص اہمیت حاصل ہو گئی۔ آگے چل ان معمولی پتھروں کے بارے میں ستھرے ذوق کی بدولت سیپ اور یشب کی بنی ہوئی نسوار کی شیشی میں یہی نفاست ملحوظ رکھی گئی۔ چنانچہ کسی عمدہ پتھر یا نسوار رکھنے کی کسی شیشی کی قیمت اڑھائی اڑھائی تین تین ہزار روپے تک پڑنے لگی۔

مکانوں کی تعمیر اور باغات میں پتھروں کے استعمال کے بارے میں پورا اندازہ کرنے کے لیے ہمیں چینی خوش نویسی پر نظر ڈالنی پڑتی ہے۔ خوش نویسی بھی خطوط کی ہم آہنگی اور تناسب اور حروف کی ترکیب و نشست کا نام ہے۔ چنانچہ چٹانیں وہ ہیں جو عام زندگی کے دھارے سے ایک رفعت، ایک علٰحدگی کا احساس دیکھنے والے میں پیدا کریں اور اس کے ساتھ ہی ساتھ ان چٹانوں کے خطوط تناسب کے

خراجِ عقیدت پیش کیے بغیر نہیں رہ سکتا۔ وہ جب اپنے علاقے کا گورنر تھا تو اُس نے مغربی جھیل کے عین درمیان ایک چھوٹا سا مصنوعی جزیرہ بنایا۔ مگر اِس جزیرے پر اُس نے کوئی تعمیر، کوئی ایوان مکرہ ملکہ کوئی یادگاری مینار تک نہیں بنوایا۔ اُس نے ایک معمار کی حیثیت سے اپنی حیثیت کو لازوال بنانے کی کوئی ضرورت نہیں سمجھی لیکن آج یہ جزیرہ گورنر یوآن کے جزیرے کے نام سے مشہور ہے اور مغربی جھیل کے ساکت پانیوں کے عین وسط میں نظر آتا ہے۔ اِس جزیرے کا رقبہ شکل سے کوئی سو گز ہوگا۔ پانی کی سطح سے اس کی اونچائی ایک فٹ سے زیادہ نہیں اور اس پر ہر طرف بید مجنوں کے پیڑ ہیں۔ جب کسی کہرے دن کو اس جزیرے پر نگاہ ڈالیں تو یہ طلسماتی جزیرہ یوں معلوم ہوتا ہے کہ ابھی ابھی پانی کے سینے سے اُبھرا ہے۔ بید مجنوں کے جھنڈ جھیل کی سطح پر اپنا سرسبز عکس ڈالتے ہیں۔ اِس ساکت سطح کی یک رنگی اور یکسانیت کو دور کرتے ہیں اور اِس کے ساتھ پوری طرح ہم آہنگ ہو جاتے ہیں۔ گویا گورنر یوآن کا جزیرہ، فطرت کے ساتھ پوری ہم آہنگی اور مطابقت کا مظہر ہے، آنکھوں پر بار نہیں ہوتا۔ لیکن اِسی کے پاس امریکہ کے تعلیم یافتہ ایک صاحب نے روشنی کے مینار کی شکل کا ایک یادگاری مینار تعمیر کر رکھا ہے اور جب بھی میری نگاہیں اس پر پڑتی ہیں تو آنکھوں کے پپوٹوں میں سوزش اور چبھن شروع ہو جاتی ہے ـــــ میں نے علانیہ طور پر یہ عہد کر رکھا ہے کہ اگر کبھی میں ڈاکو جرنیل بن گیا (جو کمیونسٹ چین کے قیام سے پہلے عام تھے ـــــ مترجم) اور ہانگ چاؤ پر میرا قبضہ ہو گیا تو میں سب سے پہلا کام یہ کروں گا کہ اِس مینار کو توپ سے اڑا کر ریزہ ریزہ کر دوں گا۔

درختوں کی قسموں کا شمار نہیں، ان میں سے چینی نقادوں اور شاعروں نے صرف چند ایک کو چنا ہے۔ جن کی شکل سے فنی حظ اٹھایا جا سکتا ہے۔ اِن درختوں

ان کے خطوط کو "ٹھیک کرنے کی ضرورت سمجھی گئی تو انہیں تراش تراش کر مناسب شکل دی گئی اور سال دو سال کے لئے پھر جھیل میں رکھ دیا گیا تھا تاکہ ان کی سطح سے تراشنے کے نشانات پانی کی لہروں سے مٹ جائیں۔

یہ تو تھی چٹانوں اور پتھروں کے لئے چینی مزاج کی جذباتی کمزوری کی ایک جھلک ـــــ رہے درخت تو ان کے لئے انسان کی پسندیدگی کو سمجھنا آسان تر ہے کیونکہ یہ پسندیدگی عالمگیر ہے۔ جن مکانوں کے ارد گرد درخت نہ ہوں وہ عجب ننگے منگے نظر آتے ہیں کچھ ایسے ہی جیسے مرد عورت کپڑوں کے بغیر ہوں ـــــ لیکن مکانوں اور درختوں میں ایک فرق یہ ہے کہ مکان خود تعمیر کئے جاتے ہیں اور درخت زمین کے سینے سے اُگتے ہیں اور جو چیز اُگی ہے وہ انسانی ہاتھوں سے تعمیر کی ہوئی چیز سے کہیں زیادہ حسین ہوتی ہے۔ ان مکانوں کا معاملہ بھی عجیب ہے۔ یہ مانا کہ عملی اعتبار سے کچھ مصلحتیں ایسی ہیں جن کی بنا پر ہمیں مکانوں کی دیواریں اور ان کی مختلف منزلیں بالکل سیدھی تعمیر کرنی پڑتی ہیں ـ مگر مکانوں میں مختلف کمروں کے فرش ایک ہی سطح پر کیوں بنائے جائیں؟ کیوں نہ ہر کمرے کے فرش کی سطح دوسرے کمرے سے مختلف ہو؟ ـــــ بہرکیف مکانوں کی تعمیر میں مستقیم خطوط اور مربع شکلوں کی یکسانی درختوں کی موجودگی سے بڑی خوبی سے کم ہو سکتی ہے۔ پھر جہاں تک مکانوں کے رنگ کا سوال ہے ہم ان پر سبز رنگ پھیر دیں تو لوگ شاید جینے نہ دیں گے۔ لیکن قدرت کا یہی رنگ ہے اور اس لئے اس نے اپنے درختوں کو ہرے رنگوں میں پیدا کیا ہے۔

آرٹ کا کمال یہ ہے کہ ہنرمندی اور کاوش چھپ جائے مگر ہم ہیں کہ نمائش پر ادھار کھائے بیٹھے ہیں۔ اس سلسلے میں ما تجو عہد کے زبردست فاضل لی آن یان کو

اُسی طرح جس طرح انگریز شاعر سوین برن کی نغمہ طرازی میں انداز کی عظمت ڈھونڈنی فضول ہے ۔۔۔ اصل یہ ہے کہ حسن کے انداز اور اس کی قسمیں ان گنت ہیں ۔ نزاکت میں اپنا حسن ہوتا ہے ۔ بانکپن اور لطافت کا اپنا حسن ہے ۔ شوکت اور عظمت کا حسن الگ ہے ۔ سادگی میں بھی حسن ہوتا ہے ۔ کرختگی اور سنگلاخی، قوت اور قدامت ان سب میں بھی اپنا اپنا مخصوص حسن ہے ۔ اسی قدامت کی بنا پر صنوبر کے درخت کو باقی سب درختوں میں ایک مخصوص مقام حاصل ہے کیونکہ اس میں گوشہ نشین عالموں کی قدامت پسندی کا پرتو ہے ۔ اسے دیکھ کر خیال آتا ہے کہ یہ پرانا فاضل ڈھیلی ڈھالی عبا پہنے، ہاتھ میں بانس کی چھڑی لیئے کسی پہاڑی راستے پر جا رہا ہے جس طرح کسی عالم کی عزلت نشینی اور عظمت اسے عام انسانوں کی دنیا میں ایک مثالی انسان بنا دیتی ہے ۔ وہی حال صنوبر کا ہے ۔ لی لی ونگ نے ایک جگہ لکھا ہے کہ ناشپاتیوں اور بید مجنوں کے درختوں سے بھرے ہوئے ایک باغ میں بیٹھنا جہاں آس پاس کوئی صنوبر نہ ہو، ایسا ہے کہ آپ بچوں اور عورتوں کی مجلس میں بیٹھے ہیں اور کوئی بزرگ پاس نہیں جو ہماری رہنمائی کے قابل ہو ۔ چنانچہ چینی لوگ صنوبر کو اچھا سمجھنے کے سلسلے میں صنوبر کے کہن سال درختوں پر تو گویا جان دیتے ہیں ۔ کیونکہ جتنا پرانا صنوبر ہوگا اتنا ہی پُرشوکت ہوگا ۔ صنوبر کے درخت کے ساتھ، دیودار کا بھی نام لیا جاتا ہے ۔ جب اس درخت کی شاخوں کا رُخ آسمان کی طرف ہو تو یہ امنگ اور جوانی کا اسم نظر آتے ہیں اور جب شاخیں زمین کی طرف مڑی ہوں تو یہی درخت بوڑھے بزرگ بن جاتے ہیں ۔

صنوبر کے درخت کو دیکھ کر جو جمالیاتی تسکین ہوتی ہے وہ اتنی اہم اس لئے ہے کہ صنوبر خاموشی اور شوکت اور زندگی کے شور و شغب سے علیحدگی کی علامت ہے یعنی اس میں درویشی کی تمام صفات ہیں ۔ اس لئے چینی تصویروں میں ہم دیکھتے ہیں کہ چٹانوں

کی ہیئت اور انداز کے خطوط ایسے ہیں کہ وہ چینی خطاطی کے نقطۂ نظر سے فنی طور پر بہت
ہی خوبصورت ہیں۔ بات یہ ہے کہ یوں تو تمام درخت خوبصورت ہوتے ہیں مگر چند
ایک درخت ایسے ہیں جن کو دیکھ کر خاص نفاست اور خوبی اور قوّت کا احساس ہوتا ہے۔
ان کی ایمائی کیفیت کچھ انہیں سے مخصوص ہے انہیں درختوں کو باقیوں سے ممتاز کر لیا گیا ہے
اور ان کے ساتھ مخصوص جذبات وابستہ کیے گئے ہیں۔ مثلاً یہ ظاہر ہے کہ زیتون کے
درخت کی ہیئت اور شکل میں کوئی کرختگی نہیں ہوتی۔ ادھر صنوبر کا درخت ہے کہ اس
کے سارے خطوط ہی کرختگی اور کھردرے پن کا پہلو لئے ہوئے ہیں۔ بید مجنوں کا درخت
اپنے بانکپن کے لئے مشہور ہے۔ اسے کسی عنوان "عظیم الشان" یا "پرشوکت" نہیں کہا
جا سکتا۔ گویا چند ہی درخت ایسے ہیں جو تصویروں میں نظر آتے ہیں اور جن کا ذکر بار بار نظموں
میں بھی ملتا ہے۔ ان میں سے زیادہ اہم صنوبر کا درخت ہے جس کا جمالیاتی حظ اس کی
شان اور رفعت دونوں میں مضمر ہے۔ پھر آلوچے کا پیڑ ہے جس میں خاص قسم کا رومانی حسن ہے
بانس کا درخت ہے کہ اس کے خطوط بڑے نازک ہوتے ہیں اور اس کو دیکھ کر گھر کا خیال
آتا ہے۔ بید مجنوں ہے جس کا بانکپن نازک اور کٹیلی نازنینوں کی یاد دلاتا ہے۔

صنوبر کے درخت کو دیکھ کر جو سرور دل میں پیدا ہوتا ہے وہ سب سے جدا اور صحیح ہے اور
شاعرانہ اہمیت رکھتا ہے۔ یہ درخت دوسرے درختوں کے مقابلے میں بالکل الگ انداز
کی عظمت کا حامل ہے کیونکہ درختوں میں بھی (انسانوں کی طرح) عظمت انداز، اور وقار
بھی ہوتا ہے اور بے مائیگی اور کم سوادی بھی — چینی آرٹسٹ ہمیشہ سے صنوبر کی عظمت
انداز کے مدّاح رہے ہیں۔ ان کا مطلب اور ان کی توصیف کا لہجہ وہی ہے جو انگریز نقّاد
اور شاعر میتھیو آرنلڈ کا ہے جب وہ یونان کے اندھے شاعر ہومر کے انداز کی عظمت
اور شوکتِ اسلوب کے گن گاتا ہے۔ یہ عظمت بید مجنوں کے درخت میں ناپید ہے،

یعنی بگلے کی قبر ہے۔

آلوچے کے پیڑ کی خوبی اس کی خوشبو ہے۔ اس کی ہئیت پر ایک چینی شاعر نے سات لفظوں کا ایک مصرعہ لکھا ہے جس کا ترجمہ یہ ہے کہ "اس کی بھینی باس ہوا میں رچ جاتی ہے اور اس کا سایہ زمین کا سہارا لیتا ہے۔"

بانس کے پیڑ کو اس لئے پسند کیا جاتا ہے کہ اس کا تنا اور اس کے پتے بڑے نازک ہوتے ہیں۔ اسی نزاکت کی بنا پر اس سے لطف اٹھانے کی صحیح فضا، گھر کی ڈوس فضا سمجھی جاتی ہے۔ اس کا حسن مسکراہٹیں بکھیرتا ہوا حسن ہے اور اسے دیکھ کر جو خوشی ہوتی ہے وہ بڑی معتدل اور ہلکی پھلکی ہوتی ہے۔ بانسوں کو دیکھنے کا لطف اسی وقت ہے جب وہ پتلے اور نازک ہوں اسی لئے دو تین پیڑ ہی بانسوں کے جھنڈ کا کام دے جاتے ہیں۔ چاہے ان کی عکاسی تصویر کے پردے پر ہو یا جیتی جاگتی زندگی میں ان کی موجودگی سے دل کو طراوت دینا مقصود ہو تصویروں میں محض اس کی دو تین شاخیں دکھا دی جاتی ہیں اور اس کے پتلے پتلے نازک خطوط چٹانوں کے کرخت خطوط کے ساتھ بہت اچھے معلوم ہوتے ہیں۔ اس لئے چینی تصویروں میں [illegible]ں کے چند پیڑوں کے ساتھ دو تین چٹانیں ضرور دکھائی جاتی ہیں اور ان چٹانوں میں بھی لازمی طور پر چھریرا پن ہوتا ہے، موٹائی اور ضخامت نہیں ہوتی۔

رہا بید کا درخت تو یہ ہر جگہ اُگ سکتا ہے، خاص طور پر دریاؤں وغیرہ کے کنارے پر نظر آتا ہے۔ یہ سر تا سر نسائیت کا عکس ہے۔ اسی لئے چیانگ چاؤ نے کہا تھا کہ اس کائنات میں جو چار چیزیں مرد کے دل پر بہت گہرا اثر رکھتی ہیں، ان میں بید کا درخت بھی شامل ہے۔ اس درخت کو دیکھتے ہی مرد جذباتی ہو جاتے ہیں —— چینی خواتین

. . . . . . . . . . . . . .

کی پتلی کمروں کو ہمیشہ

کے پاس صنوبر کے سائے میں بڈھے لوگ چپ چاپ کسی سوچ میں مگن ہیں یا ادھر اُدھر پھر رہے ہیں۔ اس کے سائے میں کھڑے ہو کر یہ خیال آتا ہے کہ یہ درخت کتنا کہن سال کتنا پُرشوکت اور اپنے حال میں کتنا مگن ہے۔ لاؤتزے کہتا ہے کہ "قدرت باتیں نہیں بناتی" — صنوبر کا پیڑ بھی باتوں کا قائل نہیں۔ یہ اپنی خاموشی اور اتھاہ سکوت میں سر اٹھائے کھڑا رہتا ہے۔ اپنی رفعت سے یہ ہم پر حقارت کی نظریں ڈالتا ہے، سوچتا ہے میں نے ان گنت بچوں کو ادھیڑ ہوتے اور ادھیڑ لوگوں کو بڈھا ہوتے دیکھا ہے۔ پرانے داناؤں کی طرح یہ پیڑ ہر چیز کو دیکھتا ہے اور سب کچھ سمجھتا ہے مگر زبان سے کچھ نہیں کہتا۔ یہی اس کی پُر اسرار عظمت کا راز ہے۔

آلوچے کے درخت کا رومانی حسن اس کی شاخوں کی ساخت اور اس کے پھولوں کی خوشبو میں پنہاں ہے — عجیب بات ہے کہ شاعرانہ ذوق کی تسکین کے لئے جو درخت چُنے گئے ہیں ان میں سے صنوبر، آلوچے اور بانس کے پیڑوں کا تعلق موسم سرما سے رکھا گیا ہے اور انھیں "سرما کے تین دوست" کہہ کر پکارا جاتا ہے۔ وجہ یہ ہے کہ بانس اور صنوبر تو سدا بہار ہوتے ہیں اور آلوچے کا درخت سرما کے ختم ہونے پر بہار کی آمد آمد کے ساتھ شگوفے لاتا ہے۔ اس لئے آلوچے کا پیڑ خاص طور پر کردار کی پاکیزگی کا مظہر ہے۔ وہ پاکیزگی جو ہمیں سرما کی کراری اور ٹھنڈی ہواؤں میں ملتی ہے۔ اس کی شان میں سرد مہری نمایاں ہے۔ جتنی فضا ٹھنڈی ہوگی اتنا ہی یہ پھلے پھولے گا۔ دوسرے لفظوں میں خلوت اور تنہائی کی دلنوازی اس کے رگ و ریشہ سے ٹپکی پڑتی ہے۔ سُونگ عہد کے گوشہ نشین شاعر لِن ہو چِنگ نے اسی لئے کہا تھا کہ میں نے آلوچے کے درختوں سے شادی کر رکھی ہے اور میرا بیٹا ایک بگلا ہے — آج کوشان پہاڑوں میں اس کا حجرہ تنہائی شاعروں اور اہلِ علم کی زیارت گاہ ہے اور اس کی قبر کے پاس اس کے "بیٹے"

بالکل سیدھا اور لمبا ہے اور بالکل چوٹی کے قریب پتّوں کی ایک چھتری سی ہے۔ نادر کی یہ شکل ہے کہ اس کے تین ٹیڑھے بڑھے تنے زمین پر زیڈ (z) کی شکل میں بچھے پڑے ہیں۔ قدیم کی چوٹی پر پتّے بہت کم ہیں۔ یہ درخت چوڑا اور کوتاہ قد ہے اور اس کی شاخیں نیم خشک ہیں۔ جس طرح کسی بوڑھے آدمی کی انگلیاں ہوتی ہیں۔ عجیب کا نا بل کھاتا ہوا ٹکڑے ٹکڑے کی شکل میں اونچی اونچی پھننگوں تک پہنچتا ہے۔

—— درختوں کا مزہ لینے اور ان سے لطف اٹھانے کا راز درختوں کی ذات ہی میں مضمر نہیں بلکہ درخت، فطرت کے دوسرے مظاہر مثلاً چٹانوں، بادلوں، پرندوں، کیڑوں اور انسانوں کے ساتھ اپنی وابستگی کی وجہ سے پسند آتے ہیں —— چانگ چاؤ کہتا ہے:

"پھولوں کے پودے لگانے کا مطلب تتلیوں کو دعوت دینا ہے۔ پتھر جوڑ جوڑ کر پہاڑیاں بنانا بادلوں کو بلانے کا بہانہ ہے۔ درخت لگاؤ تو ہوائیں آتی ہیں۔ کیلوں کے درخت بارش کو دعوت دیتے ہیں اور بید کے درخت لگاؤ تو گانے والے طیور آتے ہیں —" گویا درختوں کے ساتھ آپ پرندوں کے نغموں سے بھی لطف اٹھاتے ہیں۔ چٹانوں کے ساتھ جھینگروں کے سنگیت کا مزہ بھی آتا ہے کیونکہ پرندے وہیں نغمہ ریز ہوں گے جہاں درخت ہوں اور جھینگر وہیں بولیں گے جہاں پانی اور پتھر ہوں —— چینی لوگ مینڈکوں، جھینگروں اور پرندوں کے نغموں سے جتنا لطف اٹھاتے ہیں اتنی خوشی انھیں بلیوں، کتوں، یا ایسے ہی پالتو جانوروں کی محبت سے حاصل نہیں ہوتی۔ جانوروں میں انھیں صرف لق لق سے محبت ہے۔ وہ اس کو اسی زمرے میں جگہ دیتے ہیں جس میں صنوبر و شمشاد کے پیڑ ہیں کیونکہ لق لق بھی گوشہ نشینی کی علامت مانا جاتا ہے۔ کسی لق لق یا بگلے کو کسی تنہا تالاب کی دلدلی زمین میں بے حس و حرکت کھڑا دیکھئے۔ وہ وقار اور خوش وضعی کی تصویر نظر آئے گا —— چینی اہلِ علم کی یہ تمنا ہوتی ہے کہ لق لق کی یہ خوبیاں ان میں آجائیں۔

"بید کی سی کمر" سے تشبیہ دی جاتی ہے اور چین کی رقاصہ لڑکیاں ڈھیلے ڈھالے دامنوں اور آستینوں والے لباس پہن کر اپنے ناچ میں اُسی طرح اپنے جسموں کو لہراتی اور جھکاتی ہیں جیسے بید کی شاخیں ہوا کے جھونکوں میں لہراتی ہیں۔ میں نے عرض کیا کہ بید کا پیڑ آسانی سے اُگ آتا ہے۔ اِس لئے چین میں بہت جگہوں پر میلوں تک بید ہی بید کے درخت نظر آتے ہیں۔ اِن سے جب ہوا گزرتی ہے تو ہوا کی لچک اور بید کی شاخوں کا جھکاؤ مل کر چینی زبان میں "لیولانگ" کہلاتا ہے جس کا مطلب ہے "بید کی لہریں" یا "بید کے جھونکے" ــــ اِس کے علاوہ بید کی شاخوں میں زرد اور سیاہ پروں والے اوری اول جھولا جھولتے رہتے ہیں۔ اِس لئے کیا تصویر، کیا حقیقت بید کو ہمیشہ انھیں پرندوں کے ساتھ دیکھا دکھایا جاتا ہے۔

ان کے علاوہ اور بھی درخت ہیں جنہیں پسند کیا جاتا ہے اور اس پسندیدگی کی وجہ بھی ہوتی ہیں۔ مثلاً "وُوتُونگ" کا پیڑ ہے جس کی چھال بڑی عمدہ اور صاف ہوتی ہے۔ چینی لوگ اسے اِس لئے بھی پسند کرتے ہیں کہ اس پر چاقو کے ساتھ بڑی آسانی سے شعر کندہ کئے جا سکتے ہیں ــــ چینیوں کو پرانی اور بڑی بڑی بیلوں سے بھی بڑی محبت ہے جو تناور درختوں کے ساتھ لپٹی رہتی ہیں۔ ان کے لپٹنے کے انداز اور گولائیاں، درختوں کے سیدھے تنوں کے ساتھ ایک عجیب تفاوت پیش کرتی ہیں بعض اوقات یوں ہوتا ہے کہ کسی اچھی سی گھنی بیل کو دیکھ کر سوئے ہوئے اژدہے کا خیال ذہن میں آتا ہے۔ چنانچہ اس بیل کو اِسی اژدہے کا نام دے دیا جاتا ہے۔ اِسی باعث، وہ کہنہ پیڑ جن کے تنکے ٹیڑے ترچھے ہوں یا جھکے ہوں بے حد پسند کئے جاتے ہیں۔ سوچاؤ کے پاس تائے ہو جھیل پر ایک مقام ہوتا ہے جہاں ایسے ہی چار سرو کے پیڑ ہیں جنھیں پاکیزہ، نادر، قدیم، اور عجیب کے نام دئے گئے ہیں ــــ پاکیزہ نام کے درخت کا تنا

ہو سکتی ہے ـــــ ذرا اس کا مقابلہ اس بے رحمی سے کیجئے جس کے ماتحت پرندوں کو پنجرے میں بند کر کے یا زندہ مچھلیوں کو شیشے کے مرتبان میں رکھ کر ان کے بال و پر، رنگ اور چہچہوں سے لطف حاصل کرنے کی کوشش کی جاتی ہے۔

## ۵۔ پھول اور پھولوں کی ترتیب

پھولوں سے لطف اٹھانے اور پھولوں کی ترتیب کے بارے میں آج کل بڑی بے قاعدگی پائی جاتی ہے۔ حالانکہ جیسا کہ درختوں میں سے ہم نے چند ایک اعلیٰ درجے کے درخت اپنی پسندیدگی کے لئے الگ کر لئے تھے اسی طرح پھولوں کی چند اعلیٰ قسمیں بھی الگ کر لینی چاہئیں اور اپنی پسندیدگی کا آغاز انھیں سے کرنا چاہئے اس سلسلے میں اپنے آپ ہی ان قسموں کی درجہ وار منزلت کا احساس پیدا کرنا ہوگا اور خاص پھولوں کے ساتھ جو مخصوص جذبات اور مخصوص فضا وابستہ ہوتی ہے اس کا احساس کرنا پڑے گا۔ سب سے پہلی بات تو خوشبو کی ہے بعض پھولوں کی خوشبو بہت تیز اور بڑی واضح ہوتی ہے۔ اس کی مثال چنبیلی ہے بعض کی خوشبو بڑی نازک ہوتی ہے۔ جیسے چینی نسترن کی ـــ پھر چینی نرگس کی طرح نہایت لطیف اور بے حد نازک و نفیس خوشبو بھی ہوتی ہے ـــ تو معیار یہ قرار پایا کہ جس پھول کی خوشبو جتنی لطیف ہو اور بآسانی معلوم نہ ہو سکے وہ پھول اتنا ہی ارفع و اعلیٰ سمجھا جائے۔ خوشبو کے بعد دوسرا خیال رنگ، شکل اور پھول کی دلکشی کا ہے۔ ان خصوصیات کے اعتبار سے پھولوں میں بہت زیادہ تنوع ملتا ہے بعض پھول صحت مند جوان لڑکیوں کی طرح ہوتے ہیں۔ بعض بے حد نازک اور شاعرانہ مزاج کی خاموش

انسان کی فطرت کے ساتھ ہم آہنگی اور اس کی پُر مسرت زندگی کی آخری تصویر چنگ پانچپاؤ کے لفظوں میں پیش کی جاتی ہے۔ چنگ (۱۶۹۳ — ۱۷۶۵ء) نے یہ عبارت ایک خط میں لکھی تھی۔ جس میں اس نے پرندوں کو پنجروں میں قید رکھنے پر اپنی ناخوشی کا اظہار کیا تھا۔ یہ خط اس کے چھوٹے بھائی کے نام ہے۔ وہ لکھتا ہے:

"میں نے لکھا ہے کہ پرندوں کو پنجروں میں بند کر کے نہیں رکھنا چاہئے۔ یہ نہ سمجھنا کہ مجھے پرندوں سے محبت نہیں لیکن چاہت کا بھی ایک دستور ہوا کرتا ہے۔ پرندے رکھنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ گھر کے ارد گرد کوئی سو ایک درخت لگا دیے جائیں اور پرندوں کو ان کی سرسبز چھاؤں میں اپنی ایک الگ بادشاہت قائم کرنے، اپنے گھر بنانے کی کھلی چھٹی دیدی جائے۔ چنانچہ جب اس صورت میں جب ہم صبح کو نیند سے بیدار ہوں گے اور ابھی بستر پر کروٹیں ہی بدل رہے ہوں گے تو ہمیں آسمانی نغمے کی طرح پرندوں کے ان گنت چہچہے سنائی دیں گے — بستر سے اٹھنے کے بعد منہ دھوتے ہوئے یا کپڑے پہنتے ہوئے یا صبح کی چائے پیتے ہوئے ہمیں اِدھر اُدھر اڑتے ہوئے پرندوں کے شاندار بال و پر نظر آئیں گے۔ ایک پر نظر نہیں جم جائے گی کہ دوسرا سامنے آجائے گا — اور یہ وہ لطف ہے جو کسی ایک پرندے کو پنجرے میں بند کر کے رکھنے سے کسی طور حاصل نہیں ہو سکتا۔

زندگی کا لطف عام طور پر اس اندازِ نظر سے حاصل کرنا چاہئے گویا یہ کائنات ایک باغ ہے۔ دریا اور جھیلیں اس باغ میں چھوٹے چھوٹے نالایوں کی مانند ہیں اور اس باغ میں ہر ذی روح اپنی فطرت کے تقاضوں کے مطابق زندگی بسر کر سکتا ہے۔ صرف اسی طرح گہری اور سچی خوشی حاصل

گویا رہنا ہے — پھر بھی پسند اور رائے کا اختلاف عام ہے اور شقائق (پی اونی) کے پھول کو بھی "پھولوں کا بادشاہ" کہا گیا ہے۔ خاص طور پر تانگ خاندان کے عہدِ حکومت میں یہی پھول سب سے عمدہ اور اعلیٰ مانا جاتا تھا۔ اس کا رنگ شوخ اور پتیاں گھنی ہوتی ہیں اور اسے امیر اور خوش باش شخص کی علامت سمجھا جاتا ہے۔ اس کے برعکس آلوچے کا پھول شاعروں کا محبوب ہے۔ کیونکہ یہ خاموش طبع اور غریب اہلِ علم کا مثیل ہے۔

گویا شقائق کا پھول اگر مادیت کا مظہر ہے تو آلوچے کا پھول روحانیت کا — چین کے صرف ایک عالم نے شقائق کے لئے ہمدردی ظاہر کی ہے اور وہ بھی اس بنا پر کہ تانگ خاندان کی ایک ملکہ "وُو" نے اسے اپنے باغات اور دارالحکومت سے جلاوطن کر دیا تھا۔ واقعہ یوں ہوا کہ یہ ملکہ بڑی خود پسند اور مغرور تھی۔ ایک دن اپنے اختیارات کے غرور میں اس نے حکم دیا کہ شاہی باغوں کے تمام پھول ایک خاص وقت تک کھل جائیں۔ یہ عین سردیوں کا زمانہ تھا کہا جاتا ہے صرف شقائق کا پھول اتنا گستاخ ثابت ہوا کہ وہ اس مقررہ وقت سے چند گھنٹے بعد کھلا۔ ملکہ سخت برہم ہوئی اور اس نے اس پھول کے ہزاروں گملوں کو شاہی فرمان کے ذریعے اپنے دارالحکومت سیان سے جلاوطن کر کے لویانگ بھیج دیا — شاہی نظروں سے گر جانے کے باوجود اس پھول کی ہردلعزیزی میں کوئی فرق نہ آیا۔ لویانگ کا شہر اس پھول کا گہوارہ بن گیا۔

رہا گلاب تو چینی لوگ اسے زیادہ اہمیت نہیں دیتے۔ اس کی وجہ شاید یہ ہے کہ رنگ اور شکل میں یہ بھی شقائق کے پھول کی طرح ہوتا ہے۔ لیکن شقائق کے پھول کی شان اور رعنائی گلاب سے کہیں زیادہ ہوتی ہے۔ اس لئے گلاب زیادہ اہم نہیں رہا۔ چینی ادب اور ثقافت میں شقائق کے پھول کی بہت بھرمار نظر آتی ہے

طبع خواتین کی طرح نظر آتے ہیں بعض ایسے ہیں جیسے تماشائیوں کے لئے اپنے جلوے
لٹا رہے ہوں بعض اپنی ہی خوشبو میں متوالے ہوکر اپنی مختصر زندگی کی گھڑیاں خوابوں میں گنواتے
نظر آتے ہیں بعض کا رنگ شوخ ہوتا ہے اور بعض رنگ کے معاملے میں سنجیدہ ذوقی کے
قائل ہیں —— خوشبو، رنگ اور شکل کے علاوہ ایک اور بات یہ ہے کہ پھولوں کو ہمیشہ آس
پاس کی فضا اور کھلنے کے موسموں کے ساتھ وابستہ کیا جاتا ہے۔ مثلاً گلاب کے پھول
کا تعلق بہار کے ایک صاف اور چمکیلے دن کے ساتھ ہے۔ کنول کو گرما کی ایک خنک صبح
سے متعلق سمجھا جاتا ہے۔ تیج کے پھولوں کی سنگت فصلیں کاٹنے کے مہینوں اور موسم
خزاں کے جشنوں کے ساتھ ہے۔ گل داؤدی کو خزاں کے آخری دنوں سے وابستہ خیال
کیا جاتا ہے۔ آلوچے کے پھول کا ربط برف کے ساتھ ہے اور نرگس اور آلوچے کا پھول
دونوں نئے سال کے جشن کا ایک حصہ ہوا کرتے ہیں —— یعنی ہر پھول اپنے قدرتی ماحول
میں ہی مکمل ہوتا ہے۔ اسی لئے جو لوگ پھولوں سے محبت کرتے ہیں اُن کے نزدیک پھول
مختلف موسموں کی زندہ علامتیں بن جاتے ہیں —— اس کی مثال ہالی کا پھول ہے جو
کرسمس کا مظہر سمجھا جاتا ہے۔

صنوبر اور بانس کے درختوں کی طرح گل داؤدی، کنول اور نسترن کے پھولوں
کو ان کی مخصوص خصوصیات کی بنا پر پھولوں میں ممتاز قرار دیا جاتا ہے۔ چینی ادب میں
یہ تینوں پھول شرافت اور عالی نسبی کے مظہر خیال کئے جاتے ہیں۔ خاص طور پر نسترن
کو اس کے والہانہ حسن کی وجہ سے بہت پسند کیا جاتا ہے چینی شاعروں کو آلوچے کے
پھولوں سے بے حد لگاؤ رہا ہے۔ اور اس بارے میں پچھلی فصل میں کچھ باتیں لکھ بھی چکا ہوں۔
آلوچے کے پھول کو "پھولوں میں اوّل" کہا جاتا ہے۔ کیونکہ یہ نئے سال کے
ساتھ آتا ہے اور اس طرح سال بھر میں جو پھول کھلتے ہیں یہ پھول اُن کے جلوس کا

نظر فریب ہوتے ہیں۔ میرے آبائی شہر اور صوبے میں بہترین قسم کا نسترن ہوتا ہے۔ اسے فیو کن کا نسترن کہتے ہیں۔ اس کا رنگ ہلکا سبز ہوتا ہے اور اس میں قرمزی رنگ کے دھبے ہوتے ہیں۔ عام نسترن چھوٹا ہوتا ہے اور اس کی پنکھڑیاں ایک انچ سے ذرا سی زیادہ لمبی ہوتی ہیں نیسترن کی بہترین قسم کو جن منگ لیانگ کے نام سے پکارا جاتا ہے۔ اس کا رنگ اتنا نفیس ہوتا ہے کہ جب اسے پانی میں ڈبویا جاتے تو نظر نہیں آتا۔ اس کا رنگ پانی کے ہم رنگ ہے۔

نسترن اگانا بڑا مشکل ہے۔ یہ پھول اتنا نازک اور نفیس ہوتا ہے کہ ہمیشہ اس کے کھلنے سے پہلے مرجھاتے یا اس کے بالکل نا پیدا ہونے کا خطرہ درپیش ہوتا ہے۔ شاید اسی بنا پر کردار کی نفاست اور عالی ظرفی اس پھول سے وابستہ کی گئی ہے۔ تمام پھولوں میں یہی پھول ہے جو ذرا سی بے احتیاطی یا سخت ہاتھ لگنے سے مرجھا جاتا ہے اور بہت جلد ختم ہو جاتا ہے۔ اسی لیے جن لوگوں کو اس پھول کا ذوق ہے وہ اس کی ذاتی طور پر نگہداشت کرتے ہیں اور اسے نوکروں پر نہیں چھوڑتے۔ میں بعض شوقینوں کو دیکھتا ہوں کہ اس پھول کی حفاظت اور نگہداشت اس جانسوزی سے کرتے ہیں جس طرح اپنے والدین کی خدمت کرتے ہیں۔ اس پھول کا نادر یا قیمتی قسم کا پودا دوسروں کے لیے اتنا ہی باعث رشک ہے جتنا کا نسی کا کوئی نادر بُت یا گلدان باعث رشک ہوا کرتا ہے اگر کوئی شخص دوست کی درخواست پر اس کی کونپلیں نہ دے تو سمجھ لیجئے کہ گہری نفرت کا بیج اس کے دل میں بو یا گیا۔ چینی روایات میں یہ حکایت موجود ہے کہ اگر چینی عالم کو اس کے دوست نے نسترن کی نئی کونپلیں مانگنے پر نہیں دیں تو اس نے یہ کونپلیں چرا لیں اور اس چوری کی پاداش میں قید کی سزا بھگتی ـــــ شن فو نے "رواں زندگی کے بارے میں چھ باب" میں ان جذبات کا اظہار بڑی خوبی سے کیا ہے وہ کہتا ہے:

مثلاً بہت قدیم زمانے کی کتابوں سے بھی پتا چلتا ہے کہ شقائق کی کوئی نوّے قسمیں ہوتی ہیں۔ ہر قسم کو نہایت شاعرانہ نام بھی دیا گیا ہے۔

شقائق کے برعکس نسترن عزلت اور تنہائی کی دل کشی کا مظہر ہے کیونکہ عام طور پر یہ ایسی وادیوں میں ملتا ہے جو الگ تھلگ اور سایہ دار ہوں۔ کہا جاتا ہے کہ "یہ اپنی دلکشی میں مست رہتا ہے" اور اسے یہ پروا نہیں ہوتی کہ لوگ اس کی طرف دیکھتے ہیں یا نہیں۔ یہ پھول شہروں میں لائے جانے پر راضی نہیں ہوتا۔ اگر لایا بھی جائے تو یہ اپنی شرائط پر ہی پھول سکتا ہے اور ان میں ذراسی ترمیم بھی کی جائے تو فوراً سوکھ جاتا ہے۔ اس لئے چینی زبان میں یہ محاورہ عام ہے کہ فلاں حسینہ نسترن کی طرح عزلت نشین ہے یا فلاں فاضل دنیوی شہرت اور عزت سے بے نیاز، پہاڑ کے کسی پُرسکون گوشے میں اُگے ہوئے نسترن کے پھول کی طرح خلوت نشین ہے۔ اس کی خوشبو اتنی لطیف ہوتی ہے کہ معلوم ہوتا ہے یہ اپنی خوشبو سے سونگھنے والے کو خوش کرنے کی کوئی کوشش نہیں کرتا لیکن جب اس کا ذوق پیدا ہو جائے تو اس سے بڑھ کر دنیا کی کوئی خوشبو لطیف اور حسین نہیں ہوتی۔ اسی لئے یہ پھول سچّی دوستی کی بھی علامت سمجھا جاتا ہے کیونکہ چین کی ایک نہایت قدیم کتاب میں لکھا ہے کہ "اگر کسی گھر میں داخل ہو کر نسترن کے پھولوں کے ساتھ کافی دیر رہیں تو اُن کی خوشبو محسوس نہیں ہوتی کیونکہ یہ خوشبو انسان کی ہستی پر ایسی غیر محسوس طور پر چھا جاتی ہے جس طرح سچی دوستی۔ لی لی وِنگ نے کہا ہے کہ نسترن کے پھولوں سے لطف اٹھانے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ اُسے ہر کمرے میں نہ رکھا جائے بلکہ صرف ایک کمرے میں یہ پھول رہیں اور اس کمرے میں آتے جاتے، ان پھولوں کی نفیس خوشبو سے شامہ جان کو معطّر کیا جاتے ۔۔۔ امریکی نسترن میں نفیس اور نازک خوشبو نہیں ہوتی۔ مگر امریکی نسترن چینی نسترن سے بڑا ہوتا ہے۔ اس کی شکل زیادہ شاندار ہوتی ہے اور اس کے رنگ زیادہ

دے دے کر ان کا باقاعدہ ریکارڈ رکھا جائے۔ ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تنوع اور رنگارنگی گل داؤدی کی جان ہے۔ اس کے کئی رنگ اور ان گنت شکلیں ہیں۔ ان میں سے سفید اور پیلے گل داؤدی کو "ٹکسالی قسم" کہا جاتا ہے قرمزی اور سرخ کو ٹکسال باہر کی قسمیں شمار کیا جاتا ہے۔ سفید اور پیلے ہونے کی وجہ سے ان قسموں کے بڑے شاعرانہ نام رکھے گئے مثلاً "جام سیمیں" "سیم خام کی گھنٹی" "زریں گھنٹی" وغیرہ۔ بعض قسموں کو مشہور نازنینوں کے نام سے موسوم کیا گیا مثلاً "یانگ کیوفی" اور "رسی شی" — گل داؤدی کی شکل بدلتی بھی رہتی ہے بعض دفعہ یہ خواتین کے چھوٹے چھوٹے بالوں کے فیشن سے مماثل ہوتا ہے اور بعض دفعہ اس کی پنکھڑیاں لمبی لہراتی ہوئی زلفوں پر چغلی کھاتی ہیں بعض قسموں میں خوشبو زیادہ ہوتی ہے۔ اس کی بہترین قسموں میں مشک کی سی خوشبو ہوتی ہے۔

کنول یا آبی نیلوفر اپنی نظیر آپ ہے — میرے نزدیک یہ دنیا کا حسین ترین پھول ہے یعنی پورے پھول کو اگر دیکھیں جس میں اس کا بانکا ڈنٹھل اور پانی کی سطح پر اس کی تیرتی پتیاں بھی ہیں تو اس کے حسن کا مقابلہ کوئی پھول نہیں کر سکتا — گرمیوں کا مزہ کنول کے بغیر نہیں آسکتا۔ اگر گھر کے پاس کنول کے پھولوں کے لئے بڑا تالاب موجود نہ ہو تو یہ پھول پانی کے بڑے بڑے مٹکوں میں اگائے جا سکتے ہیں — اس طرح وہ خوبی تو پیدا نہیں ہو گی۔ جو کنول کے پھولوں کے آدھ میل لمبے آبی تختے میں ہو سکتی ہے کیونکہ کھلے پانی میں تو آس پاس کی ہوا اس کی خوشبو سے شرابور ہوتی ہے۔ اس کی سفید اور سرخ کلیاں چوڑے چوڑے سبز پتوں کے ساتھ ملکر ایک عجیب نظارہ پیش کرتی ہیں اور ان پتوں پر پانی کے سفید موتیوں کا حسن تو بیان سے باہر ہے۔ سونگ عہد کے مشہور فاضل چاؤ نے ایک پورا مضمون لکھا تھا جس میں اس نے تفصیل سے بتایا تھا کہ اسے کنول کا پھول کیوں سب سے زیادہ پسند ہے۔ وہ کہتا ہے کہ کنول کا پھول شریف زادے

-نسترن سب پھولوں سے زیادہ محبوب اس لئے ہوتا ہے کہ اس کی خوشبو بھینی اور باس کا حسن بہت پاکیزہ ہے۔ لیکن اس کی عمدہ قسمیں مہیا کرلینا بہت مشکل ہے۔ جب لان لِم کا انتقال ہوا تو اُس نے مرتے وقت مجھے بہار کے نسترن کا ایک گملا تحفتہً دے دیا تھا۔ اس کی پنکھڑیاں نیلوفر کی تپیوں کی طرح تھیں۔ پھولوں کا مرکزی حصّہ بڑا اور سفید تھا۔ پنکھڑیاں بڑی پاکیزہ تھیں۔ اور ڈنٹھل بڑے ہی نازک تھے۔ یہ قسم پرانی اور ٹکسالی تھی۔ میں نے اسے سیپ کے قدیم نوادر کی طرح سینے سے لگا کر رکھا۔ جب میں گھر سے باہر ہوتا تو میری بیوی تُوئن ذاتی طور پر اس کا خیال رکھتی۔ یہ پودا بہت اچھی طرح پھلا پھولا مگر دو ہی برس بعد ایک دن یکایک سوکھ گیا۔ میں نے کھود کر اس کی جڑیں دیکھیں تو مرمر کی طرح سفید ہو چکی تھیں۔ مگر ان میں کوئی خرابی نہ تھی۔ میری سمجھ میں نہ آیا کہ یہ نادر نسترن کس طرح سوکھ کر رہ گیا۔ میں نے اسے اپنی بدبختی پر محمول کیا کہ قدرت نے مجھے ایسے پھول اُگانے اور ان کی نگہداشت کے قابل نہیں سمجھا —— بعد میں مجھے پتا چلا کہ کسی نے اِس پودے کے کچھ پھول مانگے تھے جو اسے نہیں دیے گئے تھے۔ اُس نے انتقاماً کھولتا ہوا پانی ڈال کر اِس پودے کو ہی مار دیا تھا۔"

شاعر تاؤ یوان منگ کا محبوب پھول گُلِ داؤدی تھا اور شاعر لین ہو جِنگ کا پسندیدہ پھول آلوچے کا پھول تھا۔ اِسی طرح کنفیوشس فلسفے کے ماہر چاؤ لین چی کو نیلوفر سے بڑی محبت تھی —— گُلِ داؤدی کے حُسن میں جو شان ہے وہ شقائق کے پھول کے حُسن سے بہت مختلف ہے۔ اس کی ہزاروں قسمیں پائی جاتی ہیں۔ سونگ عہد کے نامور فاضل فان چنگ تا نے یہ رواج شروع کیا کہ گُلِ داؤدی کی مختلف قسموں کو خوبصورت نام

ہے کہ ان پھولوں کو گلدانوں میں کیسے سجایا جائے۔ پھولوں کی ترتیب ایسا فن ہے جو چین میں گیارھویں صدی سے رائج ہے" رواں زندگی کے بارے میں چھ باب" کے مصنف نے بتایا ہے کہ پھولوں کی ترتیب اس طرح کرنی چاہئے کہ وہ ایک عمدہ تصویر نظر آئیں۔ اس کتاب کے باب" زندگی کی چھوٹی چھوٹی خوشیاں" میں وہ لکھتا ہے:

"ہر سال خزاں کے دنوں میں گلِ داؤدی سے مجھے جیسے عشق ہو جاتا تھا۔ میں ان پھولوں کو سو سو طرح سے گلدانوں میں سجاتا۔ میں انھیں کبھی گملوں میں نہ اُگاتا تھا۔ میرے گھر میں اتنی جگہ نہ تھی کہ باغ لگ سکتا اور گملوں میں اگانا زحمت سے خالی نہ تھا۔ بازار سے جو پھول خریدتا وہ قسم کے لحاظ سے عمدہ نہ ہوتے اور مجھے پسند نہ آتے۔ —خیر گلِ داؤدی کو گلدانوں میں سجاتے وقت یہ خیال رکھنا چاہئے کہ گلدانوں کی تعداد طاق ہو، جفت نہ ہو۔ اور ایک گلدان میں صرف ایک رنگ کے پھول رکھنے چاہئیں۔ گلدان کا منہ کھلا ہونا چاہئے تاکہ پھول آسانی سے ایک دوسرے کے ساتھ پیوستہ رہیں۔ ایک گلدان میں چاہے آدھی درجن پھول ہوں یا تیس چالیس سے بھی زیادہ ہوں، انھیں اس طرح سجانا چاہئے کہ وہ گلدان کے دہانے سے ایک ساتھ باہر نکلیں۔ نہ تو پھولوں کی بھرمار ہو، نہ وہ زیادہ بکھریں، نہ گلدان کے منہ پر پڑے ہوئے نظر آئیں۔ اسے فن کی اصطلاح میں "پھولوں کے ڈنٹھل یکجا رکھنا" کہتے ہیں۔— بعض دفعہ انھیں یوں رکھئے کہ بالکل سیدھے کھڑے رہیں اور بعض کو یوں سجائیے کہ ایک خوشنما چھتری سی بن جائے۔ یکسانیت دور کرنے کے لئے پھولوں میں ان کی کلیاں شامل کیجئے اور اس طرح سجائیے کہ ترتیب میں بے ترتیبی جھلکے، بناوٹ کا شائبہ نہ ہو۔ پھولوں کے ساتھ سخت پتے نہیں ہونے چاہئیں

کی طرح گندے پانی سے ملوث نہیں ہوسکتا! — اپنی ماہیت میں یہ قول کنفیوشس کے فلسفے کے عین مطابق ہے۔ مگر افادی زاویۂ نگاہ سے بھی کنول کا پھول سرتاپا مفید ہی مفید ہے۔ اس کی جڑ سے ٹھنڈا شربت بنتا ہے۔ چوڑے پتوں میں پھل یا پکانے کی چیزیں باندھ کر بھاپ میں پکائی جا سکتی ہیں۔ اس کے پھول اپنی خوشبو کے اعتبار سے بے حد ممتاز ہیں اور اس کے بیج (زرِ نیلوفر) کو چینی لوگ حوروں کی غذا قرار دیتے ہیں جسے یا تو بالکل کچا کھانا چاہیے یا خشک کر کے شکر کے ساتھ نوشِ جان کرنا چاہیے۔

چینی پھول ہائے تانگ جو سیب کے شگوفوں سے ملتا جلتا ہے شاعروں میں بہت مقبول ہے مگر اس کی کئی وجوہ بیان کی جاتی ہیں کہ آخر شاعر تو فو نے اس کا کیوں نام نہیں لیا۔ حالانکہ یہ پھول اس کے وطن میں عام ہے۔ غالباً یہ وجہ قابلِ قبول ہو سکتی ہے کہ اس کی ماں کا نام ہائے تانگ تھا اور اس نے ماں کے نام کے احترام کی وجہ سے اس کا نام نہیں لیا۔

دو پھول ایسے ہیں جن کی خوشبو کے لیے میں نسترن سے بھی ہاتھ اٹھا لینے کے لیے تیار ہوں۔ یہ ہیں تیج کا پھول اور نرگس — نرگس میرے شہر کا خاص تحفہ ہے۔ کبھی اس کی لاکھوں کی مالیت کی پنیری امریکہ بھیجی جاتی تھی۔ مگر پھر ہمارے محکمۂ زراعت نے یہ برآمد بند کر دی — اس کی جڑیں بڑی سفید، بڑی پاکیزہ اور نتھری ستھری ہوتی ہیں اور پھول کے تو کہنے ہی کیا ہیں۔ چین میں اُنے لا کے پھول کو المناک پھول سمجھا جاتا ہے حالانکہ اس کا حسن سراسر تبسم ہی تبسم ہے مگر روایت یہ ہے کہ یہ پھول کوئل کے آنسوؤں سے پیدا ہوا تھا اور کوئل اصل میں ایک ننھا سا لڑکا تھی جسے سوتیلی ماں نے گھر سے نکال دیا تھا اور جو اپنے گمشدہ بھائی کی تلاش میں سرگرداں تھی۔

پھولوں کا انتخاب اور ان کی درجہ بندی جتنی اہم ہے اتنی ہی اہم یہ بات

جائے اور اُن کی نوکیں کھلی رہیں۔ پھر اس تانبے کے ٹکڑے کو گرم کرکے سرلیش کے ساتھ پھولوں کی طشتری یا پیالے میں چپکا دیجئے۔ ٹھنڈی ہو جانے پر پھولوں کو ایک ایک کیل کے ساتھ تار سے باندھ دیجئے یا اِن کیلوں پر اُڑس دیجئے پھولوں کو ایک طرف جھکا رہنے دیجئے۔ عین درمیان سے ان کا سیدھا تن کر کھڑا رہنا ٹھیک نہیں معلوم ہوتا۔ یہ بھی ضروری ہے کہ پھولوں کے ڈنٹھل اور ان کے پتے ایک دوسرے کے ساتھ بہت زیادہ ملے ہوئے نہ ہوں۔ پھولوں کو اس طرح باندھنے کے بعد اس پیالے میں کچھ پانی ڈال دیجئے اور نیچے کی تانبے کی پلیٹ کو صاف ریت سے چھپا دیجئے۔ اس صورت میں پھول پیالے کے پیندے سے اُگتے ہوئے معلوم ہوں گے۔

پھولدار درختوں کی شاخیں گلدانوں میں سجانے سے پہلے اِن شاخوں کو کاٹنا چھانٹنا ضروری ہے۔ کیونکہ آپ خود ایسی شاخیں درخت سے کاٹ کر لانے سے تو رہے اور دوسروں کی لائی ہوئی شاخیں عام طور پر تسلی بخش نہیں ہوتیں۔ بہتر یہ ہے کہ پھولوں سے لدی ہوئی شاخ کو ہاتھ میں لے کر اِدھر اُدھر گھما کر دیکھئے۔ خیال رکھئے کہ کس طرف سے یہ دیکھنے میں زیادہ تاثر انگیز نظر آتی ہے۔ جب یہ زاویہ طے ہو جائے تو تمام فالتو ٹہنیاں چھانٹ دیجئے۔ یہ خیال رکھئے کہ یہ شاخ نیم شگفتہ اور کچھ عجیب سی خوبی اور تاثر کی حامل بن جائے۔ پھر یہ سوچئے کہ شاخ کا زیریں حصہ گلدان میں کیسے رہے گا۔ کس زاویے پر جھکا ہوگا۔ تاکہ جب اسے گلدان میں رکھا جائے تو شاخ کے پتے اور پھول عمدہ سے عمدہ تاثر پیدا کریں۔ اگر دو چار شاخوں کو یونہی اٹھا کر ایک گلدان میں ٹھونس دیا جائے تو نتیجہ یہ ہوگا کہ اُن کے ڈنٹھل تنے رہیں گے شاخیں

اور ڈنٹھل بھی سخت نہیں ہونے چاہئیں۔ ایک میز پر تین سے لے کر سات گلدان رکھئے۔ ان کی تعداد میز کے سائز پر منحصر ہے کیونکہ اگر ایک میز پر زیادہ گلدان ہوں گے تو میز پرانیا رلگا نظر آئے گا۔ جس طرح پھول منڈی میں ہوتا ہے گلدان رکھنے کے پائے مختلف سائز کے ہوں تو بہتر ہے۔ یہ پائے تین چار انچ سے لے کر دو تین فٹ کے ہو سکتے ہیں تاکہ مختلف گلدان مختلف اونچائی پر نظر آئیں اور سارے منظر میں توازن اور ویسی ہی ہم آہنگی پیدا ہو جائے جس طرح کسی تصویر میں ترکیبی اکائی اور وحدتِ مضمون کا تاثر پیدا کیا جاتا ہے ــــــ ایک طریقہ یہ دیکھا ہے کہ درمیانی گلدان کو اونچا رکھا جاتا ہے اور اس کے دونوں طرف دو گلدان نیچی سطح پر رکھے ہوتے ہیں۔ یا یہ کہ سامنے نیچی سطح پر ایک گلدان ہو اور اس کے پیچھے ایک کو اونچا رکھا جاتا ہے۔ یا یہ کہ گلدانوں کو تناسب کے اعتبار سے جوڑا جوڑا کر کے رکھا جاتا ہے۔ یہ سارے دستور ایسے ہیں جنھیں عامیانہ زبان میں "شاندار فضولیات" کہا جائے تو بے جا نہیں۔ گلدانوں کو مناسب جگہ پر رکھنے اور انھیں سجانے کا دارومدار صرف اس بات پر ہے کہ آپ میں کسی تصویر کے ترکیبی عناصر کو ہم آہنگ کرنے کا مذاق ہے یا نہیں۔

بعض اوقات پھولوں کو کھلے پیالوں اور طشتریوں میں سجایا جاتا ہے۔ ان میں پھولوں کو سہارا دے کر کھڑا کرنے کا عام طریقہ یہ ہے کہ مصفا بِرزے کو خاص قسم کی چھال، تیل اور میدے میں ملائیں اور گرم راکھ پر اس کو گرم کریں حتیٰ کہ یہ ایک قسم کی سریش بن جائے۔ اس سریش سے تانبے کے ایک ٹکڑے پر چند کیل چپکا دیجئے اس طرح کہ کیلوں کو ٹوپیوں کی طرف سے چپکایا

سے لطف اٹھانے کی نعمت سے اپنی مصروفیات کی بنا پر محروم ہو جاتے ہیں۔ لہٰذا قدرت
کی مہربانی ہے کہ گوشہ نشین اہل علم کو ان سے لطف اٹھانے کا موقع مل جاتا ہے بلکہ ان
کا تمامتر حسن و خوبی اہل علم ہی کے لئے مخصوص ہے۔ ٹیو آن نے یہ تشریح بھی کر دی ہے
کہ گلدانوں میں سجے پھولوں کا لطف اٹھانا کوئی قدرتی چیز نہیں۔ چونکہ جو لوگ شہروں میں
رہنے پر مجبور ہیں وہ پودوں پر لگے پھولوں کا لطف اٹھانے سے محروم ہیں اس لئے
وہ گلدانوں کے پھولوں پر اکتفا کر سکتے ہیں۔ چنانچہ گلدانوں سے لطف اٹھانے میں انسان
کو پہاڑوں اور جھیلوں کی جنت نظارہ کو بھول نہیں جانا چاہیئے جو اصل چیز ہے۔

وہ کہتا ہے کہ اپنے کمرے میں پھول سجانے کے بارے میں بڑی احتیاط سے کام
لینا چاہیئے۔ بہت سی قسموں کے پھول کمرے میں رکھنے کے بجائے یہ بہتر ہے کہ کمرہ پھولوں
سے عاری رہے۔ اُن نے ان ابتدائی شرطوں کے بعد بڑی تفصیل سے بتایا ہے کہ پھول
کو کانسی اور مٹی کے کس کس قسم اور کس کس نوع کے گلدانوں میں سجانا چاہیئے۔ ان میں دو
قسمیں ممتاز کی گئی ہیں، کہ جو لوگ صاحب حیثیت ہوں اور جن کے پاس ہان خاندان
کے وقتوں کے نادر اور منقش گلدان موجود ہوں اور جن کے گھروں میں بڑے بڑے
کمرے بھی ہوں انہیں لازم ہے کہ بڑے بڑے پھول اور لمبی شاخیں...... بڑے
بڑے گلدانوں میں سجا کر رکھیں۔۔۔ اس کے برعکس اہل علم لوگوں کے ہاں چھوٹے گلدانوں
کے اندر چھوٹی شاخیں اور مختصر پھول ہونے چاہئیں۔ اور ان کا انتخاب بھی نہایت احتیاط
سے کرنا چاہیئے۔ ٹیو آن نے صرف شقائق اور کنول کو مستثنیٰ قرار دیا ہے کیونکہ یہ دونوں
پھول بڑے ہیں۔ اس لئے ان کو بڑے گلدانوں ہی میں رکھنا مناسب ہوگا۔

پھولوں کو گلدانوں میں سجانے میں ٹیو آن کے نزدیک ان باتوں کا خیال
رکھنا لازم ہے:

آپس میں مل مِل رہیں گی، پھول اور پتے غلط زاویوں پر ہوں گے اور کوئی حسن پیدا نہیں ہوگا۔ اگر بالکل سیدھی شاخ کو ذرا سا ٹیڑھا کرنا ہو تو اس کے تنے کے عین وسط میں چاقو سے ذرا ایک شگاف دیجئے اور اس میں ننھا سا پتھر پھنسا دیجئے۔ یہ شاخ بڑے انداز سے جھک جائے گی۔ اگر شاخ بہت نرم و نازک ہو تو اِس جگہ مضبوطی کے لئے ایک دو پن لگا دیں۔ اِس طریقے سے بانس کی شاخیں، گھاس کی عام لمبی پتیاں اور جھاڑیوں کی شاخیں تک گلدانوں میں سجی نہایت عمدہ معلوم ہوتی ہیں۔ مثلاً ہرے بانس کی کسی شاخ کے ساتھ گوندنی کی شاخیں یا انگور کی ایک دو شاخیں اور گوکھرو اور گھاس کے پتوں کو نہایت خوبصورتی سے سجایا جا سکتا ہے اور اگر ان کی ترتیب ٹھیک ہو تو نہایت شاعرانہ تاثر پیدا کیا جا سکتا ہے۔"

## ۶۔ یوآن چنگ لانگ کے گلدان

پھول سجانے کے بارے میں چینی زبان میں بہترین کتاب یوآن چنگ لانگ کی ہے۔ سولھویں صدی کے اواخر کا یہ مصنف کئی اعتبار سے میرا محبوب مصنف ہے۔ پھول سجانے کے بارے میں اس نے جو کتاب لکھی ہے اس کا نام پنگ شیہ ہے۔ جاپان میں اِس کتاب کی بڑی قدر ہے بلکہ وہاں تو پھولوں کی ایک خاص طرزِ آرائش ہے جو "یوآن سکول" کے نام سے مشہور ہے۔ اپنی کتاب کے دیباچے میں وہ لکھتا ہے کہ خوش قسمتی سے پہاڑ، دریا، پھول اور بانس کے ہرے بھرے پیڑ شہرت اور اقتدار کے بھوکوں کی زد سے باہر ہیں۔ یہ لوگ پہاڑوں، دریاؤں، پھولوں اور پیڑوں

شکل میں لہراتی ہوئی نکلیں۔ اس صورت میں بہتر یہ ہے کہ پھولوں کے ڈنٹھل گلدان
کی لمبائی سے کچھ چھوٹے ہوں۔ ایک بات سے ہر حال میں احتراز لازم ہے
کہ گلدان، پھولوں کے مقابلے میں بہت زیادہ اہم نظر آئے۔ پھولوں کا انبار
لگا دینا بھی ٹھیک نہیں۔ چھوٹے گلدان میں پھول سجانے کے سلسلے میں یہ خیال
رکھئے کہ پھول گلدان سے کوئی دو دو انچ باہر نکلے نظر آئیں لیکن ان کے ڈنٹھل
گلدان کی لمبائی سے دو انچ کم ہوں۔ مثلاً آٹھ انچ کے تنگ ساخت کے گلدان
میں جو پھول لگائے جائیں ان کے ڈنٹھلوں کی لمبائی چھ انچ ہونی چاہئے۔
لیکن اگر گلدان کی ساخت چوڑائی پر مائل ہو تو پھولوں کے ڈنٹھل اس سے
کوئی دو انچ لمبے ہونے چاہئیں۔

جس کمرے میں پھول رکھے جائیں اس میں صرف ایک سادہ میز اور
بید کا کوچ ہو۔ میز چوڑی ہو، موٹی اور عمدہ لکڑی کی ہو اور اس کی سطح نہایت
صاف اور ہموار ہو۔ منقش میزیں جن کی جدولوں پر مینا کاری ہوئی ہو، سنہرے
کام کے کوچ اور وہ سٹینڈ جن پر گل بوٹے بنے ہوں ایسے کمرے میں ہرگز
نہیں رکھنے چاہئیں۔"

پھولوں کو "نہلانے" یعنی اُن کو پانی دینے کے سلسلے میں اسی مصنّف نے پھولوں کے
موڈ اور ان کے جذبات سے جس طرح گہری اور محبت بھری واقفیت کا ثبوت دیا
ہے اس کا ایک نمونہ ملاحظہ ہو:

"پھولوں پر خوشی اور غم کے موقعے آتے ہیں اور پھولوں کے سونے
کا بھی ایک وقت ہوتا ہے۔ اگر پھولوں کو صبح اور شام کو مناسب وقت پر نہلایا
جائے تو یہ پانی اُن کے لئے ابرِ رحمت بن جاتا ہے ـــــ ہلکے بادلوں اور ہلکی

"پھولوں کے سجانے میں زیادہ فراخدلی اور بخل، دونوں سے احتراز لازم ہے۔ ایک گلدان میں زیادہ سے زیادہ دو یا تین قسم کے پھول رکھے جائیں۔ ان پھولوں کی باہمی بلندی اور پستی میں حسنِ ترتیب ایسا ہو جیسا کسی عمدہ تصویر میں ہوتا ہے۔ گلدانوں کو جوڑوں میں یا ایک ہی بلندی پر یا ایک ہی سیدھی قطار میں ہرگز نہ رکھئے۔ پھولوں کو دھاگے سے باندھنا بھی نہیں چاہئے۔ کیونکہ پھولوں کا حسن اُن کی بے ترتیبی اور ان کے قدرتی اندازِ ترتیب میں ہے۔ گویا پھولوں کی ترتیب تو سنگ اُپ کی نثر کی طرح ہے جس کی روانی اپنی ہے اور جو جہاں چاہتی ہے رک جاتی ہے یا پھر لی پو کی نظموں کی طرح جن میں ضروری نہیں کہ قافیہ بند شعر ہی ہوں ــــ پھولوں کی ترتیب میں اصلی نفاست اسی کا نام ہے۔ اگر محض پتے اور شاخیں ہی ایک دوسرے سے مطابقت رکھیں لیکن رنگوں کا لحاظ نہ کیا جائے۔ مثلاً سرخ کو سفید کے ساتھ رکھ دیا تو ترتیب میں نفاست کی کیا گنجائش ہو سکتی ہے۔

شاخوں کے انتخاب میں یہ لحاظ رکھئے کہ شاخیں اعلیٰ اور نازک ہوں اور ان کو باہم گتھم گتھا کر کے نہ رکھئے۔ اس سلسلے میں یہ بھی خیال رہے کہ کوئی ایک پھول والی شاخ گلدان میں لگائیے۔ اگر دو قسم کی دو شاخیں ایک گلدان میں رکھنی ہیں تو یوں رکھئے کہ دو رنگ کے پھول ایک ہی شاخ پر کھلے ہوئے معلوم ہوں ــــ پھولوں کی مناسبت گلدان کی وضع و رنگ کے ساتھ بھی ضروری ہے۔ پھولوں کے ڈنٹھل اتنے لمبے ہوں کہ گلدان سے چار پانچ انچ بڑے ہوں۔ یوں فرض کیجئے کہ گلدان دو فٹ اونچا ہے اس کی کمر چوڑی ہے اور پیندا بھی چوڑا ہے تو پھر پھول کے ڈنٹھل کی پوری لمبائی دو فٹ چھ انچ یا سات انچ ہونی چاہئے ــ اگر گلدان لمبا اور پتلا ہے تو دو شاخیں لیجئے، ایک لمبی اور ایک چھوٹی، جو اس سے قوس کی

پھولوں کو نہلانے کا طریقہ یہ ہے کہ چشمے کا تازہ اور میٹھا پانی لیجئے
اور اسے دھیرے دھیرے ان پر ٹپکایئے جس طرح ایک ہلکی بوچھار یا پھوار
کسی بدمست شخص کو جگانے کے لئے اس پر ڈالی جاتی ہے یا جس طرح ہلکی
شبنم رات کو پودوں پر کے پھولوں کے نازک جسموں کے رگ و پے میں آہستہ
آہستہ رچتی جاتی ہے۔ پھولوں کو ہاتھ سے چھونا نہیں چاہیئے نہ انھیں انگلیوں
سے توڑنا چاہئے۔ یہ کام بے وقوف نوکروں یا گندی ماماؤں پر چھوڑنا بھی ٹھیک
نہیں ــــ آلوچے کے پھولوں کو گوشہ نشین اہل علم نہلائیں تو بہتر ہے۔ ہائے تانگ
کے پھولوں کو خوش رو اور خوش خو مہمان غسل دیں۔ شقائق کے پھولوں کو خوبصورت
لباس والی نوجوان لڑکیاں، انار کے شگوفوں کو مہ جبین لونڈیاں، تیج کے پھولوں
کو ذہین بچے اور کنول کے پھولوں کو دل ربا داشتہ عورتیں نہلائیں۔ گلِ داؤدی
کو غسل دینا اُن اہل کمال کا فرض ہے جنھیں قدیم بزرگوں سے محبت ہو ــــ مگر
جو پھول سرما میں کھلیں اُنھیں نہلانا نہیں چاہیئے بلکہ اُنھیں ریشم کی پتلی جالی اڑھا
کر رکھنا چاہیئے۔

یُو آن کا خیال ہے کہ پھول دوسرے پھولوں کے ساتھ ایک گلدان یا ظرف میں
اُن کے "معاون" یا اُن کی "لونڈی" بن کر مناسب نظر آتے ہیں ــــ قدیم چین کی ایک
معاشرتی خصوصیت یہ بن گئی تھی کہ کسی عالی خاندان کے ساتھ اس کی لونڈی عمر بھر نباہ کرتی
تھی۔ اسی بنا پر یہ تصور پیدا ہوا کہ خوبصورت خواتین اسی وقت حسن کا مکمل نمونہ نظر آتی ہیں
جب خوش شکل لونڈیاں بھی لازم طور پر اُن کی جِلو میں ہوں۔ گویا شرط یہ ٹھہری کہ بیگمات اور
لونڈیاں دونوں حسین ہوں۔ مگر اِس میں ذرا سا یہ بل تھا کہ بعض قسم کا حسن اور دلربائی بیگم سے
نہیں لونڈیوں سے مخصوص سمجھی جاتی تھی۔ جو لونڈیاں اپنے انداز اور اپنی صورت کے اعتبار

دھوپ کا دن، غروبِ آفتاب اور چاندنی، یہ سب اُن کی "صبحیں" ہیں۔ شدید طوفان، مینہ کے برستے جھالے، سورج کی بے رحم تپش اور شدید سردی — یہ پھولوں کے لئے "شامیں" ہیں — جب ان کے ڈنٹھل پیاری دھوپ میں نہائیں اور ان کے نازک جسم تیز ہوا سے محفوظ ہوں تو یہ پھولوں کی خوشی کا وقت ہوتا ہے — جب وہ مخمور یا خاموش اور تھکے ہوئے نظر آئیں یا جب دن کھر بھرا ہو تو یہ پھولوں پر غم کا وقت ہوتا ہے — اور جب اُن کے ڈنٹھل ایک طرف کو جھک جائیں اور اس طرح لٹکے رہیں جیسے وہ سیدھے کھڑے نہیں رہ سکتے تو سمجھ لیجئے کہ پھول سپنوں کی دنیا میں کھوئے ہوئے ہیں۔ جب پھول مسکراتے ہوئے نظر آئیں اور اپنی چمکتی ہوئی آنکھوں سے اِدھر اُدھر دیکھتے معلوم ہوں تو یہ جانئے کہ پھول نیند سے بیدار ہو گئے — تو گویا ان کی "صبحوں" میں اُنھیں بڑے بڑے خالی ایوانوں میں رکھئے۔ ان کی "شاموں" میں انھیں چھوٹے کمروں یا تنہا گوشوں میں رکھئے۔ جب وہ مغموم ہوں تو انھیں چپ چاپ دم سادھے بیٹھنا چاہئے۔ جب خوش ہوں تو انھیں مسکرانا اور شور مچانا اور ایک دوسرے کو ستانا چاہئے۔ جب وہ نیند سے اُٹھیں تو انھیں اپنا سنگار کرنا چاہئے۔ یہ سب کچھ اِس لئے ضروری ہے کہ پھول خوش وخرم رہیں اور ان کے جاگنے، سونے کے وقت باقاعدہ ہو جائیں۔ ان کی "صبحوں" میں ان کا نہلانا سب سے بہتر ہے۔ اِس سے دوسرے نمبر پہ "نہلانے" کا اچھا وقت وہ ہے جب پھول سو رہے ہوں۔ اور سب سے آخری وقت وہ ہے جب پھول خوش ہوں۔ ان کی "شاموں" میں انھیں نہلانا یا ان کی غمگینی اور اداسی کے لمحوں میں اُنھیں غسل کرانا ان کو سزا دینے کے برابر ہے۔

کی کوئی نادر قسم موجود ہے تو وہ بلند پہاڑیاں اور گہرے کھڈوں کو طے کرنے کی صعوبتیں خوشی سے برداشت کرتے۔ انھیں تھکن، گرمی یا سردی کا کوئی خیال نہ ہوتا۔ وہ اپنے جسموں سے بے پروا، کیچڑ اور مٹی میں لت پت سفر کرتے رہتے۔ جب کسی پودے میں کلیاں پھوٹتیں تو یہ پرانے قدردان اس پودے کے پاس چارپائی بچھا کر سوتے یا اسی پودے کے نیچے محض ایک تکیہ لے کر آرام کرتے اور یہ دیکھتے رہتے کہ پھول، نوخیز کلی سے لے کر شگفتہ اور جوان ہونے تک کن منزلوں سے گزرتا ہے اور پھر کیسے اس پر کملاہٹ رفتہ رفتہ چھاتی ہے اور یہ بالکل مُردہ کب ہو جاتا ہے۔ یہ لوگ ان میں سے تھے جو یا تو ہزاروں قسم کے پھول اپنے باغوں میں لگائیں گے اور یہ مطالعہ کریں گے کہ ان میں کیا کیا اختلاف، کیا کیا مشابہت ہے یا اپنا شوق پورا کرنے کے لئے اپنے کمرے میں مختلف قسم کے پھول رکھیں گے۔ ایسے بھی لوگ تھے جو سونگھ کر پھول کا نام بتا دیتے تھے۔ اور بعض لوگ تو پودوں کی جڑیں دیکھ کر حکم لگا سکتے تھے کہ اس پودے پر کس کس رنگ کے پھول آئیں گے —— یہ لوگ پھولوں کے سچے شیدائی اور اصلی قدردان تھے۔"

—— پھولوں کی قدردانی کے بارے میں وہ لکھتا ہے:

"پھولوں کا لطف چائے پینے کے وقت آتا ہے۔ اس کے بعد گفتگو کا نمبر ہے اور آخری درجے پر شراب ہے کہ مے نوشی کے ساتھ پھولوں کا مزہ ہے۔ ہر قسم کا بے مطلب شور و غوغا اور عامیانہ قسم کی فضول گفتگو پھولوں کی توہین ہے اور پھولوں کو ناراض کرنے سے یہ کہیں بہتر ہے کہ بیوقوف بن کر چپ چاپ بیٹھے رہو —— پھولوں کا مزہ لینے کیلئے مناسب

سے اپنی بیگمات کے ساتھ اچھی نہ معلوم ہوتیں ان کی مثال ایسی تھی جیسے شاندار محل کے ساتھ بُرے اصطبل جوڑ دیے گئے ہیں — یوآن نے اسی تصور کو پھولوں کے ساتھ بھی وابستہ کر دیا۔ اس نے قرار دیا کہ آلوچے کا پھول بیگم ہے اور اس کی لونڈی "سدا بہار" کا پھول ہے۔ ہائے تنگ کی لونڈی کا منصب سیب کے شگوفوں اور سوسن کو حاصل ہے یوآن نے اسی طرح شقائق اور گیندا اور باقی پھولوں (بیگمات) کے ساتھ ان کی لونڈیوں کی تخصیص کر دی ہے۔ وہ کہتا ہے کہ ہر "لونڈی" کا اپنا انداز دلفریبی ہے اور وہ دلبری اور سحر طرازی میں اپنی "بیگمات" کی طرح ایک سے ایک الگ ہیں — اس تقسیم سے یہ مراد نہیں کہ اس "لونڈی" قسم کے پھولوں کو ادنیٰ درجے کا شمار کیا گیا ہے۔ کیونکہ یہ پھول اُن خادماؤں سے مقابلہ کرتے ہیں جو تاریخی حیثیت رکھتی ہیں۔ مثلاً نرگس آسمانی دوشیزہ کی لونڈی لیانگ کی طرح سراسر آسمانی حُسن کا مرقع ہے۔ اسی طرح گلاب اور سدا بہار شیہ اور یانگ جیسے عالی مرتبت خاندانوں کی لونڈیوں سیانگ فنگ اور جنگ وان کی طرح شاداب اور جوان ہیں اور شان فان کا پھول اُسی طرح نفیس اور رومانی انداز کا ہے جس طرح مشہور راہبہ اور شاعرہ یوشوآنچی کی خادمہ تھی۔

یوآن نے اس بات پر زور دیا ہے کہ جو شخص کسی شعبے یا کسی کام میں کمال پیدا کرتا ہے (چاہے وہ شطرنج کھیلنے کا کمال ہی کیوں نہ ہو) وہ اُس کام سے جنون کی حد تک محبت کرتا ہے۔ یوآن نے اس بنیادی حقیقت کو پھولوں کی پسندیدگی اور پھولوں سے محبت کرنے کے سلسلے میں یوں منطبق کیا ہے:

"میں نے دیکھا ہے کہ جو لوگ گفتگو میں پھسڈی اور دیکھنے میں بُرے ہیں وہی لوگ ہیں جن کا کوئی مشغلہ نہیں ہوا کرتا اور جنھیں کسی چیز کا شوق نہیں ہوتا — قدیم بزرگوں کا یہ حال تھا کہ اگر سن پاتے کہ فلاں جگہ پھولوں

۳۔ قدیم تپائیاں،
۴۔ سونگ عہد کے خاص پتھر،
۵۔ شمشاد کے درختوں پر ہوا کی لہریں اور دریا کا ہلکا شور،
۶۔ گھر کا مالک مشغلوں کا رسیا اور شعر و سخن کا شیدائی ہو،
۷۔ وہ چلتا پھرتا درویش اس گھر میں آئے جسے چائے کا صحیح ذوق ہو،
۸۔ چن چاؤ شہر کا باشندہ عمدہ شراب لے کر اس جگہ آئے،
۹۔ کمرے میں جو مہمان موجود ہوں وہ نہایت نفیس مزاج اور صورت دار ہوں،
۱۰۔ بہت سے پھول پوری طرح کھلے ہوں،
۱۱۔ گھر میں ایسا دوست آیا ہو کہ رنج اس کے پاس نہ پھٹکے،
۱۲۔ گھر کے لوگ ان پرانی کتابوں کی نقلیں تیار کریں جن میں پھولوں کی کاشت
ا ذکر ہو،
۱۳۔ رات کے پچھلے پہر تک چائے کی کیتلی گنگناتی رہے،
۱۴۔ گھر کی بیوی یادداشتہ پھولوں کی کہانیاں مرتب کرتی ہو۔
اب ذرا وہ حالتیں ملاحظہ ہوں[۱] جو پھولوں کی ناراضی اور توہین کا موجب بن
سکتی ہیں؛
گھر کا مالک ہمہ وقت مہمانوں کی آؤبھگت میں لگا رہے،

---

[۱] چینی ادبا معمولی حساب کی پروا نہیں کرتے تعداد کا جب ذکر کرتے ہیں تو تخمینہ اور اندازہ ہی سامنے رکھتے ہیں۔
یں سنے یوآن کی اس کتاب کے قریب قریب ہر اُس نسخے کو دیکھا جو مجھے دستیاب ہو سکا لیکن یہ ۲۳ نکات گنتی
یں پورے نہ ہو سکے اور پھر گنتی اتنی اہم چیز بھی نہیں کیونکہ حسابی تعین چھوٹے ظرف اور گھٹیا دماغ کو ہی
بھاتا ہے عالی ظرف لوگ اس کی پروا نہیں کرتے۔ (مصنف)

جگہ اور مناسب وقت ہوتا ہے۔ مناسب فضا اور حالات کے بغیر پھولوں
سے لطف اٹھانے کی کوشش کرنا پھولوں کی بے حرمتی کرنا ہے۔ سرما کے
پھولوں کا لطف برفباری کے آغاز میں آتا ہے یا جب برف گرنے کے بعد
مطلع کھل گیا ہو یا جب چاند تازہ تازہ نکلا ہو یا پھر ان پھولوں کا مزہ گرم
کمرے میں آتا ہے۔ بہار کے پھولوں کا لطف صاف دنوں یا ذرا سے خنک
دنوں میں کسی خوبصورت کمرے میں آتا ہے۔ گرما کے پھولوں سے بارش کے
بعد ٹھنڈی ہوا کے جھونکوں میں، عمدہ درختوں یا بانس کے پیڑوں کے سائے
تلے، یا لبِ آب جو لطف اٹھانا چاہیئے۔ موسمِ خزاں میں خنک چاندنی یا سنگین
کمرے کے ایک سرے پر بیٹھ کر یا باغ کی کسی پگڈنڈی پر بیٹھ کر یا سنگین چٹانوں
اور بیلوں کے پاس بیٹھ کر پھولوں کا لطف اٹھانا چاہیئے۔ اگر آپ پھولوں
کو اس وقت دیکھیں جب آپ کو ہواؤں، سورج اور مختلف مقامات کی
موزونی کا کوئی خیال نہ ہو یا آپ کے خیالات کہیں اور ہوں تو پھر سارا مقصد
فوت ہو جاتا ہے۔ پھر قحبہ خانوں اور شراب خانوں کی فضا میں پھولوں کا
"لطف اٹھانے" کی کوشش کرنے اور اس حالت میں کیا فرق رہ گیا؟

یو آن نے اپنی کتاب میں یہ بھی بتایا ہے کہ وہ شرطیں اور "حالات" کیا ہیں جن سے
پھول خوش ہوتے ہیں۔ یہ ۱۴ نکات ہیں۔ پھر اس نے وہ ۲۳ نکات بھی بیان کئے ہیں
جن سے پھولوں کی توہین ہوتی ہے ـــــ پہلے پھولوں کے لئے پسندیدہ ماحول کی ۱۴
شرائط ملاحظہ ہوں:

۱۔ روشن دریچہ،
۲۔ صاف کمرہ،

اِس کمرے میں پھول رکھے جائیں جو شراب کی دکان کا ہم دیوار ہو،
کمرے میں ایسے قصیدے آویزاں ہوں جن میں جھوٹی خوشامد کی گئی ہو،

## ۷۔ چانگ چاؤ کے مقولے

یہ ظاہر ہو چکا ہے کہ فطرت کے مظاہر سے لطف اٹھانا صرف آرٹ اور مصوری تک محدود نہیں۔ کیونکہ فطرت انسان کی ساری زندگی میں حصّہ گیر ہے۔ فطرت کل آوازوں رنگوں، صورتوں کیفیتوں اور فضاؤں کا مجموعہ ہے۔ انسان مشاہدہ کرنے والا یہ فن کار اپنی طبیعت کے مطابق فطرت کا کوئی منظر، اُس کی کوئی آواز اس کا کوئی رنگ ڈھونڈ لیتا ہے جو اس کی طبیعت کے ساتھ میل کھائے اور پوری طرح اِس سے ہم آہنگ ہو جائے۔ چین کے نثر نگاروں اور شاعروں کا فطرت کے بارے میں یہی نظریہ ہے میرے نزدیک اِس نظریے کا بہترین اظہار چانگ چاؤ کے اقوال، اس کی انشا میں ملتا ہے سترھویں صدی کے درمیانی برسوں کا یہ ادیب اپنی کتاب یومن جنگ ( میٹھے سپنوں کے سائے ) میں اِسی اندازِ نظر کے شاہکار پیش کرتا ہے۔ یہ کتاب ادبی مقولوں کا مجموعہ ہے۔ ایسے کئی اور مجموعے بھی چینی زبان میں ملتے ہیں، مگر چانگ چاؤ کا کوئی حریف نہیں۔ اس کی یہ کتاب چینی ادب میں اتنی مقبول ہے کہ بہت سے چینی عالموں نے اس پر اسی کے انداز میں حاشیے لکھے ہیں اور یہ حاشیے بھی شگفتگی اور سادگی کے شاہکار ہیں۔ میں آپ کے سامنے چانگ چاؤ کے بہترین مقولوں کا ترجمہ پیش کرتا ہوں۔ یہ مقولے خاص طور پر فطرت کے مظاہر کا لطف اٹھانے سے متعلق ہیں —— انسانی زندگی کے بارے میں بھی اس کے کچھ مقولے بڑے خوبصورت ہیں اور میرے موضوع سے

کوئی بے وقوف نوکر گلدان میں کچھ اور پھولوں والی شاخیں اُڑس دے اور
پھولوں کی ساری ترتیب خراب کر دے،
گھر میں آمد و خرچ کے حسابات کئے جائیں،
گھر میں کوئی شخص ایسا ہو جو قافیے، لغت کی کتاب سے دیکھ دیکھ کر تک بندی
کرتا ہو،
گھر میں اِدھر اُدھر کتابیں بُری حالت میں بکھری پڑی ہوں،
عام قسم کے عبادت گزار بھی معرفت کی باتیں کریں،
دریچے کے باہر کتے لڑتے رہیں،
آوارہ لڑکے گلی میں گاتے پھریں،
باہر سے عامیانہ گانوں کی آواز آتی رہے،
بدصورت عورتیں پھول توڑ توڑ کر انھیں اپنے بالوں میں سجائیں،
پھولوں کی موجودگی میں لوگ منصبی ترقی اور تنزل کی بات چیت کریں،
پھولوں کی موجودگی میں جھوٹا اظہارِ محبت کیا جائے،
پھولوں کی موجودگی میں فرمائشی نظمیں کہی جائیں،
پھول کھلنے کا موسم آجائے اور مالک مکان نے اپنے قرض نہ اتارے ہوں،
پھولوں کے سامنے کیانگ سو کی جعلی اور نقلی تصویریں رکھی جائیں،
پھولوں کے سامنے چوہے اپنی منحوس تھوتھنیاں دکھائیں،
کمرے میں کیڑوں کے رینگنے کے گندے نشانات ہوں،
پھولوں کی موجودگی میں بدتمیز نوکر کمروں میں لیٹے رہیں،
شراب کی محفل میں تفریحی کھیل شروع ہوں اور شراب ختم ہو جائے،

سیدھی سادی نظر آنی چاہئیں۔ بانسوں کے پیڑ کے پاس چٹانیں کچھ لمبی اور "چھریری" معلوم ہوں تو ٹھیک ہے اور پھولوں کے ٹبے گملے میں پتھر کے جڑ کر ٹکڑے رکھے جائیں وہ نہایت خوبصورت معلوم ہونے چاہئیں۔

سرسبز پہاڑیوں سے نیلا پانی آتا ہے کیونکہ یہ پانی انھیں پہاڑیوں سے اپنا رنگ مستعار لیتا ہے۔ عمدہ شراب اچھی نظمیں پیدا کرتی ہے کیونکہ شاعری شراب سے وجدان حاصل کرتی ہے۔

آئینہ جب کسی بدصورت کا سامنا کرتا ہے، کوئی نایاب پتھر جب کسی فضول اور بازاری شخص کے ہتھے چڑھ جاتا ہے اور جب عمدہ تلوار کسی گھٹیا جرنیل کے ہاتھ میں آتی ہے تو اِن حالات کا کوئی مداوا نہیں ہو سکتا۔

## ب۔ پھول اور عورتیں

پھولوں کو کملاتے، چاند کو اُفق کی گہرائی میں ڈوبتے اور خوبصورت عورتوں کو جوانی میں مرتے دیکھنا نہیں چاہیے۔

پھولوں کو اس وقت دیکھنا چاہیے جب وہ پوری طرح شگفتہ ہوں۔ چاند کے پورے ہونے کا انتظار کر کے اسے کامل صورت میں دیکھنا چاہیئے۔ کتاب لکھنی شروع کرو تو اِس کی تکمیل کا مرحلہ بھی دیکھو۔ اور مرنغا عورتوں کی دید کا صحیح وقت وہ ہے جب، وہ خوش ہوں ورنہ سارا مزہ ہوا ہو جاتا ہے۔

حسین عورتوں کو صبح کے وقت سنگار کرتے دیکھو جب انھوں نے رخساروں پر غازہ مل لیا ہو۔

ایسے چہرے بھی ہوتے ہیں جو بدصورت ہونے کے باوجود نظروں پر بار نہیں

گہرا تعلق رکھتے ہیں۔ اس لیئے میں آخر میں ان کا ترجمہ بھی درج کر رہا ہوں۔

۱۔ کیا کیا مناسب ہے۔

یہ بے حد ضروری ہے کہ پھولوں کے پاس تتلیاں، پہاڑوں سے چشمے اور جھرنے پھوٹیں اور چٹانوں پر کائی کی تہیں ہوں۔ اونچے درختوں کے ساتھ بل کھاتی ہوئی بیلیں لپٹی ہوں اور ہر انسان کسی نہ کسی مشغلے کا مالک ہو، کوئی نہ کوئی شوق رکھتا ہو۔

پھولوں کا لطف حسینوں کے جھرمٹ میں اٹھانا چاہیئے۔ دلنواز دوستوں کی صحبت میں چاندنی رات ہی کو شراب پینی چاہیئے اور عالی خیال علما کی صحبت میں برف کی چمک دمک کا لطف اٹھانا چاہیئے۔

پھولوں کے پودے لگانا تتلیوں کو قریب آنے کی دعوت دینا ہے۔ چٹانوں کے انبار لگا دیں تو بادل آتے ہیں۔ شمشاد اور صنوبر کے درخت لگائیں تو ہواؤں کو آنے کا موقع ملتا ہے۔ پانی کا تالاب بنائیں تو مرغابیوں کے چھپنے کے لئے سرکنڈے اگنے کا سامان ہو جاتا ہے۔ کیلے کا درخت بارش کے لئے دعوت نامہ ہے اور بید مجنوں کا پودا لگانا نغمہ سنج پرندوں کو بلانے کا بہانہ ہے۔

کسی مینار کی چوٹی پر چڑھ کر پہاڑیوں کو دیکھیں تو ان کے متعلق اس وقت ہمارا تاثر بالکل مختلف ہو گا۔ شہر پناہ سے برفباری کو دیکھنا، شمع کی روشنی میں سے چاند کو دیکھنا، کشتی میں بیٹھ کر رنگین بادل دیکھنا، کمرے میں کسی خوبصورت عورت کو دیکھنا عام حالات کی بہ نسبت بالکل مختلف جذبات پیدا کرتا ہے۔

آلوچے کے پیڑ کے پاس جو چٹانیں رکھی جائیں وہ اگر دیکھنے میں بڑی پرانی معلوم ہوں تو مناسب ہے۔ جو چٹانیں صنوبر کے درخت کے پاس ہوں وہ دیکھنے میں

دلاتا ہے۔ گلِ داؤدی ہمیں سادہ مزاج بناتا ہے اور کنول کو دیکھ کر انسان میں اطمینان کا جذبہ پیدا ہوتا ہے۔ بہار میں کھلنے والا ہائے تانگ شہوانی جذبات بیدار کرتا ہے۔ گلِ شقائق آدمی کے دل میں عورت کا احترام اور اس کی قدر پیدا کرتا ہے۔ بانس اور کیلے کے پیڑ انسان کو دلنواز بناتے ہیں۔ خزاں کا ہائے تانگ انسان میں بانکپن پیدا کرتا ہے۔ صنوبر کا درخت انسان کے دل میں گوشہ نشینی کے خیالات کو جگہ دیتا ہے۔ بیدِ مجنوں آدمی کو جذباتی بنا دیتا ہے۔

اگر کسی مہ لقا عورت کا چہرہ پھول کی طرح شگفتہ، اس کی آواز پرندے کی طرح نغمہ ریز، اس کی روح چاند کی طرح حسین اور اس کے چہرے مہرے چال ڈھال میں بیدِ مجنوں کا سا بانکپن اور لچک ہو، اس میں وہ دلفریبی ہو جو خزاں کے موسم میں اتھلی جھیلوں میں نظر آتی ہے، اس کی ہڈیاں سیپ کی طرح رنگین اور اس کی جلد برف کی طرح سفید اور پاکیزہ ہو اور اس کا دل شعر کی طرح لطیف ہو تو میں مکمل طور پر مطمئن ہو جاؤں۔

[ چینی عالموں کی طرح اور اس کتاب پر حاشیہ لکھنے والوں کی طرح میں بھی یہ کہوں گا کہ "میرا بھی صاد ہے بالکل بجا فرمایا آپ نے!" —— (مصنف) ]

اگر اس دنیا میں کتابیں نہ ہوتیں تو خیر دوسری بات تھی۔ مگر کتابیں چونکہ موجود ہیں اس لئے اُن کا پڑھنا ضروری ہے۔ اگر دنیا میں شراب نہ ہوتی تو کیا کہا جا سکتا تھا۔ مگر دنیا میں چونکہ شراب موجود ہے اس لئے اِسے پینا چاہیے۔ اگر دنیا میں مشہور پہاڑ نہ ہوتے تو بات اور تھی۔ مگر اب کہ یہ پہاڑ موجود ہیں تو ان کو جا کر دیکھنا لازم ہے۔ اگر دنیا میں پھول اور چاند نہ ہوتے تو کچھ کہنے کی کوئی گنجائش نہ تھی مگر دنیا میں پھول بھی ہیں اور چاند بھی۔ اس لئے دونوں کا لطف اٹھانا چاہیے —— اگر دنیا میں صاحب کمال اور ذوی فہم مرد اور حسین عورتیں نہ ہوتیں تو کیا عرض کیا جا سکتا تھا۔ لیکن

گزرتے۔ ایسے چہرے بھی ہیں جو کریہہ تو نہیں ہوتے لیکن ان کی طرف دیکھا نہیں جا سکتا۔
ایسی تحریریں بھی ہیں جو گرامر کی پابند نہ ہوتے ہوئے بھی بڑی پیاری اور دلآویز ہوتی ہیں اور ایسی تحریریں بھی ہیں جو صرف و نحو کے اعتبار سے بالکل درست ہوتی ہیں لیکن اُن سے گھِن آتی ہے ——— یہ نکتہ سطحی لوگوں کو کیونکر سمجھاؤں؟

اگر آپ پھولوں سے بھی اُسی طرح پیار کریں جس طرح حسین عورتوں کو چاہا جاتا ہے تو پھولوں میں خاص دلآویزی محسوس ہونے لگے گی اور اگر حسین عورتوں سے اُسی طرح پیار کیا جائے جس طرح پھولوں سے کیا جاتا ہے تو انسان کے دل میں خاص قسم کی نزاکت احساس، نرمی اور شفقت پیدا ہو جائے گی۔

حسین عورتیں پھولوں سے کہیں بہتر ہیں کیونکہ وہ اِنسان کی زبان تو سمجھتی ہیں۔ اور پھول حسین عورتوں سے اچھے ہیں کہ خوشبو دیتے ہیں ——— اگر ایک ہی وقت میں یہ دونوں حاصل نہ ہو سکیں تو خوشبو دار حُسن کے بجائے متکلّم حُسن کو ترجیح دیجئے اور اسے اپنایئے۔

اگر پھولوں کو گہرے قرمزی رنگ کے ظروف اور گلدانوں میں سجانا ہے تو اس طرح سجایئے کہ گلدانوں کے سائز اور ان کے رنگ اور ان کی بلندی سے پھولوں کو مناسبت ہو اور ان کا رنگ پھولوں کے رنگ کے عین الٹ ہو۔

بہت سے پھول دلفریب اور حسین ہوتے ہیں مگر ان میں خوشبو نہیں ہوتی۔ جن پھولوں میں پتّیوں کی تہوں پر تہیں ہوں وہ عام طور پر بناوٹ کے اعتبار سے خوش نظر نہیں ہوتے ——— افسوس ہے کہ کامل چیز بہت نایاب ہے۔ صرف کنول کے پھول میں یہ دونوں خوبیاں یکجا ہو گئی ہیں۔

آلوچے کے پھول اِنسان کو عالی خیال بناتے ہیں نسترن تنہائی کا احساس

آدمیوں اور خوبصورت عورتوں کے ساتھ تقدیر کی گردشوں کا خوف کرنا اپنے سینے میں مہاتما بدھ کا دل رکھنے کے برابر ہے۔

اگر دنیا میں ایک بھی ہم نفس دوست یا ہمدم و ہمدرد میسر آجائے تو انسان اطمینان سے مرسکتا ہے۔

ایک پرانے ادیب کا قول ہے کہ اگر دنیا میں پھول اور خوبصورت عورتیں نہ ہوتیں تو میں اس دنیا میں پیدا ہونے کی خواہش ہی نہ کرتا —— میں یہ اضافہ کردوں گا کہ اگر دنیا میں قلم دوات شطرنج اور شراب نہ ہوں تو مجھے مرد پیدا ہونے کا کوئی فائدہ نہ ہوتا۔

پہاڑوں کی سرسبزی، پانی کا گنگنانا، چاندنی کا رنگ، پھولوں کی خوشبو، ادیبوں کی دلفریب شخصیتیں اور حسین عورتوں کا حسن دید ایسی چیزیں ہیں جو لفظوں میں سما نہیں سکتیں اور نہ اظہار ہی میں آسکتی ہیں۔ آدمی اُن کا خیال کرتے کرتے انہیں کے سپنے دیکھنے میں کھو جاتا ہے اور ان کے تصوّر میں اس کی بھوک پیاس بھی مٹ جاتی ہے۔

برف کو دیکھ کر ذہن میں عالی خیال عالم کا خیال آتا ہے۔ پھول حسین عورتوں کی یاد دلاتے ہیں۔ شراب تلوار کے دھنی کی یاد دلاتی ہے اور چاندنی دوستوں کی یاد دلاتا ہے۔ پہاڑ اور بہتا پانی عمدہ شعر اور اچھی نثر کی یاد دلاتے ہیں۔

قدرتی مناظر اس زمین پر بھی ہیں، تصویروں میں بھی ہیں، ہمارے خوابوں میں بھی ہیں اور ہمارے سینوں میں بھی ہیں۔ اس سرزمین کے قدرتی مناظر کا حسن گہرائی اور خطوط کی بے قاعدگی میں پنہاں ہے تصویروں میں قدرتی مناظر کا حسن آزادیٔ اظہار اور رنگوں، مو قلم اور سیاہی کی شوخیٔ ادا اور شکوہِ انداز میں پنہاں ہے۔ سپنوں میں قدرتی مناظر کے حسن کا راز ہر آن بدلتی ہوئی کیفیت میں ہے اور جو قدرتی مناظر ہمارے سینوں میں ہیں اُن کا حسن اس بات میں مضمر ہے کہ ہر چیز اپنی اپنی مناسب جگہ

دونوں کا وجود چونکہ اس دنیا میں ہے اس لیئے اِن عورتوں سے محبت اور ان مردوں کی حفاظت لازم ہے۔

آئینہ بدصورت عورتوں کا دشمن کیوں نہیں؟ اِس لئے کہ آئینہ جذبات سے عاری ہے اگر اس میں جذبات ہوتے تو اس کے ٹکڑے ٹکڑے کر دئے جاتے۔

گملے میں لگا لگایا اچھا پھول خریدیں تو اِس کے لئے بھی دل میں جگہ ہوتی ہے۔ تو پھر "متکلّم پھولوں" (عورتوں) کے لئے دل میں کتنی جگہ، کتنی نزاکتِ احساس ہونی چاہیئے؟

شراب اور شعر کے بغیر پہاڑوں اور چشموں کا وجود بیکار ہوتا ہے۔ خوبصورت عورتوں کی موجودگی کے بغیر پھول اور چاندنی، دونوں بے مصرف تھے۔ وہ لوگ جن میں جوہر ہو اور جنہیں خدا نے حسنِ صورت بھی عطا کیا ہو، اور وہ خوبصورت عورتیں جو عالم بھی ہوں کبھی زیادہ عمر نہیں پاتیں ـــــ نہ صرف اِس لئے کہ دیوتا اُن سے حسد کرتے ہیں بلکہ اِس لئے بھی کہ ایسے لوگ ایک نسل کے لئے اور ہر زمانے اور ہر دور کے لئے بھی مایۂ ناز ہوتے ہیں۔ اِس لئے خدا اُنھیں دنیا میں زیادہ دیر رہنے نہیں دیتا مبادا ان کی توہین یا بے حرمتی ہو۔

## ج - پہاڑ اور پانی

کائنات میں جو چیزیں انسان پر بہت گہرا اثر ڈالتی ہیں، یہ ہیں:

آسمان پر چمکتا ہوا چاند اور موسیقی، پرندوں میں کو کو کرنے والی کوئل اور پودوں میں بیدِ مجنوں کا پیڑ۔

چاند کے ساتھ مل کر بادلوں کا اندیشہ کرنا، کتابوں کے ساتھ ایک ہو کر کاغذ چاٹنے والے کیڑے کی فکر، پھولوں کے ساتھ مل کر طوفانوں کا ڈر اور صاحب جوہر

تلوّن کا ایک کرشمہ ہے۔

پرانے لوگ سرما کو باقی کے تین موسموں کے لئے "فالتو یا زائد" (یعنی آرام کا) موسم گردانتے تھے۔ میرا خیال ہے کہ گرمیوں کو "تین فالتو موسموں کا موسم" سمجھنا چاہئے۔ گرما کی صبح کو اٹھنا، رات کا فالتو حصّہ ہے۔ گرما کی رات کو زیادہ دیر بیٹھے رہنے اور نہ سونے کو دن کا زائد حصّہ گردانا چاہئے۔ اور سہ پہر کی نیند، سماجی میل جول کا زائد حصّہ ہے۔ مجھے واقعی بقولِ شاعر "گرما سے محبّت ہے"۔

اپنے آپ پر خزاں کی مانند قابو ہونا چاہئے اور ہر معاملے کو بہار کے انداز میں سلجھانا چاہئے۔

اچھی نثر اور نظمیں، خزاں کی روح سے شرابور ہونی چاہئیں اور اچھے سازوں اور ڈرامائی نظموں میں بہار کی روح جھلکتی ہوئی چاہئے۔

۳۔ آوازیں

پرندوں کا نغمہ بہار کے موسم میں اور جھینگروں کا گیت گرما میں سننا چاہئے۔ خزاں میں ننھے منّے کیڑوں کی آوازیں اور سرما میں برفباری کی صدا سننا چاہئے۔ دن میں شطرنج کھیلنے کی آواز، چاندنی رات میں بانسری کا نغمہ، پہاڑوں پر صنوبر کے درختوں کی سرسراہٹ اور لبِ دریا لہروں کے ہلکوروں کی آواز سننی چاہئے۔ اگر یہ صدائیں آپ سن لیں تو سمجھ لیجئے کہ آپ کا جینا اکارت نہیں گیا۔ لیکن جب کوئی بازاری شخص بازار میں جھگڑا کرے اور شور و غوغا مچائے یا جب گھر کی بی بی، میاں کی خبر لینی شروع کرے تو اِن آوازوں کو سننے کے بجائے بہرا بن جانا بہتر ہے۔

مرغابیوں کی صدائیں سننے سے یہ احساس ہوتا ہے گویا ہم نانکنگ میں ہیں۔

موجود ہے۔

سفر کرتے ہوئے جن مقامات سے گزریں اُن کے حُسن و خوبی کے سلسلے میں زیادہ مین میخ نکالنے کی ضرورت نہیں۔ مگر جہاں زندگی بھر رہنا ہو اُن جگہوں کے حسن و خوبی کو بڑے اعلیٰ معیار پر پرکھنا چاہیئے کیونکہ ان جگہوں کا تو ہر وقت سامنا رہیگا۔

بانس کی کونپل سبزے میں اپنی نوعیت کی واحد چیز ہے۔ لیچی کا پھل پھلوں میں منفرد ہے۔ آبی جانوروں میں کیکڑا انوکھی چیز ہے۔ کھانے پینے کی چیزوں میں شراب عجیب و غریب چیز ہے۔ آسمان پر چاند اپنی وضع کا تنہا مالک ہے۔ پہاڑوں اور پانیوں میں مغربی جھیل منفرد ہے۔ سونگ عہد کا رباب آلاتِ موسیقی میں اور یوآن کی ڈرامائی نظمیں ادب میں انوکھی چیزیں ہیں۔——

مشہور پہاڑوں اور دریاؤں کو دیکھنے کے لئے قسمت چاہیئے۔ جب تک مقدّر کو منظور نہیں ہوتا ہمیں ان کو دیکھنے کا وقت ہی نہیں ملتا، چاہے یہ چیزیں ہم سے صرف دس بارہ میل دور ہوں۔

آئینے میں جو عکس پڑتے ہیں وہ پورے رنگوں کی تصویریں ہوتی ہیں۔ لیکن جو عکس (یعنی سائے) چاندنی میں پڑتے ہیں وہ یک رنگی تصویریں ہوتے ہیں۔ آئینے میں نظر آنے والے عکس ایسی تصویریں ہیں جن کے خطوط ٹھوس ہوتے ہیں۔ اور چاند کی روشنی میں نظر آنے والے عکس "بے ہڈی کی (غیر مرئی) تصویریں" ہیں۔ چاند کی روشنی میں پہاڑوں اور دریاؤں کے عکس آسمان پر جغرافیے کے باب ہیں اور پانی میں چاند تاروں کے عکس زمین پر فلکیات کا مطالعہ۔

## د۔ بہار و خزاں

بہار آسمان کی طبیعت کا قدرتی رنگ ہے اور خزاں اس طبیعت کے

بین اور مرثیے کی مثل ہے۔

بہار کے موسم میں برشگال کا دن مطالعے کے لئے موزوں ہوتا ہے۔ گرما میں برستی بارش کا دن شطرنج کھیلنے کے مناسب ہے اور خزاں کی برکھا کے دن میں پرانے صندوقوں اور سامان کے کمروں میں رکھی ہوئی چیزوں کا جائزہ لینا، انھیں ترتیب دینا موزوں ہوگا۔ سرما میں بارش کا دن صرف شراب پینے کے لئے موزوں ہے۔

—میں مینھ دیوتا کو خط لکھوں گا اور اسے بتاؤں گا کہ بہار میں بارش پہلے چاند کی پندرھویں تاریخ کے بعد ہونی چاہئے (جب شمعوں کا جشن ختم ہو چکا ہو) جو دس دن متواتر ہوتی رہے۔ بلکہ وقتاً فوقتاً تیسرے چاند کے تیسرے دن تک ہوتی رہے تاکہ اس وقت تک شفتالو کے شگوفے کھل جائیں۔ پھر چاول بونے کے وقت بھی بارش ہونی چاہئے اور یہ کہ گرما میں ہر مہینے کے پہلے دس دنوں اور آخری دس دنوں میں پانی ضرور برسنا چاہئے (درمیانی دنوں میں اس لئے نہیں کہ ہم پورے چاند کی تابانی سے لطف اٹھا سکیں) — خزاں کے موسم میں ساتویں اور نویں مہینے کے پہلے اور آخری دس دن بارش ہونی چاہئے (آٹھواں مہینہ فصل کی کٹائی کے لئے مخصوص ہے) لیکن سرما کے تین مہینوں میں بارش کی قطعاً کوئی ضرورت نہیں۔

## ش۔ چاند ہوائیں اور پانی

پہلی رات کا چاند جلد ڈوب جاتا ہے اور ہمیں اس پر غصہ آتا ہے تیسرے ہفتے کے زوال پذیر چاند پر اس لئے غصہ آتا ہے کہ وہ اتنی دیر سے طلوع ہوتا ہے۔

—چاندنی رات میں بودھ تعلیمات کا وعظ سننا انسان کے ذہن میں بے لوثی اور ہر چیز سے علیحدگی کا تاثر پیدا کرتا ہے۔ چاندنی میں شمشیر بازی کے تذکرے جرأت

جھیوؤں کی شپاشپ سن کر ایسا محسوس ہوتا ہے کہ جھیل کنارے کے شہروں مثلاً سوچاؤ چانگ چاؤ اور ہوچاؤ میں بیٹھے ہیں ــــ ساحل پر موجوں کا شور سن کر ایسا خیال آتا ہے کہ ہم چی کیانگ میں ہیں ــــ اور دبلے گھوڑوں کے گلے کی گھنٹیاں بجتی سن کر یہ محسوس ہوتا ہے کہ سیان کی سڑک پر جا رہے ہیں۔

ساری آوازوں کو ذرا فاصلے سے سننا چاہیئے۔ صرف ساز کی آواز ایسی ہے جسے دور و قریب دونوں طرح سنا جا سکتا ہے۔

صنوبر و شمشاد کے سایوں تلے ساز کی موسیقی سننا کانوں میں امرت ڈالنے کی طرح ہے۔ چاندنی رات میں بانسری کی میٹھی آواز، چشمے کے پاس آبشار کا شور اور پہاڑوں میں بودھوں کے مذہبی بھجن سننا بھی یہی کیفیت رکھتا ہے۔

پانی کی آواز چار طرح کی ہے۔ آبشاروں کا شور، مچلتے چشموں کا شور، جھرنوں کا شور اور نالوں کا شور ــــ ہوا کی صدائیں تین قسم کی ہیں۔ صنوبر کے درختوں پر سرسراہٹ خزاں زدہ پتوں کی کھڑکھڑاہٹ اور دریا پر آندھی کا طوفان ــــ بارش کی صدا دو طرح کی ہے۔ پتوں اور کنول کے پھولوں پر پڑتی بوندوں کی آواز اور مکان کے چھجوں سے بانس کی بالٹیوں میں پانی کے گرنے کی آواز۔

## س ۔ بارش

یہ چیز جسے بارش کہتے ہیں اس سے دن چھوٹے اور راتیں طویل معلوم ہونے لگتی ہیں۔

ــــ بہار کی بارش اس شاہی فرمان کی طرح ہے جو انسان کو اعزاز بخشے۔ گرما کی بارش واجب قتل مجرم کے لئے جیسے معافی کا پروانہ ہے اور خزاں کی بارش

بادل پر سورج کی کرنوں کی چھوٹ پڑے تو بادل رنگین ہو جاتا ہے۔ بہار کا چشمہ چٹان سے ہو کر بہے تو آبشار بن جاتا ہے گویا نئے تعلق سے نام بھی مختلف ہو جاتا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ دوستی اتنی گراں مایہ چیز ہے۔

پہلے مہینے کی پندرہ تاریخ کو "شمعوں کا جشن" مناتے ہوئے آدمی کو لاابالی دوستوں کے ساتھ شراب پینی چاہئے ——— پانچویں مہینے کی پانچویں تاریخ کو "بجروں کا جشن" مناتے وقت خوش وضع اور وجیہہ دوستوں کے ساتھ شراب نوشی کرنی چاہئے۔ ساتویں مہینے کی ساتویں تاریخ کو "آسمانی گوالے اور آسمانی دوشیزہ کے ملاپ" کی تقریب کے موقع پر دلنواز اور دلکش دوستوں کی معیت میں مے نوشی کرنی چاہئے۔ خزاں کے وسط میں "جشنِ خزاں" کے موقع پر جب کتائی کا چاند پورا چمک رہا ہو تو خاموش طبع اور حلیم دوستوں کے ساتھ شراب پیو۔ اور نویں مہینے کے نویں دن اونچے پہاڑوں پہ چڑھتے ہوئے رومانی مزاج کے دوستوں کے ساتھ مے نوشی کا لطف ہے۔

فاضل دوستوں کے ساتھ بات چیت کرنا نادر کتابیں پڑھنے کی طرح ہے۔ شاعر مزاج دوستوں کے ساتھ گفتگو کرنا بلند پایہ شاعروں کی نظمیں اور عمدہ نثر نگاروں کی انشا کا مطالعہ کرنے کے برابر ہے۔ محتاط اور نہایت مہذب و شستہ دوستوں کے ساتھ بات کرنا ایسا ہے جیسے پرانے عارفوں اور حکماء کی ادبیاتِ عالیہ پڑھی جا رہی ہوں ـــ اور ظریف طبع دوستوں کے ساتھ باتیں کرنا کوئی عمدہ ناول یا رومانی داستان پڑھنے کی طرح ہے۔

ہر خاموش طبع، گوشہ گیر اہلِ علم کے چند قریبی دوست ضرور ہوتے ہیں۔ "قریبی" دوستوں سے میری مراد یہ نہیں کہ ان لوگوں نے عمر بھر کی دوستی اور نباہ کی قسمیں ہی اٹھا رکھی ہوں۔ عام طور پر دلی دوست وہ ہوتے ہیں جو اگرچہ ہم سے ہزاروں میل

آموز ثابت ہوتے ہیں۔ چاندنی میں شعر وسخن کی باتیں، تنہائیوں میں زیادہ حسن، زیادہ رنگ پیدا کر دیتی ہیں اور چاندنی میں حسین عورتوں کو دیکھنے سے ہیجانی جذبات میں گہرائی پیدا ہوتی ہے۔

چاند کے ساتھ "کھیلنا" یہ ہے کہ نیچی جگہ بیٹھ کر صاف اور چمکیلے چاند کی طرف سر اٹھا کر دیکھا جائے اور جب چاند دھند میں لپٹا ہوا ور مکدّر ہو تو اُسے اونچی جگہ سے دیکھا جائے۔

بہار کی ہوائیں شراب کی طرح ہیں۔ گرما کی ہوا چائے کی طرح ہے۔ خزاں کی ہوائیں دھوئیں کی مثل ہیں۔ اور سرما کی ہوائیں ادرک کی طرح تیز اور تند ہیں۔

## ص۔ فراغت اور دوستی

جو لوگ اِن کاموں پر توجہ نہیں دیتے جن پہ دوسرے لوگ دن رات توجہ دیتے ہیں، صرف وہی لوگ ان کاموں پر دن رات توجہ دے سکتے ہیں جن پر دوسرے لوگ توجہ نہیں دیتے۔

فراغت سے بڑھ کر انسان کو کوئی چیز مرغوب نہیں۔ فراغت کا یہ مطلب نہیں کہ فراغت کے لمحوں میں انسان بالکل بے کار رہا کرتا ہے۔ فراغت کی بدولت انسان کتابیں پڑھتا ہے، مشہور مقامات کا سفر کرتا ہے اور اچھے لوگوں سے عمدہ دوستی کرسکتا ہے۔ فراغت ہی کی بدولت انسان شراب پی سکتا ہے اور کتابیں لکھ سکتا ہے۔ اور ان سے زیادہ بڑی مسرتیں اور کونسی ہوسکتی ہیں؟

مختلف قسم کے کھیل آتے ہوں ان کا نمبر سب سے آخر میں آتا ہے۔

## ط۔ کتابیں اور اُن کا مطالعہ

جوانی میں کتابیں پڑھنا ایسا ہے جیسے آپ کسی درز میں سے چاند کو دیکھ رہے ہوں۔ ادھیڑ عمر میں کتابوں کا مطالعہ ایسا ہے جیسے کھلے آنگن میں چاند کو دیکھا جائے۔ اور بڑھاپے میں کتاب بینی ایسی ہے جیسے اونچی ہموار جگہ سے چاند کا نظارہ کیا جائے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ مطالعے سے جو فائدے حاصل ہوتے ہیں اُن کی گہرائی اپنے ذاتی تجربے کی گہرائی کے تناسب سے بدلتی رہتی ہے۔

جو شخص بے لفظ کتابیں پڑھ سکے (یعنی کتاب زندگی کا مطالعہ کر سکے) صرف وہی شخص حسین اور لاجواب باتیں کر سکتا ہے۔ وہ سچائی جو لفظوں میں سما نہیں سکتی اگر کسی کی سمجھ میں آجائے تو صرف وہی شخص بُدھ مت کی حکمتِ اعلیٰ کا ادراک کر سکتا ہے۔

پرانے باکمالوں اور موجودہ ادیبوں کی لکھی ہوئی غیر فانی کتابیں خون اور آنسوؤں سے لکھی گئی ہیں۔

شوایی ہو کی کتاب "سارے انسان بھائی بھائی ہیں" غیظ و غضب کا آئینہ ہے۔ سی یو چی کی تصنیف "بندر کی رزمیہ داستان" روحانی بیداری کا افسانہ ہے —— اور چن پی اِنگ مئی کا فحش ناول "طلائی گلدان اور آلو چے کا پھول" انسانی آلام کی داستان ہے ——

ادب وہ منظر ہے جو میز پر رکھا ہے اور منظر وہ ادب ہے جو زمین پر بکھرا ہوا ہے۔ مطالعہ سب سے بڑی مسرت ہے۔ پھر بھی تاریخ کا مطالعہ کرنے سے خوشی نہیں حاصل ہوتی بلکہ ناانصافیوں پر غصہ آتا ہے۔ لیکن اس غصے میں بھی کتنا مزہ ہے۔

فاصلے پر ہوں۔ پھر بھی انھیں ہماری ذات پر پورا اعتماد ہوتا ہے اور وہ ہمارے خلاف کسی قسم کی افواہ پر یقین نہیں کرتے ۔ اور جب وہ کوئی افواہ سنتے ہیں تو ہر ممکن طریقے پر اس کی وضاحت، اس کا جواز پیش کرنے کی کوشش کرتے ہیں۔ یہ لوگ وقت پڑنے پر ہمیں مشورہ دیتے ہیں کہ کیا کرنا چاہئے اور ہمیں کس بات سے احتراز لازم ہے۔ یہ لوگ ضرورت کے وقت ہماری امداد کو آتے ہیں اور بعض دفعہ ہمارے علم کے بغیر اپنی رضا و رغبت سے ہمارا کوئی قرضہ بیباق کر دیتے ہیں، کوئی تصفیہ کر دیتے ہیں اور انھیں یہ گمان بھی نہیں ہوتا کہ ایسا کرنے میں کہیں ان پر یہ الزام عائد نہ کر دیا جائے کہ وہ ہمارے مفاد کو نقصان پہنچانے کے درپے ہو رہے ہیں۔

عام دوستوں میں سے دلی دوست (جو ہمارے دل سے واقف ہوں) ڈھونڈنا آسان ہے لیکن بیوی اور محبوباؤں کے جھرمٹ میں سے دلی دوست ڈھونڈنا مشکل ہے۔ حاکم اور وزرا کے تعلق میں دلی دوست کی تلاش مشکل تر ہے۔

"غیر معمولی" یا "ممتاز کتاب" وہی ہے جس میں ایسی باتیں ہوں جو پہلے نہیں کہی گئیں۔ اور "دلی دوست" وہ ہے جو ہمیں اپنے سارے خاندانی معاملات اور راز بتا سکے۔

دیہات میں رہنے کا لطف جبھی ہے کہ اچھے دوست بھی ساتھ ہوں۔ ان علاقوں میں آدمی کا سابقہ کسانوں اور لکڑہاروں سے پڑتا ہے اور ان سے آدمی بہت جلد تنگ آ جاتا ہے کیونکہ یہ بیچارے زیادہ سے زیادہ مختلف قسم کے اناج پہچان سکتے ہیں یا موسم کے بارے میں کچھ اندازے کر سکتے ہیں۔ دوستوں کی بھی متعدد قسمیں ہوتی ہیں۔ ان میں سب سے اچھی قسم کے دوست وہ ہیں جو نظمیں لکھ سکیں۔ ان سے دوسرے درجے پر اچھی باتیں کرنے والے دوست ہیں تصویر بنانے والے دوست تیسرے نمبر پر ہیں۔ گانے والے دوستوں کا نمبر چوتھا ہے اور جن دوستوں کو مے نوشی کی محفل میں

دنیا میں ناکام ہو اور/ یا بالکل غریب ہو جائے[1]۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ ایک ناکام شخص کے پاس کہنے کو بہت کچھ ہوتا ہے اور وہ اپنی زندگی کی مثال بڑی خوبی سے پیش کر سکتا ہے ۔ امیر اور کامگار لوگوں کی شاعری اچھی نہیں ہو سکتی کیونکہ نہ وہ غربت پر آہیں بھر سکتے ہیں، نہ ناکامی اور تنزل کی بدبختی کا ماتم کر سکتے ہیں ۔ وہ تو صرف ہواؤں اور بادلوں اور چاند اور شبنم پر شعر کہہ سکتے ہیں ۔ بھلا یہ سطحی چیزیں اچھی کیونکر ہوں گی ؟ ایسے شخص کے لئے عمدہ نظمیں لکھنے کا ایک ہی طریقہ ہے۔ کہ وہ سفر کرے تاکہ وہ اپنے سفر کے دوران میں پہاڑوں اور دریاؤں کے علاوہ عام لوگوں کے رسم و رواج، ان کے رہنے سہنے کے طریقوں کا مطالعہ کر سکے ۔ شاید اس طرح جنگ یا قحط کی ماری ہوئی دنیا کے آلام اس کی نظموں میں بار پا سکیں ۔ اس طرح اپنے گیتوں اور اپنی آہوں کے لئے دوسروں کے آلام مستعار لینے سے اچھی شاعری ہو سکتی ہے اور اس کے لئے افلاس اور ناکامی کا انتظار بھی نہیں کرنا پڑتا ۔

## ع ۔ کچھ زندگی کے بارے میں

جذبہ، کائنات کی بنیاد ہے اور ذہن رسا کائنات کی چھت ہے ۔

شرفا کی نفرت کا نشانہ بننے سے کہیں بہتر یہ ہے کہ عام لوگوں کی توہین کا نشانہ بن جائیں ۔ کوئی مشہور فاضل اگر آپ کی ذات سے لاعلم ہے تو اس سے کہیں بہتر یہ ہے کہ معمولی سرکاری ممتحن آپ کو فیل کر دے ۔

آدمی وہ جس کی زندگی یوں ہو جیسے کوئی نظم ہوتی ہے، اور چیز وہ جو تصویر نظر آئے ۔

دنیا میں ایسے مناظر بہت ہیں جن کا تذکرہ تو بے حد نفیس ہوتا ہے مگر حقیقت

---

[1] غالباً اس سے مراد یہ ہے کہ شاعری میں گہرائی "غم" سے آتی ہے ۔ (مصنف)

ادبیاتِ عالیہ کی کتابیں سردیوں میں پڑھنی چاہئیں۔ کیونکہ اِن دنوں ذہن اور توجہ دونوں ان پر مرکوز ہو سکتی ہیں۔ تاریخ کا مطالعہ گرما میں کریں کیونکہ ان دنوں آدمی کے پاس وقت کافی ہوتا ہے۔ پرانے فلسفیوں کے افکار کا مطالعہ خزاں میں کریں کیونکہ ان کے خیالات دلکش ہوتے ہیں۔ اور بعد کے ادیبوں کی تمام کتابیں بہار میں پڑھنی چاہئیں کیونکہ ان دنوں فطرت میں پھر جان آجاتی ہے۔

جب ادیب لوگ فوجی معاملوں پر گفتگو کرتے ہیں تو وہ کمرے میں بیٹھ کر جنگی سائنس پر بحث کرتے ہیں (لفظی ترجمہ یہ ہے کہ کاغذ پر سپاہیوں کی بات چیت کرتے ہیں۔ مصنف) اور جب فوجی جرنیل ادب پر بات کرتے ہیں تو ان کی باتیں سُنی سنائی افواہوں سے زیادہ کچھ نہیں ہوتیں۔

جو شخص مطالعہ کرنا جانتا ہے وہ جہاں جاتا ہے اس کے لئے ہر چیز کتاب بن جاتی ہے۔ پہاڑ اور دریا بھی کتابیں ہی ہیں۔ شطرنج اور شراب بھی کتابیں ہیں اور چاند اور پھول بھی کتابیں ہیں۔ سفر نگار سیاح یہ جانتا ہے کہ جہاں کہیں وہ جائے ہر چیز فطرت کا ایک نادر نظارہ بن جاتی ہے۔ کتابیں اور تاریخ بھی مناظر ہیں؛ شراب اور شعر بھی منظر ہیں؛ چاند اور پھول بھی مناظر ہیں۔

کسی قدیم مصنف کا قول ہے کہ "میں چاہتا ہوں دس برس کتابوں کا مطالعہ کرتا رہوں؛ دس برس سفر کرتا رہوں؛ اور دس برس اپنی چیزوں کی ترتیب اور حفاظت میں خرچ کروں۔" میرا خیال ہے اس آخری کام کے لئے دس برس بہت زیادہ ہیں۔ بس دو تین برس کافی ہونے چاہئیں۔ رہا مطالعہ اور سفر تو دس برس کیا اس سے دُگنی مدت بھی میرے دل کو مطمئن نہیں کر سکتی۔ ہوانگ چی ین کے بقول تو اس کے لئے تین سو برس کی عمر چاہئے۔

پُرانے لوگوں کا قول تھا کہ اچھی شاعری اسی وقت ہو سکتی ہے جب کہنے والا

میں کویل نہ بنو کیونکہ وہ خون کے آنسو بہاتی ہے جن سے پھول اُگتے ہیں۔

میرے نزدیک مکمل اور مثالی زندگی یہ ہے کہ ایسے مقام پر پیدا ہوں جہاں امن و امان ہو، پہاڑیاں اور جھیلیں ہوں اور وہاں کا حاکم انصاف پسند اور دیانت دار ہو۔ ہم ایسے خاندان کے رُکن ہوں جس کے مالی حالات اطمینان بخش ہوں ہمیں ایسی بیوی ملے جو عقلمند ہو اور ایسے بیٹے پیدا ہوں جو ذہین اور اچھے ہوں۔

اگر آپ کے سینے میں پہاڑوں اور وادیوں کے مناظر محفوظ ہیں تو آپ شہر میں بھی اُسی طرح رہ سکتے ہیں گویا پہاڑ کے گھنے جنگلوں میں زندگی گزار رہے ہیں۔

خاموش رات کو اکیلے بیٹھے رہنا، چاند کو اپنے دل کے آلام کی داستان سُنانا، پُر فضا رات کو تنہا رہنا اور رات کے جھینگروں کو اپنا رازداں جاننا — یہ ہے زندگی۔

جو شخص شہر میں رہتا ہو اُسے چاہیے کہ تصویروں کو قدرتی مناظر سمجھے گملوں کے پھولوں کو اپنا باغ جانے اور کتابوں کو اپنا سچا دوست خیال کرے۔

کسی مشہور عالم سے یہ کہنا کہ وہ آپ کے بچوں کو تعلیم دے، کسی اچھے پہاڑ پر جا کر امتحانی جواب مضمون لکھنے کی مشق کرنا، اور کسی مشہور ادیب کو اپنا ادبی اُستاد ٹھہرانا — یہ تینوں چیزیں سراسر غلط اور نامناسب ہیں۔

پجاری کے لئے یہ لازم نہیں کہ شراب سے پرہیز کرے اُسے صرف عامیانہ پن اور بازاری باتوں سے احتراز لازم ہے — سُرخ لباس والی نازنینوں کے لئے یہ ضروری نہیں کہ انھیں ادب کی سمجھ ہو۔ اُن کے لئے یہی کافی ہے کہ جو چیز آرٹسٹک ہو وہ اس کا ذوق رکھتی ہوں۔

اگر ٹیکس وصول کرنے والے کی آمد سے کوفت ہوتی ہو تو زمین کا مالیہ وغیرہ پہلے سے ادا کر دیں — اگر آپ کو بدھ مت کے بھکشوؤں سے مذہبی بحث میں لطف آتا

میں یہ مناظر بہت اداس اور تنہا ہوتے ہیں۔ مثلاً دھند یا بارش کے مناظر ــــ بعض حالات کا تذکرہ سنیں تو بڑے شاعرانہ معلوم ہوتے ہیں لیکن درحقیقت انھیں برداشت کرنا امکان سے باہر ہوتا ہے مثلاً بیماری اور غریبی کے حالات ــــ بعض آوازیں ایسی ہیں کہ ان کا ذکر سنو تو بڑی حسین معلوم ہوں گی لیکن وہ سخت عامیانہ ہوتی ہیں۔ مثلاً پھول بیچنے والی لڑکیوں کی آوازیں ــــ

میں خود کسان نہیں بن سکتا، صرف اتنا کر سکتا ہوں کہ اپنے باغ کو خود پانی سے سینچ دوں۔ میں لکڑہارا نہیں بن سکتا، صرف اپنے باغ سے جھاڑ جھنکار صاف کر سکتا ہوں۔

جن چیزوں سے مجھے کوفت ہوتی ہے وہ گنتی میں دس ہیں :

۱۔ کتابوں کو آسانی سے کیڑا لگ جاتا ہے۔

۲۔ گرما کی راتوں کا سارا لطف مچھروں کی بدولت غارت ہو جاتا ہے۔

۳۔ مہتابی کی ہلکی چھت بہت جلد ٹپکنے لگتی ہے۔

۴۔ گل داؤدی کی پنکھڑیاں مرجھا جاتی ہیں۔

۵۔ صنوبر کے درختوں پر بڑی بڑی چیونٹیاں ہوتی ہیں۔

۶۔ بانس کے پیڑوں سے اتنے زیادہ پتے گرتے رہتے ہیں۔

۷۔ تیج اور کنول کے پھول اتنی جلدی مرجھاتے ہیں۔

۸۔ پانی لو کے پودے میں اکثر سانپ چھپا ہوتا ہے۔

۹۔ لکڑی کی جالیوں پر پھولوں کے ساتھ کانٹے بھی ہوتے ہیں۔

۱۰۔ سیتیہ یا خار پشت کھانے میں زہریلے ثابت ہوتے ہیں۔

پھولوں میں سُوآن کا پھول ہے جسے "دافع آلام" کا نام دیا گیا ہے لیکن پرندوں

فراغت والے شخص کا قلمدان بڑا خوبصورت ہونا چاہیئے لیکن مصروفیت والے شخص کا قلمدان خوبصورت ہونا لازم ہے۔

دل بہلاوے کے لئے جو داشتہ رکھی جائے اُسے خوبصورت ہونا چاہیئے لیکن جو عورت اولاد کے لئے گھر میں ڈالی جائے اُس کا خوبصورت ہونا لازم ہے۔

سفید بگلوں کو دیکھ کر رومانی خیالات پیدا ہوتے ہیں۔ گھوڑا انسان میں شجاعت کا انداز پیدا کرتا ہے نسترن گوشہ نشینی کا میلان پیدا کرتا ہے اور صنوبر بزرگانہ وقار پیدا کرتا ہے۔

میں چاہتا ہوں کہ کسی دن ایک عریاں ناچ کا انتظام کروں تاکہ ہر زمانے کے مرحوم اہل کمال کی روحیں خوش ہو جائیں اور پھر ہر زمانے کی خوبصورت عورتوں کی روحیں بھی خوش ہو جائیں۔ جب بھی مجھے اس ناچ کی صدارت کے لئے کوئی "اصلی عالم دین" مل گیا میں فوراً اس ناچ کا انتظام کروں گا۔

یہ خدا کی مرضی کے خلاف ہے کہ لطیف غذاؤں کو جلد جلد زہر مار کیا جائے شاندار مناظر سے عجلت میں گزرا جائے، گہرے جذبات کا اظہار سطحی ہو، خوبصورت دن کو کھانے اور شراب پینے میں غارت کیا جائے اور اپنی دولت کو نمائشی عیاشی پر صرف کیا جائے۔

ہے تو آپ اُن کی خانقاہوں کے لئے کچھ نہ کچھ دیتے ہی رہیں۔

ہر چیز بھول جانا آسان ہے، صرف شہرت کا خیال نہیں بھلایا جا سکتا۔ ہر چیز سے بے پروائی برتنا بھی مشکل نہیں، البتہ شراب کے تین پیالوں سے کون بے نیاز ہو سکتا ہے؟

شراب، چائے کی جگہ لے سکتی ہے لیکن چائے شراب کی جگہ نہیں لے سکتی۔ نظمیں نثر کی جگہ پُر کر سکتی ہیں لیکن نثر، نظم کی جگہ نہیں پُر کر سکتی۔ ڈرامائی نظمیں، گیتوں کی جگہ لے سکتی ہیں لیکن اس کا اُلٹ ممکن نہیں ۔۔۔ چاند، شمعوں کی جگہ لے سکتا ہے لیکن شمعیں، چاند کی جگہ نہیں لے سکتیں۔ قلم، زبان کی جگہ لے سکتا ہے۔ لیکن زبان، قلم کی جگہ نہیں لے سکتی۔ خادمہ کی جگہ مرد ملازم کام کر سکتا ہے لیکن وہ خادمہ کی کمی پوری نہیں کر سکتا۔

سینے میں بے انصافی کے دُکھ کو شراب میں غرق کیا جا سکتا ہے لیکن دنیا میں بہت بڑی بے انصافی کو صرف تلوار ہی سے غرق کیا جا سکتا ہے۔

مصروف آدمی کا باغ، اس کے گھر کے پاس ہونا چاہئے اور بافراغت شخص کا باغ اُس کے گھر سے کچھ فاصلے پر ۔۔۔

دنیا میں ایسے لوگ ہیں جن کو کسی پہاڑی غار میں رہنے والے عارف کی سی مسرتیں مل سکتی ہیں۔ مگر جنھیں ان مسرتوں کی کچھ خبر نہیں ۔۔۔ ان میں مچھیرے، لکڑہارے، باغبان اور کسان شامل ہیں ۔۔۔ ایسے بھی لوگ ہیں کہ باغوں، ایوانوں اور ماہ پیکر داشتہ عورتوں کی سنگت انہیں میسّر ہوتی ہے مگر انھیں ان سے لطف اٹھانا نہیں آتا۔ ان میں امیر سوداگر اور اعلیٰ افسران شامل ہیں۔

درد کا برداشت کرنا آسان ہے لیکن کھجانے کی خواہش کو دبانا مشکل ہے۔

کڑوا کسیلا ذائقہ برداشت کیا جا سکتا ہے لیکن کھٹی چیز ہر کوئی نہیں کھا سکتا۔

۱۔ سیر و سیاحت

۲۔ ہنگ لیاوزے کے سفر

میں سیاحت کے لئے گئے ہوں تو آپ کسی باغ، کسی یادگاری بُت، کسی لاٹ سے اس
مخلوق کی بکواس سُنے بغیر آگے نہیں جا سکتے۔ گائیڈ ضرور آپ کو یہ بتا کر چھوڑے گا کہ یہ
فلاں مشہور شخصیت کا بت ہے جو ۲۳ اپریل ۱۷۹۲ء کو پیدا ہوا تھا اور اس کا انتقال ۲؍
دسمبر ۱۸۵۲ء کو ہوا۔ غالباً اسی زمرے میں انگریزی سکولوں کی سسٹر قسم کی اُستانیاں بھی
آتی ہیں جو سکول کے بچّوں کو کسی قبرستان میں لے جائیں گی اور کسی کتاب سے کسی قبر میں
سونے والے کی تاریخِ وفات پڑھ کر سنائیں گی، یہ بتائیں گی کہ اس نے کس تاریخ کو شادی
کی اور یہ کہ اس کی بیوی کا نام، عمر وغیرہ کیا تھی۔ وہ اپنی انہی احمقانہ معلومات کی بنا پر بچّوں
کی ساری سیر غارت کر کے دم لیتی ہیں۔ سیاحوں کی صورت میں، اچھے خاصے پکی عمر کے لوگوں
کو بھی بچہ بننا پڑتا ہے کیونکہ ان کا گائیڈ انھیں بڑی شدومد سے ہر غیر متعلق بات پر لکچر
دیتا ہے جو انھیں سننا ہی پڑتا ہے۔ ان سیاحوں میں جو لوگ ذرا محتاط قسم کے ہوتے
ہیں وہ سکول کے اچھے بچّوں کی طرح نوٹ بک نکال کر کچھ یادداشتیں بھی لے لیتے
ہیں۔ دنیا بھر کے سیاحوں کا یہی حال ہے۔ چینی سیاح اگر ریڈیو سٹی جائیں تو انھیں بھی
امریکی سیاحوں کی طرح یہ عذاب اٹھانا پڑتا ہے۔ فرق اتنا ہے کہ چینی گائیڈ پیشہ ور لوگ
نہیں ہوتے بلکہ پھل بیچنے والے کمہار اور کسان بچّے ہوتے ہیں۔ ان کی مہیا کردہ معلومات
غلط ضرور ہوتی ہیں مگر ان کی اپنی شخصیت پیشہ ور گائیڈوں کی نسبت بہت دلچسپ ہوتی
ہے۔ ایک واقعہ یاد آیا۔ ایک دفعہ میں سُوچاؤ میں "ہوچی اوتی" پہاڑی دیکھنے گیا۔
واپس آیا تو دماغ میں تاریخی واقعات، سن اور تاریخوں کا عجیب مربّا بنا ہوا موجود تھا۔
یہ ساری "معلومات" شاندار پُل کے بارے میں تھیں جو "تلوار کے تالاب" کے اوپر پانی
کی سطح سے بیالیس فٹ اونچا معلّق ہے۔ میرے خود ساختہ گائیڈ نے جو سنترے بیچنے
والا ایک لڑکا تھا مجھے بتایا تھا کہ پُل کی سنگین سلوں میں دو گول سوراخوں میں سے ایک

# ۱۔ سیر و سیاحت

کبھی سفر ذریعۂ مسرت تھا لیکن اب یہ بھی کاروبار بن گیا ہے۔ اس میں شک نہیں کہ آج کل ہمیں سفر کی وہ سہولتیں حاصل ہیں جو آج سے سو برس پہلے نہ تھیں۔ حکومتوں نے سفر کے سرکاری دفاتر کھول کر سیّاحوں کے کاروبار سے خوب فائدہ اٹھایا ہے۔ اسی کا نتیجہ ہے کہ جدید زمانے کا انسان اپنے باپ دادا کی نسبت کہیں زیادہ سفر کرنے پر قادر ہو گیا ہے اور مجموعی طور پر کرتا بھی ہے۔ پھر بھی سفر ایسا فن ہے جو اب ختم ہو گیا ہے۔ اس آرٹ کو سمجھنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ نقلی سفر کی مختلف صورتوں پر روشنی ڈالی جائے۔

نقلی سفر کی پہلی قسم یہ ہے کہ "اپنے ذہن کو بہتر بنانے کے لئے سفر اختیار کیا جائے۔ اصل یہ ہے کہ ذہن اور خیالات کی بہتری پر ضرورت سے زیادہ زور دیا جا چکا ہے اور اس کی اہمیت کو حد سے بڑھا دیا گیا ہے۔ میں سمجھتا ہوں اگر انسان کا ذہن اتنی آسانی سے بہتر بنایا جا سکے تو بات کیا ہوئی کم از کم ان "بہتر" ذہنوں کا نمونہ مجھے کلبوں اور درسگاہوں میں تو کہیں نظر نہیں آیا۔ وجہ یہ ہے کہ اگر ہم فی الواقع اپنے ذہن کو بہتر بنانا چاہتے ہوں تو ہمارے لئے یہ ضروری ہے کہ اپنی تعطیلات کے زمانے میں چند ماہ کے لئے اپنے ذہن کو بالکل خالی رکھیں اور اُسے مکمل چھٹی دیں۔ معلومات میں اضافہ کرنے کے غلط تصوّر نے سیّاحوں کے لئے گائیڈ جیسی چیز پیدا کر دی ہے جو میرے نزدیک "مان نہ مان میں تیرا مہمان" قسم کی نہایت نامعقول، مغز چاٹ مخلوق ہے۔ آپ کسی دوسرے شہر

زیادہ سے زیادہ مقامات اس کی گفتگو کا موضوع بن سکیں گے۔ گویا "علم" کی یہ خواہش سیاح کو ایک دن میں زیادہ تاریخی عمارتیں، یادگاریں اور مقامات دیکھنے پر مجبور کرے گی۔ اس کے ہاتھ میں اِن تمام جگہوں کی ایک فہرست ہے، اور ایک مقام یا عمارت دیکھ لینے کے بعد وہ اِس فہرست پر نشان بنا دیتا ہے کہ یہ مقام تہ تیغ ہو گیا ـــــ آپ ہی انصاف کریں کہ یہ کیا سیاحت ہے۔

اِس قسم کا احمقانہ سفر ایک تیسری قسم کی سیاحت کو جنم دیتا ہے اور وہ یہ کہ ایک لگے بندھے پروگرام کے مطابق سیاحت کی جائے۔ اِس پروگرام کی رُو سے سیاح صاحب کو پہلے سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ لندن سے وی آنا کتنے بجے پہنچیں گے اور وہاں کتنے گھنٹے ٹھہریں گے اور بوڈاپسٹ میں ان کا قیام کتنا ہو گا۔ اِس قسم کا سیاح گھر سے روانہ ہونے سے پہلے اپنے سفر کا مکمل گوشوارہ تیار کر لیتا ہے اور اس پر سختی سے کاربند رہتا ہے۔ یہ شخص گھر میں بھی گھڑی اور کیلنڈر کا پابند غلام ہوتا ہے اور گھر سے باہر بھی گھڑی اور کیلنڈر ہی کے ہاتھوں میں اس کی مہار ہوا کرتی ہے۔

---

نقلی سیاحت کی تین صورتیں میں نے عرض کر دی ہیں جو آج کل عام ہیں۔ میرے نزدیک سیر و سیاحت کے اصل مقاصد اور ہیں ـــــ سیاحت کا اوّلیں مقصد یہ ہونا چاہیئے کہ آدمی اپنی ہستی کو گم کر دے، نامعلوم اور اجنبی بن جائے۔ زیادہ شاعرانہ زبان میں یوں سمجھئے کہ ہمیں خود کو بھلانے کے لئے سفر کرنا چاہیئے ـــــ ہر شخص اپنے شہر میں معزز اور ذمہ دار شہری ہوتا ہے۔ چاہے اُسے اعلیٰ طبقے کے لوگ کچھ ہی سمجھتے ہوں، ہر شخص اپنے شہر میں چند سماجی روایات، قوانین اور فرائض کا غلام ہوتا ہے۔ ایک بینکر کو لیجئے اُسے اُس کے شہر میں ایک معمولی انسان نہیں سمجھا جا سکتا۔ کوئی شخص اور وہ خود، یہ بھول نہیں

تلوار اژدہے کی طرح اُڑ کر اوپر آئی تھی اور یہ وہ جگہ ہے جہاں مشہور حسینہ ،سی شیہ اپنا سنگار کیا کرتی تھی (حالانکہ اس کے سنگار کی روایتی جگہ یہاں سے دس میل دور ہے) میرا یہ گائیڈ لڑکا بس سنترے ہی بیچنا جانتا تھا مگر اس کی اِن "معلومات" سے مجھے اتنا اندازہ ضرور ہوا کہ لوک کہانیاں کس طرح بنتی بگڑتی ہیں اور ان کی شکل اور ان کے بیان میں کیا کیا تبدیلیاں ہو سکتی ہیں۔

نقلی سیاحی کی دوسری صورت یہ ہے کہ بعد میں ڈینگیں مارنے اور باتیں کرنے کے لئے سفر اختیار کیا جائے۔ ہانگ چاؤ کے پاس ہُو پاؤ ایک جگہ ہے جو چائے اور چشمے کے پانی کے لئے مشہور ہے میں نے دیکھا ہے کہ لوگ وہاں جا کر چائے پیتے ہوئے اپنی تصویریں کھنچواتے ہیں۔ ہو پاؤ میں چائے پیتے ہوئے تصویر کھنچوانا بڑا اسے اپنے دوستوں کو دکھانا بڑا آرٹسٹک سمجھا جاتا ہوگا لیکن مشکل یہ ہے کہ یہ لوگ وہاں کی چائے کے ذائقے پر کم توجہ دیتے ہیں اور تصویر کھنچوانے پر زیادہ توجہ مرکوز کرتے ہیں —— اور پھر یہ جذبہ جنون کی حد تک بھی دیکھا گیا ہے خصوصاً جن سیاحوں کے پاس کیمرے ہوتے ہیں اُن کی کچھ نہ پوچھئے۔ ذرا لندن یا پیرس میں سیاحوں کی کسی ٹولی کو دیکھ لیجئے جو خاص بسوں میں سفر کرتی پھرتی ہو۔ یہ سیاح اپنے کیمروں سے تصویریں کھینچنے میں اتنے مصروف ہوتے ہیں کہ وہ تصویر کے اصل موضوع کی طرف آنکھ بھر کر دیکھتے بھی نہیں۔ یہ تسلیم کہ گھر پہنچ کر وہ ان مشہور مقامات کو تصویر کے پردے پر دیکھ سکتے ہیں۔ تو پھر سفر کی کیا ضرورت ہے لندن کے ٹرافالگر سکوئر یا پیرس کے کسی مشہور مقام کا فوٹو تو نیو یارک یا شنگھائی یا کلکتہ کہیں بھی مل سکتا ہے —— پھر یہ تاریخی مقامات موضوعِ گفتگو بن جاتے ہیں اور یہ ایسے مقامات نہیں رہتے جنھیں دیکھنا چاہئے یا جو واقعی قابلِ دید ہیں —— چنانچہ کوئی شخص جتنے زیادہ مقامات کی سیر کرے گا اُس کی یادداشت اتنی ہی زیادہ ہوگی اور اس طرح

مہم جوئی اور قسمت آزمائی کے ولولے وہی ہوں گے جو آوارہ گردی سے مخصوص ہیں۔ میرے نزدیک سفر اور سیاحت یا تو آوارہ گردی ہے یا پھر کچھ نہیں۔ سیاحت کی روح یہ ہے کہ آپ کے فرائض کچھ نہ ہوں۔ آپ مقررہ وقت کے پابند نہ ہوں۔ آپ اپنی ڈاک سے بے نیاز ہوں۔ آپ دخل در معقولات دینے والے ہمسایوں کی زد میں نہ ہوں۔ آپ کے پاس ملنے والے وفد نہ آئیں اور آپ کی منزل کوئی نہ ہو — سچا سیاح وہ ہے جسے یہ معلوم نہ ہو کہ وہ کہاں جائے گا۔ اور مکمل سیاح وہ ہوتا ہے جسے یہ بھی معلوم نہ ہو کہ وہ کہاں سے آیا ہے، وہ تو اپنا نام اور اپنا لقب بھی بھول جاتا ہے۔

یہی وہ نکتہ ہے جس پر تو ٹُنگ نے اپنے مثالی مسافر مِنگ لیا ڈزے کی روئداد میں آغاز درد یا ہے (اس کا کچھ ترجمہ میں اگلی فصل میں پیش خدمت کروں گا)۔ سچے سیاح کا اجنبی ملک میں کوئی دوست نہیں ہوتا۔ لیکن ایک چینی راہبہ کے قول کے مطابق سچا سیاح "کسی ایک شخص کی پروا نہیں کرتا بلکہ عام انسانیت کا مجموعی طور پر خیر خواہ ہوتا ہے" — چنانچہ کسی ایک شخص کو دوست نہ رکھنے کا مطلب یہ ہے کہ ہر شخص اس کا دوست ہے۔ اُسے عام انسانیت سے محبت ہوتی ہے۔ وہ عام انسانوں میں گھل مل جاتا ہے اور عام لوگوں کی دلنواز شخصیت اور ان کے رسم و رواج دیکھتا پھرتا ہے — یہ وہ فوائد ہیں جن سے "قابلِ دید مقامات" کی سیر کرنے والے سیاح قطعی طور پر محروم رہتے ہیں۔ یہ لوگ تو ہوٹلوں میں ٹھہرتے ہیں اور اپنے ہی ہم وطن مسافروں سے بات چیت کرتے ہیں۔ اس کی مثال پیرس میں امریکی سیاحوں کی ہے جو سب کام چھوڑ کر صرف ان ہوٹلوں میں کھانا کھاتے ہیں جو امریکی سیاحوں کے دل پسند ہوٹل ہیں۔ یہاں انھیں اُن تمام مسافروں سے بار بار سابقہ پڑتا ہے جو انھیں کے ساتھ جہاز میں ہم سفر تھے۔ یہاں وہی کھانا ملے گا جو وہ وطن میں کھاتے تھے اور اس کا مزہ عین بعین

سکتا کہ وہ بینکر ہے. میرے نزدیک سفر کا صحیح مقصد یہ ہے کہ یہ بینکر سیاحت کے
دوران میں اور سفر کی بدولت اپنے آپ کو ان لوگوں کے درمیان پائے جہاں اسے
بینکر کے بجائے ایک عام انسان سمجھا جائے ۔ جو لوگ کاروبار کی غرض سے سفر کرتے
ہیں وہ تجارتی خطوط ساتھ لے کر جاتے ہیں مگر کاروباری سفر خالص سیاحت کے
زمرے میں نہیں آتا۔ اگر آپ سیاحت پر روانہ ہوتے ہوئے اپنے آپ کو مختلف شہروں
میں رہنے والے لوگوں کے نام تجارتی خطوط سے لیس کرلیں گے تو پھر آپ ایک
انسان کی حیثیت سے سفر نہ کریں گے ۔نہ کبھی آپ پر یہ آشکار ہو سکے گا کہ سماجی
درجے کی مصنوعی تقسیم سے الگ ہو کر آپ خدا کے پیدا کئے ہوئے ایک انسان کی
حیثیت سے کیا ہیں ــــ یہ ضرور ہے کہ اگر آپ تعارفی خطوط لے کر غیر ملک کی سیاحت
کو جائیں تو وہاں یہ متعارف لوگ آپ کو ہاتھوں ہاتھ لیں گے اور بڑی مستعدی سے
اپنے طبقے کی دلچسپیوں اور مصروفیات میں آپ کی رہنمائی بھی کریں گے ۔ لئے لئے بھی
پھریں گے لیکن سنسنی پیدا کرنے والی کیفیت اس کے برعکس ہے کہ "اس شہر میں تو کوئی
مجھے جانتا نہیں" ! ـــــ یہ وہ ہیجانی کیفیت ہے جو جنگل میں بچھڑے ہوئے ایک سیکاؤٹ
کی ہوتی ہے جسے اپنا راستہ خود ڈھونڈنا ہے ـــ ایسے موقع پر انسان اپنے نفس کے
سامنے یہ ثابت کر سکتا ہے کہ وہ کسی اجنبی شہر میں وہاں کی زبان جانے بغیر، محض
اشاروں سے ہوٹل کے بیرے کو بھنی ہوئی مرغی لانے کا آرڈر بھی دے سکتا ہے! وہ
جاپانی زبان جانے بغیر ٹوکیو کے کسی سپاہی سے راستہ بھی دریافت کرنے پر قادر ہے۔
ایسا سیاح جب گھر آئے گا تو وہ پہلے کی طرح اپنے شوفر اور اپنے بیرے کا محتاج
رہے گا۔

سچا سیاح ہمیشہ آوارہ گرد ہوتا ہے ۔ اس کی مسرتیں، اس کی کمزوریاں، اس کی

ہو جاتی ہے۔

سیر و سیاحت کی ایک اور قسم بھی ہے اور وہ یہ ہے کہ کچھ نہ دیکھنے اور کسی سے ملاقات نہ کرنے کے لئے سفر کیا جائے بس جنگل کے جانوروں، گلہریوں وغیرہ اور بادلوں اور درختوں کو دیکھنے کے لئے سفر کیا جائے ــــ یہ "کچھ نہ دیکھنا" ذرا وضاحت طلب ہے۔ اِس چینی تصوّر کی وضاحت ایک واقعے سے ہو سکتی ہے جو میری ایک امریکی دوست نے مجھ سے بیان کیا۔ اُس نے بتایا کہ کچھ چینی دوستوں کے ساتھ اُسے ہانگ چاؤ کے پاس کی پہاڑیوں میں "کچھ نہ دیکھنے" کے لئے جانا پڑا ــــ اُس دن صبح کو گہری دھند چھا رہی تھی، اور جوں جوں وہ لوگ پہاڑی پر چڑھتے گئے دھند گہری ہوتی گئی۔ گھاس کی پتیوں پر نمی کی بوندوں کے گرنے کی آواز صاف سنائی دے رہی تھی۔ ہر طرف دھند ہی دھند تھی، کچھ نظر نہ آتا تھا۔ امریکی خاتون کچھ اُکتا سی گئی۔ بولی "اوپر کیا ملے گا" ــــ اُس کی چینی سہیلیوں نے کہا "نہیں بہن، چلی آئیے، چوٹی پر پہنچ کر نہایت ہی خوبصورت منظر دیکھنے میں آئے گا۔"

تھوڑی دیر وہ ان کے ساتھ طوعاً و کرہاً چلتی گئی۔ کچھ چڑھائی چڑھنے کے بعد اُسے ایک بھدّی سی چٹان نظر آئی جو بادلوں سے ڈھنپی ہوئی تھی۔ یہی وہ بے نظیر منظر تھا جس کی اتنی دھوم تھی۔ اس نے پوچھا "یہ کیا ہے آخر؟" جواب ملا "یہ معکوس نیلوفر" ہے۔ امریکی خاتون جل گئی۔ وہ واپس مڑنے کو تھی کہ ساتھیوں نے پھر اصرار کیا "آپ تو اس قدر جلد گھبرا گئیں، ذرا چوٹی تک پہنچیے پھر دیکھیے گا" ــــ اُس وقت تک بچاری کا لباس نمی سے شرابور ہو چکا تھا لیکن وہ مردہ بدستِ زندہ پھر چڑھائی چڑھنے لگی۔ آخر خدا خدا کر کے یہ لوگ چوٹی پر پہنچے۔ دیکھا کہ ہر طرف دھند کے بادل چھائے ہیں، کہرے کے انبار لگے ہیں اور دُور اُفق پر کچھ پہاڑوں کی چوٹیاں دھندلی نظر

وہی ہو گا جو وطن میں ہوتا تھا۔ شنگھائی میں آنے والے انگریزوں کا بھی یہی حال ہے۔ وہ بڑی تحقیق کے بعد انگریزی ہوٹل میں قیام کریں گے جہاں ناشتے میں خالص انگریزی ناشتہ یعنی بیکن اور انڈے، مربا اور توس مل سکے۔ یہ انگریز مسافر کاک ٹیل بار کے ارد گرد منڈلاتے پھریں گے اور رکشا کی سیر سے ہزار حیلے بہانے کر کے جان چھڑانے کی کوشش کریں گے۔ ایسے مسافر اور ایسے سیاح کبھی اجنبی ملک کے لوگوں سے گھلنے ملنے کی کوشش نہیں کرتے اور اس طرح سفر کے ایک بہت بڑے فائدے، ایک عظیم نعمت سے قطعی طور پر محروم رہتے ہیں۔

اس کے برعکس اگر آوارہ گردی کی اسپرٹ پیدا کر لیں تو سفر میں فطرت سے قریب تر ہونے کا موقع مل جاتا ہے۔ سچے سیاح موسم گرما میں صرف اُن صحت افزا مقامات پر جائیں گے جہاں لوگ کم سے کم جاتے ہوں تاکہ وہاں انھیں صحیح معنی میں سکون اور آرام میسّر آسکے اور فطرت سے قریب تر ہونے کا موقع اور وقت مل سکے۔ اس قسم کے سیاح سفر کی تیاری کے سلسلے میں دکانوں پر مارے مارے نہ پھریں گے کہ گلابی یا نیلے غسل کے لباس کی خریداری کر سکیں۔ البتہ خواتین کے سلسلے میں لپ سٹک کی اجازت ہے کیونکہ سیر و سیاحت کا ہر دلدادہ روسو کا پیرو ہوتا ہے۔ اور روسو کہتا ہے کہ اپنی فطرت کے قریب تر رہو اور کوئی خاتون اچھی لپ سٹک کے بغیر "قدرتی" عورت نظر نہیں آسکتی ۔۔۔ سفر میں بناوٹ کی بڑی وجہ یہ ہے کہ چھٹی منانے والے لوگ ایسے تفریحی مقامات میں ہجوم کرتے ہیں جہاں ہر کوئی جاتا ہے۔ اس لئے قدرت سے قریب تر ہونے کی شرط بالکل فراموش ہو جاتی ہے۔ ان مقامات پر انھیں لوگوں سے ملاقات ہوتی ہے جن سے بھاگ کر وہ ان مقامات کی سیر کو گئے تھے۔ وہاں انھیں لوگوں سے ملنے جلنے اور پارٹیوں کا زور بندھا ہے اور ساری تفریح ساری سیر غارت

اگر مسافر اور سیاح ان دونوں سے بے بہرہ ہے تو اس کا پہاڑوں پر جانا اپنا وقت خراب کرتا ہے اور روپیہ ضائع کرنا ہے۔ اس کے برعکس اگر "اس کے دل میں خاص جذبۂ خاص ذوق موجود ہے اور اس کی آنکھوں میں بصیرت کی روشنی بھی ہے" تو وہ پہاڑوں پر جائے بغیر بھی سفر، سیر و سیاحت کے حقیقی لطف اٹھا سکتا ہے۔ وہ گھر میں بیٹھ کر یا کھیت میں پھر کر کسی آوارہ بدلی، کسی کتے یا کسی اکیلے درخت کو دیکھ کر بھی یہ سارا مزہ حاصل کر لے گا۔

گویا سفر کا حقیقی آرٹ چن تنگ تان کے لفظوں میں یہ ہے:

"میں نے لوگوں کے سفرنامے پڑھے ہیں اور مجھے محسوس ہوتا ہے کہ بہت کم لوگ سفر اور سیاحت کے حقیقی آرٹ سے واقف ہیں۔ جو شخص سفر کرنا جانتا ہو وہ آسمان اور زمین، سمندر اور خشکی کے لامتناہی مناظر کو دیکھنے، ان کی عظمت، ان کے اسرار کی تہ تک پہنچنے کے لیے لمبے سے لمبے سفر سے نہ گھبرائے گا ____ لیکن اس کے دل کا جذبۂ حقیقی اور اس کی آنکھوں میں بصیرت کی روشنی اسے بتا دے گی کہ فطرت کے مظاہر کے حسن و خوبی اور اسرار کو دیکھنے کے لیے خوبصورت مقامات کو جانا ہی ضروری نہیں ___ ایک دن سیاح اپنی ٹانگوں کی بہت سی طاقت خرچ کر کے، اپنی آنکھوں اور اپنے ذہن کی بہت سی صلاحیتیں خرچ کر کے کسی غار کو دیکھنے کے لیے جاتا ہے ___ اگلے دن وہ پھر اپنی ٹانگوں کا کس بل، اپنے ذہن، اپنی آنکھوں کی طاقت خرچ کر کے کسی اور خوبصورت مقام سے لطف اٹھانے جاتا ہے ___ اب جو لوگ اس شخص کو اچھی طرح سمجھ نہیں سکتے، یہی کہہ اٹھیں گے "بھائی کیا مزے لے رہا ہے یہ شخص کہ ہر روز ایک نئی جگہ، ایک نئے مقام کی سیر کو جاتا ہے۔ آج ایک غار کو دیکھا تو کل کوئی اور خوبصورت جگہ گیا۔" یہ وہ لوگ ہیں جن کی سمجھ میں اصل نکتے کی بات بالکل نہیں آسکتی ___ نکتہ یہ ہے کہ سیاح

آرہی ہیں ـــــ امریکی خاتون نے جل کر کہا "یہاں تو دیکھنے کے لئے کچھ بھی نہیں"! ـــــ جواب ملا "یہی تو نکتہ ہے۔ ہم لوگ یہاں یہی 'کچھ بھی نہیں' دیکھنے آئے تھے۔

اس سے ظاہر ہے کہ اشیاء کا نظارہ کرنے اور "کچھ نہ دیکھنے" میں بہت فرق ہے۔ بہت سے سیاحوں کا یہ حال ہے کہ وہ بہت سی چیزیں دیکھتے ہوئے بھی کچھ نہیں دیکھتے ـــــ اور جو کچھ نہیں دیکھتے وہی لوگ بہت کچھ دیکھ لیتے ہیں۔ میں نے کئی دفعہ یہ سنا ہے کہ فلاں مصنّف اپنی نئی کتاب کا "مواد اکٹھا کرنے فلاں غیر ملک کی سیر کو رہا ہے"۔ مجھے ہمیشہ اس ابوالعجبی پر ہنسی آئی ہے۔ دوسرے ملک کو اس خاطر تو کوئی جب جائے کہ وہ اپنے ملک، اپنے شہر میں بسنے والی مخلوق کی زندگی کا ہر پہلو دیکھ چکا ہو اور اس کے تمام پہلوؤں کو کھنگال بھی چکا ہو ـــــ جس شخص کو اپنے ملک، اپنے شہر میں کچھ نظر نہیں آیا (اپنے ملک، اپنے شہر میں دیکھنے کا اتنا سامان ہوتا ہے کہ ساری عمر اسے دیکھنے کے لئے ناکافی ہے) اُسے دوسرے ملک میں کیا نظر آئے گا؟

اس بحث سے یہ نتیجہ نکلا کہ سیر و سیاحت کی غایت، اس کا فلسفہ یہ ہے کہ دیکھنے کی صلاحیت سے کام لیا جائے۔ اس صورت میں یہ امتیاز ہی اٹھ جاتا ہے کہ سیر و سیاحت کے لئے کسی دوسرے ملک کا سفر کیا جائے یا اپنے ہی قصبے کے اس پاس، فراغت کی ایک سہ پہر کو کھیتوں کی سیر کی جائے ـــــ ان دونوں کی غایت اور ماہیت میں کوئی فرق نہیں۔

چینی ادیب چن تسنگ تان نے بھی اس بات پر زور دیا ہے کہ دونوں باتوں میں کوئی فرق نہیں ـــــ مسافر کے پاس سب سے ضروری سامان یہ ہونا چاہئے کہ "اس کے دل میں ایک خاص جذبہ ایک خاص ذوق ہو اور اس کی آنکھوں میں خاص بصیرت ہو" یعنی لازم یہ ہوا کہ محسوس کرنے والا دل اور دیکھنے والی آنکھ اصل زادِ سفر ہیں اور بس۔

پتی بلکہ پرندے کے ننھے سے پر، مچھلی کے فلس، پھول کی پنکھڑی اور چھوٹے سے
چھوٹے پتے کی تخلیق میں بھی پوری قوت صرف کرتی ہے۔ اس لئے چٹانی
غار یا کوئی خوبصورت منظر ہی تنہا وہ چیزیں نہیں جو آنکھوں اور دل پر اپنی
ہیبت کا سکہ جماتی ہیں بلکہ اس کائنات کی معمولی سے معمولی چیز کا بھی عالم ہے۔
"اس کے علاوہ کیا ہم نے یہ کبھی سوچا ہے کہ یہ چٹانی غار اور یہ خوبصورت
منظر کس طرح وجود میں آئے۔ چونگ زے نے کیا خوب کہا ہے "گھوڑے کے
مختلف اعضا کو سمجھنے کا یہ مطلب تھوڑا ہی ہے کہ ہم گھوڑے کے وجود کو سمجھ گئے
کیونکہ جسے ہم گھوڑا کہتے ہیں وہ ان اعضا سے پہلے بھی موجود تھا۔" ایک اور
مثال لیجئے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ بڑی بڑی جھیلوں کے اردگرد گھنے جنگل اُگے
ہوئے ہیں، اور بڑے پہاڑوں پر درختوں اور پتھروں نے چھاؤنی چھائی ہے —
سیاح تو یہ دیکھ کر خوش ہوتا ہے کہ ان گھنے جنگلوں، لاتعداد پتھروں اور چٹانوں
کو جمع کرکے جھیلیں اور بڑے بڑے پہاڑ بنائے گئے — لیکن یہ یاد رہے کہ سربلند
چوٹیاں چھوٹی چھوٹی چٹانوں کے مجموعے سے بنتی ہیں اور بڑے بڑے آبشار
ننھے ننھے نالوں اور جھرنوں سے مل کر بنتے ہیں — اگر ہم ان چوٹیوں کو ایک
ایک کرکے دیکھیں تو یہ نظر آئے گا کہ ان کو وجود میں لانے والے پتھر عام طور پر ہاتھ
کی ہتھیلی سے بڑے نہیں ہوتے، اور آبشاروں کو وجود میں لانے والے نالے پانی
کی معمولی دھاریں ہیں اور بس — اسی لئے فلسفی لاؤتزے نے کہا تھا "تیس
تار کسی چکر یا پہیے کے دھرے کے اردگرد جمع کئے جاتے ہیں اور جب یہ
اپنی انفرادیت کھو دیتے ہیں تو ایک پہیہ اور پھر چلتی ہوئی ایک گاڑی وجود
میں آتی ہے — ہم مٹی کو گوندھ کر ایک برتن بناتے ہیں۔ مٹی اپنا وجود کھو

جن دو مقامات کو دیکھنے گیا تھا وہ ایک دوسرے کے پاس پاس تو نہ تھے
کون جانتا ہے کہ ان دو جگہوں میں بیس یا تیس میل کا فاصلہ تھا، سات آٹھ
میل کا، دو ایک میل کا، یا صرف آدھ ہی میل کا فاصلہ تھا — اور یہ فاصلہ ہی
تو اصل چیز ہے کیونکہ اس شخص کے دل میں خدا نے جو ذوق پیدا کیا ہے اور
اس کی آنکھوں کو بصیرت کی جو روشنی عطا کی ہے اس کی بدولت اس شخص نے
اس درمیانی فاصلے کو بھی انھیں آنکھوں اور اسی دلی ذوق و شوق سے دیکھا
ہوگا جس طرح اس نے اس چٹانی غار یا اس خوبصورت منظر پر نظر ڈالی تھی۔

"مجھے تسلیم ہے کہ اس چٹانی غار کی ہیبت اور اس خوبصورت منظر کی
عظمت میں ایسا عنصر ہوتا ہے جو آنکھ کو خوف زدہ کرتا ہے اور ان چیزوں کو دیکھ
کر یکایک ہماری روح حیرت کی گہرائیوں میں ڈوب جاتی ہے کہ مادرِ فطرت نے اپنی
لازوال قوت، دانش اور کارسازی کی بدولت کیسی کیسی چیزیں بنائی ہیں — مگر
ان پُرشکوہ چیزوں سے قطع نظر میں نے تو بارہا کسی معمولی سے پودے بلکہ کسی
پرندے کے ایک پَر، کسی مچھلی کے ایک فلس، کسی پھول کی ایک پنکھڑی، گھاس کی
ایک پتی کو غور سے دیکھا ہے اور یہی پایا ہے کہ مادرِ فطرت نے کس مہارت، کس
دانشِ عظیم، کس بے پناہ قوت سے ان بظاہر معمولی چیزوں کو تخلیق کیا ہے۔ کہا
جاتا ہے کہ جنگل کا شیر کسی مست ہاتھی یا کسی معمولی سے جانور پر حملہ کرنے میں
ایک سی قوت استعمال کرتا ہے۔ اصل میں یہی خاصہ مادرِ فطرت کا ہے کہ وہ ہر بڑی
سے بڑی اور معمولی سے معمولی چیز کی تخلیق میں ایک سی قوت و مہارت خرچ کرتی ہے۔
مادرِ فطرت کسی عظیم چٹانی غار کسی خوبصورت منظر کو تخلیق کرنے میں سارا زور
لگا دیتی ہے اور وہ کسی چھوٹے سے پرندے، کسی مچھلی، کسی پھول، گھاس کی کسی

آزادی ملی —— اور چونکہ ہمارے دلوں کا یہ ذوق اور آنکھوں کا یہ نورِ بصیرت نظارہ کرنے میں اتنا آزاد ہوا کہ ان کے سامنے مظاہرِ فطرت نے اپنا انفرادی وجود مٹا دیا تو پھر ہمیں کوئی خاص چٹانی غار یا کوئی خاص خوبصورت مقام دیکھنے کے لئے جانے کی ضرورت کیا رہی؟ اب تو ہر جگہ اور ہر مقام پر یہ ذوقِ جمال اور یہ نورِ بصیرت آسودہ ہو سکتا ہے۔

"گویا میرے سینے کے ذوقِ جمال اور میری آنکھوں کے نورِ بصیرت کو یہ آزادی مل گئی کہ جہاں چاہے نظارہ کرے اور جو چاہے دیکھے کیونکہ ان مظاہر نے اپنی انفرادیت، اپنا الگ وجود ختم کر دیا تو پھر کیا یہ بالکل غیر ضروری نہیں کہ میں لازم طور پر کسی چٹانی غار اور ایک خوبصورت مقام کو دیکھنے کے لئے جاؤں؟ —— کیونکہ ان مقامات کے درمیانی فاصلے میں، ان میں تیس میلوں میں یا ایک آدھ میل کی مسافت ہی میں کیا ہر قدم پر ایسی چیزیں موجود نہیں جو اپنا وجود کھو کر کسی کل میں مدغم ہیں؟ کیا اس مسافت میں کوئی چھوٹا سا خمیدہ پل، کوئی تنہا ٹنڈ منڈ اپیڑ، کہیں بہتا پانی، کوئی چھوٹا سا گاؤں، کوئی جانور، کیا یہ سب بھی اسی طرح کے مظاہر نہیں؟ —— مجھے کیا معلوم ہے کہ اس چٹانی غار یا اس خوبصورت مقام کا پُراسرار حُسن، اس کی عظمت صرف اسی سے مخصوص ہے؟ —— کیا وہی پُراسرار حُسن اور وہی عظمت ان دوسرے مظاہر میں نہیں؟

"ایک بات اور بھی ہے —— یہ بھی لازم نہیں کہ ہمارے سینوں میں وہ خاص ذوقِ جمال اور ہماری آنکھوں میں وہ خاص نورِ بصیرت ہو —— اگر چلنے پھرنے اور سیر کرنے کے لئے ان دو خوبیوں کی ضرورت ہے تو پھر

دیتی ہے تو ایک کارآمد برتن ہمیں ملتا ہے۔ ہم دیواروں میں شگاف کرتے ہیں
کہ ان میں کھڑکیاں اور دروازے نکالیں جب یہ کھڑکیاں اور دروازے اپنا وجود
گم کرتے ہیں (خلا بن جاتے ہیں) تو ہمیں رہنے کے لیے گھر ملتا ہے۔

اس طرح جب ہم کسی چٹانی غار یا کسی خوبصورت مقام کو دیکھتے ہیں، عمودی
سربلند چوٹیاں دیکھتے ہیں، عمودی پہاڑوں میں سے گزرتے ہوئے درّے اور
بائیں دیکھتے ہیں، ان درّوں کو دیکھتے ہیں جو آہستہ آہستہ اوپر اُٹھتے اُٹھتے پہاڑ
کی اندھی عمودی گھاٹی بن جاتے ہیں، ان درّوں کو دیکھتے ہیں جو نیچے ہوتے
ہوتے ایک جگہ پہنچ کر دریا بن جاتے ہیں، ان درّوں کو دیکھتے ہیں جو نشیب
میں آتے آتے بالکل ہموار سطحِ مرتفع بن جاتے ہیں، ان درّوں کو دیکھتے ہیں
جو ذرا سی خمیدگی کے بعد ڈھلوان کی شکل بن جاتے ہیں، ان درّوں کو دیکھتے ہیں
جو دو گھاٹیوں کو اس طرح ملاتے ہیں گویا ان پر پل باندھ دیا گیا ہو۔ اور پھر ان
درّوں کو دیکھتے ہیں جو آپس میں ملتے ملتے کسی گہرے پہاڑی نالے کی شکل اختیار
کر لیتے ہیں — ان تمام کو دیکھ کر ہمیں یہ احساس ہوتا ہے کہ چاہے یہ اپنی عظمت
اور اپنے پُراسرار شکوہ میں کتنے ہمہ گیر اور کتنے ہمہ رنگ کیوں نہ ہوں، یہ عظمت
اور یہ شکوہ اُسی وقت پیدا ہوا جب اُنھوں نے اپنی انفرادی شخصیت کھوئی،
اپنا الگ وجود مٹایا اور ایک کُل میں مل کر ایک ہو گئے — کیونکہ جب یہ اپنا
وجود کھو بیٹھے تو پھر کوئی درّہ، کوئی گھاٹی، کوئی دریا، کوئی سطحِ مرتفع، کوئی نالا
نہ رہا، ایک منظر رہ گیا۔ — اور ان کے اپنی انفرادیت مٹا دینے اور کُل میں مُدغم
ہونے کا یہ کرشمہ ہے کہ ہمارے سینوں میں ذوقِ جمال اور ہماری آنکھوں میں
نورِ بصیرت پیدا ہوا اور اس ذوق اور بصیرت کو آسودگی اور نظارے کی

مقامات میں بھی صرف وہ عناصر دیکھ پائیں گے جن کا عظمت، خوبی، اور پُر اسرار حُسن سے کوئی واسطہ نہ ہوگا۔

"میرے دوست تو ئشان نے کہا " انسان کی تاریخ میں سفر کا آرٹ صرف ایک ہستی کو معلوم تھا اور وہ کنفیوشس کی ہستی تھی۔ اس کے دوسرے درجے پر چینی خطاطی کا استاد وانگ سی چیتہ ہے ۔۔۔ " میں نے وضاحت چاہی تو تو ئشان نے کہا " مجھے اِس کا اندازہ کنفیوشس کے بارے میں دو فقروں سے ہوا کہ کنفیوشس کے نزدیک " چاول کبھی اتنے سفید نہیں تھے جتنے ہونے چاہئیں، اور گوشت کا قیمہ کبھی اتنا عمدہ نہ تھا جتنا ہونا چاہیئے "۔۔ رہا وانگ تو مجھے اس کے سچے ذوقِ سفر کا اندازہ اس کی خطاطی سے ہوا ہے ۔"

" میں نے کہا " دوست تم نے جو کچھ کہا ہے اس سے باقی انسانیت کے ذوق اور سمجھ بوجھ کا تو دیوالہ نکل گیا ۔"

" چنانچہ ایک دفعہ تو ئشان نے مجھے بتایا " اُستاد وانگ سی چیتہ کا یہ حال تھا کہ جب وہ گھر میں ہوتا تو سارا سارا دن اپنے آنگن میں پھولوں کی ہر شاخ کے ہر پھول کی ہر پتّی، ہر رگ و ریشہ گنتا رہتا۔ اور اس انہماک سے کہ دن دن بھر کسی سے کلام نہ کرتا ۔ بیچارے شاگرد سارا دن، اس پاس تولیے اور رومال لئے کھڑے رہتے ۔"۔۔ میں نے پوچھا " اس کا ثبوت کیا ہے؟" اس نے کہا، " مجھے اس کا ثبوت میرے دل نے مہیا کیا ہے . . . "

" یہ ہے تو ئشان، میرا دوست ۔ مگر افسوس ہے کہ دنیا نے اسے پہچانا نہیں، نہ اس کے زبردست تخیل کی قدر کی ہے ۔"

دنیا میں شاید ایک بھی شخص ایسا نہ ملے گا جو سفر کے آرٹ کو سمجھتا ہو گا۔
بندہ چن شنگ تان یہ عرض کرتا ہے کہ نہ کوئی خاص ذوقِ جمال ہوتا ہے
جو چلنے پھرنے کے لئے ضروری ہے، نہ کوئی خاص نورِ بصیرت چاہئے جو
ہمیں آزادی سے سیر کرائے — می فائی نے چٹانوں کی خوبیاں معلوم کرنے
کے لئے یہ معیار قرار دیا تھا کہ ان میں خطوط کی نزاکت، لہروں کا سا حسن، صفائی
اور نفاست ہونی چاہیئے۔ میں پوچھتا ہوں کیا راستے میں جو پانی کا چھوٹا سا
جوہڑ، کوئی گاؤں، کوئی پل، پیڑ، یا کوئی کتا دیکھتے ہیں ان سب میں یہی خصوصیات
موجود نہیں ہوتیں؟ اگر ہمیں ان میں یہ خوبیاں نظر نہیں آتیں تو اس کی وجہ یہ ہے
کہ ہمیں ان کی طرف اس طرح دیکھنا، ان کا اس طرح مشاہدہ کرنا نہیں آتا
جس طرح می فائی نے چٹانوں کا مشاہدہ کیا تھا۔ اگر ہمیں ان میں بھی خطوط
کی نزاکت، ترکیب کا حسن، حدود کی وضاحت نظر آجائے تو ہمیں انکی تکمیل
پر بھی حیرت ہوگی اور ہمارا ذوقِ جمال اور نورِ بصیرت انہیں کے گرد گھومے گا اور
آسودہ ہو سکے گا۔ آخر چوٹیوں، پہاڑی سلسلوں اور پہاڑ کے دروں، گھاٹیوں
دریاؤں ڈھلانوں، ٹیلوں، گہرے کھڈوں، چٹانی غاروں اور خوبصورت مقامات
کی عظمت اور پراسرار حسن میں نفاست، لہراؤ، وضاحت اور نزاکت کے سوا
اور ہے کیا؟ —

"اسی لئے جو لوگ محض چٹانی غاروں اور خوبصورت مقامات دیکھنے
پر مصر ہیں وہ راہ میں بہت کچھ بے دیکھے چھوڑ جاتے ہیں — سچ یہ ہے
کہ انھوں نے کچھ بھی نہیں دیکھا ہوتا۔ کیونکہ وہ لوگ جو کسی جھاڑی یا کسی کتے
کی خوبی اور پراسرار حسن کو نہیں دیکھ سکتے وہ چٹانی غاروں اور خوب صورت

اپنے ضمیر کے خلاف عمل کرنے میں یہ بھی شامل ہے کہ ہم لوگ آپس میں بیٹھ کر گفتگو کرتے ہیں تو خاص قسم کا رکھ رکھاؤ قائم رکھتے ہیں۔ حالانکہ ہم ایک دوسرے سے نہ جانے کیا کچھ کہنا چاہتے ہیں ـــ ہم گفتگو کے دوران میں بڑی اونچی اونچی باتیں کرتے ہیں لیکن ہمارے ذاتی اخلاق کا خدا ہی حافظ ہے۔ ہمیں ڈر ہوتا ہے کہ ہم نے دل کی بات کہہ دی تو سچ کھل جائے گا اور سچی بات کڑوی ہوا کرتی ہے۔ اس لیے ہم اصل بات، اصل خیال کو پردوں میں چھپا کر رکھتے ہیں اور نہایت معمولی موضوعات پر اُلٹی سیدھی باتیں کرتے رہتے ہیں۔ بعض دفعہ تو ہم اپنے اصل خیالات چھپانے کے لیے اداکاری کا سہارا لیتے ہیں، جھوٹی آہیں بھرتے ہیں، اونچی آواز میں بولنا شروع کر دیتے ہیں۔ حتیٰ کہ ہمارے کان، آنکھیں، دہن، ناک کچھ بھی ہمارا نہیں رہتا۔ ہمارا غصہ، غصہ نہیں ہوتا۔ ہماری ہنسی جھوٹی ہوتی ہے۔ ہماری نرمی اور ملائمت بالکل مصنوعی ہوتی ہے۔

سماج کی یہ پُرانی ریت ہے اور اِسے کسی طرح سدھارا نہیں جا سکتا۔ خیر یہ تو ہوئیں اپنے ضمیر کے خلاف باتیں ـــ اپنی عزتِ نفس اپنی خودداری کے خلاف ہمیں کیا کیا کچھ نہیں کرنا پڑتا؟

ہمیں اپنے برابر کے لوگوں کی خواہ مخواہ عزت کرنی پڑتی ہے اور دن دن بھر ان کے آگے پیچھے پھرنا پڑتا ہے۔ بعض لوگوں سے ہم اپنے تعلقات بلاوجہ ختم کر دیتے ہیں اور ان سے اتنا دُور ہو جاتے ہیں گویا وہ ہمارے جانی دُشمن ہیں۔ اِسی طرح بلاوجہ ہم کچھ لوگوں کے قریب تر آنا چاہتے ہیں حالانکہ ان میں اور ہم میں کوئی قدر مشترک نہیں ـــ پھر یہ کہ جونہی کوئی صاحبِ اختیار حاکم زبان کھولتا ہے ہم پوری آواز سے اس کی ہاں میں ہاں ملاتے ہیں۔ حالانکہ یہ حاکم صرف ایک اشارے سے ہماری زندگی ختم کر سکتا ہے۔ ہم دیکھتے ہیں کہ لوگ بڑی خصوصیت کے ساتھ ایک دوسرے سے ملنے جاتے ہیں حالانکہ

# ۲۔ منگ لیاؤزے کے سفر

[ یہ ایک چینی اسکیچ کا ترجمہ ہے۔ اس میں مرکزی کردار وہ آوارہ گرد، آزادہ رو شخص ہے جسے چینی ادب اور ثقافتی روایات نے اپنی تہذیب کیلیے مایہ ناز سمجھا ہے۔ یہ پارہ خوش باشی اور بے فکری کے نظریۂ زندگی کا آئینہ ہے۔ ایسی زندگی جو محبت، آزادی اور آوارہ گردی سے عبارت ہے —— یہ پارہ تُوننگ کا لکھا ہوا ہے جو سولھویں صدی کے اواخر میں زندہ تھا — تُولُنگ کو بھی سُودین چانگ، یوان چُنگ لانگ، لی چاؤ وغیرہ جیسی عظیم شخصیتوں کی طرح چین کے تنگ نظر نقادوں نے کبھی وہ رتبہ نہیں دیا جس کے وہ ہر لحاظ سے مستحق ہیں —— اب ترجمہ ملاحظہ ہو ]

## ا۔ فـــرار

" منگ لیاؤزے ایک سرکاری اہلکار تھا۔ اُسے اپنی سرکاری زندگی ایک آنکھ نہ بھاتی تھی۔ وہ اپنے ضمیر کے خلاف اور اپنی مرضی کے خلاف عمل کرتے کرتے تنگ آ چکا تھا۔ "ضمیر کے خلاف عمل کرنا" یہ ہے کہ مہمان اور میزبان ایک دوسرے کے ساتھ نہایت تکلف سے ملتے ہیں اور موسم کے بارے میں چند ایک سرسری باتیں کرنے کے بعد زبان نہیں کھول سکتے۔ کئی حضرات زندگی میں پہلی دفعہ ہم سے ملتے ہیں ان کا تپاک اور گرم جوشی قابلِ دید ہوتی ہے۔ وہ بات بات میں ہمیں دلی دوست کہہ کر مخاطب کرتے ہیں —— لیکن پیٹھ پھیرتے ہی ہم اور وہ، دونوں ایک دوسرے کے وجود سے قطعی غافل اور بے پروا ہو جاتے ہیں —— ہم کسی شخص کی تعریف میں زمین آسمان کے قلابے ملاتے ہیں، اور جونہی وہ جاتا ہے، ہم اسی کی برائی اور عیب جوئی کرتے کرتے اُسے بدترین شخص کہہ ڈالتے ہیں۔

ان کے سکون و اطمینان کا یہ حال ہے کہ بہت جلد ان کی بائیں بغل سے بید مجنوں کا پودا اُگ آتا ہے اور کوئی پرندہ ان کے بالوں میں گھونسلا بنا لیتا ہے اور شانتی اور آنندگی معراج یہی ہے۔ برتن مانجھنا اور رفاکردی کرنا لوگوں کے نزدیک سب سے گھٹیا درجے کے کام ہیں لیکن درویش ان سے گھبراتا نہیں ـــ تم بتاؤ کہ تم جو سرکاری زندگی کی قیود سے گھبراتے ہو اور ان دیکھے مقامات کا سفر اختیار کرکے جسم کو آزادی دینا چاہتے ہو اس کی بدولت کیا تم اپنی روح کو اپنے جسم کا غلام تو نہیں بنا رہے ؟"

اور منگ لیاؤزے جواب دیتا ہے "جو شخص قانونِ فطرت کا عارف ہے وہ اگر پانی میں کودے تو اس کا دامن تر نہ ہوگا، آگ میں کودے تو آگ اُسے نہ جلائے گی، وہ ٹھوس چیزوں پر ایسے چل سکتا ہے جیسے خلا میں اُڑ رہا ہے، اور خلا میں ایسے چل سکتا ہے جیسے ٹھوس زمین پر چل رہا ہے۔ یہ اس کے لیے بالکل معمولی باتیں ہوں گی۔ مگر میں اِس قانونِ فطرت کا عارف نہیں۔ میں اس کا شیدائی، اس کا متوالا ضرور ہوں۔ جو شخص اس کا عارف ہے اُسے اپنے آپ پر پوری قدرت ہوتی ہے، اور ساری کائنات کے اسرار اس کے لیے حل کر دیے جاتے ہیں۔ اُسے ہجوم کے شور اور گندگی میں پھینک دیجیے تو وہ کنول کے پھول کی طرح نظر آئے گا جو میلے اور گندے پانی میں بھی اُگ سکتا ہے۔ یہ پانی اُسے چھپا ضرور ہے لیکن اُسے گندہ نہیں بنا سکتا ـــ چنانچہ قانونِ فطرت (تاؤ) کے عارفوں کو دنیا میں کہیں آنے جانے کی ضرورت نہیں ہوتی ـ مگر میں اتنا اونچا نہیں ہوں۔ میری مثال بید مجنوں کی ہے جو ہوا کے رحم و کرم پر ہوتا ہے۔ جب ہوا ساکن ہو تو یہ بھی ساکن ہوتا ہے، جب ہوا چلتی ہے تو یہ بھی جھومنا شروع کر دیتا ہے۔ میں تو پانی میں ریت کی طرح ہوں۔ اگر پانی صاف ہو تو ریت بھی صاف ہوگی، پانی گدلا اور مٹیالا ہوگا تو ریت بھی گندی ہوگی۔ کئی بار مجھے پاکیزگی اور شانتی ملی ہے اور یہ کیفیت پو

دونوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے لیے نفرت کے سوا کچھ نہیں ہوتا۔ کیا پرانے بادشاہوں نے یہ سماجی قانون اس لیے بنائے تھے کہ ہم اس صورت میں ان کی پابندی کریں؟ — ہم سرکاری لباس پہنتے ہیں، پیٹی اور بکلس لگا کر قیدی بندر کی طرح اکڑتے ہیں اور جسم پر کہیں کھجلی ہو تو ہمارے تمیز اور آداب کے ہاتھ بڑھا کر کھجا بھی نہیں سکتے — حد یہ ہے کہ جب بازاروں کی سیر کرتے پھرتے ہوں اس وقت بھی ہم سماج کے سخت گیر قوانین اخلاق کے ضابطوں اور آداب کے تقاضوں کی پابندی کرنے پر مجبور رہیں — ہماری آنکھیں ہماری ناک تک تو دیکھ سکتی ہیں لیکن دور تک دیکھنے کی جرأت اور تاب نہیں رکھتیں اگر دیکھیں تو دوسرے فوراً یہ کھوج لگانے کی کوشش کریں گے کہ ہمارا مقصد کیا ہے؟ کہیں چل پھر رہے ہوں یا بیٹھے ہوں تو ضروری حاجت کے لیے بھی معذرت کے بغیر ہم نہیں جا سکتے اور اونچے افسروں کا تو عجب حال ہے۔ ان کے سامنے ہر وقت تلوار منڈلاتی رہتی ہے اور لوگوں کی نکتہ چینیاں ان کا پیچھا کرتی ہیں۔ سردی گرمی، انھیں پریشان کرتی ہے، مال جمع کرنے کی حرص اور نقصان کا ڈر ان کے دلوں کو کھائے جاتا ہے۔ اور یہی فکر انھیں لے ڈوبتی ہے۔ میں نے دیکھا ہے کہ نہایت عالی دماغ اور عالی ظرف لوگ جب حاکم بنائے گئے تو انھیں بھی اسی چکر میں گرفتار ہونا پڑا۔

اپنے دل اور اپنی روح کو انھیں بندھنوں سے آزاد کرانے کے لیے منگ لیاؤ ز سفر پر روانہ ہوتا ہے۔ یہی اس کے سفر کی بنیادی وجوہ ہیں۔

اس مرحلے پر شاید یہ اعتراض ہو کہ "تاؤ (قانونِ فطرت) کے پیروؤں کو دیکھو۔ وہ تنہا رہتے ہیں اور تنہائی محسوس نہیں کرتے۔ ہجوم میں زندگی بسر کرتے ہیں لیکن ہجوم کا شور انھیں پریشان نہیں کرتا۔ یہ لوگ دنیا میں رہتے ہیں مگر دنیا سے بالکل الگ جہان بساتے ہیں۔ وہ کسی بندھن، کسی قید کے زندانی نہیں ہوتے مگر انھیں آزادی کی بھی ضرورت نہیں ہوتی

میں نے اپنی خوبیوں کو حلم اور نرمی سے اجاگر کرنا چاہا مگر میں یکایک جذباتی طوفانوں میں گھر گیا۔ میں نے چاہا تھا کہ فضا میں تحلیل ہو جاؤں مگر لطافت کے بجائے مجھ میں کثافت پیدا ہو گئی۔ شانتی اور سکون ڈھونڈے سے نہ ملا تو میں نے باہر کی دنیا اپنے گرد و پیش کا سہارا لیا کہ شاید اسی طرح روح کو سکون ملے۔ مجھے خوشی اپنے دل میں نہ ملی تو میں نے خارجی دنیا سے ایک خوبصورت منظر مانگ لیا کہ میں خوش ہو سکوں۔ اسی لئے میرے سفر عجیب و غریب تھے۔"

## ب۔ سفر کا طریقہ

"میں اپنے ایک دوست کے ساتھ سفر پر روانہ ہوتا ہوں جسے پہاڑوں کے کھڈوں سے بڑی محبت ہے۔ ہم دونوں کے پاس ایک ایک کمنڈل ہے ہم نے لمبے کرتے پہن رکھے ہیں اور ہمارے پاس ایک سو روپے نقد ہیں۔ ہمیں اس سے زیادہ رقم کی ضرورت بھی نہیں۔ ہم ضرورت کے وقت کام آنے کے لئے بس سو روپے ہی رکھتے ہیں۔ شہروں اور دیہات سے گزرتے ہوئے ہم مانگ کر گزارا کرتے ہیں۔ ہم سرخ ڈیوڑھیوں، سفید محلوں، تاؤ کے مندروں اور پجاریوں کے جھونپڑوں کے آگے ہر جگہ خیرات کے لئے صدا کرتے ہیں۔ یہ خیال بھی ضرور کرتے ہیں کہ مانگا کیا جائے۔ مثلاً ہم صرف چاول مانگتے ہیں شراب نہیں۔ خیرات میں سبزیاں طلب کرتے ہیں گوشت نہیں۔ مانگنے کا لہجہ عاجزی کا ہوتا ہے مگر اس میں کوئی دکھ درد نہیں جھلکتا۔ لوگ اگر دیدیں تو بھی ہم چلے جاتے ہیں اور اگر نہ دیں تو بھی ہم آگے بڑھ جاتے ہیں —— مانگنے کا سارا مقصد تو یہ ہے کہ ہم بھوک اور فاقے کو اپنے سے دور رکھیں۔ اگر ہم سے لوگ سختی اور درشتی سے پیش آتے ہیں تو بھی ہم ان سے جھک کر رخصت ہوتے ہیں——

پورا ہو رہی ہے لیکن پھر پل جھپکتے میں غائب ہو گئی ہے میرے لئے یہ ممکن نہیں ہو سکا۔
کہ ہر چیز کو اس کے حال پر رہنے دوں اور مادی ماحول مجھے پریشان نہ کر سکے۔ تاؤ کے
قانونِ فطرت پر عمل کرنا ہر کسی کے بس کی بات نہیں ہوتی۔ اگر شہنشاہ اس پر عمل کر سکتے تو
پھر چاؤ فو۔ شو یوہ جیسے لوگوں کو دنیا چھوڑ کر جی کی پہاڑیوں میں گوشہ نشینی کیوں اختیار
کرنی پڑی، شہزادے اس پر عمل کر سکتے تو ساکی منی کو ہمالیہ کی کھو میں کیوں دنیا سے کنارہ
کرنا پڑا؟ ___ اگر حکومت کے کارندے تاؤ کے قانونِ فطرت پر عمل کر کے اسی دنیا میں رہ
سکتے تو پھر یوآن منگ کو اپنا عہدہ کیوں چھوڑ کر جانا پڑا؟ ___ اسی لئے میں اپنے دل
کو دنیوی بندھنوں سے آزاد کرانا چاہتا ہوں، اپنی روح کو ان سے رستگاری دلانا چاہتا ہوں
اور ہمیشہ کے لئے بے فکری کی دنیا میں سفر کرنا چاہتا ہوں۔

منگ لیاؤ زے کا جواب سن کر اس کا دوست کہتا ہے " اچھا اپنے سفر کے حالات
مجھے لکھتے رہنا۔" منگ لیاؤ زے جواب دیتا ہے :

" جو شخص سفر کرتا ہے اس کا مقصد یہ ہوتا ہے کہ اس کی آنکھیں اور کان اور
اس کی روح آسودہ ہو۔ وہ ملک ملک کی سیر کرتا ہے تاکہ "مدعائے حقیقی" کو پالے، ان
عارفوں اور درویشوں سے ملے جو قانونِ فطرت پر حاوی ہیں۔ وہ ہوا کے دوش پہ
سوار وہاں جاتا ہے جہاں ہوائیں اسے لے جاتی ہیں۔ ان سیاحتوں سے وہ جب واپس
آتا ہے تو وہ حجرے میں بند ہو جاتا ہے اور سکون سے اپنی موت کا انتظار کرتا ہے
میں تاؤ کے قانونِ فطرت پر حاوی نہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ میری روح میرے جسم کے
اندر ہی رہے۔ میں اپنی خوبیوں کو حلم اور نرمی سے اجاگر کرنا چاہتا ہوں اور خلا بن کر خلا
ہی میں مل جانا چاہتا ہوں ___ مگر ابھی میں اس پر قادر نہیں ___ میں نے کوشش کی تھی
کہ میری روح میرے جسم کا ساتھ دے مگر میری روح میرے جسم سے کہیں غائب ہو گئی۔

نہیں سکتی۔ چنانچہ اگر ہم سلامت پار نہ اتریں گے تو سمجھئے ہمارا سفر یہیں ختم ہو گیا اور اگر خوش بختی سے ہم بچ گئے تو ہم پہلے کی طرح پھر چل کھڑے ہوں گے"۔ اسی طرح راستے میں ہمیں کوئی جھگڑالو نوجوان مل جائے یا راہ چلتے چلتے اس سے بھڑ جائیں تو ہم معافی مانگ کر الگ ہو جاتے ہیں۔ اگر دوسرا فریق ہماری معذرت قبول نہ کرے اور لڑائی جھگڑا گلے پڑ جائے تو ہمارا سفر رک گیا۔ لیکن اگر اس جھگڑے سے ہم بچ گئے تو ہماری راہ نوردی پھر شروع ہو جائے گی ـــــ ہم دونوں میں سے اگر ایک ساتھی بیمار ہو جائے تو ہم رک جاتے ہیں تاکہ بیمار ساتھی کی تیمارداری کی جا سکے۔ صحت مند ساتھی علاج کے لئے کچھ رقم مانگ لاتا ہے اور دل میں تشویش کو پاس نہیں پھٹکنے دیتا۔ وہ اپنے من کے اندر دیکھتا ہے اور موت سے نہیں ڈرتا۔ چنانچہ اس اعتماد کی بدولت ساتھی کی سخت بیماری معمولی بیماری میں بدل جاتی ہے اور یہ معمولی بیماری بہت جلد ٹھیک ہو جاتی ہے۔ اگر قسمت کا لکھا یہی ہے کہ ہمارا وقت آ لگا تو سمجھ لو کہ سفر ختم ہو گیا۔ لیکن اگر بچ گئے تو حسب سابق ہمارا سفر پھر شروع ہو جاتا ہے۔

قدرتی بات ہے کہ ہماری راہ نوردی میں پولیس کے سراغرساں اور سپاہی ہمیں مشتبہ سمجھیں اور ہمیں جاسوس سمجھ کر گرفتار کر لیں ـــــ ایسا موقع آنے پر ہم کبھی تو چالاکی سے کام نکالتے ہیں کبھی خلوص سے ـــــ اگر ان کے چنگل سے نکل سکیں تو سفر ختم ہو گیا اور اگر بچ گئے تو سفر پھر شروع ہو جاتا ہے۔

راتوں کو ہم کسی جھونپڑے کسی غار میں ٹھہر جاتے ہیں۔ ایسی جگہ نہ ملے تو کسی مندر کی ڈیوڑھی میں پڑ رہتے ہیں، کسی شخص کے گھر کے باہر سو جاتے ہیں یا اونچے درختوں کے نیچے رات گزار لیتے ہیں۔ کون جانے کہ پہاڑوں کی روحیں، شیر اور بھیڑیے ہمارے کھوج میں لگے رہتے ہوں مگر ہم کر ہی کیا سکتے ہیں؟ روحیں تو خیر کوئی گزند نہیں

بعض دفعہ ایسا ہوتا ہے کہ آس پاس کوئی جگہ ایسی نہیں ہوتی جہاں سے ہمیں کچھ خیرات مل سکے پھر ہم مجبور ہو کر اپنے سو روپے میں سے ایک دو روپے خرچ کر ڈالتے ہیں اور جب بھی ممکن ہو سکے یہ سو روپے پھر پورے کر لیتے ہیں لیکن جب تک بہت مجبوری نہ ہو ہم اس میں سے کچھ خرچ نہیں کرتے "

"سفر میں ہماری منزل کوئی نہیں۔ جہاں جی چاہا ٹھہر گئے۔ ہمارے سفر کی رفتار بہت ہی دھیمی ہے۔ کچھ پتا نہیں کہ دن بھر میں ہم کتنے میل طے کر لیتے ہیں مگر زیادہ سفر نہیں کرتے کہ کہیں مارے تھکن کے چور ہو کر رہ جائیں ــــ راستے میں اگر کہیں پہاڑ یا ندی نالے آ جائیں تو چشمے، چیائیں، مرغابیاں اور پہاڑی پرندے ہم پر جیسے جادو سا کر دیتے ہیں۔ ہم دریا کنارے یا کسی ٹاپو میں کوئی بیٹھنے کی جگہ ڈھونڈ لیتے ہیں اور پھر پر بیٹھ کر فاصلوں پر نظریں جما لیتے ہیں۔ سفر کرتے ہوئے راستے میں اگر ملکڑ ہارے مچھیرے دیہاتی لوگ یا بوڑھے کسان مل جائیں تو ہم ان کا نام نہیں پوچھتے، نہ اپنا نام بتاتے ہیں۔ نہ کبھی موسم ہی کی بات معلوم کرتے ہیں۔ بلکہ اُن سے دیہاتی زندگی کی دلفریبی پر بات کرتے ہیں ــــ بس کچھ دیر باتیں کر کے ہم خوشی خوشی آگے چل دیتے ہیں۔

"سخت سردی، اور سخت گرمی میں ہمیں سائے یا پناہ گاہ کی ضرورت پڑتی ہے تاکہ کہیں موسم اپنا بُرا اثر نہ ڈالے۔ اگر ہم سڑک پر جا رہے ہیں تو دوسروں کو پہلے راستہ دیتے ہیں کشتی میں دریا پار کرنا ہے تو دوسروں کو کشتی میں پہلے سوار ہونے دیتے ہیں لیکن اگر طوفان آ رہا ہے تو ہم دریا پار کرنے کی کوشش نہیں کرتے۔ ہاں اگر دریا پار کرتے کرتے طوفان آ جائے تو ہم اپنے دلوں کو تسلی دیتے ہیں اور زندگی کے راز کو سمجھتے ہوئے اپنا معاملہ قسمت پر چھوڑ دیتے ہیں ہم کہتے ہیں" اگر اس طوفان کی وجہ سے ہم ڈوب جائیں تو ظاہر ہے خدا کی مرضی یہی ہوگی، فکرمندی اور پریشانی ہمیں بچا تو

چوٹیاں کیڑوں کی طرح سر اٹھائے نظر آتی ہیں ۔ اَن گنت دریا بل کھاتی ہوئی دھاریوں کی طرح دکھائی دیتے ہیں اور اَن گنت درخت بند گوبھی کے پھولوں کی طرح معلوم ہوتے ہیں ۔ اس بلندی پر کہکشاں میرے کالر سے لپٹی پڑتی ہے ، سفید بدلیاں میری آستینوں سے کھیلتی ہیں اور شاہین اتنے نزدیک معلوم ہوتے ہیں کہ اگر ہاتھ بڑھاؤں تو انھیں چھو لوں ـــــ سورج اور چاند میرے رخساروں کو چھوتے ہیں اور گزر جاتے ہیں ۔ ایسی بلندی پر میں بہت ہی ہلکی آواز میں بات کرتا ہوں ۔ اس ڈر سے نہیں کہ پہاڑوں کی روحیں ناراض ہوں گی بلکہ اس ادب سے کہ خدائے برتر اپنے تخت پر بیٹھا کہیں میری آواز نہ سن لے ـــــ اوپر آسمان کی چھت ہوتی ہے ، فضا کی وسعتوں میں غبار کا شائبہ تک نہیں ہوتا اور نیچے رعد کے کڑکے اور بارش کے جھلے اور طوفان در دامن تاریکی ہوتی ہے ۔ لیکن اس بلندی پر ہمیں رعد کی گرج یوں سنائی دیتی ہے جیسے کوئی بچہ غوں غاں کر رہا ہے ۔ اس بلندی پر میری آنکھیں روشنی سے چندھیا جاتی ہیں اور میری روح ، زمان و مکاں کے بندھنوں سے آزاد ہو جاتی ہے ۔ میں محسوس کرتا ہوں کہ میں دور دور کا سفر کرنے والی ہواؤں کے دوش پر سوار ہوں لیکن یہ نہیں جانتا کہ کہاں جاؤں ۔ سورج مغرب میں چھپ جاتا ہے اور مشرقی افق کے بطن سے چاند ابھرتا ہے تو بادلوں کی روشنی ہر طرف پھیل پھیل جاتی ہے ۔ آسمان پر قرمزی اور لاجوردی روشنی کے سوتے پھوٹ نکلتے ہیں اور ان کی اَن میں دور اور قریب کی چوٹیاں گہرے رنگوں کا چولا اتار کر بالکل ہلکے رنگوں میں نہا جاتی ہیں ـــــ یا پھر آدھی رات کو عجیب سماں ہوتا ہے ۔ میں مندروں کی گھنٹیوں کی آواز اور شیر کی گرج سنتا ہوں ۔ پھر ہواؤں کی سائیں سائیں کان میں آتی ہے ۔ بڑے مندر کا بڑا دروازہ کھلنے کی آواز آتی ہے ۔ میں کپڑے پہن کر باہر آتا ہوں اور نکلتے ہی خرگوش کی روح (چاند) پر نظر پڑتی ہے ۔ اوپر کی ڈھلانوں پر کچی کچی برف کی تہیں ابھی باقی ہیں ۔

پہنچاتیں۔ مگر شیروں اور بھیڑیوں سے اپنا بچاؤ کرنا ہمارے بس کی بات نہیں — چونکہ قسمت خدا کے ہاتھ میں ہے اِس لئے ہم اپنا معاملہ فطرت کے اٹل قانون پر چھوڑ دیتے ہیں۔ اپنا چہرہ مہرہ تک، اس کا رنگ روغن تک نہیں بدلتے [چھُپنے کیلئے۔ مصنف] اگر جنگلی جانور ہمیں کھا جائیں گے تو گویا تقدیر میں یہی لکھا ہُوا ہوگا۔ اور اس طرح ہمارا سفر یہیں ختم ہو جائے گا۔ لیکن اگر ہم بچ جائیں تو ہمارا سفر پھر شروع ہو جائے گا۔"

## ج ۔ پاکیزہ بلندیاں

"میری منزل کیا ہے؟ — میں عام طور پر پانچوں مقدّس پہاڑوں اور چاروں مقدّس دریاؤں کو دیکھنے جاتا ہوں۔ ان تیرتھوں کی یاترا بھی کرتا ہوں جو پہاڑوں کی چوٹیوں پر ہیں۔ ان کے علاوہ میں شمالی اور وسطی چین کی نو ریاستوں کے مشہور پہاڑ اور دریا دیکھنے کے لئے بھی سفر کرتا ہوں — لیکن عام طور پر میں نو ریاستوں کے صرف ان علاقوں میں جاتا ہوں جہاں سے انسان کے قدم گزرے ہوں — جہاں تک چین کی آسمانی سلطنت سے باہر کے علاقوں کا تعلق ہے مثلاً ہمالیہ پہاڑ یا چینی سمندر کے دس چھوٹے اور دس بڑے جزیرے تو میں شاید ہی کہیں دیکھنے جا سکوں کیونکہ پرواز کے لئے پَر میرے پاس نہیں ہیں — سیاحت کے دوران میں مجھے امید ہوتی ہے کہ میں ان شائقینِ علم سے ملوں جو پہاڑوں میں اور جھیلوں کے کنارے رہتے ہیں یا اُن صوفیہ سے ملوں جو غاروں میں چلّہ کش ہیں — لیکن جہاں تک زندہ جاوید ہستیوں کا تعلق ہے میں اُن سے شاید ہی مل پاؤں کیونکہ خود میرا جسم فانی ہے امر نہیں —"

"جب میں پانچوں مقدّس پہاڑوں پر جاتا ہوں تو میں آسمانی ہواؤں سے بلند چوٹی پر کھڑا ہو کر چاروں سمندروں سے آگے نظر دوڑاتا ہوں۔ ارد گرد ان گنت

ہو اور صرف اس کی چھت میں سے روشنی کی ایک آدھ کرن کسی درز سے اندر آرہی ہو تو میں تنکوں وغیرہ کی مشعل جلا کر بے خوفی سے اس غار میں داخل ہو جاتا ہوں۔ خیال یہ ہوتا ہے کہ شاید اس غار میں قانونِ فطرت یعنی تاؤ کا کوئی عارفِ کامل مل جائے یا شاید یہاں کوئی امر بوٹی اُگی ملے یا شاید ان عارفوں کی ہڈیاں مل جائیں جو اس دنیا کو چھوڑ چکے ہیں۔

"میں مشہور دریاؤں اور چشموں کو دیکھنے بھی جاتا ہوں۔ پانی کے یہ گہرے ذخیرے مچھلیوں، اژدہوں اور آبی روحوں کے ٹھکانے ہیں۔ ہوا ساکن ہو اور پانی آئینے کی طرح ساکت ہو تو معلوم ہو جاتا ہے کہ آسمانی اژدہا سکون سے سو رہا ہے۔ جب چمکتے چاند کی روشنی میں پانی کا رنگ آسمان کے رنگ میں گھل کر ایک ہو جاتا ہے تو معلوم ہو جاتا ہے کہ اب اژدہوں کے بادشاہ کی شہزادی اور دریاؤں کی ملکہ اپنی پالکی میں سوار باہر آنکلے گی۔ اس کے ہاتھ میں بانسری ہوگی، وہ زرّیں ریشم میں ملبوس ہوگی اور اس کے زرّیں پاپوش چمکتی ہوئی لہروں کو روندتے ہوں گے۔ یہ جلوس کئی لمحے گزرتا رہے گا، پھر نظروں سے غائب ہو جائے گا۔ ہائے کتنی ٹھنڈک، کتنی خنکی ہوتی ہے اس وقت!

"یا پھر وہ وقت ہے کہ طوفانی ہوائیں پانی کو کوڑے مارتی ہیں اور پرشور لہریں اٹھتی ہیں۔ ہمیں پتا چل جاتا ہے کہ سمندر کا عفریت اچھی بری کی روح سے مل کر یہ طوفان اٹھا رہا ہے۔ پھر یہ جھیلی ہوئی دھرتی چکی کی طرح گھما دی جاتی ہے، ہمارے گھر تنکوں کی طرح کانپتے ہیں اور ہمیں معلوم ہو جاتا ہے کہ بوڑھا اژدہا چانگ اپنے نو بیٹوں کو ساتھ لے کر زمین سے آسمان کو پرواز کر رہا ہے — وہ سماں کتنا مہیب، کتنا پرعظمت ہوتا ہے —

"اگر ہمیں عمدہ لباس پہننے والی عورتوں کا حسن پسند ہے تو پھر ہانگ چاؤ کی مغربی

رات کی ہلکی روشنی ان کو بے شکل تودوں کی صورت میں ڈھال دیتی ہے۔ دُور کے پہاڑ دھندلی دھندلی سی لکیروں کی صورت میں نظر آتے ہیں ــــ اس وقت میں محسوس کرتا ہوں کہ میرا جسم ٹھنڈی ہواؤں میں گھُل گیا ہے اور ساری جسمانی خواہشیں ختم ہو کر رہ گئی ہیں ــــ پھر میں ان مقدس پہاڑوں کے دیوتا کو دربار لگاتے دیکھتا ہوں جہاں کمتر درجے کی رُوحیں باریاب ہو رہی ہیں۔ ہر طرف شامیانوں کے دل کے دل ہیں اور فضا روشن چوکی اور نوبت نقاروں کے نغموں سے گونج رہی ہے محل کی چھتیں بادلوں کی چادروں میں ملبوس ہیں اور گُمردوں کے نگیرے ہر طرف سر بلند ہیں۔ اِس سارے محل یا دربار کی ہر چیز، ہر خط گہرا اور واضح بھی ہے دھندلا اور نا معلوم بھی ــــ کبھی معلوم ہوتا ہے کہ یہ سارا منظر آنکھوں کے سامنے ہے اور کبھی یہ منظر آنکھوں سے دُور معلوم ہوتا ہے ــــ آہ! دیوتاؤں کا سنگیت سننا کتنی بڑی سعادت ہے لیکن ٹھنڈی ہوا کا ایک جھونکا یکایک اسے کیوں ختم کر دیتا ہے!

" ان پانچ مقدّس پہاڑوں کے علاوہ کچھ اور مشہور پہاڑ بھی قابلِ دید ہیں۔ مثلاً " زے منگ، چن ہوا، کواسونگ، چن منگ، او وپی، چن نان، لوفو، موشان وغیرہ اور ایسے تیرتھ تو ان گنت ہیں جنھیں پریوں اور روحوں کی آماجگاہ کہا جاتا ہے۔ میں ان تیرتھوں کو دیکھنے کے لئے لکڑی کی کھڑاویں اور بانس کی چھڑی لے کر نکلتا ہوں۔ سارے تیرتھوں کو تو جا نہیں سکتا لیکن جتنوں کی بھی یاترا ہو جاتی ہے کر لیتا ہوں راستے میں چشمے کا پانی اور بنا سپتی کھا پی لیتا ہوں۔ کوئی اونچی اور دشوار گزار چوٹی آجاتی ہے یا کوئی معلق گھاٹی راستہ روک لیتی ہے جس پر کوئی آدمی چڑھ نہ سکا ہو تو میں اپنے آپ کو رسّے سے باندھ کر کسی نہ کسی طرح چڑھ ہی جاتا ہوں۔ پتھر کے کسی ٹوٹے ہوئے پُل یا کسی پُرانی عمارت کے کھلے پھاٹک پھکر میں رُکتا نہیں بلکہ میں بے جھجک اندر چلا جاتا ہوں۔ اِسی طرح اگر کوئی گہرا غار سامنے آجائے جس میں ہر طرف اندھیرا ہی اندھیرا

اِس طرح راہ نوردی اور دشت پیمائی ہیں منگ لیاؤ زے کہیں کا کہیں پہنچ جاتا ہے۔ وہ خوش ہے اور پا پیادہ سیکڑوں ہزاروں میل طے کر ڈالتا ہے! اور اگر کسی جگہ وہ کوئی ایسی چیز دیکھتا ہے جو کانوں کو خوش آئند محسوس ہو یا آنکھوں کو بھلی معلوم ہو تو وہ وہاں دس دن کے لئے ٹھہر جاتا ہے۔

وہ کسی مندر میں ارواحِ ثلاثہ پر غلبہ پانے کے لئے آسن جما کر بیٹھ جاتا ہے۔ تاؤ چنگ کے پانچ ہزار لفظ —— کیا یہ فلسفہ نہایت لطیف اور بے حد دقیق نہیں —— تاؤ (قانونِ فطرت) کی کتابیں —— فوساگک کی "کتاب زبرجد" ین فو کی "کتاب الاثنا" —— کیا اِن سب کے اسرار منگ لیاؤ زے پر کھلے نہیں؟ احکم الحاکمین اُس کے زرخیز ذہن کی رہنمائی کرتا ہے اور مہاتما بدھ اُس کی روحانی دانش کا راہبر ہے۔ چنانچہ منگ لیاؤ زے جب بدلتی ہوئی دنیا کی علت کو سمجھنے کی کوشش کرتا ہے تو وہ اپنے گیان دھیان میں اپنے آپ کو تنہا محسوس نہیں کرتا! اس کے راہبر اس کے ساتھ ہوتے ہیں۔

بودھ مندر میں مہاتما بودھ کا سنہری بُت رکھا ہے جس کے گرد نورانی ہالوں کا حلقہ ہے۔ شمعیں جلادی گئی ہیں اور لوبان کا خوشبودار دھواں ہوا میں پھیل رہا ہے۔ تاؤ کے پجاری پھونس کی چٹائیوں پر درجہ بدرجہ بیٹھے ہیں۔ وہ چائے پی رہے ہیں۔ پھل کھا رہے ہیں اور قدیم کتابوں کا مطالعہ کر رہے ہیں۔ جب وہ تھک جاتے ہیں تو اپنا سانس روک لیتے ہیں اور پوری تنہائی میں کھو جاتے ہیں۔ بڑی دیر کے بعد وہ اپنے آسن سے اُٹھتے ہیں اور دیکھتے ہیں کہ چاند دریچوں میں سے جھانک رہا ہے، ساری کائنات خاموشی میں کھو چکی ہے، مندر کا دربان اپنی پیشانی زمین پر رگڑ رہا ہے اور ملازم لڑکا انگیٹھی کے پاس پڑا سو رہا ہے —— ایسے موقع پر کوئی مادی خیال ذہن

جھیل سے بہتر کوئی جگہ نہیں جھیل کے کنارے بید مجنوں کی قطاریں ہیں اور آلوچے کے شگوفے پانی میں اپنا عکس ڈالتے ہیں تو ہمیں معلوم ہوجاتا ہے کہ شہنشاہ کی محبوبہ لی ننگ وا اپنا سنگاردان کھولے سنگار کر رہی ہے۔ پھر کنول کے پھولوں پر تازگی کی بہاریں آتی ہیں اور چاروں طرف نازک سی باس ہواؤں میں رچ جاتی ہے۔ کنول کے پھولوں کو دیکھ کر یہ محسوس ہوتا ہے کہ ژی چو اور یوتھ جیسی حسینائیں ابھی ابھی نہا کر بال نچوڑتی ہوئی پانی سے نکلی ہیں۔ آسمان صاف ہو اور سورج چمک رہا ہو تو ساری جھیل پر چہرہ کی حسن کی تابانی ہوتی ہے۔ اور صبح صبح لوگ اپنے اپنے مینار کی بالکونی سے جھانک کر جھیل کو دیکھتے ہیں اور شام کو جھیل میں رنگین پتواروں والی کشتیاں چلاتے ہیں تو ہر طرف کیوفی کا افسانوی تبسم چھا جاتا ہے ــــ جب جھیل پر دھند چھا جائے، بارش تلی کھڑی ہو اور پہاڑیاں بھورے بادلوں میں چھپ جائیں تو دل کو اس وقت بھی بے پایاں خوشی ہوتی ہے کیونکہ ہمیں محسوس ہوتا ہے کہ وو شہنشاہ کی ملکہ سی شیہ کی تیکھی چتون پر بل آگئے ہیں۔"

## د ۔ واپسی

پھر منگ لیا وزے آہستہ آہستہ چلتا ہوا، ہسی لنگ کے جھرنوں سے ہوتا ہوا تیان چو اور لنگ چیاؤ پہنچتا ہے۔ یہاں وہ چند قدیم فاضلوں کی خدمت میں حاضر ہوتا ہے، پھر بادلوں میں چھپے ہوئے کسی غار میں (وحشی بگلے) ہنگ کا کھوج لگاتا ہے۔ اس کے بعد پوتو کا نمبر ہے جو منگ لیا وزے کا روحانی گھر ہے کیونکہ اسی جگہ رحم کی دیوی کا مندر ہے۔ منگ لیا وزے یہاں کنول کے پھول لینے اور پھیلے ہوئے سمندر کو دیکھنے جاتا ہے جو بہت بڑی مسرت کا سرچشمہ ہے۔

دیتے ہیں۔

اور اُدھر بڑے بڑے پھاٹکوں والے محلوں میں امیرالامرا اور شہزادے یا بڑے بڑے عہدہ دار جشن منا رہے ہیں، قیمتی پلیٹوں میں کھانا لایا جا رہا ہے اور میز پر حسین عورتوں کا ہجوم ہے۔ ہال میں آرکسٹرا بج رہا ہے اور نغموں کی جھنکار بادلوں کو چیرتی ہوئی آسمان تک پہنچ رہی ہے۔ باہر پھاٹک پر بوڑھا دربان بید کا ڈنڈا لیے کھڑا ہے منگ لیاؤزے پھاٹک کے اندر جا کر کھانے کے کمرے میں پہنچتا ہے کہ کھانا مانگے۔ اس کی آنکھیں چمک رہی ہیں اور وہ بلند آواز میں حاضرین سے بڑی تمکنت سے کہتا ہے — "حاضرین! ذرا یہ شور بند کیجئے اور پھولوں پر شبنم کے قطروں والا گیت سنئے جسے تاؤ کا یہ حقیر پیرو پیش کرتا ہے:

پھولوں پر یہ اوس کے قطرے
کیسے چمکتے ہیں دیکھو!
تیز ہوا کا خوف نہیں ہے
آنے والی کل سے ڈرو!
پورب اور رواں ہے دریا
کہکشاں جائے پچھم کو!
محل منارے کل تھے جس جا
آج وہاں پر کھیتی ہو!
اک مُنگھم، انجانی کل سے
آج کا یہ دن اچھا ہے!
جام بدست گزارو اس کو

ہیں کیونکہ رہ سکتا ہے؟

پھر باہر کھلی زمین پر منگ لیاؤ زے دیکھتا ہے کہ دیہات میں نیچی دیواریں کچے جھونپڑوں کو گھیرے ہوئے ہیں اور ان پر سرکنڈوں کی چھتیں ہیں۔ تند و تیز ہوائیں چل رہی ہیں اور سورج جنگلوں پر ہلکی ہلکی دھوپ بکھیر رہا ہے ـــــ مال مویشی اور بھیڑ بکریاں پہاڑی چراگاہوں سے باڑوں کو پلٹ رہی ہیں اور بجو کے پرند کھیتوں پر منڈلاتے ہوئے شور مچا رہے ہیں۔ ایک بوڑھا کسان پھٹے پرانے کپڑے پہنے، بال الجھائے شہتوت کے درخت کے نیچے دھوپ تاپ رہا ہے۔ ایک بوڑھی عورت مٹی کا کٹورا ہاتھ میں تھامے اُسے روٹی کھلا رہی ہے۔ سارا منظر اداس ہے، ہم بھی اداس ہیں۔ اور یہ محسوس ہوتا ہے کہ ہر چیز ایک تصویر کی طرح ہے۔ اگر کوئی تاؤ کا پیرو سفر میں ایسے مناظر کو معمولی سمجھتا ہو تو پھر اُسے سفر ہی نہیں کرنا چاہیئے۔

پھر کوئی بڑا شہر آتا ہے جہاں بازاروں میں کھوے سے کھوا چھل رہا ہے اور گاڑیاں اور گھوڑے دوڑتے پھر رہے ہیں۔ منگ لیاؤ زے گاتا ہوا جا رہا ہے۔ وہ لوگوں کو دیکھتا ہے، دکانداروں، قصائیوں، موسیقاروں، جواریوں اور کھلاڑیوں کا مشاہدہ کرتا ہے اور جب اُس کا دل چاہتا ہے تو وہ کسی ہوٹل میں داخل ہو جاتا ہے۔ تیز شراب، سوکھی مچھلی اور پکی سبزیوں کا آرڈر دیتا ہے اور وہ اور اس کا ساتھی مل کر کھاتے ہیں اور شراب پیتے ہیں۔ جب نشے کی لہر اُٹھتی ہے تو دونوں امر بوٹی کا گیت گاتے ہیں اور طمانیت و سکون کی نظروں سے دنیا پر نگاہ ڈالتے ہیں۔ لوگ ان دونوں کو دیکھ کر حیران ہوتے ہیں کہ یہ دو شخص پھٹے حالوں بھی اتنے خوش، اتنے دلکش نظر آتے ہیں۔ انھیں شک گزرتا ہے کہ یہ دونوں انسان نہیں بلکہ پریاں ہیں جو انسانوں کا قالب اختیار کر کے یہاں آگئی ہیں ـــــ تھوڑی دیر اسی طرح موج میلا منانے کے بعد دونوں ساتھی آگے چل

بھیجدیا ۔ اب اُسے واپس بلا کر کیا کرنا ہے ؟" دوسرے مہمان نے کہا "معلوم ہوتا ہے کہ قانونِ فطرت کے اس پیرایہ میں کچھ غیر معمولی باتیں ہیں۔ میں چاہتا ہوں کہ وہ واپس آئے تو غور سے اُسے دیکھوں !" پہلے نے کہا " واہ ' وہ تو ایک معمولی بھکاری ہے۔ اس میں غیر معمولی بات کیا ہوگی۔ اُسے تو بچا کھچا کھانا چاہیئے اور بس ۔" اتنے میں ایک اور مہمان کہتا ہے " جو گیت اُس نے گایا ' اُس سے تو پتا نہیں چلتا کہ وہ بس ایک معمولی بھکاری ہی ہے ۔

اس موقع پر ایک رقاصہ لڑکی جس نے سُرخ ریشم کا شفاف لباس پہن رکھا ہے۔ اپنی جگہ سے اُٹھتی ہے اور کہتی ہے " میری ناقص رائے میں یہ شخص انسان نہیں تھا ' آسمان کا فرشتہ تھا کہ زمین پر آگیا۔ اُس کی آنکھوں اور اس کی پیشانی سے نفاست ہویدا ہے۔ اس کی آواز صاف اور پاٹ دار ہے۔ اُس نے صرف بھکاری کا تو بہروپ بھر رکھا ہے۔ اس کے رکھ رکھاؤ سے صاف ظاہر ہے کہ وہ عالی خاندان آدمی ہے۔ جو گیت اُس نے گایا وہ بھی خوبصورت اور پُرمعنی ہے۔ یہ گیت فانی انسانوں کے گیتوں سے نہیں ' آسمانی گیتوں سے لگا کھاتا ہے ۔ کون بھکاری ایسا گیت گا سکتا ہے بھلا ! ۔ میں پھر عرض کروں گی کہ یہ شخص اصل میں فرشتہ ہے جو انسانی بہروپ میں ہمارے درمیان آیا۔ آپ لوگ اسے ضرور واپس بلائیے تاکہ اُسے ہم کھو نہ بیٹھیں ۔"

آخری مہمان نے جواب دیا " اس لمبی چوڑی بات کا فائدہ ؟ دو گھونٹ شراب کی بات ہے ہم اسے واپس بلاتے ہیں اور شراب پلاتے ہیں بس معلوم ہو جائیگا کہ وہ بازاری آدمی ہے یا عالی نسب ہے ۔"

سُرخ لباس والی حسینہ نہیں مانتی۔ وہ پھر کہتی ہے " خیر میں تو یہی کہوں گی

## عیش کرو! بس عیش کرو!

---

پھولوں پر یہ اوس کی بوندیں
دیکھو کتنی تاباں ہیں
ان کی آب سے ان کی ہستی
جیسے پیارے پیارے موتی۔
صبح کی ضو میں لرزاں ہیں
کتنے بیہڑ، جنگل، بن، بھی
آبادی کے گورستاں ہیں!
ویراں رات، ہوا کی چیخیں
اُلّو بولے، گیدڑ روئیں
تند ہوائیں پتّے رولیں
چشمے ان کو سمولیں
راج محل پہ کائی جمی ہے
عیش کرو! بس عیش کرو!

مِنگ لیاؤزے نے جب گیت ختم کیا تو ایک مہمان بھڑک اُٹھا۔ بولا "یہ کون تاؤ کا پجاری رنگ میں بھنگ ڈالنے آ ٹپکا؟ ــــ دو اسے روٹی کا ایک ٹکڑا اور اسے رخصت کرو۔ مِنگ لیاؤزے نے روٹی لے لی اور چلا گیا۔ لیکن ایک دوسرے مہمان نے ملازم سے کہا "جلدی سے جاؤ اور اسے واپس بلا کر لاؤ" پہلے مہمان نے کہا۔ "مگر یار وہ خواہ مخواہ بدمزہ کر رہا تھا ہمیں ـــ اس لئے میں نے اُسے روٹی دے کر

ہوئے ہیں۔ کچھ نے ہریل ایسی کشتیوں پر سیر کی ٹھان رکھی ہے ــ بہت سے لوگ شانہ بشانہ سواری کرتے پھول دیکھنے جا رہے ہیں۔ کچھ من چلے ہاتھوں میں ہاتھ دیئے گاتے پھر تے ہیں۔ منگ لیاؤ زے فرطِ مسرت سے ازخود رفتہ ہو جاتا ہے اور بہت دیر تک وہاں پھرتا رہتا ہے۔

آخر روشن چہرے والا ایک عالم لمبا چغہ پہنے، وقار اور تمکنت سے چلتا ہوا قریب آتا ہے اور منگ لیاؤ زے کے سامنے آداب بجا لاکر کہتا ہے "کیا عارف بھی بہار کا جشن دیکھنے تشریف لائے ہیں؟ ــ میرے ساتھ چند دوست ہیں جو دریا کے پار اس چھوٹے سے برج کے قریب چیری کے درختوں کے سائے میں پکنک منا رہے ہیں ــ سب خوش باش لوگ ہیں۔ اگر آپ شریک محفل ہوں تو بڑی بندہ پروری ہوگی"۔

منگ لیاؤ زے خوشی خوشی اس نوجوان عالم کے ساتھ چلا جاتا ہے۔ وہاں پہنچ کر دیکھتا ہے کہ چھ سات اہلِ علم لوگ کہ سب کے سب خوبصورت اور نوجوان ہیں، بیٹھے ہیں۔ پہلے نوجوان نے ان سب سے تعارف کرایا ہے۔ وہ کہتا ہے" دوستو یہ بہار کا جشن ہے اور راستے میں مجھے تاؤ کے یہ پیر دل گئے ہیں۔ میں نے دیکھا کہ یہ عالی نسب ہیں اس لئے میں یہ تجویز کروں گا کہ انھیں بھی مے نوشی میں شریک کر لیا جائے"۔ سب حاضرین اتفاق کرتے ہیں اور سب لوگ اپنی اپنی جگہ بیٹھ جاتے ہیں منگ لیاؤ زے سب سے آخر میں بیٹھتا ہے۔ شراب کے دور چلتے ہیں اور کافی دور چلنے کے بعد ہر شخص نشے کی ترنگ میں جھوم جھوم اٹھتا ہے۔ باتیں زیادہ دلچسپ اور خوبصورت ہوتی جاتی ہیں۔ یہ لوگ مختلف لوگوں کے بارے میں، امرا کے بارے میں چست فقرے اور کڑی پھبتیاں کستے ہیں۔ کوئی نظمیں پڑھ کر سناتا ہے جن میں بہار کا رنگ داآب ہے تو کوئی دربار کی سیاست پر رائے زنی کرتا ہے۔ کوئی پھول چننے کے گیتوں کی تان

کہ ہم لوگوں کی قسمت میں نہیں تھا کہ ایسی جادو دال مخلوق سے جی بھر کر مل لیتے " پھر سبز لباس والی ایک حسینہ اپنی جگہ سے اٹھتی ہے اور کہتی ہے " آپ حضرات مجھ سے شرط لگائیں گے ؟ کوئی جا کر تاؤ کے اس پجاری کو واپس بلا لائے۔ اگر وہ عارفِ کامل ثابت ہو تو وہ لوگ شرط جیت گئے جو اسے غیر معمولی انسان کہتے ہیں اور اگر ہم نے دیکھا کہ وہ معمولی بھکاری ہے تو وہ حضرات شرط جیت جائیں گے جو اسے معمولی انسان کہتے رہے ہیں ۔" سب لوگ اس تجویز پر اتفاق کرتے ہیں۔

اس پر یہ لوگ ایک خادم کو منگ لیاؤ زے کو واپس لانے کے لئے بھیجتے ہیں مگر وہ غائب ہو چکا ہے۔ اور واپس آ کر جب خادم ساری محفل کو یہ بتاتا ہے تو سرخ لباس والی لڑکی کہتی ہے " افسوس، وہ جادو دانی مخلوق ہمارے ہاتھ سے نکل گئی ! کمال ہے۔ ابھی وہ دروازے سے باہر گئے تھے اور یکایک بالکل غائب بھی ہو گئے "

اپنی دھن میں منگ لیاؤ زے چھڑی اٹھائے، ٹہلتا ٹہلتا شہر کے دروازے سے باہر نکل جاتا ہے۔ اس سفر میں وہ کوئی درجن بھر شہروں کے پاس سے ہو کر نکلتا ہے، مگر کسی شہر کے اندر نہیں جاتا۔ آخر وہ ایک ایسے شہر کے قریب پہنچتا ہے جس کی فصیل کوہستان کے ساتھ ساتھ استوار ہے۔ فصیل پر نہایت عمدہ برج اور دمدمے بنے ہیں۔ شہر میں بڑے بڑے مندر سر اٹھائے کھڑے ہیں اور پانی کا بہت بڑا تالاب ہے۔ یہ بہار کا نہایت خوبصورت دن ہے۔ شاندار درختوں پر پرندے نغمہ ریز ہیں اور ہر طرف پھول کھلے ہیں۔ شہر کے مرد عورت نئے کپڑے پہنے، خوبصورت گاڑیوں میں سوار یا پھولدار کاٹھیوں والے گھوڑوں پر چڑھے بہار کا جشن منانے شہر سے باہر آئے ہیں۔ کچھ لوگ اونچے پیڑوں کے سائے میں محفل جمائے پی رہے ہیں۔ کچھ نے خوشبودار لمبی گھاس پر قالین بچھا رکھے ہیں۔ کچھ لوگ اونچے میناروں پر نظارہ کرنے چڑھے

بہت جلد ایک نوجوان یہ نظم مکمل کر کے پڑھتا ہے:

نشۂ ابر سے مدہوش ہیں بید مجنوں
آب و تاب ہر گلِ خوش رنگ کی ہے مستانہ
کوئی اندیشہ نہیں، جام اگر خالی ہے
پار دریا کے، وہ دیکھو، وہ رہا میخانہ!

اتنے میں ایک اور صاحب اپنی نظم ختم کر چکتے ہیں۔

ان پہاڑوں کا یہ سبزہ، مرے گھر تک پہنچا
در و دیوار برستی ہوئی بوندوں سے ہیں تر
موسمِ گل میں بھی جو پی نہ سکا، اس کیلئے
آنے ہی والے ہیں زخ بستۂ زبوں شام و سحر!

ان حضرات کے چو مصرعے قطعوں کے بعد منگ لیا وُزے سے فرمائش کی جاتی ہے کہ وہ بھی کچھ سنائیے۔ ——— وہ اٹھ کر سرو قد کھڑا ہو جاتا ہے اور کچھ انکسار، کچھ اصرار کے بعد گاتا ہے:

ریگ ساحل مرے قدموں میں کچھی جاتی ہے
روپ پانی کا رہ پہلا ہے، سنہرا بادل
میرے قدموں کی دبی چاپ سے پریاں چونکیں
چھپ گئیں رُخ پہ طلسمات کا لے کر آنچل!

ظاہر ہے کہ یہ قطعہ پہلے دونوں قطعات سے ہر طرح خوبصورت ہے حاضرین کو اس کے حُسن پر بڑا اچنبھا ہوتا ہے۔ وہ اٹھ کر منگ لیا وُزے کے آگے آداب بجا لاتے ہیں اور کہتے ہیں ——— "سبحان اللہ، ہم جانتے تھے کہ آپ وہ نہیں جو نظر

اڑاتا ہے تو کوئی پہاڑوں اور جنگلوں کے خاموش حسن کی تعریف میں قصیدے پڑھتا ہے۔
غرض باتوں کا دھارا پورے زور شور سے رواں ہے اور ہر شخص فقرہ بازی میں دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کر رہا ہے۔ مگر منگ لیاؤزے چپ چاپ بیٹھا چاول کھاتا رہتا ہے۔ آخر وہ پہلا نوجوان بول اُٹھتا ہے "قانونِ فطرت کے عارف کی باتیں بھی سننی چاہئیں، دوستو!" اور منگ لیاؤزے کہتا ہے "آپ حضرات جو دانائی اور نکتے کی باتیں کر رہے ہیں میں ان سے خوب محظوظ ہو رہا ہوں بلکہ بہت سی باتیں تو اتنی اعلیٰ پایے کی ہیں کہ میری سمجھ میں بھی نہیں آئیں —— بھلا اس گفتگو میں مجھ ایسا حقیر شخص کیا حصّہ لے سکتا ہے"۔

کچھ دیر بعد حاضرینِ مجلس دھان کے کھیتوں کی سیر کو نکل جاتے ہیں۔ راستے میں کچھ لوگ پھول توڑتے ہیں تو کوئی بیدِ مجنوں کی شاخیں توڑتا ہے۔ ہر طرف سبزے کی بہار اور بہار کا حسن ہے۔ ہر طرف شقائق اور می ڈو کی جھاڑیاں پھولوں سے لدی ہوئی نظر آتی ہیں۔ منگ لیاؤزے سب سے الگ، ایک پہاڑی پگڈنڈی پر ہو لیتا ہے اور بڑی دیر کے بعد واپس آتا ہے۔ ایک صاحب پوچھتے ہیں "آپ اکیلے کیوں گئے تھے؟" منگ لیاؤزے جواب دیتا ہے "میں اکیلا تو نہ تھا، میرے ساتھ دو سنگترے اور ایک شراب کی بوتل تھی، پھر میں پرندوں کا نغمہ سننے گیا تھا"۔ اس پر ایک کہتا ہے "بھئی یہ شخص عجیب باتیں کرتا ہے اور واقعی عجیب آدمی معلوم ہوتا ہے" —— منگ لیاؤزے اس کے جواب میں بڑے انکسار سے کہتا ہے "بندہ کس قابل ہے، سب آپ کی ذرہ نوازی ہے"۔

مجلس پھر جمتی ہے۔ ایک شخص کہتا ہے "اس پک نک کے بعد کچھ نظمیں لکھے بغیر گھر جانا کفر ہے"۔ دوسرا شخص تائید کرتا ہے۔

کبھی کبھی وہ قدیم بادشاہوں کے سیاسی نظام پر بھی بات کرتا ہے اور حالات حاضرہ پر بھی اپنی رائے ظاہر کر دیتا ہے۔ وہ اپنے خبیث نقروں سے تو لوگوں کو بے حد محظوظ کرتا ہے۔ منگ لیاؤزے "روح کی بالیدگی" کے بارے میں تاؤ (قانونِ فطرت) کی تعلیم دینے کا بڑا ماہر ہے۔ بعض دفعہ وہ کوئی عامیانہ ناچ یا پست مذاقی کا گانا سنتا ہے یا لوگ اس کے سامنے اُلٹی سیدھی باتیں کہتے ہیں تاکہ ان چیزوں کے بارے میں اس کے خیالات معلوم کرسکیں تو وہ یہی ظاہر کرتا ہے کہ اُسے بڑا لطف آرہا ہے۔ لیکن ایسی محفلوں میں جب ناچ گانے کے بعد شمعیں گل کرنے کا وقت آتا ہے اور میزبان اُسے کہتا ہے کہ وہ بھی کسی رقاصہ لڑکی کے ساتھ ناچے اور ساری محفل پر یہی رنگ چھا جاتا ہے تو منگ لیاؤزے چپ چاپ بیٹھا رہتا ہے۔ اس کے چہرے کی درشتی سے کسی کو پتا نہیں چلتا کہ وہ کیا سوچ رہا ہے اور کیسا آدمی ہے۔ رات کو سوتے وقت وہ میزبان سے بھوسا بھرا ہوا تکیہ مانگ لیتا ہے اور اس پر آلتی پالتی مار کر بیٹھ جاتا ہے۔ تھک جائے تو اسی پر بیٹھے بیٹھے اونگھ جاتا ہے۔ اِس بنا پر اس کے بارے میں لوگوں کا تعجب اور لوگوں کی توصیف بڑھتی جاتی ہے۔

ایک مہینے سے زیادہ عرصہ ٹھہرنے کے بعد وہ یکایک کسی دن الوداع کہہ دیتا ہے اور لوگوں کے مسلسل اصرار پر بھی مزید قیام منظور نہیں کرتا۔ اس کے دوست اسے روپیہ اور کپڑے دیتے ہیں' الوداعی نظمیں کہتے ہیں اور اس کی الوداعی دعوت میں سب معزز لوگ شریک ہوتے ہیں۔ وہ بڑے افسوس اور رنج سے اُسے خدا حافظ کہتے ہیں۔ کئی ایک حضرات تو آنسو تک بہاتے ہیں۔ منگ لیاؤزے رخصت ہو کر شہر کے آخری دروازے تک پہنچتا ہے اور صرف سو روپے نقد پاس رکھ کر باقی تمام تحفے، کپڑے، روپیہ غریبوں میں تقسیم کر دیتا ہے اور آگے چل دیتا ہے

آتے ہیں۔ بھلا ایسے اشعار کوئی معمولی شخص کہہ سکتا ہے؟

پھر وہ اس کا نام اور لقب وغیرہ پوچھنے لگتے ہیں لیکن منگ لیاؤ زے جواب نہیں دیتا مسکراتا رہتا ہے۔ وہ مزید اصرار کرتے ہیں تو منگ لیاؤ زے کہتا ہے "میرا نام جان کر آپ کیا کریں گے۔ میں ایک دیہاتی آدمی ہوں جو بادلوں اور دریاؤں کا سیلانی ہے۔ آپ مجھے" بادلوں اور دریاؤں کا دیہاتی مسافر" کہہ کر پکار سکتے ہیں۔" اس سے حاضرین کا اشتیاق اور بھی بڑھتا ہے۔ وہ کہتے ہیں "آئیے ہمارے ساتھ شہر چلیئے۔" لیکن منگ لیاؤ زے مسکرا کر جواب دیتا ہے "میں فقیر آدمی ہوں آزاد گھوم پھر رہا ہوں اور یہ ساری دنیا میرا گھر ہے۔ مگر آپ اتنا کرم فرماتے ہیں تو چلیئے میں تیار ہوں۔"

چنانچہ سب لوگ شہر آتے ہیں اور منگ لیاؤ زے باری باری سب کے گھروں میں قیام کرتا ہے۔ مہمانی کے ان دنوں میں کبھی تو وہ بہت ہی امیر آدمی کے محل میں ہوتا ہے کبھی کسی چھوٹے سے کمرے میں۔ کبھی ادیبوں کے ساتھ دور جام میں شریک ہوتا ہے تو کبھی ناچ اور گانے سے لطف اٹھاتا ہے۔ وہ ہر جگہ جہاں اسے بلایا جاتا ہے۔ جاتا ہے۔ شہر کے لوگ اس "بادلوں اور دریاؤں کے دیہاتی مسافر" کا حال سنتے ہیں تو پارٹیوں اور دعوتوں کے رسیا لوگ اسے بار بار دعوتوں میں بلاتے ہیں اور وہ ہر جگہ جاتا ہے۔ لوگ شراب پیتے ہیں تو وہ بھی پیتا ہے۔ لوگ شعر و ادب پر بحث کرتے ہیں تو وہ بھی ان سے شعر و ادب کی باتیں کرتا ہے۔ لوگ جب باہر سیاحت کے لئے جاتے ہیں تو وہ ان کے ہمراہ جاتا ہے مگر جب وہ اس کا نام اور لقب پوچھتے ہیں تو وہ صرف مسکرا دیتا ہے، جواب نہیں دیتا۔ شعر و ادب کی بحث میں وہ قدما اور جدید ادیبوں پر بڑی نپی تلی باتیں کہتا ہے اور ان کے اسلوب اور انداز کا بڑا گہرا تجزیہ پیش کرتا ہے۔

بزرگ باپ مجھ پر کرم کیجئے اور میری جہالت کو مجھ سے الگ کر دیجئے۔

پیرمرد یہ ظاہر کرتا ہے کہ اس نے منگ لیاؤزے کی بات سنی ہی نہیں لیکن منگ لیاؤزے کے اصرار پر وہ چند باتیں کہتا ہے جو غموں سے آزادی اور شانتی سے بھرپور زندگی اور بے عملی کے فلسفے کے بارے میں ہیں، پھر اپنی راہ لیتا ہے جب تک پیرمرد نظروں سے غائب نہیں ہو جاتا منگ لیاؤزے کی آنکھیں اس کا تعاقب کرتی ہیں۔ کوئی بتائے کہ ان تنہا پہاڑوں میں یہ پیرمرد کہاں سے آیا؟

منگ لیاؤزے اپنا سفر جاری رکھتا ہے۔ یکایک ایک پرانے دوست سے اس کی ملاقات ہوتی ہے۔ ہوتا یہ ہے، جب اسے یہ خیال آجائے کہ کتنے لوگوں سے اس کی دوستی نثر اور نظم کے ذوق کی بنا پر یا ایک دوسرے کے احترام کی بنا پر استوار ہوئی یا کتنے لوگوں سے اس کے کاروباری تعلقات ہیں یا کتنے لوگ اس کے دل کے قریب ہیں تو منگ لیاؤزے کا دل چاہتا ہے کہ فوراً ان دوستوں سے ملاقات کرے۔ چنانچہ منگ لیاؤزے اس دوست کے گھر پہنچتا ہے۔ وہ کوئی بہروپ نہیں بھرتا۔ دوست اسے خوش آمدید کہتا ہے اور یہ دیکھ کر کہ منگ نہایت عجیب کپڑے پہنے ہے۔ اس سے مختلف سوالات کرتا ہے۔ منگ یہ جواب دیتا ہے کہ "میں نے دنیا ترک کر دی ہے۔ میرا گرو اب تنگ منگ کا بزرگ چی جن ہے۔" دوست سے پوچھتا ہے "سب بچوں بچیوں کی شادیوں سے فراغت پالی کیا؟" — "نہیں ابھی نہیں۔ البتہ جب سب کی شادی ہو جائے گی تو میں دریائے زرد کے پانیوں کی طرح آزاد ہو جاؤں گا۔ تاؤ کا سب سے بڑا عارف تو دنیا چھوڑ گیا تھا اور آخر آسمان کو چلا گیا تھا۔ لیکن میں کبھی نہ کبھی اپنے وطن واپس جاؤں گا اور اپنے وطن کے مناظر کے ساتھ ہم آہنگ ہو کر زندگی بسر کروں گا۔" میزبان اسے سبزی ترکاری کھلاتا

اس کے دوست یہ سن کر آہ بھرتے ہیں اور ان کی حیرت کی کوئی انتہا نہیں رہتی۔ وہ نہیں جانتے کہ اِس آدمی کو کیا سمجھیں۔

## ۳۔ فرار کا فلسفہ

منگ لیاؤزے پہاڑی راستوں پر چلتے چلتے اونچے سنگلاخ پہاڑوں کے درمیان پہنچ جاتا ہے۔ اِن پہاڑوں پر ہزاروں پرانے پرانے درخت ہیں جن پر بیلیں چڑھی ہیں۔ ان کا سایہ اتنا گھنا ہے کہ ان کے نیچے چلتے ہوئے آسمان نظر نہیں آتا۔ انسان کے قدم یہاں تک نہیں پہنچے۔ دُور دُور تک اِنسانی آبادی کا پتا نہیں۔ کوئی لکڑہارا، کوئی گوالا بھی نظر نہیں آتا۔ منگ لیاؤزے کو صرف پرندوں اور بندروں کی آوازیں سنائی دیتی ہیں۔ تند اور سرد ہوا کا ایک جھونکا جسم کو کپکپا دیتا ہے منگ لیاؤزے اپنے دوست کے ہمراہ دیر تک چلتا رہتا ہے۔ یکایک ایک پیرمرد سے مڈبھیڑ ہوتی ہے جس کی اونچی پیشانی، نازک خط و خال بڑے شاندار ہیں اور جس کی آنکھوں کی پتلیوں پر ہلکی ہلکی رگیں دکھائی دے رہی ہیں۔ اس کے بال اس کے شانوں پر پڑے ہیں اور وہ اپنے گھٹنوں کو اپنے سینے سے لگائے ایک چٹان پر براجمان ہے۔ منگ لیاؤزے آگے بڑھ کر سلام کرتا ہے۔ پیرمرد کھڑا ہو جاتا ہے اور دیر تک کچھ کہے بغیر منگ لیاؤزے کو دیکھتا رہتا ہے۔ منگ لیاؤزے اس کے سامنے دوزانو ہو کر پوچھتا ہے "بزرگ باپ نے یقیناً تاؤ کے قانونِ فطرت کا عرفان حاصل کر لیا ہے ورنہ اِس پہاڑ کی تنہائی میں آپ کے قدم کیونکر آتے — آپ کا یہ غلام آج تک آدھی عمر گزارنے کے باوجود تاؤ کو پا نہیں سکا۔ اِس زندگی کی بے مائگی پر میرا دل غمگین ہے کیونکہ یہ زندگی چقماق کے شعلے کی طرح بھڑک کر ختم ہو جاتی ہے —

میرے دل میں پیدا ہوا تو میری آنکھوں کے سامنے سے پردے ہٹ گئے — میں
نے آسمانوں کی طرف دیکھا ہے اور مجھے حیرت ہوتی ہے کہ سورج چاند تارے اور کہکشاں
رات دن مغرب کی سمت سخت مصروف لوگوں کی طرح رواں دواں ہیں۔ آج کا دن
گزر گیا اور یہ دن کبھی واپس نہیں آتا۔ کل کا دن آتا ہے مگر وہ "آج" نہیں ہوتا۔ یہ سال
کبھی واپس نہ آنے کے لئے جاتا ہے اور اگرچہ اگلا سال آتا ہے مگر وہ یہ سال نہیں ہوتا۔
گویا فطرت کا زمانہ اور اس کی عمر بتدریج طول پذیر ہے لیکن میری عمر کے سال کم سے کم تر ہوتے
جاتے ہیں میرے حصے میں شاید ۳۶ ہزار صبحیں ہیں۔ ان کے سوا زمان و مکان میں جتنا "وقت" اور "دفعہ" ہے
وہ میرا نہیں۔ فطرت کی طویل عمر کے سال رفتہ رفتہ سامنے آتے ہیں۔ مگر میری عمر کے سال رفتہ رفتہ کم
ہوتے جاتے ہیں حتیٰ کہ زیادہ سے زیادہ ایک سو برس مجھے ملتے ہیں۔ ان ایک سو برسوں
کے بعد کے سال میرے نہیں ہوتے — غضب؟ ستم یہ ہے کہ "ایک سو سال" یا کہنے کو
یہ "۳۶ ہزار صبحیں" ویسی نہیں ہوتیں جیسی ہم چاہتے ہیں۔ انھیں دنوں اور برسوں میں زیادہ
تر دن اور برس ایسے ہیں جو بُرے موسم، اداسی، تشویش اور بھاگم بھاگ میں کٹتے ہیں —
ایسے لمحے کتنے آتے ہیں کہ دن خوبصورت ہوں، پُر لطف محفل جمی ہو،
چاندنی اور ہوا خوش گوار ہو۔ ہمارا دل مسرت سے لبریز اور روح طمانیت سے بھرپور
ہو، نغمے اور شعر ہوں، شراب اور سرخوشی ہو۔ اور ہم ان نعمتوں کا مزہ اٹھاتے ہوئے
اطمینان سے وقت گزار سکیں؟

• چاند، سورج اپنی اپنی گردش میں رہتے ہیں۔ ان کی برق رفتاری میں گولی کی
سی تیزی ہوتی ہے اور جب وہ مغربی گھاٹیوں میں ڈوبنے کو ہوتے ہیں تو اس دنیا
کا قوی ترین شخص بھی ان کا راستہ روک نہیں سکتا نہ انھیں واپس مشرق کی طرف جانے
پر مجبور کر سکتا ہے۔ سوچن اور چانگ پی کی تمام تر فصاحتوں کا زور بھی انھیں مشرق کا سفر

ہے اور دونوں بیس تیس برس اُدھر کے زمانے کے تذکروں میں کھو جاتے ہیں گزشتہ
واقعات پر انھیں ہنسی آتی ہے اور یوں معلوم ہوتا ہے گویا ہر چیز ایک خواب تھی۔ اس کے
بعد دوست آہ بھرتا ہے اور کہتا ہے "مجھے تمھاری بے فکری اور آزادہ روی کی زندگی
پر رشک آتا ہے۔ اس دنیا کو دولت اور اقتدار کے بھنور نے غرق کر رکھا ہے میں کئی
بار دیکھتا ہوں کہ کوئی سفید بالوں والا پیر مرد جس کی کمر میں خم آچکا ہے ابھی تک اپنے
منصبی عہدے سے چمٹا ہوا ہے اور اپنی دولت اور حکومت کو ہاتھ سے دینے پر رضا
مند نہیں۔ اگر کسی دن وہ اپنے عہدے سے سبک دوش ہو گیا تو اس دن بھی وہ ماتھے
پر شکن ڈال کر چپراسی سے پوچھے گا "گاڑی تیار ہے؟" پھر بڑی بے دلی سے
دفتر چھوڑے گا۔ اپنے گاؤں جانے کے لئے طوعاً و کرہاً ہی شہر کے دروازوں سے
باہر نکلے گا۔ گاؤں پہنچ کر وہ دھان یا دال سبزی بونے کو اپنی توہین جانے گا اور
صبح و شام یہی پوچھتا رہے گا کہ دارالخلافے کی کیا خبریں ہیں؟" یا وہ دارالخلافے
میں اپنے دوستوں کو خط لکھ لکھ کر تازہ ترین حالات سے آگاہی حاصل کرے گا۔
اور وہ انھیں خیالات میں دم واپسیں تک الجھا رہے گا۔ ایسا بھی ہوتا ہے کہ شاہی
فرمان اس کے عہدے پر بحالی کے لئے پہنچتا ہے مگر اس بدنصیب کی جان لبوں
پر ہے اور بعض اوقات تو یہ شاہی فرمان اس کی موت کے چند گھنٹے بعد پہنچتا ہے۔
ذرا انصاف کرو۔ ایسی حرص و ہوا کس کام کی؟ — مگر سمجھ میں نہیں آتا کہ تم نے ان
دنیوی خواہشوں پر کس طرح قابو پا لیا ہے اور نہایت مناسب وقت پر مایا کے
جال سے کیونکر رہائی حاصل کر لی ہے؟"

منگ لیاؤ زے کہتا ہے "میں نے زندگی پر اپنی فراغت میں پوری دلجمعی
سے نگاہ ڈالی اور اس کا مشاہدہ کیا۔ میرا خیال ہے جب زندگی کے المیے کا احساس

رہتی ہیں ۔جسمانی لذتیں اُسے گھلاتی رہتی ہیں۔ انسان کبھی بہت ہی مایوس ہوتا ہے کبھی حد سے زیادہ خوش مگر عام طور پر اُسے اندیشے کھائے جاتے ہیں ـــــ حد سے حد سو برس کی عمر اس کا مقدر ہے مگر وہ ہزار برس کی زندگی کے منصوبے بناتا ہے۔ اُس کی مثال تو اس تیل کی ہے جو آگ پر رکھا ہے لیکن اس کے خواب، اس کی حرص اور امنگیں کائنات کی وسعتوں سے بھی وسیع ہیں ۔ پھر کیا تعجب ہے کہ بڑھاپا آتے ہی انسان کی حالت بہت جلد ابتر ہو جاتی ہے۔ زندگی کی اصلی قوت ختم ہو جاتی ہے اور اس کی روح اِس فانی قالب کو چھوڑ کر رخصت ہو جاتی ہے ؟

" میں نے شہزادوں اور بڑے بڑے امیرانِ کبیر، جرنیلوں اور وزیروں کو دیکھا ہے۔ ان کے محلوں کی چھتیں بادلوں سے باتیں کرتی ہیں۔ کھانے کا وقت آتا ہے تو ہزاروں آدمی اُن کے دسترخوان پر ہوتے ہیں ـــــ صبح کو ان کے محلوں کے پھاٹک کھلتے ہیں تو ملاقاتیوں کا ہجوم ہو جاتا ہے ۔ دن رات ان کے یہاں جشن منائے جاتے ہیں۔ ان کے دیوان خانوں میں سجی بنی عورتوں کے پرے کے پرے نظر آتے ہیں ـــــ قریب سے کوئی پروہت یا پجاری نکل جائے تو یہ لوگ اس پر پھبتیاں کستے ہیں اور اس بے چارے کی ہمت نہیں ہوتی کہ آنکھ اٹھا کر ان کی طرف تو کیا ان کے محلوں کی طرف بھی دیکھ جائے ۔ مگر یہی پروہت یا پجاری کوئی بیس[۲] یا تیس[۳] برس بعد اِدھر سے پھر گزرتا ہے اور دیکھتا ہے کہ محلوں کی جگہ جنگلی گھاس اُگی ہے، ٹوٹی ہوئی اینٹوں پر کہرا اور شبنم ہے، سورج کی ہلکی دھوپ کھنڈر پر چمکتی ہے اور ماتم کناں ہوا بے بام و در کھنڈروں سے روتی ہوئی گزرتی ہے ـــــ وہ جگہ جو کبھی نغموں اور شادیانوں، ناچ رنگ اور جشنِ طرب سے معمور تھی اب ویران ہے اور وہاں گوالوں کے چند لڑکوں کے سوا کوئی نہیں جاتا۔ جب یہ امرا اور بڑے آدمی اپنے اقتدار کی معراج پر تھے، ہر طرف ان کا طوطی بول رہا تھا اور وہ اپنے

پھر سے اختیار کرنے پر رضا مند نہیں کر سکتا۔ چو لی زے اور ین ینگ کی ظرافت اور حکمت بھی ان کا ارادہ بدل نہیں سکتی۔ چینگ وی نے اپنے کول جسم کو دھنک سے ٹکرایا تھا اور اُسے ایک پرندے کا قالب ملا جو اپنی رنجوری کا سمندر کنکریوں سے بھرتا رہتا ہے ــــ اِس بے چاری کا بے پایاں خلوص اور صاف دلی بھی ڈوبتے چاند سُورج کے دل پر اثر نہیں کر سکتی اور انہیں پھر سے مشرق کا سفر اختیار کرنے پر مجبور نہیں کر سکتی۔ ہر زمانے میں ادیبوں اور شاعروں نے اِس بارے میں بحث کی ہے اور یہ مسئلہ دردمند دلوں کے لئے ازلی رنجوری کا باعث بن چکا ہے۔

"اور میں نے اس زمانے پر بھی نگاہ ڈالی۔ اس زمین پر ٹیلے آہستہ آہستہ گہری وادیاں بن گئے ہیں اور گہری وادیاں اُلٹ کر پہاڑ بن گئی ہیں۔ اِس زمین کے دریا، چشمے، ندی نالے، جھیلیں، سب کا پانی ازلی ابدی طور پر مشرق کی طرف بہتا ہوا سمندر میں گر جاتا ہے اور فانگ ینگ پری کا کہنا ہے کہ اُس نے سمندر کو تین بار شہتوت کے میدانوں میں بدلتے دیکھا ہے۔

"پھر میں نے اِس زمین کے جانداروں پر نگاہ ڈالی اور مشاہدہ کیا کہ کس طرح یہ جاندار پیدا ہوتے ہیں، بوڑھے ہوتے ہیں، بیمار پڑتے ہیں پھر مر جاتے ہیں اور ین اور یانگ (کرم اور مایا) کی چکی میں پستے ہیں ــــ تیل کی طرح کہ نیچے آگ جلائی جائے تو جلد ہی جل کر سُوکھ جاتا ہے ــــ شمع کی طرح کہ ہواؤں سے مدّھم ہوتی ہے اور جلد ہی بُجھ جاتی ہے ــــ کشتی کی طرح کہ کُھلے سمندر میں اسے اکیلا چھوڑ دیا گیا ہے اور ہر موج اُسے کنارے سے دُور ہی دُور لے جاتی ہے اور یہ کشتی انجانی سمتوں کی طرف بہتی ہی چلی جاتی ہے۔"

"اس کے علاوہ انسان کی سات خواہشیں برابر گھن کی طرح اُسے کھاتی

پہاڑوں پر چڑھ کر نیچے میدانوں پر بھی نگاہ ڈالی ہے اور میں نے دیکھا ہے کہ سڑکوں اور گھاٹوں پر گاڑیوں اور کشتیوں کی قطار ختم نہیں ہوتی ـــــ سوچتا ہوں ان گاڑیوں اور ان کشتیوں میں کتنے مسافروں نے سفر کیا ہوگا ـــــ زندگی کی اس رواداری پر میری آنکھوں سے آنسو ٹپک پڑتے ہیں اور ان نظاروں سے دل کی خواہشیں ٹھنڈی راکھ میں تبدیل ہو جاتی ہیں۔"

منگ لیاؤزے کا دوست جواب دیتا ہے "میں نے سنا ہے، ین زے اس حقیقت پر مسرور ہوا تھا کہ موت کوئی چیز نہیں ـــــ میں نے یہ بھی سنا ہے، بادشاہ چینگ اس بات پر آنسو بہایا کرتا تھا کہ زندگی کا انجام موت ہے اور دانا لوگ اس پر طعنہ زن تھے کہ بادشاہ زندگی کے عرفان سے اتنا بیگانہ کیوں ہے ـــــ میرا خیال ہے کہ تمھارا بھی یہی حال ہے ـــــ تم بھی وقت کے تیزی سے گزر جانے اور زندگی کی بے ثباتی پر آنسو بہاتے ہو، اداس اور محزون رہتے ہو ـــــ تم میں ان لوگوں کی دانش نہیں جو زندگی کے راز کے محرم ہیں ـــــ ٹھیک ہے نا؟"

منگ لیاؤزے کہتا ہے "نہیں یہ بات نہیں۔ زندگی کی بے ثباتی کے احساس نے مجھے غمگین ضرور کیا مگر اسی غمگینی نے مجھ میں شعور پیدا کیا، میری آنکھیں کھول دیں۔ بادشاہ چینگ کو یہ خوف تھا کہ اس کا اقتدار اور اس کی حکومت، اسکی شان و شوکت عارضی ہے۔ وہ اس سے ابد تک لطف اٹھانا چاہتا تھا اور نفسانی خوشیوں کے سرچشمے کو خشک کر دینا چاہتا تھا ـــــ اس کے برعکس میں تو دولت اور اقتدار کی ناپائداری کو خوب خوب جانتا ہوں۔ اس لئے ان کو اپنے سے دور رکھتا ہوں تاکہ میری زندگی جتنی ہے اتنی رہے اور ٹھیک گزرے ـــــ گویا ہم دونوں کے مقاصد میں بڑا فرق ہے ـــــ"

جشنوں اور ہمہموں میں ہمہ تن کھوئے ہوئے تھے تو کیا انھیں کبھی یہ خیال آیا تھا کہ کبھی یہ دن بھی آئے گا؟ پھر دل پوچھتا ہے — آخر اس دنیا کی شان و شوکت پلک جھپکتے میں کیوں خواب و خیال ہو جاتی ہے؟"

"فرصت کے دنوں میں میں نے شہر کے باہر جا کر دیکھا کہ ہر طرف چھوٹی بڑی قبریں ہیں — یہ کن لوگوں کی قبریں ہیں؟ امرا، اور شاہوں کی؟ اہلِ علم اور شاعروں کی؟ — یا یہ لوگ اُن کے معمولی ملازموں اور چوبداروں کی قبریں ہیں؟ — یہ لوگ ہیرو تھے یا محض مسخرے؟ — مگر اس پیلی مٹی سے مجھے ان کے بارے میں کیا معلوم ہو سکتا ہے؟ — اور مجھے خیال آیا کہ جب یہ لوگ زندہ تھے تو دنیوی شان و شوکت، دولت اور عزت کے کتنے بھوکے تھے، ان کی اُمنگیں اور خواہشیں کس طرح ایک دوسرے سے متصادم رہتی تھیں، کس طرح یہ لوگ شہرت کے متوالے تھے۔ کیسے کیسے منصوبے تیار کرتے تھے جو کبھی پورے نہ ہوں کیسی کیسی چیزیں جمع کرتے تھے جنھیں یہ لوگ کبھی کام میں نہ لا سکیں۔ ان میں کون ایسا تھا کہ تشویش کا شکار نہ تھا، غم فکر سے آزاد تھا؟ کون ایسا تھا جس نے لمبے چوڑے منصوبے نہ بنائے تھے اور ہر آن سر توڑ کوشش میں زندگی بسر نہ کی تھی؟ مگر ایک صبح کو ان کی آنکھیں ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بند ہو گئیں اور اُن کے سارے اندیشے، منصوبے یہیں رکھے رہ گئے۔

"اور میں بڑے بڑے حاکموں کے بنگلوں پر بھی ٹھہرا ہوں۔ اور کئی بار میں نے سوچا ہے کہ اس خاص مکان میں نہ جانے کتنے لوگ رہنے کے لئے آئے اور باری باری چل دئے۔ میں نے دفتروں کی مثلیں دیکھی ہیں اور یہ خیال آیا ہے کہ ان مثلوں سے نہ جانے کتنے نام کتنی دفعہ کاٹے گئے اور ان کی جگہ کتنے نئے ناموں نے لے لی — میں نے پہاڑی راستوں کو بھی دیکھا ہے اور دریائی کشتیوں کے گھاٹ بھی دیکھے ہیں۔

کی محفلوں کو دیکھئے جن میں حسین عورتیں اور خوش رُو لڑکے ہوں۔ پہلے پہل ان کا بہت لطف آتا ہے کہ کوئی دف بجاتا ہے، کہیں طبلے پر تھاپ پڑ رہی ہے، کوئی گا رہا ہے کوئی ساز بجا رہا ہے لیکن کیفیت جلد گذر جاتی ہے اور جب اِن محفلوں سے لوگ اُٹھتے ہیں تو اُن کا دل بھاری ہوتا ہے۔ اِس سے کہیں بہتر یہ ہے کہ کوبان سلگا لیا کتاب کھول لی اور چپ چاپ اطمینان سے بیٹھ گئے۔ اس طرح شرح کو شانتی ملتی ہے اور پڑھتے پڑھتے دل کو زیادہ سے زیادہ سُرور حاصل ہوتا جاتا ہے۔ کبھی میں بھی ایک ذمہ دار افسر تھا۔ لیکن میری کل دولت چند کتابیں تھیں اور بس ــــ پہلے پہل میں ان کتابوں کو ساتھ لے کر سفر کرتا تھا۔ پھر خیال آیا کہ پانی کی روحیں ان پر رشک نہ کھائیں۔ چنانچہ میں نے اِن کتابوں کو پانی میں پھینک دیا اور اب اس جسم کے سوا میرے پاس کچھ بھی نہیں۔

" اب کہ میرا سارا بوجھ ہلکا ہو چکا، آس پاس کی فضا، میرا ماحول پُر سکون ہے، جسم آزاد اور روح شانت ہے تو کیا زندگی کا زیادہ لطف نہیں؟ اب میں اپنی گدڑی اور اپنے کمنڈل کے ساتھ جہاں چاہتا ہوں جاتا ہوں۔ جہاں دل چاہتا ہے ٹھہر جاتا ہوں اور جو ملتا ہے کھاتا ہوں۔ کسی جگہ قیام کروں تو مالک کے بارے میں کچھ نہیں پوچھتا اور جاتے وقت اپنا نام نہیں بتاتا۔ اگر سردیوں میں مجھے کھلی جگہ ٹھہرنا پڑے تو تکلیف نہیں ہوتی اور جب کبھی شور و شغب کی محفل میں گھر جاؤں تو مجھ پر اس کا اثر نہیں ہوتا۔ لہٰذا میری آوارہ گردی، میری مستقل سیاحت کا مقصد یہی ہے کہ میں تاؤ کے قانونِ فطرت کا شعور حاصل کر دوں، اِسے اچھی طرح سیکھ لوں ــ "

دوست نے یہ سُن کر کہا " تمھاری باتیں سُن کر ایسا معلوم ہوتا ہے کہ میں نے جسم کو ٹھنڈک پہنچانے والی دوا پی لی ہے۔ مجھے جو بے اطمینانی کا بخار چڑھا ہُوا تھا

"کیا تم نے تاؤ کے قانونِ فطرت کا عرفان حاصل کر لیا ہے؟"

"نہیں — یہ عرفان ابھی مجھے حاصل نہیں ہوا۔ ابھی تو میں صرف اسی قابل ہوا ہوں کہ میں قانونِ فطرت کو محبوب جانوں، اور بس"۔

"تو پھر تم یہ صحرانوردی اور آوارہ گردی کیوں کرتے ہو؟"

منگ لیاؤزے کہتا ہے۔ "بھائی میری آوارہ گردی کو تاؤ کے قانونِ فطرت کے ساتھ نہ الجھاؤ۔ میں تو سرکاری عہدہ دار کی زندگی، اس کی پابندیوں اور دنیوی مکروہات سے اکتا گیا تھا۔ چنانچہ میں سفر کرتا رہتا ہوں کہ اپنے آپ کو ان پابندیوں، ان مکروہات سے آزاد رکھوں — جہاں تک زندگی کے انجام (موت) کا تعلق ہے مجھے اس وقت کا انتظار کرنا ہوگا کہ میں اپنے سفر سے واپس آجاؤں اور گوشہ نشین ہو جاؤں"۔

دوست پوچھتا ہے۔ "اس گدڑی میں کمنڈل ہاتھ میں لے کر تم اپنا پیٹ بھرنے کے لئے بھیک مانگتے ہو — پھر اپنے سفر پر روانہ ہو جاتے ہو — یہ زندگی تمھیں پسند ہے؟ کیا تم اس حال میں خوش ہو؟"

منگ لیاؤزے کہتا ہے "میرے مرشد کا قول ہے امسرت کے حصول کا راز یہ ہے کہ اپنی مسرتوں کو معمولی اور محدود بناؤ۔ لوگ بڑی بڑی دعوتوں میں شریک ہوتے ہیں تو ان کے سامنے قسم قسم کے گوشت، لذیذ کھانے اور انوکھی نعمتیں رکھی جاتی ہیں بکرے اور گائیں ان دعوتوں کے لئے کاٹی جاتی ہیں۔ زمین اور سمندر کی نفیس ماکولات پیش کی جاتی ہیں۔ پہلے پہل سب کو ان کا مزہ آتا ہے اور جب پیٹ بھرنے لگتا ہے تو انھیں کھانوں سے نفرت سی ہونے لگتی ہے۔ اس لئے سب سے اچھا کھانا اُبلے چاول اور تازہ سبزیاں ہیں کہ تاثیر میں ہلکا اور سادہ ہے اور صحت کے لئے مفید بھی ہے — اسی کھانے کا مزہ عمر بھر آتا ہے اور اسی کی عادت ہو جاتی ہے — ناچ رنگ

رہی تھی۔ اور وہ عرفان کے حصول کے بغیر ہی مرا تھا۔ گویا یہ ضروری ہے کہ جب بدرُوحیں انسان کو بہکائیں تو وہ اس کی زندگی تباہ کرتی ہیں اس لئے اِن سے بچنا چاہیئے۔ اگر صوفی لوگ اور درویش اِن کے فریب میں غلطی سے آجائیں تو یہ اُن کے لئے اچھا نہیں۔ روح کی بقا اور نفس پر غالب آنے کا ایک ہی طریقہ ہے۔ اِس لئے منگ لیاؤزے اپنے دھیان میں مست بیٹھا رہتا ہے اور وہ عورت یکایک نظروں سے غائب ہو جاتی ہے۔ کون جانے وہ کسی کا بھوت تھی یا بہکانے والی بدروح تھی؟

اِس طرح تین برس تک منگ لیاؤزے اپنا سفر جاری رکھتا ہے اور لگ بھگ ساری دنیا میں گھومتا رہتا ہے جن چیزوں کو وہ اپنی آنکھوں سے دیکھتا ہے، جو آوازیں وہ اپنے کانوں سے سنتا ہے یا جو چیز اپنے ہاتھوں سے چھوتا ہے، جن حالات کا سامنا کرتا ہے، جن جن لوگوں سے ملتا ہے وہ سب اُس کی خودی کی تربیت میں کام آتے ہیں اور اِس سیاحت، اِس آزادہ روی کا اصل مقصد یہی ہے۔ پھر وہ گھر واپس آجاتا ہے اور زے منگ کی پہاڑیوں میں ایک چھوٹا سا جھونپڑا بناتا ہے جہاں سے پھر وہ کہیں نہیں جاتا۔

وہ غیر محسوس طور پر اُتر گیا ہے ۔"

[ اِس بیان کے بعد چین کے تینوں مذاہب کی یکسانی پر ایک طویل بحث کی گئی ہے اور خدا، بودھ مہاتما اور جنوں پریوں کے وجود کے ثبوت دئیے گئے ہیں ـــــ مصنف ]

پھر ایک نوجوان آتا ہے اور منگ لیا ؤزے کی طرف ہاتھ اٹھا کر کہتا ہے ۔

"جاؤ میاں جاؤ ـــ فقیر کو چاہئے کہ کھانا مل جائے تو چلا جائے ۔ اور اگر تم اِسی طرح فضول بک بک کرتے رہے تو میں تمھیں پکڑ کر حاکم کی عدالت میں لے جاؤں گا اور تم پر جادو ٹونا کرنے کا مقدمہ چلا دوں گا ۔"

نوجوان غصے میں آستینیں چڑھا لیتا ہے جیسے منگ لیا ؤزے کو مارنے ہی والا ہے ۔ مگر منگ مسکراتا رہتا ہے ۔ آخر کچھ راہ گیر بیچ بچاؤ کرتے ہیں ـــ اور منگ لیا ؤزے گاتا ہوا اپنی راہ لیتا ہے ۔ وہ رات کو ایک سرائے میں قیام کرتا ہے جہاں ایک خوش لباس عورت دروازے سے جھانکتی ہے ۔ رفتہ رفتہ وہ قریب آتی ہے اور منگ لیا ؤزے کو چھیڑنا شروع کر دیتی ہے ۔ منگ لیا ؤزے سوچتا ہے کہ یہ عورت ضرور کوئی روحِ بد ہے اور چپ چاپ تنہا بیٹھا رہتا ہے ۔ عورت کہتی ہے ۔

"میں ایک پری ہوں اور تمھیں بچانے آئی ہوں کیونکہ میں جانتی ہوں کہ تم تاؤ کے قانونِ فطرت کا ادراک کرنے کے لئے بڑی ریاضت کر رہے ہو ـــ اس کے علاوہ پچھلے جنم میں میری تمھاری ملاقات کا وقت مقرر تھا ـــ مجھ پر شک نہ کرنا میں تمھارے ساتھ طلسمات کی دنیا کو چلوں گی ۔" ـــ منگ لیا ؤزے کو فوراً یاد آتا ہے کہ جب چینگ زے چینگ شان کے مقام پر قانونِ فطرت کی ریاضتوں میں مشغول تھا تو اُسے بھی اسی طرح بہکایا گیا تھا اور آخر شیطان نے اُسے اپنا غلام بنا لیا تھا ۔ اس کی ایک آنکھ بھی جاتی

باب (۱۲) دوازدہم

# ثقافت کے مزے

۱- علم اور ذوقِ سلیم
۲- آرٹ، تفریح اور شخصیت
۳- پڑھنے کا فن
۴- لکھنے کا فن

وجہ یہ ہے کہ معلومات وسیع کرنے (عام معنی میں علم و فضل) کے لئے صرف محنت سے رٹنے اور یاد کرنے کی ضرورت ہوتی ہے۔ رہا مذاقِ سلیم اور بصیرت تو اس کا حصول کہیں مشکل ہے اور اس کا دارومدار فنکارانہ پرکھ، تمیز اور سمجھ پر ہے چنانچہ چینیوں کا قاعدہ ہے کہ کسی صاحب علم کا ذکر کریں گے تو اس کے علم و فضل، اس کے اخلاق یا بصیرت میں ہمیشہ امتیاز کریں گے۔ خصوصاً مورخوں کے بارے میں یہ امتیازات ضرور روا رکھے جاتے ہیں۔ اس کی مثال یہ دی جاتی ہے کہ تاریخ کی ایک کتاب ممکن ہے بڑی جانکاہی اور محنت سے لکھی گئی ہو۔ لیکن ہو سکتا ہے کہ اس میں بصیرت اور سمجھ بوجھ سرے سے غائب ہو اور مصنف نے اتنی محنت کے باوجود تاریخی شخصیتوں یا تاریخی واقعات کی جو تعبیریں پیش کی ہوں یا ان واقعات سے جو نتائج اخذ کئے ہوں وہ بالکل سطحی ہوں، ان میں کوئی گہرائی نہ ہو، ان میں کوئی نئی بات نہ ہو، ہر چیز بالکل پیش پا افتادہ اور فرسودہ ہو۔ ہم اہلِ چین کے خیال میں ایسے مصنفین، علم کے سلسلے میں ذوقِ سلیم سے بالکل کورے ہوتے ہیں۔ ہم یہ سمجھتے ہیں کہ معلومات کی وسعت، واقعات اور تفصیلات کا علم حاصل کر لینا بالکل معمولی چیز ہے۔ تاریخ کا کوئی دَور اٹھا کر دیکھئے۔ اس دَور کے واقعات کو ذہن میں محفوظ کر لینا، رٹ کر انھیں یاد رکھنا کوئی مشکل نہیں۔ لیکن اس دور کے اہم اور نتیجہ خیز واقعات کا کھوج لگانا، پھر اُنھیں اپنے ذہن میں محفوظ کرنا بہت مشکل چیز ہے۔ ان نتیجہ خیز واقعات کا انتخاب صرف آپ کے انداز نظر پر منحصر ہے اور یہی اندازِ نظر اصل چیز ہے!

اِس لئے وہی شخص تعلیم یافتہ کہلائے گا جس کی پسند اور ناپسند ٹھیک ہوں گی۔ جسے ٹھیک چیزیں مرغوب ہوں گی اور غلط چیزوں سے نفور رہو گا۔ یہی وہ چیز ہے جسے عام لفظوں میں ذوق کہا جاتا ہے اور ذوق ہی سے دل کشی جنم لیتی ہے۔

اب اس سے آگے چلئے جس شخص کو صحیح ذوق ملا ہو یا جو شخص بصیرت سے

# ۱۔ علم اور ذوقِ سلیم

تعلیم یا ثقافت کا مقصد صرف اِس قدر ہے کہ ہم میں علم کے سلسلے میں ذوقِ سلیم اور اطوار کے سلسلے میں خوبی پیدا ہو۔ ضروری نہیں کہ صرف اسی شخص کو شستہ یا مہذّب یا دوسرے لفظوں میں مثالی طور پر تعلیم یافتہ قرار دیا جائے جو بہت پڑھا لکھا ہو اور بڑا عالم فاضل ہو۔ تعلیم اور تہذیب کا آئینہ تو اُسی شخص کو قرار دیں گے جو پسند کے قابل چیزوں کو اچھا سمجھے، اور اُن چیزوں کو ناپسندیدہ سمجھے جو پسند کرنے کے قابل نہیں ہیں — گویا علم کا مذاقِ صحیح اور علم کی خوش ذوقی یہ جاننے میں ہے کہ کن چیزوں سے محبت کی جائے اور کن سے نفرت کی جائے۔ آپ متعدد ایسے حضرات سے تقریبات میں ملے ہوں گے جن کا دماغ تاریخی شخصیتوں، واقعات، ان کے سالِ وقوع وغیرہ کا ذخیرہ ہوتا ہے اور یہ لوگ کسی غیر ملک مثلاً روس یا مثلاً چیکوسلوویکیہ کے تازہ ترین حالات کے بارے میں بڑے با خبر ہوتے ہیں۔ لیکن ان "عالم" حضرات کا اندازِ نظر یا نقطۂ نگاہ سراسر غلط ہوتا ہے۔ اِن لوگوں سے مل کر جو کوفت ہوتی ہے اس کا آپ کو خوب اندازہ ہوگا — ایسے لوگوں سے ملنے کا اتفاق مجھے بھی ہو چکا ہے اور میں نے دیکھا ہے کہ جہاں کہیں کسی موضوع پر بات چھڑی ان کتاب کے کیڑوں نے متعلقہ حقائق اور اعداد و شمار کا انبار کا انبار حاضرین کے سامنے پیش کر دیا لیکن حال یہ تھا کہ ان کا اندازِ نظر، ان کا رویّہ سراسر غلط تھا — اِن حضرات میں علم و فضل کی کمی نہیں ہوتی لیکن یہ لوگ بصیرت یا مذاقِ سلیم دونوں سے بالکل "پاک" ہوتے ہیں — اس کی

رائے کی اِسی خود مختاری سے بہرہ ور تھے۔ ایسے لوگ اپنے عہد کے نہایت مشہور اور ہر دلعزیز شعرا کو اس وقت تک پسند نہ کرتے تھے جب تک ان کا دل ان کا دماغ ایمانداری سے اُس شاعر کے کلام سے متاثر نہ ہو۔ گویا ان کی پسندیدگی ان کی ذاتی پرکھ کا آئینہ ہوتی ہے ـــ یہی وہ چیز ہے جسے ادب کا مذاقِ صحیح کہا جاتا ہے۔ ایسا شخص آرٹ کے کسی خاص دبستان، کسی خاص مروّج انداز کو اُس وقت تک قابلِ اعتنا نہ سمجھے گا جب تک اُس کا ذوقِ سلیم اس کے حسن و خوبی کی شہادت نہ دے۔ اگر آرٹ کا کوئی مروّجہ انداز اس کے ذوق پر بارگزرے تو وہ ہرگز اس پر صاد نہیں کرسکتا۔ یہی وہ ملکہ ہے جسے آرٹ میں سچے ذوق اور صحیح وجدان کا نام دیا جاتا ہے۔ ایسا شخص فلسفے کے کسی خاص نہج، کسی فیشن ایبل نظریے سے متاثر نہیں ہوسکتا۔ چاہے اُن نظریّات کے ساتھ بڑے بڑے مفکّروں کا نام وابستہ ہو ـــ جب تک اس کا دل متاثّر نہ ہو وہ کسی مصنف سے متاثر نہیں ہوتا۔ اگر کوئی مصنّف اس صاحبِ ذوق کو متاثّر نہ کرسکے تو سمجھ لیجئے کہ مصنّف غلطی پر ہے۔ یہی وہ منزل ہے جسے ذوقِ سلیم کی منزل کہنا چاہئے ـــ یہ تسلیم کہ ایسی جرأتِ رائے کی ایسی غیر جانبداری کے لئے اپنے آپ پر بچپن کا سا اعتماد ہونا چاہئے طبیعت میں سادگی اور بھولپن ہونا چاہئے ـــ اور یہی اعتماد، سادگی اور بھولپن ہمارا سب سے بڑا سہارا ہے۔ کوئی طالب علم جب اپنی ذاتی پرکھ کا حق چھوڑنے پر آمادہ ہو جائے تو سمجھ لیجئے کہ وہ دنیا بھر کی فضولیات کا شکار ہوگیا۔

معلوم ہوتا ہے کنفیوشس یہ جانتا تھا کہ علمیت کے بغیر غور و فکر اتنا خطرناک نہیں جتنا غور و فکر کے بغیر علمیت کا ہونا خطرناک ہے۔ چنانچہ وہ کہتا ہے:۔

"علمیت کے بغیر سوچ بچار انسان کا دماغ ہلا دیتی ہے لیکن

بہرہ وَر ہو اس کے لئے یہ بھی لازم ہے کہ اس میں ہر چیز کی تہ تک پہنچنے کی صلاحیت ہو۔ وہ اپنی رائے اور پرکھ میں قطعی طور پر آزاد اور غیر جانبدار ہو اور وہ کسی قسم کے مجلسی، سیاسی، ادبی، فنکارانہ، یا علمی دباؤ، لگی بندھی باتوں، ابلہ فریبی اور تنگ نظری کا شکار نہ ہو سکے۔ آپ دیکھتے ہیں کہ ہم بالغوں کی زندگی ایک نہیں قسم قسم کی فضولیات سے گھری ہوئی ہے۔ کہیں شہرت کا سراب ہے تو کہیں دولت کا، کہیں وطنیت جی کا روگ بنی ہے تو کہیں سیاسی بھوت سر پر سوار ہے۔ کہیں ڈکیٹروں نے جان عذاب میں کر رکھی ہے تو کہیں نفسیات کے ماہروں نے —— آج کل ہمیں تحلیلِ نفسی کے ماہرین یہ بتاتے ہیں کہ بچپن میں ہماری آنتوں کے فعل پر ہماری آئندہ زندگی کی امنگوں، ہمارے احساسِ فرض اور ہماری جارحیت کا دارومدار ہے۔ یہ بھی کہا جاتا ہے کہ جس شخص کو دائمی قبض رہے وہ بخیل اور کنجوس ہو جاتا ہے —— آپ اِنصاف کریں کہ یہ باتیں سن کر صاحب ذوق، مسکرا کر چپ ہو رہنے کے سوا کیا کر سکتا ہے! —— یاد رکھنے کی بات تو صرف یہ ہے کہ جب کوئی شخص غلطی پر ہو تو اُسے غلط سمجھو —— اس کے نام کی عظمت سے خوف کھانے اور مرعوب ہونے کی ضرورت نہیں۔

نہ اس خیال سے مرعوب ہونے کی ضرورت ہے کہ اس نے بہت سی ایسی کتابیں پڑھ رکھی ہیں جو ہم نے کھول کر بھی نہیں دیکھیں۔

اِس بات سے یہ نتیجہ نکلا کہ ذوقِ سلیم اور جرأت کا آپس میں گہرا تعلق ہے۔ اسی لئے تو چین کے فلسفی شِہ (بصیرت، عرفان، شعورِ حقیقی) اور تان (جیوٹ، جرأت، بےباکی) کو ہمیشہ لازم و ملزوم قرار دیتے ہیں۔ آپ جانتے ہیں کہ جرأت یا دوسرے لفظوں میں رائے کی خود مختاری انسانوں میں کتنی کمیاب ہے۔ دنیا کے ہر بڑے فلسفی اور ادیب کی زندگی سے پتا چلتا ہے کہ شروع ہی سے یہ لوگ اِسی ذہنی بیباکی،

اِس لئے ہم پر مسلط ہوا کہ ہم لوگوں کو ٹھوک کے بجائے تعلیم دینے پر تُلے ہوئے ہیں۔ اسکی مثال مشینی کارخانے کی ہے جس میں ہر کام نہایت صحیح مگر بے جان غیر متنوع طریقے سے انجام پاتا ہے۔ چنانچہ ہر سکول اپنے نام کی لاج رکھنے اور اپنے "فارغ التحصیل" طلبہ کا معیار ایک سا رکھنے کے لئے سندیں اور ڈپلومے دیتا ہے۔ ڈپلومے دینے کے ساتھ یہ لازم ہو جاتا ہے کہ درجہ بندی کی جائے اور درجہ بندی امتحانی نمبروں کو جنم دیتی ہے اور یہ نمبر حاصل کرنے کے لئے ہر قسم کے امتحانات اور ٹسٹ دینے پڑتے ہیں۔ یہ سارا نظام نہایت پختہ منطقی تسلسل اور ترتیب کی بنیاد پر قائم ہے۔ اس کی پختگی سے کوئی مفر نہیں ۔ لیکن اِن مشینی قسم کے امتحانوں اور ٹسٹوں وغیرہ کا نتیجہ بڑا مہلک ہے۔ اتنا مہلک ہے کہ ہم اس کا تصوّر نہیں کر سکتے۔ کیونکہ امتحانات کی بدولت واقعات اور کتابی معلومات کے زبانی یاد کرنے کو زبردست اہمیت حاصل ہو جاتی ہے اور مذاقِ سلیم کی تربیت یا پرکھ اور جانچ کی صلاحیت پیدا کرنے کا کوئی سوال نہیں رہتا۔ مجھے اِس نظام کا پورا تجربہ ہے کیونکہ میں خود سکول میں استاد رہ چکا ہوں اور جانتا ہوں کہ تاریخی واقعات پر سوالات کا پرچہ بنانا بہت آسان ہے۔ لیکن مبہم معاملوں، مبہم نظریوں کے بارے میں سوالات قائم کرنا بہت ہی مشکل ہے۔ پھر اِن امتحانی پرچوں کو دیکھ کر نمبر لگانا تو بہت ہی آسان کام ہے۔

خطرہ اِس بات کا ہے، یہ نظام رائج کرنے کے بعد کہیں ہم یہ بھول جائیں کہ ہم تعلیم کے اصلی اور سچے نصب العین سے دُور ہٹ سکتے ہیں اور بارہا ہم اِس نصب العین سے دُور بھی چکے ہیں۔ کیونکہ میرے نزدیک تعلیم کا سچا نصب العین یہ ہے کہ علم کے سلسلے میں صحیح اور سچا ذوق پیدا کیا جائے۔ اِس مرحلے پر بھی کنفیوشس کا قول یاد رکھنا چاہیئے کہ:

غور و فکر کے بغیر علمیت اُسے تباہ کرکے رکھ دیتی ہے۔"

اُس نے اپنے زمانے میں ایسے طالبانِ علم ضرور دیکھے ہوں گے جو سوچ سمجھ سے کام نہ لیتے تھے، محض علم کا بوجھ اٹھائے پھرتے تھے۔ اِسی لئے تو اُس نے اتنی شدید تنبیہ کی ضرورت محسوس کی۔ میں سمجھتا ہوں ہمارے جدید زمانے کے سکولوں میں بھی اِس قسم کی سخت تنبیہ کی نہایت سخت ضرورت ہے۔ یہ حقیقت اب واضح ہو چکی ہے کہ جدید تعلیم اور ہمارے سکولوں کا نظامِ تعلیم عام طور پر "علم" حاصل کرنے پر زیادہ زور دیتا ہے، بصیرت اور سوجھ بوجھ کی ترقی کا کوئی خیال نہیں کرتا۔ اِس نظامِ تعلیم کا خاصہ ہے کہ طالب علم بہت سادہ معلومات رٹ رٹا کر دماغ میں محفوظ کرلیں اور بس۔ لیکن بھلا "علم" کا بوجھ اور معلومات کا یہ انبار کسی بے علم کو تعلیم یافتہ بنا سکتا ہے؟

سوال یہ ہے کہ سکولوں میں سوچ بچار اور غور و فکر کی ہمت افزائی کیوں نہیں کی جاتی؟ آخر اِس نظامِ تعلیم نے علم حاصل کرنے کی سہانی کوششوں کو بگاڑ کر انھیں مسخ کرکے محض واقعات اور معلومات کو بے سوچے سمجھے حفظ کرنے کی ایک لگی بندھی اور بیزار کن مشینی چیز کیوں بنا دیا ہے؟ — آخر غور و فکر کے بجائے معلومات کے حصول کو زیادہ اہمیت کیوں دی جاتی ہے؟ — ہم کسی گریجویٹ کو تعلیم یافتہ ہونے کا لقب کیوں دیتے ہیں؟ صرف اِس لئے کہ اُس نے 'نفسیات'، قدیم تاریخ، منطق وغیرہ کو یاد کرنے میں کچھ گھنٹے اور ہفتے صرف کر لئے ہیں؟ ہمارے سکولوں میں امتحانات کے نمبروں کا رواج کیوں ہے؟ ڈپلومے اور سندیں کیوں دی جاتی ہیں؟ اِن سندوں اور ڈگریوں نے تعلیم کے سچے مقصد کی جگہ کیونکر لے لی؟ ہمارے طلبہ تعلیم کا مقصد انھیں ڈگریوں اور سندوں کے حصول کو کیوں سمجھتے ہیں؟

اِن تمام باتوں کی بنیادی وجہ بڑی سیدھی سادی ہے — یہ نظامِ تعلیم

تو علم کا حصول آج کی طرح عذاب نہیں بن سکتا بلکہ ایک نہایت خوش گوار کام ہوگا۔ علم یہ نہ ہوگا کہ جو معلومات ہمیں گھول کر پلا دی جائیں ہم انھیں پی لیں، جو کچھ یکسانیت کے ساتھ ہمیں سکھا دیا جائے سیکھ لیں اور جو بندھی ٹکی چیزیں بتا دی جائیں انھیں یاد کر لیں بلکہ علم انفرادی مسرت کا ایک مثبت ذریعہ ایک انفرادی نصب العین ہوگا — چنانچہ اگر سندیں اور ڈگریاں منسوخ کر دی جائیں، امتحانی نمبروں کا طریقہ ختم کر دیا جائے یا ان کو کوئی اہمیت نہ دی جائے تو علم کا حصول ایک مثبت کام بن جاتا ہے کیونکہ اس صورت میں طالب علم بار بار اپنے آپ سے یہ سوال کرنے پر مجبور ہو جاتا ہے کہ اگر مجھے ڈگری حاصل نہیں کرنی ہے اور امتحانی نمبر وغیرہ فضول چیزیں ہیں تو میرے علم حاصل کرنے کا مقصد کیا ہے؟ — لیکن موجودہ صورتِ احوال میں یہ سوال طالب علم کے ذہن میں پیدا نہیں ہوتا۔ ہوتا بھی ہے تو اس کا جواب گھڑا گھڑایا موجود ہے۔ کہ نچلی جماعتوں کے بعد اونچی جماعتوں میں جانا ہے، چنانچہ پڑھنا پڑے گا اور امتحان بھی دینے ہوں گے — مگر علم کے حصول کے یہ اسباب خارجی ہیں اور ان کو ترک کرنا ہی پڑے گا کیونکہ علم کا حصول ہر شخص کا ذاتی مسئلہ ہے۔ اس میں کسی دوسرے کا عمل دخل، کسی خارجی سبب کی لاگ نہیں ہونی چاہئے۔ اور آج کل یہ حالت ہے کہ بہت سے طلبہ تو یونیورسٹی کے رجسٹرار کے ڈر سے پڑھتے ہیں اور جو نیک لڑکے ہیں وہ اپنے والدین یا اپنے استادوں یا اپنی ہونے والی بیویوں کے لئے علم حاصل کرتے ہیں تاکہ وہ ان والدین کے سامنے احسان ناشناس نہ ٹھہرائے جائیں جو انہیں تعلیم دلوانے پر اتنا خرچ اٹھا رہے ہیں یا وہ اُس استاد کے سامنے اچھے بنیں جو اُن سے مہربانی کا سلوک کرتا ہے اور انھیں محنت سے پڑھاتا ہے یا یہ کہ وہ تعلیم ختم کر کے کسی اچھی جگہ ملازم ہو جائیں اور

"وہ علمیت جو محض معلومات کو یاد رکھنے کا نام ہے کسی کو اُستاد بن جانے کا اہل نہیں بنا سکتی۔"

گویا تعلیم کے لئے "لازمی مضامین" اور "لازمی کتابوں" کی کوئی قید نہیں ہو سکتی۔ یہ بھی نہیں کہا جا سکتا کہ شیکسپیئر پڑھنا "بالکل لازمی" ہے ــــ ہمارے سکول اِس حماقت میں مبتلا ہیں کہ تاریخ اور جغرافیہ کا ایک بنیادی نصاب ہر شخص کو پڑھنا "لازمی" ہے کیونکہ یہ بنیادی نصاب ہمارے خیال میں تعلیم یافتہ ہونے کی اوّلین شرط ہے ــــ میری تعلیم اچھی خاصی ہوئی ہے پھر بھی مجھے آج تک یہ پتا نہ چلا کہ سپین کا دارالحکومت کون سا شہر ہے اور ایک وقت میں یہ سمجھا کرتا تھا کہ ہوائی ایک ایسا جزیرہ ہے جو جنوبی امریکہ کی ریاست کیوبا کے پاس واقع ہے۔ چنانچہ تعلیم کا لازمی نصاب قرار دینے میں بڑا عیب یہی ہے کہ جو شخص اِس نصاب کو جوں توں کر کے ختم کرے اس کے بارے میں یہ سمجھا جاتا ہے کہ جو کچھ کسی تعلیم یافتہ شخص کو آنا چاہیئے وہ اِسے آتا ہے۔ اِس کا منطقی نتیجہ بڑا عبرت انگیز ہے اور وہ یہ ہے کہ گریجویٹ لوگ امتحان پاس کرنے کے بعد علم حاصل کرنا یا کوئی کتاب پڑھنا بالکل ترک کر دیتے ہیں کیونکہ جو کچھ اُنھیں علم حاصل کرنا تھا اپنے خیال میں وہ کر چکے ہوتے ہیں۔

چنانچہ یہ خیال سرے سے ترک کرنا پڑے گا کہ کسی شخص کے علم کو کسی طرح ناپنا ممکن ہے یا اُسے کسی نہ کسی کسوٹی پر پرکھا جا سکتا ہے۔ چوانگ زے نے کہا ہے "افسوس میری عمر محدود ہے اور علم لامحدود!" ــــ علم کا حصول تو کسی نئے برِّاعظم کی دریافت اور اس کی سیاحت کی طرح ہے اسی لئے اناطول فرانس نے کہا تھا "علم حاصل کرنا روح کا ایک تجربہ ہے، ایک مہم ہے!" اس لئے اگر تحقیق، تجسس اور کھوج کی روح قائم رہے اور ذہن تحریروں اور معلومات حاصل کرنے کا انداز بھی برقرار رکھے

ایک عظیم فن کار پیدا کر دکھائے ـــــ میں یہ بہتر سمجھتا ہوں کہ سکول کے ہر بچے کو کوزہ گری اور مجسمہ سازی سکھائی جائے اور ہر کاروباری شخص، ہر اقتصادی ماہر، ہر ملازم اپنے لئے خود عید کارڈ قسم کی چیزیں بنا لے ۔ یہ کوئی بات نہیں کہ چند آرٹسٹ پیشے کے طور پر پوری قوم کے لئے یہ چیزیں تیار کرتے رہیں ـــــ

دوسرے لفظوں میں یوں کہئے کہ میں زندگی کے ہر شعبے میں "شوقیہ مہارت" کا قائل ہوں، پیشہ ورانہ کمال کا حامی نہیں ۔ میں عطائی فلسفیوں، شوقیہ گانے والوں، شوق کی خاطر شاعری کرنے والوں، فوٹو گرافروں، جادو کے کھیل اور کرتب دکھانے والوں، حیاتیات کے شوقیہ ماہروں ہوابازی کے شوقینوں اور معماروں کو دل سے پسند کرتا ہوں ـــــ ایک دوست کسی شام کے دھندلکے میں کوئی نغمہ معمولی طریقے سے بھی بجا کر سنائے تو مجھے اتنا ہی لطف آئے گا جتنا وہی نغمہ کسی نہایت صاحب کمال پیشہ ور سازنواز سے سننے میں آ سکتا ہے ۔ رہے جادو کے کھیل تو ہر شخص اپنے دوست کے کرتبوں سے خوب لطف اٹھاتا ہے ۔ والدین اپنے بچوں کے ڈرامے دیکھتے ہیں تو خوشی سے پھولے نہیں سماتے بلکہ انھیں شیکسپیئر کا کوئی ڈرامہ اسٹیج پر دیکھ کر بھی اتنی خوشی نہیں ہوتی ہوگی ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ شوقیہ کاموں اور خصوصاً شوقیہ آرٹ میں بے ساختگی زیادہ ہوتی ہے اور سچے آرٹ کی بنیادی خوبی یہی برجستگی ہے ۔ چین میں اسی لئے مصوری کو اہلِ علم کا شوق سمجھا جاتا ہے اور اسے پیشہ ور آرٹسٹ کا کام نہیں سمجھا جاتا ۔ چنانچہ اگر کھیل اور شوق کا جذبہ قائم رہے تو آرٹ تجارتی اور کاروباری نہیں ہونے پاتا ورنہ دوسری صورت میں ہر کام کی طرح اس میں بھی کاروبار دخیل ہو جاتا ہے ۔

کھیل کا خاصہ ہے کہ اسے بلا وجہ کھیلا جائے اور اس کی کوئی وجہ، کوئی جواز موجود نہ ہو کھیل کا بنیادی سبب خود کھیل ہے ۔ انسانی ارتقا کی ساری تاریخ اس نظریئے کا

اچھی تنخواہ پائیں تاکہ اپنے اپنے خاندان کی کفالت کر سکیں —
میرے نزدیک یہ سارے تصورات اخلاق سے گرے ہوئے ہیں —
علم کا حصول ایک ذاتی مسئلہ ہونا چاہئے جس میں کسی دوسرے کا، یا کسی خارجی سبب کا کوئی عمل دخل نہ ہو — صرف اسی صورت میں تعلیم مفید اور مثبت طاقت بن سکتی ہے، اور علم کا حصول عذاب کے بجائے گہری مسرت بن سکتا ہے۔

## ۲- آرٹ: تفریح اور شخصیت

آرٹ تخلیق بھی ہے اور تفریح بھی۔ مگر میرے خیال میں آرٹ تفریح کی حیثیت سے یا روحِ انسانی کے خالص کھیل کی حیثیت سے زیادہ اہم ہے — میں تخلیقی کام کی دل سے قدر کرتا ہوں۔ چاہے یہ تخلیق مصوری کی صورت میں ہو یا تعمیر کی صورت میں، یا ادب کی صورت میں سامنے آئے — پھر بھی میرا خیال ہے کہ سچے آرٹ کی روح اسی صورت میں عام ہو گی اور معاشرے کے رگ و پے میں سما سکے گی کہ بہت سے لوگ آرٹ سے لطور تفریح حظ اٹھائیں۔ وہ آرٹ کی تخلیق کریں لیکن ان میں سے کسی کو بھی زندۂ جاوید بن جانے کی امید نہ ہو — آج کل یہ صورت ہے کہ ہر کالج ایسا کھلاڑی پیدا کرنے کی کوشش کرتا ہے جو ملک بھر کے لئے مایۂ ناز ہو۔ میرے نزدیک زیادہ اہم یہ بات ہے کہ کالج کا ہر لڑکا ٹینس یا فٹ بال معمولی طریقے پر کھیل سکے اور کالج خواہ کوئی نامور کھلاڑی پیدا نہ کرے۔ اسی طرح یہ بات زیادہ اہم ہے کہ ایک ملک کے تمام بچے اور سب بالغ لوگ مشغلے کے طور پر کچھ نہ کچھ تخلیق کر سکیں۔ یہ اہم نہیں کہ ایک پوری قوم صرف

معلوم نہیں کہ جس طرح طوائف سے سچی محبت خریدنا ممکن نہیں، اسی طرح تلوار کی نوک پر آرٹ کی تخلیق کرانا بھی ممکن نہیں۔

آرٹ کی روح کو سمجھنے کے لئے یہ ضروری ہے کہ ہم آرٹ کو انسانی قوت کا ایک وافر حصہ سمجھ لیں اور اس کے جسمانی اسباب پر غور کریں۔ یہی وہ چیز ہے۔ جسے آرٹ کی تخلیقی اپج کا جوہر کہا جاتا ہے۔ آرٹ کی تخلیق کے سلسلے میں عام طور پر سنا جاتا ہے کہ اس کا منبع وجدان ہے اور یہ کہ ع "آتے ہیں غیب سے یہ مضامیں خیال میں" گویا آرٹسٹ خود نہیں جانتا کہ وہ تخلیقی امر وہ جذبہ کہاں سے دل میں در آیا۔ یہ اسی طرح کی ایک داخلی اکساہٹ ہوتی ہے جو سائنس دان کے دل میں حقیقت کے انکشاف کے لئے پیدا ہوتی ہے۔ سیاح کے دل میں نت نئے جزیروں کی دریافت کے لئے چٹکیاں لیا کرتی ہے — اس کا اظہار مشکل ہے نہ اس کی ماہیت ہی بیان کی جا سکتی ہے۔

آج ہمیں حیاتیات کے علم کی بدولت یہ معلوم ہو چکا ہے کہ ہماری ذہنی زندگی کا نظام اُن ہارمونز (ذرات) کی کمی بیشی اور تقسیم سے ترتیب پاتا ہے جو ہمارے خون میں ہوتے ہیں۔ یہ ذرات مختلف اعضا پر اثر ڈالتے ہیں اور ان اعصاب کو متاثر کرتے ہیں جو ہمارے اعضا کو کنٹرول کرتے ہیں۔ غصہ اور خوف بھی خون میں انھیں ذرات کی کمی بیشی سے پیدا ہوتا ہے۔ اور میں سمجھتا ہوں، غیر معمولی فطانت یہی ہے کہ بعض انسانی جسموں کے غدود خاص قسم کا لعاب زیادہ پیدا کرتے ہیں اور ایسا انسان فطین یا جی نی لیس کہلاتا ہے۔ جین کے ایک نیم گمنام ناول نگار نے کہا تھا انسانی جسم کی حرکت اور اس کا سارا کام اس وجہ سے ہے کہ انسانی جسم میں بعض جگہ "کیڑے" ہوتے ہیں۔ اس بچارے کی رسائی جدید زمانے کی طبی معلومات اور خونی ذرات تک نہ تھی مگر اس نے ان "کیڑوں" کا پتا چلا ہی لیا جو ہر انسانی فعل کے ذمہ دار ہیں مثلاً خود زِنا کیا ہے۔ یہی نا کہ خاص قسم کے

ثبوت ہے۔ حسن وہ چیز ہے کہ اسے بقا کی کش مکش سے ثابت نہیں کیا جا سکتا۔ چنانچہ حُسن کی ایسی صورتیں بھی ہیں کہ وہ خود جانوروں کی برادری کے لئے بھی تباہ کن ہیں۔ اس کی مثال یہ ہے کہ بارہ سنگے کے خوب بڑھے ہوئے سینگ اپنی جگہ حسن کی تصویر ہوں گے لیکن اس جانور کے لئے تباہی کا پیش خیمہ ثابت ہوتے ہونگے۔ ڈارون کو یہ بات سوجھ گئی تھی، نباتات اور حیوانات کی دنیا میں اتنا حُسن موجود ہے کہ اس کا سائنسی سبب نہیں بتایا جا سکتا۔ اس لئے اُس نے جنسی انتخاب کا مسئلہ وضع کیا اور ارتقا کے اصول میں اسے ایک ثانوی مگر اہم سبب قرار دیا —— چنانچہ اگر آرٹ کو ہم انسان کی جسمانی اور ذہنی قوتوں کا ایک زائد (ضرورت سے بھی زائد) حصّہ نہ سمجھیں اور یہ محسوس نہ کریں کہ آرٹ بذاتہ ایک آزاد، غیر پابند چیز ہے اور محض اپنی خاطر زندہ ہے تو آرٹ کے معنی ہماری سمجھ میں کبھی نہیں آ سکتے۔ یہ وہی رسوائے زمانہ نظریہ ہے جسے "فن برائے فن" کا نام دیا گیا ہے۔

میں اسے ایسا مسئلہ نہیں سمجھتا جس پر سیاستدانوں کو کچھ کہنے سننے کا حق حاصل ہو۔ میں اسے ایک ایسی ناقابلِ تبدیل حقیقت گردانتا ہوں جو یہ ثابت کرتی ہے کہ ہر فنی تخلیق کا ماخذ، منبع اور مبدا جسمانی قوت ہے اور بس! —— ہٹلر نے اپنی قوت کے زعم میں جدید آرٹ کی بہت سی قسموں کو اخلاق سے گری ہوئی قرار دیدیا تھا۔ میں سمجھتا ہوں جن مصوروں نے اس ڈکٹیٹر کو خوش کرنے کے لئے اس کی تصویریں بنائیں اور جرمنی کے آرٹ میوزیم میں ان کی نمائش کی گئی وہ مصور اخلاق کے لحاظ سے بے حد گھٹیا لوگ تھے۔ کمرشل آرٹ بھی صحیح فنی تخلیق کی روح کا طوق ہے۔ مگر سیاست تو آرٹ کو بالکل مردہ کر دیتی ہے کیونکہ آزادی آرٹ کی روح ہے۔ مگر ہمارے موجودہ زمانے کے آمر حکمران سرکاری حکم دے کر سیاسی آرٹ پیدا کرنے کی ناکام کوشش کر رہے ہیں۔ انھیں یہ

سیاسی مقصد حاصل کرنا چاہے۔ یا پارٹی سے اپنی وفاداری ثابت کرنا چاہے تو ایسے موقع پر اُسے قدم قدم چلنا چاہیئے، ناچنا ہرگز نہ چاہیئے۔ اصل میں ہمارے کمیونسٹ بھائی کام اور محنت کے تقدّس کو تو خوب سمجھ گئے ہیں مگر کھیل کا مقدس ہونا ان کی سمجھ میں نہیں آیا۔ حالانکہ ایک مہذّب آدمی آج کل کی مہذّب دنیا میں پہلے سے ہی ضرورت سے زیادہ کام کر رہا ہے۔ آج کل کا انسان جتنا کام کرتا ہے حیوانات میں کسی نوع، کسی نسل کا جانور اتنا کام نہیں کرتا۔ آج کل کے انسان کے پاس فرصت اور فراغت کا وقت بہت کم ہے کھیل اور آرٹ کے لئے اسے اس سے بھی بہت کم وقت ملتا ہے۔ اِس پر ان چند لمحات کے لئے بھی یہ کہہ دیا جائے کہ انھیں اِس عفریت یعنی حکومت کے سپرد کر دیا جائے تو اس سے بڑھ کر زیادتی اور کیا ہوگی!

سو قرار پایا کہ آرٹ کی ماہیتِ اصلی اور اس کی حقیقت کھیل ہے اور صرف کھیل (مشغلہ) اِس نظریے کی روشنی میں آرٹ اور اخلاقیات کا تعلق سمجھنے میں بڑی مدد مِل سکتی ہے حسن محض حسنِ ترکیب یا حسنِ عمل ہے۔ اور یہ حسن چال چلن، برتاؤ کے علاوہ اچھی تصویر یا کسی خوبصورت پُل میں بھی نظر آتا ہے۔ آرٹ مصوّری، موسیقی، اور رقص سے کہیں زیادہ وسیع ہے کیونکہ دنیا کی ہر چیز میں حسنِ ترکیب ممکن ہے کسی دوڑ میں دوڑنے والے کو دیکھیئے۔ اس میں بھی حسنِ ترکیب نظر آئے گا۔ کوئی شخص اگر بچپن اور جوانی سے پختہ عمری اور بڑھاپے تک حسنِ ترکیب سے زندگی بسر کرے تو یہ حسنِ ترکیب نمایاں اور ناقابلِ تردید ہوگا۔ انتخابی مہم اگر اچھی لڑی جائے تو اس میں بھی حسنِ ترکیب ہوگا اور اگر ہنسی اور ٹھٹھا کرنے میں اسی نفاست کا لحاظ رکھا جائے جس طرح پرانے چین کے عہدہ دار رکھتے تھے۔ تو اس میں بھی حسنِ ترکیب نظر آئے گا۔ ہر انسانی فعل ہیئت اور اظہار سے مرکب ہے اور اظہار کی ہر صورت آرٹ کی تعریف میں آتی ہے۔ اِس لئے یہ ناممکن ہے

کیڑے ہماری آنتوں کو کھاتے رہتے ہیں اور انسان کو مجبور کرتے ہیں کہ وہ اپنی نفسانی خواہش پوری کرکے رہے۔ پھر ہر انسان کو بڑا بننے کی خواہش ہوتی ہے۔ انسان کو دوسروں پر فوقیت جتانے کا بھی خبط ہے۔ انسان کے دل میں شہرت اور اقتدار کی بھوک بھی ہوتی ہے۔ یہ سب کیا ہیں۔ یہ انھیں "کیڑوں" کا معاملہ ہے جو اس وقت تک آسودہ نہ ہوں گے جب تک انسان اپنے مقصد میں کامیاب نہ ہو جائیگا۔ کسی کتاب کی تصنیف بھی کیڑوں کی ایک خاص قسم کی بدولت ہے جو مصنف کو مجبور کرتے ہیں کہ وہ کسی وجہ کے بغیر لکھے لکھتا ہی رہے ـــ اس لئے ہارمون اور "کیڑوں" کے درمیان انتخاب کا معاملہ درپیش ہو تو میں "کیڑے" کی اصطلاح زیادہ پسند کروں گا کہ یہ زیادہ واضح اور سادہ ہے۔

جس شخص میں ان 'کیڑوں' کی ایک خاص مقدار ہو گی۔ یا معمول سے زیادہ مقدار ہو گی۔ وہ کچھ نہ کچھ تخلیق کرنے پر مجبور ہو گا کیونکہ اب وہ تخلیق کئے بغیر رہ نہیں سکتا کسی بچے کو دیکھئے۔ اگر اس میں عمر کی رعایت سے زیادہ ہمت ہو تو وہ چلنے کے بجائے کود پھاند زیادہ کیا کرتا ہے۔ یہی وافر قوت اگر بڑے آدمی میں ہو تو اس کی چال ناچ اور مور چال بن جاتی ہے۔ چنانچہ ناچ بھی فضول قسم کی چال ہے فضول اس لئے کہ اس میں افادیت کے خیال سے (جمالیاتی نقطۂ نظر سے نہیں) قوت زیادہ خرچ ہوتی ہے اور نتیجہ کچھ نہیں ہوتا۔ ناچنے والا کمرے میں ایک جگہ سے دوسری جگہ تک پہنچنے کے لیئے سیدھا چلنے کے بجائے نیم دائرے کی صورت میں پینترے بدلتا ہوا جاتا ہے۔ پھر بھی ناچ ایسا آرٹ ہے کہ کوئی شخص ناچتے ہوئے حب الوطنی کی کوشش نہیں کرتا۔ اگر کسی شخص کو حکم دیدیا جائے کہ وہ سرمایہ دارانہ یا فاشی نظام یا اشتراکی نظریے کے مطابق رقص کرے تو رقص سے تفریح کا سارا عنصر غائب ہو جائے گا اور وہ حسین بے ساختگی نہ رہے گی جو ناچ کا اصل مقصد ہے چنانچہ اگر کوئی کمیونسٹ

یہ وہی زمانہ ہے جب "بافراغت گفتگو" کا فیشن چلا تھا اور تکلّف اور نفاست کی انتہا نسائی ملبوسات پر ہوئی تھی حسین لوگوں کی بھی کمی نہ تھی۔ بڑی خوبصورت ڈاڑھیاں رکھنے کا بھی رواج ہوا اور مردانہ ڈاڑھیوں کے ساتھ اور بے حد ڈھیلے ڈھالے لباسوں میں نظر آنے لگے۔ یہ لباس اس طرح کا تھا کہ اگر جسم کے کسی حصّے کو سہلانا یا کھجانا چاہیں تو ہر حصّے تک ان کپڑوں میں سے ہاتھ جا سکے۔ ہر کام میں خوش اسلوبی اور نفاست در آئی تھی۔ اسی زمانے میں چو (مورچھل) کا رواج ہوا۔ وضع یہ تھی کہ گھوڑے کی دُم کے بال ایک لکڑی کے سرے پر نفاست سے باندھ دئے جاتے اور اس سے مکھیاں اور مچھر اڑانے کا کام لیا جاتا۔ یہ مورچھل گفتگو کے موقع پر بڑی اہم چیز تھی کہ باتیں ہو رہی ہیں اور ہاتھوں میں مورچھل ہل رہے ہیں۔ چنانچہ آج بھی اطمینان اور فراغت کی گفتگو کو چو نان، "مورچھل کی گفتگو" کہا جاتا ہے۔ دستور یہ تھا کہ گفتگو کے دوران میں چو (مورچھل) ہاتھ میں رہے اور اسے بڑی نفاست سے ہوا میں ہلاتے رہیں —— یہی حال پنکھیا کا ہے کہ پنکھیا بھی گفتگو کا ایک حسین لازمہ ہو گئی۔ بات کرنے والا اسے کھولتا، ہوا میں ہلاتا پھر بند کر لیتا۔ چنانچہ کیا چو کیا پنکھیا، دونوں گفتگو کے انداز میں اسی طرح حصّہ گیر ہوتے ہیں جیسے سپیر کا اسلوب ہاتھ کی چھڑی کا سہارا لیتا ہے۔

مغرب میں زندگی کی نفاستوں میں سب سے اعلیٰ نفاست مجھے یہ نظر آئی کہ پرشیا (جرمنی) کے رئیس زادے دیوان خانوں میں کسی خاتون کا سامنا کرتے ہی ایڑیاں فوجی انداز میں ملا کر جھک جاتے ہیں اور جرمن لڑکیاں ایک ٹانگ دوسری ٹانگ کے پیچھے لیجا کر بڑے حسین انداز میں کورنش بجا لاتی ہیں۔ میرے نزدیک یہ بڑی خوبصورت چیز ہے۔ مگر افسوس ہے کہ اس کا رواج کچھ کچھ اٹھتا جا رہا ہے۔

خوش تمیزی اور آداب کے بہت سے طور طریقے چین میں بھی رائج ہیں اس سلسلے

کہ اظہار کے آرٹ کو محض موسیقی، رقص اور مصوری کے گنے چنے شعبوں ہی تک محدود کر دیا جائے۔

آرٹ کی یہ ایک عمومی تعریف ہوئی لیکن اس کے مطابق یہ طے پا گیا کہ اخلاق اور رکھ رکھاؤ میں حُسنِ ترکیب اور آرٹ میں حسین شخصیت، دونوں کا آپس میں گہرا تعلق ہے اور دونوں کی ایک جیسی اہمیت ہے۔ اس کے مطابق یہ بھی ممکن ہے کہ ہماری ہر جسمانی حرکت میں وہی نفاست ہو جو کسی نظم کی حرکت و غنا میں ہوتی ہے۔ پس اگر ہم میں قوت کا وافر حصّہ موجود ہے تو ہم جو کچھ کریں گے اس میں ایک خوش اسلوبی، ایک حُسنِ ادا، ایک حسنِ ترکیب ضرور ہو گا۔ یہ خوش اسلوبی اور لطافت جسمانی قوّت کی بدولت پیدا ہوتی ہے۔ اس کی وجہ سے دل میں یہ احساس ہوتا ہے کہ میں کوئی کام دوسروں سے بہتر طریقے پر ——یعنی زیادہ حسین انداز میں—— کر سکتا ہوں ——نظریاتی اعتبار سے ہمیں یہی حُسن ہر شخص کے کام میں نظر آئے گا جو اچھا کام کر رہا ہو۔ گویا کسی کام کو عمدہ اور صاف طریقے پر کرنے کی خواہش، جمالیاتی اپج قرار پائی۔ اِس نظریئے کے مطابق عمدگی سے کیا ہوا قتل، خوبی سے انجام کو پہنچائی جانے والی سازش بھی حسین چیز ہو گی۔ چاہے یہ کام اپنی جگہ کتنے ہی بُرے اور قابلِ مذمت کیوں نہ ہو —— زندگی کی ٹھوس تفصیلات کو سامنے رکھتے ہوئے ہم یہ کہہ سکتے ہیں کہ زندگی کے کاموں میں خوش اسلوبی، حسنِ ادا اور صلاحیّت سب کا مظاہرہ موجود ہے یا کیا جا سکتا ہے۔ کسی چیز کی یا کسی شخص کو اچھی طرح اور مناسب داد دینا ایک حسین داد کہلائے گا۔ اور جس داد سے بدمذاقی جھلکتی ہو گی اُسے داد نہیں بیداد کہیں گے۔

چین میں تیسری اور چوتھی صدی میں چن خاندان حکمران رہا۔ اس خاندان کے عہدِ حکومت کے آخر میں گفتار، زندگی اور ذاتی آرام کی برکتیں عروج پر نظر آتی ہیں۔

ان اداکاروں کی ہنسی بڑی احتیاط، بڑی مشق کا نتیجہ ہوتی ہے۔ اور جب چینی اسٹیج پر کوئی اداکار نہایت خوبصورت طریقے پر ہنستا ہے تو تماشائی بے ساختہ تحسین و آفرین کے نعرے بلند کیا کرتے ہیں۔ یہ یاد رہے کہ ہنسی ہے بڑی مشکل چیز۔۔۔ کیونکہ ہنسی کی ایک نہیں کئی قسمیں ہیں: مثلاً مسرت کا قہقہہ، کسی کو دھوکا دے کر اپنے جال میں پھنسا لینے پر فتح مندی کی ہنسی، استہزا اور حقارت کا زہرخند وغیرہ۔ ان میں سب سے مشکل مایوسی کی تلخ ہنسی ہے۔ یہ اس شخص کی ہنسی ہے جسے حالات کی زبردست قوت نے بالکل بے دست و پا کر کے رکھ دیا ہو۔ چین میں تھیئٹر کے شوقین ان چیزوں کا بڑا خیال رکھتے ہیں۔ وہ دیکھتے ہیں کہ اداکاروں کے ہاتھوں کی حرکات ان کے قدموں کی چاپ کیا ہے اور کیسی ہے۔ بازوؤں کی ہر حرکت، گردن کا ہر خم، سر کا ہر خفیف سے خفیف سے جھکاؤ، کمر کا خم، کھلی آستینوں کا لہرانا، چال کا ہر ہر قدم چینی اداکاروں کی زبردست مشق اور مہارت کا آئینہ دار ہو گا۔ چینی روایات کے مطابق اداکاری کے دو حصے ہیں۔ ایک تو گانا اور دوسرے کوری اداکاری۔ چنانچہ "گانے" کے ڈرامے الگ ہوتے ہیں اور "اداکاری" کے ڈرامے ان سے مختلف۔ "اداکاری" سے مراد انسانی جسم، ہاتھ پاؤں، چہرے کی حرکات سکنات سے انسانی جذبات کی عکاسی اور اظہار ہے۔ چینی اداکاروں کو یہ سیکھنا پڑتا ہے کہ ناراضی میں سر کیونکر ہلایا جاتا ہے، شک کی حالت میں بھویں کس طرح تنتی ہیں اور اطمینان و سکون کے لمحوں میں ڈاڑھی پر ہاتھ کس طریق سے پھیرا جاتا ہے۔

اب اس مرحلے پر پہنچ کر آرٹ اور اخلاقیات کی بحث شروع ہوتی ہے۔ فاشی ملکوں اور اشتراکی ملکوں میں آرٹ اور پراپیگنڈے کو کچھ بے طرح گڈمڈ کر دیا گیا ہے اور بعض جمہوری ملکوں میں بھی بہت سے اہل دماغ اور دانشور لوگوں نے پراپیگنڈے

میں انگلیوں، ہاتھوں اور بازوؤں کی حرکت کو بڑی احتیاط اور محنت سے رواں کیا جاتا ہے۔ مانچو لوگوں میں سلام کا طریقہ بڑا حسین ہے۔ مثلاً ایک شخص آپ سے ملنے کمرے میں آیا ہے۔ وہ ایک بازو سیدھا جسم کے ساتھ لگا دے گا، ایک ٹانگ کو ذرا سا جھکائے گا اور سارا بدن فوراً جھکا کر سیدھا کرے گا۔ اگر کمرے میں آپ کے علاوہ اور حضرات بھی موجود ہیں تو وہ اسی حالت میں اپنی سیدھی ٹانگ کی ایڑی پر گھومے گا اور اس طرح حاضرین کی خدمت میں مجموعی طور پر آداب بجا لائے گا۔ رہی ہاتھوں اور انگلیوں کی حرکتیں میں نفاست تو چین میں کسی اعلیٰ شاطر کو ذرا شطرنج کے تختے پر مہرے رکھتے، اٹھاتے دیکھیے ____ اسی طرح قدیم چین کے افسر طبقے کے لوگ غصے کے وقت نہایت خوبصورت حرکتیں کرتے تھے۔ وہ نہایت حسن و خوبی سے اپنی آستین جھٹکتے اور دایاں بازو یا دونوں بازو ہلاتے ہوئے کمرے سے باہر نکل جاتے تھے۔

کسی چینی عہدہ دار کا اندازِ گفتگو بھی سننے کی چیز ہے۔ لفظ اس کے منہ سے عجیب خوش الحانی سے ادا ہوتے ہیں اور پیکنگ کے لہجے کا حسین آہنگ اس کی ادائی میں موسیقی کے پورے زیر و بم لئے ظاہر ہوتا ہے۔ الفاظ کے حرف و مخرج وہ نہایت واضح طور پر اور آہستگی سے ادا کرتا ہے۔ اور اگر یہ عہدہ دار صحیح معنی میں عالم بھی ہو تو پھر کیا کہنا۔ وہ ہر فقرے میں چینی ادب کے شہ پارے پیش کرنے پر قادر ہو گا۔ پھر اس افسر طبقے کی ہنسی اور کھنکھارنے کا انداز تو خاصے کی چیز ہے۔ خصوصاً ہنسی تو بڑی غنائی لے کے ساتھ ادا ہوتی ہے۔ اس میں تھوڑا سا تصنع، تھوڑا سا تکلف بھی جھلکتا ہے مگر اس کا اختتام بڑا بھرپور ہوتا ہے۔ اور اگر اس ہنسی کے ساتھ اس حاکم کے سفید ڈاڑھی بھی ہو تو اس کا لطف دو بالا سمجھئے۔

یہ ہنسی اداکاروں کے لئے ان کی تمام تر اداکاری کا بہت اہم حصہ ہے۔

اور لطیف آرٹ ہی تخلیق کر سکے گا ــــ گویا آرٹ اور اخلاقیات کا ناتا مختصر طور پر یہ ہے جو میں نے عرض کیا ــــ اس لئے اخلاقیات ایسی چیز نہیں جیسے کسی جابر حکمران کی خواہش یا پراپیگنڈے کے اعلیٰ افسر کے ہر آن بدلتے ہوئے اخلاقی اصولوں کے مطابق آرٹ پر باہر سے ٹھونسا جا سکے۔ اخلاقیات آرٹ کے باطن ہی سے پیدا ہو سکتی ہے۔ کیونکہ یہ فن کار کی روحِ تخلیق، اس کے وجدان کا قدرتی ذریعۂ اظہار ہے۔ پھر یہ کوئی ایسا مسئلہ بھی نہیں کہ اس میں انتخاب کا اختیار ہمیں حاصل ہو بلکہ اس کی حیثیت ایسی حقیقت کی ہوتی ہے جس سے کسی طرح کا مفر، کوئی گریز ممکن نہیں۔ کمینہ فطرت کا فن کار ہرگز ہرگز کوئی عظیم تصویر نہیں بنا سکتا۔ اس طرح بڑے دل والا فن کار کبھی گھٹیا تصویر نہیں بنا سکتا، چاہے اس کی زندگی خطرے میں ہو۔

چینی نظریہ یہ ہے کہ آرٹ میں ایک ایسا عنصر ہے جسے پی ان کہا جاتا ہے۔ اسی چیز کو فرد کی شخصیت (جن پی ان) بھی کہا جاتا ہے۔ یا اسی کو کردار کی انفرادی خصوصیت (پی ان کیہ) سے تعبیر کیا جاتا ہے۔ اب اس شخصیت، اس کرداری انفرادیت وغیرہ کے کئی گریڈ ہیں۔ اور کسی شخص کی شخصیت کے بارے میں اس کے معیار کے بارے میں لفظوں اور ترکیبوں کا ایک پورا دفتر موجود ہے۔ مثال کے طور پر جو جواری کھیلتے ہوئے بدتمیزی اور چڑچڑے پن کا مظاہرہ کرے اس کے بارے میں کہا جائے گا کہ وہ "بری جواری شخصیت" کا مالک ہے۔ کوئی پینے والا پی کر غسلخانوں پر اتر آئے تو اسے "مے نوشی کی بری شخصیت" کا مالک ٹھہرایا جاتا ہے۔ شطرنج کے بارے میں بھی ایسی ہی اصطلاحیں موجود ہیں۔ اور شعر و ادب یا آرٹ میں بھی اسی طریقے کو اہم گردانا جاتا ہے ــــ چین میں شعری تنقید کی سب سے پہلی کتاب "شاعری کی شخصیتوں" کے نام سے معروف ہے جسے ۵۰۰ عیسوی کے لگ بھگ چنگ یونگ نے لکھا۔

اور آرٹ کے اس غیر قدرتی ملاپ کو بڑے بھولپن سے قبول کر لیا ہے۔ اس لئے یہ ضروری ہے کہ اس مسئلے پر صاف صاف اور واضح بحث کی جائے تاکہ اہلِ ذوق تمیز کر سکیں۔ فاشی نظام اور اشتراکی نظام، دونوں کا خاصہ یہ ہے کہ وہ فرد کو نہ تو تخلیقی شخصیت مانتے ہیں اور نہ اس کو تخلیق کی منزل سمجھتے ہیں بلکہ اس سے پوری طرح چشم پوشی کرتے ہیں اور فرد کے بجائے یا تو ریاست یا کسی معاشرتی طبقے کو تخلیق کی منزل اور تخلیق کا منبع قرار دیتے ہیں۔

اصل یہ ہے کہ آرٹ اور ادب دونوں کی بنیاد اور دونوں کی تعمیر ذاتی اور انفرادی جذبات پر ہوتی ہے۔ مگر اشتراکی اور فاشی، دونوں نظریئے ایک ہی طبقے کی جذباتی کشمکش پر زور دیتے ہیں یا صرف ایک معاشرتی گروہ کے جذبات کو قابلِ اعتنا سمجھتے ہیں اور مختلف افراد کے جذبات کو کوئی اہمیت نہیں دیتے۔ بلکہ ان کی حقیقت کو ماننے سے انکاری ہیں۔ اس کا نتیجہ یہ ہے کہ فرد کی شخصیت مردود قرار پاتی ہے اور آرٹ اور اخلاقیات کے مسئلے پر معقولیت سے بات کرنے کا سوال بحث سے خارج ہو جاتا ہے۔

یہ یاد رہے کہ آرٹ اور اخلاقیات کا آپس میں ناتا صرف اسی حد تک ہے جس حد تک کسی فن پارے کی انفرادی خصوصیت فن کار کی شخصیت کا اظہار ہے اور بس۔ چنانچہ عظیم شخصیت رکھنے والا فن کار عظیم آرٹ تخلیق کرتا ہے۔ اور بے حقیقت شخصیت کا فنکار صرف بے مایہ اور ہیچ مدان فن پیش کر سکتا ہے۔ جس فن کار کی شخصیت جذباتی ہوگی وہ جذباتی آرٹ کی تخلیق کرے گا۔ عشرت پسند آرٹسٹ ایسا آرٹ پیش کرے گا جس سے جسمانی تعیش اور لذتوں کا رنگ پھوٹ کر نکلے۔ نفاست اور نرمی جس فن کار کی شخصیت کے جوہر ہوں گے۔ وہ نفیس، نرم و نازک

تک آ گئے ہیں۔ چین کے ایک بڑے جرنیل اور وزیر اعظم سنگ کو فان نے اپنے ایک خط میں کہیں لکھا ہے کہ خطاطی میں آرٹ کے دو زندہ اصول کارفرما ہیں، یعنی ہیئت اور اظہار۔ اُس عہد کے سب سے بڑے خطاط ہوسا ؤچی نے جنرل سنگ کے اس نظریئے کی تائید کی ہے اور اس کی بصیرت کو خراجِ تحسین ادا کیا ہے۔ چونکہ فنونِ لطیفہ تمام کے تمام ٹھوس حیثیت رکھتے ہیں اس لئے ان کے سلسلے میں ایک مشینی مسئلہ درپیش رہتا ہے اور یہ مسئلہ تکنیک کا ہے اور تکنیک کی مہارت ہر حال میں ضروری ہے۔ مگر آرٹ چونکہ صرف تکنیک کا نام نہیں بلکہ آرٹ روح کا جوہر بھی ہے اس لئے تخلیقِ فن کے ہر شعبے کے لئے ذاتی اظہار بڑا ضروری عنصر ہے۔ فنکار کی انفرادیت ہی وہ چیز ہے جو اس کی تکنیک کے مقابلے میں اس کے فن پارے کی نمایاں خصوصیت بنتی ہے۔

اس اصول کو اگر انشا پردازی پر لاگو کیا جائے تو آپ دیکھیں گے کہ کسی کتاب میں سب سے اہم چیز مصنّف کا ذاتی اسلوب، اس کے ذاتی احساسات ہیں جو اس کی پسند، ناپسند، اس کے نظریوں اور خیالات کے روپ میں آپ کے سامنے پیش کئے گئے ہیں ــــ چنانچہ فن کار کے لئے ہر وقت یہ خطرہ موجود ہے کہ یہ ذاتی اظہار یا شخصیت کہیں تکنیک ہی میں دب کر نہ رہ جائے۔ مبتدیوں کے لئے کیا انشا، کیا مصوری کیا اداکاری ہر سلسلے میں سب سے بڑی مشکل یہ ہوا کرتی ہے کہ اپنے آپ کو "اس فن پارے میں کھو کیونکر دیں"۔ اس کی وجہ یہ ہوتی ہے کہ مبتدی ہمیشہ ہیئت اور تکنیک سے خوفزدہ رہتا ہے۔ لیکن یہ یاد رہے کہ کوئی تکنیک، کوئی ہیئت، "ذاتی" عنصر کے بغیر کام کی نہیں۔ ہیئت کا حسن خاص لچک رکھتا ہے۔ اور یہی لچک دیکھنے کی چیز ہوتی ہے۔ چاہے یہ گالف کھیلنے والے کے ڈنڈے کی جنبش کا بانکپن ہو یا فٹ بال

اب بھی آرٹ کی تنقید کو "مصوری کی شخصیتیں" قرار دیا جاتا ہے۔

چنانچہ چین میں یہ مسلّمہ ہے کہ فن کار کا کام اس کی اپنی شخصیت کے تابع ہے۔ اِس "شخصیت" میں اخلاقی اور فن کارانہ، دونوں خصوصیتیں اور دونوں کے تقاضے شامل ہیں۔ اِس "شخصیت" کی بدولت ہی انسانی برادری کو سمجھنے کا ملکہ پیدا ہوتا ہے، عالی خیالی پیدا ہوتی ہے، زندگی کو ایک خارجی نقطۂ نظر سے دیکھنے کا ڈھنگ آتا ہے۔ دل سے گھٹیا پن، طبیعت سے تنگ خیالی اور عامیانہ پن دور ہو جاتا ہے۔ اِن معنی میں یہ "شخصیت" وہی چیز ہے جسے انگریزی تنقید میں "انداز" اور "اسلوب" کہا جاتا ہے۔ چنانچہ ایک بے راہ رو یا جدّت پسند آرٹسٹ آزاد اور غیر قدامت پسند قسم کے "اسلوب" کا مالک ہوگا۔ دلکش شخصیت کا مالک اپنے آرٹ میں بھی وہی دلکشی اور نزاکت سمو دے گا اور ذوقِ سلیم کا مالک عظیم فن کار کبھی کسی خاص ڈھب، کسی خاص "اسلوب" کا غلام ہو کر نہ رہے گا ــــ اِن معنی میں شخصیت آرٹ کی "روحِ رواں" ہے۔ اہلِ چین کا ہمیشہ سے یہ عقیدہ رہا ہے کہ اگر مصوّر کی اخلاقی اور جمالیاتی شخصیت عظیم نہیں تو وہ کبھی عظیم مصوّر نہیں ہو سکتا۔ چنانچہ خطاطی اور مصوّری دونوں کا اندازہ کرتے وقت کمالِ فن کی سب سے بڑی شرط یہ نہیں ہوتی کہ آرٹسٹ کی تکنیک اچھی ہے یا نہیں بلکہ معیار یہ ہے کہ آرٹسٹ کی شخصیت ارفع اور اعلیٰ ہے یا نہیں ــــ اہلِ چین جانتے ہیں کہ کوئی فن پارہ اعلیٰ تکنیک کا مظاہرہ کر سکتا ہے مگر یہ اعلیٰ تکنیک بھی آرٹسٹ کی گھٹیا شخصیت کو نہیں چھپا سکتی۔ (اگر وہ گھٹیا ہے تو!) ــــ اِس صورت میں کہا جائے گا کہ بقول انگریزوں کے اِس فن پارے میں کوئی "خوبیٔ کردار" نظر نہیں آتی ــــ

اب ہم آرٹ اور تمام فنونِ لطیفہ کے مرکزی اور سب سے اہم مسئلے

سکتا ہے۔ گویا شخصیت کی دلکشی ہر آرٹ کے لئے بنیادی طور پر ضروری ہے کیونکہ آرٹسٹ چاہے کچھ کرے اس کی شخصیت اور اس کا کردار اس کے آرٹ میں ضرور جھلکتا ہے۔

شخصیت کی تہذیب اخلاقی اور جمالی، دونوں لحاظ سے ضروری ہے اور اس کے لئے علمیت اور شائستگی، دونوں لازمی ہیں۔ شائستگی ایسی چیز ہے جو ذوقِ سلیم کے قریب تر ہے ممکن ہے کہ ذوقِ سلیم کے ساتھ ہی طبیعت کی یہ شائستگی اور شستگی فن کار کو قدرت سے ملی ہو ـــ مگر علمیت دوسری چیز ہے اور یہ واضح رہے کہ کسی فن پارے کو دیکھنے یا کسی کتاب کو پڑھنے کا لطف جبھی آتا ہے کہ اس لطف کے پیچھے علمیت موجود ہو ـــ خطاطی اور مصوری کے سلسلے میں یہ بات بڑی واضح طور پر نظر آتی ہے۔ چینی خطاطی کے عمدہ نمونوں کو دیکھ کر ہی پتا چل سکتا ہے کہ فنکار قدیم خطاطی کے شاہکاروں سے واقف ہے یا نہیں۔ اگر وہ ان سے واقف ہوگا تو اس کی علمیت کی بدولت اُس کی خطاطی میں انداز کی عجیب سی قدامت آجائے گی۔ مگر اس کے علاوہ اسے اپنے فن پارے میں اپنی شخصیت، اپنی روح بھی ڈالنی پڑے گی جو قدیم اسلوب سے بالکل مختلف نظر آئے گی۔ اس طرح خطاطی اور مصوری دونوں میں جمالیاتی خصوصیتوں یا مختلف قسم کے حُسن کا بڑا ہمہ گیر تنوع نظر آتا ہے اور کوئی شخص ان فن پاروں کو فن کار کے حسنِ طبیعت سے الگ نہیں کر سکتا۔ ان فن پاروں میں کبھی من کی ترنگ، کبھی تلوّن کے کرشمے نظر آئیں گے، کبھی آزادہ روی کا حُسن دکھائی دے گا، کبھی قوّت کا احساس ٹپکے گا، کبھی جرأت اور جیوٹ کا حُسن ہوگا، کبھی رومانی فضا کا پُراسرار جمال ہوگا، کبھی ضبط، کا سنجیدہ روپ ہوگا، کبھی بانکپن کی لچک ہوگی تو کبھی سادگی کا نور، کبھی بھولپن اور سادگی کی دلکشی ہوگی؛

کھیلنے والے کا کھیل ہو۔ یہ لچک اپنے اندر روانی اور پختگی رکھتی ہے اور اظہار کے لئے روانی ہی ایک ضروری چیز ہے۔ اظہار کی قوت کے سامنے تکنیک رکاوٹ نہیں بن سکتی۔ بلکہ یہ قوت تکنیک کی حد بندیوں کے اندر بڑی آزادی اور خوش اسلوبی سے حرکت کیا کرتی ہے۔

گویا ہر آرٹ کے لئے یہ ضروری ٹھہرا کہ اس میں "قوتِ کردار" ہو۔ یہ قوتِ کردار کیا چیز ہے؟ یہ وہی عنصر ہے جو کسی فن پارے سے فنکار کی شخصیت یا اس کی روح یا اس کے دل کے بارے میں (یا بقولِ اہلِ چین" فنکار کے سینے "کے بارے میں) عیاں ہوتا ہے۔ اس "قوتِ کردار" اور اس "شخصیت" کے بغیر وہ فن پارہ بے جان ہے۔ تکنیک کا کوئی حسن، اس کا کوئی کمال اس فن پارے کو بے جان اور بے روح ہونے سے بچا نہیں سکتا۔ یعنی انفرادیت کی اس معراج کے بغیر جسے "شخصیت" کہتے ہیں خود حسن بھی فرسودہ اور ریپٹش پا افتادہ ہو جاتا ہے۔ جو حسین لڑکیاں دن رات ہالی وڈ کی اسٹار بننے کے خواب دیکھ کرتی ہیں وہ یہ بھول جاتی ہیں کہ حسن انفرادیت کی معراج کا نام ہے۔ یہ بے چاری کسی نامور اداکارہ مثلاً جین ہارلو یا مارلن ڈیٹریچ کے انداز کی نقل کر کے خوش ہو لیتی ہیں۔ درجوڈائریکٹر نئے چہروں کی تلاش میں پھرتے ہیں وہ ان نقال لڑکیوں کو دیکھ کر سخت بیزار ہوتے ہیں۔ اسی لئے ہم اپنی دنیا میں دیکھتے ہیں کہ انفرادی حسن کم کم نظر آتا ہے۔ لیس، وہی ایک ہی قسم کی ایک ہی سانچے میں ڈھلی ہوئی، فرسودہ سی خوش شکل عورتیں بہت ہیں جن میں کوئی تازگی، کوئی انفرادیت نہیں ہوتی۔ فنونِ لطیفہ ایک ہیں اور ہر ایک کا بنیادی اصول ایک ہے، یعنی اظہار اور شخصیت۔ چاہے یہ آرٹ اداکاری ہو، تصویر کشی ہو، یا ادبی کاوشیں ہوں۔ عظیم اداکاروں کی اداکاری دیکھ دیکھ کر کوئی چاہے تو نثر نگاری کے تمام اسرار و رموز سیکھ

حضور میں آگیا ــــ یہ صاحبِ گفتار (کتاب کا مصنّف) اُس قاری کو اپنے ساتھ ایک مختلف ملک یا تاریخ کے ایک مختلف دَور میں لے جائے گا یا اس کے سامنے اپنی ذاتی ناکامیوں کے تذکرے کرے گا یا زندگی کے کسی شعبے، کسی خاص پہلو پر باتیں کرے گا۔ اور یہ باتیں ایسی ہوں گی جن کے بارے میں اس قاری کو بہت کم معلومات ہوں گی۔ اگر کتاب کا مصنّف کوئی قدیم زمانے کا ادیب ہے تو وہ قاری کو گزری ہوئی صدیوں کی روح سے روشناس کرائے گا اور کتاب پڑھتے پڑھتے اس نئے زمانے کے قاری کو پتا چلتا جائے گا کہ وہ قدیم مصنّف کس وضع کا انسان تھا، اس کی شکل شباہت کیسی تھی اور وہ کیسا آدمی تھا۔ چین کے دو عظیم تاریخ دانوں بین سی آس اور سیما چی ان نے عین بعین یہی بات کہی ہے۔ چنانچہ حال کی مکروہات کے بارہ گھنٹوں میں سے صرف دو گھنٹے ایک مختلف دنیا میں سانس لے سکنا اور حال کو بھول سکنا ایسی نعمت ہے جس پر اپنے ماحول اور اپنے جسم کے زندانی ضرور رشک کریں گے۔ ماحول کی یہ تبدیلی نفسیاتی لحاظ سے انسان پر بالکل وہی خوش گوار اثر رکھتی ہے جو صرف سفر اور سیاحت سے ممکن ہے۔

لیکن مطالعے کا یہی ایک فائدہ نہیں ــــ مطالعہ کرتے ہوئے قاری تخیّل اور تفکّر کی دنیا میں پہنچتا ہے۔ کتاب چاہے دنیا کے ٹھوس واقعات سے تعلق رکھتی ہو، اِن واقعات کو اپنی آنکھوں سے دیکھنا، ان میں زندہ رہنا اور بات ہے اور ان واقعات کا بیان کتاب میں پڑھنا بالکل مختلف چیز ہے کیونکہ تحریر میں آکر ٹھوس واقعات ایک تماشے، ایک نظارے کی حیثیت اختیار کر لیتے ہیں اور قاری اِن واقعات کا تماشائی بن جاتا ہے، اِن کا ایک حصّہ ایک جزو نہیں رہتا ــــ لہٰذا بہترین تحریر وہی ہے جو غور و فکر پیدا کرے، قاری کو سوچنے، سمجھنے پر مجبور کرے۔ یہ نہیں کہ وہ واقعات کی

کبھی باقاعدگی اور تناسب کی دل ربائی تو کبھی تیزی اور طرّاری کی ادا کبھی مصنوعی کم روئی کی دل کشی ہو گی۔

بس فن پاروں میں صرف ایک قسم کا "حُسن" بار نہیں پا سکتا کیونکہ اس حُسن کا وجود ہی نہیں ___ اور یہ ہے محنت اور مشقت اور سخت با مشقت زندگی کا وہ "حُسن" جو آج کل ہمیں گمراہ کر رہا ہے۔

## ۳۔ پڑھنے کا فن

کتابوں کے مطالعے کو مہذّب زندگی کی ایک برکت، ایک دلکشی سمجھا جاتا ہے اور جو لوگ اپنے آپ کو اِس لطف سے اکثر محروم رکھتے ہیں یا مطالعے کی سعادت انھیں کبھی کبھار ہی نصیب ہوتی ہے۔ وہ ہمیشہ اس کو عزت کی نظروں سے دیکھتے ہیں اور مطالعہ کرنے والوں پر رشک کیا کرتے ہیں۔ اگر ہم مطالعہ کرنے والے اور مطالعہ نہ کرنے والے لوگوں کی زندگی کا مقابلہ کریں تو اس کی وجہ صاف سمجھ میں آجاتی ہے۔ جس شخص میں مطالعے کی عادت نہیں وہ اپنی محدود دنیا، اردگرد کی گھٹی ہوئی فضا کا زندانی ہے۔ وہ مکان اور زمان، دونوں کا قیدی ہوتا ہے۔ اس کی زندگی ایک بندھے ٹکے قاعدے کی پابند ہوتی ہے۔ اس کی دوڑ چند ملاقاتیوں، چند دوستوں تک ہوتی ہے اور اس کی آنکھیں زیادہ سے زیادہ وہ کچھ دیکھتی ہیں جو اس کے قریبی گرد و پیش میں ہو رہا ہو ___ اُسے اِس قید خانے سے کہیں مفر نہیں۔ لیکن جونہی یہ شخص کتاب اٹھاتا ہے وہ ایک مختلف دنیا میں پہنچ جاتا ہے۔ اگر یہ کتاب اچھی ہو تو سمجھ لیجیے کہ وہ دنیا کے ایک بہترین صاحب گفتار کے

میں عرض کروں گا کہ ایسا شخص کبھی تعلیم یافتہ نہیں ہو سکتا۔ وہ بے چارہ کسی شام، مارے باندھے شیکسپیئر کا شاہکار ہملٹ پڑھے گا اور بڑی مشکل سے اسے ختم کر کے اطمینان کا سانس لے گا کہ یہ عذاب بھی ختم ہوا اور اب کہنے کو یہ کہہ سکیں گے کہ "ہاں بھائی ہم نے بھی ہملٹ پڑھ رکھا ہے"۔ یاد رکھئے کہ جو شخص کسی مجبوری کے احساس سے کوئی کتاب پڑھتا ہے اُسے مطالعے اور کتاب بینی کے فن سے دُور کا بھی لگاؤ نہیں کسی کاروباری قسم کا مقصد سامنے رکھ کر کوئی کتاب پڑھنا بالکل اسی قسم کا مطالعہ ہے جس طرح اسمبلی کے ممبر حضرات ایوان میں تقریر کرنے سے پہلے رپورٹوں اور فائلوں کی ورق گردانی کیا کرتے ہیں۔ یہ کاروباری مشورے اور کاروباری معلومات کا ایک بہروپ ہے، مطالعہ ہرگز نہیں ہے۔

گویا ہوانگ کے نزدیک مطالعے کی جائز صورت صرف ایک ہے کہ شخصیت کی دلکشی بڑھانے اور گفتار کا لطف زیادہ کرنے کے لئے کتاب بینی کی جائے۔ شخصیت کی اس دلکشی کو جسمانی خوبصورتی سے ممتاز کرنا پڑے گا۔ ہوانگ نے کہا ہے کہ تین دن تک کوئی کتاب نہ پڑھنے سے اہلِ علم کا چہرہ نفرت انگیز ہو جاتا ہے۔ اس کا یہ مطلب نہیں کہ وہ واقعی کریہہ اور گھناؤنا بن جاتا ہے کیونکہ جسمانی بدصورتی میں بھی خاص قسم کی دلکشی دیکھی گئی ہے۔ اور میں نے تو ایسے ایسے حسین چہرے بھی دیکھے ہیں جو بالکل بے نمک اور دیکھنے میں پھیکے سیٹھے نظر آتے تھے۔ جسمانی بدصورتی کا تعلق دلکشی سے بہت کم ہے۔ مثلاً میرے ایک محترم دوست کا سر بالکل بم کی شکل کا ہے لیکن مجھے اُسے دیکھنے سے ہمیشہ خوشی ہوتی ہے۔ اور مغربی مصنفوں میں (جہاں تک تصویروں کا تعلق ہے) میرے نزدیک سب سے خوبصورت چہرہ مشہور انشاپرداز جی، کے، چسٹرٹن کا ہے۔ میں نے اس کی تصویر دیکھی تو بڑی زبردست مونچھوں کا ایک

سیدھی سادی رپورٹ پیش کر دے اور بس۔ ہماری دنیا میں اخبار بینی پر جو اتنا وقت صرف کیا جاتا ہے میں اُسے مطالعے میں شمار نہیں کرتا کیونکہ اخبار پڑھنے والے عام لوگ دنیا کے واقعات اور حالات کے بارے میں خبریں، تازہ اطلاعات جاننا چاہتے ہیں۔ اُن کے نزدیک فکر اور سوچ کی کوئی اہمیت نہیں ہوتی۔

مطالعے کے مقصد کے بارے میں بہترین بات ہوانگ شانکو نے کہی ہے۔ شونگ عہد کا یہ شاعر کہتا ہے:

"کوئی طالب علم اگر تین دن تک مطالعہ نہ کرے تو یہ محسوس کرتا ہے کہ اس کی باتوں میں کوئی دلکشی، کوئی مزہ نہیں رہا۔ وہ یہ بھی محسوس کرتا ہے کہ (آئینے میں) اس کا چہرہ اب نہایت نفرت انگیز نظر آتا ہے۔"

ہوانگ کا مطلب یہ ہے کہ مطالعے اور کتاب بینی سے انسان میں دلکشی اور رنگ و آب پیدا ہوتا ہے جو مطالعے کا اصل مقصد ہے۔

چنانچہ جس مطالعے کا مقصد یہ ہوگا صرف وہی مطالعہ آرٹ کہلانے کا مستحق ہے۔ یہ نہ کہیئے کہ انسان اپنے "ذہن کو بہتر بنانے" کے لئے کتابیں پڑھتا ہے ــــ کیونکہ جب آپ نے مطالعے کا یہ مقصد ٹھہرا لیا تو اس کا سارا مزہ ہی کِرکِرا ہو گیا۔ جو شخص "معلومات کی زیادتی" اور "ذہنی بہتری" کے لئے کتابیں پڑھتا ہے وہ اپنے آپ کو عام طور پر یہ تلقین کرتا ہے:

"مجھے شیکسپیئر کے تمام ڈرامے اور نظمیں پڑھنی چاہئیں، قدیم یونانی ڈرامہ نویس اور فلسفی سوفوکلیز کو پڑھنا چاہیئے پھر ڈاکٹر ایلیٹ کی تمام کتابیں پڑھنی چاہئیں (جو پانچ فٹ لمبے شیلف پر بھی نہیں سما سکتیں) تاکہ میں بھی تعلیم یافتہ اور صاحب علم بن سکوں۔"

اُنھیں دُوسرے لوگ پڑھیں۔" گویا اس نظریے کے مطابق دنیا میں کوئی کتاب ایسی نہیں جسے پڑھنا ہر کسی کے لیئے ضروری ہو۔ ہمارے ذہنی میلانات اور دلچسپیاں درختوں کی طرح پھلتی پھولتی ہیں اور دریا کی طرح رواں دواں رہتی ہیں۔ جب تک درخت کو مناسب خوراک ملتی رہتی ہے وہ بڑھتا پھولتا ہے اور جب تک ندی نالوں کا دھارا تازہ رہتا ہے پانی رواں رہتا ہے۔ پانی کے راستے میں جب چٹان آ جاتی ہے تو وہ اس کے گرد گھوم کر نکل جاتا ہے، کوئی نشیبی خوبصورت وادی ملتی ہے تو وہ ٹھہر جاتا ہے، کچھ دیر مزے سے سستاتا ہے اور بہتے بہتے جب کسی گہرے پہاڑی تالاب یا جھیل میں آ نکلتا ہے تو وہ اطمینان سے وہیں ٹھہر جاتا ہے۔ جب اُسے آبشاریں ملتی ہیں تو وہ تیزی سے سفر کرنا شروع کر دیتا ہے۔ اِس طرح کسی کوشش کے بغیر یا کسی لگے بندھے مقصد کے بغیر یہ پانی ایک نہ ایک دن ضرور سمندر تک پہنچ جاتا ہے ــــ چنانچہ اِس دُنیا میں کوئی کتاب ایسی نہیں جسے پڑھنا سب کے لیئے اشد ضروری ہو۔ ہاں ایسی کتابیں ضرور ہیں جنھیں ہمیں، آپ، سب کو کسی خاص وقت، کسی خاص مقام، خاص حالات کے تحت اور عمر کے کسی خاص حصے میں پڑھ لینا چاہیئے۔

مجھ سے پوچھیئے تو مطالعہ بھی اسی طرح تقدیر کے تابع ہے جس طرح شادی۔ بالفرض اگر ایسی کوئی کتاب (مثلاً انجیل مقدّس) موجود ہے جسے پڑھنا سب کے لیئے لازم ہے تو اس کا بھی ایک معیّن وقت ہُوا کرتا ہے۔ اگر آپ کے خیالات اور تجربات پختگی کے ایک خاص درجے تک نہ پہنچے ہوں تو دنیا کے بڑے بڑے ادبی شاہکاروں کا مطالعہ بھی فضول ہوگا۔ کنفیوشس نے کہا تھا "پچاس برس کی عمر کو پہنچو تو یرنگیوں کی کتاب پڑھو۔" مطلب یہ ہے کہ یہ کتاب پینتالیس برس کی عمر میں ہرگز نہ پڑھنی

انبار نظر آیا، اوپر یہ بڑا چشمہ لگا تھا، بھویں خاصی الجھی ہوئی تھیں اور بھوؤں کے درمیان دو ذہین گہری لکیریں بھی تھیں — مگر اس تصویر کو دیکھ کر ہی پتا چلتا تھا کہ اس اونچی پیشانی کے پیچھے نہ جانے کتنے خیالات آنکھ مچولی کھیل رہے ہیں جو نہ جانے کس وقت ان تیز، عقابی آنکھوں سے پھوٹ نکلیں گے —

یہی وہ چیز ہے جسے ہوا مگ نے حسین چہرہ قرار دیا ہے۔ وہ حُسن صورت جو پاؤڈر اور رُوژ کا ممنونِ احسان نہیں بلکہ جسے تخیّل کی قوت نے حسین بنایا ہے۔

رہا گفتار کا مزہ تو اس کا دار و مدار پڑھنے کے طریقے پر ہے۔ اگر گفتار میں لُطف ہے یا گفتار بے مزہ ہے تو سمجھ لیجئے کہ مطالعے کا طریقہ کیا ہوگا۔ اگر قاری کتابوں سے کچھ لطف، کچھ خوشبو اخذ کرتا ہے تو یہی خوشبو اس کی گفتار میں بھی ظاہر ہوگی۔ اور اگر اس کی گفتار میں خوشبو ہوگی تو اس کی تحریر میں بھی وہی لطف، وہی خوشبو لازماً جھلک اُٹھے گی۔

اِس لئے میرے نزدیک خوشبو یا ذوق ہی مطالعے کی بنیاد ہے۔ اس کا منطقی نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ ہر شخص کا ذوق اپنا ہوتا ہے اور پسند اپنی یعنی جو حال کھانے کا ہے وہی حال مطالعے کا ہے۔ کھانے کا سب سے زیادہ صحت مند طریقہ یہ ہے کہ جو پسند ہو وہ کھائیے تاکہ معدہ اسے خوشی سے قبول کرے اور ہضم بھی کرے۔ مطالعے کا بھی یہی حال ہے۔ کھانے میں گوشت اگر آپ کے لئے مفید ہے ز ہر ے لئے زہر کا حکم رکھتا ہے۔ مطالعے کے سلسلے میں بھی کوئی اُستاد شاگردوں کو مجبور نہیں کر سکتا کہ جو کتابیں اُسے پسند ہیں وہی شاگردوں کو پسند آئیں۔ نہ والدین کو یہ امید رکھنی چاہئے کہ اُن کے بال بچّوں کا وہی مذاق ہوگا جو اُن کا ہے۔ اِسی لئے لیو ان چُنگ لاؤ مگ نے حکم لگا دیا تھا کہ "جو کتابیں پسند نہ آئیں انھیں رہنے دو تاکہ

ہؤا کہ اس کا اصل لطف مجھے زندگی کے اُس دور میں نہ آ سکتا تھا۔

گویا مطالعہ ایک ایسا کام ہے جس کے دو فریق ہیں۔ اور یہ فریق کتاب کا مصنّف اور کتاب کا قاری ہیں۔ کتاب کو پڑھنے سے جو فائدہ حاصل ہوتا ہے اُس میں قاری کی بصیرت، اس کے تجربے کا بھی اتنا ہی حصّہ ہے جتنا خود مصنّف کی بصیرت اور مشاہدات کا ہے۔ اسی لئے کنفیوشس کی کتاب الاقوال کے بارے میں کنفیوشسی فلسفی چینگ یی چوآن نے کہا ہے "قاری اور قاری میں بہت فرق ہوتا ہے بعض لوگ کتاب الاقوال کو پڑھ کر کچھ تبدیلی محسوس نہیں کرتے، بعض قاریوں کو اس کی ایک دو سطروں سے مزہ آتا ہے اور بعض قاری ایسے ہوتے ہیں کہ کتاب الاقوال پڑھتے ہی ان پر وجد طاری ہوجاتا ہے اور وہ غیر شعوری طور پر ناچ ناچ اُٹھتے ہیں۔"

میرے نزدیک اپنے محبوب مصنّف کا کھوج لگا لینا ذہنی ترقی کا نہایت نازک اور نہایت اہم مرحلہ ہوتا ہے۔ اس دنیا میں ہم مذاقی اور دو روحوں کی باہمی کشش بڑی چیز ہے۔ اس لئے پرانے اور نئے مصنّفوں کی صفوں میں اُس ایک مصنّف کو ڈھونڈ لینا چاہئے جس کی روح آپ سے ہم آہنگ ہو۔ مطالعے سے کوئی فائدہ اٹھانے کی بنیادی شرط یہی ہے۔ مگر اپنے محبوب مصنّف کی تلاش میں آزادیٔ رائے اور خود اختیاری سے کام لینا چاہئے۔ یوں یہ بتانا یا معیّن کرنا بہت مشکل ہے کہ میرا محبوب مصنّف کون ہے کیونکہ یہ بھی "پہلی نظر پر محبت ہو جانے والا معاملہ ہے۔ قاری سے یہ نہیں کہا جا سکتا کہ اس مصنّف کو پسند کرو۔ لیکن جونہی کوئی خاص مصنّف سامنے آیا قاری کو جیسے خود بخود پتا چل جاتا ہے کہ میرا محبوب مصنّف یہی ہے ــــ مصنّفین کا یہ کھوج ایسا ہے جس کے واقعات

چاہیئے کنفیوشس کے اپنے اقوال میں جو دانائی، جو پختگی پنہاں ہے وہ صرف اسی وقت سمجھ میں آسکتی ہے جب پڑھنے میں خود ہی پختگی موجود ہو۔

اس کے علاوہ اگر ایک ہی کتاب زندگی کے مختلف مرحلوں پر مطالعہ کر کے دیکھی جائے تو ہر بار اس کا لطف مختلف ہوگا۔ اس کی ایک مثال تو یہ ہے کہ کتاب کے مصنف سے اگر ذاتی ملاقات کے بعد اس کی کتاب پڑھیں تو زیادہ مزہ آئے گا۔ ذاتی ملاقات نہ سہی تو تصویر میں اس کا چہرہ مہرہ، خط و خال دیکھ لیں تو کتاب کے مطالعے کا کچھ مزید ہی لطف اٹھایا جا سکتا ہے۔ اور جب اس مصنف سے آپ کے ذاتی تعلقات منقطع ہو جائیں تو پھر وہی کتاب پڑھیئے۔ اس مرتبہ مزہ بالکل مختلف ہوگا۔۔۔ رہا عمر کے مختلف حصوں میں ایک ہی کتاب پڑھنے کا معاملہ تو نیرنگیوں کی کتاب چالیس برس کی عمر میں پڑھیئے تو اور ہی لطف ہے اور یہی کتاب پچاس برس کی عمر میں پڑھ کر دیکھیئے تو اور ہی لطف ہے۔ کیونکہ اب آپ نے زیادہ زندگی اور زندگی کی زیادہ تبدیلیاں دیکھ لی ہیں —

اس کا ایک نتیجہ تو یہ نکلا کہ ہر اچھی کتاب کو ایک بار پڑھنے کے بعد دوسری بار بھی پڑھنا چاہیئے۔ اس سے نیا لطف، نئے فائدے حاصل ہو سکتے ہیں۔ پندرہ سولہ برس کی عمر میں مجھے چارلس کنگزلے کا مشہور ناول "جانب مغرب" پڑھنے کے لئے دیا گیا۔ اسی زمانے میں میں نے وکٹورین زمانے کے مشہور مصنف تھیکرے کا شاہکار "ہنری اسمنڈ" بھی پڑھا تھا۔ اپنی عمر کے تقاضے کے مطابق میں نے سمندری مہموں اور دلدوز محبت کا ناول "جانب مغرب" تو بہت پسند کیا لیکن میری سمجھ میں اس وقت یہ نہ آیا کہ "ہنری اسمنڈ" میں آخر کیا بات ہے جو اسے اتنا سر چڑھایا جاتا ہے۔ بہت بعد میں میں نے یہی ناول پھر پڑھا اور مجھے محسوس

یادہ طوفانی مزاج کا آدمی تھا اور اسی لیے بعد میں نطشے نے بغاوت کر کے اپنے
رُو کے بالکل متضاد، سخت کوشی کا فلسفہ پیش کیا۔

میں پھر عرض کروں گا کہ اپنے محبوب مصنّف کا کھوج لگانا اور اس کی
کتابیں پڑھنا ہی وہ چیز ہے جس سے قاری کو کچھ فائدہ ہو سکتا ہے۔ جس طرح اپنے
سپنوں کی رانی کو پہلی نظر دیکھتے ہی سے انسان مر مٹتا ہے اور ہر چیز ایک نئے
معنیٰ کی حامل ہو جاتی ہے ــــ یہی وہ عورت ہوتی ہے جو عاشق کے نزدیک
ہر خوبی، ہر حسن کا پیکر ہے۔ اس کا قدِ رعنا، اس کا مکھڑا، اس کی زُلفیں، اُس کی
آواز، اس کا اندازِ کلام، اس کا تبسم ــــ سب کچھ وہی ہوتا ہے جو دل میں پہلے
سے بسا ہوا تھا۔ یہی حال اپنے محبوب مصنّف کے مل جانے کا ہے۔ اس کا اندازِ
بیان، اس کا ذوق، اس کا نقطۂ نظر، سوچنے کا انداز، ہر چیز قاری کے دل کو لگتی
ہے اور وہ اس کی لکھی ہوئی ہر ہر سطر، ہر لفظ کو آنکھوں اور دل میں بسا لیتا ہے۔
اور چونکہ مصنّف اور قاری دونوں کے درمیان روحانی یگانگی ہوتی ہے اس
لئے قاری اُس مصنّف کی ہر بات کو ذہن میں جذب کرتا ہے اور ہر چیز کو سمجھتا ہے۔
یہ مصنّف اس پر جادو کر دیتا ہے اور قاری اس جادو، اس سحر سے مسحور ہو کر خوش
ہوتا ہے ــــ وقت گزرنے پر قاری کی اپنی آواز، اس کا انداز، اس کا مسکرانے کا
ڈھنگ، اس کا بات کرنے کا طریقہ وہی ہو جاتا ہے جو اس کے محبوب مصنّف کا
ہوتا ہے۔ اس طرح وہ اپنی ہستی اپنے ادبی محبوب کی ہستی میں گم کر دیتا ہے اور
اس کی کتابوں سے اپنی روح کی غذا حاصل کرتا ہے۔ چند برس اسی طرح گزر
جاتے ہیں ــــ پھر قاری اپنے ادبی محبوب سے تنگ سا آجاتا ہے اور وہ
نئے نئے محبوب تلاش کرتا ہے۔ اس طرح وہ دو چار ادبی محبوبوں سے نپٹ لیتا

سے "تاریخ ادب" بھری پڑی ہے۔ کئی بار یہ واقعہ گزرا ہے کہ قاری اور مصنف کے
درمیان صدیوں کا فاصلہ حائل تھا مگر ان کا انداز خیال، ان کے احساسات اتنے
ہم آہنگ، اتنے مماثل تھے کہ جونہی کسی کتاب کے صفحوں پر دونوں کی پہلی ملاقات
ہوئی قاری نے یہ محسوس کر لیا کہ اُس نے اس کتاب میں اپنا عکس کو پا لیا ہے۔
چینی روایات میں ایسی ہم آہنگ روحوں کے ملاپ کے بارے میں یہ کہا جاتا ہے
کہ قاری اور مصنف دونوں ایک ہی روح کے دو قالب تھے۔ چینی ادب میں اس
کی بے شمار مثالیں ہیں۔ سُو تُنگ پو کو چَونگ زے کا نیا "قالب" کہا جاتا تھا اور
یوآن چنگ لانگ کو سُو تُنگ پو کی روح کا ایک نیا پیکر قرار دیا گیا تھا۔ خود سُو تُنگ پو
کہتا ہے کہ جب میں نے پہلی بار چونگ زے کی تصانیف کو پڑھا تو مجھے یوں احساس
ہوا گویا میں بچپن ہی سے یہی باتیں سوچتا آیا ہوں اور یہی نظریات قائم کرتا رہا
ہوں۔ یوآن چنگ لانگ کے بارے میں یہ مشہور ہے کہ ایک رات اُس نے
اتفاقاً اپنے ایک گمنام معاصر سُو وِن چانگ کی نظموں کا مجموعہ پڑھا۔ اضطرار کے
عالم میں وہ پلنگ سے کود کر فرش پر آ رہا اور اُس نے اپنے ایک مہمان دوست
کو جگایا۔ دوست نے جب یہ نظمیں پڑھیں تو دونوں کی داد نے گھر کو سر پر اٹھا لیا۔
دونوں مل کر پڑھتے رہے اور جی کھول کر داد دیتے رہے۔ نوکر بے چارے حیران
تھے کہ اتنا شور و غوغا آخر کس لئے برپا کیا جا رہا ہے۔ انگریز خاتون ناول نویس جو
جارج ایلیٹ کے قلمی نام سے زندۂ جاوید شہرت رکھتی ہے روسو کو پہلی بار پڑھ
کر از خود رفتہ ہو گئی تھی۔ جرمن فلسفی نطشے نے پہلی بار شوپن ہار کو پڑھا تو اسے محسوس
ہوا جیسے ایک برقی لہر اس کے رگ و پے میں دوڑ گئی ہے۔ یہ الگ بات ہے
کہ شوپن ہار بہت زیادہ مایوس گرُو تھا اور نطشے شاگرد کی حیثیت سے بہت

رہتے ہیں کہ اس کے بغیر رہ نہیں سکتے!

یہ مسئلہ طے ہونے کے بعد یہ سوال رہ جاتا ہے کہ مطالعے کا وقت کون سا ہو اور کہاں مطالعہ کیا جائے ــــ میں سمجھتا ہوں مطالعے کا وقت اور جگہ، دونوں کا کوئی وجود نہیں۔ جب مطالعے کو جی چاہے تو ہر جگہ بیٹھ کر پڑھا جا سکتا ہے۔ اگر مطالعے کا ذوق دل میں ہو تو سکول میں اور سکول سے باہر اور سکول کی پابندیوں کے باوجود کتاب بینی ہو سکتی ہے۔ سنگ کوفان کے بارے میں مشہور ہے اس کے چھوٹے بھائی نے اُسے لکھا کہ شہر آکر علم حاصل کیجئے کیونکہ شہر میں بہتر درسگاہیں موجود ہیں۔ سنگ کوفان نے جواب میں لکھا " اگر دل میں علم کا شوق ہو تو دیہات میں بلکہ صحرا میں یا کسی بازار میں بھی علم حاصل کیا جا سکتا ہے بلکہ گڈریا بن کر یا لکڑہارا بن کر بھی علم حاصل کرنا ممکن ہے! اور اگر دل میں علم کا شوق نہ ہو تو نہ صرف دیہاتی سکول ناموزوں ہے بلکہ دیہات کی خاموش فضا میں ایک الگ تھلگ مکان یا کسی طلسماتی جزیرے میں بھی رہ کر علم حاصل نہیں ہو سکتا۔"

بہت سے لوگ ایسے ہیں جو میز پر کتاب لے کر بڑے ٹھسے سے بیٹھتے ہیں اور پھر شکایت کرتے ہیں کہ پڑھنا ممکن نہیں کیونکہ کمرہ اتنا ٹھنڈا ہے اور کرسی اتنی سخت ہے اور روشنی کی چمک زیادہ ہے، وغیرہ ــــ ایسے ادیب بھی ہیں جو اکثر یہ عذر پیش کرتے ہیں کہ کمرے میں مچھر بہت ہیں، لکھیں تو کیونکر لکھیں؟ کاغذ بہت زیادہ چکنا ہے، لکھا نہیں جاتا۔ بازار کا اتنا شور کمرے میں آتا ہے، بھلا اس شور میں لکھنا ممکن ہے؟ ــــ مگر کرنے والے سب کچھ کرتے ہیں ــ سُونگ عہد کے مشہور فاضل ادیب ا نگ سی یُو کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ وہ تین جگہوں پر بیٹھ کر لکھا کرتا تھا۔ یا تو تکیے پر یا گھوڑے پر یا بیت الخلا میں ــــ اور ایک اور مشہور فاضل کے بارے

ہے اور اُن کی ہستی سے حاصل کرنے کی ہر چیز حاصل کر لیتا ہے تو وہ خود مصنف بن نکلتا ہے۔

مگر یہ خیال رہے کہ بہت سے قارئین کسی مصنّف کی محبت میں گرفتار نہیں ہوتے — آخر دنیا میں بہت سے نوجوان لڑکے اور لڑکیاں ایسی ہیں جو محض دل لگی کرتی پھرتی ہیں اور کسی ایک ہستی سے گہرا دلی تعلق پیدا نہیں کر سکتیں۔ ایسے لوگ ہر مصنّف کی ہر کتاب پڑھ سکتے ہیں ہر طب و یابس کا مطالعہ کر سکتے ہیں — مگر انھیں اس مطالعے سے کچھ حاصل نہیں ہوتا۔

میں نے مطالعے کے بارے میں جو نظریہ پیش کیا ہے اس میں وہ مطالعہ ہرگز شامل نہیں جو بامرِ مجبوری کیا جائے یا جو فرض قرار پایا ہو — چین میں یہ رواج تھا کہ طالب علم کو سخت محنت سے پڑھنے کی تلقین کی جاتی تھی۔ ایک عالم کی کہانی مشہور ہے کہ رات کو مطالعہ کرتے وقت وہ اپنی پنڈلی میں زنبور ڈال لیتا تھا تاکہ کتابیں پڑھتے پڑھتے نیند نہ آئے۔ ایک اور صاحب کا یہ حال تھا کہ وہ خادمہ کو پاس کھڑا رکھتے اور اُسے ہدایت تھی کہ جونہی میں سو جاؤں مجھے فوراً جگا دیا جائے تاکہ کتاب بینی میں حرج نہ ہو! — میرے نزدیک یہ بڑی فضول بات ہے — اگر کتاب آپ کے سامنے ہو اور کوئی قدیم مصنّف ان صفحات کے واسطے سے آپ کے ساتھ ہمکلام ہو رہا ہو اور آپ پر غنودگی طاری ہو جائے تو پھر اس کا علاج یہی ہے کہ کتاب بند کیجئے اور بستر پر لیٹ کر سو جائیے — کیونکہ مصنوعی طریقوں سے اپنے آپ کو بیدار رکھ کر پڑھنے کا کوئی فائدہ نہیں — جن لوگوں نے علم و ادب میں نام پیدا کیا ہے وہ کتاب کو "محنت سے رٹنے" اور "یاد کرنے" سے عمر بھر نا واقف رہے ہیں۔ ان کے دل میں کتابوں کی سچی محبت موجود ہوتی ہے اور وہ اس سیئے پڑھتے

"قدما کا قول ہے کہ کتابیں بے دست و پا اجسام ہیں اور تصویریں نازک اجسام ـــ چنانچہ کتاب کا مطالعہ کرنے یا تصویروں کا البم کھولنے اور ان کا مطالعہ کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ فراغت اور اطمینان سے انھیں دیکھا جائے۔"

فراغت اور اطمینان کے لمحوں میں ہر چیز کے لئے برداشت اور صبر کا مادہ دل میں پیدا ہوتا ہے۔ اسی لئے وہ کہتا ہے "اہلِ علم لوگ کتاب پڑھتے ہوئے کتابت یا طباعت کی غلطیوں کا برا نہیں مانتے۔ اچھا سیاح بھی پہاڑ پر چڑھتے ہوئے برے راستوں کو برداشت کرتا ہے۔ جو شخص برف کا منظر دیکھنے جا رہا ہو وہ راستے میں کچے اور نازک پلوں کو خاطر میں نہیں لاتا۔ جو شخص دیہات کی کھلی فضا میں رہنا چاہے وہ جاہل لوگوں کی صحبت سے گھبراتا نہیں۔ اور جو شخص پھولوں کو دیکھتا ہو وہ بری شراب کو بھی برداشت کر لیتا ہے ـــ"

مطالعے سے جو لطف حاصل ہوتا ہے اس کا بہترین اظہار چین کی سب سے بڑی شاعرہ لی چنگ چاؤ نے اپنے سوانح حیات میں کیا ہے۔ اس کے شوہر کو جب شاہی دارالعلوم کے طالب علم کی حیثیت سے ماہانہ وظیفے کی رقم ملتی تو دونوں میاں بی بی کسی ایسے مندر میں چلے جاتے جہاں پرانی کتابیں اور کتبوں کے چربے فروخت ہوتے تھے۔ وہ جو پسند آتا خرید لیتے اور واپسی میں کچھ پھل بھی خریدتے۔ گھر پہنچ کر وہ یہ پھل کھاتے ہوئے کتبوں کے چربوں کا معاینہ کرتے جاتے یا چائے پیتے اور مختلف کتابوں کے نسخوں کا باہم مقابلہ کرتے ـــ چنانچہ وہ اپنے بارے میں لکھتی ہے:

"میرا حافظہ بڑا اچھا ہے۔ کئی دفعہ ایسا ہوا کہ کھانا کھانے کے

میں یہ مسلمہ بات مانی گئی ہے کہ وہ کنفیوشس کے فلسفے کی کتابیں گرمیوں میں مادر زاد ننگا ہو کر پڑھتا تھا۔ اس کے برعکس اگر پڑھنے سے دلچسپی نہ ہو تو سال بھر میں کوئی موسم کوئی مقام مطالعے کے لئے سازگار نہیں ہوتا۔ وجہ بھی ملاحظہ ہو:

موسمِ گل میں کتابیں نہ پڑھو — موسمِ گل سے یہ ہے غداری
گرمیاں آئیں تو سوتے ہی رہو — اسی موسم کی ہیں نیندیں پیاری
برف گرتی ہے زمستاں میں یہاں — موسمِ گل کی کرو تیاری

آپ پوچھیں گے کہ جب یہ بات ہے تو پھر پڑھنے کا اصلی فن کیا ہے؟ اس کا جواب یہ ہے کہ جب پڑھنے کو جی چاہے تو کتاب لے کر بیٹھ جایئے۔ اسی مطالعے کا لطف آئے گا جو کوشش کے بغیر کیا جائے، جس میں تازگی اور ازخود رفتگی کی کیفیت ہو۔ کسی سہانے دن عمر خیام کی رباعیات اٹھا لیجئے اور اپنی محبوب کے ساتھ کنارِ دریا پہنچ جایئے۔ اگر خوبصورت بادل چھائے ہوں تو پھر کتاب چھوڑ دیجئے، بادلوں کا مطالعہ کیجئے یا کتاب اور ابر دونوں کا بیک وقت مطالعہ کرتے رہئے۔ بیچ بیچ میں پائپ پی لینا یا چائے پینا مطالعے کے لطف کو دوبالا کر دے گا۔

یا پھر سرما کی ایک رات آتشدان کے سامنے بیٹھ کر دس بارہ موضوعات پر کتابیں پاس رکھ لیجئے۔ چائے کی کیتلی آگ پر رکھی ہو، دل پسند تمباکو کی تھیلی پاس پڑی ہو اور فلسفہ، اقتصادیات، شاعری، سوانح وغیرہ پر کتابیں سامنے ہوں۔ ایک ایک کر کے کتابیں اٹھایئے، ورق الٹیے پھر جس پر توجہ مرکوز ہو جائے اس کا مطالعہ کرتے رہیئے۔ چن سنگ تان کا کہنا ہے کہ "برفباری کی رات میں، بند دروازوں کے پیچھے کسی ضبط شدہ کتاب کو پڑھنا زندگی کی بہت بڑی مسرت ہے۔" رہا مطالعے کا موڈ تو چن چی جو کا یہ قول یاد رہے:

# ۴۔ لکھنے کا فن

انشا پردازی کا فن، فنِ تحریر محض یا انشا کی تکنیک سے کہیں وسیع تر ہے۔ بلکہ مبتدیوں کے لئے یہ بہتر ہوگا کہ وہ پہلے تو انشا کی تکنیک کا ہوّا دل سے دور کریں اور ایسے سطحی معاملوں سے درگزر کر کے اپنی روح کی گہرائیوں کو ٹٹولیں تاکہ وہ اپنی سچّی ادبی "شخصیّت" کو پروان چڑھا سکیں جو ادب کی اصل بنیاد ہے۔ جب یہ بنیاد مناسب طور پر قائم ہو جائے اور سچّی ادبی "شخصیّت" پروان چڑھ جائے تو "اسلوبِ تحریر" خود بخود وجود میں آجاتا ہے اور تکنیک کے چھوٹے موٹے معاملے خود بخود سلجھ جاتے ہیں۔ اگر یہ ادیب فصاحت و بلاغت اور گرامر کے بارے میں کچھ بے پروا، کچھ بے خبر سا معلوم ہو تو پروا نہیں۔ شرط یہ ہے کہ وہ واقعی اچھی چیزیں لکھے۔ ہر اچھے ناشر کے پاس ایسے پیشہ ور لوگ ہوتے ہیں جو عبارت کے ان معمولی قواعد کا لحاظ رکھتے ہیں اور زیرِ طبع کتابوں کی عبارتوں میں ایسے ہی وقفِ خاص، وقفِ لازم اور اعراب وغیرہ درست کرتے رہتے ہیں — اس کے برعکس اگر کوئی شخص گرامر کا بڑا ماہر ہے اور اسلوب آرائی کا بھی اُسے ملکہ حاصل ہے۔ مگر سچّی "ادبی شخصیّت" کی تہذیب و ترقی کے لئے اُس نے کوئی کوشش نہیں کی تو وہ کبھی ادیب نہیں بن سکتا۔ بُوفون کا مشہور قول ہے "اسلوب ہی شخصیّت ہے"— چنانچہ اسلوب لکھنے کا کوئی خاص طریقہ نہیں۔ اسلوب تحریر کی کسی خاص نہج کا نام نہیں نہ تحریر کی زیب و زینت کا نام ہے۔ اسلوب وہ مجموعی تاثر ہے جو قاری کو ایک ادیب کے ذہن کے بارے میں حاصل ہوتا ہے۔ اس میں ادیب کی فکری گہرائی یا اس کا اوچھا پن، اس کی بصیرت یا اس کی کوتاہ نگاہی، اس کی باقی خصوصیات مثلاً

بعد ہم دونوں کمرے میں بیٹھ جاتے اور چائے دم کرنے کے لئے رکھ دیتے۔
پھر الماری میں چھپی ہوئی کتابوں کی طرف اشارہ کرکے ایک دوسرے سے
پوچھتے کہ فلاں عبارت کس کتاب کے کس صفحے کی کونسی سطر سے شروع ہوتی
ہے ـــ جس کا اندازہ صحیح ہوتا اُسے چائے کا پہلا پیالہ پینے کے لئے
ملتا تھا ـــ اور جب کسی کا اندازہ بالکل ٹھیک ہوتا تو ہم چائے کی پیالی
اٹھاتے اور مارے قہقہوں کے دونوں لوٹ پوٹ ہوجاتے۔ بعض اوقات
چائے ہمارے کپڑوں ہی پر گرجاتی اور پینے کو نہ بچتی ـــ ہم دونوں اسی
زندگی پر قانع اور خوش تھے اور چاہتے تھے کہ ساری عمر اسی طرح گزر جائے۔
اس لئے ہمارے سر فخر سے بلند رہتے حالانکہ ہماری غربی اور محتاجی کی
حد نہ تھی . . . . رفتہ رفتہ ہمارے پاس کتابوں کا ذخیرہ بڑھتا گیا، فن پاروں
کی گنتی بھی بڑھتی گئی اور میزوں، کرسیوں، بستر، ہر جگہ کتابیں اور نوادر ہی
نظر آنے لگے۔ ہم ان سے اپنی آنکھوں اور اپنے ذہنوں سے لطف اٹھاتے
تھے اور ان کے بارے میں بحث مباحثے کرتے تھے۔ ہماری مسرت اُن
مسرتوں سے کہیں ارفع اور گہری تھی جو امیر لوگوں کو کتے پالنے، گھوڑے
رکھنے، رقص و سرود کی محفلیں منعقد کرانے سے حاصل ہوتی ہے۔ . . "

شاعرہ لی نے یہ اسکیچ بڑھاپے میں لکھا تھا۔ اس کا محبوب مرچکا تھا اور اس کو
اس بے چارگی اور بڑھاپے میں ایک شہر سے دوسرے شہر کو بھاگنا پڑ رہا تھا کیونکہ
ان دنوں شمالی چین پر چن قبیلوں کی یلغاریں جاری تھیں اور کسی کے لئے کہیں
کوئی جائے امان نہ تھی۔

تجزیہ تحریر کی تکنیک کے راستے سے کرتے ہیں۔ مثال وہی ہے کہ انجنیئر قطب نما لیکر تائے شان کی بلندی اور اس کی عمارت کا تخمینہ لگانے بیٹھ جائیں۔

انشا کی تکنیک کوئی چیز نہیں — میرے نزدیک جو چینی ادیب کسی مقام کے مالک ہیں۔ ان کا قول بھی یہی ہے۔ انھوں نے تکنیک کی کبھی پروا نہیں کی۔

انشا کے لئے تکنیک کا وجود ویسا ہے جیسے تہذیب کے لئے "فقہ" کے لمبے چوڑے قوانین — یہ مسائل ادنیٰ درجے کے لوگوں سے مخصوص ہیں۔

مبتدیوں پر تکنیک کی بحث کا بڑا رعب پڑتا ہے۔ ناول کی تکنیک، ڈرامے کی تکنیک، موسیقی کے قواعد، اداکاری کے ضابطے — یہ سب مبتدیوں کی آنکھیں چندھیا دیتے ہیں۔ مبتدی بے چارہ نہیں جانتا کہ انشا کی تکنیک کا کسی ادیب کی پیدائش سے کوئی تعلق نہیں۔ اداکاری کے قواعد بھی عظیم اداکار کے وجود میں آنے سے کوئی تعلق نہیں رکھتے۔ مبتدی بچارے کے فرشتوں کو بھی خبر نہیں ہوتی کہ "شخصیت" بھی کوئی چیز ہے جو آرٹ اور ادب میں ہر کامرانی، ہر عظمت کی اصل بنیاد ہے۔

## ب - ادب کی پرکھ

جب آپ بہت سے ادیبوں کی کتابیں پڑھ چکیں اور یہ پتا چل جائے کہ فلاں ادیب منظر کشی میں ماہر ہے تو دوسرا نزاکت و نفاست سے مالا مال ہے، تیسرا کہنے کی بات نہایت البیلے پن سے کہتا ہے، چوتھا ناقابل بیان دل کشی کا مالک ہے، پانچویں کی تحریر عمدہ وہسکی کی طرح سرور انگیز ہے اور چھٹے میں وہ سرخوشی وہ رسیلا پن ہے جو اعلیٰ شراب میں ہوتا ہے تو پھر آپ کو بلا خوف و خطر یہ کہہ دینا چاہیے کہ مجھے فلاں فلاں ادیبوں کی کتابیں پسند ہیں اور میں انھیں پرکھ بھی سکتا ہوں بمطالعے

ظرافتِ طبع، خوش مذاقی، تیز اور تیکھی طنز، اس کی سوجھ بوجھ، نزاکتِ احساس اور نزاکتِ ادراک، شفقت سے بھرپور کلبیت یا کلبیت سے بھرپور شفقت، کوڑا مغزی عملی سمجھ اور شعور اور دنیا کے معاملوں کے متعلق اس کا عام رویّہ — سب کچھ شامل ہیں۔ ظرافت کی تکنیک پیدا کرنے کے لئے کوئی "ہدایات کی کتاب" نہیں مل سکتی — نہ "عملی سوجھ بوجھ کے پندرہ قاعدوں" کا کورس بازار میں چھپا چھپایا ملے گا۔ نہ "نزاکتِ احساس پیدا کرنے کے دس گیارہ قاعدوں پر مشتمل کوئی ہدایت نامہ ہی مل سکتا ہے۔ یہ چیزیں سکھانے سے نہیں آتیں، تہذیبِ نفس سے پیدا ہوتی ہیں۔

فنِ تحریر کے سطحی مسئلوں کو چھوڑ کر گہری نظر سے دیکھیں تو معلوم ہوگا کہ اس فن میں ادب: تفکر، نقطۂ نظر، جذبات، مطالعہ اور تحریر، سب کچھ شامل ہے۔ میں نے چین میں ایک ادبی تحریک چلائی تھی جسے میں نے اظہارِ نفس کے نئے دبستان کا نام دیا تھا۔ مقصد یہ تھا کہ چینی نثر میں زیادہ شگفتہ، زیادہ انفرادی اسلوب کو فروغ دیا جائے۔ اِس سلسلے میں مجھے اسلوب اور فنِ تحریر پر متعدد مضامین لکھنے پڑے — پھر میں نے سگار کی راکھ کے عام عنوان کے تحت کچھ "ادبی مقولے" بھی لکھے جن میں بھی اسلوب و انداز، بیان و اظہار پر اپنے خیالات کو لفظوں میں بیان کیا گیا تھا۔ چند ایک اقتباسات ملاحظہ ہوں۔ میرے نقطۂ نظر کی صحیح ترجمانی انہیں سے ہو سکتی ہے:

## ۱۔ تکنیک اور شخصیت

انشا پردازی سکھانے والے استاد ادب کے بارے میں یوں بات کرتے ہیں جیسے بڑھئی آرٹ کے بارے میں باتیں کرتے ہیں۔ نقاد لوگ ادبی مضامین کا

## ج ۔ اسلوب اور خیال

تحریر میں اگر دل کشی اور حُسن ہے تو تحریر اچھی ہے ۔ اگر تحریر اِن سے عاری ہے تو بُری ہے ۔۔۔ اِس " دل کشی " کے لئے کوئی قاعدہ ، ضابطہ نہیں ۔ تحریر کی دلکشی اِسی طرح تحریر سے پھُوٹ نکلتی ہے جس طرح بخوردان سے خوشبو کا دھواں یا جیسے پہاڑ کی چوٹی سے گھٹا امنڈتی ہے جو یہ نہیں جانتی کہ وہ کدھر جائے گی ۔ گویا بہترین اسلوب " امنڈتی ہوئی گھٹا اور بہتے ہوئے پانی " کی طرح ہے ۔

اسلوب زبان ، خیال اور شخصیت سے مرکب ہے ۔ مگر بعض اسالیب ایسے ہیں جن کا سارا مدار زبان کے زور پر ہے ۔

بہت کم ایسا ہوتا ہے کہ واضح خیالات غیر واضح زبان کے قالب میں دیکھے جائیں ۔ زیادہ تر یہی دیکھا گیا ہے کہ بڑی واضح زبان میں بہت ہی مُبہم باتیں کہی جاتی ہیں واضح خیالات نہایت غیر واضح زبان میں بیان کرنا ایسے مصنف کا بندھا ٹکا اسلوب ہوتا ہے جو عمر بھر مجرد رہنے کا تہیہ کر چکا ہو ۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ اُسے اپنی زندگی میں یہ تجربہ ہوا ہی نہیں کہ اپنی بیوی کے سامنے چیزوں اور باتوں کی وضاحت کیونکر کی جاتی ہے ۔ اس کی مثال مشہور جرمن فلسفی عمانویل کانٹ ہے ۔ ناول نگار سیموئل بٹلر بھی اسی طرح مبہم باتیں کر جاتا ہے ۔

ہر شخص کے اسلوب پر اس کے " ادبی محبوب " کا بڑا اثر پڑتا ہے کیونکہ وہ اپنے محبوب مصنف کے اندازِ فکر اور طرزِ بیان کو زیادہ سے زیادہ پسند کرتا رہا ہے ۔ اصل میں مبتدی کے لئے اسلوب پیدا کرنے کا طریقہ یہی ہے ۔۔۔ زندگی کے پختہ دور میں پہنچ کر آدمی اپنے آپ کو پا لیتا ہے اور اس طرح خود بخود اپنے خاص اسلوب کو

کی اتنی وسعت کی بدولت، قاری میں یہ ملکہ پیدا ہوچکا ہے کہ وہ تحریر میں اعتدال اور نرمی، رسیلے پن اور زودِ بیان، قوتِ اظہار اور طباعی کا کمال، بیباقی اور تیزی، نزاکت اور دلکشی میں امتیاز پیدا کرسکے اور ان کی امتیازی خصوصیات کو الگ الگ سمجھ سکے —
جب وہ ہر انداز، ہر اسلوب کا بھیدی ہوجاتا ہے تو وہ تنقیدی ہدایات کی کوئی کتاب پڑھے بغیر بھی یہ بتا سکتا ہے کہ اچھا ادب کونسا ہے۔

ادب کے طالب علم کے لئے سب سے پہلی ضرورت اِس بات کی ہے کہ وہ مختلف تحریروں کی چاشنی میں امتیاز کرنا سیکھے۔ ادب کی بہترین چاشنی نرم روی اور رسیلا پن ہے۔ لیکن یہ وہ خوبیاں ہیں جو کسی مصنّف کے لئے اپنی تحریر میں پیدا کرنی بہت مشکل ہیں کیونکہ نرم روی اور سپاٹ پن میں لطیف پردہ حائل ہے۔

جس ادیب میں گہرائی اور اُپج نہ ہوگی وہ سادہ اور آسان اسلوب میں لکھنے کی لاکھ کوشش کرے اُس سے کچھ نہ بنے گا۔ اُلٹا اس کا انداز پھیکا سیٹھا ہوکر رہ جائے گا۔ قاعدے کی بات ہے کہ تازہ مچھلی ہی کو اُس کے اپنے روغن میں پکایا جاسکتا ہے۔ باسی مچھلی کو تو نمک مرچ اور مسالوں سے مزیدار بنایا جاتا ہے، بلکہ جتنا مسالہ ڈالیں، اتنا ہی بہتر ہے!

اچھا ادیب یانگ کیوفی کی اس بہن کی طرح ہے جو اپنی خوبیوں اور فنّی کمالات کی بدولت شہنشاہ کے سامنے غازے اور پاؤڈر کی زینت کے بغیر بھی جانے کی جرأت رکھتی تھی۔ حالانکہ محل کی باقی تمام حسیناؤں کو غازے اور آرائش کی سخت محتاجی تھی۔ اسی لئے دنیا میں بہت ہی کم لکھنے والے ایسے ہیں جو بڑی سادہ زبان میں کچھ لکھنے کی جرأت کرتے ہیں اور اس میں کامیاب رہتے ہیں۔

میں ہر بات کو اچھی طرح سمجھ سکے گا۔ تنقیدی ذہن پیدا کرنے کا صرف یہی ایک طریقہ ہے۔

ہر مصنّف کو لفظوں میں قدرتی طور پر دلچسپی ہوتی ہے۔ اصل میں ہر لفظ کی اپنی ایک شخصیت اور اپنی ایک زندگی ہے۔ عام طور پر لغت کی کتابیں لفظوں کی اِس پنہاں شخصیت اور زندگی سے عاری نظر آتی ہیں لیکن پاکٹ آکسفورڈ ڈکشنری یا مختصر آکسفورڈ ڈکشنری جیسی عمدہ کتابیں اس خصوصیت سے مالامال ہیں اور لغت کی عمدہ کتاب ہر وقت پڑھی جا سکتی ہے جیسے پاکٹ آکسفورڈ ڈکشنری۔

زبان کی کانیں دو ہیں، ایک نئی، ایک پُرانی —— پرانی کان کتابوں میں ہے۔ اور زبان کی نئی کان عوام کی زبان ہے۔ دوسرے درجے کے فنکار بار بار پرانی کان کو کھودیں گے مگر اعلیٰ درجے کے فنکار نئی کان سے بہت کچھ حاصل کر پاتے ہیں۔ پرانی کانوں کی دھات پگھلا کر صاف کرنی پڑتی ہے مگر نئی کان کی دھات کچی اور تازہ ہوتی ہے۔

وانگ چنگ نے (پہلی صدی عیسوی) "ماہرین" اور "فضلا" میں امتیاز رکھا ہے اسی طرح اُس نے ادیبوں اور مفکّروں کو بھی علیحدہ علیحدہ شمار کیا ہے۔ مجھ سے پوچھئے تو "ماہرین" کا علم جب وسیع تر ہو جائے تو وہ "فاضلوں" کی صف میں آجاتے ہیں۔ اور جب کسی ادیب میں تجربے اور فکر کی پختگی آجائے تو وہ مفکّر بن جاتا ہے۔

جو لوگ بڑے عالم فاضل بنتے ہیں ان کی تحریر سراسر مانگے تانگے کی ہوتی ہے۔ یہ لوگ جتنے اساتذہ اور ماہرین کی سند پیش کریں اور ان کے اقوال جتنے زیادہ اپنی تحریر میں شامل کریں اتنے ہی عالم فاضل سمجھے جاتے ہیں —— مگر ایک مفکّر سارے جگ سے بے نیاز ہو کر اپنے ہی ذہن کی گہرائیوں سے فکر کے موتی نکالتا ہے۔

کتابی عالموں کی مثال اس کوّے کی سی ہے کہ جو، جو کچھ کھاتا ہے اُسے چبا کر اگلتا

بھی ڈھونڈ لیتا ہے۔

کسی مصنّف سے نفرت ہو تو اس کی کتاب سے کچھ حاصل نہ ہوگا۔ کاش سکول کے استاد اِس بات کو پیشِ نظر رکھیں۔

ہر انسان کا کردار کسی حد تک پیدائشی ہوتا ہے۔ یہی حال اس کے اسلوب کا ہے۔ باقی کا حصّہ اس تاثر پر مبنی ہے جو وہ دوسروں سے لیتا ہے۔

جس شخص کا کوئی محبوب مصنّف نہیں وہ راہ گُم کردہ ہے۔ اس کے ذہن، اس کی ہستی میں کوئی زرخیزی نہیں۔

دنیا میں ہر شخص کے لئے اس کا محبوب مصنّف موجود ہوتا ہے۔ صرف وہ اسے ڈھونڈنے کی کوشش نہیں کرتا۔

کتاب کو یوں جانئے کہ کسی شہر یا زندگی کی تصویر ہے۔ ایسے بھی قاری ہیں جو نیو یارک اور پیرس کی تصویریں ہی دیکھتے ہیں، خود کبھی نیو یارک اور پیرس نہیں جاتے۔
عقلمند آدمی وہ ہے جو کتابیں بھی پڑھے اور زندگی کا بھی مطالعہ کرے ـــــ کائنات بہت بڑی کتاب ہے اور زندگی بہت بڑی درسگاہ۔

اچھا قاری، مصنّف کے تار و پود تک دیکھ لیتا ہے، اس کا سیدھا اُلٹا چھان مارتا ہے۔
بعض مصنّف اپنے قاری کو ہر وقت چھیڑتے یا تحریک دلاتے رہتے ہیں۔ اُن کی مثال یہ ہے جیسے لباس میں کوئی پتنگا کبھی یہاں کبھی وہاں گدگدیاں کرتا ہے۔ گدگدی کتنی بڑی بات ہے!

کسی موضوع کے بارے میں مطالعہ کرنے کا بہترین طریقہ یہ ہے کہ سب سے پہلے وہ کتابیں پڑھی جائیں جو اس موضوع کے بارے میں مخالفانہ رائے رکھتی ہیں۔ اسی صورت میں قاری کا ذہن اس بات کے لیے تیار ہو سکے گا کہ وہ فضول باتیں کسی طور قبول نہ کرے۔ جب قاری اس

ہیں۔ ان کی کیفیت کچھ اس طرح ہوتی ہے کہ اگر نیچی چوٹی سے بلند چوٹیوں پر چڑھتے جائیں اور بلندی پر ہر منظر گولائی میں نظر آئے۔

کسی ادیب کو کسی شخص سے سخت نفرت ہو اور وہ اس کے خلاف نہایت زہر آلود ہجو لکھنے کے لئے قلم اٹھانے کی سوچ رہا ہو مگر ابھی تک وہ اُس شخص کی خوبیوں سے واقف نہ ہو تو ادیب کو چاہئے کہ قلم ہاتھ سے رکھ دے کیونکہ ابھی وہ اُس شخص کے خلاف زہر آلود ہجو لکھنے کے قابل نہیں۔

## د۔ اظہارِ نفس کا دبستان

لکھنا اپنی فطرت یا اپنے کردار کے اظہار کا نام ہے، اپنی روح کا ایک مظہر ہے۔ وہ چیز جسے "آسمانی الہام" کہا جاتا ہے وہ اپنی ہی روح، اپنی ہی خودی کا ایک پرتو ہے۔ اور اس کی وجہ جسمانی طور پر یہ ہوتی ہے کہ "صاحب الہام" کے خون میں سُرخ ذرّات ضرورت سے زیادہ موجود ہوتے ہیں۔ اور یہ زائد "قوّت" لفظوں میں ڈھل کر ادبی الہام ہو جاتی ہے۔

کسی پرانے استاد کی بنائی ہوئی تصویر دیکھئے یا کسی قدیم مصنّف کی کتاب پڑھئے۔ دونوں ان استادوں کی روحوں کے جواہرِ اصلی کی مظہر ہیں۔ جب روح کی یہ قوّت، یہ جوہر کم ہو جائے یا اس کا سوتا خشک ہو جائے تو بہترین خطّاط، مصوّر یا ادیب کے فن پارے بھی بے جان ہو جاتے ہیں۔

ادب میں "آسمانی الہام" کا ہنگام وہ ہے کہ صبح کے وقت آپ میٹھے سپنوں کی نیند سے تازہ دم خود بخود بیدار ہوں۔ پھر چائے کا ایک پیالہ پی لیں اور اخبار دیکھیں جس میں کسی خبر سے آپ کو پریشانی نہ ہو۔ پھر آپ آہستہ آہستہ اپنے کمرے میں آ جائیں

ہے اور اپنے بچوں کی چونچ میں چونچ ڈال کر یہی اُگلا نوالا انھیں کھلاتا ہے مگر مفکر
تو پیلہ ریشم کی مثال ہے جو شہتوت کے پتے کھاتا ہے مگر ریشم اُگلتا ہے۔

تحریر میں آنے سے پیشتر خیالات کا بھی ایک "زمانۂ حمل" ہوتا ہے۔ ویسے ہی
جیسے ماں کے رحم میں بچہ، پیدا ہونے سے پہلے "جنین کی صورت میں قرار پاتا ہے۔ جب
آپ کے محبوب مصنف نے آپ کے دل میں خیالوں کا شعلہ روشن کر دیا اور آپ کے
رگ و پے میں ان خیالوں کی بجلی سی دوڑنے لگی تو اس وقت کو "زمانۂ حمل" کا مترادف
سمجھئے۔ لیکن اس مدت میں اگر کمی واقع کر دی جائے اور کوئی شخص مناسب وقفے کے
گزرنے کا انتظار کئے بغیر ہی چھپنا شروع ہو جائے تو اسے "اسہال" کی شکایت سمجھئے۔
اب یہ نہ ہوگا کہ درد اٹھے اور خیالات ایک نو زائیدہ جیتے جاگتے "بچے" کو جنم
دیں ـــــ پھر جب کوئی ادیب اپنا ضمیر بیچ دے اور اپنے معتقدات کے خلاف چیزیں
لکھنی شروع کر دے تو اس کی مثال مصنوعی اسقاط سے دی جاتی ہے کہ جنین ہمیشہ
مردہ ہی پیدا ہوگا! ـــــ مگر جب کوئی ادیب اپنے ذہن میں سخت بے چینی اور برقی
اضطراب کی شدید کروٹیں محسوس کرے اور جب تک وہ اپنے خیالات کو کاغذ پر منتقل
نہ کرے اُسے چین نہ آئے اور کاغذ پر ان خیالات کے منتقل ہونے پر اُسے بے پایاں
سکون محسوس ہو تو سمجھ لیجئے کہ اُس نے کوئی ادبی شہ پارہ پیدا کیا ہے۔ اسی لئے
سچے ادیب کو اپنی ادبی اولاد سے ماں کی سی محبت ہوتی ہے ـــــ یہی وجہ ہے کہ
ہمیشہ تحریر یا ادبی تخلیق وہی اچھی معلوم ہوتی ہے جو اپنی ہو اور عورت وہ خوبصورت
معلوم ہوتی ہے جو دوسرے کی ہو۔

ادیب کا قلم موچی کی سوئی کی طرح مشق سے تیز ہوتا ہے اور رفتہ رفتہ کشیدہ کاری
کی عمدہ سوئی کی طرح تیز ہو جاتا ہے۔ لیکن خیالات مشق سے ملائم ہوتے جاتے

خیالات اور اس کے نقطۂ نظر میں اتنی عدم مطابقت، اتنا تضاد، اتنا پھیر ہوتا ہے کہ دیکھنے والا پریشان ہو جاتا ہے — مثلاً ایسے شخص ملتے ہیں کہ کتّوں کو بہت چاہتے ہیں مگر بلّیوں سے ڈرتے ہیں۔ اور انھیں کے بھائی بند بلّیوں کو چاہتے ہیں مگر کتّوں سے ان کی جان جاتی ہے — اسی لئے انسانی شخصیّت کی جتنی قسمیں پائی جاتی ہیں ان کا مطالعہ سب سے پیچیدہ علم ہے۔

"اظہارِ ذات" کے دبستان کا یہ بنیادی تقاضا ہے کہ تحریر میں صرف اپنے خیالات اور اپنے محسوسات، اپنی سچّی چاہتیں اور سچی نفرتیں، ڈر اور مشغلے پوری ایمانداری سے آئیں۔ پھر یہ کہ ان کے اظہار میں بُرے کو اچھے سے چھپانے کی کوشش نہ کی جائے۔ اظہار کے خلوص کے سامنے یہ خدشہ نہ ہو کہ دنیا میرا مذاق اڑائے گی۔ یہ بھی ڈر نہ ہو کہ کہیں میں پرانے داناؤں یا ہم عصر استادوں کی رائے کو جھٹلا نہ بیٹھوں۔

اِس دبستان کے ادیب کسی مضمون میں سب سے اچھا حصّہ وہ سمجھتے ہیں جو لکھنے والے کا نمائندہ ہو، اِس حصّے میں سب سے پسندیدہ فقرہ وہ سمجھیں گے جو لکھنے والے کی خصوصیات کا آئینہ دار ہو اور اس جملے میں سب سے اچھی ترکیب وہ سمجھیں گے جو لکھنے والے کی شخصیّت کی مخصوص طور پر عکاس ہو۔

اِس دبستان کا ادیب کوئی منظر، کوئی احساس، کوئی واقعہ بیان کرے گا تو وہ یہ منظر اُسی طرح بیان کرے گا جس طرح خود اُس نے دیکھا۔ احساس کا اظہار وہ اسی طرح کرے گا جس طرح اُس نے محسوس کیا۔ واقعے کا بیان وہ اُسی طرح کرے گا جس طرح اُس نے سمجھا — جو تحریر اس کسوٹی پر پوری اُترے وہی ادب ہے اور جو اس پر پوری نہ اُترے وہ ادب نہیں۔

"سرخ شبستان کے شیشے" میں جو لڑکی لین تائے یُو ہے وہ بھی ہمارے اِسی

اور ایک روشن دریچے کے سامنے صاف ستھری میز پر بیٹھ جائیں۔ باہر سورج کی سہانی دھوپ ہو اور ہلکی ہوا چل رہی ہو۔ یہی وقت ہے کہ ادیب اچھے مضامین، عمدہ نظمیں، اچھے خطوط لکھ سکتا ہے، فن کار اچھی تصویریں بنا سکتا ہے اور ان کے عمدہ عنوانات قائم کر سکتا ہے۔

جس چیز کو "ذات"، "نفس" یا "شخصیت" کہا جاتا ہے وہ اعضا، پٹھوں، اعصاب، معقولیت، جذبات، تہذیب و اخلاق، سمجھ بوجھ، تجربہ اور تعصبات کے ایک مجموعے کا نام ہے۔ یہ مجموعہ کچھ تو فطری ودیعت ہے، کچھ تمدن کا پیدا کردہ ہے یعنی اس کا کچھ حصہ قدرت کی گود سے لے کر ہم پیدا ہوئے تھے اور باقی حصہ تہذیب نے ہم میں پیدا کیا ہے — کسی شخص کی فطرت اس کی پیدائش بلکہ پیدائش کے پہلے سے متعین ہوتی ہے۔ بعض لوگ فطری طور پر سنگدل اور کمینے ہوتے ہیں اور بعض فطری طور پر صاف گو، کھلے دل والے، جرأت مند اور عالی ظرف ہوتے ہیں۔ اس کے علاوہ کچھ لوگ ایسے بھی ہوتے ہیں جو فطری طور پر نرم دل اور کمزور کردار کے ہوتے ہیں۔ یا ایسے لوگ کہ فضول، بات بے بات پریشان ہوتے رہتے ہیں — یہ کرداری خصوصیات اصل میں ہماری "ہڈیوں کا مغز" ہیں۔ اچھے سے اچھے والدین اور عمدہ سے عمدہ استاد کسی کی شخصیت کی نوع بدل نہیں سکتا۔ یہ تو فطری باتیں ہیں۔ مگر ان سے الگ وہ خصوصیات بھی ہیں جو ہم میں پیدائش کے بعد پیدا ہوتی ہیں! ان کا منبع تعلیم اور زندگی کے تجربات ہیں — یہ یاد رہے کہ فرد اپنے خیالات اور نظریات اور تاثرات بہت ہی مختلف ذریعوں سے حاصل کرتا ہے۔ اس کی زندگی کے مختلف حصوں میں اس پر مختلف اثرات ہوتے ہیں۔ وہ مختلف جگہوں سے اپنے خیالات، اپنے نظریات، اپنے تعصبات اکٹھے کرتا رہتا ہے۔ چنانچہ اس کے نظریات، اس کے

اِس دبستان کے نقادوں کو ادیبوں کی کمزوریاں اچھی لگتی ہیں۔ اِس دبستان کے تمام ادیب قُدما کی نقالی یا معاصرین کی نقالی اور ادبی قاعدوں ضابطوں کے سخت مخالف ہیں۔ اِس دبستان کی بنیاد رکھنے والے یُوآن بھائیوں کا خیال تھا کہ "ادب میں سب سے اہم چیز سچائی ہے" — لِی لِی وِنگ نے یہ بھی کہا ہے کہ "ادب میں اہم چیز دلکشی اور دلچسپی ہے"۔ یُوآن ست سائی کا کہنا ہے "لکھنے میں تکنیک کا کیا کام!" اور سُونگ عہد کے ایک ابتدائی مصنف کا خیال تھا کہ "تحریر میں ہئیت تو اتفاقاً در آتی ہے جیسے لکڑی میں کیڑوں کے کھانے سے چھید پڑ جاتے ہیں —"

## ۴۔ بے تکلف اسلوب

بے تکلف اسلوب کا مالک ادیب لگی لپٹی نہیں رکھتا۔ وہ کھری بات کہتا ہے۔ وہ صاف صاف اپنی کمزوریاں آپ پر واضح کر دیتا ہے۔ اور اِس لئے آپ کا تکلف بھی قائم نہیں رہنے دیتا۔

قاری اور مصنف کا باہمی تعلق یہ نہ ہونا چاہیئے جو کسی خشک اُستاد اور اس کے شاگردوں میں ہوتا ہے۔ دونوں کا باہمی ربط بے تکلف دوستوں کا سا ہونا چاہیئے۔ صرف اِسی صورت میں قاری اور مصنف کے درمیان گرمجوشی پیدا ہو سکتی ہے۔

جو شخص اپنی تحریر میں "میں" کا لفظ استعمال کرنے سے ڈرتا ہے وہ کبھی اچھا ادیب نہیں بن سکتا۔

میں ایک جھوٹے ادیب کو سچی بات کہنے والے سے زیادہ پسند کرتا ہوں۔

دبستان کی ایک فرد ہے کیونکہ وہ کہتی ہے "اگر کسی شاعر نے کوئی اچھا شعر کہا ہو تو اس کی فکر نہیں کہ اس کے الفاظ کا آہنگ کتابی قوانین کے مطابق ہے یا نہیں"۔
یہ دبستان سچے جذبات کا بڑا قائل ہے۔ چنانچہ پُر تکلف اسلوب کو شدید بد مذاقی سمجھتا ہے۔ اِسی لئے یہ دبستان ایسے اسلوب کا حامی ہے جو سادگی اور پُرکاری میں اپنی مثال آپ ہو۔ یہ دبستان فلسفی مین سی آس کے اِس مقولے کو حکم گردانتا ہے،

"تحریر کا واحد مقصد یہ ہے کہ تحریر پُر معنیٰ ہو اور بس"۔۔۔۔۔

ادبی حُسن محض معنیٰ خیزی کا نام ہے۔

اِس دبستان کے اصولوں پر چلنے میں ایک خطرہ یہ ہے کہ کہیں لکھنے والے کا اسلوب بالکل سپاٹ نہ ہو جائے (مثال: لُوآن چینگ لانگ کی تحریریں) یا ادیب کہیں اُلٹے سیدھے خیالات کے بھنور میں نہ پھنس جائے (مثال: چن شنگ تان) یا لکھنے والے کے نظریات مسلّمہ اصولوں کے بہت ہی مخالف نہ ہو جائیں (مثال لی چاؤ) اسی لئے اِس دبستان سے کنفیوشسی خیال کے نقّادوں کو بڑی نفرت تھی۔ مگر سچ یہ ہے کہ انھیں جدّت نگار ادیبوں نے چینی ادب کو موت جیسی یکسانیت اور مُردنی سے بچا لیا۔ آئندہ زمانہ بھی اِنھیں کا ہے۔

سچّا ادب کائنات اور انسانی زندگی کے بارے میں سراسر حیرت کا ایک احساس ہے اور بس۔

جو شخص اپنی نگاہ کو آلودہ نہیں ہونے دیتا اس میں حیرت کا یہ احساس زندہ رہتا ہے۔ پھر اُسے یہ ضرورت نہیں ہوتی کہ حقیقت کو مسخ کر کے پیش کرے تاکہ وہ تعجب انگیز چیز نظر آئے۔ اظہارِ نفس کے اِس دبستان کے خیالات اور اُن کا نقطۂ نظر اِسی لئے اتنا نیا اور عجیب نظر آتا ہے کیونکہ قاری مسخ شدہ مناظر کے عادی ہو چکے ہیں۔

سے جو مزہ آتا ہے وہ اعلیٰ پائے کی دعوتوں میں شریک ہونے والے لوگ نہیں سمجھ سکتے۔ وہ اِن مزوں کو جانتے ہی نہیں۔

امیر لوگوں کے پاس باغات اور ایوان ہیں۔ مگر پہاڑوں کی گودی میں چھپی ہوئی چھوٹی چھوٹی جھونپڑیاں بھی ہوتی ہیں۔ بعض اوقات اِن پہاڑی مکانوں کو بھی سجانے والے بڑے ذوق اور بڑی نفاست سے سجاتے ہیں۔ ان کا ماحول اُمراء کے اُن ایوانوں سے بہت مختلف ہوتا ہے جن میں قرمزی دروازے اور سبز کھڑکیاں ہوتی ہیں نوکروں اور باندیوں کی ایک فوج خدمت کو متعین ہوتی ہے۔ مگر ان بظاہر معمولی پہاڑی مکانوں میں داخل ہو جیئے تو کوئی بھونکتا ہوا کتا آپ کا استقبال نہیں کرتا، اندر آنے پر نک چڑھے بیروں اور دربانوں کا سامنا نہیں کرنا پڑتا اور جب اِن کے مکینوں سے مل کر رخصت ہوں تو پھاٹک پر پتھر کے دو واہیات شیر اپنی بے نور آنکھوں سے آپ کو نہیں گھورتے!۔ سترھویں صدی کے ایک ادیب نے اِس صورتِ حال کا کیا خوب نقشہ کھینچا ہے۔ وہ کہتا ہے "اگر ایسے بے تکلف مکانوں میں تین عالم آپس میں بیٹھے بڑے تہذیب و تکلف سے عالمانہ بحث کر رہے ہوں اور کوئی صاحبِ ذوق اس کمرے میں نیم برہنہ آ جائے یا ننگے پاؤں دندانہ گھس آئے تو یہ لوگ ناک بھوں نہیں چڑھاتے، وہ تو خوشی کے مارے تالیاں بجائیں گے اور ایک دوسرے سے جی کھول کر مذاق کریں گے۔ دیکھنے والوں کو شاید حیرت ہو لیکن یہ حضرات ایک دوسرے کو خوب سمجھتے ہیں اور اسی لئے ان کی خاموش نظریں معنیٰ خیز ہوتی ہیں"۔

س۔ حُسن کیا ہے؟.....

وہ چیز جسے ادب میں حُسن کہا جاتا ہے اور جسے عالمِ اشیا میں حُسن قرار دیا

اور جو ادیب جھوٹا بھی ہو اور عاقبت نا اندیش بھی وہ عاقبت اندیش اور مصلحت بین جھوٹے سے کہیں بہتر ہے کیونکہ یہ عاقبت نا اندیشی اس بات کی دلیل ہے کہ وہ اپنے قاری سے بہت زیادہ محبت رکھتا ہے۔

میں ایک عاقبت نا اندیش احمق شخص پر اعتبار کرتا ہوں لیکن ہر وکیل کو شبہے کی نظر سے دیکھتا ہوں۔

یہی عاقبت نا اندیش احمق اپنی قوم کا بہترین سفارتی نمائندہ اور مدبّر ہے کیونکہ وہ لوگوں کے دل موہ لیتا ہے۔

میرے خیال میں اچھا رسالہ وہ ہے جو پانزدہ روزہ ہو۔ اور کیا یہ جائے کہ نہایت عمدہ باتیں کرنے والے چند لوگ ایک کمرے میں جمع کر دئے جائیں اور انھیں باتیں کرنے دیا جائے۔ قاری یہ باتیں سنتا رہے۔ یہ کوئی دو گھنٹے کی صحبت ہو۔ قاری یہ باتیں سننے کے بعد آرام سے بستر پر دراز ہو کر سو جائے اور اگلی صبح کو جب وہ بیدار ہو اور اپنے معمول کے کام کاج کے لئے کسی بینک میں یا کسی سکول میں جائے تو گزشتہ شب کی باتوں کی خوشبو اس کے گالوں پر موجود ہو۔

ایسے ریستوران بھی ہوتے ہیں جن کے طلائی فریموں کے آئینوں سے سجے ہوئے دعوت کے کمروں میں بڑی شاندار اور پُرتکلّف دعوتیں دی جاتی ہیں۔ اور پھر ایسے ریستوران بھی اکثر ملتے ہیں جہاں بیٹھ کر تھوڑی بہت پی جا سکتی ہے۔ میں یہ چاہتا ہوں کہ دو تین دوستوں کے ساتھ ایسے ہی کسی چھوٹے سے ریستوران میں جا بیٹھوں اور بڑے اور امیر لوگوں کی پُرتکلّف دعوتوں میں شریک نہ ہوں۔ ایک معمولی سے ریستوران میں بیٹھ کر کھانے پینے کا جو لطف آتا ہے، ایک دوسرے کو چھیڑنے اور ستانے، پیالے اور پلیٹیں اوندھانے اور کپڑوں پر مشروب گرانے

یہ خالقِ اکبر، کائنات کے سب سے بڑے استادِ فن کے موقلم کی بے پروا جنبشیں ہیں اور بس۔ جو بانکی بدلیاں پہاڑی چوٹیوں سے اٹھلاتی ہوئی نکلتی ہیں اور آگے بڑھ کر طوفانی پہاڑی ہواؤں کے بے رحم طمانچے کھاتی ہیں ان کے پاس کیا اتنا وقت ہوتا ہے کہ وہ ہم دیکھنے والوں کے لئے اپنا ملبوس اپنا آنچل درست کیا کریں؟ — مگر یہی بدلیاں سجتی سنورتی بھی ہیں، کبھی مچھلیوں کے فلس کا روپ دکھاتی ہیں، کبھی اطلس بن جاتی ہیں، کبھی نگٹٹ دوڑتے ہوئے تازی کتوں کی شکل بناتی ہیں، کبھی دہاڑتے شیروں، ناچتے ققنس، اینڈتے ارنے گھوڑوں کے قالب بدلتی ہیں اور کبھی حسن و خوبی میں ایک ادبی شاہکار نظر آتی ہیں۔ ذرا خزاں زدہ درختوں کو دیکھئے، انھیں گرما کے تھپیڑوں نے مارا اب سردی اور پالا مار رہا ہے۔ اور یہ پیڑ اب آہستگی سے سانس لے رہے ہیں تاکہ سرما کے لئے اپنی قوت محفوظ کر سکیں — کیا انھیں اتنی فرصت ہے کہ پرانی شاہراہ پر چلنے والے راہی کی نظروں کے لئے بن سنور سکیں؟ — مگر یہی پیڑ ہمیں کتنے مطمئن اور پاکیزہ اور ملول اور تنہا نظر آتے ہیں اور یہی پیڑ وانگ وئی اور می فی کی تصویروں سے کس قدر ارفع اور اعلیٰ معلوم ہوتے ہیں!

یعنی اس کائنات کی ہر زندہ چیز میں اس کا ادبی حسن پنہاں ہے۔ تاک کی سوکھی ہوئی بیل کا حسن وانگ سی چی کی خطاطی سے کہیں اعلیٰ ہے۔ سربلند چٹان کی سنگینی ان کتبوں سے کہیں زیادہ شاندار ہے جو کسی شہنشاہ کے مقبرے پر ایستادہ ہوں۔ اشیاء کا ادبی حسن تو ان کی فطرت سے پیدا ہوتا ہے۔ اور وہ لوگ جو اپنی فطرت کے تقاضوں کی نگہبانی کریں، انھیں پروان چڑھائیں وہ اپنے وجود کو حسین ترین خطوط کی نرالی کائنات میں سمو لیتے ہیں۔ گویا خطوط اور ہیئت کا حسن ایک داخلی چیز ہے خارجی لازمہ نہیں — گھوڑے کے سم دیکھئے، انھیں تیز گامی کے لئے بنایا گیا ہے، شیر کے

جاتا ہے۔ اس کا مدار بڑی حد تک تبدیلی اور حرکت پر ہے اور اس کی بنیاد زندگی ہے ــ جو چیز زندہ ہے اس میں تغیر اور حرکت دونوں ہوں گی۔ اور جس چیز میں تغیر اور حرکت ہو گی اس میں قدرتی طور پر حسن بھی ہوگا۔ اب بتائیے کہ لکھنے یا ادب کے لئے بندھے ٹکے قواعد کس طرح ہو سکتے ہیں؟ کیونکہ ہم یہ دیکھتے ہیں کہ پہاڑوں کی چوٹیوں اور گھاٹیوں، چشموں اور دریاؤں میں بے راہروی، آزادگی، اور سنگینی کا حسن موجود ہوتا ہے ــ وہ حسن جو انسان کی بنائی ہوئی نہروں میں نظر نہیں آتا حالانکہ ان نہروں کو انجینئروں کی مہارت اور ان کے حساب نے جنم دیا ہے۔ تاروں کی سبھا آسمان کا ادب ہے۔ اونچے پہاڑ اور بڑے بڑے دریا زمین کا ادب ہیں۔ ہوائیں چلتی ہیں اور بدلیاں رنگ بدلتی رہتی ہیں اور ان کی بدولت ہمیں اطلس کی سی عنائیاں ملتی ہیں۔ پھر کہرا آتا ہے اور درختوں کے پتے گرنے لگتے ہیں اور ہمیں اس تبدیلی کی بدولت خزاں کے رنگ دیکھنے کو ملتے ہیں۔

اب ذرا یہ غور کیجئے کہ ستارے اور سیارے اپنے محور کے گرد گھومتے رہتے ہیں۔ کیا وہ کبھی سوچتے ہیں کہ انھیں دیکھنے والے ہم زمینی انسان کتنا حسین سمجھتے ہیں؟ پھر بھی ستاروں کے مختلف جھمکے جو ہم نے دریافت کر لئے تو یہ محض اتفاقی امر تھا۔ اب زمین کو لیجئے زمین کی سطح کبھی سکڑتی ہے کبھی پھیلتی ہے اور اس طرح کبھی اونچے پہاڑ بن جاتے ہیں، کبھی گہرے سمندر ــ کیا ہماری دھرتی نے جان بوجھ کر پانچ مقدس پہاڑ تخلیق کئے تھے کہ ہم ان کی پوجا کیا کریں؟؟ پھر بھی ہم دیکھتے ہیں کہ تائی شیوا اور کیون لون کے پہاڑ اپنے عظیم الشان سلسلوں کا آہنگ لئے ہمارے سامنے سربلند ہیں۔ اور سیپ کی دوشیزہ اور غلمان دونوں ہیبت دلانے والی برفانی چوٹیوں کے ساتھ ہمارے سامنے ہیں کہ ہم دیکھیں اور دیکھ کر لطف اٹھائیں۔

# باب ۱۳ سیزدہم

# خُدا سے ناتا

۱ ۔ مذہب کا احیا

۲ ۔ اپنی کہانی

پنجوں کو اپنے شکار پر جھپٹنے کے لئے یہ شکل دی گئی ہے بگلوں کی لمبی ٹانگیں دلدلوں میں پھرنے کے لئے خاص طور پر بنائی گئیں۔ ریچھ کے پنجے برف پر دھپ دھپ چلنے کے لئے ہیں — کیا گھوڑا یا شیر، بگلا یا ریچھ کبھی اپنی بناوٹ کے حسن اور تناسب پر غور کرتے ہیں؟ — ان میں سے ہر جانور زندگی میں اپنا کام یا فطری تقاضا پورا کرنے کی کوشش کرتا ہے اور اس کے مطابق حرکت کا ایک مناسب طریقہ اختیار کر لیتا ہے — لیکن اگر ہم اپنے نقطۂ نظر سے دیکھیں تو گھوڑے کے سُم، شیر کے پنجے، بگلے کی ٹانگوں اور ریچھ کے پنجے میں کیسی موہنی ہے۔ کوئی اپنے خطوط کے بھرے پن کی وجہ سے اچھا لگتا ہے، کوئی ایسا ہے کہ دیکھتے ہی اس کی مستور قوّت کا احساس ہو جائے، کوئی اپنے خطوط کی نفاست مگر استقلال کے لئے نمایاں ہے، کوئی ایسا ہے کہ جوڑوں کی سنگینی کی وجہ سے ممتاز ہے۔ ان کے علاوہ ہاتھی کے پاؤں، شیر کی ایال، گائے کی ٹانگیں وغیرہ خطاطی کے مختلف اسالیب کی علامتیں اور مظاہر کی بنیاد ہیں۔ ان کا حُسن، اُن کی نشستِ ترکیب اور حرکت میں ہے۔ ان کی مخصوص جسمانی ساخت ان کے جسم کے افعال کا نتیجہ ہے۔ اور لکھنے کے حسن کا راز بھی یہی ہے کہ جب حرکت کا ایک خاص انداز لکھنے پر مجبور کرے تو لکھنے کی اس خواہش کو دبانا نہ چاہیئے۔ اور جب حرکت کا انداز لکھنے کا محرک نہ ہو تو لکھنا بند کر دینا چاہیئے۔ اس لئے ایک ادبی شاہکار فطرت کے کسی منظر کی طرح ہے کہ اپنی بے ہیئتی میں ہیئت، بے ترتیبی میں ترتیب رکھتا ہے۔ اس کی دل کشی، اس کا حُسن شعوری نہیں بے اختیاری ہوتا ہے۔ کیونکہ حُسن تو حُسنِ حرکت کا نام ہے، جامد تناسب کا نام حُسن نہیں۔ ہر وہ چیز جو زندہ ہے اور جو حرکت کرتی ہے اس میں اس کا اپنا حُسن، اپنی قوّت، ہیئت اور حظ کا اپنا جمال موجود ہوتا ہے —

مذہب جس صورت میں ہم تک پہنچا ہے اُس میں تاریخی ارتقا کے ساتھ ایسی بہت سی چیزیں شامل ہو گئی ہیں جو مذہب کی اخلاقی حدود سے صحیح معنوں میں باہر ہیں۔ اِن میں طبیعیات بھی ہے اور طبقات الارض کا علم بھی، فلکیات ہے اور سُراغِ جرم کی سائنس بھی، اور جنس اور عورت جیسے معاملوں کے بارے میں تصورات بھی ہیں۔ اگر مذہب اخلاقی حدود تک رہتا تو مذہب کے احیا کا کام اتنا زبردست اور کٹھن نہ ہوتا جتنا ہو چکا ہے۔

عین دوسری جانب سائنس ہے جو آج کل کے انسان کے سامنے کائنات کے اسرار کا ایک نیا اور زیادہ گہرا احساس پیدا کر رہی ہے۔ اور مادے کو ایک ایسی چیز قرار دے رہی ہے جسے قوّت کا مترادف کہا جا سکتا ہے۔ پھر جہاں تک خدا کے وجود کا تعلق ہے سائنسدان سرجیمز جین کے الفاظ مذہبی تصوّرات کو نئے معنیٰ پہناتے ہیں کہ "کائنات ایک بہت بڑی مشین کے وجود کے بجائے ایک بہت بڑے تصوّر (خدا) کے قریب تر آ رہی ہے!" — اعلیٰ ریاضی کی رُو سے بھی اب یہ ثابت ہو چکا ہے کہ کائنات میں اِس سے ارفع ایک ایسی ہستی بھی ہے جس کا اندازہ ریاضی کی رُو سے ناممکن ہے۔ بہتر یہ ہے کہ مذہب بہت سے حیاتی میدانوں سے ہٹ جائے۔ قدرتی سائنسوں کے بارے میں مذہب جو کچھ کہتا رہا ہے اس کے بارے میں بھی یہ ماننا ہوگا کہ یہ باتیں مذہب کے دائرۂ عمل سے خارج ہیں۔ روحانی مشاہدات کا جواز ان باتوں میں نہ ڈھونڈا جائے جن کا مذہب سے کوئی واسطہ نہیں، مثلاً یہ بات کس طرح مذہب کے روحانی تصرف سے متعلق ہے کہ انسانیت کی عمر چار ہزار سال ہے یا دس لاکھ سال ہے یا یہ کہ زمین کی شکل چپٹی ہے یا گول ہے، یا زمین ایک چائے کی میز کی طرح کھڑی بند کی جا سکتی ہے یا یہ کہ ہندو مت کی رُو سے زمین ہاتھی یا گائے کی پشت پر دھری ہے

# ۱۔ مذہب کا احیا

اس دنیا میں بے شمار لوگ یہ فرض کر لیتے ہیں کہ وہ خدا اور خدا کی رضا اور خدا کی ناراضی کے بارے میں سب کچھ جانتے ہیں۔ مجھے ڈر ہے کہ میں جو کچھ عرض کروں گا اُسے کچھ لوگ کفر قرار دیں گے اور بعض اُسے "پیغمبرانہ باتوں" سے تعبیر کریں گے۔ مطلب کی بات دونوں صورتوں میں ضبط ہو جائے گی۔ مگر اندازہ کیجئے کہ ہم انسان جو اس زمین کے موجودات کا کروڑواں حصہ بھی نہیں اور ہماری زمین جو کل کائنات کے کروڑویں حصے سے بھی کہیں فرومایہ ہے، ہم یہ دعویٰ کرتے ہیں کہ ہم خدا کو جانتے ہیں۔

یہ یاد رہے کہ جب تک ہم اپنے گرد و پیش کی کائنات میں پھیلی ہوئی روحِ حیات سے اپنے آپ کو پوری طرح اور تسلی بخش طریقے پر ہم آہنگ نہ کر لیں اس وقت تک زندگی کا کوئی فلسفہ مکمل نہیں کہلا سکتا، نہ انسان کی روحانی زندگی کا کوئی تصور ہی بھرپور قرار دیا جا سکتا ہے۔ یہ مانا کہ انسان بہت اہم مخلوق ہے، اتنی اہم کہ وہی ہمارے مطالعے کا اہم ترین موضوع ہے — اور انسان پرستی کا تقاضا بھی یہی ہے۔ مگر یہ نہ بھولئے کہ انسان ایک بہت ہی شاندار کائنات میں رہتا ہے۔ یہ کائنات اتنی ہی شاندار ہے جتنا خود انسان ہے۔ اس لئے انسان کے گرد پھیلی ہوئی ایک عظیم کائنات کو جو شخص قابلِ اعتنا نہیں سمجھتا، اس کائنات کے مبدا، اس کی منزل پر غور نہیں کرتا اس کی زندگی صحیح معنی میں زندگی نہیں۔

شمال کی طرف ہوا کو چلنے کا حکم دے دیا۔ حالانکہ خدا اور بندے کے ناتے کی شرط یہ ہے کہ دونوں کے درمیان روحانی یگانگی ہو اور ایک فریق دوسرے سے بھیک ہی مانگتا نہ رہے۔ موجودہ صورت میں عالی خیال انسان آج کے مروّجہ مذہب کو سمجھنے سے عاجز ہے۔ وہ نہیں جان سکتا کہ مذہب کے روحانی رشتوں کی یہ کایا پلٹ کیونکر ہوگئی۔ وہ مذہبوں کی موجودہ صورتوں کی کوئی جامع تعریف پیش کرنے سے قاصر ہے۔ وہ یہ نہیں بتا سکتا کہ مذہب، انسان اور خدا کے ازلی ابدی ناتے کا اعلیٰ مظہر ہے جس میں روحانی وجدان بھی شامل ہے؟ یا مذہب چند اخلاقی سچائیوں کا نام ہے جن پر مذہبی رہنماؤں نے اسرار کا ایسا پردہ ڈالا ہے، ان میں ایسی ایسی اختراعات کر رکھی ہیں اور انھیں اس طرح دوسری بےکار باتوں میں چھپا دیا ہے کہ یہ مذہبی رہنما اس سے روٹی کما سکیں؟ یا مذہب ایک نادیدہ اور انسانی علم سے بالاتر ہستی کے سلسلے میں محض ہمارے ذہنی کرتبوں کا نام ہے؟ کیونکہ جو چیزیں دیکھی نہ جاسکیں، جنہیں سمجھنا انسانی عقل سے باہر ہو ان کے بارے میں طرح طرح کی قیاس آرائی آسان ہوا کرتی ہے — وہ یہ بھی نہیں بتا سکتا کہ اعتقاد کی بنیاد علم پر رکھنی چاہیئے یا جہاں علم کی سرحد ختم ہوتی ہے عقیدہ وہیں سے شروع ہوتا ہے؟ اور کیا مذہب ایسی چیز ہے کہ ہر شخص اُسے ہرایرے غیرے کے سامنے پیش کر سکتا ہے؟ یا کیا مذہب آریائی، یا نوردی خون کی بقا کا حیلہ ہے؟ یا محض طلاق اور ضبطِ تولید کی مخالفت کا نام ہے اور اُس کی زد سے ہر معاشرتی مصلح کو "اشتراکی" اور "سرخا" کہہ کر ذلیل کیا جاسکتا ہے؟ کیا یسوع نے روسی ادیب کاؤنٹ طالسطائی کو واقعی ایک شدید بردباری کے بعد اپنے آغوش میں لے لیا تھا جب کلیسائے یونان اُسے مرتد قرار دے چکا تھا؟ ان تمام سوالات کے بعد ایک احساس باقی رہ جاتا ہے۔ یہ احساس شاید

یا چینی کھیوڑوں کی پیٹھ پر کھڑی ہے۔

مذہب کو صرف اخلاقیات سے واسطہ رکھنا چاہئے اور یہی اسے کرنا بھی ہوگا۔ اخلاقیات بھی اتنی ہی باوقار چیز ہے جتنی پھولوں کی نشوونما یا مچھلیوں کی پرداخت کے سائنسی علوم ہیں یا فلکیات کی تحقیق ہے۔ اسی طرح اگر مذہب کو طب اور علم الاجسام سے الگ کر دیا جائے تو اس میں سراسر مذہب کا فائدہ ہے۔ اسی طرح اگر مذہب کو فلکیات، حیاتیات اور طبقات الارض کے علوم میں دخل دینے کی کیا ضرورت ہے اور لوگوں کے قدیم رسم ورواج کے تحفظ کی کیا پڑی ہے۔ اگر مذہب جدید علوم کے بارے میں خاموش رہے تو اس کے احترام اور اس کے وقار میں بے حد اضافہ ہو سکتا ہے۔

گویا جدید زمانے کی زندگی کے تقاضوں کے مطابق ہر فرد کو مذہب کے رسمی تصورات سے اپنے لئے خود مذہب اخذ کرنا پڑے گا کیونکہ آج کل مذہبی کلیسا اور عقیدے جس طور پر رائج ہیں ان کے لئے تو دل میں حقارت ہی پیدا ہوتی ہے۔ سائنسی زمانے کا فرد جب اپنے لئے ایک سیدھا سادہ مذہب ڈھونڈ نے پر قادر ہو جائے گا تو جس خدا کی وہ پرستش کرے گا وہ ایسا خدا نہ ہوگا جسے روز کے چھوٹے موٹے تحفوں سے خوش کیا جا سکتا ہو۔ وہ اس اپنے بندے کی خواہش پر ہوا کو شمال کے رخ چلنے کا محض اس لئے حکم نہ دے گا کہ اس کا بندہ شمال کے رخ جہاز میں جا رہا ہے۔ ہوا کی سازگاری کے لئے خدا کا شکر بجا لانا بڑی گستاخی اور سخت بدتمیزی اور خود غرضی ہے۔ اس شکرانے کا مطلب یہ ہے کہ خدا اُن بندوں سے بالکل محبت نہیں کرتا جو جنوب کے رخ جہازوں میں روانہ ہوئے تھے۔ چونکہ اس کا یہ خاص الخاص اہم بندہ شمال کی طرف جا رہا تھا محض اس لئے اس نے صرف

جنت اور دوزخ کی فکر سے بھی آزاد رہتے ہیں۔ ایسے لوگوں کی زبان سے ہم یہ بھی سنتے ہیں کہ بھائی میری قبر پہ یہ کتبہ لگانا، اور قبر کا ڈیزائن اس طرح کا ہو تو اچھا رہے گا بلکہ اِن لوگوں کو ہم یہ بحث کرتے ہوئے بھی سنتے ہیں کہ مُردے کو دفن کرنے سے اس کا جلانا بہتر ہے! میری مراد صرف ان لوگوں سے نہیں جن کا یہ عقیدہ ہوتا ہے کہ مرنے کے بعد وہ سیدھے جنت میں جائیں گے بلکہ اس میں وہ لوگ بھی شامل ہیں جو یہ جانتے ہیں کہ زندگی موت کے ساتھ ختم ہو جاتی ہے۔ یعنی شمع بجھنے کے بعد روشنی نہیں دے سکتی۔ جدید زمانے کے بہت سے صاحبانِ کمال نے انسانی زندگی کے جاودانی ہونے پر شک ظاہر کیا ہے بلکہ وہ اس جھنجھٹ ہی کو فضول سمجھتے ہیں۔ ان میں ایچ جی ولز، حکیم آئن سٹائن اور سر آرتھر کیتھ جیسی ہستیاں بھی شامل ہیں — لیکن موت کے خوف پر غالب آنے کے لئے اعلیٰ درجے کا ذہن خاص ضروری بھی نہیں۔ اِس خوف پر ہر کوئی غالب آسکتا ہے۔

انسانی زندگی اور فرد کے امر ہونے کے تصوّر کے بجائے بہت سے لوگوں نے ایک اور نوع کی بقائے دوام کا تصوّر پیش کیا ہے جو زیادہ یقین آمیز ہے۔ اس میں کسی کی نسل کی بقا، کسی کے کام اور اس کے اثر کی بقا شامل ہیں۔ مثلاً ایک فرد (ہم آپ) مر جائیں تو مضائقہ نہیں۔ لیکن ہم جو کام اپنے پیچھے چھوڑے جاتے ہیں وہ زندہ رہتا ہے اور ہمارے معاشرے کے افراد پر برابر اثر ڈالتا رہتا ہے۔ اس کی مثال یہ ہے کہ ہم شاخ سے پھول توڑ کر، اس کی پتیاں نوچ کر زمین پر پھینک دیتے ہیں مگر اس پھول کی خوشبو ہوا میں رچی رہتی ہے۔ گویا فرد کے عمل اور اس کے اثر کی بقا فانی انسان کے امر ہو جانے کے تصوّر سے کہیں زیادہ معقول، زیادہ بے لوث چیز ہے۔ اِن معنی میں ہم کہہ سکتے ہیں کہ لوئی پاسچر اور موجد طامس ایڈیسن

دوسروں کے لئے کچھ بے چینی کا موجب ہو مگر میرے نزدیک بے حد اطمینان بخش ہے۔ یہ احساس یہ ہے کہ مذہب کا جتنا اور جو کچھ عنصر ہماری زندگی میں باقی رہ گیا ہے وہ زندگی اور اس کی ذمہ داریوں کے حسن اور اس کے مبہم یا لسان اسرار کے لئے احترام کا ایک نہایت سادہ احساس ہے اور بس — گویا مذہب سے وہ تمام پرانے اور خوش آئند قسم کے ایقان اور عقیدے چھٹ جائیں گے۔ جو دینیات کی موشگافیوں نے خول بناکر مذہب پر چڑھا رکھے ہیں۔ اس صورت میں مذہب ایک سادہ چیز رہ جاتا ہے اور بہت سے جدید لوگوں کے لئے بے حد کافی و وافی ثابت ہوتا ہے۔ قرونِ وسطیٰ کے روحانی تسلّط کا زمانہ تو سمجھئے کہ لدگیا۔ رہا یہ سوال کہ مذہب کی اپیل انسان کو زندۂ جاوید بنانے پر بھی مبنی تھی۔ سو اس کا زمانہ بھی نہیں رہا۔ کیونکہ جدید زمانے کا آدمی موت آجائے تو مرجانے پر بالکل راضی ہوتا ہے۔

انسان کو امر ہو جانے سے جو انہماک اور دلچسپی رہی ہے اس کا کچھ نہ کچھ تعلق انسانی امراض کے علم سے ہے۔ فانی انسان کو امر ہو جانے کی خواہش ہوتی ہے۔ یہ بات سمجھ میں بھی آسکتی ہے لیکن عیسائیت کے اثر نے اس تصوّر کو ہمارے ذہنوں پر اس بُری طرح سے سوار کیا کہ انسان کی بہت سی توجہ اسی طرف مرکوز رہی — ہونا تو یہ چاہئے تھا کہ فانی انسانوں کے دل میں امر ہو جانے کی خواہش ایک ناممکن سپنے کی طرح چٹکیاں لیتی رہتی، ایک ایسا تصوّر بن جاتی جو افسانہ اور حقیقت کی درمیانی دنیا سے تعلق رکھتا۔ مگر ہُوا یہ کہ امر ہو جانے کا خیال ہمارے لئے بے حد اہم اور زندگی موت کا مسئلہ بن گیا۔ بلکہ پادریوں کے لئے تو موت کا خیال یا موت کے بعد کی زندگی کا تصوّر ان کی زندگی کا پیشہ بن کر رہ گیا۔ سچی بات یہ ہے کہ پچاس سے اوپر پہنچ کر بہت سے لوگ (عیسائی ہوں یا کافر) موت سے نہیں ڈرتے۔ اِسی لئے وہ

ہے۔ اور اس سے میرے دل و دماغ کی یہ صحیح کیفیت بھی ظاہر نہیں ہوتی کیونکہ میں بہت ہی آہستہ آہستہ عیسائیت کے دین سے دور ہٹا ہوں۔ مگر اس انحراف کے زمانے میں بھی پورے دلی خلوص اور تقوے کے ساتھ اُن مذہبی رسوم اور احکام کا پابند رہا ہوں جو آہستہ آہستہ میری گرفت سے دور ہوئے تھے۔ میرے دل میں اپنے دین کے احکام یا معتقدات کے خلاف کبھی نفرت پیدا نہیں ہوئی۔ اس لئے بغاوت کا سوال ہی پیدا نہیں ہوتا۔

میں ایک پادری کے گھر میں پیدا ہوا۔ میری تربیت بھی اس طرح کی گئی کہ بڑا ہو کر پادری بنوں۔ اس لئے قدرتی طور پر مذہبی کشمکش کے دوران میں میرے جذبات مذہب کے خلاف نہیں، مذہب کے حق میں رہے۔ جذبات اور عقلِ سلیم کے اس تصادم کے دوران میں ایک زمانہ وہ آیا کہ میں نے دینِ عیسائیت کے ایک اہم عقیدے "شہادتِ مسیح کی بدولت انسانیت کی نجات" سے مکمل انکار کر دیا تھا۔ یہ وہ پوزیشن ہے کہ ایک لامذہب یا کافر کی ہو سکتی ہے۔ اسی ذہنی حالت میں مجھے سکون ملا اور میرا ذہنی خلجان دور ہو گیا۔ یہ سارا کام کچھ اس قدرتی طریقے پر انجام پایا کہ جس طرح بالکل قدرتی طریقے پر وقت آئے تو بچے کا دودھ چھڑا دیا جاتا ہے یا جب سیب پک جائے تو خود بخود زمین پر گرتا ہے۔ میں نے اتنا کیا کہ جب سیب کے پک کر گرنے کا وقت آیا تو میں نے اس کے گرنے میں رکاوٹ نہ ڈالی — تاؤ (قانونِ فطرت) کے فلسفے میں اس رویئے کو تاؤ کے مطابق زندگی بسر کرنا قرار دیا جاتا ہے۔ مغرب میں اسی چیز کو اپنے ساتھ سچائی اور خلوص برتنے اور اپنی سمجھ کے مطابق اس کائنات کے ساتھ مخلص رہنے کا نام دیا جاتا ہے — میرا ایمان ہے کہ کوئی شخص جب تک اپنے ساتھ ذہنی طور پر مخلص نہیں وہ خوش نہیں رہ سکتا اور نہ فطرت کے تقاضوں کے مطابق زندگی بسر کر سکتا ہے۔ سچ یہ ہے کہ فطرت کے تقاضوں کے

اب تک ہمارے درمیان زندہ ہیں کیونکہ ان کا کام زندہ ہے۔ ان کے جسم مُردہ ہو چکے ہیں تو کوئی مضائقہ نہیں کیونکہ انسانی "جسم" چند کیمیائی اجزا کا ہر آن بدلتا ہوا ایک تصوراتی مظہر ہے اور بس! ـــــ عمل کی اس پائندگی کے پیشِ نظر انسان اپنی زندگی، اپنی ہستی کو مجموعی حیات کے بہتے دریا کا ایک قطرہ شمار کرتا ہے اور اس مجموعی زندگی کی بہتری کے لئے جو کچھ بن پڑے کرنے سے دریغ نہیں کرتا اور اگر انسان ذرا سا کم خود غرض ہو تو اس کے لئے یہی بہت ہے۔

## ۲ - اپنی کہانی

یہ اگر کفر ہے، پھر کیا ہے "مسلماں" ہونا!

میرے نزدیک مذہب بالکل انفرادی اور ذاتی چیز ہے۔ ہر شخص کو لازم ہے کہ وہ مذہب کے بارے میں اپنا نقطۂ نظر خود معیّن کرے اور اگر اس کا دل ریا سے پاک اور اس کی نیّت صاف ہے تو خدا اُسے ملزم نہ ٹھہرائے گا۔ ہر شخص کا مذہبی تجربہ صرف اسی کے لئے ہے اور جیسا کہ میں نے عرض کیا اس پر بحث اور حجّت کی گنجائش نہیں۔ پھر بھی مذہبی مسئلوں کے بارے میں ایک دیانت دار اور خوش نیّت دل کی کش مکش کی کہانی دوسروں کے لئے فائدہ مند ثابت ہو سکتی ہے ـــــ اِس لئے میں چاہتا ہوں کہ مذہب کے بارے میں عمومی باتوں کو چھوڑ کر اپنی کہانی بیان کروں۔

عام معنی میں مجھے لامذہب کہا جا سکتا ہے۔ آپ کہیں گے یہ تو عیسائیت کے خلاف بغاوت ہوئی، مگر میں عرض کروں گا کہ "بغاوت" کا لفظ ذرا سخت

ضرورت ہے اور ہمیں اِسی سے سروکار ہے۔ وہ اِس زندگی کو بہت بامزہ اور بہت بھرپور گزارنا چاہتا ہے۔ اس کے دل میں بارہا اس فانی زندگی کی گہری غمگینی کا احساس چٹکیاں لیتا ہے مگر وہ بخوشی اس کا سامنا کرتا ہے۔ انسانی زندگی میں حسن اور نیکی جہاں کہیں نظر آئے اس کا دل دیکھتے ہی موم ہو جاتا ہے اور وہ نیکی کرنے کو ایسا کام سمجھتا ہے جو اپنا صلہ اور بدلہ آپ ہے —— وہ اِن "پابندِ مذہب" لوگوں کو کچھ رحم، کچھ حقارت کی نظر سے دیکھتا ہے جو جنّت میں جانے کے لیے نیکی کرتے ہیں اور اگر انھیں جنّت کا لالچ نہ دیا جائے یا دوزخ سے ڈرایا نہ جائے تو شاید ہرگز نیکی، ثواب کا کوئی کام نہ کریں۔ اگر لامذہبیت یہی ہے تو میں سمجھتا ہوں کہ ہمارے ملک میں بے شمار "لامذہب" لوگ موجود ہیں۔ مگر انھیں خود معلوم نہیں کہ وہ کیا ہیں —— گویا اِن معنی میں آزاد خیال مذہب پرست اور لامذہب شخص ایک دوسرے سے بہت قریب ہیں شرط یہ ہے کہ ان میں خدا کے بارے میں بحث نہ چھڑ جائے۔

مجھے مذہبی جذبے کی گہرائی کا حال خوب معلوم ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ دینیات کا عالم ہونے کے بغیر بھی یہ تجربہ ہر شخص کو حاصل ہو سکتا ہے۔ اور اگر یہ بات نہیں تو پھر یا تو عیسائیت کا دین بیکار ہے اور یا اُس کی بے حد بُری تاویلیں پیش کی گئی ہیں۔ مجھے ایک بادین اور ایک لامذہب شخص کی روحانی زندگی میں جو فرق نظر آتا ہے وہ سادہ لفظوں میں یہ ہے:

مومن عیسائی ایک ایسی دنیا میں رہتا ہے جس پر خدا کی حکمرانی ہے —— —— اور جس کا خدا کو ہر دم خیال رہتا ہے۔ اس خدا کے ساتھ عیسائی مومن کا ایک مستقل ذاتی رابطہ قائم ہے۔ گویا وہ ایسی دنیا کا باسی ہے جس پر ایک مہربان باپ کی مستقل نگرانی قائم ہے۔ اس کا رکھ رکھاؤ اور کردار کبھی کبھار اس اونچے

مطابق زندگی بسر کرنے کا نام ہی جنت ہے۔ اور لامذہب ہونے کا مطلب اور مدعا ہی یہ ہے۔

واضح ہو کہ لامذہبیت محض کوئی اصطلاح نہیں جس طرح "دین مسیح کا پیرو" یا عیسائی ہونا محض ایک اصطلاح ہے اور بس — "لامذہبیت" محض نفی اور انکار ہی کا نام نہیں۔ عام لوگ یہی سمجھیں گے لامذہب ہونے کا مطلب صرف یہ ہے کہ فلاں شخص عیسائی نہیں — اور چونکہ "عیسائی ہونے" کا صحیح اور واضح مطلب معین نہیں اس لئے "عیسائی نہ ہونے" کا مطلب بھی اتنا ہی مبہم ہے — اگر آپ یہ کہیں، لامذہب ہونے کا مطلب یہ ہے کہ فلاں شخص خدا اور خدا کے دین پر اعتقاد نہیں رکھتا تو میں پوچھوں گا کہ خدا کی ہستی سے آپ کے نزدیک کیا مراد ہے؟ اور خدا کا دین یا "زندگی کے بارے میں مذہبی نقطۂ نظر" کا کیا مطلب ہے؟ — حالانکہ حقیقت یہ ہے کہ جو لوگ اپنی لامذہبی کی بدولت مشہور ہوئے ہیں وہ ہمیشہ فطرت کے مقاصد اور فطرت کے مظاہر کو بڑا پاک اور بڑا مقدس سمجھتے تھے اور ان کا بے حد احترام کرتے تھے۔ لہٰذا ہمیں "لامذہبیت" کے لفظ کو اس کے قدیم لغوی معنی میں لینا پڑے گا۔ لامذہب آدمی سے وہ آدمی مراد لینا ہوگا جو گرجے نہیں جاتا، (یہ رسم بڑی خوبصورت ہے اور میں اب اس سے لطف اندوز ہو سکتا ہوں) اور دین مسیح کے کسی فرقے کا پابند نہیں اور اس کے کٹر عقائد کو تسلیم نہیں کرتا۔

"لامذہب" آدمی جن چیزوں کی نفی اور انکار کرتا ہے وہ اوپر بیان ہوئیں۔ اب ذرا ان باتوں کی طرف آیئے جس میں ایک لامذہب چینی (اور میں گہری تیقن کے بل پر صرف اسی قسم کے لامذہب انسان کی بات کر سکتا ہوں!) اعتقاد رکھتا ہے۔ اس کا بنیادی عقیدہ یہ ہے کہ ہماری یہ ارضی زندگی ہی وہ زندگی ہے جس کی ہمیں

اعتقاد کا پردہ آنکھوں پر پڑا رہے یہ مفید اور عملی نظر آتی ہے۔ ورنہ بلبلے کی طرح یہ
سارا کھیل ختم ہو جاتا ہے۔ خوش اعتقادی کی یہ دنیا زیادہ رنگین بھی ہے مگر اپنی رنگ
آمیزی کی وجہ سے ٹھوس اور سچی نہیں اس لئے بے مایہ بھی ہے — میں ذاتی طور پر
ہمیشہ یہ سمجھتا رہا ہوں کہ جو چیز رنگین زیادہ ہو اور اس میں ٹھوس سچائی کم ہو وہ نکمی
ہے۔ سچائی کو جاننے کے لئے ہمیشہ قیمت ادا کرنی پڑتی ہے۔ چنانچہ جو کچھ ہو سو ہو
ہمیں سچائی کو جاننا ہی چاہیئے نفسیاتی طور پر یہ معاملہ ایک قاتل کے معاملے سے ملتا جلتا
ہے یعنی اگر کسی نے قتل کرنے کی حماقت کی ہے تو بہترین راستہ یہی ہے کہ اس قتل
کا اعتراف کر لے — اسی لئے میں کہتا ہوں کہ لا مذہب بننے کے لئے جرأت اور
ہمّت درکار ہے۔ لیکن ایک دفعہ جب بُری سے بُری چیز کو صبر سے اور خوشی سے
قبول کر لیا جائے تو انسان کے دل سے خوف اور خطر، دونوں نکل جاتے ہیں اور
اسے مکمل ذہنی سکون حاصل ہو جاتا ہے۔ کیونکہ ذہنی سکون اس حالت کا نام ہے
جس میں آپ نے بُری سے بُری مصیبت کو بھی خندہ پیشانی سے برداشت کر لیا۔

میرے دل میں جو لا مذہب چھپا بیٹھا تھا اُس نے عیسائیت کو غرور اور عاجزی
دونوں کی وجہ سے تج دیا تھا۔ یہ غرور جذباتی غرور تھا اور عاجزی، ذہنی انکسار سے
عبارت تھی۔ مگر مجموعی طور پر میں نے عیسائیت کو غرور کی وجہ سے کم اور عاجزی کے
باعث زیادہ چھوڑا۔ جذباتی غرور کی تفصیل یہ ہے: ہم لوگ خوش اخلاقی کا مظاہرہ
کرتے ہیں اور بڑے اچھے بنتے ہیں۔ وجہ یہ کہ مذہب کا حکم یہی ہے۔ مجھے اس خیال
سے بڑی نفرت ہے۔ آخر ہم لوگ محض انسان ہونے کی حیثیت سے خوش اخلاقی کا
مظاہرہ کیوں نہیں کر سکتے اور اچھے بن کر کیوں نہیں دکھا سکتے — ؟ نظریاتی لحاظ سے
اسے "انسان پرستی" سے تعبیر کیا جا سکتا ہے۔ یہ میرے "ذہنی غرور" کا ذکر تھا جو

معیار کو بھی چھو لیتا ہے جو خدا کا ایک بچہ ہونے کی حیثیت سے اس کے لئے ممکن ہے۔
بلاشبہ یہ معیار حاصل کرنا یا اسی معیار پر ساری زندگی قائم رہنا مشکل ہے بلکہ اِس معیار
کے مطابق ایک ہفتہ بلکہ ایک پورا دن زندگی بسر کرنا بھی کٹھن ہے۔ گویا اس مومن
کی روزمرّہ کی زندگی بشریت اور مومنیت دو حدوں کے درمیان کانٹا بدلتی رہتی ہے۔
اس کے برعکس بچارا لامذہب اس دنیا میں ایک یتیم کی طرح زندگی بسر کرتا
ہے۔ اسے یہ احساس ڈھارس دینے کے لئے موجود نہیں کہ آسمان پر ایک ذاتِ عالی
اس کی محافظ اور نگران ہے اور جب نماز اور دُعا کے ذریعے اُس ذات کا رشتہ مجھ
سے قائم ہو جائے گا تو یہ ذاتِ عالی میری ذاتی بہبود اور فلاح کی بھی ضامن بن جائیگی۔
مجموعی طور پر یہ بے چارا ایسی دنیا میں رہتا ہے جو مومن کی دنیا سے کہیں کم خوشگوار
اور کم خوش آئند ہے۔ مگر اس یتیم کو وہ وقار، وہ فائدے حاصل ہیں جو صرف ایک
بے یار و مددگار انسان کے حصے میں آ سکتے ہیں۔ ضرورت اسے خود مختاری اور اعتمادِ
نفس سکھاتی ہے، اپنی حفاظت آپ کرنا سکھا دیتی ہے اور اسے ہر یتیم کی طرح زیادہ
پختہ کار اور پختہ خیال بھی بنا دیتی ہے — میرے معاملے میں یہ ہوا کہ دنیا میں خدا
کی محبت کے بغیر جینے کے احساس بلکہ تصور ہی نے مجھے ڈرا دیا تھا۔ اور بہت سے لوگوں
کی طرح جو پیدائشی طور پر سچے دین کے پیرو ہوں مجھے یہی خیال بار بار ستاتا رہتا تھا کہ
اگر میرے دل میں میرے ذاتی خدا کی ہستی موجود نہ ہوگی تو نہ جانے یہ ساری دنیا تہ و بالا ہو جائے
گی۔ اس کی وجہ خود اعتمادی اور پختہ کاری کا فقدان تھا اور بس۔
خیر اِن باتوں کے باوجود ایک مرحلہ آ سکتا ہے کہ ایک لامذہب، مومن
کی بظاہر خوش آئند دنیا کو محض بازیچۂ طفلاں بلکہ نیم بالغ اور خام کار دنیا کے روپ
میں بھی دیکھ لے۔ مومن کے تصورات کی دنیا، مفید اور عملی دنیا سہی مگر جب تک

عورت تھیں بولیں، "مجھے خداوند یسوع پر بھروسا ہے۔ وہ ہمیشہ اپنے بچوں کا خیال رکھیں گے!" چنانچہ انھوں نے دعائیں مانگیں اور بارش بند ہو گئی۔ ظاہری طور پر بند ہو گئی۔ ظاہری طور پر اس کا مطلب یہ لیا گیا کہ ایک چھوٹا سا عیسائی خاندان اپنے ایک مرحوم عزیز کو آرام سے سپردِ خاک کر سکے۔ لیکن اس اعتقاد کی تہ میں جذبہ یہ نظر آتا تھا کہ بصورتِ دیگر خدا شہر چانگ چاؤ کے ہزاروں باشندوں کو بڑی بے پروائی سے سیلاب کا لقمہ بننے دیتا۔ گویا اُس نے اِن ہزاروں باشندوں کو اجل کا لقمہ بننے سے بچانے کے لئے بارش بند نہیں کی بلکہ بارش محض اس لئے بند کی گئی کہ ایک گھرانے کے چند افراد کو جنازے اور تدفین میں تکلیف ہوتی۔ میرے نزدیک یہ ایسی خود غرضی ہے جس کی مثال نہیں ملتی۔ اور میں ہرگز یہ تسلیم نہیں کرتا کہ اللہ تعالیٰ اپنے خود غرض بندوں کے لئے یہ کچھ کرے گا۔

دوسری مثال ایک عیسائی پادری کی ہے۔ اُس نے اپنی سوانح لکھی اور قادرِ مطلق کی قدرت کے کرشمے بیان کرنے کے سلسلے میں بہت جگہ یہ "ثبوت" دیا کہ اس کی ساری زندگی میں خدا کا ہاتھ کارفرما رہا ہے۔ ایک "ثبوت" یہ تھا کہ "میں نے ۵۰۰ چاندی کے ڈالر جمع کئے تاکہ اس رقم سے امریکہ جا سکوں۔ آخر وہ دن آیا تو اُس دن خدا نے سکے کی شرحِ مبادلہ کم کر دی اور مجھے (خدا کے ایک اہم بندے کو) آسانی سے زیادہ روپیہ حاصل ہو گیا۔" اب فرمائیے کہ شرحِ مبادلہ کم ہو جانے سے اِس بھلے مانس کو زیادہ سے زیادہ دس بیس ڈالر کا فائدہ ہوا ہو گا۔ مگر خدا نے اسے دس بیس ڈالر کا فائدہ پہنچانے کے لئے پیرس اور لندن اور نیویارک کی کرنسی مارکیٹ تہ و بالا کر دی۔ کرنسی کے ہزاروں بیوپاریوں کا کاروبار ختم کر دیا۔ صرف اِس لئے کہ اُس کے اِس "خاص الخاص" بندے کو دس یا بیس ڈالر کا فائدہ ہو جائے۔ یہ بھی یاد رہے

بحیثیت ایک انسان میری ذات میں جاگزیں خطا یا عاجزی کا معاملہ، تو عرض یہ ہے کہ جدید علوم نے ہم پر فلکیات کی پُراسرار دُنیا میں منکشف کر دی ہیں۔ اس کی بدولت میں یہ نہیں مان سکتا تھا کہ انسان، خالقِ اکبر کی نظر میں اتنا ہی اہم ہے جتنا وہ اپنے آپ کو اہم سمجھتا ہے کیونکہ ایک انسان، ایک فرد کی حیثیت سے، اس کرۂ زمین کا ایک ہیچ مقدار ذرہ ہے اور بس۔ اور اس کی یہ زمین خود نظامِ شمسی کا ایک بہت ہی حقیر حصہ ہے۔ اور یہ نظامِ شمسی کل کائنات کے شمسی نظاموں میں ایک ذرے سے زیادہ بڑا نہیں۔ جب انسان کی ہستی کا اس کائنات میں یہ حال ہے تو انسان کی گستاخی، تکبر اور شوخ چشمی ملاحظہ ہو کہ اپنے آپ کو کتنا بڑا، کتنا اہم سمجھتا ہے۔ آپ ہی فرمائیے کہ اپنے آپ کو سب سے اعلیٰ مخلوق سمجھنے کا ہمیں کیا حق ہے؟ اور ہمیں اس ذاتِ کبریا کا نائب بن جانے کا کیا حق ہے۔ حالانکہ اس کی قدرت اور اس کی تخلیق کا کروڑواں حصہ بھی ہم نہیں دیکھ سکتے۔ اور اگر ایسا ہی ہے تو پھر ہمیں اس ذات عالی کے بارے میں نظریے قائم کرنے اور حکم لگا دینے کا کیا حق ہے؟

عیسائیت کا ایک بنیادی عقیدہ یہ ہے کہ انسان ایک فرد کی حیثیت سے بڑا اہم ہے۔ لیکن اسی عقیدے نے روزمرہ کی زندگی میں انسان کے دل میں جو غرور اور جو تکبر پیدا کیا ہے اس پر ہنسی آتی ہے۔ چند مثالیں ملاحظہ ہوں:

میری والدہ کے جنازے اور تدفین سے چار دن پہلے سخت بارش ہوئی۔ جولائی کے مہینے میں چانگ چاؤ میں یہ موسم کا معمول ہے۔ ڈر یہ تھا کہ یہ بارش اگر جاری رہی تو شہر میں سیلاب آ جائے گا اور جنازہ اسی طرح رکھا رہ جائے گا۔ جنازے میں شرکت کرنے والے اکثر لوگ شنگھائی سے آئے تھے اور اگر تدفین میں زیادہ دیر ہوتی تو سب کا آنا فضول جاتا اور سب کو کوفت ہوتی۔ میری ایک رشتہ دار خاتون جو بڑی کٹر مذہبی

ہی رہے گا، مطمئن کبھی نہ ہوگا، قناعت نہیں کرے گا۔

ایک چینی فاضل کا ذکر ہے کہ بدھ مت پر اس کا اعتقاد نہیں تھا مگر اس کی والدہ بڑی کٹر بدھ تھی۔ دن رات میں ہزار بار مہاتما بدھ کے نام کا وظیفہ پڑھتی اور ثواب حاصل کرتی۔ مگر جونہی وہ مہاتما بدھ کا نام لیتی بیٹا فوراً پکارتا "اماں بی۔ ذرا سنیئے"۔ ماں کو غصہ آجاتا۔ اور وہ تنگ آجاتی۔ اس پر ایک دن بیٹے نے کہا "اب یہی دیکھ لیجئے کہ میں ایک دفعہ آپ کو پکارتا ہوں تو آپ چڑ جاتی ہیں آپ مہاتما بدھ کو دن رات میں ہزار بار پکارتی ہیں۔ اگر وہ واقعی سن لیں تو انھیں کتنی کوفت ہو!"

اِن باتوں کے بعد اب میں پھر اپنی کہانی کی طرف لوٹتا ہوں۔ میرے ماں باپ دونوں سخت پابندِ مذہب عیسائی تھے۔ میرے والد جس طرح کھانے سے پہلے شام کی دعا دہرایا کرتے تھے اُسے سن لینا ہی کافی تھا۔ میں بڑا حساس مذہبی خیالات کا بچہ تھا۔ ایک پادری کے لڑکے کی حیثیت سے مجھے مشنری سکولوں کی تعلیم کی تمام سہولتیں میسر آئیں۔ میں نے اس طریقۂ تعلیم کی خوبیوں سے بہت فائدہ اٹھایا اور اس کی کمزوریوں سے نقصان بھی پایا۔ اس سے جو فائدے حاصل ہوئے ان کے لئے میں ہمیشہ شکرگزار رہوں گا۔ اور جہاں تک اس کی کمزوریوں کا تعلق ہے ان کا مقابلہ کرنے کے لئے میں نے اپنے دل کی قوت سے رجوع کیا۔ کیونکہ چینی فلسفے کی رو سے بُری اور اچھی تقدیر کوئی چیز نہیں۔ ہر چیز ایک سی ہے۔

والدین نے مجھے چینی تھیٹر دیکھنے سے منع کر رکھا تھا۔ چین کے بھاٹوں کے عوامی گیت سننے کی بھی مجھے اجازت نہ تھی۔ میری زندگی چین کی عظیم عوامی روایات اور اس کی دیومالا سے بالکل الگ تھلگ تھی۔ بڑا ہوکر جب میں ایک مشنری کالج میں

کہ خدا کی عظمتوں کے گُن گانے کا یہ طریقہ عیسائی پادریوں اور عام عیسائی دنیا میں بڑا عام ہے۔

آپ نے دیکھا، انسان جس کی عمر زیادہ سے زیادہ روایتی لحاظ سے "تین بیسی اور دس سال" قرار دی گئی ہے کتنا متکبّر، کتنا خود پسند ہے ــــ ہو سکتا ہے کہ انسانیت مجموعی طور پر کسی نمایاں یا قدرے اہم تاریخ کی بھی مالک ہو مگر انسان ایک فرد کی حیثیت سے تو بالکل بے مایہ ہے۔ سُوتُنگ پو نے ٹھیک کہا، انسان کی مثال یہ ہے کہ ایک بے کراں سمندر میں ایک دانہ یا ایک ایسا کیڑا جو صبح کو پیدا ہوا اور شام کو مر بھی گیا۔ اس کائنات کے مقابلے میں اس کی زیست، اس کی ہستی بس اتنی ہے۔ اس پر بھی عیسائیت کے پیرو عاجزی اور فروتنی سے کام نہ لیں گے۔ وہ اِس حقیقت سے مطمئن نہ ہوں گے کہ زندگی کا یہ بڑا دریا مجموعی طور پر جاوداں ہے اور وہ اِسی دریا کا ایک قطرہ ہیں ــــ یہ دریا ازل سے ابد کی طرف برابر بہ رہا ہے۔ ایک ایسے چشمے کی طرح جو ایک بہت بڑے سمندر میں گر کر اپنی ہستی بدل دیتا ہے اور یہ ہستی اس سمندر کے وجود میں قائم بھی رہتی ہے۔

ذرا ملاحظہ ہو کہ مٹی کا برتن کمہار سے پوچھتا ہے: "مجھے تم نے یہ شکل کیوں بخشی اور مجھے اِس طرح کیوں بنایا کہ میں ٹوٹ جاؤں؟" ــــ مٹی کا برتن اِس بات پر مطمئن نہیں کہ جب وہ ٹوٹ جائے گا تو اپنے پیچھے اپنی قسم کے کچھ چھوٹے چھوٹے برتن (بچے!) چھوڑ جائے گا۔ انسان کو اتنا شاندار، اتنا حیرت انگیز جسم عطا کیا گیا ہے مگر اِنسان اِس پر مطمئن نہیں۔ وہ اِس فانی جسم سے تنگ ہے۔ وہ تو ہمیشہ ہمیشہ کے لئے زندہ رہنا چاہتا ہے۔ اس لئے وہ خدا کو چین سے نہ بیٹھنے دیگا۔ وہ ضرور دعائیں پڑھے گا، دعائیں مانگے گا، اس قادرِ مطلق سے ہر روز کچھ نہ کچھ مانگتا

تک پہنچنے سے پہلے میں منطق کا رسیا تھا۔ عجیب بات ہے کہ اس دور میں
مجھے وہ روحانی ذہنیت، وہ مایوسی محسوس نہ ہوئی جس نے کونٹ طالسطائی جیسے
حکیم کو قریب قریب خودکشی کرنے پر مجبور کر دیا تھا۔ میں اپنے آپ کو ایک مکمل مسیحی
سمجھتا تھا۔ عیسائیت کے اعتقادات میں کوئی بل کوئی پیچ نہ تھا۔ بس میں ذرا آزاد خیال ہو گیا
تھا اور دینیات کے اصول ذرا کم تسلیم کر سکتا تھا۔ تاہم کچھ بھی ہو میں ہر وقت عیسائیت
کے اہم اصول یعنی "حضرت عیسیٰ کے پہاڑی کے خطبے" پر ہمیشہ تکیہ کر سکتا تھا۔ ان کا
عیسیٰ، عالمگیر اور گہری سچائی ہر وقت میرے لئے ڈھارس بن سکتی تھی اور سچی عیسائیت
کے اس داخلی شعور ہی نے میری ہمت بندھائی اور مجھے تقویت بخشی۔

لیکن مذہبی عقائد سے میرا ایمان اٹھتا جا رہا تھا۔ پہلے پہل سطحی اصطلاحی باتیں
ناگوار گزریں۔ مذہبی کتابوں میں یہ لکھا تھا کہ پہلی صدی عیسوی میں حضرت مسیح بھی زندہ
اپنی قبر سے اٹھیں گے اور اللہ کے پیغمبر (یوحنا، متی وغیرہ) بھی جی اٹھیں گے۔
مگر یہ بات نہ ہوئی۔ اس لئے بھی مسیح کے زندہ قبر سے اٹھنے کا عقیدہ جوں کا توں موجود
تھا۔ ایسی ہی باتوں پر مجھے شک پیدا ہوا۔

پھر میں دینیات کی کلاس میں آ گیا۔ گویا اب میں تقدس سے معمور فضاؤں میں
سانس لے رہا تھا۔ اسی جماعت میں آ کر میں نے دوسرے عقائد کا بغور مطالعہ کیا۔
مثلاً میں نے یہ پڑھا کہ علماء کو کنواری مریم کے مسیح کو جنم دینے پر بھی شک ہے۔ اور
بہت سے امریکی دینی عالم اس بارے میں مختلف رائیں رکھتے ہیں۔ مجھے یہ پڑھ کر
غصہ آیا۔ کیونکہ چینی عیسائیوں کو یہ تلقین تھی وہ بلا چون و چرا اس عقیدے کو مان
لیں ورنہ انھیں بپتسمہ نہ دیا جائے گا۔ ادھر اسی کلیسا کے غیر ملکی علما کو اتنی آزادی
تھی کہ وہ اس عقیدے کو محل نظر سمجھ سکیں اور اس پر بحث بھی کر سکیں۔ مجھے یہ بات بڑی

پہنچا تو جو تھوڑی بہت کلاسیکی چینی زبان میرے والد نے مجھے پڑھائی تھی اُسے بھی طاق پر رکھ دیا گیا۔ ایک طرح سے یہ اچھا ہی ہؤا کیونکہ اِس طرح میں بالکل مغربی انداز کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد اپنی قومی روایات سے اِس طرح روشناس ہؤا جس طرح کوئی مغربی شخص مشرق کے عجائبات کو تازگیٔ خیال، اور دلی انبساط سے زندگی میں پہلی بار دیکھتا ہے — اپنے کالج کے دنوں میں، میں نے جو کچھ لکھا وہ انگریزی قلم (فاونٹین پن) سے لکھا اور چینی زبان لکھنے کے لیے جو مُو قلم چاہیئے میں نے بلوغ کے زمانے میں اور جوانی تک اس کی شکل نہ دیکھی۔ یہ بڑی خوش نصیبی ثابت ہوئی۔ اس کی بدولت مشرق کے ذہن اور اس کے کارناموں کی تازگی میرے لئے برقرار رہی بلکہ ایک لحاظ سے میں اِن روایات سے واقفیت حاصل کرنے کے لئے بالکل تیار ہو چکا تھا — اس کی مثال یہ سمجھ لیجئے کہ اٹلی کا آتش فشاں پہاڑ وےسوویؔ اس ہزاروں برس پہلے ایک شام اپنا لاوا نہ اُگلتا تو پومپی آئی کا شہر تباہ نہ ہوتا۔ مگر اس لاوے نے شہر پومپی آئی کے تمام آثار اپنے غلاف میں محفوظ رکھے حتیٰ کہ آج ہمیں لاوے کی تہ ہٹانے پر یہ بھی معلوم ہو گیا کہ پومپی آئی میں جو گاڑیاں چلتی تھیں اُن کے پہیئے کیسے تھے اور پہیوں کا درمیانی فاصلہ کیا تھا کیونکہ ان گاڑیوں کے نشانات لاوے کی تہ سے عین بعین تازہ برآمد ہوئے۔ میرے لئے بھی مشنری کالج کی تعلیم آتش فشاں پہاڑ وےسووی اس کا لاوا ثابت ہوئی۔

مجھے تلقین یہ تھی کہ سوچنا خطرناک چیز ہے بلکہ غور و فکر کا تعلق شیطان سے ہے۔ میرے بلوغ کا زمانہ جو کالج کی تعلیم کا زمانہ تھا میری عمر کا بہت زیادہ مذہبی دور تھا مگر اسی دور میں ایک کشمکش بھی جاری تھی۔ یہ کشمکش میرے دل و دماغ کے درمیان برپا تھی۔ میرا دل عیسائی زندگی کے حسن اور پاکیزگی کا متوالا تھا اور دماغ ہر چیز کی تہ

تمام اسرار مجھ پر واضح تھے۔ چاہے سیب کا مطلب کچھ بھی لیا جائے مگر اس عقیدے کے عین اُلٹ خود مسیح کی تعلیمات تھیں جنھوں نے اپنے وعظ، اپنی تعلیم میں ایک بار بھی آدم کے اِس گناہِ اوّل کا نام نہ لیا تھا، نہ کبھی نجات و شفاعت کا ذکر کیا تھا ــــ خیر کچھ بھی ہو اب گناہِ اوّلیں کے اِس احساس کا مجھ سے کوئی واسطہ نہ تھا۔ نہ مجھے اس پر اعتقاد رہا ــ اب میں جانتا ہوں کہ اگر خدا کو مجھ سے میری ماں کے مقابلے میں آدھی محبت بھی ہے تو وہ مجھے دوزخ میں نہ ڈالے گا۔ یہ وہ حقیقت ہے جو میرا شعور اور میرا ادراک مجھے بتاتا ہے اور میں کسی مذہب کی خاطر اس حقیقت کو جھٹلا نہیں سکتا۔

خیر ــ اِس سے بھی زیادہ ایک اور مضحکہ خیز تصور تھا۔ اور وہ یہ تھا کہ جنت میں آدم و حوّا دونوں نے صرف ایک سیب (دانۂ گندم؟) کھایا تو خدا اتنا ناراض ہوا کہ اُس نے اِس لغزش کی پاداش میں آدم و حوّا کی اولاد کو نسل درنسل زمین پر مصیبتیں اٹھانے کی سزا دیدی۔ مگر آدم و حوّا کی اِسی اولاد نے جب خدا کے بیٹے حضرت یسوعؑ کو قتل کر دیا تو خدا اتنا خوش ہوا کہ اُس نے سب کو معاف کر دیا۔ آپ چاہیں اِس مسئلے کے بارے میں کوئی دلیل پیش کریں، یہ جھوٹ مجھے تو ہضم نہیں ہو سکا۔ اور یہی وہ چیز تھی جو اُس زمانے میں میرے دل کو کھائے جاتی تھی۔

تاہم کالج سے ڈگری لینے کے بعد بھی میں ایک پُرجوش عیسائی تھا اور میں نے پیکنگ کے ایک غیر مسیحی کالج میں اتوار کو دینیات کی کلاسیں منعقد کرنی شروع کر دیں۔ اس پر میرے ساتھیوں کو کچھ کوفت بھی ہوئی۔ مگر میں نے اپنے جذبے کی دُھن میں کچھ پروا نہ کی۔ اِس دینیات کی جماعت کا سب سے کٹھن مرحلہ وہ تھا جب کرسمس کے موقع پر مجھے چینی بچّوں کے سامنے، ولادتِ مسیحؑ کے وقت فرشتوں کے روحانی نغموں کی کہانی سنانی پڑتی تھی کیونکہ اس کہانی پر خود میرا کوئی اعتقاد نہ تھا۔ تاہم میں نے

غیر مخلصانہ معلوم ہوئی۔

دینیات کی بے مقصد موشگافیوں کی مزید تعلیم کے بعد میں اور بھی اس ذمہ داری سے آزاد محسوس کرنے لگا کہ ان مذہبی مباحث اور بے مقصد علمیت کو سنجیدگی کی نظر سے دیکھوں۔ نتیجہ یہ کہ میں امتحانات میں اچھا ثابت نہ ہوا۔ میرے پروفیسروں کا خیال تھا کہ میں عیسائی پادری بننے کے لئے فطری طور پر لائق نہیں۔ اور ہمارے لاٹ پادری نے مجھے کہہ دیا کہ یہ کام تمھارے بس کا نہیں، بہتر ہوگا تم کالج چھوڑ دو۔ وہ مجھ پر اپنی تعلیم ضائع نہ کرنا چاہتے تھے۔ میں سمجھتا ہوں یہ بھی اچھی ہی بات ثابت ہوئی۔ اگر میں دینی تعلیم جاری رکھتا اور فضیلت کی سند لے کر پادری بن جاتا تو آگے چل کر اپنے ساتھ دیانتداری نہ برت سکتا اور اپنے آپ کو ہر ہر قدم پر دھوکے دیتا رہتا۔ لیکن "بغاوت" کی بنیاد یوں پڑی کہ دینیات کے عالم کے عقائد تو کچھ اور ہوتے تھے لیکن عام عیسائی سے کچھ اور عقائد پر چلنے کا حلف لیا جاتا تھا۔ اس تفریق ہی نے مجھ میں ایسا احساس پیدا کیا جسے "بغاوت" کے قریب قریب ایک احساس قرار دیا جا سکتا ہے۔

اس وقت تک میرا یہ خیال پختہ ہو چکا تھا کہ عیسائی علما ہی عیسائی دین کے سب سے بڑے دشمن ہیں۔ اس کے علاوہ دو متضاد باتیں میرے سامنے بار بار آتی تھیں اور میں ان پر غلبہ نہیں پا سکتا تھا۔ ایک طرف تو یہ بات تھی کہ عیسائی عالموں نے عیسائیت کے دین کی تعمیر اس سیب (دانہ گندم ؟) کی بنیاد پر کھڑی کر رکھی تھی۔ جسے آدم نے جنت میں چکھ لیا تھا۔ وہ کہتے تھے کہ اگر آدم یہ سیب نہ کھاتے تو گناہ اولین کا وجود نہ ہوتا۔ اور اگر یہ گناہ نہ ہوتا تو نجات اور شفاعت کا سوال ہی پیدا نہ ہوتا۔

. . . . . . . . . . . اس منطق کے

بہتر جواز مل ہی نہیں سکتا۔ یہ عقیدے "کسی انسان سے یہ نہیں کہتے کہ تم نیکی کرو ورنہ تمہاری سزا یہ ہوگی یا نیکی کرنے کی جزا یہ ملے گی۔ ایسے مفروضات اِس دنیا سے کوئی واسطہ نہیں رکھتے۔ اِس دنیا میں گناہ، نجات، اور صلیب کوئی چیز نہیں۔ توشۂ آخرت کچھ نہیں ــــ یہ شرط بھی نہیں کہ انسان آپس میں بھائی بھائی بن کر اِس لئے رہیں کہ آسمان پر ایک تیسرا فریق (خدا) یہی چاہتا ہے ــــ یہ تمام عقیدے اُلجھے ہوئے ہیں منطق ان کا سیدھا اور بلا واسطہ ثبوت دینے سے عاجز ہے ــــ "بے دین" کی یہ دُنیا صرف سیدھی اور سادہ باتوں سے عبارت ہے کیونکہ اگر کوئی شخص یہ بات تسلیم کرلے کہ نیکی کرنا اپنا جواز آپ ہے تو پھر نیکی کی زندگی گزارنے کے لئے مذہب نے جتنے انعامات کے لالچ دے رکھے ہیں وہ اس کے لئے بالکل بے معنی ہو کر رہ جاتے ہیں۔ انسان اور انسان کے درمیان محبت آخری اور قطعی حقیقت بن جانی چاہیئے۔ ہم میں یہ صلاحیت پیدا ہونی چاہیئے کہ ہر انسان کو ہم پیار کی نظروں سے دیکھیں۔ اور یہ باہمی چاہت آسمان پر بسنے والے تیسرے فریق (خدا) کے ڈر سے نہ ہو بلکہ ایک قدرتی اور عام جذبہ ہو۔ مگر میں نے یہ دیکھا ہے کہ عیسائیت نے اخلاقیات کو غیر ضروری طور پر مشکل چیز بنا رکھا ہے اور گناہ کو ایسی خوبصورت چیز بنا دیا ہے جسے دیکھ کر کسی کی رال ٹپک پڑے اور وہ اِسے بالکل فطری اور موزون کام سمجھے! ــــ اس کے برعکس "کفر" ہی وہ چیز ہے جو مذہب کو دینیات اور الٰہیات کے چنگل سے چھڑا سکتا ہے اور مذہب میں پھر سے اعتقاد کا حُسن اور سادگی، اور جذبے کی گہرائی کا وقار پیدا کر سکتا ہے جو مذہب کی اصلی روح ہے۔

اب میں اِس حقیقت کو پا گیا ہوں کہ عیسائیت کی پہلی، دوسری اور تیسری صدیوں میں دینیات کی ایسی اُلجھنیں پیدا ہوئیں کہ حضرت عیسٰی کا وہ مشہور "خطبۂ کوہ"

ہر شک کو دلیل سے دور کر دیا اور میرے دل میں صرف مذہب کی محبت اور خوف باقی رہ گئے! اور خدا کے لئے ایک چاہت سی محسوس ہونے لگی جس سے میرے دل کو سکون اور مسرت مل گئی۔ یہ خیال بھی آنے لگا کہ اگر یہ محبت میرے دل میں پیدا نہ ہوتی تو میرے دل کو سکون اور مسرت دونوں سے محروم رہنا پڑتا اور میں ان کے بغیر یتیموں کی طرح دنیا میں بھٹکتا پھرتا۔

آخر میری نجات کا دن بھی آ گیا۔ ایک دن ایک ساتھی استاد سے بحث کے دوران میں، میں نے کہا "اگر خدا کا وجود نہ ہو تو لوگ نیکی کرنا چھوڑ دیں اور دنیا تہ و بالا ہو کر رہ جائے!"

میرا ساتھی کنفیوشس کا پیرو تھا۔ وہ بڑے اطمینان سے بولا "ہمیں نیکی اور اچھائی کی زندگی خدا کے لئے نہیں بلکہ صرف اس لئے گزارنی چاہئے کہ ہم اچھے انسان ہیں ـــ بس!"

انسان کے شرف اور اس کی خودداری کا یہ حوالہ ایسی چیز تھی جس نے عیسائیت کے ساتھ میرا آخری ناتا بھی توڑ دیا۔ پھر میں وہ کچھ ہو گیا جسے کبھی "لامذہب" کبھی "ملحد" کبھی "بے دین" کہا جاتا ہے۔

اور آج مجھ پر یہ ساری بات کھل چکی ہے۔ اب میں جانتا ہوں کہ ایسا کیوں ہوا۔ وجہ یہ ہے کہ عرفِ عام میں جس شخص کو "کافر" قرار دیا جاتا ہے اس کے عقیدوں کی دنیا ایک سادہ دنیا ہے۔ یہ دنیا کوئی دعویٰ نہیں کرتی، کوئی دلیل، کوئی "حجتِ شرعی" پیش نہیں کرتی کیونکہ اسے اس کی ضرورت نہیں ہوتی۔ یہ زندگی کی نعمتوں کو زندگی ہی کی مدد سے اور زیادہ دل نشین اور دل کش بناتی ہے۔ نیکی کا جواز اس کے نزدیک یہ ہے کہ نیکی کرنے کے لئے کسی جواز، کسی بہانے کی ضرورت ہی نہیں۔ اور نیکی کرنے کا اس سے

اب پھر "بے یقینی" اور "کفر" کو لوٹ چلئے ۔ "الہام" سے منکر ہو جایئے تاکہ ایک بار پھر آپ کا ذہن اس عیسائیت کو قبول کر سکے جو ابتدائی اور اصلی تھی ، جو میرے نزدیک زیادہ تسلی بخش مذہب ہے ۔

گویا یہ کہنا بالکل غلط ہے کہ "کافر" کا کوئی دین نہیں ہوتا ۔ وہ اسی حد تک لامذہب ہے کہ الہام کی کسی خاص قسم اور نوع پر اعتقاد نہیں رکھتا ، مگر اُسے خدا پر ہمیشہ یقین ہوتا ہے ۔ وہ اس اعتقاد کو زبان پر نہیں لاتا ، مبادا لوگ کچھ کا کچھ مطلب نکال لیں ۔ چین میں جتنے "لامذہب" اور "کافر" لوگ ہیں سب کے سب ، خدا پر کامل اعتقاد رکھتے ہیں ۔ چینی ادب میں خالق کے لفظ سے بار بار واسطہ پڑتا ہے ۔ مگر فرق یہ ہے کہ چینی لامذہب بڑی دیانتداری سے خالق کائنات کو بھیدوں کے پردوں میں چھپا رہنے دیتا ہے اور اس خالق کے لئے اپنے دل میں عظمت تقدس اور تقوے کے جذبات بڑھا رکھتا ہے ۔ یہی جذبات اس کے لئے کافی ہیں ۔ مگر چینی "لامذہب" اس اعتقاد کے ساتھ ساتھ اس کائنات کے بے پایاں حسن ، ستاروں کی پراسرار چمکون ، کائنات کی اَن گنت چیزوں میں صناعی کے کمال اور روح انسانی کے وقار کا بھی اتنا ہی گہرا شعور رکھتا ہے اور یہ شعور بھی اس کے لئے اطمینان کا باعث ہے ۔ وہ موت کو اسی طرح (ایک حقیقت) کے طور پر قبول کرتا ہے جس طرح درد اور آلام کو چپ چاپ سہنا چاہیئے ۔ وہ موت اور دکھ درد کے مقابلے میں یہ سوچتا ہے کہ ہمیں زندگی کی سی بڑی نعمت ملی ہے ، تازہ ہواؤں اور پہاڑوں کی صاف ، چاندنی جیسے گراں بار نظارے عطا ہوئے ہیں اس لئے شکایت کرنے کی کیا گنجائش ہے ۔ لہٰذا وہ دکھ درد کی شکایت نہیں کرتا ۔ خدا کی رضا کے آگے سر جھکانا اس کے نزدیک مذہب کی پابندی اور تقویٰ ہے ۔ اور وہ اس تسلیم و رضا کو "تاؤ" (قانونِ فطرت) پر عمل کرنے کا نام دیتا ہے ۔ اگر خالق

سادہ سچائیوں کے بجائے ایک بہت ہی محدود اور خود کفیل سا ڈھانچا بن گیا اور پاپائیت اور پادریوں کے ایک بنے بنائے طبقے کی پشت پناہ بن کر رہ گیا۔ اس کی ساری وجہ ایک لفظ اور صرف ایک لفظ یعنی الہام تھا ___ اس لفظ کی رُو سے یہ لازم ہوا کہ خدا اپنے پیغمبر پر کائنات کے کوئی خاص اسرار، ایک خاص قسم کے روحانی نظام کے بھید الہام کے ذریعے کھول دیتا ہے۔ "الہام" کا یہ دروازہ خدا کے دوسرے برگزیدہ بندوں مثلاً ولیوں وغیرہ پر بھی کھلا رہتا ہے۔ ہر مذہب کے لئے "الہام" کی یہ شرط ضروری ہو گئی تاکہ ہر مذہب آخرت میں انسان کی بخشش کے لئے اپنا ایک خاص الخاص فارمولا بنا سکے جو دوسرے مذہب کے انسانوں کے لئے میسّر نہ آسکے ___ چنانچہ ہر مذہب کے ملّا، پادری، پروہت اسی "الہام" کے بل پر زندہ ہیں۔ حضرت عیسٰی نے پہاڑ پر اپنے خطبے میں جو بنیادی اور سادہ سچائیاں بیان کی تھیں اسے یہ لوگ ضرور بڑھا چڑھا کر نمک مرچ لگا کر، پورے مصنوعی انداز میں پیش کریں گے۔ جس نرگس کی خلقت پر انھیں اتنی حیرت ہوئی تھی اس پر مذہبی پیشوا اپنا رنگ ضرور چڑھائیں گے ___ محض اس لئے کہ اپنا کام چلتا رہے۔ اور یہی وجہ ہے کہ اِن لوگوں نے "پہلے آدم" اور "دوسرے آدم" وغیرہ کی کہانیاں وضع کیں۔

عیسائیت کی ابتدا میں ولی پال کی منطق لوگوں کے لئے بڑی زوردار اور قابلِ قبول تھی ___ لیکن آج کل انسان کا تنقیدی شعور اتنا بیدار ہو چکا ہے کہ اب یہی دلیلیں بودی اور بے حقیقت نظر آتی ہیں ___ ایشیا کی منطق، استخراج کی بنیاد پر عمارت بناتی ہے۔ اس منطق کی سختی اور جدید زمانے کے آدمی کے ذہن میں بڑا اہل ہے کیونکہ ہمارا آپ کا ذہن سچائی کو قبول کرنے کے سلسلے میں زیادہ لچکیلا، زیادہ وسیع ہو چکا ہے۔ اس فرق کی بدولت ہی "الہام" میں وہ اپیل نہیں رہی۔ اسی لئے میں کہتا ہوں کہ

## باب ۱۴ چہاردہم

# سوچنے کا فن

۱۔ سوچ میں انسانیت پرستی کی ضرورت

۲۔ عقل سلیم کی طرف واپسی

۳۔ معقولیت

کائنات کی رضا یہ ہے کہ جو بہتر سال کی عمر میں مر جاتے ہیں وہ خوشی خوشی بہتر برس کی عمر میں اپنی جان جان آفریں کے سپرد کر دیتا ہے۔ ایک عقیدہ پختہ اعتقاد ہے کہ دنیا میں دیر ہے اندھیر نہیں اور تقدیر خداوندی کا چکر برابر چلتا رہتا ہے، ایک جگہ دائم نہیں رہتا۔ اس لئے دنیا میں کوئی ظلم، کوئی ناانصافی مستقل لعنت بن کر نہیں رہتی اپنے وقت پر ختم ہی ہو جایا کرتی ہے ___ اور اس لئے جو کچھ اسے میسر ہے وہ خدا سے اس سے زیادہ طلب نہیں کرتا۔

سمجھنے کے قابل نہیں رہتی ـــــ

چینی ادب اور فلسفے پر نظر دوڑائیں تو ہمیں ایک بات نمایاں نظر آتی ہے۔ وہ یہ کہ چینی لٹریچر میں سائنسی علوم نہیں ہیں، انتہا پسندانہ نظریے بھی نہیں، اور فلسفے کے ایسے دبستان بھی نہیں جو ایک دوسرے سے بہت زیادہ مختلف یا متضاد ہوں۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ چین کی ازلی فراست نے اور چین کی معقولیت سے نظریہ بازی اور کٹر اصول نوازی کا جھگڑا ہی ختم کر رکھا ہے۔ اس موقعے پر شاعر تو چو ٹی کی مثال سے بات واضح ہو جائے گی کہ اس کی طرح ہر چینی اہل علم "کنفیوشس کے دین سے اپنے سبھاؤ کو ٹھیک کرنے کا کام لیتا تھا، بودھ مت کے ذریعے اپنا دل صاف کرتا تھا، پھر تاریخ اور مصوری، پہاڑوں اور دریاؤں سے اور شراب، موسیقی اور شعر سے اپنی روح کو سکون دیتا تھا" ـــــ گویا وہ اس دنیا کا باسی ہوتے ہوئے بھی اس دنیا سے ملوّث نہ تھا۔

اس صورت میں چین کی سرزمین وہ سرزمین ہے۔ جہاں کوئی شخص شدت سے غور و فکر میں اُلجھنے کی کوشش نہیں کرتا بلکہ ہر شخص زندگی بسر کرنے کی کوشش میں مصروف رہتا ہے۔ اس سرزمین میں خود فلسفہ بھی معمولی سمجھ بوجھ کی سادہ سی چیز بن جاتا ہے۔ جیسے بڑی آسانی سے ایک موٹی کتاب کے صفحوں میں یا اتنی ہی آسانی سے دو مصرعوں کے ایک شعر میں بھی بند کیا جا سکتا ہے۔ چین کی سرزمین میں فلسفے کا کوئی نظام موجود نہیں۔ اور وسیع معنی میں کوئی منطق، کوئی تصوّف یا مابعد الطبیعیات، اور علمی اصطلاحات کا کوئی انبار موجود نہیں۔ اس سرزمین میں اہل مدرسہ کی تنگ نظری اور ملّائیت نہیں ہیں۔ علمی یا عملی تعصبات یا تشدد کا وجود نہیں۔ ایسی اصطلاحات موجود نہیں جن کی حیثیت محض تصوری یا تجریدی ہو۔ ایسے لفظ نہیں جو بڑے بڑے اور لمبے لمبے ہوں۔ اس سرزمین میں کوئی میکانکی قسم کی عقلیت پرستی پیدا نہیں ہو سکتی۔ اور ہر شخص کو اس چیز سے بڑی نفرت ہے

# ۱۔ سوچ میں انسانیت پرستی کی ضرورت

سوچنا سائنس نہیں، آرٹ ہے۔ چینی اور مغربی علمیت میں بڑا فرق اس بات کا بھی ہے کہ اہلِ مغرب میں علم کی کسی شاخ یا شعبے میں مہارت حاصل کرنے کا رواج تو ہے لیکن ان کے غور و فکر، ان کے علم میں انسان پرستی کا شائبہ نہیں۔ اِدھر چین کا یہ حال ہے کہ سارا زور زندگی بسر کرنے کے معاملوں اور مسئلوں پر دیا جاتا ہے، اور کوئی علم کسی الگ سائنس کی حیثیت سے موجود نہیں۔ ہم دیکھتے ہیں کہ مغرب میں انسان کی زندگی سے تعلق رکھنے والے علوم میں بھی "سائنسی" انداز کا غور و فکر در آیا ہے۔ ان میں بھی تخصیصی مہارت کی چھاپ آ چکی ہے اور سائنسی یا نیم سائنسی اصطلاحات کا زور بندھ رہا ہے۔ میرا مطلب اس سائنسی غور و فکر سے نہیں جو صحیح معنوں میں سائنسی ہو۔ میرا مطلب اس لفظ کے استعمال سے وہی ہے جو آج کل کے عام معنی سے آشکار ہے۔ کیونکہ سچا سائنسی غور و فکر، عقلِ سلیم اور سوجھ بوجھ سے اور خاص طور پر انسان کی قوتِ تخیل سے کسی صورت الگ نہیں کیا جا سکتا۔ ادھر آج کل کے "سائنسی" تفکر کا حال یہ ہے کہ یہ اپنے اصول اور طریقے اور حدود میں بے حد منطقی، نہایت غیر جانبدار، اور بے حد خصوصی ہو چکا ہے ___ گویا مشرق کی علمیت اور مغرب کی علمیت میں جو فرق ہے وہ اصل میں منطق اور فراست کے بنیادی تضاد پر جا ختم ہوتا ہے۔ اگر منطق کو سمجھ بوجھ یا فراست سے محروم کر دیا جائے تو منطق انسانی چیز نہیں رہتی۔ ادھر فراست اور سوجھ بوجھ سے اگر منطق کا کوئی واسطہ نہ رہے تو وہ فطرت کی نیرنگیوں کے اسرار

جنھوں نے کبھی پانچ سات سو الفاظ سے زیادہ لمبی چیز لکھی ہی نہیں۔ اور اسی مختصر سے پیمانے میں، بلکہ کبھی تو ایک مصرعے میں زندگی کے مکمل فلسفے کا نچوڑ پیش کر دیا ہے۔

بس اسی وجہ سے چین میں فلسفے کے دبستان اور فلسفے کے نظام رائج نہ ہو سکے۔ چین میں ذہنی صلاحیتوں کو معقولیت پسندی اور اس سے بھی زیادہ فنکارانہ احساس گرفت میں رکھتا ہے اور سچ یہ ہے کہ چین میں ذہن اور عقل پر اعتماد بھی کم ہی کیا جاتا ہے۔

یہ جاننے کی ضرورت شاید نہیں کہ منطقی صلاحیت انسانی ذہن کا نہایت لاجواب ہتھیار ہے۔ اور اسی کی وجہ سے سائنس نے اپنی تمام فتوحات حاصل کی ہیں۔ میں جانتا ہوں کہ مغرب میں انسانی ترقی کی باگ ڈور بنیادی طور پر اب بھی عقل سلیم ہی کے ہاتھ میں ہے اور اس پر تنقیدی جوہر کا حکم بھی چلتا ہے جو منطقی جوہر سے عظیم تر ہے منطقی جوہر وہ چیز ہے جسے مغرب میں انسانی تفکر کی معراج خیال کیا جاتا ہے یہ تسلیم کر لینا بھی چنداں ضروری معلوم نہیں ہوتا کہ چین کی نسبت مغرب کا تنقیدی شعور کہیں زیادہ بیدار ہے، لیکن منطق کی خرابی کا ذکر کرتے ہوئے میرا اشارہ مغربی تفکر کی ایک مخصوص کمی کی طرف ہے۔ یہ تسلیم کہ منطق میں بھی خوبیاں ہیں۔ اور میرے نزدیک جاسوسی اور سراغرسانی کی کہانیوں کو مغرب نے جو ترقی دی ہے وہ مغرب کے منطقی ذہن کی ایک بڑی دلچسپ پیداوار ہے۔ ادب کی یہ صنف چین میں کسی عنوان رائج نہ ہو سکی، نہ ترقی کر سکی۔ لیکن میرا مطلب صرف اس قدر ہے کہ منطق پر زیادہ توجہ دینا اور اسی کو ہر بات کی بنیاد سمجھنا یا تفکر کو منطق کا غلام بنا دینا ایسی چیز ہے جس میں بہت سے عیب ہیں۔

مغربی علمیت کی بڑی خصوصیت یہ ہے کہ مغرب کے لوگ علم کے کسی خاص

جسے جدید فلسفے نے "منطقی جوہریت" کا نام دے رکھا ہے۔ چین کی "سرزمین" کا زیادہ تر
پہیلیوں سے پاک ہے اور فلسفے میں منطقیوں کا وجود نہیں رکھتی۔ یہاں فلسفے کے تفصیلی نظام
تو رائج نہیں لیکن زندگی کے بارے میں ایک گہرا اور شدید احساس ضرور ہے — جیسے
یہاں کوئی کانٹ نہیں، کوئی ہیگل نہیں۔ یہاں صرف انشا پرداز ہیں، مقولوں اور مثالی کہانیوں
کے مصنف ہیں، بدھ مت کی پہیلیوں کے مصنف اور تاؤ کی کہانیوں کے شارح موجود ہیں۔ لن یوٹانگ

مجموعی طور پر چین کا لٹریچر چھوٹی چھوٹی نظموں اور چھوٹے چھوٹے مضامین کا ایک
نہ ختم ہونے والا ذخیرہ ہے۔ اس شخص کو یہ ذخیرہ ناقابلِ اختتام معلوم ہوتا ہے جو
انھیں پسند کرنے کی صلاحیت نہیں رکھتا۔ لیکن یہی نظمیں اور یہی مضامین، رنگا رنگی اور تنوع
سے اتنے بھرپور ہیں جس طرح فطرت کا کوئی نظارہ بے پایاں حسن کا مالک ہوتا ہے
ہمارے یہاں ایسے انشا پردازوں اور خطوط لکھنے والوں کی کمی نہیں جو زندگی کے
بارے میں اپنے احساس کو ایک مختصر سی عبارت یا زیادہ سے زیادہ تین چار سو لفظوں کے
ایک مضمون میں لکھ دینا چاہتے ہیں۔ یہ مضامین عام مغربی لڑکوں کے جواب
مضمونوں سے بھی مختصر ہوتے ہیں۔ انھیں وقتی تحریروں، خطوط، روزنامچوں، ادبی
حاشیوں اور باقاعدہ مضامین میں کہیں تو قسمت کی بے رحم گردشوں کا ذکر ملے گا۔
کہیں کسی ایسی عورت کا ذکر ہوگا جس نے پاس کے گاؤں میں خودکشی کی تھی، اور کہیں
بہار کی کسی پرلطف دعوت یا برف کے کسی جشن یا چاندنی میں کشتی کی سیر کے تذکرے
بھی مل جائیں گے۔ انھیں ایسی ایک شام کا بھی ذکر ہوگا جب باہر سخت طوفان آ
رہا تھا اور لکھنے والے نے وہ شام ایک مندر میں گزاری تھی اور وہ گفتگو بھی لکھی ہوگی۔
جس کی وجہ سے یہ شام اس کے ذہن میں محفوظ رہی۔ چینی ادب میں ہمیں ان گنت انشا
پرداز ایسے ملیں گے جو شاعر بھی ہیں۔ ایسے شاعر بھی ہیں جو انشا پرداز بھی تھے مگر

کہ اپنے باج گزار والیوں سے خراج نہ لے سکتا تھا۔ روز بروز اس کا اختیار کم ہوتا جا رہا تھا، علاقے چھن رہے تھے اور اس کی وفاداری کا کلمہ صرف چند شریف خاندان پڑھتے تھے جو بے حد وضعدار مگر بے حد غریب بھی تھے۔

تو گویا، انسانی تہذیب اب اس مقام پر پہنچ گئی ہے جہاں علوم الگ الگ خانوں میں بند ہیں، علم بذاتِ خود کوئی چیز نہیں رہا۔ اب تو بس "خصوصی مہارت" رہ گئی ہے۔ تکمیل اور فضیلت، دونوں خواب و خیال ہو گئے ہیں۔ اب علم کے کسی خاص شعبے کے ماہرین ملتے ہیں، لیکن دانائی کے پیکر، حکیم اور مفکر نہیں ملتے۔

کسی علم میں خصوصی مہارت کا اب جو زور بندھا ہے اس پر مجھے ایک کہانی یاد آئی ہے۔ کبھی چینی شہنشاہوں کے شاہی باورچی خانوں میں بھی مہارت کا یہی دور تھا۔ ایک دفعہ حکومت کا تختہ الٹا اور ایک خاندان کی جگہ دوسرے خاندان نے تخت پر قبضہ کر لیا۔ اس انقلابی زمانے میں ایک امیر چینی کو ایک ایسی خادمہ ہاتھ لگ گئی جو کبھی شاہی باورچی خانے میں کام کیا کرتی تھی۔ چینی امیر کو اس خادمہ پر فخر ہوا اور اس نے اپنے دوستوں کی دعوت کی تاکہ وہ انھیں اس خادمہ کے ہاتھ کا کھانا کھلائے جسے وہ اپنے خیال میں شاہی باورچن سمجھتا تھا۔ دعوت کا دن آیا تو امیر نے خادمہ سے کہا کہ وہی کھانے پکیں جو شاہی دسترخوان پر ہوتے تھے۔ خادمہ نے ڈرتے ڈرتے جواب دیا "میں تو کھانا نہیں پکا سکتی۔"

امیر نے پوچھا، "تو پھر تم کرتی کیا تھیں؟"

جواب ملا "میں رات کے کھانے کے لئے سموسے بنانے میں مدد دیا کرتی تھی۔"

امیر نے کہا "بہت بہتر تو پھر تم میرے مہمانوں کے لئے عمدہ سموسے ہی

شعبے میں خصوصی مہارت حاصل کرتے ہیں اور اس طرح انسانی علم کو مختلف شعبوں میں بانٹ دیا جاتا ہے۔ منطقی فکر، اور خصوصی مہارت کی حد سے بڑھی ہوئی ترقی فنی اصطلاحوں کی بھرمار کا شاخسانہ یہ ہے کہ موجودہ تہذیب نے فلسفے کو پس پشت ڈال دیا ہے۔
اس تہذیب میں سیاسیات اور اقتصادیات کو اتنی اہمیت حاصل ہے کہ عام آدمی فلسفے کی طرف آنکھ اٹھا کر بھی نہیں دیکھتا۔ حد تو یہ ہے کہ اس غلطی پر اس کا ضمیر اسے کوئی ملامت نہیں کرتا۔ جدید تہذیب میں عام آدمی بلکہ ایک تعلیم یافتہ آدمی کا خیال یہ ہے کہ فلسفہ ایک ایسا "مضمون" ہے جس کے بغیر بھی کام چل سکتا ہے۔

جدید تہذیب کا یہ عجیب کرشمہ ہے کہ فلسفہ جسے انسان کے سینے اور انسان کے جینے کے ساتھ اتنا قریبی ربط ہونا چاہیئے اب انسانی زندگی سے اتنا دور ہو چکا ہے۔ یونانیوں اور رومنوں کی تہذیبوں میں یہ حال نہ تھا۔ نہ کبھی چین میں یہ اندھیرا ہوا تھا کیونکہ چین میں ہمیشہ سے زندگی کا مشاہدہ اور مطالعہ (فلسفہ) اہل علم کا خاص مشغلہ رہا ہے ــــ اب جو فلسفے کو طاق پر بٹھا دیا گیا ہے تو اس کا مطلب یہ ہے کہ یا تو جدید زمانے کے لوگوں کو جینے کے مسائل سے دلچسپی نہیں رہی (اور یہی فلسفے کا اصل موضوع ہیں) یا ہم فلسفے کے اصلی تصور سے بہت دور ہٹ گئے ہیں۔
جدید زمانے میں علم کا احاطہ اتنا وسیع ہو گیا ہے اور علوم کے شعبے (اپنے اپنے خصوصی ماہرین کی شدید نگرانی میں) اتنے بڑھ گئے ہیں کہ فلسفہ اب انسانی علوم کا سرتاج نہیں رہا۔ اب یہ ایک ایسا علم رہ گیا ہے جس میں کوئی شخص خصوصی مہارت حاصل نہیں کرتا ــــ اب یہ حال ہو گیا ہے کہ فلسفے کے طالب علموں کو اقتصادیات کے پروفیسروں کے لکچر سننے کے لئے خاص طور سے اجازت دی جاتی ہے۔ فلسفہ جو انسانی علوم کا سرتاج تھا۔ اب طوائف الملوکی کے زمانے کے چینی شہنشاہ کی طرح ہے جو اتنا کمزور تھا

مختلف قسم کے علوم اور ان کے تمام پہلوؤں کو ملا کر ایک اکائی، ایک کل بنا دیا جائے
پھر اس کل سے جسے حکمت و دانش کہہ سکتے ہیں مقصدِ حیات کی خدمت کا کام
لیا جائے۔ اس بات کی ضرورت جدید انسان کو محسوس ہونے بھی لگی ہے۔ چنانچہ
امریکہ کی مشہور یونیورسٹی ژیل میں انسانی تعلقات کا باقاعدہ شعبہ قائم ہے۔ اسی
طرح امریکہ کی ایک اور اعلیٰ یونیورسٹی ہارورڈ میں بھی اس موضوع پر خاص لکچر دل
کا نصاب موجود ہے لیکن یہ یاد رہے کہ مغربی سائنس دان، علوم کے انتشار کو پھر
سے ایک جگہ جمع کرنے کے لئے جب تک زیادہ سادہ اور کم منطقی طریقِ فکر سے کام
نہ لیں گے، کچھ نہ بنے گا۔ انسان کی حکمت و دانش یہ نہیں کہ علم کے مختلف شعبوں
میں خصوصی مہارت کا نصاب جمع کر دیا جائے تو حاصل جمع حکمت و دانش ہوگی۔
حکمت و دانش صرف بصیرت سے حاصل ہو سکتی ہے، عام سوجھ بوجھ، عقلِ سلیم اور
فراست کی ترقی سے حاصل ہو سکتی ہے۔ اس کے لئے زیادہ سلامتِ طبع اور زیادہ
سادہ مگر پر کار وجدان کی ضرورت ہے۔

منطقی فکر اور فکرِ معقول میں بہت فرق ہے۔ یوں سمجھ لیجئے کہ خشک سوچ
اور شاعرانہ سوچ میں جو فرق ہے وہی ان میں بھی ہے۔ موجودہ دنیا میں علمی اور خشک
قسم کا تفکر تو بہت ہے مگر شاعرانہ فکر بہت ہی نادر ہے، ارسطو اور افلاطون جدید
زمانے کے مفکرین نظر آتے ہیں۔ اس لئے نہیں کہ قدیم یونانی لوگ آج کل کے
لوگوں سے مشابہت رکھتے تھے بلکہ اس کی وجہ یہ ہے کہ ارسطو اور افلاطون دونوں
جدید فلسفے کے آباء تھے۔ ارسطو کا نقطۂ نظر بڑی حد تک انسانی تھا۔ اور اس نے
اعتدال کے سنہری راستے کا فلسفہ بھی بتایا ہے۔ پھر ارسطو آج کی نصابی کتابوں کا
باپ ہے کیونکہ ارسطو ہی نے انسانی علم کو مختلف الگ الگ شعبوں میں بانٹا تھا، اسی نے

تیار کر لو۔"

خادمہ نے جواب دیا "سرکار میں نے کب کہا کہ میں شوربے بنایا کرتی تھی۔ میں نے تو شاہی دسترخوان کے سموسوں میں بھرنے کے لیے پیاز کاٹنے میں مہارت حاصل کی ہے۔"

آج بھی انسانی علم اور درسی تعلیم کے میدان میں حالات کچھ ایسے ہی ہیں۔ مثلاً ایک صاحب حیاتیات کے عالم ہیں۔ وہ انسانی زندگی اور انسانی فطرت کے بارے میں تھوڑا سا جانتے ہیں۔ پھر ایک صاحب نفسیات کے ماہر ہیں جو انسانی زندگی اور انسانی فطرت کے متعلق چند باتیں جانتے ہیں۔ پھر طبقات الارض کے ماہر ہیں جو کائنات اور انسان کی ابتدائی تاریخ کے چند دوروں سے واقف ہیں۔ پھر علم الارتقا کے ماہر ہیں جو صرف انسان کی فطرت کے متعلق ہی جانتے ہیں باقی کچھ نہیں۔ پھر ایک ماہر تاریخ دان ہیں جو اگر صاحبِ ذوق ہوئے تو شاید ہمیں انسانیت کی گزشتہ تاریخ کے آئینے میں دیکھ کر انسانی دانائی اور حماقت کے متعلق کام کی دو چار باتیں بتا سکیں، ورنہ خیر صلا ــــ پھر نفسیاتِ انسانی کے ماہر ہیں جو اکثر ہمیں انسانی چلن کے سمجھنے میں کچھ مدد دیتے ہیں مگر اکثر اوقات ایسی فضول قسم کی گوہر افشانی فرماتے ہیں کہ انسان دیکھتا رہ جاتا ہے۔ یہ حضرات جب اپنی تجربہ گاہوں سے باہر آتے ہیں تو بڑی تحقیق کے گل کھلاتے ہیں مثلاً یہ کہ اونچی آواز کا اثر چوہوں پر یہ ہوتا ہے کہ ان کے دل دھڑکنے لگتے ہیں۔ تعلیمی نفسیات کے ماہرین تو ان سے بھی آگے ہیں کہ جب وہ غلط بات کہتے ہیں تو سمجھ میں نہیں آتی اور جب وہ ٹھیک بات کہتے ہیں وہ بھی ہماری سمجھ سے بالا ہوتی ہے ــــ

موجودہ زمانے میں ایک ایک علم کے کئی کئی شعبوں میں خصوصی مہارت کا حال تو یہ ہے، مگر اس خصوصی مہارت کے ساتھ کاملیت کا کہیں وجود نہیں۔ یہ کوئی نہیں کرتا

گویا آج کل غور و فکر کے ایک نئے انداز، ایک نئی طرز کی شاعرانہ سوچ بچار کی بڑی ضرورت ہے۔ یہ انداز فکر ایسا ہونا چاہیے جو زندگی کا مستقل مزاجی سے مشاہدہ کر سکے اور زندگی کو ایک کل کی حیثیت سے دیکھ سکے۔ مرحوم جیمز ہاروے روبنسن نے ٹھیک کہا تھا "کئی ایک محتاط ماہرین کی دیانتدارانہ رائے یہ ہے کہ تفکر کو اگر اب کے مقابلے میں زیادہ عالی رتبہ نہ دیا گیا اور سوچ میں رفعت پیدا نہ کی گئی تو موجودہ تہذیب کو سخت بڑا دھکا لگے گا۔" پروفیسر روبنسن نے یہ بھی کہا تھا کہ "احتیاط اور بصیرت بظاہر ایک دوسرے کو شک کی نگاہ سے دیکھتے ہیں۔ حالانکہ دونوں میں دوستی بھی ہو سکتی ہے!"۔ جدید اقتصادیات اور نفسیات کے ماہرین احتیاط اور دیانت کے تو پتلے ہوتے ہیں مگر ان میں بصیرت کی بڑی کمی ہے۔

انسانی مسائل میں منطق کی ٹانگ اڑانا نہایت خطرناک چیز ہے۔ لیکن موجودہ دور میں سائنسی تفکر کی قوت اتنی ہے اور اس کی قدر ایسی ہے کہ بار بار متنبہ کرنے کے باوجود تفکر کی یہ خطرناک قسم فلسفے کی دنیا پر چھاپا مارنے سے باز نہیں آتی۔ اور ہر دفعہ اسے یہ یقین ہوتا ہے کہ انسان کی فطرت کا مطالعہ اور جائزہ اسی طرح انسانی اور بندھے ٹکے قاعدے سے کیا اور لیا جا سکتا ہے جس طرح زمین دوز نالیوں کے جال کا نقشہ دیکھ کر انجینئر لوگ سمجھ لیتے ہیں، اور "گویا انسانی فکر کو بھی اسی طرح ناپا جا سکتا ہے جس طرح ریڈیائی لہریں ناپی جا رہی ہیں ـــــ اس کے نتیجے روزمرہ کی سوچ بچار میں جو بھی سو ہوں مگر عملی سیاسیات میں اس کے نتائج تو بڑے تباہ کن ہیں۔

## ۲۔ عقل سلیم کی طرف واپسی

چینیوں کو "یہ منطقی طور پر لازم ہوا" جیسے فقروں سے سخت نفرت ہے کیونکہ

طبیعات سے حیاتیات تک اور سیاسیات سے اخلاقیات تک، علوم کے مختلف شعبے مقرر کئے تھے۔ اس کے علاوہ، ارسطو ہی کی ذات سے "علمی اصطلاحات" کا وہ لمبا سلسلہ شروع ہوا جو عام آدمی کی سمجھ سے بالکل بالاتر ہے۔ ہونا بھی یہی تھا۔ اور آج امریکی پروفیسر اور ماہرین کیا معاشرتی علوم، کیا نفسیات دونوں میں ایسی ایسی اصطلاحات وضع کر رہے ہیں جو ارسطو کو بھی مات کر دیں۔

رہا افلاطون تو اس میں انسانی بصیرت تو ضرور موجود تھی لیکن ایک طرح افلاطون ہی مجرد اور مطلق تصورات کی اس پرستش کا ذمہ دار ہے جو اس کے نو افلاطونی پیروؤں میں نظر آتی ہے۔ ان بے چاروں میں افلاطون کی سی بصیرت نہیں لیکن ان کے پیرو مصنفین اور مفکرین کسی خیال یا کسی نظریے کے بارے میں یوں بحث کیا کرتے ہیں جیسے ان تصورات اور نظریات کا اپنا ٹھوس وجود بھی ہے۔ جدید نفسیات ہی ایک ایسا علم ہے جس نے حال ہی میں "عقل"، "قوتِ ارادی"، "جذبہ" وغیرہ کی الگ حیثیت اور ان کے انفرادی وجود کا تصور ختم کرنا شروع کیا ہے اور اسی کی بدولت ہم "روح" کے تصور سے بھی آزاد ہو رہے ہیں جسے قرونِ وسطیٰ کے عالمانِ دین نے ایک حقیقی چیز بنا کر دنیا کے ذہن پر آج تک سوار رکھا۔

مگر ہمارا حال یہ ہے کہ ہم نے سینکڑوں قسم کے سماجی اور سیاسی نعرے اور اصطلاحیں گھڑ رکھی ہیں (مثلاً "انقلابی"۔ "انقلاب دشمن"۔ "بورژوا" "سرمایہ دار سامراجی"۔ "فراری" وغیرہ) اور یہ نعرے اور اصطلاحیں انسانی فکر پر اپنا چنگل جمائے ہیں۔ ہم نے تصوروں ہی کے ذریعے سے "طبقہ"، "قوموں کا نصب العین" اور "مملکت یا ریاست" کے وجود تخلیق کر رکھے ہیں۔ اور ہم نے بڑی ظالم منطق سے کام لے کر ریاست کو ایک ایسے عفریت کی شکل دینا شروع کی ہے جو فرد کو ہڑپ کئے جا رہا ہے۔

اضافی حیثیت رکھتا ہے۔ پھر بھی عارف اور ذی لیاقت آدمی، دونوں میں فرق ہے کیونکہ عارف اور دانا اُس زندگی کے بارے میں بات کرتے ہیں جس کے بارے میں اُنھیں بلا واسطہ عرفان حاصل ہے اور ذی لیاقت لوگ انھیں داناؤں کی باتوں کے بارے میں باتیں کرتے ہیں۔ رہے احمق لوگ تو وہ اِن ذی لیاقت لوگوں کی باتوں کے بارے میں دلیلیں دیتے ہیں اور بحثیں کرتے رہتے ہیں۔ خالص گفتار کے غازیوں کی سب سے عمدہ مثال یونانی سوفسطائیوں کی ہے کہ یہ لوگ الفاظ کے باہمی میل اور اُلٹ پھیر ہی کے دلدادہ تھے۔ چنانچہ فلسفہ جو دانش و حکمت کی محبت کا نام تھا، الفاظ کی محبت بن کر رہ گیا۔ اور جوں جوں یہ سوفسطائی دلیل بازی کا رجحان بڑھتا گیا فلسفے اور زندگی میں زیادہ سے زیادہ دوری ہوتی گئی۔ وقت گزرنے پر یہ حال ہو گیا کہ فلسفی لوگ زیادہ سے زیادہ الفاظ اور لمبے سے لمبے فقرے استعمال کرنے کے ماہر ہو گئے۔ مقولوں کی جگہ طویل فقروں نے لے لی۔ فقروں کی جگہ دلیلیں آ گئیں، دلیلوں نے رسالوں کا روپ بدلا، پھر رسالوں کے بجائے شرحیں اور تفسیریں آئیں۔ اور شرحوں نے لفظی تحقیق کو رواج دیا۔ نتیجہ یہ ہوا کہ لفظوں کی شرح کرنے اور لفظوں کے معنی بتانے لفظوں کی تعریف متعین کرنے کے لئے زیادہ سے زیادہ لفظوں کی ضرورت پیش آنے لگی۔ فلسفے کے جو دبستان قائم ہو چکے تھے اُن سے اختلاف کرنے اور اُن سے ہٹ کر اپنی راہ نکالنے کے لئے زیادہ سے زیادہ دبستانِ فکر قائم ہونے لگے۔ یہ سلسلہ یونہی چلتا رہا۔ اور اب یہ حال ہے کہ جینے کا سچا احساس اپنی حیات کا مخلصانہ شعور نگاہوں سے بالکل اوجھل ہو گیا ہے۔ اب جب فلسفی بات کریں تو ایک عام آدمی کو یہ پوچھنے کا حق پہنچتا ہے کہ "آپ کس چیز کے بارے میں بات کر رہے ہیں۔"

مگر تاریخِ فکر میں چند خود مختار روحیں بھی آتی رہی ہیں اور ان مفکرین نے

انسان کے مسائل میں ایسی کوئی لازم چیز موجود نہیں منطق پہ چینیوں کو جو بے اعتمادی
ہے وہ اصل میں لفظوں کی بے اعتباری سے شروع ہوتی ہے۔ پھر اس میں کسی لفظ، چیز
یا اصطلاح کی تعریف سے نفرت شامل ہوتی ہے۔ اور آخر میں نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ ہر قسم
کے نظامِ فکر اور ہر قسم کے "نظریے" سے چینی لوگوں کو فطری طور پر نفرت پیدا ہو جاتی ہے
کیونکہ الفاظ، تعریف اور نظام ہی کی بدولت فلسفے کے مختلف دبستان وجود میں آ
سکے ہیں۔ فلسفے کی خرابی اور زوال اسی دم شروع ہوا تھا جب فلسفہ الفاظ کے پھیر
میں الجھ کر رہ گیا۔ اس لئے چینی مصنف کونگ تنگنان لکھتا ہے کہ "دانا اور عارف
لوگ باتیں نہیں کرتے ــــ صرف ذی لیاقت لوگ باتیں کرتے ہیں اور احمق لوگ بحث
کرتے ہیں ــــ" یہ اس شخص کا مقولہ ہے جو خود بحث کا بڑا دلدادہ تھا۔

فلسفے کا حال یہی ہے کہ فلسفی لوگوں کا تعلق اہلِ گفتار سے ہوتا ہے، خاموش
طبعوں سے نہیں ــــ ہر فلسفی اپنی آواز اور صرف اپنی آواز سننا چاہتا ہے اور تو
اور خود لاؤزے جس نے ہمیں پہلے پہل یہ سکھایا کہ خالقِ اکبر (اس کے لفظوں میں
"وہ عظیم ذاتِ خاموش") بولتا نہیں، آئندہ نسلوں کے لئے کوئی پانچ ہزار الفاظ چھوڑ
گیا اور اس کے بعد پہاڑوں میں عزلت نشین ہوا تا کہ خلوت اور سکون میں زندگی کے
بقیہ دن گزارے ــــ صاحبِ گفتار فلسفی کی ایک خاص مثال کنفیوشس کی ذات
ہے جو ۷۲ سلطنتوں میں گیا تا کہ وہاں کے شاہوں کے سامنے اپنے خیالات بیان کر سکے۔
اس کی ایک مثال سقراط کی ہے جو ایتھنز کے بازاروں میں پھرا کرتا تھا اور
راہگیروں سے باتیں کرتا تھا تا کہ وہ ان کی باتوں کے نہایت دانشمندانہ جواب دے
سکے۔

اس لئے چینی ادیب کا یہ مقولہ کہ "عارف لوگ باتیں نہیں بناتے" ایک

تعریف کرنی پڑتی ہے۔ اور آخر یہ سلسلہ یہاں تک پہنچتا ہے کہ ہمارے الفاظ وہ نہیں رہتے جو زندگی کی تشریح یا زندگی کی وضاحت کرتے ہیں۔ ہمارے پاس صرف لفظوں کی ایک فہرست رہ جاتی ہے جو دوسرے الفاظ کی منطقی تعریف یا تشریح پیش کرتے ہیں اور بس — ہر طرف لفظوں کا ایک انبار رہ جاتا ہے اور فلسفی اسی انبار میں گھسے رہتے ہیں۔

میرے نزدیک الفاظ کی بھی دو قسمیں ہیں مصروف الفاظ اور نکمّے الفاظ۔ مصروف اور کارآمد الفاظ وہ ہیں جو ہماری روزمرّہ کی زندگی میں کام آتے ہیں۔ نکمّے الفاظ وہ ہیں جو صرف فلسفیوں کی بحثوں میں کام آتے ہیں — منطقی تعریفوں میں بھی فرق ہے سقراط اور فلسفی بیکن کی منطقی تعریفیں اور ہمارے جدید پروفیسروں کی وضاحتیں ایک دوسرے سے کہاں لگّا کھاتی ہیں شیکسپیئر کو زندگی کا گہرا اور سچّا احساس ودیعت ہؤا تھا۔ اُسے کسی چیز کی تشریح یا منطقی تعریف کی ضرورت نہیں پڑی۔ اصل میں اس نے یہ حماقت کرنے کی کوشش ہی نہیں کی۔ وجہ یہ تھی کہ اس کے الفاظ "جسم" رکھتے تھے، اس کی زبان میں انسانی المیّے کا وہ ذی شان احساس، وہ عظیم روح جاری و ساری تھی۔ جو آج کل نہیں ملتی۔ ہم اس کے الفاظ کو ایک معنی کا پابند نہیں کر سکتے، نہ ان کو ایک خاص عمل کی علامت بنا سکتے ہیں۔ بالکل اسی طرح جیسے ہم شیکسپیئر کو عورتوں کے بارے میں کسی خاص نظریّے کا حامی نہیں ٹھہرا سکتے — وجہ یہ ہے منطقی تعریف کا فطری خاصہ ہی یہ ہے کہ وہ ہمارے خیالات کا گلا گھونٹتی رہے اور ہمارے تفکّر کو اس آب و تاب، اس تخیّلی رنگ روپ سے محروم کر دے جو خود زندگی کا خاصہ ہے۔

الفاظ، اظہار کے دوران میں ہمارے خیالات کا تیا پانچا کر دیتے ہیں۔ اُن میں

زندگی کا بلا واسطہ رابطہ اپنے فکر و خیال سے محسوس کیا ہے۔ ان میں کوئی گوئٹے، کوئی سیموئل جانسن، کوئی ایمرسن، کوئی ولیم جیمز بھی ملتا ہے۔ اور ہر ایک نے فلسفیوں کی زبان میں بات نہیں کی۔ اور ہر ایک نے علم کی درجہ بندی کی سخت مخالفت کی ہے۔ یہی وہ دانشور ہیں جن کی بدولت فلسفے کی اصل روح، اس کا اصلی معنی محفوظ رہا ہے — فلسفہ، دانشِ حیات اور بس — زیادہ تر صورتوں میں ان مفکرین نے دلیلوں اور حجتوں کو ہاتھ نہیں لگایا، مقولوں سے کام لیا ہے۔ اور اصل یہ ہے کہ لطائف اور مقولوں میں دل کی بات کہنے کی صلاحیت نہ ہو تو انسان اپنی بات کہنے کے لئے ایک پورا پیراگراف لکھتا ہے۔ جب وہ اپنا مفہوم ایک پورے پیراگراف میں واضح نہ کر سکے تو استدلال کی پوری عمارت کھڑی کرتا ہے۔ اور جب اس سے بھی وہ اپنا مطلب واضح نہ کر پائے تو وہ پوری ایک کتاب لکھ مارتا ہے۔

لفظوں کی محبت، جہالت کی جانب پہلا قدم ہے۔ اور اصطلاحات اور لفظوں کی منطقی تعریف، دوسرا قدم — جتنا زیادہ اور جتنا گہرا تجزیہ کیا جائے گا۔ لفظوں، اصطلاحوں اور ترکیبوں کی تیلو سے زیادہ منطقی تعریفوں کی ضرورت ہوگی، اور زیادہ سے زیادہ منطقی تعریف کرنے کا مطلب یہ ہوگا کہ انسان قانونی کمال کے اس نصب العین تک پہنچنے کی کوشش کر رہا ہے جو خیالی بھی ہے اور ناممکن بھی — چنانچہ قانونی کمال تک پہنچنے کی یہ کوشش ہی جہالت کی سب سے بڑی نشانی ہے — الفاظ ہمارے خیالات کی بنیاد، ان کا ساز و برگ سہی۔ اس صورت ان کی منطقی تعریف کی کوشش بھی مستحسن سہی کیونکہ یورپ میں ہر چیز کی منطقی تعریف کرنے کا یہ جنون سقراط نے ہی لئے پھیلایا تھا۔ مگر مصیبت یہ ہے کہ ان لفظوں کا شعور ہوتے ہی (جن کی ہم منطقی تعریف کرتے ہیں) ہمیں ان تشریحی لفظوں کی بھی منطقی

بات کو ہر پھر کر ثابت کرنے پر تلے رہتے ہیں کہ "جو میں کہتا ہوں وہ ٹھیک ہے اور تمہاری بات سراسر غلط ہے ۔" اس سلسلے میں جرمن فلسفی سب سے بڑے مجرم ہیں۔ لیکن یہ فکری بیماری مغرب کے ہر مفکر کو لاحق رہی ہے ۔

اس غیر انسانی منطق کا نتیجہ یہ ہوا ہے کہ ہم نے حقیقت کو بھی غیر انسانی بنا کر رکھ دیا ہے ۔ آج ہمارا فلسفہ زندگی سے قطعی طور پر بے تعلق ہے ۔ یہ فلسفہ قریب قریب یہ اعلان کر چکا ہے کہ وہ ہمیں زندگی کا اصلی مفہوم اور دانشِ حیات سکھانے سے کوئی تعلق نہیں رکھتا ۔ اس فلسفے میں زندگی کے لئے وہ گہرا اور سچا شعورِ حیات کے لئے ذ لگن بالکل مفقود ہے جسے ہم نے فلسفے کی جان قرار دیا تھا ۔ زندگی کا یہی گہرا اور سچا شعور ہے ۔ جسے ولیم جیمز نے "تجربات کی دنیا" قرار دیا تھا ۔ میں سمجھتا ہوں وقت گزرنے پر ولیم جیمز کا فلسفہ اور اس کی منطقی دلیلیں مغربی فلسفے اور مغربی اندازِ فکر کے لئے زیادہ سے زیادہ تباہ کن ثابت ہوتی جائیں گی ۔ مگر مغربی فلسفے کو انسانی فلسفہ بنانے سے پہلے ہمیں مغربی منطق کو انسانی منطق بنانا ہوگا ۔ ہمیں ایسے اندازِ فکر کو زندہ کرنا ہوگا جو صحیح اور منطقی اور مسلسل ہی نہ ہو بلکہ حقیقت اور زندگی اور انسانی فطرت کے قریب تر آنے کے لئے بے قرار ہو ۔ مغرب کے غلط اندازِ فکر کے نمائندے منطقی ڈے کارٹ کا مشہور مقولہ ہے کہ "میں سوچ سکتا ہوں ، اس لئے میں موجود ہوں" ۔ ہمیں اس نکتے کے بجائے امریکی شاعر اور مفکر والٹ وٹمین کا یہ زیادہ انسانی ، زیادہ معقول مقولہ رائج کرنا ہوگا کہ "میں جو کچھ ہوں ، ٹھیک ہوں اور کافی و وافی ہوں" ۔ کیونکہ زندگی کو اپنا آپ ثابت کرنے کے لئے منطق کی مرہونِ منت ہونے کی ضرورت ہی کیا ہے ۔

ولیم جیمز نہیں جانتا تھا کہ وہ چینی اندازِ فکر کو صحیح ثابت کرنے اور ایسے معقول

قدرتی روانی اور تسلسل نہیں رہنے دیتے۔ یہ بڑی مجبوری ہے۔ اسی طرح کسی ایک نظام فکر کی لگن بھی زندگی کے شعور کے لئے بڑی مہلک ثابت ہوتی ہے۔ آخر نظام فکر ہے کیا؟ ــ بس حقیقت کے چہرے کا کوئی آڑا ترچھا روپ! اور جو نظام فکر بہت زیادہ منطقی ہوگا اس میں ذہنی کجی اور کج روی اتنی ہی زیادہ ہوگی۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان حقیقت کا صرف ایک پہلو دیکھنا چاہتا ہے اور یہ وہ پہلو ہوتا ہے جس پر اس کی نظر پڑتی ہے۔ اسی کو وہ ذرا بڑھا چڑھا کر ایک نظام فکر بنا دیتا ہے جو اس کے خیال میں بے حد منطقی ہوتا ہے۔ یہی سبب ہے کہ ہمارا فلسفہ زندگی سے بالکل اجنبی ہو جاتا ہے۔ نتیجہ یہ ہے کہ جو شخص سچائی کے بارے میں بات کرتا ہے وہ محض اپنی بات سے حقیقت کو مجروح کرتا ہے۔ جو منطقی دلیل سے حقیقت کو ثابت کرنے کی کوشش کرتا ہے اس کی دلیلیں حقیقت کو مفلوج کرتی ہیں۔ اس کا حلیہ بگاڑ دیتی ہیں۔ اور جو ظالم حقیقت کو کسی ایک لیبل، کسی خاص عنوان اور خصوصاً کسی دبستان فکر کا غلام بنانے کی کوشش کرتا ہے وہ حقیقت کا گلا گھونٹ دیتا ہے۔ ان سب سے بدتر وہ شخص ہے جو اپنے آپ کو سچائی کا پرستار کہتا ہے کیونکہ یہی پرستار اپنی غلط بینی سے حقیقت کو اپنے ہاتھوں سے دفن کرتا ہے۔ گویا ہر وہ حقیقت جسے کسی نظام فکر کا پابند بنایا گیا ہو اس کی موت واقع ہو چکی اور اسے دفن بھی کر دیا گیا۔ اور یہ لوگ، اپنے اپنے نظام فکر کے زندانی، حقیقت کی موت پر جو مرثیہ پڑھتے ہیں وہ یہ ہوتا ہے:

"جو میں کہتا ہوں وہ ٹھیک ہے اور تمھاری بات سراسر غلط ہے!" اس طرح حقائق اپنے حامیوں کے ہاتھوں موت کی گود میں جا سوتے ہیں۔ فلسفے کے تمام قدیم اور جدید دبستان، فلسفیوں کے تمام قدیم اور جدید دھڑے ایک ہی

قانونوں سے ہٹی ہوئی چیزوں، استثنائی صورتوں کے لئے ہمیشہ دلچسپی محسوس کرے۔ اس لحاظ سے ولیم جیمز وہ شخص ہے کہ کسی نظامِ فکر کا پابند ہونے سے منکر ہے۔ وہ کسی نظامِ فکر کو غلط نہیں کہتا بلکہ محض اس کی پابندیوں کی وجہ سے اس کا مخالف ہے۔ اسی لئے اس کے خیالات نے مغربی فلسفے کے ہر نظامِ فکر کا تختہ اُلٹ کر رکھ دیا۔ اس کا قول ہے کہ فلسفے کی تاریخ میں سب سے اہم سنگِ میل یہ ہے کہ کائنات کے متعلق دو نظریوں میں امتیاز کیا گیا۔ ایک نظریہ تو یہ ہے کہ کائنات میں ایک ہی وجود جاری و ساری ہے اس لئے مادّے اور روح کی تفریق غلط ہے کیونکہ یہ دونوں ایک ہیں۔ اور دوسرا نظریہ اس کے عین اُلٹ، یعنی کثرتِ وجود کا نظریہ ہے۔ اسی لئے ولیم جیمز کی بدولت مغربی فلسفہ اپنے طلسماتی ہوائی قلعوں کو چھوڑ کر زندگی سے ایک بار پھر قریب آسکا تھا۔

کنفیوشس نے کہا ہے "سچائی اور حقیقت انسانی فطرت سے دور نہیں جا سکتی۔ اگر جس چیز کو حقیقت کہا جاتا ہے وہ انسانی فطرت سے الگ ہو جائے تو وہ سچائی نہ ہوگی، کوئی اور چیز ہوگی!" ـــــ ایک جگہ اُس نے اسی چیز کو ذرا مزاح کے لہجے میں یوں کہا ہے کہ "حقیقت سے انسان عظیم نہیں ہوتے بلکہ انسان حقیقت کو عظیم بناتا ہے" ـــ میرے خیال میں یہ فقرہ ولیم جیمز کی زبان سے بھی ادا ہو سکتا تھا۔

ہماری یہ دنیا کوئی منطقی نتیجہ، کوئی منطقی دلیل نہیں ـــ یہ ایک جیتی جاگتی چیز ہے۔ کائنات بولتی نہیں مگر کائنات زندہ ہے۔ کائنات دلیلوں میں نہیں اُلجھتی لیکن اصلیت کی منزل کو پہنچ جاتی ہے۔ ایک نہایت ذہین انگریز ادیب نے کہا ہے:

"کائنات کے اسرار میں عقل محض ایک چھوٹی سی چیز کی حیثیت رکھتی ہے۔ انسان کو اپنے شعور اور ادراک کے گھرے سے گھرے غور

اعمال و افکار منوانے کے لئے اپنی ساری زندگی صرف کر رہا ہے۔ ایک ذرا سا فرق بس یہ تھا کہ اگر ولیم جیمز مغربی ہونے کے بجائے چینی ہوتا تو وہ اپنی بات منوانے کے لئے اتنے ہزار الفاظ سے کام نہ لیتا بلکہ وہ اپنے فلسفے کو دو چار سو الفاظ کے ایک مضمون میں قلم بند کر دیتا یا اپنے روزنامچے میں دو چار صفحے لکھ دیتا کہ "میں یہ سمجھتا ہوں اور میرا یہ خیال ٹھیک ہے۔" وہ اگر چینی ہوتا تو الفاظ سے کچھ کتراتا، کچھ جھجکتا رہتا۔ اسے یہ ڈر ہوتا کہ میں جتنے زیادہ الفاظ استعمال کروں گا غلط فہمی کا امکان اتنا ہی زیادہ ہوگا۔

لیکن ولیم جیمز طبعی اعتبار سے بالکل چینی تھا، زندگی کے گہرے شعور اور انسانی تجربات کے اعتبار سے بالکل چینی تھا۔ اس نے مشینی قسم کی منطق پرستی کے خلاف بغاوت کی، خیالات کے بہاؤ اور تسلسل کا وہ بے حد قائل تھا۔ اسے ان لوگوں سے سخت چڑ تھی جو یہ سمجھتے ہیں کہ صرف انہیں نے اس کائنات کی اہم ترین اور قطعی "سچائی" کا کھوج لگایا ہے اور اس حقیقت کو انھوں نے ایک خود کفیل قسم کے نظام فکر میں حلقہ بند کر دیا ہے۔ یہ تمام طبعی خاصے چینیوں کے ہیں اور ولیم جیمز اس اعتبار سے بھی چینی تھا کہ وہ کہتا تھا "آرٹسٹ میں حواس اور ادراک کے ذریعے حقیقت کو پہچاننے کی صلاحیت ہونی چاہئے۔ یہی ادراکِ حقیقت فنکار کے لئے ضروری ہے۔ تصوری حقیقت اس کے مقابلے میں بالکل ہیچ ہے۔" ولیم جیمز کے نزدیک فلسفی وہ شخص ہے جو اپنے ادراک اور احساس کو ہر آن زندگی پر مرکوز رکھے اور زندگی کے عظیم الشان دھارے کا برابر مشاہدہ کرتا رہے۔ وہ ہر آن اس بات کے لئے تیار رہے کہ زندگی نت نئی اور محال سے محال چیزیں اس کے سامنے پیش کرتی رہے، وہ ایسے ایسے عجیب و غریب واقعات اور مشاہدات کے لئے تیار رہے جو بظاہر مہمل اور ناممکن نظر آتیں لیکن درحقیقت بالکل صحیح ہوں، اور وہ زندگی کی متضاد باتوں، نگے بندھے اصولوں اور

شوہروں اور بیویوں کا تصور ضرور کیا جا سکتا ہے جو معقولیت سے آپس میں جھگڑا کریں اور معقولیت سے اِس جھگڑے کو پھر نمٹا بھی لیں۔ گویا صرف معقول افسانوں کی دنیا میں امن اور مسرت کا دور دَورہ ہو سکتا ہے اور اگر کبھی معقولیت کا دَور آیا تو یہی دور دُنیا کے لئے امن کا دَور ہوگا۔ کیونکہ اِس دَور کی روحِ رواں معقولیت ہوگی۔

معقولیت ہی وہ چیز ہے جو چین، مغرب کی خدمت میں پیش کر سکتا ہے۔ میرا یہ مطلب نہیں کہ چینی اِس جذبے سے مالامال ہے۔ میں صرف اتنا عرض کر رہا ہوں کہ یہ چینی زندگی کا بہترین جوہر ہے اور عمدہ ترین پہلو ہے۔ میرے اِس انکشاف (یا دعوے) کا ثبوت اتفاقاً دو امریکیوں نے دیا ہے جو بڑی مدت چین میں رہے۔ ان میں سے ایک صاحب تیس سال سے چین میں قیام پذیر تھے۔ انھوں نے کہا کہ چین کی معاشرتی زندگی کی بنیاد ایک لفظ (چیانگ۔ لی) پر ہے جس کے معنی ہیں "معقول بات کرنا"۔ چینی لوگوں کے جھگڑوں میں آخری بات یہ ہوتی ہے: "بھئی انصاف کرو، کیا یہ معقول بات ہے؟"۔ اس کے برعکس چین میں سب سے بڑی مذمت اور سب سے زیادہ عیب کی بات یہ ہے کہ فلاں شخص "نامعقول بات" کرتا ہے۔ چنانچہ جو شخص غیر معقول بات کا مرتکب ہو نامان لے وہ ہر جھگڑے میں منہ کی کھاتا ہے۔

مَیں نے اپنی کتاب میرا وطن اور میرے ہم وطن میں لکھا ہے، "مغربی لوگوں کے لئے یہ کافی ہوتا ہے کہ فلاں بات منطقی طور پر بڑی پختہ ہے۔ چینی کے لئے یہ کچھ نہیں کہ کوئی چیز منطقی لحاظ سے ٹھیک ہو۔ چینی کے نزدیک ٹھیک وہی ہے جو منطقی طور پر ٹھیک ہونے کے ساتھ ساتھ انسانی فطرت کے بھی مطابق ہو، اس کے متضاد نہ ہو۔ بلکہ اصل یہ ہے کہ چینی کے نزدیک یہ بات زیادہ اہم ہے کہ زیرِ بحث مسئلہ یا کوئی معاملہ فطرتِ انسانی کے عین مطابق بھی ہے یا نہیں —"

کے وقت بھی دل کی گہرائیوں میں یہ احساس ہوتا ہے کہ اس کی عقل اور
اس کی حیرت دونوں ایک دوسرے کو دیکھ کر شرمندہ رہتے ہیں۔ شک
اور امید وہ جڑواں جذبے ہیں جو ہمیشہ سے ہماری فطرت میں کارفرما رہے ہیں
اور اسی کشمکش کی بدولت اصل حقیقت دھری رہ جاتی ہے۔"
میرا خیال ہے کہ مغربی منطق پرستوں کو کچھ کچھ فروتنی اور انکسار کا خیال ہو جائے،
کچھ اپنی بے مائگی کا احساس پیدا ہو جائے تو وہ ٹھیک ہو جائیں۔ ان کی نجات اور فلاح
کا راستہ یہی ہے کہ ہیگل کی جدلی مادیت نے اُن کے سروں میں جو سودا بھر دیا ہے،
اس کا کوئی علاج کر دے۔

## ۳۔ معقولیت

منطق کے مقابلے میں عملی سوجھ بوجھ ہے جسے آپ معقولیت کا جذبہ کہہ لیجیے
تو بہتر ہوگا۔ میرے نزدیک معقولیت کا جذبہ انسانی تہذیب اور تمدن کی معراج کمال
ہے۔ میں سمجھتا ہوں کہ مردِ معقول ہی مہذب اور صحبت یافتہ انسانوں میں سب سے
بہتر اور ارفع انسان ہوتا ہے۔ اس کی وجہ یہ ہے کہ انسان کبھی مکمل انسان نہیں ہو سکتا۔
انسان یہی کر سکتا ہے کہ پسندیدہ اور معقول آدمی بن جائے اور بس۔ جو قومیں معقول ہوتی
ہیں وہی نہایت امن و آشتی کی زندگی گزارتی ہیں، اور جو میاں بی بی معقولیت سے
کام لیتے ہیں وہ خوش رہتے ہیں۔ اسی لئے میں اپنی بیٹیوں کے لئے مناسب بر
تلاش کرنے میں صرف ایک بات کا خیال رکھوں گا کہ کیا وہ نوجوان معقول آدمی ہے؟
کیونکہ ایسے میاں بی بی اس دنیا میں نہیں ملتے جن میں کبھی جھگڑا نہ ہو۔ ہاں ایسے

معقول شخص کہ صحیح معنی میں انسانیت سے بہرہ ور ہوتا ہے، خط کی آخری نمائندہ عبارت (جو "مکرر" کے عنوان کے نیچے آتی ہے) میں اپنے دل کی بات کہتا ہے۔ ایک باپ کا تصور کیجئے جو اپنی بیٹی کے نام ایک خط میں لکھ رہا ہے کہ میں تمہیں کالج میں نہیں پڑھا سکتا کیونکہ پہلی بات تو یہ ہے کہ تمھارے تین بھائی کالج میں زیرِ تعلیم ہیں، ان کا خرچ میں اٹھا رہا ہوں۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ تمھاری ماں کی طبیعت اب اچھی نہیں رہتی، اس کی دیکھ بھال کے لئے تم گھر آجاؤ تو بہتر ہے۔ وغیرہ ——— یہ تمام دلائل بڑے منطقی ہوتے ہیں۔ ان کا کوئی جواب کوئی ردّ یا توڑ ممکن نہیں۔ لیکن یہی معقول باپ اسی منطقی خط کے اختتام پر اپنے دستخط کرنے کے بعد ایک جذباتی فقرے میں ("مکرر کے زیرِ عنوان) یہ لکھ دیتا ہے "بیٹی، یہ سب دلیلیں فضول ہیں، تم کالج میں تعلیم پانے کی تیاری کرو میں جیسے بن پڑے گا سب انتظام کرلوں گا۔"

یا ایسے شوہر کا خیال کیجئے جو اپنی بیوی کے نام خط میں لکھتا ہے کہ "میں تم سے علیحدہ ہونے اور تمھیں طلاق دینے کا حتمی فیصلہ کرچکا ہوں۔ اور میں اس کی قطعی وجوہ بھی لکھتا ہوں ——— پہلی وجہ یہ ہے کہ مجھے تمہاری وفاداری پر ہمیشہ شک رہا۔ دوسرے یہ کہ جب میں گھر آتا ہوں تو مجھے کبھی گرم اور تازہ کھانا نہیں ملا وغیرہ ———" یہ وجوہ اپنی جگہ بڑی ٹھوس اور جائز ہیں بلکہ کوئی بھی انھیں جھٹلا نہیں سکتا۔ اس کے علاوہ اگر یہ شوہر طلاق کے سلسلے میں کسی وکیل کی خدمات حاصل کرلے تو اس کے منطقی وجوہ اور بھی مضبوط اور جائز ہوجائیں گے لیکن اس خط کے ختم کرنے کے بعد اسی شوہر کے دل میں ایک خیال آتا ہے اور وہ "مکرر" کا عنوان لکھ کر ٹوٹے پھوٹے حروف میں یہ فقرہ لکھ دیتا ہے "لاحول ولا یہ سب کیا بکواس ہے، تم برا نہ ماننا۔ بالم ——— میں خود بھی کوئی اچھا آدمی نہیں ——— بہرکیف میں گھر آجاؤں گا اور تمھارے پسندیدہ پھول بھی لاؤں گا۔"

مہذب اور باتمیز آدمی وہ ہے جو انسان کے دل کو سمجھے اور فطرت کے قوانین کا درک رکھتا ہو۔ کنفیوشس کے پیروؤں کا دعویٰ ہے کہ وہ انسان کے عقل اور فطرت کے تقاضوں کے عین مطابق زندگی بسر کر کے عرفان کی آخری منزل پر پہنچ سکتے ہیں لیکن عارف بھی وہی شخص ہوا کرتا ہے جو بے حد معقول آدمی ہو۔ اس کی مثال خود کنفیوشس کی ہے جس کی سب سے بڑی خوبیاں یہ مانی جاتی ہیں کہ وہ عقلی سمجھ بوجھ اور ذوقِ سلیم کے علاوہ "فطری خوبیوں سے مالا مال تھا" یعنی بے حد "انسان" آدمی تھا۔

تفکر میں انسان پرستی جس چیز کو کہتے ہیں وہ اصل میں معقول سوچ کا دوسرا نام ہے۔ منطقی آدمی ہمیشہ اپنے آپ کو ٹھیک سمجھتا ہے۔ اس لئے وہ انسان نہیں ہوتا اور اسی لئے وہ ہر بات میں غلط ہوتا ہے۔ برعکس اس کے معقول آدمی کا یہ شیوہ ہے اسے ہمیشہ یہ خیال رہتا ہے کہ کہیں میں ہی غلطی پر نہ ہوں۔ اسی لئے وہ ہمیشہ ٹھیک بھی ہوتا ہے۔ معقول آدمی اور منطقی آدمی میں جو فرق ہے اس کا بڑا عجیب مظاہرہ خطوں کے آخر میں دیکھا کیجئے کہ سارا خط ختم ہو گیا تو لکھنے والے کو کچھ اور خیال آیا اور اس نے "مکرر" کا لفظ لکھ کر اس کے نیچے وہ تمام معقول باتیں بعد کے سوچ، ہچکچاہٹ، مزاح، طنز، سوجھ بوجھ کا ایسا ثبوت دیدیا اور اوپر خط میں لکھی ساری باتوں کی تردید ہو گئی ــــ اصل میں معقول مفکر وہی ہے جو کسی دعوے کو لمبی چوڑی دلیلوں سے ثابت کرتے کرتے یکایک یہ خیال کرتا ہے کہ اس کی دلیلیں غلط ہیں اور اس عملی سوجھ بوجھ کا وہ یوں مظاہرہ کرتا ہے کہ یکایک اپنی غلطی مان لیتا ہے اور اپنی ساری پیش کردہ دلیلوں کو اس طور آنِ واحد میں ایک فقرے سے فنا کر دیتا ہے۔ گویا منطقی آدمی تو خط کے متن میں ہی سب کچھ لکھ دیتا ہے۔ اس کے برعکس

عین اُلٹ، کٹّرپن، تشدّد پسندی اور عقیدے کی تنگ نظری ہیں۔ چاہے یہ خصوصیات خیالات سے تعلق رکھتی ہوں یا ہمارے انداز اور برتاؤ سے متعلق ہوں، ہماری انفرادی زندگی میں ہوں یا ہماری قومی زندگی پر چھائی ہوں، شادی کے سلسلے میں ہوں یا مذہب اور سیاسیات پر حاوی ہوں، یہ ہیں غیر معقول۔

میرا دعویٰ ہے کہ چین میں ذہنی قسم کی کٹّر تشدّد پسندی اور تنگ نظری بہت کم پائی جاتی ہے۔ ایک چینی ہجوم بہت جلد مشتعل ہو جاتا ہے لیکن معقولیت کی ایک عام رَو ہی نے ہماری منصبی زندگی، ہمارے مذہب اور عورتوں سے ہمارے ستمگرانہ ظالمانہ سلوک کو بڑی حد تک وسیع النظر اور نرم بنا رکھا ہے۔ میں مانتا ہوں کہ یہ دعویٰ کچھ نہ کچھ شرائط کے ساتھ ماننا چاہیئے مگر اِس دعوے میں حقیقت ضرور ہے۔ معقولیت کے اِس جذبے کی بدولت ہی ہمارا شہنشاہ جاپانیوں کے شہنشاہ کی طرح نیم دیوتا نہیں مانا جاتا تھا۔ اِسی لئے چینی تاریخ دانوں نے یہ نظریہ وضع کیا تھا کہ بادشاہ "آسمانی فرمان" کی بدولت حکمرانی کرتا ہے اور جب وہ اچھی طرح حکومت نہیں کرتا تو یہ "خدائی فرمان" خود بخود منسوخ ہو جاتا ہے۔ چین کی تاریخ شاہد ہے کہ جب کبھی چینی باشندے کسی شہنشاہ کی بدعنوانی سے تنگ آ گئے تو انھوں نے بغاوت کی، اس خاندان کی حکومت کا تختہ اُلٹ دیا اور اس شہنشاہ کا سر قلم کر دیا۔ ایسا ایک دفعہ نہیں بہت دفعہ ہُوا ہے۔ شاہی خاندان کی اس دُرگت اور بدعنوان بادشاہوں کے ساتھ اِس سلوک نے چینی قوم میں یہ فضول خیال کبھی پیدا نہیں ہونے دیا کہ بادشاہ "خدا کا سایہ" ہیں یا "آسمانی مخلوق" ہیں یا کم سے کم "نیم دیوتا" ضرور ہیں — یہی حال ہمارے رشیوں منیوں کا ہے۔ انھیں دیوتا نہیں سمجھا جاتا بلکہ ایسے حکما اور دانشمند لوگ سمجھا جاتا ہے جن کی بدولت ہمیں اچھی باتیں حاصل ہوئیں، زندگی کے اسرار کی آگاہی حاصل ہوئی۔ رہے چینیوں کے دیوتا تو وہ کمال کے

ان دونوں خطوں کی مندرجہ دلیلیں بڑی ٹھوس اور جائز ہیں لیکن ان خطوط کے متن میں انسان نہیں، منطق بول رہی ہے معقولیت صرف ان خطوط کے آخر کی ان عبارتوں میں ہے جو "زائد عبارت" کہلاتی ہیں اور "مکرر" کے زیرعنوان لکھی جاتی ہیں۔ ان سے پتا چلتا ہے کہ ایک انسان باپ، ایک انسان شوہر بول رہا ہے، منطق نہیں بول رہی۔ کیونکہ ذہنِ انسانی کا یہ فرض نہیں کہ بڑی احمقانہ قسم کی منطقی دلیلیں گھڑ گھڑ کر حاضر کرتا رہے بلکہ ذہن انسانی کا کام یہ ہے کہ انسانی خواہشوں، جذبوں اور من کی موج کے ہر آن بدلتے ہوئے اور آپس میں ٹکراتے ہوئے طوفانوں کے درمیان توازن قائم رکھے۔ رہی سچائی تو اس کی کیفیت یہ ہے کہ انسانی معاملوں میں ہم جس چیز کو چاہیں حقیقت ٹھہرالیں منطق کی کڑی سے کڑی اور لاجواب سے لاجواب دلیل کا جواب علم اور بردباری، شفقت اور محبت سے دیا جا سکتا ہے لیکن منطقی جوانی کو محبت بالکل ہیچ ثابت کر سکتی ہے۔ انسانی معاملوں میں عام طور پہ غیرمنطقی طور طریقہ ہی جی کو لگنے والی بات ہوتی ہے۔ خود ہمارا عدالتی قانون بھی یہ مانتا ہے کہ وہ سو فیصد اور بالکل قطعی قسم کا انصاف کرنے کا مدعی نہیں۔ کیونکہ عدالتی قانون متعدد صورتوں میں اپنی دفعات کی ایک "معقول تشریح" کا سہارا لیتا ہے۔ پھر اپنے سب سے بڑے جج یا سب سے بڑے حاکم کو ہر جرم کی سزا معاف کر دینے کا اختیار دیتا ہے۔ اور یہ بھلا کہاں کی منطق ہے؟

معقولیت کا یہ جذبہ ہمارے ہر سوچ، ہمارے سارے تفکر کو انسانی زندگی کے سانچے میں ڈھال دیتا ہے ورنہ ہمیں اپنے ہر بار صحیح ہونے کا جھوٹا بھروسا نہیں رہتا۔ معقولیت ہمارے خیالات کو اپنے سانچے میں ڈھال کر شائستہ بنا دیتی ہے اور ہمارے انداز، ہمارے برتاؤ کی تمام بے قاعدگیاں دور کر دیتی ہے۔ معقولیت کے

اُسے بالکل چوپٹ کر کے رکھ دیا گیا ہے۔ صاف ظاہر ہے کہ کوئی ممنوان ہی ریاست کو ایسا خدا بنا کر رکھ سکتا ہے جس کی قربان گاہ پر فرد کے سوچنے کا حق، محسوس کرنے کا حق، اور خوشگوار زندگی بسر کرنے کا حق بھینٹ چڑھایا جائے۔

اشتراکیت اور فاشزم دونوں ایک ہی جنونی ذہن کی پیداوار ہیں ——

امبرٹ پو فیلے نے واقعی ٹھیک کہا تھا "دائیں بازو کے انتہائی خیالات رکھنے والا ذہن، انتہائی بائیں بازو کے ذہن کے بالکل مماثل ہوتا ہے"۔ اور حقیقت یہ ہے کہ اشتراکیت اور فاشزم، دونوں قسم کی حکومتوں اور نظریات کی خصوصیات بالکل ایک سی ہیں۔ دونوں اندھی طاقت اور اقتدار پر بھروسا رکھتے ہیں۔ میرے نزدیک مغربی ذہن کا سب سے سطحی اور احمقانہ مظاہرہ یہی ہے۔ دوسری بات یہ ہے کہ اشتراکیت اور فاشزم دونوں منطقی طور پر کسی چیز کی ضرورت، کسی چیز کے لازم ہونے پر استوار ہیں۔ اس "منطقی لزوم" کی بنیاد مارکس کی جدلیات پر ہے جس کی بنیاد جرمن فلسفی ہیگل کی منطق ہے۔ کاش اس بیسویں صدی کے دوسرے نصف میں بھی کوئی صاحب دل یہ سمجھ لے کہ انسانیت اپنے اجداد کی منطق کے اُن گناہوں کی کیا سزا بھگت رہی ہے جو سیکڑوں برس پہلے ان بزرگوں سے سرزد ہوئے تھے۔

کہنے کا مطلب یہ ہے کہ یورپ پر معقولیت کا راج نہیں معقولیت تو کیا یورپ پر عقل کی بھی حکمرانی نہیں۔ بلکہ آج یورپ ........

تعصب کے جنگل میں گرفتار ہے۔ یورپ کے حالات کو دیکھ کر کچھ کچھ ڈر اور بے چینی سی محسوس ہوتی ہے۔ اس بے چینی کی وجہ یہ نہیں کہ یورپی ملکوں کی قومی امنگیں ایک دوسرے سے ٹکراتی ہیں، ان کی سرحدیں متصادم ہیں اور اُن کے نوآبادیاتی عزائم ایک دوسرے کے خلاف ہیں۔ اس کی وجہ اُن لوگوں کی ذہنی حالت ہے جو آج

مظہر نہیں بلکہ بشر کی سی کمزوریاں رکھتے ہیں۔ انھیں بھی سرکاری افسروں کی طرح رشوت دے کر منت سماجت کر کے راضی کیا جاسکتا ہے اور ان سے اپنی من مانی کرائی جا سکتی ہے۔ چینی قوم کا مزاج یہ ہے کہ جو چیز معقولیت کی حد سے گزر جائے اُسے بُرا سمجھا جاتا ہے۔ اس کے بارے میں کہا جاتا ہے کہ یہ "فطرتِ انسانی سے ہٹی ہوئی" چیز ہے۔ چنانچہ جو شخص بہت زیادہ صوفی صافی ہو یا کمزوریوں سے بالکل مبرّا اور نیکیوں کا پتلا ہو اُسے غدّار سمجھا جاتا ہے کیونکہ وہ نفسیاتی لحاظ سے نہیں یا چینی معنی میں غیر معقول ہے۔

یورپ کی سیاسیات پر نظر ڈالیں تو منطق کی بدولت وہاں انسان کا ذہن اور انسان کا عام برتاؤ بے حد غیر انسانی نظر آتا ہے۔ میں اشتراکیت یا فاشزم کے نظریوں سے نہیں ڈرتا مگر مجھے تعصب اور تشدد، کٹر پن اور تنگ نظری کی اُس رُوح سے بڑا خوف آتا ہے جو ان نظریوں کی تہ میں کارفرما ہے اور جس کی بدولت انسان اپنے ان نظریوں کو ان کے منطقی مہملات کی منزل تک پہنچانے میں کس شدومد اور کس ہٹ دھرمی سے کام کرتے ہیں ـــــ اس کا نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ انسانی قدریں مغربی دُنیا میں، بالکل اُلجھ کر رہ گئی ہیں۔ سیاسیات کو انسان کے علم الارتقا کے ساتھ عجیب طرح ملا دیا گیا ہے۔ اور اس علم الارتقا کی بدولت ایک قوم نسلی طور پر اپنے آپ کو دوسری سے اعلیٰ ثابت کرنے کی فکر میں رہتی ہے۔ حالانکہ مقصد سیاست ہوتا ہے اور کچھ نہیں ـــــ اسی کٹرپن اور تعصب کی بدولت آرٹ کو پراپیگنڈے سے خلط ملط کر دیا گیا ہے، حب الوطنی اور سائنس کا ناتا جوڑ دیا گیا ہے، حکومت کو مذہب سے مخلوط کر دیا گیا ہے اور سب سے بڑا اندھیر یہ ہے کہ حکومت کے اختیارات اور ایک فرد کی آزادی اور اس کے اختیارات میں جو مناسب تعلق اور توازن ہونا چاہیے

# تتمہ

[ڈاکٹر لین یوتانگ نے "جینے کی اہمیت" پہلی بار ۱۹۳۷ء میں شائع کی تھی دوسری عالمگیر
جنگ اس سے دو برس بعد ۱۹۳۹ء کے آخر میں شروع ہوئی اور چھ برس کے اندر اندر دنیا کا سیاسی
نقشہ اور نظریاتی ڈھانچا تلپٹ ہو گیا۔ یورپ ۱۹۳۹ سے پہلے کارخانہ دار سرمایہ پرستی کے چکر سے
نکل کر اب نیشنل سوشلزم (جرمن نازیت) اور کہیں آمرانہ قومیت (اطالوی فاشزم) کی مطلق العنانی
کا زندانی تھا۔ ان چھ برسوں میں یورپ نے ان دو نظریوں کی زبردست فوجی طاقتوں کو ملیامیٹ ہوتے
دیکھا، غداری اور وفاداری، بزدلی اور شجاعت کی وہ وہ مثالیں ان چھ برسوں میں یورپ
نے دیکھیں جو انسانی تصور میں نہیں آسکتیں۔ انہیں چھ برسوں کی خوں ریز کشمکش کے بعد یورپ
ایک طرف سرخ روس کے چڑھتے سیلاب کا حلقہ بگوش ہوا تو دوسری جانب امریکہ کی مشینی تہذیب
کی لامتناہی قوتوں کے سامنے سجدہ ریز ہو گیا۔ انسان کی امیدیں بدل گئیں، زندگی کی فضا اور مرنے
کا ماحول بدل گیا، لفظوں کے مفہوم بدل گئے، پرانے معانی کے لئے نئے الفاظ کے قالب
ایجاد ہوئے اور پرانے لفظوں کے لئے مطالب کا ایک نیا انبار تیار کر دیا گیا۔ —

ڈاکٹر لین یوتانگ نے جینے کے عملی فلسفے کے سلسلے میں ان برسوں میں اپنی تحقیقی
کوششیں جاری رکھیں اور جنگ کے اس انوکھے ماحول میں بھی زندگی پر اور زندگی کے
مقصد پر اسی ژرف نگاہی سے قلم اٹھایا جو ان جیسے صاحبانِ بصیرت ہی کا حصہ ہے۔
اسی لئے ان کے اس تازہ مضمون کو "جینے کی اہمیت" کے تتمے کے طور پر پیش
کیا گیا ہے]

مختار صدیقی

کل یورپ کے حاکم ہیں۔ اِس بے چینی اور ڈر کی مثال یہ ہے کہ آپ کسی اجنبی شہر میں ایک ٹیکسی میں سوار ہو جائیں اور یکایک آپ کو ٹیکسی ڈرائیور پر بے اعتمادی پیدا ہو جائے۔ اگر ڈرائیور کو یہ معلوم نہ ہو کہ آپ جس جگہ جائیں گے اس کا صحیح اور چھوٹا راستہ کون سا ہے تو اتنی تشویش کی بات نہیں ہوتی لیکن جب آپ کو ٹیکسی میں بیٹھنے کے بعد یہ پتا چلے کہ ڈرائیور آپ ہی آپ کچھ اول فول بک رہا ہے تو آپ کو اس کے ہوش و حواس پر شک گزرنے لگتا ہے۔ آپ کو شبہ ہوتا ہے کہ شاید وہ نشے میں ہے اور یہ احساس آپ کو سہما سا دیتا ہے۔ اور اگر یہ نشے میں دھت ڈرائیور پستول سے مسلح ہو اور آپ کسی عنوان موٹر سے باہر نہ نکل سکتے ہوں تو بے چینی اور خوف دونوں بڑھ جاتے ہیں۔

تاہم یہ یقین کرنے کی کافی گنجائش موجود ہے کہ آج کل یورپ کے حاکموں کا ذہنی خاکہ ذہنِ انسانی جیسی عظیم الشان چیز کا ایک مضحکہ خیز چربہ ہے اور کچھ نہیں۔ یہ جنونی اور ہذیانی کیفیت انسان کی تاریخ میں ایک عارضی دَور ہے اور انسانیت سے یہ انحراف یہ عارضی پاگل پن ایک وبا کی طرح خود بخود ختم ہو کر رہے گا۔ فانی انسان کے ذہن کی صلاحیتیں بڑی وسیع ہیں اور اُن پر اعتماد رکھنے کے لئے کافی وجوہ موجود ہیں۔ ذہنِ انسانی چاہے کتنا ہی ودہرہ وہ یورپ کے اِن اندھے ڈرائیوروں کے ذہن سے کہیں زیادہ ارفع اور اعلیٰ چیز ہے۔ آخر وہ وقت بھی آئے گا جب دنیا کے تمام انسان امن اور آشتی کی زندگی بسر کر سکیں گے کیونکہ انسان اس وقت معقولیت سے سوچنا بھی سیکھ چکا ہو گا۔

دوسرا رُخ نظر آئے گی۔ یہ حیاتیاتی جبلتیں جو بڑی حد تک حیوانی ہیں انسان کے عارضی آدرشوں اور سیاسی عقیدوں سے کہیں زیادہ گہری ہیں۔ حیاتیات کی دنیا میں خون ریز لڑائیاں ہمیشہ سے ننھے بچوں کی محبت کے لازوال مظاہروں اور محبوب کا جی لبھانے کے جتنوں کے ساتھ ساتھ موجود رہی ہیں۔ حیوانی دنیا میں اپنے محبوب کا جی بہلانے کے یہ جتن وہ ہیں جو فطرت کے چہرے کا حسن اور نکھار ہیں اور انھیں کو ہم کبھی پھولوں کا رنگ و بو، کبھی عندلیب کا نغمہ، کبھی پپیہے کی "پی کہاں" کہتے ہیں۔

قدرت کے بھیدوں کے طالب علم کو یہ دیکھ کر غالباً دلی تکلیف پہنچتی ہے کہ ایک بظاہر پُرسکون جنگل میں زمین کے اوپر اور زمین کے نیچے، دن رات، ایک نہایت شدید جنگ جاری رہتی ہے۔ اسے یہ سوچ کر بھی تکلیف ہوتی ہے کہ یہ سفید براق بگلا، جو ڈوبتے سورج کی روشنی میں چپ چاپ مراقبے میں ہے ابھی ابھی ایک نہایت معصوم اور بے گناہ مچھلی کے خون سے فارغ ہوا ہے — لیکن قدرت کے بھیدوں کو جاننے والے اس حقیقت سے واقف ہیں کہ قدرت کے ان مظاہر میں زندگی کا زبردست جوہر چھپا ہوا ہے اور یہ مظاہر ایک بہت بڑی تباہی کے بعد نئی زندگی شروع کرنے یا پھر سے جی اُٹھنے کی زبردست قوّت رکھتے ہیں۔

آج ایک بار پھر یورپ لڑائی کی تباہیوں کا نشانہ بن چکا ہے میونخ کے عہدنامے کے بعد حالاتِ حاضرہ پر نظر رکھنے والے ہر شخص کو یقین تھا کہ لڑائی ہو کر رہے گی کیونکہ میونخ کے بعد امن، جنگ سے کچھ اس طرح مماثل ہو گیا تھا کہ ایک عام فرانسیسی یا ایک عام انگریز کے نزدیک عارضی صلح، جنگ سے کہیں زیادہ تباہ کن تھی ——

اور اب؟ اب یہ حال ہے کہ لڑائی کی آگ بھڑکانے والے، امن کے متوالے بن بن کر دنیا کے سامنے آتے ہیں اور وہ جنھوں نے خود دوسروں پر جارحانہ کارروائیاں کیں

# زندگی کا مقصد — جینا

انسانی تہذیب کی تاریخ سے پتا چلتا ہے کہ جینے کا فن اور مارنے کا فن (زندگی کردن اور جنگ آزمودن) دونوں ساتھ ساتھ موجود رہے ہیں۔ کسی قوم کی بھی تاریخ اٹھا کر دیکھ لیجیے کبھی ایسا نہیں ہوا کہ تین سو برس کا عرصہ خانہ جنگی یا غیر ملکی یلغاروں کے بغیر گزر گیا ہو۔ گویا امن کا زمانہ زیادہ سے زیادہ دو تین سو برس رہا، پھر وہی خون ریزی شروع ہو گئی۔ اس کی وجہ غالباً یہ ہے کہ انسان ایسا جاندار (حیوان) ہے جو جنگ جو بھی ہے اور صلح کل بھی۔ انسان میں جنگ آزمائی کی جبلت اور امن پسندی کی جبلت بڑے عجیب طریقے سے آمیز ہوتی ہے۔ میں جنگ آزمائی کی جبلت کو گوشت خوری اور امن پسندی کو سبزی خوری کی جبلتیں قرار دیتا ہوں۔

جنگ اور امن کی اس آمیزش سے یہ نہ سمجھ لیجیے کہ انسان کوئی ناقص اور نامکمل مخلوق ہے۔ بھلا ایسی تہذیب جس میں انسان کو اس قدر مسکین اور پالتو بنا دیا گیا ہو کہ اس میں جنگ جوئی کا جذبہ ہی باقی نہ رہے کس کام کی ہو سکتی ہے، کشمکش کا زندگی سے چولی دامن کا واسطہ ہے اور ہونا بھی چاہیے۔ اگر جد و جہد، کشمکش اور محنت کوشی زندگی سے معدوم ہو جائے تو پھر نسل انسانی کو تنزل کا گھن لگ جاتا ہے اور چند پشتوں کے مختصر عرصے میں پوری نسل اسی طرح بیکار ہو جاتی ہے جس طرح کوئی امیر خاندان چند پشت کے بعد نکمے اور کم کوش افراد کو جنم دینا شروع کر دیتا ہے۔

آپ یہ خیال نہ فرمائیں کہ میں جنگ کو جائز قرار دے رہا ہوں۔ میں صرف یہ عرض کر رہا ہوں کہ حیاتیاتی لحاظ سے ہمارا ورثہ یہی ہے — ذرا اپنے سامنے پھیلے ہوئے مظاہر قدرت پر نظر دوڑائیے فطری لحاظ سے جنگ جوئی کی جبلت جینے جاگنے کی جبلت ہی کا

اور کچھ عرصے کے لئے نقصان پہنچے گا — لیکن جنگ کبھی نہ کبھی ختم بھی ہوا کرتی ہے اور جنگ
کے بعد مرغیاں انڈے بھی دیں گی اور انسان ان انڈوں سے آملیٹ جیسی چیز بنانا بھی
نہ بھولیں گے۔ بھیڑوں کی پشم بھی ہو گی اور انگریزی کارخانوں سے اسی لاجواب پشم
کے بنے ہوئے کپڑے بھی تیار ہو کر دنیا کو ملیں گے۔ ہو سکتا ہے کہ نہایت تباہ کن بمباری
کے بعد کسی شہر کے ظاہری آثار بدل جائیں۔ یہ بھی ممکن ہے کہ اس بمباری سے کسی شہر کی
لائبریری میں کچھ پرانے قلمی نسخے یا برٹش میوزیم میں انگلستان کا میگنا کارٹا کا فرمان شعلوں
کی نذر ہو جائے۔ ممکن ہے لڑائی میں کچھ انگریز شاعر اور فرانسیسی سائنس دان گولہ باری
سے مارے جائیں۔ تجربہ گاہوں کا کچھ قیمتی سامان تلف ہو جائے یا ساری کی ساری
آکسفورڈ یونیورسٹی تباہ ہو جائے — لیکن ان تمام تباہ کاریوں کے باوجود زیر زمین
بوڈلین لائبریری تباہ نہیں ہو سکتی، سائنسی طریقۂ تحقیق تباہ نہیں ہو سکتا، اور یہ بھی ناممکن
ہے کہ جنگ میں دنیا جہان کی سائنس کی کتابیں اور تحقیقاتی رسالے تلف ہو جائیں —
جنگ یہ سب کچھ تباہ نہیں کر سکتی۔ گراموفون ریکارڈوں پر شوپاں کے نغمے جنگ کی آگ
سے بچ نکلیں گے کیونکہ موسیقی کی لگن کو جنگ ختم نہیں کر سکتی۔

یہ ہو سکتا ہے کہ کسی قوم کے بہترین سپوت جنگ کی قربان گاہ پر بھینٹ چڑھ جانے
سے اس قوم کی مردانگی میں نمایاں فرق آجائے۔ لیکن جب تک کسی قوم کو نہایت تباہ کن
قسم کی ہوائی بمباری سے بالکل ملیامیٹ نہیں کر دیا جاتا، جدید تہذیب اور فنون اور
علم و حکمت کے چراغ جلتے ہی رہیں گے۔ جنگ اور جنگ کی تباہ کاریوں کے بعد پُر امن
زندگی کی فراخدلانہ فضاء، انسانی چابکدستی اور تردماغی کی تخلیقی قوتیں اپنے آپ کو بہت
جلد نئے سرے سے بحال کر سکتی ہیں۔

جسمانی تشدد اور تباہ کاری سے کبھی کچھ نہیں بنتا۔ یہ سبق چین کی جدید تاریخ سے

اب اپنے مغلوب حریفوں کو "جنگ بازوں" کے لقب سے مطعون کر رہے ہیں۔

یہ سب کچھ کیا ہے؟ — کیا انسان میں پُرامن زندگی بسر کرنے کی جو جبلّت تھی اُس میں عارضی طور پر جنگ جُوئی کی جبلت نے اپنا زہر گھول دیا ہے؟ اُس پر اپنا منحوس سایہ ڈال دیا ہے؟ یا اس امن پسندی کو سرے سے ختم کر دیا ہے؟ — کیا اس کا مطلب یہ ہے کہ انسانی تہذیب (انسان کے فنون، اس کے مذاہب، انسانیت کے مشترکہ عقیدے سائنس کی جدید ترین فتوحات اور زندگی بسر کرنے کے فن —) کیا یہ جدید انسانی تہذیب تباہ و برباد ہو جائے گی؟

میرا خیال ہے اِس دوسرے سوال پر پہلے بحث کرنا مناسب ہو گا۔

آج کی دُنیا میں بہت سے لوگ اِس حقیقت سے کانپ اُٹھتے ہیں کہ جنگ میں بے شمار شہروں کو ہوائی بمباری نے ملیا میٹ کر دیا۔ اِسی لئے آج کے اکثر بڑے بڑے مفکروں کا خیال یہ ہے کہ عصرِ حاضر کی تہذیب مٹ جائے گی —

میں ان مفکّرین سے اختلاف کی معذرت چاہتا ہوں۔

یہ طے ہے کہ جنگ جُوئی کی جبلّت، جینے کی جبلّت ہی کا دُوسرا رُخ ہے میرا یہ بھی ایمان ہے کہ جنگ میں جانے والے کسی بھی شخص نے کبھی جیئے جانے کی جبلّت کو یک قلم ترک نہیں کیا۔ اِسی لئے میں یہ سمجھتا ہوں کہ جیئے جانے اور جینے کی جبلّت، جنگ آزمائی کی جبلّت سے کہیں زیادہ قوی ہوتی ہے، اس کا مٹا دینا ناممکن ہے — چونکہ جینے کی جبلّت کا مٹانا ناممکن ہے اِس لئے تہذیب بھی (جو زندگی بسر کرنے کے فنون کا مجموعہ ہے) مٹائی نہیں جا سکتی — لیکن پھر بھی اگر ہم یہ کہتے ہیں کہ جنگ جدید تہذیب کو مٹا دے گی تو اس سے ہماری مراد کیا ہوتی ہے؟

یہ ضرور ہے کہ جنگ سے فنون اور سائنسوں (علم و حکمت) کو ظاہری طور پر

ہے جو انسان کو تہذیب کی اِن نعمتوں سے محروم کر رہا ہے اور ایک انسان کو اپنے بھائی کی حرکات و سکنات پر جاسوسی کرنے کے لیے متعین کر چکا ہے — لیکن جو قوم اتنی آسانی سے آمرانہ نظام کی بال باندھی غلام نہ بن سکے اور جس قوم کے لوگوں کی روح آزاد ہو اُس کے ہوتے ہوتے تہذیب کو کوئی جنگ مٹا نہیں سکتی۔

اصل یہ ہے کہ اگر کوئی تہذیب پُرامن زندگی کی جبلت کو مرنے مارنے کی جبلت کا مکمل طور پر تابع کر دے تو وہ اپنے آپ کو بڑی آسانی سے ختم بھی کر سکتی ہے۔ انسانی زندگی کی سادہ قدروں کی اگرچہ جان سے حفاظت نہ کی جائے اور انسان کی سادہ آزادیوں اور حقوق کو شعوری طور پر محسوس نہ کیا جائے تو تہذیب کی تباہی عین ممکن ہے —— اور خطرہ اِسی بات کا ہے کیونکہ جدید فکر اور جدید زندگی میں جینے کے یہ عام اور سادہ سے حقوق زیادہ سے زیادہ مملکت کی قربان گاہ پر بھینٹ چڑھائے جا رہے ہیں۔ ذرا یورپ کی آمرانہ مملکتوں کو دیکھیے، اُنکے شہریوں نے جینے اور سوچنے کے وہ حقوق کھو دیئے ہیں جو افریقہ کے وحشی انسانوں کو ہمیشہ سے حاصل ہیں۔

حقیقت یہ ہے کہ ہم عام معنی میں تہذیب سے بہت دُور نکل آئے ہیں —— قدرت تو آرام کرتی ہے مگر تہذیب نے آکر انسان کو جینے اور رہنے سہنے کے کچھ آرام کچھ آسائشیں مہیا کیں اور اس کے بدلے میں انسان کی کچھ آزادیاں چھین لیں کچھ آزادیوں پر پابندیاں لگا دیں۔ اِن پابندیوں کو عام طور پر "فرض کا احساس" کہا جاتا ہے۔ مگر انسان کے برعکس ذرا حیوانوں کو دیکھیے، گھوڑے کو کوئی "احساسِ فرض" دامنگیر نہیں۔ قاصد کبوتر "احساسِ فرض" کے تحت گھر واپس نہیں آتا وہ صرف اس لیے گھر آتا ہے کہ گھر اُسے پسند ہے۔ اور انسان کا یہ حال ہے کہ تہذیب نے اسی کو اور صرف اُسی کو کام کرنے پر مجبور کیا ہے۔

ظاہر ہے۔ دوسری عالمگیر جنگ میں جاپانیوں نے چینی سکولوں، دانشگاہوں اور ثقافتی اداروں کو بڑی بے دردی اور بڑے بے قاعدہ طریقے سے ختم کر دیا تھا لیکن یہ کہنا سراسر زیادتی ہوگی کہ جدید چینی ثقافت اس طرح ختم ہوگئی۔ مثال آپ کے سامنے ہے کہ چی کیانگ کی ایک یونیورسٹی کے پروفیسر اور طالبانِ علم جاپانیوں کی تباہ کاریوں کے بعد جنوب مشرق کی طرف نکل کھڑے ہوئے اور ایک ہزار میل کا سفر طے کرکے انھوں نے جنوب مغربی یونان میں اپنی دانش گاہ پھر سے شروع کر دی۔

گویا آدمی ختم نہ ہو تو کچھ نہیں بگڑتا —— یہ مانا کہ چین کی پرانی تہذیب کے رسیا ماتم کناں رہیں گے کہ ۱۸۵۹ء میں پیکنگ پر فرانسیسی اور انگریزی دستوں کی یلغار اور شہر کی لوٹ کے وقت شاہی کتب خانہ جل گیا تھا —— لیکن اس کا اثر چینی قوم پر مجموعی حیثیت سے کیا ہوا؟ —— آخر چین کے ایک ڈکٹیٹر چی ان شیہ ہوانگ (چین کی دیوارِ اعظم کے معمار) نے کنفیوشس مت کی ساری کتابیں کس بیدردی سے جلوا دی تھیں اور اس دین کے ماننے والوں پر کیا کیا مظالم نہ توڑے تھے۔ پھر بھی یہ ثقافت مٹ نہ سکی۔

یہیں اس بحث کے غیر جسمانی پہلو کا آغاز ہوتا ہے۔ بحث کا یہ پہلو لطیف تر ہے اور اسی کو انسانی زندگی کا مثبت رُخ قرار دیا جا سکتا ہے —— یوں سمجھ لیجیے کہ تہذیب جن عناصر سے بنی ہے اگر وہ ختم ہو جائیں تو ہماری جدید تہذیب تباہ ہو جائے گی۔ ہم ان عناصر کو گویا بندھی ٹکی چیز سمجھتے ہیں۔ تہذیب کے یہ عناصر کیا ہیں؟ — عقیدے کی آزادی، ایک فرد کے حقوق اور اس کی آزادی و اختیارات، اور عام آدمی کی صلاحیتوں پر وہ یقین جو اب ختم ہوتا جا رہا ہے —— جنگ کے بغیر بھی آمرانہ نظام اور مملکت، تہذیب کو تباہ کرنے کے کام کا آغاز کر چکی ہے۔ یہ وہ نظام

اِس سے انکار نہیں ہو سکتا کہ ایک ایسی مملکت کے نقطۂ نظر سے آمرانہ نظام کی حمایت میں سب کچھ کہا جا سکتا ہے جس نے جنگ اور فتوحاتِ ملکی کے لئے تنظیم پائی ہو۔ لیکن اگر تہذیب کا مقصدِ آخری یہ ہے کہ فرد اس سے متمتع ہو اور زندگی کی عام معقول کے مزے اٹھائے تو پھر فرد کے نقطۂ نظر سے آمرانہ نظام کی مخالفت میں سب کچھ کہا جا سکتا ہے۔ میں عرض کروں گا کہ جدید تہذیب مشینوں یا جنگ سے تباہ نہیں ہو رہی۔ جدید تہذیب کو یہ بات تباہ کر رہی ہے کہ فرد اپنے زیادہ سے زیادہ حقوق ریاست یا مملکت کے حوالے کرتا جا رہا ہے۔ اور ریاست کا تصوّر جدید فلسفہ و نظر میں بہت اہم اور قوی عنصر شمار کیا جا رہا ہے۔

غالباً روما کی قدیم سلطنت کو جنگ کے بجائے چوہوں نے یا مچھروں نے، اور پایانِ کار قوم کے نوجوانوں کے جسمانی تنزّل نے تباہ کیا تھا۔ چنانچہ یہ ممکن ہے کہ جدید تہذیب کو بھی ایک ایسا زمانۂ امن ہی تباہ کر دے جو اسی قسم کا نسلی تنزّل پیدا کر سکتا ہو —— اب چاہے یہ نسلی تنزّل، پروفیسر ہوٹن کے قول کے مطابق جسمانی تنزّل ہو، یا عام انسانی حقوق و آزادی کے فقدان کی صورت میں ایک روحانی تنزّل کی شکل اختیار کر لے —— جہاں تک جسمانی تنزّل کا تعلق ہے، آج کے انسان کو ذرا گیس ماسک پہنے ہوئے دیکھئے، اس کی تھوتھنی اتنی خوفناک ہے کہ ہزاروں برس پہلے کا غاروں میں رہنے والا انسان بھی اِس سے کانپ اٹھے گا۔ رہا روح کا معاملہ تو مجھے شبہ ہے کہ بہت سے ملکوں میں آج کا انسان روحانی طور پر اس سے بھی کم دلفریب ہے۔

ایک عام فرد کی یہ تحقیر حد سے گزر چکی ہے۔ آج کی دنیا آمریت کی دنیا ہے، اِس دنیا میں آزادی کے پرستار امریکی شاعر والٹ وِٹمین کا "کھلی شاہراہ کا گیت"

پہلے پہل اِنسان کو یہ بتایا گیا کہ اُسے کھانے کمانے کے لئے کام کرنا ہوگا۔ پھر اُسے جینے کے لئے جنگ کرنے پر مجبور کیا گیا تاکہ اس کا "کام کرنے کا حق" محفوظ رہے۔ پھر ہمیں یہ بتایا گیا کہ کھانے کی کسی عمدہ چیز مثلاً مکھن سے توپ بندوق اعلیٰ اور اہم ہے۔ ہمیں یہ بھی سمجھا دیا گیا کہ جنگ میں کمر بستہ مارا جانا بستر میں آرام سے لیٹ کر مرنے کی نسبت کہیں ارفع قسم کی موت ہے۔ دوسرے لفظوں میں ہمارا حال اب یہ ہے کہ ہم پھر فطری زندگی کی طرف لوٹنا چاہ رہے ہیں مگر ہمیں فطری زندگی کی فطری آزادیاں حاصل نہیں ــــ اب انسان کے پاس پیٹ بھرنے کا ذریعہ ایک راشن کارڈ ہوتا ہے اور اس کے ساتھ احساسِ فرض ــــ اس چیز نے اِنسان کو انسان نہیں رہنے دیا، مشین بنا دیا ہے۔ اب چند لاکھ مشینی انسانوں کو یہ ٹریننگ دی جاتی ہے کہ وہ ایک ہی بات سوچیں اور اگر ان کا مالک کہے کہ سوویت یونین کی مدح کرو تو یہ سکھائی پڑھائی مشینیں اس کی مدح کرتی ہیں اور اگر وہ کہے کہ سوویت یونین کو بُرا کہو تو وہ اُسے بُرا کہتی ہیں۔

گویا تہذیب کو بذاتِ خود جنگ سے کوئی خطرہ نہیں، نہ جنگ کی تباہ کاریوں سے تہذیب کو کوئی خطرہ ہو ہی سکتا ہے۔ تہذیب کو تو اصل میں زندگی کی قدروں کے ان بدلتے تصوّرات سے سخت خطرہ لاحق ہے جو بعض قسم کے سیاسی عقیدوں کا نتیجہ ہیں۔ یہ سیاسی عقیدے انسان کے سادہ اور فطری حقوقِ زندگی پر براہِ راست چھاپا مارتے ہیں اور اِن حقوق و مراعات کو اجتماعی طور پر مرنے مارنے کی "قومی ضرورت" کا تابع کر دیتے ہیں۔ اِس صورت مرنے مارنے کی اہمیت، جینے کی اہمیت پر، فوقیت پا لیتی ہے۔ اور ہر آمرانہ نظام کا یہی بنیادی نکتہ ہے۔

زندگی بسر کرنے کی جبلت ایک ہی چیز کے دو پہلو ہیں۔ یہ خیال غالباً کم لوگوں کو آتا ہے کہ ایک نوجوان جو محاذِ جنگ پر جانے کے لئے فوج میں بھرتی ہوتا ہے اس کے دل میں ایک نئی دنیا میں، نئی مہموں کا مزہ اٹھانے کی جبلت اُسی طرح موجزن ہوتی ہے جس طرح (جنگ جوئی کی جبلت کے تحت) توپ کا لقمہ بن کر موت کی نیند سونے کی خواہش ہو سکتی ہے۔

کسی محاذِ جنگ کے بارے میں یہ کہنا بالکل غلط ہے کہ سپاہی کو دشمن کے سپاہی کے قید ہونے کی خبر سے زیادہ خوشی حاصل ہوتی ہے اور اسی مورچے پر کوئی بھولا بھٹکا مرغی کا چوزہ پکڑ لینے سے کوئی خوشی نہیں ہوتی ــــ سچائی اس کے عین اُلٹ ہے۔ کھلی جگہوں میں یکایک دل میں یہ احساس بیدار ہوا کرتا ہے کہ زندگی ایک زبردست نعمت ہے۔ محاذِ جنگ پر موت کی عام ارزانی میں اِس بات کا اور بھی خیال ہوتا ہے کہ زندگی بڑی خوانند بڑی میٹھی چیز ہے۔ خندقوں میں بیٹھ کر انسان دشمن کے بارے میں تاریک خیالات کا تانا بانا نہیں بُنا کرتا۔ یہ ضرور ہوتا ہے کہ کسی دن نفرت کا شدید احساس اُسے اُنہی دشمنوں کو ختم کرنے پر اُکساتا بھی ہے۔

خندقوں میں بیٹھ کر ہی ایک دن یکایک یہ احساس ہوتا ہے کہ زندگی کی تمام اچھی چیزیں ــــ مثلاً صبح کو کافی کا پیالہ، تازہ اور خوش گوار ہوا، سہ پہر کی سیر، ٹھیک صبح وقت پر دفتر پہنچنے کے لئے بس پکڑنا اور راہ میں ملنے والے دوستوں سے آنکھیں چُرانا ــــ یہی سب کچھ تہذیب کا تاروپود ہیں ــــ کیونکہ یہی سب وہ باتیں ہیں جن سے زندگی عبارت ہے۔ جنگ وہ چیز ہے جو ہمیں ایسی معمولی چیزوں کی اہمیت کا احساس دلاتی ہے جن سے عام طور پر ہم بے خبر رہتے ہیں۔ ذرا جنگ سے واپس آنے والے کسی سپاہی کو کسی عمدہ سیلون میں شیو کراتا دیکھئے۔ وہ اِس شیو سے اتنا

ایک بھولے ہوئے خواب کی طرح معلوم ہوتا ہے :-

قدم بڑھائے جا رہا ہوں شاہراہ پر
نہ دل پہ بارِ غم، نہ بوجھ ہے دماغ پر
نہیں ہیں بندشیں کوئی مرے دل و نگاہ پر
اس ایک شاہراہ سے، تمام راہیں کائنات کی
مرے لئے کھلی ہوئی ہیں — جس طرف بھی چاہوں، جا سکوں۔

غالباً والٹ وہٹمین کی یہ تنبیہ آج کل اور بھی یاد رکھنے کے قابل ہے کہ :-

اے مری راہ گزر، اپنے مسافر سے کہے گی کہ نہیں ؟
"تو مجھے چھوڑ کے جانا نہ کہیں" !
اے مری راہ گزر، اپنے مسافر سے یہ کہہ دو — "راہی
چھوڑ کر مجھ کو چلے جانے میں ہے گمراہی !!"

گویا تہذیبِ حاضر کو جو خطرہ گھن کی طرح کھائے جا رہا ہے۔ وہ اسی صورت میں دُور ہو سکتا ہے کہ انسانی آزادی کے بھولے ہوئے خواب کو پھر سے حقیقت کا جامہ پہنایا جائے اور ایک عام فرد کو جینے کا جو حق اور جو آزادی حاصل ہے اُسے پھر سے بحال کیا جائے۔ اس کی وہی قدر و منزلت، وہی اہمیت برقرار کی جائے جس کا وہ حقدار ہے — آج میں پہلے سے کہیں زیادہ یہ اعتقاد رکھتا ہوں کہ انسان کا نصب العین وہ آزادہ رو، آوارہ گرد، سیلانی، اور سیر سپاٹے کا رسیا انسان ہے جو اپنی آزادیوں کا شمہ برابر قربان کرنے کے لئے تیار نہ ہوگا۔ میرا اعتقاد ہے کہ یہی شخص انسانیت کا نجات دہندہ ثابت ہو سکتا ہے۔

میں نے شروع میں عرض کیا تھا کہ جنگ جوئی کی جبلت اور پُرامن طور پر

لطف اٹھائے گا کہ آپ اس کا تصوّر نہیں کر سکتے۔

گویا جینا اور صرف جینا ہی زندگی کا مقصد ہے۔ یہ بات اتنی عیاں اور واضح ہے کہ ہمیں اس کا کبھی خیال نہیں ہوتا بلکہ پُرامن زندگی کے دنوں میں تو ہم اس بات کو مشکوک بھی سمجھتے ہیں اور اس پر اعتراض بھی کر بیٹھتے ہیں — اخلاقی قدروں کے علَم بردار عام طور پر بیکار لیٹے رہنے کو سخت تحقیر کی نظر سے دیکھتے ہیں — اور مذہبی رہنماؤں کا تو یہ حال ہے کہ وہ ایک مدّت تک اپنے آپ کو تکلیف دینا بہت بڑی نیکی اور سعادت سمجھتے رہے لیکن محاذِ جنگ پر جو سپاہی لڑ رہا ہو اُسے ایک نہ ایک دن یہ احساس ضرور ہو جاتا ہے کہ بستر پر بیکار پڑے رہنا تہذیب کی ایک بہت بڑی نعمت ہے اور بستر پر لیٹ کر مرنا، کمر بستہ ہو کر لڑائی میں بہادری کرنے سے زندگی کا کہیں زیادہ عمدہ انجام ہے۔

---

محمد شریف عباسی کاتب گجرات۔ ستمبر ۱۹۵۵ء